Presented by: Rana Jabir Abbas

يوتی الحکمة من یشآء ومن یوت الحکمة فقد اوتی خیراً کثیرا
(البقرة)

نہج الاسرار

من کلام

حیدر کرار علیہ السّلام

(جلد اول)

حضرت امیرالمومنین علیہ السّلام کے وہ خطبات، ارشادات، احتجاجات اور کلمات قصار جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں اور علمائے اعلام کے مصدقہ ہیں متعدد مستند کتب سے جمع کئے گئے ہیں۔ یہ حمد باری تعالیٰ۔ علوم معرفت الٰہیہ، منقبت رحمۃ للعالمین، منزلت محمدؐ و آل محمدؐ، اسرار ربانی اور علائم الظہور وغیرہ کا ایک بحرِ بیکراں ہے جو نطق لسان اللہ سے معرض وجود میں آیا۔ ہر طالب علم معرفت اور تحقیق و بصیرت کے شیدا کو چاہیئے کہ ان ارشادات سے فیض حاصل کرے۔

تالیف

سلطان العلماء مولوی سیّد غلام حسین رضا آقا مجتہد
(حیدر آباد دکن)

پیشکش: محمد بشارت علی مؤلف "امت اور اہلبیت" منتخب فضائل اہلبیت و خطبۂ غدیر

۱۳۹۹ھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
پیش لفظ	ہ	علم کی حقیقت	۳۴
تعارف	ز	ذکر و فکر	۳۶
حضرت علیؑ کے علمی کارنامے اپنے اور بیگانوں کی نظر میں	۱	عالم صغیر و کبیر	۳۸
امیرالمومنینؑ کے کلام کی تدوین	۵	شہود	۳۹
نہج البلاغہ سے پہلے	۸	من عرف نفسہ فقد عرف ربہ	۴۰
نہج البلاغہ کے بعد	۹	چشمۂ حیات و شراب اولیا	۴۲
نہج البلاغہ کے قدیم نسخے	۱۱	شناسائی نفس	۴۳
حضرت امیرالمومنین کے چند علمی کارنامے	۱۳	معنی و بیان	۴۴
تدوین کلام امیرالمومنینؑ میں عربوں کا اہتمام	۱۴	اقسام روح	۴۶
حضرت علیؑ کے آثار علم و ادب کا اعتراف مستشرقین	۱۵	ائمہ طاہرین کی منزلت	۴۷
اسلامی کتب خانوں کی تباہی	۱۹	قضا و قدر	۴۹
حضرت علیؑ کا تعارف زبان رسالتؐ سے	۲۱	منزلت مرتضویؑ	۵۱
خلقت نورِ محمدی و حجابات	۲۵	سات مخصوص عطایا	۵۳
حجاب ماوراء حجاب	۲۷	حب علیؑ و بغض علیؑ	۵۳
خلقت محمد و آل محمد و میثاق انبیاءؑ	۲۸	دنیا کی مذمت	۵۴
افضل منزلت حضرت علی علیہ السلام	۲۹	قطع طمع از دنیا	۵۶
محبت اہلبیت اور اعمال	۳۰	دنیا کے دو اشخاص	۵۶
اہل ذکر اہلبیتؑ ہیں	۳۱	زندگی کا دار و مدار	۵۷
نقطہ	۳۱	جابلقا و جابلسا	۵۸
بسم اللہ الرحمٰن کے اسرار	۳۲	شیعہ کی تعریف	۵۸
بائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	۳۳	مومن کی صفات و علامات	۶۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مضمون	صفحہ
مومن کی تعریف	۶۳
ایمان کے ستون	۶۳
کفر کے ستون	۶۴
گناہ تین ہیں	۶۵
کلمات قصار	۶۶
حقیقت کی تعریف	۷۵
شرح حدیث کمیل ابن زیاد	۷۶
معرفت نورانی	۸۲
حدیث نورانی	۸۸
حضرت علیؑ کا نام	۹۲
صدائے ناقوس	۹۲
خطبہ بغیر الف	۹۵
خطبہ بلا نقطہ	۱۰۱
خطبہ بوقت تزویج جناب سیدہ علیہا السلام	۱۰۳
وجود منبسط	۱۰۴
امام مدبر الامور	۱۰۷
حدیث طارق	۱۰۹
خطبۃ البیان	۱۱۹
خطبہ افتخاریہ	۱۲۸
خطبہ التطنجیہ	۱۳۴
خطبہ	۱۴۳
خطبہ	۱۴۶
خطبہ نون والقلم	۱۵۱
خطبہ (بدعت، رائے، قیاس)	۱۵۴

مضمون	صفحہ
خطبہ در معرفت خدا	۱۵۶
خطبۃ الوسیلہ	۱۵۷
خطبہ دیباج	۱۶۹
خطبہ المنبریہ	۱۷۶
خطبہ بالغہ	۱۷۷
خطبہ الاستقاء	۱۷۹
سلونی قبل ان تفقدونی	۱۸۴
خطبۃ رجیعہ	۱۹۹
خطبۃ مخزون	۲۰۲
خطبۃ انا مدینۃ العلم	۲۱۸
علائم الظہور	۲۲۵
چند ارشادات	۲۲۷
حدیث غمامہ	۲۳۴
دنیا کی سیر	۲۴۱
چشمہ اسرار	۲۴۴
سخاوت حضرت امیر المومنینؑ	۲۴۵
اصحاب کہف	۲۴۵
حضرت علی علیہ السلام اور بقرہ یہود	۲۵۰
حدیث غدیر چھپانے کی سزا (استشہاد رجم)	۲۵۱
حضرت علیؑ سے گستاخی اور سزا	۲۵۳
سوالات و جوابات	۲۵۵
قیصر روم کے سوالات	۲۵۶
مضر کے بیس سوالات	۲۵۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرش وکرسی	۲۶۱
جنگ جمل میں ایک اعرابی کے سوال کا جواب	۲۶۲
ابن الکوا کے سوالات	۲۶۳
ولایت امیرالمومنین میں شک یا اقرار	۲۶۷
ذی القرنین	۲۶۷
پارسیوں سے متعلق	۲۶۸
علمائے یہود کے سوالات	۲۶۹
قیصر روم کے سوالات	۲۷۱
افتخار نفس	۲۷۲
ایک عالم نصاریٰ کے سوالات	۲۷۴
اہرام مصر	۲۷۵
اولی الامر	۲۷۶
سوالات بادشاہ روم	۲۷۶
دیدار خداوند تعالیٰ	۲۷۹
خدا کہاں ہے	۲۷۹
روایت رمیلہ	۲۸۱
حضرت علیؑ اور جناب زینبؑ	۲۸۳
آخری چہار شنبہ	۲۸۲
آسمانوں کے رنگ	۲۸۴
حضرت عمر کے چند سوالات	۲۸۴
مسجد کوفہ کی فضیلت	۲۸۵
پاکیزہ کسب	۲۸۵
حضرت علیؑ کا ایک مردہ کو زندہ کرنا	۲۸۶
علم رسالتمآبؐ و علم امیرالمومنینؑ	۲۸۷
علمائے یہود شام	۲۸۸
ادعیہ ماثورہ	۳۲۶
کمیل ابن زیادہ کو نصیحت	۳۳۷
کمیل ابن زیاد کو وصیت	۳۳۹
نوف البکالی سے گفتگو	۳۵۴
نوف البکالی کو نصیحت	۳۵۵
احادیث سلسلۃ الذہب	۳۵۷
ایمان حضرت ابوطالب	۳۵۹
طبیب یونانی سے مکالمہ	۳۶۰
دہقانی منجم سے مکالمہ	۳۶۹
حضرت امیرالمومنینؑ اور صعصعہ ابن صوحان	۳۷۲
حضرت علی علیہ السلام اور ایک خیبری	۳۷۴
ماورائے کوہ قاف	۳۷۴
قضایائے امیرالمومنینؑ	۳۷۵
متفرقات	
شروط لا الٰہ الا اللہ	۴۱۲
عقل وجہل	۴۱۳
عالم دین	۴۱۳
حجراسود کی اہمیت	۴۱۶
خراسان کے بعض مقامات کی خصوصیات	۴۱۶
تکوین کائنات	۴۱۸
بندوں کو سب سے زیادہ رحمت کی امیدوار بنانے والی آیت	۴۱۸
معاویہ سے جنگ کرنے اور ابوبکرؓ و عمرؓ سے جنگ نہ کرنے کا سبب	۴۱۹
خدا کی پوشیدگی	۴۲۰
خدا کب سے ہے	۴۲۱

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مضمون	صفحہ
نہروان جاتے وقت	۴۲۱
مست اونٹ کا واقعہ	۴۲۲
محبانِ امیرالمومنینؑ اور میوہ ہائے جنتّ	۴۲۵
حضرت علیؑ کے اقتدارات اور گستاخی کی سزا	۴۲۶
طے الارض	۴۲۶
واقعۂ کربلا کا خواب	۴۲۶
دنیا اور حضرت علیؑ	۴۲۸
حضرت امیرالمومنینؑ اور حضرت عقیلؓ	۴۲۸
مزاج لطیف	۴۲۹
چار اصولِ صحت	۴۲۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیش لفظ

زمانہ کی موجودہ طرزِ تعلیم نے نوجوانوں کو عربی اور فارسی سے بالکل ناآشنا کر دیا اور مذہبی تعلیم کے فقدان نے نئی نسل کو مذہب سے جو بیگانہ کر دیا محتاجِ بیان نہیں۔ ارشاداتِ معصومینؑ کا کثیر ذخیرہ ہزاروں کتب خانوں کی تباہی اور لاکھوں کتب کے نذرِ آتش کیے جانے کے بعد اب بھی متعدد عربی کتب میں موجود ہے مگر صاحبانِ علم کی توجہ ان کا ترجمہ کرنے اور دُنیا کے سامنے پیش کرنے پر بہت کم منعطف ہوئی۔ اس لیے دُنیا علومِ آلِ محمدؐ سے کم سے کم واقف ہو سکی۔

بنی اُمیہ اور بنی عباس نے علومِ آلِ محمدؐ اور اُن کے اسمائے مبارک کو دُنیا سے مٹانے کی کوشش میں کوئی دقیقہ واگذاشت نہ کیا۔ حضرت امیر المومنینؑ کی شہادت کے بعد آلِ محمدؐ پر ایسا انقلاب آیا کہ ان کی شان میں سبّ و شتم جزوِ عبادت بنا دیا گیا۔ علیؑ، حسنؑ، اور حسینؑ نام رکھنا ایسا جرم تھا کہ اس کی کم سے کم سزا موت تھی۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ آلِ محمدؐ سے تحصیلِ علم کرتا۔ سال ہا سال ایسے گذرے کہ معصومینؑ قید خانوں کی زینت بنے رہے اور بالآخر زہرِ ہلاہل نے ان کی رہائی کا سامان کیا۔ اتنی سختیوں کے باوجود جب کبھی کسی معصوم کو کچھ مہلت ملی۔ رشد و ہدایت اور تعلیم میں کوتاہی نہ کی۔ اس طرح علومِ آلِ محمدؐ کی بے حساب کتابیں تیار ہوئیں تھیں جنھیں دُنیائے اسلام کے سیاست دانوں نے دریا برد کر دیا یا جلا کر نابود کر دیا۔ چند کتب جواب بھی دستیاب ہیں اِن میں ہزاروں صفحات علومِ آلِ محمدؐ کی بلندی کا ثبوت پیش کرتے ہیں۔ تمام علومِ جدیدہ جن پر مغربی سائنس دان مفتخر ہیں۔ اُن کی ابتدائی تعلیم اور اصول آلِ محمدؐ ہی کے مرہونِ منت ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کے شاگرد چار سو سے زائد تھے جنھوں نے مختلف علوم پر سینکڑوں کتابیں لکھیں۔ آپ کے ایک شاگرد جابر بن حیان کی اکثر کتابیں علمِ کیمیا وغیرہ پر ہیں جس سے مغربی سائنس دانوں نے بہت کچھ استفادہ کیا اور اقبال کیا کہ اگر ان کی کتابیں نہ ہوتیں تو آج علمِ کیمیا کی اتنی ترقی نہ ہوتی۔ امام علی رضا علیہ السلام نے جن علوم کی تعلیم اپنے شاگردوں کو دی تھی۔ وہ بھی اسی زمانہ میں کتب میں محفوظ کر دی گئی تھیں۔ ایسی تمام کتب روس، جرمنی وغیرہ کے سائنسدان لے گئے۔ ڈاکٹر محمد تقی خاں (پی ایچ ڈی) سابق پرنسپل نظام کالج حیدرآباد دکن نے اپنی توسیعی تقاریر کے سلسلہ میں کچھ عرصہ قبل جب مغربی جرمنی کے دارالسلطنت بان (BON) گئے تھے۔ وہاں امام رضا علیہ السلام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی تصنیفات دیکھیں جن میں جوہری توانائی اور جوہری بم کے کلیات سمجھائے گئے ہیں۔ ان کتابوں کا ترجمہ جو جرمنوں نے کیا اور ان ہی کی مدد سے جوہری بم، ہائیڈروجن بم وغیرہ تیار کئے گئے۔ آج دُنیا اپنی جن ایجادوں پر نازاں ہے۔ آج سے بارہ سو سال قبل ان کے نظریات کو ہمارے معصومینؑ نے سمجھا دیا تھا۔

اپنی بے بضاعتی کے باوجود ایک عرصہ سے خواہش تھی کہ حضرت امیرالمومنینؑ کے خطبات و ارشادات جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں اور متعدد قدیم کتب میں منتشر حالت میں موجود ہیں۔ جمع کر کے دُنیا کے سامنے پیش کئے جائیں۔ تاکہ دُنیا مستفید ہو اور اس غلط فہمی کو دور کر سکے کہ حضرت امیرالمومنینؑ کا کلام نہج البلاغہ تک محدود ہے۔ سلطان العلماء کی اعانت و کاوش سے تقریباً بارہ سال میں ایک مجموعہ تیار ہو سکا۔ جس کا حصہ اوّل' ہدیہ ناظرین ہے اور' حصہ دوم' زیرِ طباعت ہے۔

یہ مجموعہ حضرت کے فصیح و بلیغ ترین چالیس خطبات، اسراری ارشادات جاذب فکر مفاہم موثر مواعظ شریعت و طریقت کی تعلیم آلِ اطہار کے حقیقی فضائل چند قضایا اور علایم الظہور پر مشتمل ہے زیادہ تر ارشادات ذیل کی کتب سے لیے گئے ہیں۔

(۱) کتاب السقیفہ از سلیم ابن قیس :۔ مذہب شیعہ کی یہ سب سے پہلی کتاب ہے جس کی تدوین حضرت امیرالمومنینؑ کے زمانہ میں ہی ہو چکی تھی۔ اس کی مندرجہ تمام احادیث سلیم ابن قیس نے بواسطہ رسالتمآبؐ اور حضرت امیرالمومنینؑ سے سُن کر تحریر کیا تھا۔ حکومتِ وقت کے خوف سے یہ کتاب شائع نہ کی جا سکی اور امام جعفر صادق علیہ السلام کے زمانہ تک پوشیدہ ہی رہی۔ سلیم کے پوتے نے حضرتؑ کی خدمت میں یہ کتاب پیش کی تو حضرتؑ نے اُسے پڑھکر اس پر تحریر فرما دیا کہ اس کتاب میں ہمارے کچھ اسرار ہیں۔ اس کتاب کو ہمارے ہر محب کے گھر میں رہنا چاہیئے۔ سلیم کا انتقال ۹۰ھ میں ہوا۔ حال ہی میں یہ کتاب نجف اشرف سے طبع ہوئی ہے اور پاکستان میں اُردو میں اس کا ترجمہ بھی ہوا ہے۔

(۲) مولف اصول کافی محمد بن یعقوب کلینی ۳۲۹ھ محتاجِ تعارف نہیں۔ علمائے شیعہ میں بڑے پائے کے عالم تھے

(۳) حلیۃ الاولیا حافظ ابونعیم نے لکھی ان کا شمار قدیم بڑے علماء میں کیا جاتا ہے۔ ان کا انتقال ۴۳۰ھ میں ہوا۔

(۴) ینابیع المودت :۔ یہ کتاب شیخ سلیمان بلخی حنفی المذہب کی تالیف ہے۔ سلیمان ترکی کے قاضی القضاۃ اور مفتی اعظم تھے۔ بہت بڑے محقق تھے ان کا انتقال ـــ سنہ میں ہوا۔

(۵، ۶) علامہ محمد باقر مجلسی اور علامہ صدوق کا شمار مشہور رجویؒ کے علماء میں ہوتا ہے۔ جو محتاج تعارف نہیں۔

(۷) بحر المعارف کے مصنف ملا عبدالصمد ہمدانی (۱۲۱۶ھ) تفضیلیہ تھے اُن کا شمار علمائے طریقت میں ہے بہت بڑے محقق تھے۔

محمد بشارت علی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف

نہج الاسرار من کلام حیدر کرار علیہ السلام کی جلد اوّل پیش نظر ہے۔ اس میں کلام امیر المومنین علیہ السلام کے وہ ارشادت اور کنز ہائے مخفی شامل ہیں جنھیں علامہ رضیؒ جامع نہج البلاغہ نے اپنے انتخاب میں شامل نہیں فرمایا۔ علامہ رضیؒ کے دیباچہ سے یہ بات واضح ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام کا سارا کلام نہج البلاغہ میں نہیں ہے۔ بلکہ علامہ کا انتخاب مخصوص عنوانات سے متعلق ہے۔ اس میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کا سارا کلام علم و حکمت کا ایک بحرِ بیکراں ہے۔ جس میں فصاحت و بلاغت کے نمونوں کو ایک کوزہ کی حد تک لے لیا گیا ہے۔ جیسا کہ خود "نہج البلاغہ" کے نام سے ظاہر ہے۔ قطب راوندی کی روایت کے بموجب مصر میں کلام امیر المومنین سے بیس جلدیں تھیں۔ علامہ شیخ محمد بن یعقوب کلینیؒ کے مجموعۂ احادیث 'اصول کافی' میں امیر المومنین سے جو خطبے یا احادیث روایت کی گئی ہیں۔ بعض نہج البلاغہ میں شامل نہیں ہیں۔ علامہ رضی کا انتخاب ان کے اپنے زمانے کے مذاق کے لحاظ سے تھا۔ آج کے علوم جدیدہ اور سائینس کے انکشاف کے اعتبار سے طبیعات کیمیا۔ نباتیات۔ معاشیات۔ نفسیات۔ سیاسیات اور روحانیات وغیرہ جیسے عنوانات بھی علامہ کے پیشِ نظر رہتے تو نہج البلاغہ میں ایسے علوم و مسائل سے متعلق بھی ہمیں کافی ارشادات ملتے۔ اس لیے ایسے مباحث کے لیے امیر المومنین کے مزید کلام کا مطالعہ نہایت ضروری ہے۔ اسی طرح ایک نازک اور دقیق موضوع "اسرار" یا سرّیت (باطن) ہے۔ اور اسرار الٰہیہ کے موضوع سے متعلق جناب امیر المومنین علیہ السلام کے چند مشہور خطبے ایسے ہیں جو نہج البلاغہ میں شامل نہیں ہیں۔ علامہ رضیؒ نے غالباً وہی جواہر پارے چن لیے جن پر ان کے خیال میں قاریوں کی نگاہ ٹھہر سکتی ہو۔ ان انمول جواہر کو انھوں نے شامل نہیں فرمایا جن کو دیکھ کر نگاہیں خیرہ ہو جاتی ہوں۔ چنانچہ یہ خطبے کنز مخفی کی طرح عوام الناس کی نگاہوں سے اوجھل رہے۔ اور نہج البلاغہ کی شہرت سے منسلک نہ ہو سکے۔ چونکہ اب ایسے خطبے اردو زبان میں ترجمہ کے ساتھ منظر طباعت و اشاعت پر آرہے ہیں۔ اس لیے جامع خطبات نے بجا طور پر اس کا نام نہج الاسرار رکھا ہے۔

سرّیت اس موضوع کی حد تک یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ فلاسفہ نے بھی تسلیم کیا ہے کہ حقیقت تک پہونچنا عقل انسانی کے لیے ناممکن ہے۔ اسی کو اصطلاح فلسفہ میں سرّیت کہا گیا ہے۔ ولیم ارنسٹ ہاکنگ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنی کتاب TYPES OF PHILOSOPHY میں انواع فلسفہ سے بحث کی ہے اور اس نتیجہ پر پہونچا ہے کہ انتہائی ذہنی کوشش کے باوجود انکشاف حقیقت میں کچھ کسر باقی رہ جاتی ہے اور یہی سرّیت ہے۔ ایک ماہر اور عارف سرّیت ہی سرّیت کی بات ٹھیک ٹھیک سمجھ سکتا ہے۔ ادراک حقیقت جو نادر لمحوں کی مخصوص بصیرت سے حاصل ہوتا ہے۔ سارے شعور پر محیط ہوجاتا ہے۔ ڈاکٹر میر ولی الدین سابق صدر شعبۂ فلسفہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن و رفیق اعزازی ندوۃ المصنفین دہلی نے اپنی کتاب "فلسفہ کیا ہے" میں یہ صراحت کی ہے کہ سائنس کا سارا نظام عالم مظاہر سے ہے۔ جس کو قرآن کی زبان میں عالم شہادت کہا جاتا ہے۔ فلسفہ عالم شہادت کی انتہائی حقیقت یا ماہیت کو معلوم کرنا چاہتا ہے جو غیب کا دائرہ ہے۔ جس کو قرآن کی زبان میں "غیب" قرار دیا جاسکتا اور انسان کی اتنی ترقی کے باوجود "غیب الغیب" تک رسائی ممکن نہیں۔

قرآن اور سرّیت

قرآن کا دعویٰ ہے کہ کتاب ہدایت (صامت ہو یا ناطق) انہی متقیوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ جن کا غیب پر ایمان ہو۔ (بقرہ: ۲) کتنے ہی شہود ہیں جن کے باطن کی ہمیں اطلاع نہیں۔ کتنے باطن ہیں جن کا علم صرف اللہ کو ہے۔ ہم بظاہر پھل کو دیکھتے ہیں لیکن اس کا ذائقہ اس کا باطن ہے۔ تخم ظاہر ہے مگر درخت کو اُگانے والا جوہر لطیف اس کے باطن میں ہے۔ جو نظر نہیں آتا۔

قولہ: "عالم الغیب فلا یظھر علیٰ غیبہٖ احداً الا من ارتضیٰ من رسول" وہی اللہ غیب دان ہے۔ اور اپنے غیب کی بات ظاہر نہیں کرتا مگر جس رسول کو پسند فرمائے (جن: ۲۷) قرآن میں کئی مقامات ایسے ہیں جہاں سرّیت کو تسلیم کیے بغیر چارہ نہیں۔ حضرت موسیٰ کی حضرت خضر سے ملاقات، پکی ہوئی مچھلی کا پانی میں چلا جانا۔ حضرت خضر کا کشتی میں سوراخ کرنا، لڑکے کا قتل گرتی ہوئی دیوار کو منہدم کرکے بنانا۔ یہ سب حضرت موسیٰ جیسے پیغمبر اولوالعزم کے لیے معمہ بنے رہے جس کی وضاحت حضرت خضر نے اس وقت فرمائی جب ھذا فراق بینی و بینک فرما کر جدا ہوئے۔ اس کے علاوہ جلوۂ طور۔ ید بیضا۔ عصا کا اژدھا بن جانا۔ بنی اسرائیل کے لیے چشموں کا جاری ہونا۔ قارون کا زمین میں دھنس جانا۔ دریائے نیل کو بنی اسرائیل کا عبور کرنا۔ اور فرعون کا ہلاک ہونا۔ اس کی لاش کا عبرت کے لیے محفوظ رہنا۔ حضرت جرجیس کا پانچ مرتبہ شہادت پانا۔ حضرت یونس کا شکم ماہی میں تسبیح پڑھنا۔ اصحاب کہف کا غار میں سو جانا۔ حضرت ابراہیم کا نار نمرود میں سلامت رہنا۔ حضرت اسمٰعیل کے بجائے دُنبہ کا ذبح ہونا۔ حضرت عیسیٰ کا بغیر باپ کے پیدا ہونا۔ آپ کا اندھوں کو بینا اور مردوں کو زندہ کرنا یہ سب اسرار الٰہیہ ہیں۔ سائنس کی اتنی ترقی اور اسباب مادّی کی فراوانی کے باوجود انسان ایسے مظاہرے کرنے سے آج بھی قاصر ہے۔ رسول کریم کے معجزات بالخصوص آپ کی معراج جسمانی۔ رجعت شمس، شق القمر وغیرہ کو مفہوم "کن" سے غافل و بے بصیرت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انسان تسلیم کرنے اور اپنے عجز کا اعتراف کرنے کے بجائے من گھڑت تاویلات کا سہارا لیتا ہے۔ قرآن ایک ہے مگر تفسیروں کی بہتات ہے اور ایک دوسرے سے متناقض۔ ایک تفسیر لکھے تو دوسرا اس پر کفر کا فتویٰ صادر کرے

خود بدلتے نہیں قرآں کو بدل دیتے ہیں ✤ ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

راسخون فی العلم کا ایک دروازہ چھوڑنے سے دربدری حاصل ہوئی۔ انتہائے حقیقت کا علم اور مافوق الفہم اسرار کی تفہیم اگر حاصل ہو سکتی ہے۔ تو صرف اس طرح کہ ہم ظن۔ تخمین و حرص کو چھوڑ کر ارشادات معصومین علیہم السلام کی طرف رجوع کریں جو مبدا ہیں علم حقیقی کے اور شک و ریب و قیاس و وہم و تخمین سے منزہ ہیں۔ یہیں ہمیں وہ نور ہدایت حاصل ہو سکتا ہے۔ جس کو عقل نظری ہمیں عطا نہیں کر سکتی۔

اب جبکہ اسرار الہیہ کو جاننے والا ابھی راز بنا ہوا ہے اس تک ہماری رسائی ممکن نہیں۔ غیب کا پردہ ہٹے تو شعور کو وہ جلوہ حاصل ہو جس کا انتظار ہے۔ اس وقت تک "انتہائے حقیقت" کا علم یا انتہائے علوم حقائق پر مطلع ہونے کا ذریعہ ارشادات معصومین اور امیرالمومنین علیہ السلام ہیں۔ قولہ تعالیٰ: وَمَا كَانَ اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء فامنوا باللہ و رسلہ۔ یعنی اللہ تم کو غیب کی خبر دینے والا نہیں۔ البتہ جس کو چاہتا ہے اپنے رسولوں میں سے اس غیب کی اطلاع کے لیے منتخب کر لیتا ہے۔ لہٰذا اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ (آل عمران ۱۷۹)

مدینۃ العلم | باب مدینۃ العلم۔ اور ان کے اوصیائے معصومین علیہم السلام کے ارشادات ہی ہمارے لیے علوم غیب کا خزانہ ہیں۔ یہی صاحبان علم لدنی ہیں۔ یہی مشیت اللہ۔ حجاب اللہ اور اسماء اللہ الحسنیٰ ہیں۔ یہ مظہر صفات الٰہی ہیں اور مشیت کی کارفرمائی ان ہی کے ذریعہ ہوتی ہے اور مشیت کی کارفرمائی کے لیے ہمیں قرآن سے سہارا ملتا ہے۔

مشیت کی کارفرمائی | اللہ خالق کائنات ہے۔ تخلیق کائنات میں دو اصول کارفرما ہیں۔ تخلیق و تکوین۔ تخلیق کے لیے اسباب مادی کا ہونا اور ایک "مقررہ عمل" ضروری ہے۔ تکوین صرف حکم "کُن" کی کارفرمائی ہے یہ قضاء امر ہے۔ بغیر اسباب مادی نفاذ مشیت ہو جاتا ہے۔ نگاہ ظاہر تخلیق دیکھ سکتی ہے سمجھ سکتی ہے لیکن حقیقت تکوین باطن اور راز غیب ہے۔ جس کا علم صرف اللہ کو ہے یا جنھیں اللہ نے علم عطا فرمایا ہے۔ تخلیق و تکوین میں مجاز و حقیقت کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ تخلیق کے لیے اسباب مجازی سے انسان کے لیے استفادہ ممکن ہے۔ البتہ جو اسباب مجازی مشیت کی تعمیل کرتے ہیں۔ ان میں مشیت حقیقت ہے۔

تخلیق و تکوین | قول خدا "انی جاعل فی الارض خلیفہ" مشیت الٰہی کا اظہار ہے۔ کارفرمائی اس طرح ہوئی کہ زمین کے مختلف حصوں سے مٹی لائی گئی۔ آدم کے پتلے کی تعمیر و تخلیق ہوئی۔ ساکت و

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صامت پُتلا ابھی آدم نہ ہوا تھا کہ ارادۂ کُن نے نفخِ روح سے سرفراز کیا تو وجودِ آدم مکمل ہوگیا۔ تکوین نے خاک کے پتلے کو گوشت و پوست کی شکل عطا کردی۔ رگوں میں خون دوڑنے لگا۔ قلب میں حرکت پیدا ہوگئی۔ لیکن اس غیب (روح) کے علاوہ ایک غیب الغیب بھی ہے جس نے آدم کو مسجودِ ملائک بنایا۔ منصب خلافت کا اہل بنایا۔ یہ اسرار الٰہیہ ہیں جنکی تشریح محتاج علم لدنی ہے۔ ایسے اسرار الٰہیہ کی ایک طویل فہرست قرآن سے مرتب ہوسکتی ہے جو فہم انسان سے بالاتر ہے اسکو وہی سمجھا سکتے ہیں جو مظہر صفات الٰہی ہیں۔ جن سے مشیت کی کارفرمائی ہوتی ہے جو مجازِ حقیقت تکوین ہیں۔

مجاز و حقیقت۔ (۱) ارشادِ خداوندی ہے کہ "ولقد خلقنا الانسان من سُلٰلَۃٍ من طین ثم جعلنٰہ نطفۃ فی قرارٍ مّکین" یعنی ہم نے انسان کو گیلی مٹی کے جوہر سے یوں خلق کیا کہ اس کا ایک قطرہ ایک محفوظ جگہ پر ٹپکا دیا۔ اور اس بوند کو ایک لوتھڑے کی شکل عطا کردی اور پھر اس لوتھڑے ہی سے گوشت بنایا اور اس سے ہڈیوں کی تخلیق کی اور گوشت کو ان ہڈیوں پر یوں چڑھایا کہ کچھ دنوں میں ایک جیتی جاگتی مخلوق کی صورت گری کردی۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین پس بہت برکت والا ہے وہ اللہ جو سب بنانے والوں سے بہتر ہے۔ (سورہ مومنون: ۱۲ تا ۱۴) سورۂ حج کی آیت نمبر ۵ اور زمر کی آیت نمبر ۶ میں بھی خلقت انسان کا تذکرہ ہے۔

مذکورہ آیت میں مجاز و حقیقت دونوں واضح ہیں۔ نطفہ کا قرار زوجین کے تدبیری عمل سے مشروط ہے۔ رحمِ مادر میں تخلیقی عمل تقدیری ہے۔ اس لیے ارشاد ہوا احسن الخالقین سب بنانے والوں سے بہتر۔ خالقین کے لفظ میں فضل و عدل الٰہی کا اظہار ہے۔ بچّہ کے والدین مجازی خالق ہیں جو نظر انداز نہیں کیے گئے۔

(۲) وقل ربِّ ارحمھما کما ربّیٰنی صغیرا۔ دُعا مانگو کہ اے پالنے والے ان پر (والدین پر) رحم فرما جس طرح انھوں نے مجھے بچپن میں پالا (بنی اسرائیل: ۲۴) اس آیت میں ربوبیت مجازی ہے۔ ماں نے اتنا ہی کیا کہ اپنا دودھ بچہ کے منہ میں دیدیا لیکن چشمۂ شیر اور بچہ کو دودھ چوسنے اور پینے کا ملکہ ربّ حقیقی کا عطیہ ہے۔ اسی لیے ربّ حقیقی نے ربّ مجازی کے حق میں دُعا کا حکم دیا۔

(۳) الذی خلق الموت والحیٰوۃ (الملک: ۲) موت اور حیات کا خالق اللہ ہے۔ خلقت و ربوبیت تو اربابِ مجاز کے وسیلہ سے ہوئی لیکن موت تکوینی ہے۔ قبض روح کے عامل و فاعل ملک الموت ہیں وہ مجازی مارنے والے ہیں۔ ان کا فعل بہ امرِ رب ہے۔ فاعل حقیقی اللہ ہے۔ مگر تکوین کے لیے بھی فاعل مجازی کا وجود ثابت ہے

قابلِ غور مذکورہ قرآنی مثالیں تخلیق و تکوین اور مجاز و حقیقت سمجھنے کے لیے کافی ہیں۔ بنظر اختصار مزید دو آیات برائے توجہ پیش ہیں ورنہ قرآن میں ایسے کئی مقامات ہیں۔

(۱) قال یا ابلیس ما منعک ان تسجد لما خلقت بیدیّ۔ اے ابلیس تجھے کس بات نے سجدہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرنے سے روکا۔ جس کو میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا تھا۔ (ص ۷۵) فاعلِ حقیقی تو اللہ ہے مگر اس آیت میں دستِ مجازی کا ذکر ہے صراحت کے ساتھ مجازی کی طرف اشارہ ہے۔ تخلیقِ آدم کے فاعل مجازی کونسے دو ہاتھ یہ ہی بتایئں یا خطیبِ منبرِ سلونی۔

(۲) طوفان کے حکم کے نافذ ہونے سے پہلے مومنینِ نوحؑ کی سلامتی کے لیے حضرت نوحؑ کو کشتی بنانے کا حکم ملا۔ واصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا ؛ تم ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ (ھود : ۲۷) آنکھیں کس کی ؟ یقیناً فاعل مجازی کی ! فاعل حقیقی کو تو آنکھیں نہیں مذکورہ دونوں آیات میں فاعلِ حقیقی یقیناً اللہ ہے ۔ اللہ نے اِن آیات میں حقیقت ظاہر کر دی اور مجاز کو راز میں رکھا۔ اِن اسرار کے سمجھنے کے لیے ایمان بالغیب از روئے قرآن لازم ہوگا۔

موت کے فرشتہ کو ہم فاعل مجازی تسلیم کرتے ہیں اور اللہ کو حقیقی پیدا کرنے والا اور مارنے والا۔ ہم یہ مانتے ہیں کہ بارش کے قطرہ قطرہ کے ملک مقرر ہیں جن کو مشیت الٰہی کے تابع ہم فاعلان مجازی تسلیم کرتے ہیں تو وہ جو مشیت الٰہی ہے۔ اگر فرمائے کہ انا احیی وامیت باذن ربی۔ یعنی میں زندہ کرتا ہوں۔ اور مارتا ہوں۔ اپنے رب کی اجازت سے تو اس مجاز پر کیوں چونک پڑیں۔ اگر ارشاد ہو کہ میں ہوں زمین و آسمان کو خلق کرنے والا تو مشیت اللہ کو باذنِ خدا خالق مجازی کیوں نہیں مانتے ۔ یہ نقرہ محض افترا کیوں ؟ مولاؑ نے ارشاد فرمایا کہ میں ہر پیغمبرؑ کے ساتھ مخفی رہا اور پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ظاہر بظاہر۔ و نیز میں نے عیسٰی ابن مریم کی زبان سے جھولے میں بات کی تو یہ نئی بات تو نہیں۔ ایک نباتی مخلوق یعنی درخت حضرت موسٰی کو آواز دے رہا ہے کہ یا موسٰی اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ۔ یعنی میں ہی تو تمام عالموں کا پروردگار اللہ ہوں (قصص : ۳۰) قرآن کی اس آیت پر ہم ایمان لائے اللہ کو فاعلِ حقیقی و متکلم حقیقی سمجھا اور اپنے اصول دین میں یہ عقیدہ راسخ کر لیا کہ وہ متکلم ہے مگر ارشاد باری ہے کہ اللہ تو خود بات نہیں کرتا شوریٰ ۵۲/ بس مجاز کو حقیقت اور حقیقت کو مجاز فرض کر لینا ہی شرک و کفر ہے۔ مجاز مجاز ہے اور حقیقت، حقیقت تو ماں باپ الٰہ نہیں ہو سکتے۔ عزرائیل قابل پرستش نہیں۔ کوہ طور کا درخت رب العالمین نہیں۔ یہ فاعلان مجازی ہیں اور تابع مشیت ہیں۔ مظہر صفات الٰہی وہی انوار مقدسہ ہیں جو مرضی پروردگار یعنی مرضاۃ اللہ ہیں۔ یہی کلمۃ اللہ ہیں جو حقیقت کنز مخفی کے عرفان کے لیے عالمِ مجاز میں سبب بنے۔ یہ وہ اولوالامر ہیں جن کا امر واجب القضا ہے وہ جب کہدیں کہ ہو جا تو ہو جاتا ہے۔ وہ جب وضو کے لیے آستین الٹیں تو سورج پلٹ آئے سا اشارہ کر دیں تو چاند دو ٹکڑے ہو جائے جب ہاتھ دھو کر کہدیں کہ پانی نہیں جواہر ہیں تو پانی جواہر بن جائے۔ وہ جب چاہیں مردہ زندہ ہو جائے یہ وہ ہیں کہ شیر قالین کو حکم دیں تو شیر قالین حقیقت بن جائے۔

اِن انوار مقدسہ کے علوئے مرتبت اور اسرار الٰہیہ کے اِن پردوں کو جو مولائے متقیان نے اٹھائے ہیں۔ سمجھنا چاہیں تو اس تالیف "نہج الاسرار" کو چشم بصیرت سے بنظر عمیق مطالعہ کریں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر اس کتاب کے قاریوں کا عقیدہ لا الہ الا اللہ بشرطہا و شروطہا۔ معصومین علیہم السلام شروطہا پر نہیں ہے۔ وہ حدیث سلسلۃ الذہب امام رضا علیہ السلام کی تکذیب کر رہے ہیں۔ ایسے قاریوں سے درخواست کرونگا۔ کہ کتاب ہذا ملاحظہ نہ فرمائیں۔ صفات الٰہی کو عین ذات ماننے اور انوار مقدسہ کو مظہر صفات ماننے والا کبھی مشرک ہو ہی نہیں سکتا۔ جس طرح قرآن کے محکمات و متشابہات میں محکمات تو صاف و واضح ہیں لیکن قرآن گواہ ہے کہ آیات متشابہات لوگوں کی کج دلی کی بھی پہچان ہیں۔ اسی طرح امیرالمومنین علیہ السلام کے کلام میں بھی محکمات و متشابہات" دونوں ملیں گے۔ کلام خطیب منبر سلونی میں جن کے علم و یقین پر غیب کے پردے کبھی حائل نہیں رہے ایسے خطبات اور ارشادات ملیں گے جن میں اسرار الٰہیہ کے پردے اٹھائے گئے ہیں۔ آپ کی ذات اقدس کے علوئے مرتبت کے انکشاف سے بیگانے تو بیگانے اپنوں کی بھی نگاہیں خیرہ ہو کر رہ گئیں۔ احتیاط کا تقاضا سمجھ کر کسی نے چپ سادھ لی کسی نے تصوف کا نام دیا اور کسی نے وہی کہا جو سابقہ امتوں نے اپنے انبیاء۔ اوصیاء اور اولیاء کے بارے میں کہا تھا۔ حالانکہ غور کریں تو ان کلمات میں عرفان الٰہی کے متلاشیوں کے لیے وہ منزلیں ملیں گی جن کو طے کرانے کو مولائے کائنات کے سوا کوئی دوسرا مالک و رہنما دعویٰ بھی نہیں کر سکتا۔ مولائے کائنات کے جو خطبے اس کتاب میں ملیں گے وہ سرمہ ہیں چشم بصیرت کے لیے۔ ذات واجب الوجود کا عرفان ہم کیا کر سکتے ہیں۔ ذات علیؑ کے عرفان کا ایک حصہ بھی ہم کو مل جائے تو یہی ہماری کامیابی ہے۔ ارشاد رسالت ہے کہ یا علیؑ نہیں پہچانا کسی نے تمکو سوائے میرے اور خدا کے۔

کتاب کی ترتیب کا نہج " جامع نہج الاسرار" نے جو لکھا ہے وہ فہرست مضامین سے معلوم ہوگا لیکن ایسے اردو دان مومنین سے جو پہلی بار ان خطبوں کو پڑھنے کی سعادت حاصل کر رہے ہوں۔ عرض کروں گا۔ کہ امام مدبر الامور" صفحہ (۱۰۷) کی بحث اور حدیث طارق (صفحہ ۱۰۹) ملاحظہ فرما کر آگے بڑھیں۔ حدیث نورانی (صفحہ ۸۸) میں یہ فقرہ ملے گا "میں ابراہیم ہوں"، میں موسیٰ ہوں، میں عیسیٰ ہوں اور میں محمدؐ ہوں۔ جس صورت میں چاہوں اپنے کو بدل لیتا ہوں جس نے مجھے دیکھا ان صورتوں کو دیکھا۔ اور ہم اللہ کا وہ نور ہیں جس میں دائماً کوئی تغیر واقع نہیں ہوتا۔ میں ایک بندہ ہوں بندگان خدا سے" اس پورے جملے میں آپ نے اپنی ذات اقدس کے باطن و ظاہر۔ حقیقت و مجاز اپنے اختیارات اور اپنی عبدیت کی وضاحت فرما دی ہے۔ لا ریب فیہ۔ آپ عالم نور میں اسوقت بھی تھے جب ابوالبشر خلق بھی نہ ہوئے تھے۔ آپ کا نور اول مخلوق ہے۔

بڑا اعتراض خطبۃ البیان پر کیا جاتا ہے کہ اس کے بہت سے فقرے خلاف روایت ہیں۔ کہنا آسان ہے ثابت کرنا مشکل۔ انا خالق السموات والارض کو محض افترا قرار دیا جاتا ہے۔ خلق تو صفت کا اظہار ہے۔ ہم قرآن کا حوالہ دے چکے ہیں کہ درخت سے ذات کے اظہار انی انا اللہ رب العالمین پر ایمان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لائیں اس لیے کہ قرآن میں ہے اور "اَنَا خالق" پر ایمان نہ لائیں۔ اس لیے کہ نہ سید رضی نے لکھا ہے نہ صاحب اصول کافی نے نہ علامہ مجلسی نے یہ عذر ہمارے لیے اسلیئے قابلِ تسلیم نہیں کہ ان تینوں بزرگواروں نے پورے کلام امیرالمومنینؑ کا احاطہ نہیں کیا۔ مولا نے اپنی دُعاؤں میں فرمایا ہے کہ وہ مدبر بلا وزیر ہے۔ اُسے مشورہ کی ضرورت نہیں لیکن تنزیہ توحید کے خلاف ہوگا اگر ہم یہ فرض کر لیں کہ چھ دن تک وہ سماوات والارض کی تخلیق میں مثل کاریگر کے مصروف رہا پھر عرش پر ایسے متمکن ہوگیا جیسے کوئی بادشاہ یا صدر مملکت اپنے تخت حکومت یا کرسئ صدارت پر متمکن ہوتا ہے۔ قرآن نے مجازی ہاتھ۔ مجازی آنکھیں اور مجازی چہرہ کا ذکر کیا ہے۔ یہ معمہ ہی رہ جاتا۔ اگر مولاؑ نے نہ فرماتے انا خالق السماوات والارض۔

قرآن کا ایک اور مقام غور طلب ہے کہ قیامت کے روز صور پھونکے جانے پر جب سب فنا ہو جائیں گے صرف ربّ ذوالجلال والاکرام کا چہرہ باقی رہ جائے گا اور آواز آئے گی کہ لمن الملک الیوم پھر اس کے جواب کی آواز آئے گی کہ للہ الواحد القھار۔ قابلِ غور یہی مقام ہے کہ خُدا کو نہ کوئی عضو ہے اور نہ چہرہ و زبان پھر باقی رہ جانے والا چہرہ کون ہوگا۔ اور یہ سوال وجواب کرنے والا کون ہوگا۔ حسبِ آیت نمبر ۵۲ سورہ شوریٰ خُدا تو بات نہیں کرتا۔ امام کا ارشاد ہے کہ "نحن وجہ اللہ نحن لسان اللہ"

ایک دلیل یہ بھی دی گئی ہے کہ جو اپنے کو منبر پر صاف خلیفہ بلافصل نہ کہہ سکتا ہو وہ ایسے جملوں کو برسرِ عام کیونکر استعمال کر سکتا ہے۔ (قصص العلماء تنکابینی) ایسے معترض پر بجز اظہار حیرت و افسوس کے کچھ کہنا نہیں چاہتے جو تاریخ کا بھی گلا گھونٹ رہے ہوں۔ اللہ ہمارے قلوب کو زیغ و کجی سے محفوظ رکھے کیا خطبہ شقشقیہ نہج البلاغہ میں نہیں ہے دوسری دلیل یہ بھی دی گئی ہے کہ علامہ مجلسی نے مشارق الانوار والیقین میں حافظ شیخ رجب برسی کو ساقط الاعتبار کیا ہے۔ ہم تسلیم کر لیتے اگر یہ خطبے صرف مشارق الانوار میں ہوتے دوسری کتابوں میں نہ ہوتے۔ مشارق الانوار بھی ایک مجموعہ ہے۔ تصنیف ذاتی نہیں بلکہ تلاش و تالیف ہے۔ بہت اچھا ہوا جو اس کتاب کے آغاز میں تدوین کلام علی علیہ السلام کے عنوان سے بالتفصیل صراحت کر دی گئی ہے۔

جہاں تک تصوّف کا تعلق ہے فاضل شہیر سبط الحسن ہنسوی نے منہاج نہج البلاغہ میں تحریر فرمایا کہ "بے شک علی ابن ابی طالب کو اس تصوّف سے کوئی لگاؤ نہیں جو صوفیانِ شوم کے لباس میں دنیا میں ظاہر ہوا۔ اور دراصل جس کی تاسیس بحیثیت ایک ادارہ، اہلِ بیت رسول کی مخالفت میں اموی و عباسی حکومتوں کے زیر سایہ ہوئی اور جس کے دجل و فریب کے مرقع ابن جوزی نے تلبیس ابلیس میں پیش کیے ہیں"

تصوّف کی جو تعریف امام جعفر صادقؑ نے فرمائی ہے وہ یہ ہے:

من عاش فی باطن الرسول فھو صوفی۔ جو باطن رسول پر زندگی بسر کرے وہ صوفی ہے، باطن رسول کیا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے حلیۃ الاولیا حافظ ابو نعیم پر تکیہ کرنے کے بجائے نہج الاسرار ملاحظہ فرمائیں۔ امیر المومنین علیہ السلام سے بڑھ کر کون باطن رسول جانتا ہے۔ بس علیؑ جانیں یا اللہ۔ علامہ سبط الحسن ہنسوی نے خوب فرمایا کہ یہ اعتراض "نہج البلاغہ میں تصوف کی جھلک ہے" جہل مرکب کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ ہمارے نزدیک یہی جواب کافی ہے منہاج نہج البلاغہ میں بہت صراحت سے اس اعتراض کا جواب دیا گیا ہے۔

مختصر یہ کہ نہج الاسرار کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ باطنِ رسولؐ کیا ہے باطن رسولؐ کو وہی بہتر جانتا ہے جو معدن حکمت رسولؐ و راز دار رسولؐ ہے۔ (خطبہ افتخاریہ صفحہ ۱۲۸) ان خطبات کو پڑھ لینے کے بعد ہی باطن رسول کا انکشاف ہوگا اس لئے کہ جو باطن علیؑ ہے وہی باطنِ رسولؐ۔

جامع نہج الاسرار نے اس مجموعہ میں اسرار الہیہ کے علاوہ ایسے خطبے بھی شامل فرمائے ہیں جو خود ایک مومن کو غلامی مولائے متقیانؑ کا اہل بنا دے۔ خطبہ بدعت ورائے وقیاس صفحہ (۱۵۴) اور شیعہ کی تعریف و مومن کی صفات و علامات (صفحہ ۵۸ تا ۶۰) ہم پڑھ لیں اور ان صفات سے متصف ہو جائیں تو حضرت سلمان کے دنیا کی سیر صفحہ ۲۴۱ اور حدیث غمامہ صفحہ ۲۲۴ پر یقین کرنے میں کوئی تامل نہ ہوگا۔ اس کتاب میں ادعیہ ماثورہ اور قضایائے امیر المومنین کے اضافہ نے باطن وظاہر دونوں روشن باب سامنے رکھ دیئے ہیں۔ بقدر ذوق وبقدر آرزو چشمِ بصیرت کو چراغ ملتے جائیں گے۔ ع "دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر"

اردو زبان میں یہ مجموعہ ایک اسراری اضافہ ہے۔ فلسفہ اسرار الہی کے وہ متلاشی جو فارسی وعربی نہ جاننے کی مجبوری کی وجہ سے اب تک کما حقہٗ واقف نہ تھے اب ان خطبات کے ترجموں کو پڑھیں، اپنی پیاس بجھائیں اور جامع وناشر کے حق میں دعائے خیر کریں کہ ان کی خدمات دینی کا سلسلہ جاری رہے۔ آمین۔ میں خود سوچتا تھا کہ قرآن میں حضرت سلیمان کے وزیر (حضرت آصف بن برخیا) کا ذکر ہے کہ تخت بلقیس چشمِ زدن میں پہنچا دیا جو "علم من الکتاب" یعنی کتاب کے کچھ علم کا حامل تھا تو جو "علم کتاب" کا کاملاً عالم ہو اس کے تصرفات آفاق والنفس کی انتہا کیا ہوگی۔ اس کتاب نہج الاسرار نے میرے ذوق یقین کو تسکین بہم پہنچا دی۔

ارشادِ رسولؐ: "حبِ علیؑ ایمان و بغضہ کفر" یعنی حبِ علیؑ و بغض علیؑ کی پہچان بھی اس کتاب سے ضرور ہو جائے گی۔

قدردانوں کے احساسات اور ناقدین کے تبصروں سے اس کا اندازہ ہوگا لیکن جذبۂ خدمتِ دینی اس کتاب کی اشاعت کروا رہی ہے۔ نہ ستائش کی تمنا نہ منافع کی پروا۔

محترم جامع نہج الاسرار سلطان العلماء مولانا سید غلام حسین رضا آقا صاحب قبلہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ آپ کے جدِ امجد سرکار صدر العلماء مولانا سید غلام حسین صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ نے زنجبار میں تبلیغ دین کا جو کارنامہ انجام دیا ایک خطۂ ظلمات کو نور ایمان بخشا، وہاں کے لوگ اور خوجہ جماعت آج بھی مدح خواں ہیں۔ آپ حیدر آباد میں مولائے متقیانؑ کے شیدائوں کے مقتدا تھے۔ ان کے فرزند یعنی مولانا رضا آقا صاحب قبلہ کے پدر بزرگوار مولانا سید آقا صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ کو ایک طرف حضور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظام سے تقرب حاصل تھا تو دوسری طرف علمائے اہلِ سُنّت بھی آپ کا احترام کرتے تھے۔ شیعیان حیدرآباد کے لئے مرکز تھے۔ مولانا علی نقی صاحب نجفی اعلیٰ اللہ مقامہ، اور مولانا بہادر علی صاحب قبلہ اعلیٰ اللہ مقامہ کے بعد سید آقا صاحب قبلہ اعلیٰ اللہ مقامہ کی ذات سے مومنین حیدرآباد کی مرکزیت وابستہ ہو چکی تھی اور قومی معاملات میں آپ کا حکم حرفِ آخر رہتا تھا۔ افسوس کہ یہ مرکزیت اب باقی نہیں رہی۔ اس زمانہ میں جبکہ حیدرآباد میں عزاداری پر پابندیاں تھیں، آزادی سے زبان کھولنے کی جرأت کا فقدان تھا، کمال یار جنگ پیلیس میں سید آقا صاحب قبلہ کا گھن گرج، ہمہمہ، پر وقار، پر زور نورانی وایمانی مجالس ہمارے دل و دماغ پر اس زمانہ کی نزاکت کے تصورات کے ساتھ مرتسم ہیں۔ سلطان العلماء مولانا رضا آقا صاحب قبلہ کی نجف اشرف سے واپسی کے بعد یہ ان کی پہلی قلمی کاوش ہے جو انتخاب و ترجمہ کی صورت میں منظر طباعت واشاعت پر آرہی ہے۔ اہلِ حیدرآباد و ہندوستان کے لئے ان تعارفی کلمات کی ضرورت نہ تھی چونکہ اس کتاب کی اشاعت پاکستان سے عمل میں آرہی ہے لہٰذا اختصار کے ساتھ اس تعارف کی جسارت کی گئی۔ مولانا کی یہ توثیق کہ ارشاداتِ امیر المومنین علیہ السلام جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں اور علمائے اعلام کے مصدقہ ہیں متعدد مستند کتب سے جمع کئے گئے ہیں، ہمارے یقین کے لئے ضمانت ہیں۔

اس کتاب کے پبلشر محترم جناب محمد بشارت علی صاحب حیدرآباد کے لئے متعارف ہیں۔ حیدرآباد کا علمی طبقہ آپ کی مشہور تالیف "امت اور اہلِ بیت" کی وجہ سے آپ کا قدردان ہے۔ محترم بشارت علی صاحب نے ہر دنیاوی صحیفہ سے اپنا منہ موڑا اور صحیفہ علویہ سے دین کا رشتہ جوڑا۔ بارگاہ مظہر العجائب والغرائب سے انہیں انعام ملا اور نہج الاسرار تک رسائی ہوئی جس کی اشاعت کی سعادت ان کے حصہ میں آئی۔

میں اس کتاب کے لئے مقدمہ لکھنے کا کسی طرح اہل نہیں۔ یہ مقدمہ لکھوا کر موصوف نے میری بے بضاعتی کے باوجود مجھ پر کرم فرمایا ہے۔ میں نے یہ مقدمہ اردو داں صاحبان ذوق کے لئے لکھا ہے۔ حضرات متکلمین میرے مخاطب نہیں۔ یہ میرے نصیب کہ انشاء اللہ تعالیٰ جب یہ مقدمہ شاملِ کتاب ہوگا تو ایک ناچیز و حقیر سنگریزہ کو درِّ نجف سے نسبت حاصل ہو جائے گی۔

بیت العزا

۱-۹-۳-۲۲

دار الشفاء۔ حیدرآباد (ہند)

سید ظہور حیدر زیدی

(موظف ڈپٹی کلکٹر)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا

حضرت علیؑ کے علمی کارنامے اپنے اور بیگانوں کی نظر میں

دنیا کی قوموں میں صرف عرب ہی ایک ایسی قوم ہے جو فصاحت و بلاغت اور طلاقت و خطابت میں کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتی اس لئے وہ اپنے کو عرب یعنی فصاحت سے کلام کرنے والے اور دوسری قوموں کو عجم یعنی گونگا کہتی تھی۔ تمام عرب میں شیریں زبانی اور طلاقت لسانی کے لحاظ سے قریش افصح العرب تھے اسی لئے تمام قبائل عرب نے قریش سے عربی زبان حاصل کی۔

(کتاب الزہر فی علوم اللغۃ جز اوّل طبع مصر ۱۲۸۲ھ)

قریش کے سرتاج فصحا، ادبا، خطبا، بلغا قصی ہاشم عبدالمطلب اور ابوطالب تھے ان میں بنی ہاشم اپنی آپ مثال تھے۔ جناب عبدالمطلب اور ابوطالب کے خطبات و اشعار جو فصاحت و بلاغت کی روح تھے آج تک کتابوں میں محفوظ ہیں۔ بنی ہاشم بن عبدالمطلب کی اولاد سے زیادہ فصیح و بلیغ کوئی اور نہ گذرا اسی آسمان فصاحت و بلاغت و خطابت کے آفتاب افصح الخلق علی الاطلاق رسالت مآبؐ اور حضرت علیؑ تھے۔

آنحضرتؐ کے متعلق علمائے ادب لکھتے ہیں کہ فصاحت قول اور بلاغت لسان کے اعتبار سے افضل ترین مقام پر فائز تھے۔ آپ کی سلاست طبع اور بے نظیر و مافوق الطاقت اقتدار، فصیح ترین و مختصر جملے اور بلیغ ترین و مختصر کلمات آپ کی خصوصیات تھیں آپ جوامع الکلم اور بدائع الحکم کے ساتھ مخصوص تھے آپ دنیا کی تمام زبانوں سے واقف تھے۔ ہر قوم و قبیلہ کے آدمی سے اسی کی زبان میں اس طرح کلام فرماتے تھے کہ آپ سب سے زیادہ بلیغ تھے (المجمل فی تاریخ العرب العربی ص۲۷ مصر)

تاریخ الادب کے صفحہ ۱۸۰ اور ۱۸۶ پر عہد حاضر کے مشہور مورخ الاستاذ احمد حسین الزیات لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ کے بعد سلف و خلف میں گفتگو و کلام اور تقریر و خطابت میں حضرت علی علیہ السلام سے زیادہ فصیح تر ہم نے کسی کو نہ پایا۔ آپ ایسے حکیم و فلسفی تھے کہ آپ کے بیان سے حکمت کے چشمے جاری ہوتے اور آپ کی زبان سے خطابت کے دریا ابلتے تھے۔ آپ ایسے واعظ تھے کہ سامعین کے قلب و دماغ کو اپنے وعظ سے مسحور کر دیتے تھے۔ آپ کے مکاتیب و رسائل دلائل کی بے پناہ گہرائیوں پر مشتمل ہوتے تھے۔ حضرت کے وہ خطبے جن میں آپ نے لوگوں کو جہاد کے لئے برانگیختہ کیا۔ اور وہ رسائل جو معاویہ کے نام تحریر فرمائے اور وہ خطبے جن میں طاؤس چمگاڈر اور دنیا کے اوصاف بیان فرمائے اور وہ فرمان جو مالک اشتر کا موسومہ ہے۔ سب بدائع عقل بشری

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور معجزات زبان عربی میں شمار کئے جاتے ہیں۔ آپ کے چند خطبوں کے متعلق جو آئندہ صفحات پر مرقوم ہیں علمائے عظام لکھتے ہیں کہ یہ سب اسرار ہی اسرار پر مشتمل ہیں جن کی معنی کی معرفت سوائے علمائے راسخ کے کوئی نہیں رکھتا۔

حضرت علیؑ کی علمیت

علامہ مناوی لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا عَلِیٌّ عَیْبَۃُ عِلْمِیْ یعنی علی میرے علوم کے ظرف ہیں۔ عیبہ اس ظرف کو کہتے ہیں جس میں انسان نفیس اور عمدہ چیزوں کو محفوظ رکھتا ہے آنحضرتؐ فرماتے ہیں کہ علی میرے کلام و اسرار کے سمجھنے والے میرے رازدار اور میرے نفائس علوم کے معدن ہیں۔ ابن درید لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ کا یہ ایسا بلیغ کلام ہے کہ اس سے پہلے کسی نے بھی اس مطلب کو اس طرح ادا نہ کیا تھا حضرت علیؑ کی یہ ایسی بلند مدح ہے جس کی وجہ سے دشمنوں کے قلوب بھی آپ کی عظمت کے مقر ہو گئے۔ (فیض القدیر از حافظ مناوی جلد ۴ صفحہ ۳۰۶)

علم الکلام

عالم اسلام میں حکمت و فلسفہ کے سب سے پہلے معلم حضرت علیؑ ہی ہیں آپ ہی سے متکلمین نے علم کلام سیکھا۔ علامہ ابن الحدید لکھتے ہیں کہ حکمت و فلسفہ اور مسائل الہیات پر بحث و نظر کرنا نہ ہی عربوں کا فن تھا اور نہ اس موضوع پر ان کے بزرگوں نے کچھ لکھا تھا۔ یہ علم یونانیوں اور اوائل حکما سے مخصوص تھا۔ عربوں میں جس نے سب سے پہلے حکمت و فلسفہ میں موشگافی کی وہ حضرت علیؑ ہی ہیں توحید و عدل کے دقیق مسائل کی تفہیم و تسہیل آپ ہی کے بساط کلام اور خطبوں سے ہوئی۔ صحابہ و تابعین کے کلام میں اس موضوع پر نہ ہی ایک کلمہ ملتا ہے اور نہ ان کے کلام میں اس کا تصور ہی پایا جاتا ہے اگر وہ اس کو کچھ سمجھے بھی تھے تو کسی کو سمجھانے کے قابل نہ تھے۔ (شرح ابن الحدید ج ۲ صفحہ ۲۸ مصر)

علامہ جاحظ جیسا ناقد بصیر اپنی ایک تالیف "فضل ہاشم علی عبد شمس" میں حضرت علیؑ کی ایک خصوصیت و امتیاز کو تحریر کرتا ہے کہ فقہ، تنزیل و تاویل قرآن کا علم مستحکم دلائل فصاحت و طلاقت لسانی و طولانی خطبوں کے ارشاد کرنے میں حضرت علیؑ ابن ابی طالب کے مقابلہ پر دنیا کسی کو پیش نہیں کر سکتی۔

علم نحو

حضرت کے خطبوں اور تقریروں سے عربوں میں علمی بیداری پیدا ہوئی آپ ہی نے سب سے پہلے علم نحو اور قواعد تیار کی۔ اس کے اصول و قواعد اپنے مشہور شاگرد ابوالاسود الدائلی کو سمجھائے اور ایک مستقل کتاب تیار کروائی۔

(ملاحظہ ہوں محاضرات راغب اصفہانی اصابہ ابن حجر عسقلانی۔ تاریخ الخلفاء سیوطی ص ۷ منہاج نہج البلاغہ)

عربی قواعد کی ایجاد سے حضرت علیؑ نے عربی زبان کو حیات جاوداں بخش دی۔ حضرت نے عربی زبان میں نہ صرف بہت سے الفاظ و کلمات تراکیب محاورات ضرب الامثال کا اضافہ فرمایا بلکہ بہت سے غیر زبان کے الفاظ بھی عربی میں شامل فرمائے، جیسا کہ قرآن مجید میں بھی غیر عربی الفاظ طور، ربانیون، صراط، قسطاس، فردوس، مشکاۃ، سجیل، تنور، سراب وغیرہ استعمال ہوئے ہیں۔

حافظ ابو نعیم حلیۃ الاولیاء، جلد اول صفحہ ۶۵ پر لکھتے ہیں کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا۔ ہر حرف ظاہر و باطن پر مشتمل ہے، یہ صرف حضرت علیؑ کی ذات تھی کہ جو تمام علوم ظاہر و باطن سے واقف تھی۔

جب معاویہ کو حضرت علیؑ کی شہادت کی خبر ملی تو کہہ دیا کہ ابو طالب کے فرزند کی موت سے علم و فقہ کا خاتمہ ہو گیا۔

(استیعاب ابن عبد البر ج ۳ ص ۴۵)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلفاء کی مدد

یہ علیؑ ہی ہیں جنہوں نے تمام مشکلات میں خلفاء کی مشکل کشائی کی۔ چنانچہ خلیفہ دوم نے بہتر فیصلوں میں لولا علی لہلک عمر کہا و نیز حضرت عمر و حضرت عثمان نے کئی مشکلات کے حل کئے جانے پر کہا کہ خدا ہمیں اس روز کے لئے زندہ نہ رکھے جب علیؑ ہماری مشکل کشائی کے لئے نہ ہوں۔ (ریاض النضرہ ج ۲ ص ۱۹۶)

تعلیم وہدایت

کوفہ کو دارالحکومت بنانے کے بعد یہ حضرت علیؑ ہی کی تعلیمات کا نتیجہ تھا کہ اولین فقہا متکلمین و فلاسفہ اور اسلامی مفکرین کی یہاں سے نشوونما ہوئی جنہوں نے علوم فلسفہ، طبعیات، کیمیا، حساب، ہیئت، وغیرہ کے مسائل پر روشنی ڈال کر دنیائے اسلام کے تمام بڑے بڑے شہروں میں علوم و فنون کو پہونچایا کوفہ ہی سے مدرسوں اور تعلیم گاہوں کا رواج ہوا جہاں ظلمت کدہ یورپ کے تشنگان علوم سیراب ہونے آتے تھے۔ علامہ ابن الحدید شرح نہج البلاغہ کے صفحہ ۶ پر لکھتے ہیں کہ اولین مفکرین اسلام جنہوں نے علوم الٰہیات پر بحث کی اور توحید و عدل، جبر و اختیار اور قضاء و قدر کے مسائل حل کئے وہ سب حضرت علیؑ ہی کے شاگرد تھے۔ (شرح ابن الحدید ج ۱ ص ۶)

حارث ہمدانی نے فقہ و فرائض اور علم حساب میں کمال حاصل کیا تھا جن سے دوسرے فقہا نے اخذ کیا۔ (حلیۃ الاولیاء جلد ۴ ذیل الذیل)

حضرت علیؑ نہ صرف علوم شریعت کے استاد تھے بلکہ علم طریقت، معرفت و حقیقت کے بھی استاد اعلیٰ تھے۔ طریقت کے تمام سلسلے آپ ہی پر منتہی ہوتے ہیں جس کا اعتراف شبلی، جنید، سری سقطی، ابو یزید بسطامی، معروف کرخی اور دیگر تمام علمائے طریقت نے کیا۔

(شرح ابن الحدید ج ۱ طبع مصر)

حضرت امیرالمومنینؑ کی یہ خصوصیت تھی کہ تعلیم و رشد و ہدایت کے لئے ہر وقت اور ہر حالت میں آمادہ رہتے تھے تعلیم وہدایت کے لئے کوئی وقت مخصوص نہ تھا۔ منبر تو تعلیم وہدایت کے لئے مخصوص ہی تھا مگر اس کے علاوہ بھی حضرت روز و شب سفر و حضر میں ہر موقع پر تشنگان علوم کو سیراب فرماتے رہتے تھے۔ انتہا ہو گئی کہ جنگ جمل کے موقع پر جبکہ میدان کارزار گرم تھا دفعتاً ایک اعرابی نے حضرت کے قریب آکر سوال کیا یا امیرالمومنین اتقول ان اللہ واحد" یعنی اے امیرالمومنینؑ کیا آپ بتلائیں گے کہ خدا کیسا ایک ہے۔ مجاہدین اسلام بپھر کر کہنے لگے کہ اے اعرابی کیا تو نہیں دیکھتا کہ اس وقت امیرالمومنینؑ حالت جنگ میں ہیں تجھے کس طرح جواب دیں گے۔ حضرت نے اپنے فوجیوں سے فرمایا کہ "اس کو چھوڑ دو اس اعرابی کا وہی مقصد ہے جس مقصد کے لئے ہم اس وقت دشمنوں سے جنگ کر رہے ہیں (حضرت کا مطلب یہ تھا کہ تعلیم علوم معرفت ہمارا مقصد ہے اور یہ لوگ جو ہم سے برسرپیکار ہیں ہماری غرض کو پورا نہیں ہونے دینا چاہتے ہیں اسی لئے بغاوت کر کے ہم سے جنگ کر رہے ہیں۔ تعلیم و تلقین ہم پر ہر حالت میں فرض ہے) اس کے بعد حضرت نے اعرابی کے سوال کا جواب ارشاد فرمایا جو تفصیلاً آئندہ ابواب میں لکھا جائے گا۔

(کتاب التوحید از شیخ ابو جعفر بن بابویہ متوفی ۳۸۱ھ باب سوئم طبع ایران، منہاج البلاغہ ص ۳۵)

حکمت وفلسفہ

حضرت کا کلام علم و معرفت اور فلسفہ و حکمت سے معمور رہتا تھا جس کا اقرار ہر سننے والا کرتا تھا چنانچہ استاد مصطفیٰ جواد اپنے تحقیقی مضمون "فلسفہ تاریخ اسلامی" کے ذیل میں کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک یہودی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عالم نے حضرت امیرالمومنینؑ سے عرض کیا کہ اے فرزند ابوطالب اگر آپ فلسفہ بھی سیکھے ہوتے تو آپ کا بڑا مرتبہ ہوتا یہ سن کر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ :۔

وما تعنی بالفلسفہ الیس من اعتدل طباعہ صفا مزاجہ ومن صفا مزاجہ قوی اثر النفس فیہ ومن قوی اثر النفس فیہ سما الیٰ ما یرتقیہ ومن سما الیٰ ما یرتقیہ فقد تخلق با الاخلاق النفسانیۃ ومن تخلق بالاخلاق النفسانیۃ فقد صار موجوداً بما ھو انسان وقد دخل فی الھیاکل الملکی صوری ولیس لہ من ھذہ الغایۃ مسیرؐ

ترجمہ ": فلسفہ سے تیری مراد کیا ہے کیا ایسا نہیں ہے کہ جس کی طبیعت میں اعتدال ہو۔ اس کا مزاج خودبخود پاکیزہ ہو جاتا ہے اور جس کے مزاج میں پاکیزگی راسخ ہوتی ہے اس کے نفس کے اثرات قوی ہو جاتے ہیں اور جو اپنے نفس کے اثرات میں قوت حاصل کر لیتا ہے وہ انسانیت کے منتہائے کمال پر پہونچ جاتا ہے۔ وہ فضائل نفسیہ سے آراستہ ہو جاتا ہے اور جو فضائل نفس سے مزین ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس میں انسانیت کے تمام کمال موجود رہتے ہیں (بجائے اس کے کہ اس میں خاصۂ حیوانی موجود ہو کر اپنا اثر دکھلائیں) اس حالت میں ایسا انسان ملکوتی صفات بن جاتا ہے۔ بس اس سے زیادہ انسانی عروج کا تصور نہیں۔"

یہ سن کر یہودی عالم بیساختہ کہنے لگا۔ اے فرزند ابوطالب آپ نے سارا فلسفہ ان کلمات میں بیان کر دیا۔ (العرب ص۹ ازعبدالمنعم مصری) منہاج نہج البلاغہ ص۲۰)

خطبوں کی تعداد

مورخ مسعودی لکھتا ہے کہ حضرت کے خطبوں کی تعداد جو آپ نے فی البدیہہ ارشاد فرمایا تھا" چار سو اسی سے زائد ہیں جنہیں لوگوں نے یاد و محفوظ کر لیا تھا (مروج الذہب حصہ دوم ص۳۳ مصر)

کلام کا داخل نصاب ہونا

حضرت کے خطبے حفظ کر کے خطباء داد فخر کرتے تھے۔ کوئی ادیب اس وقت تک ادیب نہیں بن سکتا تھا جب تک کہ اس کے نظام درس میں حضرت کے خطبات شریک نہ ہوتے تھے اور وہ انہیں پڑھ نہ لیتا تھا علامہ جاحظ سے پہلے بھی ہر ادیب و دبیر کے درس میں حضرت کا کلام داخل نصاب تھا۔ (ادب الجاحظ ص۱۹۶ مصر)

عمر بن بحر الجاحظ متوفی ۲۵۵ھ نے لکھا ہے کہ حضرت کے خطبے مدون و مرتب محفوظ و مشہور ہو کر بقائے دوام کی سند حاصل کر چکے ہیں۔ (البیان والتبیین جلد اول ص۱۶۴ مطبوعہ مصر)

عبدالحمید بن یحییٰ سے دریافت کیا گیا کہ کس چیز نے تمہیں بلاغت پر اس قدر اقتدار بخشا کہ تم ایک باکمال ادیب بن گئے اس نے جواب دیا کہ حضرت علیؑ کے کلام کو حفظ کرنے سے مجھے یہ کمال حاصل ہوا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علیؑ کے کلام کی تدوین

حضرت امیرالمومنینؑ کے اقوال و خطب خود آپ ہی کے زمانے میں لکھے جا کر محفوظ کر لئے گئے تھے علامہ جلال الدین سیوطی لکھتے ہیں کہ سلف صحابہ و تابعین میں تدوین و تالیف اور کتابت علوم کے متعلق سخت اختلاف تھا سوائے حضرت علیؑ اور آپ کے فرزندوں کے جو اس کو مباح سمجھتے تھے اور خود تالیف و تدوین فرماتے تھے۔ (تدریب الراوی)

صدرِ اوّل

علامہ ابن ابی الحدید لکھتے ہیں کہ لوگوں نے حضرت امیرالمومنین ہی سے خطابت و تحریر و تصنیف کا فن سیکھا دنیا کو اس امر کا اعتراف ہے کہ حضرت نے ذیل کے مصنفین و مؤلفین کا ایک ایسا گروہ پیدا کر دیا تھا جنہوں نے لسانیات، سیر و احادیث اور علوم قرآن پر کتابیں لکھیں۔ حضرت کے افراد خاندان اور اصحاب سے مندرجہ ذیل وہ اصحاب قلم ہیں جنہوں نے امیرالمومنینؑ کے آثار علمیہ کو محفوظ کیا جن سے دنیا آج بھی فیضیاب ہو رہی ہے۔ اس کی تصدیق علمائے رجال نے اپنی اپنی کتابوں میں کی ہے۔

امام حسن علیہ السلام۔ امام حسین علیہ السلام، عمر بن علیؑ، محمد حنفیہ، عبداللہ ابن عباس، ابی بن کعب صحابی، جابر بن عبداللہ صحابی۔ ابورافع، علی بن ابی رافع، عبیداللہ بن ابی رافع، اصبغ بن نباتہ، سلیم بن قیس ہلالی، میثم بن یحیٰی ابوصالح التمار، حارث بن عبداللہ ہمدانی۔ ابوالاسود الدؤلی، کمیل ابن زیاد، عبیداللہ بن الحر، ربیعہ بن سمیع، یعلی بن مرہ، زید بن وہب وغیرہ۔

جب کبھی حضرت کوئی خطبہ ارشاد فرماتے حکماء، فقہاء، ادباء اور خطباء اور سینکڑوں آدمی لکھتے جاتے اور اس کو محفوظ کر لیتے تھے۔

(۱) اصحاب میں سب سے پہلے حضرت امیرالمومنینؑ کے خطبوں کو جمع کرنے کا فخر جس کو حاصل ہے وہ زید بن وہب ہے۔ جن کا انتقال تقریباً ۹۰ھ میں ہوا۔ علامہ ذہبی میزان الاعتدال میں لکھتے ہیں کہ زید اس قدر جلیل القدر اور قابل اعتماد آدمی تھے کہ ان کی روایت گویا اصل صاحب روایت کی زبانی سننے کے برابر سمجھی جاتی تھی۔

(میزان الاعتدال ج ۱ ص ۳۲، ۳۶۲ طبع مصر)

زید بن وہب اجلہ تابعین و ثقات میں سے تھے۔

(۲) شیخ صدوق ابن بابویہ متوفی ۳۸۱ھ کتاب التوحید میں اپنے سلسلہ اسناد سے لکھتے ہیں کہ ایک روز حضرت علیؑ نے خدا کی عظمت و جلالت کے مضامین پر ایک خطبہ فرمایا تھا۔ ابواسحٰق نے ایک مرتبہ حارث سے پوچھا کہ آیا وہ خطبہ تمہیں یاد ہے تو حارث نے جواب دیا کہ میں ہمیشہ حضرت کے خطبے لکھ لیا کرتا ہوں چنانچہ انہوں نے اپنی کتاب سے اس خطبہ کو پڑھ کر سنایا۔

(۳) ایک مرتبہ ایک یہودی عالم نے چند سوالات کئے تھے ان کے مفصل جوابات حارث ہمدانی نے لکھ کر محفوظ کر لیا۔

(کتاب الفہرس شیخ ابوجعفر طوسی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حارث نے امیرالمومنینؑ کے آثار علم اس کثرت سے مدون و مرتب کئے تھے۔ کہ ایک مرتبہ امام حسن علیہ السلام نے اس ذخیرہ کو ان سے طلب فرمایا تو حارث نے ایک عظیم ذخیرۂ کتب بھیجا جو ایک اونٹ کا بار تھا (ذیل المذیل از ابو جعفر محمد بن جریر الطبری ص۱۴۳۔ طبع قاہرہ)

۴۔ حضرت کے کاتب عبیداللہ بن ابی رافع نے حضرت کے قضایا مدون کئے (الفہرس طوسی ص۲۰۲)

(۵) اصبغ بن نباتہ نے حضرت کے آثار سے کئی چیزوں کو مدون کیا جن میں حضرت کا وہ فرمان بھی شریک تھا جو مالک اشتر کو لکھا گیا تھا (منہج المقال، الفہرس طوسی) اس کے علاوہ حضرت کے وہ وصایا بھی جمع کئے جو محمد حنفیہ کے نام تھے۔

۶۔ سلیم ابن قیس ہلالی نے ایک کتاب مدون کی جس میں حضرت کے چند خطب و رسائل اور مکتوب بھی درج ہیں۔ یہ کتاب حال ہی میں مطبع حیدریہ نجف اشرف سے طبع ہوئی ہے اور پاکستان میں اس کا اردو ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔

۷۔ کمیل ابن زیاد نے حضرت کی ایک طویل اور جلیل القدر دعا کو محفوظ کیا جو آج تک شب ہائے جمعہ وغیرہ میں پڑھی جاتی ہے۔ جو دعائے کمیل کے نام سے مشہور ہے۔

صدر دوم | اصحاب امیرالمومنینؑ کے بعد دیگر ائمہ اطہار علیہم السلام کے اصحاب اور اہل علم و ادب نے بھی حضرت کے اقوال و خطب اور رسائل وغیرہ کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھا اور اس کی تالیف و تدوین میں مشغول رہے اور مستقل کتابیں لکھیں جن میں سے مندرجہ ذیل قابل ذکر ہیں۔:

(۱) ہشام بن محمد کلبی صحابیٔ امام محمد باقر علیہ السلام نے امیرالمومنینؑ کے بہت سے خطبے جمع کئے۔ (الفہرس از ابن الندیم ص۱۴۰ مصر

(۲) محمد بن قیس البجلی صحابی امام محمد باقر و جعفر صادق علیہم السلام نے امیرالمومنینؑ کے قضایات جمع کئے۔
(کتاب الرجال النجاشی و منہج المقال)۔

(۳) محمد بن قیس ابو نصر اسدی صحابی امام محمد باقر و جعفر صادق علیہم السلام امیرالمومنینؑ کے قضایا جمع کئے۔
(کتاب الرجال النجاشی و منہج المقال)

(۴) ابراہیم بن حکم الفزاری نے خطبات جمع کئے۔ (الفہرس طوسی۔ کتاب الرجال نجاشی)۔

(۵) ابو محمد مسعدہ صحابی امام جعفر صادق و موسیٰ کاظم علیہم السلام نے خطبات جمع کئے (کتاب الرجال نجاشی)

(۶) ابراہیم بن ہاشم ابو اسحٰق قمی صحابی امام رضا علیہ السلام نے قضایا جمع کئے (منہج المقال)

(۷) مورخ ابو مخنف لوط بن یحییٰ نے اپنی مصنفات میں خطبات و رسائل کو وارد کیا۔

(۸) نصر بن مزاحم کوفی معاصر امام محمد باقر تا امام علی رضا علیہم السلام نے خطبات و مکتوبات کو کتاب الصفین میں تحریر کیا۔

(۹) ابوالقاسم عبدالعظیم بن عبداللہ حسنی متوفی تقریباً ۲۵۰ھ صحابی امام علی نقی علیہ السلام نے خطبات جمع کئے۔ (کتاب الرجال)

(۱۰) صالح بن ابی حماد صحابی امام علی نقی علیہ السلام نے خطبات جمع کئے۔ (کتاب الرجال)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۱) علی بن محمد متوفی ۲۲۵ھ نے خطبوں اور ان مکاتیب کو جمع کیا جو حضرت نے اپنے عمال کو تحریر فرمایا تھا۔

(معجم الادباء یاقوت الحموی ج ۴ ص ۱۳۴ طبع مصر)

(۱۲) ابراہیم بن محمد کوفی متوفی ۲۸۳ھ نے "کتاب رسائل امیرالمومنین" میں حضرت کے فرامین اور خطوط جمع کئے۔

(معجم الادباء ج ۱ ص ۲۲۳ طبع مصر)

(۱۳) ابوالقاسم عبداللہ بن احمد نے قضایا جمع کئے۔ (کتاب الرجال)

(۱۴) ابوالحسن معلی بن محمد بصری نے قضایا جمع کئے۔ (کتاب الرجال)

(۱۵) چوتھی صدی کے مشہور مورخ عبدالعزیز ابن یحیٰی جلودی متوفی ۳۳۰ھ نے آثار امیرالمومنینؑ سے ہر موضوع سے متعلق آپ کے کلام کو علیحدہ علیحدہ کتابی شکل میں جمع کیا۔

(۱) کتاب رسائل علیؑ (خطوط و فرامین کا مجموعہ)

(۲) کتاب خطب علیؑ (خطبوں کا مجموعہ)

(۳) کتاب مواعظ علیؑ (مواعظ کا مجموعہ)

(۴) کتاب خطب علیؑ فی الملاحم (ان خطبات کا مجموعہ جس میں آئندہ ہونے والے واقعات اور فتنہ و فساد کی خبر دی گئی ہے۔)

(۵) کتاب دعاء علیؑ (ادعیہ کا مجموعہ)

(۶) کتاب شعر علیؑ (اشعار کا مجموعہ) (الفہرس طوسی، کتاب الرجال نجاشی)

(۱۶) ابو محمد حسن بن علی متوفی ۳۳۶ھ مشہور شیعی علماء محدثین سے تھے۔ موصوف نے اپنی کتاب "تحفُ العقول عن آل الرسول" میں حضرت کے کلمات حکمیہ اور امثال و خطب جمع کئے اور لکھا ہے کہ اگر صرف ان خطبات کو جمع کریں جن میں حضرت نے صرف مسائل توحید بیان فرمائے ہیں تو یہ مجموعہ تحف العقول کے برابر ہو جائے گا۔ (خیال رہے کہ تحف العقول کا حجم نہج البلاغہ سے زیادہ ہے)

(۱۷) ابوطالب عبداللہ بن ابی زید متوفی ۳۵۶ھ نے حضرت کی دعاؤں کو کتاب الادعیہ الائمہ میں جمع کیا۔

(۱۸) علامہ سید رضی نے ۴۰۰ھ میں نہج البلاغہ مرتب کیا، جس کا ترجمہ دنیا کی کئی زبانوں میں ہزاروں مرتبہ طبع ہوا۔

کثرتِ کلام

چھٹی صدی کے مشہور عالم ابوالحسن محمد بن الحسین بیہقی اپنی کتاب شرح نہج البلاغہ موسوم بہ حدائق الحقائق میں قطب الدین راوندی متوفی ۵۷۳ھ کی کتاب منہاج البلاغہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ قطب الدین راوندی نے حجاز میں علماء سے سنا تھا کہ انہوں نے مصر میں امیرالمومنینؑ کے کلام کے ایسے مجموعہ کو دیکھا تھا جو بیس مجلدات سے زیادہ تھا۔

(روضات الجنات باب العین ص ۴۶۴ طبع ایران)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہج البلاغہ سے پہلے

یہ تو ان اہل علم کی فہرست تھی جنہوں نے حضرت امیرالمومنین کے اقوال وخطب اور دیگر آثار علمیہ پر مستقلاً کتابیں لکھی ہیں۔ ان کے علاوہ مورخین، محدثین، اور علمائے اسلام کی ایک کثیر تعدا ہے جنہوں نے اپنے کتب و تصانیف میں حضرت کے خطبوں اور دیگر آثار کو وارد کیا جس میں سے مندرجہ ذیل قابل ذکر ہیں۔

(۱) ابوالحسن علی بن محمد متوفی ۲۲۵ھ نے تاریخ الخلفاء اور کتاب الاحداث والفتن میں۔

(۲) ابوعثمان عمر بن بحر الجاحظ متوفی ۲۵۹ھ نے کتاب البیان والتبین میں چند خطبات اور "کلمات حکمیہ" میں ایک سو منتخب کلمات کو جمع کیا۔

(۳) ابن قتیبہ دینوری متوفی ۲۷۶ھ نے عیون الاخبار اور غریب الحدیث میں۔

(۴) ابن واضح یعقوبی کاتب عباسی متوفی ۲۸۷ھ نے اپنی تاریخ میں۔

(۵) ابوحنیفہ دینوری متوفی ۲۸۱ھ نے اخبار الطوال میں۔

(۶) ابوالعباس المبرد متوفی ۲۸۶ھ نے کتاب المبرد میں۔

(۷) مورخ محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ نے اپنی تاریخ میں۔

(۸) ابوبکر محمد بن حسن بصری متوفی ۳۲۱ھ نے کتاب المجتبیٰ میں۔

(۹) ابن عبدربہ متوفی ۳۲۸ھ نے عقد الفرید میں۔

(۱۰) محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ نے کتاب الکافی کے مجلدات کتاب الاصول والفروع اور کتاب الروضہ میں۔

(۱۱) مورخ مسعودی متوفی ۳۴۶ھ نے مروج الذہب میں۔

(۱۲) ابوالفرج اصفہانی متوفی ۳۵۶ھ نے کتاب الاغانی میں

(۱۳) ابوعلی القالی متوفی ۳۵۶ھ نے نوادر میں۔

(۱۴) شیخ ابوجعفر ابن بابویہ قمی متوفی ۳۸۱ھ نے کتاب التوحید اور اپنی دوسری کتب میں۔

(۱۵) شیخ مفید استاد سید رضی متوفی ۴۱۳ھ نے کتاب الارشاد اور کتاب الجمل میں۔

(۱۶) ابن مسکویہ متوفی ۴۲۱ھ نے تجارب الامم میں۔

(۱۷) حافظ ابونعیم متوفی ۴۳۰ھ نے حلیۃ الاولیاء میں۔ ارشادات جلد دوم وسوم میں درج ہیں۔)

(۱۸) شیخ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی (۳۸۵ھ تا ۴۶۰ھ) نے کتاب التہذیب اور کتاب الامالی میں۔

نہج البلاغہ کے مخالفین

بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ نہج البلاغہ جس کی تالیف ۴۰۰ھ میں مکمل ہوتی حضرت علی علیہ السلام کا کلام نہیں ہے بلکہ سید رضی متوفی ۴۰۶ھ کا کلام ہے۔ حوالہ جات بالا سے واضح ہوگا کہ یہ خیالات بالکل بے اصل اور غلط ہیں کیونکہ نہج البلاغہ کے خطبے سید رضی سے پہلے مذکورہ بالا متعدد کتب میں موجود تھے۔ اگر ایسا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ ہوتا تو خود ان کے زمانے میں جب کہ بغداد میں دیگر مذاہب کا غلبہ تھا جن کے اجلہ علماء و حفاظ حدیث اور راویان اخبار بکثرت موجود تھے فوراً سید رضی کو مورد الزام قرار دیتے اور حاکم وقت سے مبتلائے عذاب و عقاب کرتے۔

حضرت امیر المومنین کے تمام خطبات تواتر کا حکم رکھتے ہیں جن سے انکار ضعف ایمان کی دلیل ہوگی دیگر یہ کہ کلام اور نہج بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت کے سوائے کوئی اور انسان اس انشاء پر قادر نہیں ہو سکتا۔ حضرت کے کلام میں بہت سے اسرار و رموز ایسے ہیں جن کے معنی و شرح آج تک کسی سے نہ ہو سکی مثلاً اذاصاح الناعوس، اناجانیوثا۔۔۔۔ وغیرہ ان کی صحیح قرات و تلفظ سے علماء بھی قاصر ہیں۔

پس نہج البلاغہ کے لئے کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اس کے مندرجہ خطبے حضرت علیؑ کا کلام نہیں بلکہ سید رضی کا کلام ہے نہج البلاغہ کے مقدمہ میں سید رضی لکھتے ہیں کہ "حضرت کا کلام ایک ناپیدا کنار سمندر ہے جس کی انتہا و گہرائی تک نہ کوئی پہنچ سکتا ہے اور نہ اس کی موجوں پر تسلط پا سکتا ہے۔" سید رضی نے حضرت کے کلام کو تین ابواب نمبر ۱: خطب و اوامر ۲: کتب و رسائل ۳: حکم و مواعظ میں تقسیم کرکے صرف ایسے کلام کو مرتب کیا جس کی تفہیم آسان ہو اور یہ تحریر فرمایا کہ جو کچھ وہ منتخب کرکے جمع کئے وہ اس کلام کے مقابلہ میں بہت کم ہے جس کو انہوں نے اس مجموعہ میں شریک نہیں کیا۔

علامہ سید رضی سے پہلے جن علماء نے حضرت کے اقوال و خطب جمع کئے تھے ان کی تدوین و تالیف کا ایسا اچھا انداز نہ تھا جیسا کہ نہج البلاغہ کا ہے اسی لئے وہ تالیفات نہج البلاغہ کی طرح شہرت و قبولیت حاصل نہ کر سکیں۔

نہج البلاغہ کے بعد

علامہ سید رضی نے نہج البلاغہ کو سنہ ۴۰۰ھ میں مکمل کیا۔ اس کے بعد غالباً آپ کو مزید کلام کے تدوین کے لئے وقت نہ مل سکا اور سنہ ۴۰۶ھ میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

نہج البلاغہ کی تالیف کے بعد علمائے دین حضرت کے کلام کی تدوین و جمع سے غافل نہ ہوئے بلکہ اس کا سلسلہ آج تک جاری ہے۔ ان جامعین کلام میں سے مندرجہ ذیل علماء قابل ذکر ہیں۔

(۱) عبدالواحد بن محمد تمیمی معاصر علامہ سید محمد رضی نے ایک مجموعہ حضرت امیرالمومنینؑ کے کلمات قصار کا جمع کرکے اس کا نام غرر الحکم و درر الکلم رکھا۔ اس میں دس ہزار سے زائد کلمات حروف تہجی کے لحاظ سے مرقوم ہیں۔ یہ کتاب متعدد مقامات پر طبع ہو چکی ہے اور اس کا ترجمہ بھی فارسی میں ہو چکا ہے۔

(۲) عزیز الدین بن ضیاء الدین، فضل اللہ راوندی نے حضرت کے اقوال و کلمات جمع کئے اور اس کا نام نثر اللآلی رکھا۔

(۳) ابو سعید منصور بن الحسین متوفی سنہ ۴۲۲ھ نے بھی حضرت کے نکت کلام کو "نزہۃ الادب" اور نثر الدراری میں جمع کیا (کشف الظنون باب النون)

(۴) قاضی ابو عبداللہ محمد بن سلامہ شافعی متوفی سنہ ۴۵۳ھ نے حضرت کے خطب و حکم و مواعظ و وصایا اور اشعار جمع کئے اور اس کا نام "دستور معالم الحکم" رکھا۔ (یہ کتاب مصر میں طبع ہو چکی ہے) (اس کتاب کے ارشادات جلد سوم میں مرقوم ہیں)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۵) عزالدین ابن ابی الحدید معتزلی شارح نہج البلاغہ متوفی ۶۵۶ھ نے حضرت کے ایک ہزار کلمات کو جمع کیا۔

(۶) شمس الدین ابوالمظفر یوسف بن قزعلی حنفی معروف بہ سبط ابن جوزی متوفی ۶۵۴ھ "تذکرۃ خواص الائمہ" میں حضرت کے اقوال وخطب جمع کئے۔

(۷) قاضی ابویوسف یعقوب بن سلیمان نے حضرت کے کلمات قصار جمع کئے اور اس کا نام "الفرائد والقلائد" رکھا اس کا ایک قدیم خطی نسخہ جو چھٹی صدی کا لکھا ہوا ہے۔ کتب خانہ مدرسہ مروی طہران میں محفوظ ہے۔

(۸) علی بن محمد واسطی (چھٹی صدی) نے ایک کتاب تالیف کی جو تیس ابواب اور اکیانوے فصلوں پر مشتمل ہے۔ اس میں حضرت کے مواعظ ادعیہ، مکاتبات، مناجات اور ۱۲۲۸ کلمات حکمیہ ہیں اس کتاب کا نام "عیون الحکم والمواعظ وذخیرۃ المتعظ والواعظ" رکھا۔

کتاب کے مقدمہ میں مولف لکھتے ہیں کہ "میں نے اس کتاب کے مضامین حضرت کے ایسے فصیح و بلیغ مجموعۂ کلام سے جمع کئے جو حکمت و ادب، مواعظ و مناجات اور اوامر و نواہی پر مشتمل ہے جس کی نظیر پیش کرنے سے حکما و بلغاء عاجز ہیں۔

اس کتاب کے دو قلمی نسخے کتب خانہ مدرسہ سپہ سالار طہران میں موجود ہیں (فہرست کتاب خانہ مدرسہ سپہ سالار جلد اول ص۲۸۳ و جلد دوم ص۴۲ طبع ایران)

(۹) مولیٰ خلف بن مطلب بن حیدر نے حضرت کا وہ کلام جو نہج البلاغہ میں جمع نہ ہو سکا تھا اس کو جمع کیا اور اس کا نام "النہج القویم فی کلام امیرالمومنین" رکھا۔

(روضات الجنات باب الخاء ص۲۶۶ آثار الشیعہ ج ۴ ایران)

(۱۰) مولیٰ میر القادری جیلانی معاصر شاہ عباس صفوی نے کتاب زبدۃ الحقائق میں حضرت کے کلمات کثیرہ کو جمع کیا۔

(۱۱) شیخ عبداللہ بن صالح نے حضرت کے ادعیہ مناجات اور اذکار کو جمع کرکے اس کا نام "الصحیفۃ العلویہ والتحف المرتضویہ" رکھا۔

(۱۲) محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد ۱۷ میں حضرت کے چند خطب و کلمات جمع کئے۔

(۱۳) مسیحی ادیب الاب لویس شیخو نے حضرت کے اقوال کے ایسے مجموعہ کو شائع کیا جو ۲۰۷ھ کا مخطوطہ تھا۔ (ترجمہ علی ابن ابی طالب ص۱۱۹ مصر)

(۱۴) شیخ احمد رضا العاملی نے خطب و مواعظ کے ایک ایسے مجموعہ کو مجلہ العرفان ۱۹۲۳ء میں شائع کیا جو نہج البلاغہ میں نہیں ہے۔ (ترجمہ علی ابن ابی طالب ص۱۱۹ مصر)

(۱۵) درالمنظم میں کمال الدین ابوسالم محمد نے بہت سے خطبے جمع کئے۔

(۱۶) توضیح الدلائل میں شہاب الدین نے بہت سے خطبے جمع کئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۷) منتخب البصائر از علامہ حلی۔

(۱۸) بصائر الانوار۔

(۱۹) علی ابن ابی طالب شعرہ و حکمہ از علامہ تیمور پاشا مصری۔ ان تینوں کتب میں بھی حضرت امیرالمومنینؑ کے بہت سے ارشادات مرقوم ہیں۔

(۲۰) علامہ شیخ ہادی نجفی آل کاشف الغطأ نے ایسے خطبے و مکاتیب اور اقوال جمع کئے جو نہج البلاغہ میں نہیں۔ یہ کتاب ۱۳۵۴ھ میں نجف اشرف میں "مستدرک نہج البلاغہ" کے نام سے شائع ہوئی۔

(۲۱) حکیم نبی احمد حنفی رام پوری نے بھی ایسے مکاتیب و رسائل جمع کئے جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں اور اس کا نام مکتوبات حضرت علی رکھا۔

(۲۲) کتاب معمیات علیؑ۔

(۲۳) جواہر المطالب

(۲۴) امثال الامامہ علیؑ بن ابی طالب۔

نہج البلاغہ کے قدیم نسخے

نہج البلاغہ کے چند قدیم نسخے آج بھی دنیا میں موجود ہیں چنانچہ ایک نسخہ جو قدیم ترین ہے طہران میں ڈکٹر سید صدر الدین نصیری کے محفوظات میں موجود ہے یہ نسخہ ۴۹۴ھ میں لکھا گیا تھا۔

۵۵۳ھ کا لکھا ہوا ایک مخطوط نسخہ لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں موجود ہے۔

ایک نادر مخطوط نسخہ موصل میں مدرسہ حسن پاشا میں موجود ہے جو حریر پر قدیم رسم الخط میں لکھا ہوا ہے اس کے حواشی مختلف رنگوں سے مزین ہیں۔ یہ نسخہ بنی عباس کے مشہور کاتب یاقوت المستعصمی نے غالباً ۶۵۶ھ کے بعد لکھا تھا۔

۵۶۵ھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ بغداد میوزیم میں موجود ہے۔

۶۷۴ھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ کتب خانہ ناصریہ لکھنؤ میں موجود ہے۔

۶۷۷ھ کا لکھا ہوا ایک نسخہ نجف اشرف میں موجود ہے۔ (منہاج نہج البلاغہ)

ان کے علاوہ آپ کے چند مشہور خطبے جو نہج البلاغہ میں نہیں ہیں مگر دوسری معتبر اور قدیم کتب میں ملتے ہیں۔ درج ذیل ہیں۔

(۱) **خطبۃ الاستسقاء** :۔ حضرت امیرالمومنین کا یہ ایک مبسوط خطبہ ہے جس کو علامہ شیخ صدوق نے اپنی کتاب من لا یحضرہ الفقیہ میں باب صلوٰۃ الاستسقا کے تحت درج کیا ہے۔

مولانا محمد تقی مجلسی (۱۰۷۰ھ) نے اپنی مشہور شرح اللوامع میں اس خطبہ کا ترجمہ کیا ہے۔

(۲) **خطبۃ الاقالیم** : یہ بھی حضرت کا ایک مبسوط خطبہ ہے جس کا ابن شہر آشوب نے مناقب میں ذکر کیا ہے۔ اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا ایک مخطوط کتب خانہ رضویہ مشہد میں موجود ہے جس کے ساتھ حضرت کے دوسرے خطبے مثلاً خطبۃ البیان، الدرۃ الیتیمہ، خطبہ مولفہ وغیرہ بھی ہیں۔ ان کا جامع احمد بن یحییٰ بن احمد بن نافہ ہے۔ یہ ۲۹ھ میں لکھے گئے تھے۔

(۳) خطبۃ البالغۃ :۔ علامہ محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد ۱۷ صفحہ ۱۱۲ پر اس کو نقل کیا ہے۔ کتاب ہذا میں مرقوم ہے۔

(۴) خطبۃ التطنجیہ : اس خطبہ کو علامہ برسی نے مشارق الانوار الیقین مولفہ ۸۰۰ھ میں لکھا ہے اور بارجینی نے الزام الناصب میں نقل کیا ہے۔ دنیز عبدالصمد ہمدانی نے بحر المعارف میں درج کیا ہے۔ اور کتاب ہذا میں مرقوم ہے۔

(۵) خطبۃ الزھراء : ابومخنف لوط بن یحییٰ (۱۵۷ھ) نے اپنی تالیف میں اور طوسی نے فہرست میں لکھا ہے۔ (ملاحظہ ہو الذریعہ ج ۷ ص ۲۰۳) یہ ایک طویل خطبہ ہے۔

(۶) خطبۃ الطالوتیہ : محمد بن یعقوب کلینی نے کتاب الروضہ میں خطبہ وسیلہ کے بعد نقل کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نے یہ خطبہ مدینہ میں انشاء فرمایا تھا۔ یہ خطبہ نہج الاسرار جلد دوم میں درج ہے۔

(۷) خطبۃ الوسیلہ : یہ ایک مشہور طویل خطبہ ہے جس کو کلینی نے فروغ کافی (کتاب الروضہ) میں درج کیا ہے۔ یہ خطبہ کتاب ہذا میں درج ہے۔

(۸) خطبۃ المخزون : شیخ حسین بن سلیمان حلی نے یہ خطبہ اپنی کتاب منتخب البصائر میں درج کیا ہے اور علامہ مجلسی نے بحار الانوار میں حجۃ میں اس کو پورا نقل کیا ہے۔ دنیز کتاب ہذا میں مرقوم ہے۔

(۹) خطبۃ المنبریہ :۔ ابن جوزی (۶۵۴ھ) نے تذکرۃ خواص الائمہ کے چھٹے باب میں "المختار من کلامہ" کے زیر عنوان حضرت کے کئی خطبے درج کئے ہیں ان میں یہ خطبہ بھی ہے۔ علامہ مجلسی نے اسی کتاب سے بحار الانوار جلد ۱ میں یہ خطبہ نقل کیا ہے۔ دنیز کتاب ہذا میں مرقوم ہے۔

(۱۰) خطبۃ البیان : حضرت کا یہ ایک مشہور خطبہ ہے جس میں حضرت نے توحید عیانی و شہودی کے مقام کو سمجھایا ہے سید نعمت اللہ جزائری اپنی کتاب انوار النعمانیہ کے صفحہ ۱۰ پر لکھتے ہیں کہ اس خطبہ میں سب اسرار ہی اسرار ہیں جن کی معنی کی معرفت سوائے علمائے راسخ کے کوئی نہیں رکھتا۔ اس خطبہ کو عبدالصمد ہمدانی نے بحر المعارف میں تحریر کیا ہے دنیز کتاب ہذا میں مرقوم ہے۔

(۱۱) خطبہ افتخاریہ :۔ اس خطبہ کا انداز خطبۃ بیان کا ہے۔ یہ بحر المعارف و مشارق الانوار میں بھی مرقوم ہے دنیز اس کتاب میں درج ہے ان کے علاوہ اور بہت سے خطبے دیگر کتب میں ملتے ہیں ان میں سے جو کچھ دستیاب ہو سکے ہدیۂ ناظرین کئے جاتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امیر المومنینؑ کے چند علمی کارنامے

حضرت علی علیہ السلام کی چند تصانیف جن کا حوالہ قدیم کتب میں ملتا ہے درج ذیل ہیں۔

(۱) **صحیفہ جامعہ** :۔ یہ صحیفہ پوست آہو پر لکھا گیا تھا جس کا طول ستر ہاتھ بیان کیا گیا ہے اصول کافی جلد اوّل میں لکھا ہے کہ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے املا کرایا تھا اور حضرت علیؑ نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اس میں معاش و معاد سے متعلق تمام احکام و فرائض کا بیان ہے صحیفہ جامعہ امام عصر علیہ السلام کے پاس محفوظ ہے۔

(۲) **قرآن مجید** : نزول آیات کی ترتیب میں تالیف کیا گیا تھا اور حضرت ابوبکر کے پاس پیش کیا گیا تھا کہ تمام مملکت اسلامیہ میں اس کی نقلیں لکھوا کر بھیجی جائیں مگر حضرت ابوبکر کے اس قرآن کے قبول کرنے سے انکار پر حضرت علیؑ واپس لے گئے اور فرمایا تھا کہ اس قرآن کو اب کوئی نہ دیکھے گا جب تک کہ میرے بارھویں فرزند کا ظہور نہ ہو اور وہ اس کو دنیا کے سامنے پیش کرے گا۔

(۳) **مصحف فاطمہ** : اس میں امثال حکمت کی باتیں مواعظ، نصائح، اخبار و نوادر جمع کئے گئے تھے حضرت امیرؑ نے مصحف فاطمہ جناب سیدہؑ کے لئے اپنے پدر بزرگوار کا غم غلط کرنے کے لئے تحریر فرمایا تھا۔ یہ بھی امام عصر علیہ السلام کے پاس محفوظ ہے۔

(۴) **کتاب التفسیر** : اس کتاب میں علوم قرآن کی ساٹھ سے زیادہ اقسام کا مخصوص مثالوں کے ساتھ بیان ہے مثلاً امر[۱]۔ زجر[۲]۔ ترغیب[۳]۔ ترہیب[۴]، جدل[۵]۔ ناسخ و منسوخ[۶]، محکم و متشابہ[۷]۔ خاص و عام[۸]۔ عزائم[۹]۔ رخص[۱۰]۔ حلال و حرام[۱۱]۔ فرائض و احکام[۱۲]۔ حرف مکان و حرف زماں[۱۳]۔ لفظ خاص معنی عام[۱۴] لفظ عام معنی خاص[۱۵] لفظ واحد با معنی جمع[۱۶]۔ لفظ جمع با معنی واحد[۱۷]، لفظ ماضی و معنی مستقبل[۱۸]۔ لفظ جو کسی[۱۹] خبر پر دلالت کرے اور معنی دوسروں کی حکایت کریں۔ تاویل در تنزیل[۲۰]۔ تاویل قبل از تنزیل[۲۱]۔ تاویل بعد از تنزیل[۲۲]۔ وہ آیات جن کا ایک حصہ ایک سورہ میں اور بقیہ دوسرے سورہ میں ہو[۲۳]۔ وہ آیات جن کا نصف منسوخ اور نصف متروک علی الحال ہو[۲۴]۔ آیات مختلف اور لفظ متفق[۲۵]۔ آیات متفق اور لفظ مختلف[۲۶]۔ مخاطب کوئی اور مقصود کوئی اور[۲۷]۔ مخاطب پیغمبر اور مقصود امت[۲۸]، وہ آیات جن[۲۹] کی حرمت بغیر ان کی تحلیل کے نہیں سمجھی جاسکتی، آیات[۳۰] مشتمل بر زنادقہ، دہریہ، ثنویہ۔ قدریہ، مجبرہ۔ ملحدین و مشرکین[۳۱]، احتجاج بر نصاریٰ و یہود۔ رد منکرین[۳۲]، ثواب و عقاب بعد موت[۳۳]۔ آیات فضیلت پیغمبر[۳۴]۔ معراج نبوی[۳۵]۔ مشیت خداوندی[۳۶]۔ فضیلت[۳۷] اہلبیت طاہرین۔ آیات دربارہ[۳۸] امیر المومنین۔ آیات دربارہ وصی پیغمبر[۳۹]۔ پیش گوئیاں[۴۰]۔ دربارہ حروف[۴۱] مقطعات۔ اسرار[۴۲] و رموز۔ علاج الامراض[۴۳]۔ توحید[۴۴]۔ عدل خداوندی[۴۵]۔ نبوت[۴۶]۔ امامت[۴۷]۔ قیامت[۴۸]۔ ظہور[۴۹]۔ رجعت[۵۰]۔ تصفیہ قلب و تزکیہ نفس[۵۱]۔ معرفت نفس[۵۲]۔ معرفت خدا[۵۳] و رسول و امام۔ دربارہ جنت[۵۴]۔ دربارہ جہنم[۵۵]۔ دربارہ اعراف[۵۶]۔ دربارہ نماز[۵۷]، روزہ، حج، زکوٰۃ، خمس، جہاد، امر بالمعروف،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہی عن المنکر، تولا، تبرا، حقوق والدین[۵۸]، اولاد، نسار ہمسایہ، یتامار مساکین وغیرہ، حقوق آل محمد[۵۹] گذشتہ واقعات[۶۰] وقصص وغیرہ۔

(۵) کتاب الجفر: صاحب "مواقف" کا بیان ہے کہ جفر وجامعہ دونوں آثار حضرت امیرالمومنین علیؑ سے ہیں۔ انقراض عالم تک دنیا کے تمام حوادث کتاب جفر میں مرقوم ہیں۔

(۶) اونٹ کی زکوٰۃ سے متعلق ایک رسالہ۔

(۷) کتاب فی الدیات مسمی بہ الصحیفۃ وکتاب الفرائض۔

یہ کتاب اصول اخبار و فرائض پر مشتمل ہے۔ علامہ صدوق (۳۸۱ھ) نے اس کو اپنی مشہور کتاب "من لا یحضرہ الفقیہ" جلد دوم میں تمام وکمال نقل کیا ہے۔ نیز رئیس طائفہ شیخ ابوجعفر محمد بن حسن (۴۶۰ھ) نے کتاب تہذیب میں اور محمد بن یعقوب کلینی (رہ) نے اصول کافی ابواب الایات میں اس سے روایات نقل کی ہیں۔

(۸) کتاب صدقات النعم

(۹) اربع مائۃ باب: یہ چار سو حکیمانہ اقوال کا مجموعہ ہے جس کو شیخ صدوق نے کتاب الخصال میں سلسلۂ اسناد کے ساتھ مفصل نقل کیا ہے۔ ربیع الاسرار جلد دوم میں مرقوم ہے)

(۱۰) رسالہ فی النحو: اہل ادب کا اتفاق ہے کہ علم نحو کے وضع کرنے والے حضرت علیؑ ہی ہیں۔

(۱۱) احتجاج علی الیہود: یہ امیرالمومنین کا مشہور احتجاج ہے جس کو شیخ صدوق علامہ طبرسی اور شیخ ابوجعفر طوسی نے اپنی اپنی تالیفات میں درج کیا ہے۔ ونیز اس کتاب کی جلد دوم و سوم میں مرقوم ہے۔

(۱۲) احتجاج علی النصاریٰ: یہ احتجاج شیخ ابوجعفر طوسی اور دیلمی (۷۱ھ) نے طوسی امالی میں نقل کیا ہے۔ (جلد سوم ملاحظہ ہو)

(۱۳) نوادر احتجاجات: یہ امیرالمومنینؑ کے مختلف احتجاجات ہیں جن کو علامہ طبرسی اور ابن شہر آشوب نے اپنی اپنی تالیفات میں لکھا ہے جو معہ ترجمہ کتاب ہذا جلد دوم میں مرقوم ہیں۔

تدوین کلام امیرالمومنینؑ میں عربوں کا اہتمام

دور جاہلیت کا ادب ایک جاندار ادب تھا جس میں ایک ترقی یافتہ زبان اور ادب کی بہت سی خصوصیات موجود تھیں پھر بھی ایک نمایاں خلا جو نظر آتا ہے وہ نثر کی بے مائیگی ہے۔ جاہلیت کے ادب میں نثر کے آثار کچھ خطبوں کے اقتباسات اور امثال وحکم کی حد تک ملتے ہیں۔ عربی کے بعض مشہور خطیب بھی فصاحت و بلاغت پر کافی عبور رکھتے تھے مگر موضوع کے لحاظ سے ان کے کلام میں کوئی تنوع نہ تھا ان کے خطبوں کا مقصد زیادہ تر باہمی تفاخر قبیلہ کی حمایت یا جنگ کے مواقع پر لوگوں کو ابھارنا ہوتا تھا چند مثالیں پند و نصائح اور امثال وحکم کی بھی ملتی ہیں چونکہ یہ خطبے عموماً وقتی ہوتے تھے اور مقصد و موضوع کے لحاظ سے ان میں کوئی بلندی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ ہوتی تھی وقت کے ساتھ ہی فنا ہو گئے۔ سننے والوں نے نہ ان میں کوئی وزن محسوس کیا اور نہ ان کا سلسلۂ روایت آگے بڑھ سکا۔ جو آئندہ چل کر عربی نثر کی تاریخ کا جزو بن سکتا۔

دراصل عربی ادب میں نثر کی تاریخ ظہور اسلام کے بعد شروع ہوئی جس کا سرنامہ اخطب عرب امیرالمومنین حضرت علیؑ کی ذات گرامی ہے جنہوں نے پہلی مرتبہ اپنے خطبوں میں موضوع کے لحاظ سے بلندی پیدا کی اور ان کو اتنا جاندار بنایا کہ علمی دنیا جس قدر ترقی کرتی جائے ان کی عظمت میں اضافہ ہوتا رہے۔ چنانچہ آپ کے جس قدر خطبے نہج البلاغہ اور دیگر کتب میں ملتے ہیں ان کو مضامین کے لحاظ سے مرتب کیا جائے تو مختلف علوم و فنون پر ضخیم کتابیں تیار ہو سکتی ہیں۔

حضرت امیرالمومنین کا فصیح ترین و بلیغ ترین اور علم و حکمت سے بھرا ہوا کلام عرب کے فصحاء و بلغاء کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کئے بغیر نہ چھوڑا کلامِ امیرالمومنین سے عربوں کی وابستگی اس حد تک تھی کہ جو لفظ آپ کی زبان سے نکلتا تھا وہ اس کو فوراً قلمبند کر لیتے تھے اس طرح آپ کے کلام کی جمع و تدوین کا سلسلہ آپ کی زندگی ہی میں شروع ہو چکا تھا چنانچہ اس دور کے جامعین کلام میں زید ابن وہب جہنی (۹۰ھ) سلیم ابن قیس ہلالی ۹۰ھ حارث اعور (۶۵ھ) ابورافع عبیداللہ (۱۱۱ھ) وغیرہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کتابی شکل میں اپنے آثار چھوڑے ان کے علاوہ ایک کثیر تعداد ایسے اصحاب کی بھی ہے جنہوں نے سینہ بہ سینہ کلام امیرالمومنین سے روایت کرتے رہے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ دوسری صدی ہجری تک امیرالمومنین کا کلام پورے طور پر مدون شکل میں وجود میں آ گیا۔

حضرت علیؑ کے آثار علم و ادب کا اعتراف مستشرقین

یہود و نصاریٰ کے علاوہ عرب کے مشہور دہریے اور اکثر یونانی فلسفی مسائل علمیہ و حقائق حکمیہ میں حضرت سے فیضیاب ہوتے تھے جس کا تذکرہ ابو منصور طبرسی نے کتاب الاحتجاج میں اور ابن بابویہ قمی المعروف بہ صدوق نے کتاب التوحید میں کیا ہے یہ شواہد اس امر کا بین ثبوت ہیں کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام بحیثیت ایک مفکر و فلسفی اور حکیم کے بھی اپنا ثانی نہ رکھتے تھے۔ چنانچہ چند مسلم و غیر مسلم ادیبوں فلسفیوں اور مفکروں کے خیالات درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

(۱) ایک مستشرق کی گواہی

مستشرق شہیر گبرئیل انکیری (GABRIEL ENKIRI) اپنی کتاب شہسوار اسلام (LECH EVALIER DEL'ISLAM) میں جو اس نے فرانسیسی زبان میں حضرت امیرالمومنین کے حالات میں لکھی ہے لکھتا ہے کہ:-

(۱) علیؑ کی بلند شخصیت میں دو صفتیں حد کمال پر ایسی پائی جاتی ہیں کہ جن کا ایک مقام پر جمع ہونا سمجھ سے باہر ہے تاریخ عالم میں سوائے علیؑ کے کوئی ایسی دوسری مثال نہیں ملتی جس میں ایسا اجتماع ضدین واقع ہوا ہو یہ علیؑ ہی کی ذات تھی جو قہرمان جنگ، فاتح اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنرل ہونے کے ساتھ ساتھ ایک زبردست عالم اور فصیح و بلیغ ترین خطیب بھی تھی ۔ ROLAND اور BAYARD (یورپ کے مشہور شجاع تھے جن میں سے رولنڈ کے متعلق مشہور تھا کہ جب وہ پتھر کی چٹان پر اپنی تلوار کی ضرب لگاتا تو اس میں شگاف پڑ جاتا تھا آیا ان کے متعلق تصور بھی کیا جا سکتا ہے کہ وہ تورات و انجیل کی تفسیر بھی کر سکتے تھے۔ اور بالائے منبر فصیح و بلیغ تقریر کر کے قانونی مدنی اور قانون تعزیرات کے عقدوں کی گرہ کشائی کر سکتے تھے آیا یہ ممکن تھا کہ مقدس AGUIN, SAINT THOMESD اور مقدس SAINT CHRISO STOME TEAM میدان جنگ میں جانباز سپاہی کی حیثیت سے شمشیر بکف دشمنوں کی صفوں کو خاک و خون میں ملا سکتے تھے جیسا کہ حضرت علی میں یہ دونوں صفات بدرجۂ اتم موجود تھیں جن کے سوائے کسی اور کو تاریخ پیش نہیں کر سکتی"۔

(ب) یہ علی ہی ہیں جن کے علم و ادب کے بحر ناپیدا کنار کے احاطہ کا امکان نہیں اس کا اعتراف صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ غیر مسلم ارباب فضل و دانش بھی کرتے ہیں چنانچہ مستشرق انکیری لکھتا ہے کہ "قاہرہ دمشق استنبول اور یورپ کے تمام کتب خانوں میں ایسے بے شمار مخطوطات موجود ہیں جو علیؑ کی تصنیفات بتلائی جاتی ہیں۔ یہ کتابیں مواعظ تاریخ اشعار خطب قانونی موشگافیوں، قضایا اور تحقیقات علوم الٰہیہ پر مشتمل ہیں۔ یہ علمی و ادبی آثار جن کی نسبت بلا اختلاف علیؑ کی طرف ہے۔ دنیا میں نفیس ترین گنجینۂ علم و ادب کو پیش کرتی ہیں۔ علی کی تقریروں اور خطبوں میں یا وہ گوئی فضول لفاظی یا لفظوں کی بھرتی نہیں پائی جاتی وہ جواہر تراش اور مرصع نگار کی طرح الفاظ کے نگینے جڑتے تھے۔ آپ کے مختصر اور موجز جملے سننے والے کو خستہ نہیں کرتے۔ باتفاق آراء علیؑ قرن اول کے فصیح ترین و بلیغ ترین خطیب تھے۔ صرف یہی نہیں بلکہ علیؑ کے حکیمانہ اقوال و امثال آپ کی بے ہمتائی کا ثبوت ہیں۔۔۔ تاریخ قضاء انفصال مقدمات میں علیؑ نے ایک نیا دور پیدا کیا۔ اپنی خلافت کے زمانے میں عسکری و سیاسی مصروفیتوں کے باوجود محکمہ دادگستری یعنی COURT OF JUDIEATURE کو آپ نے براہ راست اپنے ہاتھ میں رکھا۔ محکمۂ قانون اور عدالتوں کی بنیاد سب سے پہلے آپ ہی نے رکھی۔ خلیفہ چہارم کے یادگار فیصلے اس قابل ہیں کہ ان کا شمار تاریخ کے محاکمات بزرگ میں کیا جائے۔ عالم اسلام میں حضرت علیؑ کی حکومت سے پہلے قانون مدون صورت میں باضابطہ وجود نہیں رکھتا تھا۔ علیؑ ہی کی حکومت میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علم فقہ مدون قانون کی حیثیت سے وجود میں آیا۔ عالم شرق میں علیؑ ہی کی پہلی ذات ہے جس نے فیصلہ کے موقع پر گواہوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر کے شہادت لینے کا طریقہ جاری کیا۔

(شہسوار اسلام)

(۲) چیف جسٹس پولاس سلاما

(ا) بیروت ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اور مشہور مسیحی ادیب و شاعر PAULAS SALAMA اپنے ادل ملحمہ عربیہ عید الغدیر میں لکھتا ہے کہ:-

نہج البلاغہ مشہور ترین کتاب ہے جس سے امام علیہ السلام کی معرفت حاصل ہوتی ہے سوائے قرآن مجید کے کوئی کتاب بلاغت اور قدر و قیمت میں نہج البلاغہ کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

(عید الغدیر ص۲ مطبوعہ بیروت)

(۳) فلسفی جبران خلیل لبنانی

عربی دنیا کا مشہور مسیحی مفکر ادیب و فلسفی جبران خلیل لبنان میں ۱۸۸۳ء میں پیدا ہوا اور ۱۹۳۱ء میں امریکہ میں فوت ہوا۔ نہج البلاغہ سے متاثر ہو کر لکھتا ہے کہ:

(ا) "علیؑ ابن ابی طالب سب سے پہلے عرب ہیں جن میں روح اعظم پائی جاتی ہے اور سب سے پہلے عرب ہیں جن کے ذہن سے ایسے پاکیزہ روحانی نغمے سنے گئے جو ان سے پہلے عربوں نے کسی سے نہ سنا تھا۔ ان نغمات کو سن کر عرب اپنی بلاغت کی شاہراہوں اور اپنی ماضی کی تاریکیوں میں سرگشتہ و حیران ہو گئے اگر کوئی شخص حضرت کی فصاحت و بلاغت سے متحیر ہو جائے تو اس کی یہ حیرانی ایک فطری بات ہوگی۔ اگر کوئی شخص آپ کی بلاغت سے متحیر ہو جائے تو اس کی یہ حیرانی ایک فطری بات ہوگی۔ اگر کوئی شخص آپ کی بلاغت سے خصومت کرے تو ایسا شخص دراصل جاہلیت کی اولاد ہوگا۔

(ملحمہ عربیہ عید الغدیر ص۲۲ بیروت)

(ب) مسیحی ادیب پاؤلاس سلاما اپنی کتاب عید الغدیر کے مقدمہ میں لکھتا ہے کہ:-

"علیؑ ابن ابی طالب کا ذکر عیسائی اپنی مجالس میں کرتے اور آپ کے علم و حکمت سے مستفید ہوتے ہیں اور آپ کے تقویٰ و پرہیزگاری کے سامنے تعظیماً جھک جاتے ہیں زہاد اپنے عبادت خانوں میں آپ کے زہد و عبادت کا تصور کر کے اپنے زہد و عبادت کو تقویت پہونچاتے ہیں۔ مفکر و فلسفی اور خطیب کے لئے اس قدر کہنا کافی ہے کہ اس کو خطابت کے نیچے کھڑا ہو کر بلندی کی طرف نظر کرے اور چشمۂ خطابت کی روانی سے سیراب ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ طلیق اللسان خطیب بن جائے۔ (المجمہ عربیہ عبدالغدیر ص۲ بیروت)

مسلم علماء کا اعتراف :-

(۱) عبدالحمید بن یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت کے بے مثل و بے نظیر خطبوں سے میں نے ستر خطبے یاد کئے تو اس سے مجھے اس قدر فیض پہونچا کہ بیان نہیں کرسکتا۔ (شرح ابن ابی الحدید ج ۱ ۔ مصر)

(۲) مشہور خطیب عبدالحمید بن یحییٰ (ت ۱۳۲ھ) نے لکھا ہے کہ حضرت علیؑ کے کلام کو حفظ کرنے سے میں ایک باکمال ادیب بلیغ بن گیا۔ (کتاب الوزراء)

(۳) مورخ ابن خلکان لکھتا ہے کہ ابن نباتہ علوم ادب کا امام تھا۔ اس نے خطابت کا وہ بلند درجہ پایا تھا کہ کوئی شخص اس کے برابر نہ تھا (وفیات الاعیان ج ۱ ص ۲۸۳ مصر) اور ابن نباتہ لکھتا ہے کہ میں نے خطابت کا وہ خزانہ محفوظ کیا ہے جو صرف کرنے سے بڑھتا ہی جائے گا۔ مجھے یہ خزانہ حضرت علیؑ ابن ابی طالب کے مواعظ سے ایک سو فصلیں یاد کرنے پر حاصل ہوا۔ (شرح ابن الحدید ج ۱)

(۴) علامہ ابن الحدید لکھتے ہیں کہ حضرت علیؑ کے جتنے خطبے اور کلمات مدون ہوئے ارباب صحافت وصحابہ میں کسی صحابی کا کلام اس کا بیسواں حصہ بھی نہیں ہے۔

(۵) علامہ شیخ کمال الدین محمد بن طلحہ شافعی (ت ۶۵۲ھ) مطالب السئول میں لکھتے ہیں کہ علم بلاغت وفصاحت میں امیر المومنین امام ہیں آپ کو اس میدان میں اتنی سبقت حاصل ہے کہ کوئی اور آپ کی گرد راہ تک بھی نہیں پہونچ سکتا۔۔۔۔۔ نہج البلاغہ کے انواع خطب، مواعظ واوامر ونواہی پر مشتمل ہیں جن سے فصاحت وبلاغت کی روشنی نکلتی ہے اور معانی و بیان کے چشمے پھوٹتے ہیں۔

(۶) علامہ سید محمود شکری حنفی اپنی کتاب بلوغ الادب ج ۳ ص ۱۷۹ پر لکھتے ہیں کہ "یہ خطبے ایسے حکم و اسرار پر مشتمل ہیں جو دنیا و آخرت کی نیکی کا سبب ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا سے قریب کرتے ہیں اور اس کے عذاب سے دور رکھتے ھیں۔

کتاب نہج البلاغہ ان ہی خطبوں پر مشتمل ہے جو حضرت علی علیہ السلام کا کلام ہے۔ یہ کیا ہے؟ نور کلام الٰہی سے دہکتا ہے ایک روشن انگارہ اور ایک خورشید جہاں تاب جو فصاحت گفتار نبویؐ کی ضو سے منور و روشن ہے۔

(۷) علامہ جاحظ جیسا ناقد اپنے رسالہ فضل ہاشم میں لکھتا ہے فقہ تنزیل و تاویل قرآن کا علم، مستحکم دلائل، فصاحت وطلاقت لسانی اور طولانی خطبوں کے ارشاد فرمانے میں کون ہے جو حضرت علیؑ ابن ابی طالب کا مقابلہ کرسکتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلامی کتب خانوں کی تباہی

تاریخ اسلام سے دلچسپی رکھنے والے اس حقیقت سے واقف ہیں کہ اسلامی اور شیعی کتب کے سینکڑوں ذخائر، سوائے مخالف کے ہاتھوں یا تو دریا برد ہوئے یا نذر آتش کئے گئے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علیؑ اور دیگر آئمہ طاہرین علیہم السلام کے آثار علمیہ کا کثیر ذخیرہ دنیا سے مفقود ہوگیا۔ چنانچہ چند واقعات درج ذیل ہیں۔

(۱) ۵۰۳ھ میں جب عیسائیوں نے طرابلس پر قبضہ کر لیا۔ وہاں کے کتب خانوں کو جلا دیا۔

(۲) ۶۵۶ھ میں ہلاکو خان نے بغداد کو تاراج کرنے کے بعد وہاں کے عظیم الشان کتب خانوں کو دریائے دجلہ میں پھنکوا دیا ان کتابوں کی تعداد جو دریا میں غرق کی گئی تقریباً ۶ لاکھ تھی۔ علامہ سید رضی کا کتب خانہ جہاں نہج البلاغہ کی تالیف ہوئی تھی وہ بغداد میں تھا اور دریا برد ہوگیا۔

(تاریخ ادبیات ایران از پروفیسر براؤن تجلیات روح ایرانی مطبوعہ برلن ص۸۵)

شبلی نعمانی نے اپنے مضمون "اسلامی کتب خانے" میں لکھا ہے کہ جب تاتاریوں نے بغداد کے کتب خانے تباہ کئے تمام کتابیں دریا میں ڈال دیں جس سے دریا کا پانی سیاہ ہوگیا تھا۔ تاتاریوں کا یہ سیلاب صرف بغداد تک محدود نہ رہا بلکہ ترکستان ماوراء النہر خراسان، فارس، عراق، جزیرہ اور شام سے گزرا اور تمام علمی یادگاروں کو مٹاتا گیا۔ (رسائل شبلی ص۵۰، ۵۱ مطبوعہ امرتسر)

(۳) صلیبی جنگوں کے دوران عیسائیوں نے مصر، شام، اسپین اور دیگر اسلامی ممالک کے کتب خانوں کو بری طرح جلا کر تباہ و برباد کر دیا۔ ان کتابوں کی تعداد تیس لاکھ سے زائد تھی۔

(تاریخ تمدن اسلام از جرجی زیدان ج ۳)

(۴) اسپین میں جب عیسائیوں کا غلبہ ہوا وہاں کے کتب خانے بری طرح جلا دیئے گئے (ابن خلدون)

کارڈینل زی می نس (CARDINAL XIMENES) نے تو انتہا کر دی کہ ایک ہی دن میں اسی ہزار کتابوں کو نذر آتش کر دیا۔ (مقدمہ ابن خلدون، تاریخ آداب اللغۃ جلد سوم جرجی زیدان ص۱۱۳ تا ۱۱۵ مصر)

شیعہ کتب خانوں کی تباہی

یہ تو مجموعی حیثیت سے مسلمانوں کے کتب خانوں کی تباہی تھی جس میں شیعی کتب بھی ضمناً تباہ ہوئیں ان کے علاوہ وہ کتب خانے جن میں آئمہ اطہار علیہم السلام کے آثار علمیہ کے کثیر ذخائر تھے اور مسلمانوں کے ہاتھوں تباہ ہوئے۔ چند بڑے اور اہم کتب خانوں کی تباہی کا حال درج ذیل ہے۔

(۱) فاطمین مصر کے عدیم النظیر کتب خانہ کے لئے ابن خلدون نے لکھا ہے کہ قاہرہ کے قصر شاہی کا کتب خانہ تمام اسلامی دنیا کے کتب خانوں پر سبقت لے گیا تھا اس کو صلاح الدین ایوبی نے جلا کر خاکستر کر دیا۔ (کتاب الخطط المقریزی ج ا ص۲۵۴ طبع مصر)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۲) ۴۲۰ھ میں جب سلطان محمود غزنوی نے رے فتح کیا وہاں کے شیعی کتب خانوں کو جلوا دیا۔

(معجم الادبا، یاقوت حموی ج ۶ ص ۲۵۹ مصر)

(۳) قاضی ابن عمار نے طرابلس میں ایک عالیشان کتب خانہ کی تاسیس کی تھی جس میں ایک لاکھ سے زائد کتابیں تھیں۔ یہ کتب خانہ صلیبی جنگوں کے دوران برباد کر دیا گیا۔ (اعیان الشیعہ ج ۱۔ دمشق)

(۴) اسلامی دنیا کے سب سے پہلے عمومی کتب خانہ میں جس کو ابو نصر شاپور وزیر بہاء الدولہ نے ۳۸۱ھ میں بغداد کے محلے کرخ میں قائم کیا تھا اس کتب خانہ میں دس ہزار سے زائد ایسی کتابیں تھیں جو خود مصنفین یا مشہور خطاطوں کی لکھی ہوئی تھیں۔ یاقوت الحموی نے جس نے دنیائے اسلام کے بہتر سے بہتر کتب خانے دیکھے تھے لکھا ہے کہ دنیا میں اس سے بہتر کوئی کتب خانہ نہ تھا۔ اس کتب خانہ کو مورخین نے " دار العلم " کے نام سے موسوم کیا تھا (وفیات الاعیان ابن خلکان ج ا مصر) شیعوں کا یہ مایہ ناز کتب خانہ ۴۵۱ھ میں طغرل بیگ سنجوقی نے جلا دیا (تاریخ کامل ابن اثیر ج ۹ ۔ ۱۰۰ طبع مصر)

(۵) بغداد میں ابو جعفر محمد بن حسن طوسی کا کتب خانہ ۳۸۵ھ تا ۴۲۰ھ کئی مرتبہ جلایا گیا اور آخری مرتبہ ۴۴۸ھ میں اس بری طرح جلایا گیا کہ اس کا نام بھی باقی نہ رہا۔

(الاعلام الزرکلی جلد سوم ص ۸۸۴ طبع مصر، کشف الظنون ج ۲)

(۶) ۵۴۹ھ میں ترکوں کے ایک گروہ نے ماوراء النہر سے آکر نیشاپور کے کتب خانے جلا دیئے۔

(تاریخ کامل ابن اثیر ج ۱۱ ص ۱۰۲ طبع مصر)

(۷) ۵۸۶ھ میں ملک المؤید نے نیشاپور کے باقی ماندہ کتب خانوں کو جلا کر تباہ کر دیا۔ (تاریخ کا ابن اثیر ج ۱۱ ص ۱۰۳ طبع مصر)

(۸) صاحب بن عباد وزیر کا عظیم الشان کتب خانہ جو دار الکتب رے کے نام سے مشہور تھا۔ سلطان محمود غزنوی نے جلا کر تباہ کر دیا۔ (HISTORY OF ROMAN EMPIRE BY GIBBON VOL III)

(۹) محمد بن ابوبکر والیٔ مصر کی استدعا پر حضرت امیر المومنین نے انہیں ایک عہد لکھ بھیجا تھا جو اداب حکومت اور تعلیمات پیغمبر وغیرہ پر مشتمل تھا جس طرح حضرت نے مالک بن اشتر کو لکھا تھا مگر عمر بن عاص نے جب محمد بن ابوبکر کو قتل کر کے مصر پر قبضہ کر لیا یہ عہد اس کے ہاتھ لگا اور اس نے معاویہ کے پاس بھیج دیا۔ مالک اشتر کا موصوعہ عہد اصبغ بن نباتہ کے پاس محفوظ تھا اس لئے علامہ سید رضی کو مل گیا اور آپ نے نہج البلاغہ میں شریک کر دیا۔ (شرح ابن ابی الحدید ج ۲)

حاصل کلام

بہر حال زمانہ کی ناقدر شناسی اور ہوائے مخالف نے علوم آل محمد علیہم السلام کو بڑی حد تک دنیا سے مفقود کر دیا مقام حیرت ہے کہ مسلمانوں نے رسالت مآب ﷺ کے خطبات آج تک جمع نہ کئے۔ حضرت علی علیہ السلام کے چند خطبات وارشادات کا مجموعہ علامہ سید رضی نے تالیف کر کے نہج البلاغہ کے نام سے موسوم کیا۔ جو ایک عرصہ دراز تک چند کتب خانوں کی زینت بنا رہا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہاں تک کہ شیخ محمد عبدہ مفتی مصر نے عالم مطبوعات میں نمایاں کیا مزید خطبات و ارشادات متعدد کتب میں محفوظ ہیں۔

امام حسن علیہ السلام کے چند خطبات و مکاتیب چیدہ چیدہ عربی کتب میں موجود ہیں جو آج تک ایک جا جمع نہ کئے جا سکے۔

امام حسین علیہ السلام کے خطبات و ارشادات حال ہی میں ادارۂ اصلاح کھجوا سے " بلاغۃ الحسینؑ " کے نام سے شائع ہوئے۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی تعلیمات و ارشادات سے " صحیفہ سجادیہ " کے علاوہ بہت کم آثار ملتے ہیں۔

امام محمد باقر و جعفر صادق علیہم السلام کے آثار علمیہ کثیر تعداد میں متعدد کتب میں موجود ہیں مگر آج تک کسی کی توجہ اس طرف منعطف نہ ہوئی کہ علوم کے اس زبردست ذخیرہ کو جمع کر کے دنیا کے سامنے پیش کرے۔ بہت سے علوم حاضرہ مثلاً الجبرا، علم کیمیا طبعیات، الکمی، نیوٹن کے کلیات، ارشمیدس کے اصول علوم سیاسیات و معاشیات و اقتصادیات علم کلام و تفسیر وغیرہ کے علاوہ تعلیم شریعت و طریقت میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے سینکڑوں طالب تھے۔ موجودہ سائنسی دنیا کی ترقی آپ ہی کی تعلیمات کی مرہون منت ہے۔ بحار الانوار ج ۲ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ارشادات ایک عنوان "کتاب اہلیلجہ" کے تحت اور فلکیات، نباتیات حیوانیات، طب، طبعیات، اور الہیات پر ارشادات "کتاب مفضل" کے عنوان کے تحت مرقوم ہیں۔ ملاحظہ ہوں ص۴۵ تا ص۲۵۹ سید محمد ہارون زنگی پوری نے "کتاب مفضل" کا ترجمہ توحید الائمہ کے نام سے کیا جو لاہور سے حال ہی میں طبع ہوا ہے۔ صاحبان علم ان ذخائر علم کا ترجمہ کر کے دنیا کے سامنے پیش کریں تو ثواب بھی ہوں گے اور اس سے دنیا بھی مستفید ہو گی۔

ساتویں امام سے گیارہویں امام تک آل محمدؐ پر زمانہ کی مخالفت اور سختیاں بہت بڑھ گئی تھیں حکومت بنی عباس کے خون کے آنسو رلانے والے مظالم ائمہ طاہرین کی سالہا سال کی قید اور حبس دوام کی وجہ ان مظہران خدا سے دنیا کم سے کم مفید ہو سکی امام صاحب العصر علیہ السلام کے احکام و توقیعات بحار الانوار ج ۱۳ میں اور چند کتب میں مرقوم ہیں۔

نہج البلاغہ کے خطبے ارشادات و مکتوبات توحید باری تعالیٰ دنیا کی فنائیت چند مشاہد قدرت اور نصائح پر مشتمل ہیں حضرت امیرالمومنین کے دیگر خطبات و ارشادات جن میں توحید باری تعالیٰ آل محمدؐ کی حقیقی منزلت، خدا کے خلفائے مطلقہ کی تعریف، ان کا علم و اختیارات، حدود خلافت، عجائبات قدرت اور علائم الظہور مذکور ہیں و نیز حضرت کے ان خطبات میں سے جو اعلان سلونی کے بعد معرض وجود میں آئے اور نہج البلاغہ میں مرقوم نہیں ہیں چند ارشادات کتاب ہذا میں جمع کئے گئے ہیں تاکہ دنیا مستفید ہو سکے۔ اہلبیت طاہرینؑ کے فضائل و مناقب اور حقائق و رموز و معارف اس معدن سے بہتر کسی اور کتاب میں ملنا ممکن نہیں۔

حضرت علیؑ کا تعارف زبان رسالت مآبؐ سے

حضرت علی علیہ السلام کی منزلت میں علمائے اسلام و نصاریٰ، مستشرقین و فلاسفہ کے خیالات گزشتہ صفحات میں پیش کئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گئے۔ اب رسول خداؐ کے ارشادات ملاحظہ ہوں۔

(۱) انا وعلیٌ من نورٍ واحدٍ ؕ میں اور علیؑ ایک نور واحد سے ہیں ؑ۱

(۲) انا مدینۃ العلم وعلی بابھا فمن اراد العلم فلیات الباب ؕ یعنی میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے پس جس شخص کو علم حاصل کرنا ہو اس دروازہ پر آئے۔

(۳) انا مدینۃ الحکمۃ وعلی بابھا۔ میں شہر حکمت ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے۔

(۴) انا میزان العلم وعلی کفتاہ۔ میں میزان علم ہوں اور علیؑ اس کے پلّے ہیں۔

(۵) لولاک یاعلی ماعرف المومنون من بعدی۔ یاعلیؑ اگر تم نہ ہوتے تو میرے بعد مومن کی شناخت نہ ہوسکتی۔

(۶) حبّ علی ایمانٌ۔ علیؑ کی محبت ایمان ہے۔

(۷) النظر الی وجہ علی عبادۃ ؕ علیؑ کے چہرے پر نظر کرنا عبادت ہے (مروی از حضرت عائشہ)

(۸) ذکر علی عبادۃ۔ علی کا ذکر عبادت ہے۔

(۹) من ینقص علیًا فقد ینقضنی ؕ جس نے علیؑ کی تنقیص کی میری تنقیص کی۔

(۱۰) من حسد علیًا فقد حسدنی ومن حسدنی فقد کفرؕ جس نے علیؑ سے حسد کیا اس نے مجھ سے حسد کیا اور جس نے مجھ سے حسد کیا وہ کافر ہوگیا۔

(۱۱) من فارق علیًا فارقنی ومن فارقنی فارقہ اللہ عزّوجلّ۔ جس نے علیؑ کو چھوڑا اس نے مجھ کو چھوڑا اور جس نے مجھ کو چھوڑا اس نے خدا کو چھوڑا۔

(۱۲) مَن اذیٰ علیًا فقد اذانی ومن اذانی فقد اذا اللّٰہ۔ جس نے علیؑ کو ایذا دی اس نے مجھ کو ایذا دی اور جس نے مجھ کو ایذا دی اس نے اللہ کو ایذا دی۔

(۱۳) من سبّ علیًا فقد سبّنی. جس نے علی کو دشنام دی مجھ کو دشنام دی۔

ع۱: اس حدیث کی تائید میں ارشاد خداوندی ہے کہ "قَدْ جَآءَکُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ۙ" مائدہ یعنی بے شک تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب آگئی۔ اس آیت میں نور سے مراد رسالت مآب ہیں دیگر ارشاد ہے کہ، فامنوا باللّٰہ ورسولہٖ والنور الذی انزلنا ؕ تغابن یعنی پس تم خدا اور اس کے رسولؐ اور اس نور پر ایمان لاؤ جس کو ہم نے نازل کیا۔ اس آیت میں واضح ہے کہ نور رسولؐ اللہ نہیں ہیں تفسیر قمی میں مذکور ہے کہ اس نور سے مراد حضرت علیؑ ہیں اس حدیث کی تائید ان آیات سے ہوئی کہ رسول خداؐ اور حضرت علی دونوں کی خلقت نور سے ہے۔ ع۲: اس ارشاد کے لئے قرآنی حکم ملاحظہ ہو کہ ومن یکفر بالایمان فقد حبط عملہ وھو فی الاٰخرۃ من الخاسرین ؕ مائدہ: یعنی جس شخص نے ایمان سے انکار کیا اس کے سب اعمال حبط ہو جائیں گے۔ اور وہ آخرت میں خسارہ اٹھانے والوں سے ہوگا۔

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(١٤) من احبّ علیًّا فقد احبنی ومن احبنی فقد احب اللہ ومن اغضب علیًّا فقد اغضبنی ومن اغضبنی فقد اغضب اللہ عزوجل۔ یعنی جس نے علیؑ سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے خدا سے محبت کی جس نے علیؑ کو غضب ناک کیا اس نے مجھے غضبناک کیا اور جس نے مجھے غضبناک کیا اس نے خدائے عزوجل کو غضبناک کیا۔

(١٥) یا علی من اطاعک فقد اطاعنی ومن عصاک فقد عصانی۔ یا علیؑ جس نے تمہاری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے تمہاری نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

(١٦) لا یبغض علیًّا مومن ولا یحبّہ منافق۔ مومن کبھی علیؑ سے بغض نہ کرے گا اور منافق کبھی اس سے محبت نہ کرے گا۔

(١٧) علیؑ مع الحق والحق مع العلی۔ اللّٰھم ادر الحق مع علی حیث دار۔ علیؑ حق کے ساتھ ہے اور حق علیؑ کے ساتھ۔ خداوندا حق کو اسی طرف گردش دے جدھر علی پھریں۔

(١٨) اوّلنا محمّد اوسطنا محمّد وآخرنا محمّد وکلّنا محمّد۔ ہمارا اول بھی محمدؐ ہے اوسط بھی محمدؐ اور آخر بھی محمدؐ اور ہم سب محمدؐ ہیں۔

(١٩) انّ علیًّا منّی وانا من علیٍ وھو ولیّ کل مومن من بعدی[1]۔ بہ تحقیق کہ علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں اور وہ میرے بعد تمام مومنین کا ولی ہوگا۔

(٢٠) جنگ خیبر میں ارشاد ہوا کہ "اما واللہ لاعطین الرایۃ غداً رجلاً یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ کراراً غیر فرار یاخذھا عنوۃ" خدا کی قسم کل میں یہ علم اس شخص کو دونگا جو خدا اور رسولؐ کو دوست رکھتا ہے اور خدا و رسولؐ اس کو دوست رکھتے ہیں وہ مکرر مکرر حملے کرنے والا ہوگا اور فرار ہونے والا نہ ہوگا اور وہ اس کو سختی سے فتح کرے گا۔ چنانچہ آپ نے قلعہ فتح کرلیا۔

(٢١) جنگ خندق میں جب حضرت علیؑ نے عمر ابن عبدود کو قتل کردیا تو ارشاد ہوا کہ ضربت علی یوم الخندق افضل من عبادۃ الثقلین یعنی خندق کے روز کی علیؑ کی ضربت (جس سے عمر بن عبدود مارا گیا) میری امت کے اعمال سے بہ

١: اس حدیث کی تائید میں ارشاد خداوندی بھی ملاحظ ہو کہ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون ۵۵ مائدہ سوائے اس کے نہیں کہ خدا تمہارا ولی ہے اور اس کا رسولؐ اور مومنین جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ یہ ایک امر مسلم ہے کہ صرف حضرت علیؑ نے نماز میں رکوع کی حالت میں جب کہ ایک سائل نے سوال کیا تھا اپنا ہاتھ دراز فرما کر انگشتری عطا فرمائی پس ثابت ہوا کہ تمام لوگوں کا ولی سب سے پہلے اللہ پھر اس کا رسولؐ اور اس کے بعد حضرت علی ہیں۔ تواریخ عالم شاہد ہیں کہ سوائے حضرت علی کے کسی نے بھی حالت رکوع میں خیرات نہیں دی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ قیامت تک بجالائے گی افضل ہے۔

(۲۲) یا علی انت قسیم النار والجنۃ .: یا علیؑ تم جنت وجہنم کے تقسیم کرنے والے ہو۔

(۲۳) علیٌ منّی وانا منہ ولا یودی عنّی الّا انا وعلی۔ علی مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں میری اس امانت (رسالت) کو سوائے میرے اور علیؑ کے کوئی ادا نہیں کر سکتا۔

(۲۴) یا علی لحمك لحمی، ومك دمی، نفسك نفسی، روحك روحی ....

(۲۵) "مثل علیٍّ فی الناس کمثل قل ھو اللہ احد فی القرآن" علیؑ کی مثال لوگوں میں ایسی ہی ہے جیسے قرآن میں سورہ قل ھو اللہ احد ہےؑ۔

(۲۶) لو اجتمع الناس علی حب علی بن ابی طالب لما خلق اللہ النار۔: اگر لوگ علی ابن ابی طالب کی محبت پر جمع ہو جاتے تو خدا دوزخ کو پیدا ہی نہ کرتا۔

(۲۷) لا تسبّوا علیاً فانہ ممسوس فی ذات اللہ۔ علیؑ کو دشنام نہ دو کہ وہ ذات خدا میں گھل مل گئے ہیں (یعنی فنا فی اللہ ہو گئے ہیں۔

(۲۸) یا علیؑ نہیں پہچانا کسی نے خدا کو سوائے میرے اور تمہارے نہیں پہچانا کسی نے مجھ کو سوائے خدا کے اور تمہارے اور نہیں پہچانا کسی نے تم کو سوائے خدا کے اور میرے پھر یہ لوگ کس طرح کہتے ہیں کہ تمہاری معرفت حاصل کر لی۔

(۲۹) ہر نبی کا ایک راز دار ہوتا ہے یا علیؑ میرے راز دار تم ہو۔

(۳۰) یا علیؑ اگر مجھے خوف نہ ہوتا کہ میری امت تمہارے لئے وہی کہنے لگی جو نصاریٰ عیسیٰؑ کیلئے کہتے ہیں تو میں تمہارے چند فضائل بیان کرتا پھر لوگ تمہارے پیر کے نیچے کی مٹی لے کر اپنے بیماروں کے لئے شفا حاصل کرتے ۲۔

ؑ ایک شاعر نے کیا خوب لکھا ہے:۔

یا علی ذات تبوت قل ھو اللہ احد　　نام تو نقش نگین امر اللہ الصمد

لم یلد از مادر گیتی ولم یولد چو تو　　لم یکن بعد از نبی مثلت لہ کفواً احد

۲ حضرت علیؑ کی منزلت کی امام شافعی نے بہت تحقیق کی اور بالآخر لکھا :۔

لو انّ المرتضیٰ ابدیٰ محلّہ　　لصار الناس طرّاً سجداً لہ

کفیٰ فی فضل مولانا علیؓ　　وقوع الشّک فیہ انہ اللّٰہ

ومات الشافعیؒ لیس یدری　　علیٌّ ربُّہٗ ام ربّہ اللّٰہ

ترجمہ :۔ اگر علی مرتضیٰ اپنا مقام ظاہر کر دیتے تو تمام لوگ ان کو سجدہ کرنے جمع ہو جاتے۔ ہمارے مولا علیؑ کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ شک واقع ہوتا ہے کہ یہ اللہ ہیں شافعی مرگیا مگر سمجھ نہ سکا کہ علیؑ اس کے رب ہیں یا اللہ اس کا رب ہے۔ ایک اور مقام پر لکھتے ہیں کہ:

ھا علی بشر کیف بشر　　ربہ فیہ تجلّی وظہر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۵

بنام آں کہ اونامے ندارد — بہر نامے کہ خوانی سربرآرد

خلقت نورِ محمدؐی و حجابات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا :-

اِنَّ اللّٰہ تبارک وتعالیٰ خلق نور محمّدؐ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ قبل ان خلق السموات والارض والعرش والکرسی واللوح والقلم والجنّۃ والنّار وقبل ان خلق آدم ونوحاً وابراھیم واسحٰق ویعقوب الیٰ قولہ وھدینا ھم الیٰ صراط مستقیم وقبل ان خلق الانبیاء کلّھم باربعۃ مایۃ والف واربع وعشرین الف سنۃ وخلق عزوجل معہ ملی اللّٰہ علیہ وآلہ اثنیٰ عشر حجابًا حجاب القدرۃ وحجاب العظمۃ وحجاب المنۃ وحجاب الرحمۃ وحجاب السعادۃ وحجاب الکرامۃ وحجاب المنزلت حجاب الھدایۃ وحجاب النبوۃ وحجاب الرفعۃ وحجاب الھیبۃ وحجاب الشفاعۃ ثم جلس نور محمّد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ فی حجاب القدرۃ اثنیٰ عشر الف سنۃ وھو یقول سبحان اللّٰہ ربی الاعلیٰ وفی حجاب العظمۃ احد عشر الاف سنۃ وھو یقول سبحان عالم السرّ وفی حجاب المنۃ عشر الاف سنۃ وھو یقول

بہ تحقیق کہ خدائے بزرگ و برتر نے نورِ محمدؐ کو آسمانوں زمین، عرش و کرسی، لوح و قلم اور جنت و جہنم کی خلقت سے پہلے اور آدمؑ و نوحؑ، ابراہیم و اسحٰق و یعقوب کی خلقت سے پہلے حسب ارشاد باری کہ ہم نے ان کو صراط مستقیم کی طرف ہدایت کی نیز تمام انبیاء کی خلقت سے چار لاکھ چوبیس ہزار سال قبل پیدا کیا اور اس نور کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے بارہ حجاب یعنی حجاب قدرت، حجاب عظمت، حجاب منت، حجاب رحمت، حجاب سعادت، حجاب کرامت، حجاب منزلت، حجاب ہدایت، حجاب نبوت، حجاب رفعت، حجاب ہیبت اور حجاب شفاعت، خلق فرمائے۔ پھر نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجاب قدرت میں بارہ ہزار سال قیام عطا فرمایا جہاں وہ سبحان اللہ ربی الاعلیٰ کہتا رہا اور حجاب عظمت میں گیارہ ہزار سال رہا جہاں وہ سبحان عالم السر کہتا رہا ——— اور حجاب منت میں دس ہزار سال رہا جہاں وہ سبحان من ھو قائم لا یلھو کہتا رہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سبحان من هو قائم لا يلهوا وفي حجاب
الرحمة تسعة الاف سنة وهو يقول
سبحان الرفيع الاعلى وفي حجاب السعادة
ثمانية آلاف سنة وهو يقول سبحان من
هو دائم لا يسهوا وفي حجاب الكرامة سبعة
الاف سنة وهو يقول سبحان من هو غني
لا يفتقر وفي حجاب المنزلة ستة الاف سنة
وهو يقول سبحان ذي العرش العظيم و
في حجاب النبوة اربعة الاف سنة وهو يقول
سبحان رب العزة عما يصفون وفي حجاب الرفعة
ثلاثة الاف سنة وهو يقول سبحان ذي
الملك والملكوت وفي حجاب الهيبة الفي
سنة وهو يقول سبحان الله وبحمده وفي
حجاب الشفاعة الف سنة وهو يقول سبحان
ربي العظيم وبحمده ثم اظهر عز وجل
اسمه على اللوح فكان على اللوح منوراً
اربعة الاف سنة ثم اظهر على العرش
فكان على ساق العرش مثبتاً سبعة
الاف سنة الى ان وضعه الله في
صلب آدم عليه السلام[۱]

اور حجاب رحمت میں نو ہزار سال سبحان الرفیع
الاعلیٰ کہتا رہا اور حجاب سعادت میں آٹھ ہزار سال
سبحان من ہو دائم لا یسہو کہتا رہا۔ اور حجاب کرامت
میں سات ہزار سال رہا۔ جہاں وہ سبحان من ہو غنی
لا یفتقر کہتا رہا اور حجاب منزلت میں چھ ہزار سال
سبحان ربی العلی الکریم کہتا رہا اور حجاب ہدایت
میں پانچ ہزار سال رہا جہاں وہ سبحان ذی العرش
العظیم کہتا رہا۔ اور حجاب نبوت میں چار ہزار سال
سبحان رب العزت عما یصفون اور حجاب
رفعت میں تین ہزار سال سبحان ذی الملک و
الملکوت کہتا رہا اور حجاب ہیبت میں دو ہزار
سال سبحان اللہ وبحمدہ کہتا رہا اور حجاب شفاعت
میں ایک ہزار سال رہا جہاں وہ سبحان ربی العظیم
وبحمدہ کہتا رہا پھر خدائے عز وجل نے ان کے نام کو
لوح پر ظاہر کیا جہاں یہ چار ہزار سال درخشاں رہا۔
پھر اس نور کو عرش پر ظاہر کیا اور یہ ساق عرش پر
سات ہزار سال ثابت رہا یہاں تک کہ خدا نے اس
کو صلب آدم میں قرار دیا۔

(بحار المعارف صـ ۲۷۳)

۱؎ اس ارشاد میں جن سالوں کا ذکر ہے ان کی تشریح نہیں ہے کہ ہر سال کی وسعت کس قدر تھی۔ چونکہ یہ اس وقت کا ذکر ہے جبکہ نہ آسمان و زمین تھے نہ آفتاب و ماہتاب لہٰذا یہ شمسی سال تھے اور نہ قمری بلکہ یہ نوری سال تھے جن کی وسعت کے خداوند عالم اور آئمہ طاہرین علیہم السلام ہی عالم ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حجاب و
ماورائے حجاب

زید ابن وہب سے روایت ہے کہ حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام سے حجابوں کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا :-

الحجب سبعة غلظ كل حجاب
منها مسيرة خمس مائة
عام والحجاب الثاني سبعون حجابا
بين كل حجاب بين مسيرة خمسمائة
عام حجبت كل حجاب منها سبعون
الف ملك قوة كل ملك منهم
قوة الثقلين منها ظلمة ومنها
نور ومنها نار ومنها دخان ومنها
سحاب ومنها برق ومنها رعد و
منها ضوء ومنها رمل ومنها
جبل ومنها عجاج ومنها ماء ومنها
انهار وهي حجب مختلفة غلظ
كل حجاب مسيرة سبعين الف عام
ثم سرادقات الجلال وهي ستون
سرادقا في كل سرادق سبعون الف ملك بين كل
سرادق مسيرة خمسمائة عام ثم سرادق العز ثم
ثم سرادق الكبرياء ثم سرادق القدس ثم سرادق
الجبروت ثم سرادق الفخر ثم سرادق النور الابيض
ثم سرادق الوحدانية وهو مسيرة سبعين الف عام
ثم الحجاب الاعلى ؕ

حجاب سات ہیں جو بڑے گہرے ہیں ان میں سے
پہلا حجاب پانچسو سال کی راہ کے برابر ہے حجاب ثانی
ستر حجابوں پر مشتمل ہے جس کے ہر دو حجابوں کے درمیان
پانچ سو سال کی مسافت ہے ان میں سے ہر حجاب
میں ستر ہزار فرشتے ہیں اور ہر فرشتہ کی قوت
ثقلین کی قوت کے برابر ہے یہ حجاب، ظلمت نور
نار، دخان بادل، برق، رعد، ضو، رمل (ریالو) پہاڑ
گرد، پانی اور انہار کے ہیں یہ حجاب ایک
دوسرے سے مختلف اور گہرے ہیں ۔ ہر
حجاب کی گہرائی ستر ہزار سال کی مسافت
پھر سرادقات جلال (پردے) ہیں ۔
جو تعداد میں ساٹھ ہیں ۔ ہر پردہ میں ستر
ہزار ملک ہیں اور ایک پردہ سے دوسرے
پردہ تک پانچ سو سال کا راستہ
ہے۔ پھر سرادق عزت ہے۔ پھر سرادق کبریا پھر سرادق
قدس پھر سرادق جبروت پھر سرادق فخر پھر سرادق
نور سفید پھر سرادق وحدانیت ہے۔
جس کی گہرائی ستر ہزار سال کی مسافت
ہے پھر حجاب اعلیٰ ہے۔

(بحر المعارف صـ ٢٧٢)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے بعد حضرت نے سکوت فرمایا۔ اس وقت حضرت عمر بھی وہاں موجود تھے کہنے لگے کہ اے ابوالحسن میں اس دن کے لئے زندہ نہ رہوں کہ آپ کو نہ دیکھوں۔

خلقت محمدؐ و آل محمدؐ و میثاق انبیاء

ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:۔

ان الله تبارك وتعالیٰ احد واحد تفرد فی وحدانیتہ ثم تکلم بکلمة فصارت نوراً ثم خلق من ذلك النور محمد صلی الله علیه وآله وخلقنی وذریتی ثم تکلم بکلمة فصارت روحاً فاسکنه الله فی ذلك الروح واسکنه فی ابداننا فنحن روح الله وکلماته وبنا احتجب عن خلقه فما زلنا فی اظلة خضراء حیث لا شمس ولا قمر ولا لیل ولا نهار لا عین تطرف نعبده ونقدسه و نسبحه قبل ان یخلق الخلق واخذ میثاق النبیین لما اتیتکم بالایمان والنصرة من کتاب وذلك قوله تعالیٰ "واذا اخذ الله میثاق النبین لما اتیتکم من کتاب وحکمة ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن به ولتنصرنه۔

(بحر المعارف ص ۳۵۱)

بہ تحقیق کہ اللہ تعالیٰ احد اور واحد ہے۔ وہ وحدانیت میں یکا و تنہا ہے پس اس نے ایک کلمہ سے تکلم فرمایا جو سب نور ہی نور تھا پھر اس نے اس نور سے محمد صلعم کو مجھ کو اور میری ذریت کو خلق فرمایا پھر ایک کلمہ میں تکلم فرمایا جو سب روح ہی روح تھا پھر اللہ نے اس روح کو ہمارے ابدان میں ساکن کیا پس ہم روح خدا اور اس کے کلمات ہیں اور ہمارے ہی سبب سے ہم کو مخلوق سے پوشیدہ رکھا اور ہم ہمیشہ (اس کی رحمت کے) سبز سایوں میں رہے اس وقت نہ آفتاب تھا نہ ماہتاب نہ لیل و نہار تھے اور نہ کوئی آنکھ تھی کہ دیکھ سکے ہم اس وقت اس کی بندگی اور تسبیح و تقدیس بجا لاتے اور اس کی بزرگی کا اقرار کرتے تھے یہ اس وقت تھا جب کہ کوئی مخلوق خلق نہ ہوئی تھی اس نے انبیاء سے اس بات پر میثاق لیا کہ ہم پر ایمان لائیں اور ہماری نصرت کریں۔ چنانچہ ارشاد باری ہے کہ جس وقت خدا نے انبیاء سے عہد لیا تھا کہ جب تمہیں کتاب و حکمت عطا ہوگی اور ایک رسول تمہارے پاس والی چیزوں کی تصدیق کرتا ہوا آئے گا تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

افضل منزلت حضرت علی علیہ السّلام

سلیم ابن قیس سے روایت ہے کہ حضرت امیرالمومنین کی خدمت میں ایک مرتبہ ایک شخص حاضر ہوا اور ہم نے یہ گفتگو سنی۔

سائل: اخبرنی یا امیرالمومنین بافضل منقبۃٍ لک

امیرالمومنین: ما انزل اللّٰہ بکتابہ

سائل: وما انزل فیک

امیرالمومنین: قولہ تعالیٰ "افمن کان علی بینۃٍ من ربہ ویتلوہ شاھد منہ" انا الشاھد علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وقولہ "ومن عندہ علم الکتاب" ایای عنی ولم یدع شیئً مما ذکر اللّٰہ فیہ الا ذکری۔

سائل: فاخبرنی بافضل منقبۃ لک من رسول اللّٰہ۔

امیرالمومنینؑ: نصبہ ایای بغدیر خم بالولایۃ من اللّٰہ عزوجل بامر اللّٰہ تبارک وتعالیٰ وقولہ انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ وسافرت مع رسول اللّٰہ وذلک قبل ان تؤمر نسآئہ بالحجاب وانا اخدم رسول اللّٰہ لیس لہ خادم غیری وکان لرسول اللّٰہ لحاف لیس لہ لحاف غیرہ ومعہ عائشۃ فکان رسول اللّٰہ ینام بینی وبین عائشۃ ولیس اللحاف الفراش الذی تحتنا ولیقوم رسول اللّٰہ فیصلی فاخذتنی الحمی لیلۃ فاسھرتنی نسھر رسول اللّٰہ لسھری نبات لیلۃ بینی وبین مصلاہ یصلی ماقدر

سائل: یا امیرالمومنین اپنی سب سے افضل منقبت بیان فرمایئے۔

امیرالمومنین: وہی ہے جو خدا نے اپنی کتاب میں نازل فرمایا ہے

سائل: اس میں کیا نازل فرمایا۔

امیرالمومنین: ارشاد خداوندی ہے کہ "کیا جو شخص اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہو اور اس کے پیچھے ہی پیچھے اس میں کا ایک گواہ آیا ہو۔ میں رسول خداؐ کا گواہ ہوں اور قول خدا کہ جس کے پاس علم کتاب ہو۔ خاص کر مجھ ہی سے متعلق ہے اور خدا نے اس آیت میں سوائے میرے اور کسی کا ذکر نہیں کیا ہے۔

سائل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کے ساتھ جو افضل منقبت ہو بیان فرمایئے۔

امیرالمومنین: رسول خدا نے خم غدیر کے روز مجھ ہی کو ولایت من اللہ کے ساتھ خدائے عزوجل کے حکم سے نصب فرمایا تھا اور ان کا قول ہے کہ تم مجھ سے اسی منزلت پر ہو جو ہارون کو موسیٰؑ سے تھی و نیز رسول اللہؐ کے ساتھ میں نے کار رسالت انجام دیا ہے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جبکہ عورتوں کیلئے پردہ کا حکم نازل نہ ہوا تھا میں نے رسول اللہؐ کی سب سے پہلے اس وقت خدمت کی جبکہ کوئی خدمت کرنے والا نہ تھا۔ رسول اللہؐ کے لئے ایک لحاف تھا کہ اس کے سوا کوئی اور ایسا لحاف نہ تھا اس پر رسول اللہ میرے اور عائشہ کے درمیان سوتے تھے اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی بستر نہ تھا۔ رسول اللہؐ نماز کے لئے اٹھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ مجھے بخار آگیا۔ جس سے میں جاگتا رہا اور رسول کی وجہ سے

ترجمہ — کتابت کی غلطی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

له ثم یاتینی فیسئلنی و ینظر الیّ فلم یزل دابهٗ ذالك الیٰ ان اصبح فلما اصبح صلّی باصحابه الغداۃ ثم قال اللّٰهم اشف علیًا دعافه فانه قد اسهرنی اللیلة بما به من الوجع فکانما نشطت من عقال مابی قلبته ثم قال قال رسول اللّٰه البشر یا اخی قال ذالك و اصحابه یسمعون۔ قلت بشرك اللّٰه بخیر یارسولؐ اللّٰه وجعلنی فداك قال انی لم اسئل اشیاء الا اعطانیه و لم اسئل لنفسی شیًا الا سئلتك مثله و انی دعوت اللّٰه ان یواخی بینی و بینك نفعل و سئلت ان یجعلك وَلی کل مومن بعدی۔

(بحرالمعارف ص۲۶۲)

(احتجاج طبرسی ج۱)

رسول اللہ بھی جاگتے رہے ایک شب مجھے خبر ملی کہ میرے اور مصلیٰ کے درمیان کوئی نماز پڑھ رہا ہے جس کی مجھے اطلاع نہ دی گئی تھی پھر وہ میرے پاس آیا اور مجھ سے سوال کیا اور میری طرف دیکھتا رہا اور نہیں ہٹا یہ اس وقت تک ہوتا رہا کہ صبح ہوگئی پھر آپؐ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نماز ادا فرمائی پھر فرمایا کہ خداوندا علیؑ کو شفا عطا فرما اور اس کو محفوظ رکھ کہ اس نے درد کی وجہ سے مجھے شب میں بیدار رکھا پس گویا کہ اس نے مجھے بندھن سے چھڑایا یہ بات میرے ساتھ اتفاقی طور پر واقع ہوئی تھی۔ پھر رسول اللہ نے فرمایا کہ اے بھائی بشارت ہو تم کو اس بات کو حضرتؐ کے اصحاب سن رہے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ خدا آپ کو خوش رکھے اور مجھے آپ پر فدا کردے حضرتؐ نے فرمایا کہ میں نے کسی شے کے لئے سوال نہیں کیا مگر یہ کہ وہ مجھے عطا ہوگئی اور میں نے اپنی ذات کے لئے کوئی سوال نہ کیا مگر یہ کہ اس کے مثل تمہارے لئے بھی سوال کیا اور میں نے خدا سے دعا کی کہ میرے اور تمہارے درمیان مواخات پیدا کرے پس خدا نے ایسا ہی کیا اور میں نے سوال کیا کہ تم کو میرے بعد تمام مومنین کا ولی قرار دے۔

محبّت اہل بیتؑ اور اعمال

آیت "من جآء بالحسنة فله خیر منها وهم من فزع یومئذٍ اٰمنون ۝ ومن جآء بالسیئة فکبّت وجوههم فی النّار ۝ هل تجزون الا ما کنتم تعملون ۝"

(نمل پ۲۰)

ترجمہ: یعنی جس نے ایک نیکی بجالائی اس کے لئے اس کی جزاء اس سے کہیں بہتر ہے اور یہ لوگ اس روز خوف و خطر سے مامون رہیں گے اور جو ایک گناہ ساتھ لے آئے گا منہ کے بل جہنم میں جھونک دیا جائے گا کہ یہ اس کا بدلہ ہے جو اس نے دنیا میں کیا تھا کی تفسیر میں حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ اے ابو عبداللہ میں تمہیں ایک نیکی کے متعلق آگاہ کروں گا جس کو انسان بجا لائے تو خدا اس کو جنت میں داخل کرے گا نیز ایک برائی کے متعلق بھی آگاہ کروں گا جس کا کوئی انسان مرتکب ہو تو خدا اس کو منہ کے بل جہنم میں ڈالے گا اور اس برائی کی وجہ سے اس کا کوئی عمل قبول نہ کرے گا۔ آگاہ ہو جاؤ کہ وہ نیکی ہماری محبت اور وہ برائی ہم سے بغض ہے۔

(مجمع البحرین، ینابیع المودۃ وغیرہ ۲۵)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہلِ ذکر اہلِ بیتؑ ہیں

حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ آیت فاسئلوا اھل الذکران کنتم لا تعلمون (نمل) میں جو اہل ذکر مرقوم ہے وہ اہل ذکر ہم اہل بیتؑ ہیں۔ (ینابیع المودۃ وغیرہ)

نوٹ:۔ خدا نے قرآن میں کئی مقامات پر رسول خدا کو ذکر کے نام سے یاد فرمایا ہے چنانچہ ملاحظہ ہو آیت "قد انزل اللہ الیکم ذکرا رسولا یتلو علیکم ایات اللہ مبینت (طلاق)

ترجمہ: بیشک خدا نے ذکر کو بھیجا ہے جو رسول ہے جو تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی واضح آیات کی تلاوت کرتا ہے پس جب رسول اللہؐ ذکر ہیں تو اہل ذکر اہلبیت رسول قرار پائے۔

نقطہ

علم نقطہ دوائر بہت ہی عظیم اور دور از فہم علوم پر مشتمل ہے کیونکہ کلام حروف پر حروف الف پر اور الف نقطہ پر منتہی ہوتے ہیں اور نقطہ وجود مطلق کے ظاہر سے باطن کی طرف اور انتہا سے ابتداء کی طرف نزول سے عبارت ہے یعنی اس ذات ہویت کے ظہور سے جو مبدائے وجود ہے جس کے لئے نہ کوئی عبارت ہے اور نہ اشارہ۔

اللہ کا راز اس کی کتب میں ہے اور اس کی کتب کا راز قرآن میں ہے کیونکہ قرآن جامع اور مانع منبہات ہے اس میں ہر چیز کا بیان ہے اور قرآن کا راز سوروں کی ابتداء میں حروف مقطعات میں ہے اور حرف کا علم لام الف میں اور الف ظاہری وباطنی راز میں شامل اور اس کا محیط ہے اور لام والف کا علم الف میں اور الف کا علم نقطہ میں اور نقطہ کا علم اصلیت کی معرفت میں اور قرآن کا راز سورۃ فاتحہ میں اور سورۃ فاتحہ کا راز اس کے مفتاح میں ہے جو بسم اللہ ہے اور بسم اللہ کا راز اس کے ب میں ہے اور ب کا راز اس کے نقطہ میں ہے۔ (مشارق الانوار)

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ جس علم کی طرف آنحضرتؐ نے دعوت دی تھی وہ علم حروف کے الف کے لام کی تھی الف کے لام کا علم لا میں ہے لا کا علم نقطہ میں ہے اور نقطہ کا علم معرفت اصلیہ میں ہے۔ معرفت اصلیہ کا علم علم ازل میں ہے علم ازل مشیت میں یعنی معلوم میں موجود ہے علم مشیت غیب ہویت میں ہے یہ وہ چیز ہے جس کی طرف اللہ نے اپنے نبیؐ کو اپنے اس قول کے ساتھ دعوت دی تھی۔ "فاعلم انہ لا الہ الا اللہ" انہ میں جو ہ موجود ہے وہ غیب ھو یہ کی طرف راجع ہے۔

(ینابیع المودۃ ص ۶۳۵)

تمام اشیاء نقطہ پر منتہی ہوتے ہیں اور نقطہ ذات پر دلالت کرتا ہے یہی وہ نقطہ ہے جو خداوند ذی الجلال کا فیض اول ہے۔ اور حدود عظمت وجلال میں عقل فعال سے موسوم ہے۔ یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ پس یہ نقطہ سرالاسرار اور نورالانوار ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ " انا نقطۃ باء بسم اللہ انا جنب اللہ الذی فرطتم فیہ وانا اللوح وانا القلم وانا العرش وانا الکرسی وانا السموات السبع والارضون۔"

ترجمہ: میں بائے بسم اللہ کا نقطہ ہوں۔ میں وہ جنب اللہ ہوں جس کے ساتھ تم نے تفریط کی میں لوح و قلم ہوں اور عرش و کرسی ہوں میں ساتوں آسمان اور زمینوں (کا مالک و متصرف) ہوں۔ (بحرالمعارف ص ۳۳۳)

ایک اور موقع پر حضرت نے فرمایا۔ " میں وہ نقطہ ہوں جو بائے بسم اللہ کے نیچے دیا جاتا ہے۔

علم ایک نقطہ ہے جس کو جاہلوں نے زیادہ کر دیا۔ الف وحدت پر دلالت کرتا ہے جس کو راسخون جانتے ہیں۔ عارف لوگوں نے حیا کے ٹکڑے کر دیئے۔ ج ایک گڑھا ہے پہنچنے والوں نے جس میں رہنا اختیار کیا۔" د: ایک درجہ ہے جس کو سچے لوگوں نے مقدس کیا۔ (ینابیع ص ۶۴۴)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے اسرار

ظہرت الموجودات عن بسم اللہ الرحمن الرحیم فالنبی مظہر الرحمن والولی مظہر الرحیم و الجامع للمرتبتین مظہر اسم اللہ ومشربہما من الوحی والالہام فالاول من العقل و الثانی من النفس واشرفہما واعظمہما الاسم الاعظم وھو اللہ واشرف المظاہر واعظمہا مظہر ھذا الاسم بالفعل دون القوہ لانّ النوع الانسانی باسرہ مظہر لہ بالقوۃ لکن الشرف والعظمۃ لیس الّا للمظہر الفعلی وھو نبینا صلی اللہ علیہ وآلہ من بین الانبیاء و سائر الانبیاء بعدہ علی الترتیب فلذا افاد بعضہم وللعبد فیہ نظیر یظہر وجہہ مما اسلفنا فنبینا صلی اللہ علیہ وآلہ مظہر اسم اللہ باعتبار جمعیۃ ومظہر اسم الرحمن

موجودات بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ظہور میں آئے پس نبی مظہر رحمٰن اور ولی مظہر رحیم ہیں اور جامع ہیں دونوں مرتبوں کے اور مظہر ہیں اسم اللہ کے اور دونوں کا مشرب وحی و الہام سے ہے یعنی پہلا عقل سے اور دوسرا نفس سے اور ان دونوں سے اشرف و اعظم اسم اعظم ہے جو اللہ ہے اور اس کا اشرف و اعظم مظاہر اس اسم کا مظہر بالفعل ہے مظہر بالقوت نہیں کیونکہ نوع انسانی کل کا کل اس کا مظہر بالقوت ہے لیکن شرف و عظمت نہیں ہے مگر مظہر فعلی کے لئے جو تمام انبیاء میں ہمارے نبیؐ ہیں اور تمام دوسرے انبیاء ترتیب کے ساتھ ان کے بعد ہیں اور تمام اولیاء میں علیؑ مظہر فعلی ہیں اور تمام اولیاء ان کے بعد علی الترتیب ہیں بعض لوگوں نے اسی طرح افادہ حاصل کیا ہے۔ اور بندہ کے لئے اس میں نظیر ہے جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے کہ اس کے چہرے سے ظاہر ہوتا ہے پس ہمارے نبیؐ باعتبار جمعیت کے اسم اللہ کے مظہر ہیں اور عالم وجود میں تصرف اور خلافت کے اعتبار سے اسم رحمٰن کے مظہر ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باعتبار تصرّفه فی الوجود وخلافته فیه ومظهر اسم الرحیم باعتبار ولایته المطلقة فهو العقل الاوّل والنفس الکلّیة وکذالک علیؑ وسائر اولاده الیٰ خاتم الختم لانهم اصحاب الجمعیة باعتبار اخذها من القطب المحمدی فکل واحد منهم علی الترتیب مظهر اسم اللّٰہ باعتبار جمیعتہ ومظهر اسم الرحمٰن باعتبار خلافته ومظهر اسم الرحیم باعتبار ولایته فکلّهم مجمع العوالم الآفاقیّة والانفسیةؒ۔

اور ولایت مطلقہ کے اعتبار سے اسم رحیم کے مظہر ہیں پس وہ عقل اول اور نفس کلیہ ہیں اور اسی طرح علیؑ اور آخری امام تک ان کی تمام اولاد بھی ہے اس لئے کہ یہ حضرات اس اعتبار سے کہ قطب محمدی سے حاصل کئے ہوئے ہیں اصحاب جمعیت ہیں پس کل کے کل ایک ہی ہیں ان میں سے ہر ایک علی الترتیب باعتبار جمعیت مظہر اسم اللہ اور باعتبار خلافت مظہر اسم رحمٰن اور باعتبار ولایت مظہر اسم رحیم ہے پس وہ سب کے سب عوالم آفاقیہ اور انفسیہ کے مقام اجتماع ہیں۔

❖

❖ ❖ ❖

نوٹ

فتدبر هٰذه الدقایق فانها سر من الاسرار ومن مکنونات علم اللّٰہ وهذه نقطة من بحر محیط اسرارهم کما تقدم فی قصة موسیٰؑ وخضر علیہ السلام۔

بحر المعارف صـ ۳

پس ان باریک باتوں پر غور کرو کہ یہ علم خدا کے خزانوں میں سے اور اسرار میں سے ایک سر ہے اور ان کے اسرار محیط سے یہ ایک نقطہ ہے جیسا کہ موسیٰؑ وخضرؑ کے قصہ میں مذکور ہے۔

بائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ تم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ تمام آسمانی کتب کے اسرار قرآن میں ہیں اور تمام قرآن کا علم سورۂ فاتحہ میں اور سورۂ فاتحہ کا علم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اور بسم اللہ کا علم بائے بسم اللہ میں اور بائے بسم اللہ کا علم بائے کے نقطہ میں پس میں وہ نقطہ ہوں جو بائے بسم اللہ کے نیچے دیا جاتا ہے۔ (مشارق الانوار)

ابن عباس سے مروی ہے کہ ایک شب حضرت امیر المومنین علیہ السلام نماز مغربین کے بعد سے بائے بسم اللہ کی تفسیر سنانی شروع کی اور ابھی سین تک نہ پہونچے تھے کہ فجر کا وقت ہوگیا تو فرمانے لگے کہ اگر میں چاہوں تو بسم اللہ کی شرح میں اتنی تفسیر سناؤں کہ چالیس اونٹ کا بار ہو جائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علم کی حقیقت

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا :-

العلم نقطة كثّرها الجاهلون وكيفية الاطلاع عن وجهين امّا ان يكون من الوحدة الى الكثرة من المبدء الى المنتهى الذى هو طريق التّنزول والظهور و امّا ان يكون من الكثرة الى الوحدة و من المنتهى الى المبدء الّذى هو طريق الصعود والبطون فان كان الاوّل فهو اعظم فيجتهد فى الاطلاع على النقطة اولا ثم على صدرمتها من النفس والهيولى والطبيعة والجسم الكلّى والافلاك والعناصر والمواليد وان كان الثانى وهو اسهل واشهر فيجتهد فى الاطلاع على هذه الوجودات بعكس ذلك وذلك لانّ كل من اطلع على النقطة الوجودية والذى تحتها كمن اطلع على الوجود كلّه وعلى ما فى ضمنه من الاسرار والحقائق وعلى الكتب السماويّة، وما فى ضمنها من الاسرار والحقائق ولاطلاع نبيّنا صلى الله عليه و آله على النقطة الوجودية ليلة المعراج؛

علم ایک نقطہ ہے جس میں جہلاء نے زیادتی کر دی اطلاع کی کیفیت دو طرح سے ہوتی ہے ایک وحدت سے کثرت کی طرف یعنی مبداء سے منتہا کی طرف ہو تو یہ نزول اور ظہور کا طریقہ ہے۔ دوسرے یہ کہ کثرت سے وحدت کی طرف یعنی منتہا سے مبداء کی طرف ہو تو یہ صعود و بطون کا طریقہ ہے پس اگر طریقہ اول ہے تو وہ بہت ہی عظمت والا ہے پس نقطۂ اوّل پر پھر اس سے نفس و ہیولیٰ، طبیعت، جسم کلی، افلاک و عناصر اور موالید سے متعلق جو صادر ہوا اس پر اطلاع کی کوشش کی جاتی ہے اگر طریقہ دوم ہے تو وہ بہت ہی سہل اور بہت مشہور ہے پس اس کے برعکس ان موجودات سے اطلاع میں کوشش کی جاتی ہے اور یہ اس وجہ سے ہے کہ ہر وہ شخص جو نقطۂ وجودیہ سے مطلع ہوا اور وہ شخص جو اس کے تحت ہے اس کے مثل ہے جس نے کل وجود پر اطلاع پائی اور اس چیز پر جو اس کے ضمن میں حقائق و اسرار سے متعلق ہے۔ اور آسمانی کتب پر اور جو کچھ اس کے ضمن میں حقائق و اسرار سے ہے۔ ـ د نیز شب معراج ہمارے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نقطۂ وجودیہ سے اطلاع پانے سے متعلق ہے۔

⁂

قال علّمت علوم الاولين والآخرين وقال ارنا الاشيآء كما هى ولاطلاع عليها قال انا النقطة تحت البآء وقال

پھر فرمایا کہ اولین و آخرین کا علم مجھے دیا گیا ہے۔ اللہ نے تمام چیزیں مجھے دکھائیں جس طرح سے کہ وہ ہیں اور ان سے مطلع ہونے کی وجہ فرمائی کہ میں باء کے نیچے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلونی عما تحت العرش وهذا النقطة
هی الموسومة عند القوم بعبادان
فی قولهم لیس وراء عبادان قریة و
هی التی علیها مدار الوجود کالنقطة
المرکزیة التی الیها ینتهی خطوط
الدائرة المحیط المحیط بها وذلک لانّ
الوجود بالاتفاق دوری تقابل النقطتین
المتقابلتین اللّتین هما النقطة المبدئیة
ونقطة المنتهائیة کقوله کما بدأکم
تعودونؐ والاوّل والاخر والظاهر والباطن
اسمائه تعالیٰ بهذین الاعتبارین
والازل والابد اشارة الیهما وقاب
قوسین او ادنیٰ کذلک لانّ القوس
اشارة الی القطع الدائرة الوجودیّة
بالخط الوهمی بینهما الفاصل بین
المطلق والمقید والامکان والوجوب
فی صورة الدائرة والخطّ الوهمی فی
اصطلاحهم هو مقام القرب الاسمائی
باعتبار التقابل بین الاسماء فی الامر
الالهی المسمی بدائرة الوجود کالا
بداء والاعادة والنزول والعروج والفا
علیة والقابلیة وهو الاتحاد بالحق مع
بقاء التمیز والاثنینیة المعبر عنه
بالاتصال ولا اعلیٰ من هذا المقام الا مقام
او ادنیٰ وهو مقام احدیة عین الجمع الذاتیة

کا نقطہ ہوں پس سوال کر لو مجھ سے ان تمام چیزوں سے جو
تحت عرش ہیں کہ یہ وہی نقطہ ہے جو قوم کے نزدیک ان کے
قول کے مطابق عبادان سے موسوم ہے رعبادان سے آگے
اور کوئی مقام نہیں ہے۔ یہ وہی مقام ہے جس پر نقطہ مرکزیہ
کی طرح وجود کا مدار ہے۔ جس کی طرف دائرہ کے خطوط منتہی
ہوتے ہیں جو اس کے محیط ہیں کیونکہ وجود بالاتفاق دونوں
متقابل نقاط کے تقابل کی وجہ جو مبدائیہ اور منتہائیہ ہیں۔ دوری
ہے حسب ارشاد خداوندی کہ جس طرح تمہاری ابتداء ہوئی
ہے تم لوٹو گے۔ خداوند تعالیٰ کے اسماء ان ہی دو اعتبارات
یعنی اول و آخر اور ظاہر و باطن کے لحاظ سے ہیں اور ازل و
ابد ان ہی دو نقطوں کی طرف اشارہ ہے ۔ اور
قاب قوسین او ادنیٰ بھی اسی کی طرح ہے کیونکہ قوس
دائرہ وجودیہ کے خط موہوم کے ساتھ انقطاع کی طرف
اشارہ ہے جو ان کے یعنی مقید و مطلق اور امکان وجوب
کے درمیان دائرہ کی صورت میں فاصل ہے۔ اصطلاحاً امر
الٰہی میں اسماء کے درمیان باعتبار تقابل کے خط
موہوم مقام قرب اسمائی ہے جو دائرہ وجود
کے نام سے موسوم ہے۔

جیسا کہ خلق کیا جانا اور لوٹایا جانا نزول و
عروج اور فاعلیت و قابلیت ہے اور وہ
بقائے تمیز اور دوئی کے باوجود جو اس کے
اتصال سے تعبیر کی گئی ہے حق کے ساتھ
متحد ہے۔

اس سے بلند تر کوئی اور مقام نہیں مگر
مقام اَو اَدنیٰ جو مقام احدیت ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

المعبر عنها بقوله او ادنی وهو مقام احدیة عین الجمع الذاتیة المعبر عنها بقوله او ادنی لارتفاع التمیز والاثنینیة الاعتباریة هناك بالفناء المحض والطمس للرسوم کلها وهذه النقطة قد یعبر عنها بنقطة النبوة ونقطة الولایة اللتین هما مخصوصتان من حیث الاطلاق بالنبی وعلی لان النبوة المطلقة والولایة المطلقة مخصوصتان بهما.

(بحر المعارف ص۶۵)

اس کو ہیں جمع ذاتیہ سے تعبیر کیا گیا ہے حسب ارشاد خداوندی اَوْ اَدنیٰ عقل و ہوش کے مرتفع ہو جانے اور اعتباری دوی کے فنائے محض اور کل رسوم کے مٹ جانے کا مقام ہے۔ یہ وہ نقطہ ہے جس سے نقطۂ نبوت اور نقطۂ ولایت کی تعبیر لی جاتی ہے یہ دونوں بہ حیثیت اطلاق کے نبیؐ اور علیؑ سے مخصوص ہیں کیونکہ نبوت مطلقہ اور ولایت مطلقہ صرف ان ہی دونوں سے مخصوص ہیں۔

مدارج علم

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:

العلم ثلثة اشبار فمن وصل الی الشبر الاول تکبر وادعی ومن وصل الی الشبر الثانی تواضع وذل ومن وصل الی الشبر الثالث افتقر وفنی وعلم انه ما علم" وقد تقدم من الفتوحات ان العلم بالله عین الجهل به۔

(بحر المعارف ص۲۶۷)

علم تین بالشت ہے پس جو پہلی بالشت تک پہونچا متکبر ہو گیا اور دعویٰ کرنے لگا اور جو دوسری بالشت تک پہونچا متواضع ہو گیا اور اپنے کو ذلیل سمجھنے لگا اور جو تیسری بالشت تک پہنچا فقر اختیار کیا اور فنا ہو گیا۔ اور اس کو اس بات کا علم ہوا کہ وہ کچھ نہیں جانتا۔ فتوحات میں پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ اللہ کے ساتھ علم اس کے ساتھ عین جہل ہے۔

ذکر و فکر

حضرت علی علیہ السلام کے کلمات قصار بارہ ہزار سے زائد ہیں جن میں سے چند ارشادات معرفت ذکر و تفکر، صلوٰۃ دائمی عالم صغیر و کبیر و شہود سے متعلق درج ذیل ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱) مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ ۝ جس نے اپنے نفس کی معرفت حاصل کی اس نے اپنے رب کی معرفت حاصل کی۔

(۲) لَوْ كُشِفَ الْغِطَاءُ مَا ازْدَدْتُ يَقِيْنًا ۝ (تمام حجاب ہائے حدوث امکان میرے اور واجب الوجود کے درمیان سے اٹھا دیئے جائیں تو جس علم و یقین اور معرفت کی انتہا پر میں فائز ہوں اس میں کوئی زیادتی نہ ہوگی یعنی آپ کے سامنے کوئی حجاب تھا ہی نہیں۔)

ذکر خفی

(۳) كُلُّ نَفْسٍ حَاضِرَةٌ مِنْ ذِكْرِ الْخَفِيِّ فَهُوَ نَفْسٌ حَيٌّ وَكُلُّ نَفْسٍ غَافِلَةٌ مِنْ ذِكْرِ الْخَفِيِّ فَهُوَ نَفْسٌ مَيِّتَةٌ ۝ ترجمہ :۔ ہر نفس جو ذکر خفی میں مشغول ہے وہ زندہ ہے اور ہر نفس جو ذکر خفی سے غافل ہے وہ مردہ ہے۔

(۴) صلوٰۃ ذاتی :۔

سُجُوْدُ الْقَلْبِ فِيْ ذَاتٍ صَلٰوةٌ دَائِمٌ وَصْلٌ
هُوَ الْمَسْجُوْدُ فِيْ قَلْبٍ صِيَامٌ صَائِمٌ اَصْلٌ

(۵) حضرت امام حسنؑ و امام حسین علیہم السلام نے ارشاد فرمایا کہ :۔

يَا وَلَدِيْ فِكْرُكَ فِيْكَ يَكْفِيْكَ   فَلَيْسَ شَيْئٌ خَارِجٌ مِنْكَ
دَوَائُكَ فِيْكَ وَمَا تَشْعُرُ   وَدَائُكَ مِنْكَ وَلَا تُبْصِرُ
تَزْعَمُ اَنَّكَ جِرْمٌ صَغِيْرٌ   وَفِيْكَ انْطَوَى الْعَالَمُ الْاَكْبَرُ
وَاَنْتَ الْكِتَابُ الْمُبِيْنُ الَّذِيْ   بِاَحْرُفِهٖ يَظْهَرُ الْمُضْمَرُ

ترجمہ :۔ اے فرزند تیرا فکر تجھ میں تیرے لئے کافی ہے کیونکہ کوئی شے تجھ سے خارج نہیں تیری دوا تجھ ہی میں ہے اور تو نہیں جانتا اور تیرا درد تجھ ہی سے ہے اور تو نہیں دیکھتا اور تجھ کو گمان ہے کہ تو ایک چھوٹا سا جسم ہے حالانکہ ایک بڑا عالم تجھ میں سمایا ہوا ہے اور تو وہ کتاب مبین ہے کہ جس کے حروف سے پوشیدہ امور کا ظہور ہوتا ہے۔ (بحر المعارف)

حقیقت ذکر و طریقۂ ذکر

فردوس العارفین میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا :۔

" لا تذكر الله ساهيا ولا تنسه لاهيا واذكره كاملا يوافق فيه قلبك لسانك ويطابق اضمارك اعلانك لن تذكره حقيقة الذكر حتى تنسى نفسك في ذكرك وتفقدها في امورك ۝ (بحر المعارف صـ۵۵)

ترجمہ : خدا کا ذکر سہو کی حالت میں نہ کرو اور اس کو لہو و لعب میں نہ بھولو۔ اس کا ذکر کامل طریقہ سے اس طرح کرو کہ تمہارا قلب تمہاری زبان کے موافق ہو اور تمہارا ضمیر تمہارے ظاہر سے مطابق ہو تم اس وقت تک حقیقت ذکر کو ادا نہیں کرسکتے جب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تک کہ ذکر میں خود کو نہ بھول جاؤ اور اپنے امر میں گم نہ ہو جاؤ۔

ونیز فرمایا:۔ من اراد ان یشتغل بالذکر فلیغتسل ولیتب عن المعاصی ویغسل ثیابہ ویجلس فی الخلوۃ مربعًا مستقبل القبلۃ واضعًا یدیہ علی رکبتیہ غامضًا عینیہ شارعًا فی الذکر بالتعظیم والقوۃ بحیث یطلع لا الٰہ الا اللہ من تحت السرۃ ویضرب علی القلب بحیث یصل تاثیرہ علی الاعضا مخففا صوتہ کما قال اللہ تعالیٰ "اذکر ربک تضرعًا وخفیۃً" متفکرًا معناہ فی القلب حتی یحیط الذکر بجمیع الاعضا ویستغرق فیہا فان وردہ وارد بنفیہ بلا الٰہ ویقطع محبتہ ویثبت اللہ ویفرغ القلب عن الخیالات النفسانیۃ ویشتغل بمشاہدات الروحانیۃ۔

ترجمہ:۔ جس نے ارادہ کیا کہ ذکر الٰہی میں مشغول ہو اس کو چاہیئے کہ غسل کرے گناہوں سے توبہ کرے اپنے کپڑوں کو دھوئے اور رو بہ قبلہ ہو کر خلوت میں چار زانو بیٹھے اور اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ کر آنکھیں بند کر کے تعظیم و قوت کے ساتھ خفی آواز سے اس طرح ذکر شروع کرے کہ لا الٰہ الا اللہ مقام سر کے نیچے سے شروع ہو اور قلب پر اس طرح ضرب لگائے کہ اس کی تاثیر تمام اعضاء پر پہنچے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنے رب کا ذکر تضرع اور پوشیدگی کے ساتھ قلب میں اس کے معنی کا تفکر کرتے ہوئے کرو یہاں تک کہ اس کا ذکر تمام اعضاء پر محیط ہو جائے اور تو اس میں مستغرق ہو جائے۔ یہ تحقیق کہ اس کا ورد وارد ہوتا ہے اور لا الٰہ کے ساتھ نفی کرتا ہے اس کی محبت کو قطعی قرار دیتا اور اللہ کو ثابت کر دیتا ہے اور قلب کو نفسانی خیالات سے خالی کر کے روحانی مشاہدات کی طرف مشغول کر دیتا ہے۔ (بحر المعارف صـ ۶۴)

jabir.abbas@yahoo.com

عالم صغیر و کبیر

حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ:۔

(۱) لا یستحق المقام حتی یعلم مراتبہم فاذا علمت انّ للحقیقۃ الانسانیۃ ظہورات فی العالم الکبیر تفصیلاً فاعلم انّ لہا

ترجمہ: کوئی شخص کسی مقام کا مستحق نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اس کے مراتب کو نہ جان لے جب تو نے جان لیا کہ حقیقت انسانیہ کے لئے عالم کبیر میں تفصیل کے ساتھ ظہورات ہیں پس تو ان کو سمجھ۔

(۲) ظہورات فی عالم الانسانی اجمالاً و اوّل مظاہرہا فیہا الصورۃ الروحیّۃ المجردۃ المطابقۃ بالصورۃ العقلیۃ ثم الصورۃ الدخانیۃ اللطیفۃ المسماۃ

عالم انسانی میں ظہورات اجمالاً موجود ہیں اور ان کا مظاہر اوّل صورت روحانی مجردہ میں ہے جو صورت عقلیہ کے مطابق ہے پھر صورت دخانیہ لطیفہ ہے جو اطباء کے پاس روح حیوانیہ سے موسوم ہے جو ہیولہ کلیہ کے مطابق ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بالرّوح الحیوانیۃ عند الاطباء المطابقہ بصورۃ الجسم الکلّی ثم صورۃ الاعضائیۃ المطابقۃ لاجسام عالم الکبیر وبھٰذا التنز فی المظاھر الانسانیۃ حصل التطابق بین النسختین ولھذا اسمی بعالم الصغیر فھو کتاب مشتمل علی الکتب والصحف لانّہ من حیث روحہ الجزئی وعقلہ المجرد کتاب عقلی مسمی بام الکتاب ومن حیث قلبہ لوح المحفوظ والکتاب المبین ومن حیث نفسہ المنطبعۃ الطبیعیۃ کتاب المحو والاثبات ومن حیث جسدہ وبدنہ الکتاب المسطور ومن حیث مجموعیۃ نسخۃ الکلّ وجامع الکلّ فھو کتاب جامع الکل کافٍ فی مطالعۃ الکل والمشاھدۃ لہ تحت ایاتہ۔

ولیس لعجب ان الکل فیہ وانّہ جامع الکل بل العجب انَّ الکل خلق لاجلہ والکل خادم لہ وھو مخدوم الکلّ والکلّ ساجد لہ وھو مسجود الکل مظھر الذات المقدسۃ وکمالاتھا المرتبۃ عَلَیھَا والعالم مظھر الاسماء والصفات والافعال المرتبۃ علی الذات ۃ

(بحر العارف ص ۳۳۳)

پھر صورت دمویہ ہے جو جسم کلی کی صورت سے مطابق ہے پھر صورت اعضائیہ ہے جو عالم کبیر کے اجسام سے مطابق ہے اور انہی تنزلات سے مظاہر انسانیہ میں دو نسخوں کے درمیان مطابقت حاصل ہوئی اس لئے اس کا نام عالم صغیر رکھا گیا پس وہ، وہ کتاب ہے جو کتب اور صحف پر مشتمل ہے کیوں کہ وہ بحیثیت اس کی روح جزی کے اور اس کی عقل مجرد کے کتاب عقلی ہے جس کا نام ام الکتاب ہے اور بحیثیت اس کے قلب کے لوح محفوظ اور کتاب مبین ہے اور بہ حیثیت اس کے پیدائشی نفس طبیعہ کے کتاب محو و اثبات ہے اور بحیثیت اس کے جسم و بدن کے کتاب مسطور ہے اور بحیثیت مجموعہ نسخہ کل کے اور کل کے جامع کے وہ کتاب ہے جو جامع ہے کل کی جو کافی ہے کل کے مطالعہ و مشاہدہ کے لئے جو اس کی آیات کے تحت ہے۔

یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ سب اس کے اندر موجود ہے اور وہ جامع ہے کل کا بلکہ عجیب یہ ہے کہ کل اس کی وجہ سے خلق کیا گیا اور کل خادم ہے اس کا اور وہ مخدوم ہے کل کا اور کل ساجد ہے اس کا اور وہ مسجود ہے کل کا وہ مظہر ہے ذات مقدسہ کا اور اس کے کمالات کا جو اس پر مرتب ہوتے ہیں اور عالم مظہر ہے اسما و صفات کا اور ان افعال کا جو ذات پر مرتب ہوتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شہود

انّ الکامل الذی اراد اللّٰہ ان یکون قطب العالم وخلیفۃ اللّٰہ فیہ اذا وصل الی العناصر منزلا الی السفر الثالث ینبغی ان یشاھد جمیع ما یرید ان یدخل فی الوجود من اول دالانسانیۃ الی یوم القیمۃ وبذالک الشھود ؓ (کتاب الفتوحات)

بہ تحقیق کہ کامل وہ ہے جس کے لئے خدا نے ارادہ کر لیا ہے کہ وہ قطب عالم اور اس کا خلیفہ بن جائے۔ جب سفر ثالث سے عناصر کی طرف ایک منزل پر پہونچے تو سزاوار ہے کہ وہ ہر چیز کا مشاہدہ کرے جس کا وہ ارادہ کرتا ہے جو قیامت تک افرادِ انسانیہ کے وجود میں داخل ہوں۔ پس یہی شہود ہے۔

بدوام ذکر اللّٰہ تنحاف الغفلۃ ؓ ذکر خدا کی مداومت غفلت کو دور کرتی ہے۔

فکر ساعۃ قصیرۃ خیر من عبادۃ طویلۃ (آیات و احکام الہٰی میں) ایک ساعت کی فکر قلیل طویل عبادت سے بہتر ہے۔

من عمر قلبہ بدوام الذکر حسنت افعالہ فی السّر والجھر ؓ جس نے اپنے قلب کو ہمیشہ ذکر خدا میں مشغول رکھا اس کے افعال ظاہر و باطن میں نیک ہو جاتے ہیں۔

مداومۃ الذکر قوت الارواح ومفتاح الصلاح ؓ ذکر خدا کی مداومت روح کی غذا اور کلید اصلاح ہے۔

مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ ؕ

رسالت مآب صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

یاعلی ما عرفک الاّ اللّٰہ و انا وما عرفنی الاّ اللّٰہ وانت وما عرف اللّٰہ الاّ انا وانت فکیف یکون مثل الناس وھم یدعون معرفتہ ؓ

یا علی نہیں پہچانا تم کو کسی نے سوائے اللّٰہ کے اور میرے اور نہیں پہچانا کسی نے مجھ کو سوائے اللّٰہ کے اور تمہارے اور نہیں پہچانا کسی نے اللّٰہ کو سوائے میرے اور تمہارے پھر لوگ کس طرح معرفت کا دعویٰ کرتے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:۔

من عرف نفسہ فقد عرف ربہ ومعرفت النفس ھو ان یعرف الانسان مبدئہ

جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچانا۔ نفس کی معرفت یہ ہے کہ انسان اپنے مبداء و منتہا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ومنتهاه من این وفی این والی این وذلك
موقوف علی معرفته الحقیقة التی هی
الوجود المقید وهو معرفة الفیض الاول
الذی فاض عن حضرة ذی الجلال ثم
فاض عنه الوجود بامر واجب الوجود و
مفیض الجود وذلك هو النقطة الواحدة
التی هی مبدء الکائنات ونهایة الموجودات
وروح الارواح ونور الاشباح وهو اوّل
العدد وسرّ الواحد الاحد وذلك لانّ
ذات الله غیر معلومة للبشر فمعرفته
بصفاته والنقطة هی صفة الله والصفة
تدل علی الموصوف لانّ بظهورها اعرف
الله وهی لالاء النور الذی شعشع
عن جلال الاحدیة فی سماء الحضرة
المحمدیة والیه الاشارة بقوله لولا
انا ما عرف الله ولولا الله ما عرفنا فهو النور
الذی اشرقت منه الانوار والواحد الذی
ظهرت عنه الاحاد والسرّ الذی نشأت عنه الاسرار
والعقل الذی فاضت منه العقول والنفس الذی صدرت
عنه النفوس واللوح الحاوی لاسرار
الغیوب والکرسی الذی وسع السموات
والارض والعرش العظیم المحیط لکل
شیئٍ عظمةً وعلماً والعین التی ظهر
عنها کل عین والحقیقة التی یهدلها
بالبداء کل موجود کما شهدت هی بالا

کو پہچانے کہ کہاں سے آیا کہاں ہے اور کہاں جائے گا۔ یہ اس حقیقت کی معرفت پر موقوف ہے جو وجود مقید ہے اور وہ معرفت ہے فیض اول کی جس کا خداوند ذی الجلال کی جانب سے فیضان ہوا۔ پھر واجب الوجود کے حکم سے اس وجود کا فیضان کرنے والے کے جود کا فیضان ہوا۔ یہ وہ نقطۂ واحدہ ہے جو مبدا ہے کائنات کا اور انتہا ہے موجودات کی اور روحوں کی روح اور اشباح کا نور ہے۔

وہ عدد اول اور واحد احد کا راز ہے یہ اس لئے ہے کہ اللہ کی ذات بشر کے لئے غیر معلوم ہے پس اس کی معرفت اس کی صفات سے کی جاتی ہے نقطہ صفت ہے اللہ کی اور صفت دلالت کرتی ہے موصوف پر کیونکہ اس صفت کے ظہور سے اللہ پہچانا جاتا ہے۔ اور وہ نقطہ اس نور کے نقل سے ہے۔ جو احدیت کے جلال سے آسمان حضرت محمدیہ میں ضوفشاں ہو رہا ہے اور پیغمبر کے قول کا اسی طرف اشارہ ہے کہ اگر ہم نہ ہوتے تو خدا نہ پہچانا جاتا اور اگر اللہ نہ ہوتا تو ہم نہ پہچانے جاتے پس وہ، وہ نور ہے۔ جس سے تمام انوار نکلے اور وہ وہ واحد ہے جس سے تمام احاد ظاہر ہوئے۔ اور وہ وہ راز ہے جس سے اور اسرار ظاہر ہوئے اور وہ عقل ہے جس سے اور عقلوں کو فیضان ہوا۔ اور وہ نفس ہے جس سے اور نفوس صادر ہوئے اور وہ لوح ہے جو غیب کے اسرار پر حاوی ہے اور وہ کرسی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو گھیر لیا ہے اور وہ عرش عظیم ہے جس کی عظمت و علم ہر شئے کی محیط ہے اور وہ آنکھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدبیه الواجب الوجود نتاه عرفان
العارفین عن الوصول الی محمّدٍ وعلیٍ
بحقیقة معرفتهم او بمعرفة حقیقتهم
لکن ذٰلك الباب مستود بحجاب وما اوتیتم
من العلم الّا قلیلاً ۵
(بحر المعارف صـ ۴۴۴)

ہے جس سے تمام آنکھیں ظاہر ہوئیں اور وہ حقیقت ہے
جو اس کے ساتھ تمام موجودات کے بداء کی شہادت دیتی
ہے جیسا کہ واجب الوجود کی احدیت کی شہادت دی ہے
پس عرفاء کا عرفان محمدؐ و علیؑ تک ان کی معرفت کی حقیقت یا حقیقت
کی معرفت کے ساتھ پہنچنے میں حیران ہے لیکن یہ دروازہ حجاب کے
ساتھ چھپا ہوا ہے۔ تم کو اس کا علم نہیں دیا گیا۔ مگر بہت ہی کم۔ ؏1

چشمۂ حیواۃ و شراب اولیاء

خداوند عالم نے تمام کائنات پر اور انسان کامل پر نظر ڈالی اور فرمایا " لولاك لولاك لما خلقت الافلاك " و نیز فرمایا " وما ارسلناك الا رحمة للعالمین " یہ اشارہ اس چشمۂ حیات کی طرف ہے جس کے متعلق ارشاد ہے کہ " عین الحیواة هو باطن اسم الحی الذی من تحقق به شرب من ماء عین الحیوٰة الذی من شربه لا یموت ابداً لکونه حیا بحیواة الحی وکل حی فی العالم لم یحی بحیوٰة هذا الانسان تکون حیوته بحیوة الحق دائما هذا الحیٰن " (یعنی چشمۂ حیات اسم حی کا باطن ہے وہ حی کہ جس نے اس کی تحقیق کی اور چشمۂ حیات سے وہ پانی پیا جس کو کوئی پی لے تو پھر اس کے لئے موت نہیں اور وہ حیات حی کے ساتھ زندہ رہے گا۔ ہر حی دنیا میں حیات انسانی کے ساتھ زندہ نہیں رہتا مگر اس کی حیات حق کی حیات ہونے کی وجہ اور اس چشمہ کے پانی کی وجہ) اسی کا ذکر خداوند عالم نے بالفاظ " ومن الماء کل شیء حی " فرمایا ہے۔

و نیز ارشاد باری ہوتا ہے " وکان عرشه علی الماء " یعنی اس کا عرش پانی پر تھا۔ یہ اشارہ اس قول باری کی طرف ہے کہ " عیناً یشرب بها عباد الله یفجرونها تفجیراً (یعنی وہ چشمہ جس سے بندگان خدا پیتے ہیں اور اس کو جاری کرتے ہیں) یہی چشمہ کافوری اور حوض کوثر کہلاتا ہے۔ جس کے متعلق خداوند عالم فرماتا ہے کہ " ان الابرار یشربون من کاس کان مزاجها کافوراً (یعنی بیشک ابرار اس کاسہ سے پیتے ہیں جس میں کافور کی آمیزش ہے) اور " انا اعطینٰك الکوثر " یعنی ہم نے تم کو کوثر عطا کیا۔ حضرت خضر کی نسبت اسی کی طرف ہے کہ انہوں نے اس میں سے ایک قطرہ نوش کیا تھا۔ یہی چشمہ درحقیقت چشمۂ ولایت اور منبع نبوت حقیقی ہے جس کے متعلق حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا۔

؏1 : دیگر آئمہ طاہرین کے ارشادات کا اسی طرف اشارہ ہے کہ آل محمد کی معرفت سے جو کچھ ملائکہ کو حاصل ہوا وہ کثیر سے بہت کم ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِنَّ لِلّٰہِ شَرَابًا لِاَوْلِیَآئِہٖ اِذَا شَرِبُوْا سَکِرُوْا وَاِذَا سَکِرُوْا طَرِبُوْا وَاِذَا طَرِبُوْا طَابُوْا وَاِذَا طَابُوْا ذَابُوْا وَاِذَا ذَابُوْا طَلَبُوْا وَاِذَا طَلَبُوْا وَجَدُوْا وَاِذَا وَجَدُوْا وَصَلُوْا وَاِذَا وَصَلُوْا اتَّصَلُوْا وَاِذَا اتَّصَلُوْا لَا فَرْقَ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ حَبِیْبِھِمْ ؕ

ترجمہ : بہ تحقیق کہ اللہ کے پاس اس کے اولیاء کے لئے ایک شراب ہے جب وہ اسے پیتے ہیں سکر میں آتے ہیں جب سکر میں آتے ہیں ان میں کیفیت طرب پیدا ہوتی ہے اور جب وہ مطروب ہوتے ہیں طائب یعنی منزہ ہو جاتے ہیں اور جب منزہ ہوتے ہیں تو پگھل جاتے ہیں۔ (یعنی فنا ہو جاتے ہیں) جب وہ فنا ہو جاتے ہیں طلب کرتے ہیں اور جب اس کو طلب کرتے ہیں تو پالیتے ہیں۔ جب اسے پالیتے ہیں تو اس کے قریب ہو جاتے ہیں اور جب اس سے قریب ہوتے ہیں تو اس سے متصل ہو جاتے ہیں اور جب اس سے متصل ہو جاتے ہیں تو ان کے اور ان کے حبیب کے درمیان کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔

(کلمات مکنونہ ص۷۷، بحر المعارف ص۳۲۴)

jabir.abbas@yahoo.com

شناسائی نفس

کمیل ابن زیاد نے حضرت علی علیہ السلام سے سوال کیا کہ یا امیر المومنین مجھے اپنے نفس سے شناسا کرائیے حضرت نے پوچھا کہ کسی نفس سے شناسائی چاہتے ہو۔ عرض کیا کہ مولا کیا نفس بھی متعدد ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ اے کمیل نفس چار ہیں اور ان میں سے ہر نفس کی پانچ قوتیں اور دو خاصیتیں ہیں:۔

۱:۔ نفس نامیہ نباتیہ کہ اس سے مراد نفس طبعی ہے۔

۲:۔ نفس حسّیہ حیوانیہ کہ اس سے مراد نفس حیوانی ہے۔

۳:۔ نفس ناطقہ قدسیہ اس سے مراد نفس انسانی اور روح قدسی ہے۔

۴:۔ نفس الہیہ ملکوتیہ کلّیہ اس سے مراد نفس ربانی ہے۔

کمیل : مولا نفس نباتیہ کیا ہے؟

حضرت امیر المومنینؑ: یہ ایک قوت ہے جس کی اصل چار طبائع (حرارت، برودت، رطوبت اور یبوست) ہیں، اس کی پانچ قوتیں ماسکہ، جاذبہ، ہاضمہ، دافعہ اور مربیہ اور دو خواص گھٹنا اور بڑھنا ہیں۔ اس کی ایجاد استقرار نطفہ کے وقت ہوتی ہے اور اس کا مقام جگر ہے اس کا مادہ غذاؤں کا جوہر لطیف ہے اس کے فراق کا سبب ان چیزوں کا اختلاف ہے جو اس کے تولد کا سبب ہوتی ہیں۔ جب یہ مفارقت کرتا ہے تو اپنی اصل سے مل جاتا ہے اور اس سے جدا نہیں ہوتا۔

کمیل :۔ مولا نفس حیوانیہ کیا ہے؟

حضرت امیر المومنینؑ : یہ ایک فلکی قوت اور حرارت غریزی ہے۔ اس کی ایجاد ولادت جسمانی کے وقت ہوتی ہے۔ اس کے افعال حیات و حرکت ظلم و جور و غلبہ، اکتساب مال اور دنیاوی خواہشات ہیں اس کی قوتیں سامعہ، باصرہ، شامّہ، لامسہ، اور ذائقہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابعد و قوامی رضا و غضب ہیں۔ اس کا مقام قلب ہے اس کے فراق کا سبب متوالدات کے اختلافات ہیں جب یہ مفارقت کرتا ہے اپنی اصل سے جاملتا ہے۔ اس کی صورت مٹ جاتی ہے اور افعال باطل ہوجاتے ہیں۔ اس کا وجود فنا ہوجاتا ہے اور ترکیب مضمحل ہوجاتی ہے۔

کمیل :۔ یا امیر المومنین نفس ناطقہ قدسیہ کیا ہے۔

یہ ایک قوت لاہوتی ہے جس کی ایجاد ولادت دینی کے وقت ہوتی ہے اس کا مقام علوم حقیقت دینیہ اس کا مادۃ تائیدات عقلیہ ہیں۔ اس کا فعل معارف ربانی ہیں اس کی پانچ قوتیں فکر، ذکر، علم، حلم اور نباہت (بندگی) اور دو خواص زہد و حکمت ہیں یہ مکان و احساس سے منزہ ہے یہ عالم ملکوت سے مائل ایک قوت ہے اور نفوس ملکیہ سے متشابہ ترین شے ہے۔ اس کی جدائی کا سبب آلات کی تحلیل ہے۔ جب یہ مفارقت کرتا ہے اپنی اصل کی طرف عود کر جاتا ہے مگر نہ اس طرح کہ اس میں مل جائے بلکہ اس کی مجاورت اختیار کرتا ہے۔ اس کے لئے انبعاث نہیں۔

کمیل : یا امیر المومنین نفس الہیہ ملکوتیہ کلیہ کیا ہے۔

حضرت امیر المومنین :۔ یہ ایک قوت لاہوتی ہے اور جوہر بسیط ہے جو حی بالذات ہے اس کی اصل عقل ہے اور اس کا مبداء اللہ تعالیٰ اور عقل ہے اسی کی طرف دعوت دی جاتی ہے۔ اس کی طرف دلالت اور اشارہ کیا جاتا ہے اور جب یہ کامل ہوجاتا ہے اسی کی طرف عود کرتا ہے۔ کیونکہ تمام موجودات کی ابتداء عقل ہی سے ہوتی اور تمام چیزیں کمال حاصل کرکے اسی کی طرف عود کرتی ہیں اس کی پانچ قوتیں فنا میں بقائیت، شدت میں خوشی، ذلت میں عزت، تونگری میں فقر اور بلا کے وقت صبر اور دو خواص رضا و تسلیم ہیں۔ پس یہ نفس ذات علیا، شجر طوبیٰ، سدرۃ المنتہیٰ اور جنت ماویٰ ہے جس نے اسے پہچان لیا وہ شقاوت سے بچ گیا اور سرنگوں نہ ہوا اور جو اس سے جاہل رہا۔ اس کی تمام کوششیں باطل ہوگئیں اور وہ گمراہ ہوگیا۔ اس کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے چنانچہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔ "ونفخت فیہ من روحی" و نیز ارشاد باری ہوتا ہے۔ یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ۔ ان نفوس کے درمیان عقل واسطہ ہے۔

کمیل ، مولا نفس لاہوتیہ اور نفس ملکوتیہ کیا ہیں؟

حضرت امیر المومنینؑ :۔ نفس لاہوتی ایک قوت لاہوتی ہے جو حی بالذات ہے اس کی اصل عقل ہے۔ اسی سے ہر چیز کی ابتدا ہوئی اور اسی کی طرف سب کی بازگشت ہے۔

کمیل : مولا عقل کیا ہے؟

حضرت امیر المومنین : عقل ایک جوہر ہے جو مدرک کامل ہے اور تمام اشیاء پر ہر جہت سے محیط ہے اور ہر شے سے اس کی ایجاد و تکوین کے پہلے سے عالم ہے پس یہی علت موجودات اور انتہائے مطالب ہے۔

(کلمات مکنونہ صـ۷۳، شرح زیارت جامعہ ج ۳)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معانی وبیان

امام محمد باقر علیہ السلام نے جابر بن عبد اللہ انصاری سے فرمایا کہ یا جابر علیك بالبیان والمعانی۔ قال قلت وما البیان والمعانی؟ قال قال علی علیہ السلام (یعنی اے جابر تمہیں چاہیئے کہ سمجھیں کہ بیان کیا ہے اور معانی کیا ہے۔ عرض کیا کہ ابن رسولؐ اللہ فرمایئے کہ بیان و معانی کیا ہیں۔ فرمایا کہ ہمارے جد علی علیہ السلام نے فرمایا)

اَمَّا الْبَیَانُ فَھُوَ اَنْ تَعْرِفَ اللہَ سُبْحَانَہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ فَتَعْبُدَہٗ وَلَا تُشْرِكَ بِہٖ شَیْئًا وَاَمَّا الْمَعَانِی فَنَحْنُ مَعَانِیْہِ وَ

بیان یہ ہے کہ تو خداوند سبحان کو پہچانے کہ اس کے مثل کوئی شے نہیں ہے۔ پس تو اس کی عبادت کر اور کسی کو اس کا شریک نہ بنا اور معانی کے

فٹ نوٹ

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے نفس الہیہ کی اصل عقل کو قرار دیا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ وہ عقل ہے جس کا مقام لاہوت سے بھی بلند ہے۔ جس سے نفس الہیہ شروع ہوتا اور اسی کی طرف دعوت دیتا اور بحالت کمال اسی کی طرف عود کر جاتا ہے۔

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ :

"اول ما خلق اللہ العقل وانا العقل"

اس ارشاد سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ اس کے بعد غور طلب امر یہ ہے کہ نفس الہیہ کلیہ کون ہے۔ اس کی پہلی صفت یہ ہے کہ "منہ بدأت" یعنی اس سے اس کی ابتدا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے نور کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ففتق منہ نور علی یعنی پھر اس نور سے علیؑ کے نور کو نکال لیا۔ اس کی دوسری صفت یہ ہے کہ عنہ دعت والیہ دلت واشارت" یعنی یہ نفس اس کی طرف سے دعوت دیتا ہے۔ اور اسی کی طرف دلالت و اشارہ کرتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شریعت مستقلہ عقل کی ہے اور نفس اسی کی طرف دعوت دینے اور بلانے والا ہے۔ تیسری صفت یہ ہے کہ جب نفس الہیہ اس کی طرف عود کرتا ہے تو پورے کمال اور مشابہت کے ساتھ عود کرتا ہے۔ اس سے نفس اور عقل کی مشابہت تامہ معلوم ہوتی ہے۔ یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) و علی (علیہ السلام) میں مشابہت تامہ ہے۔ اسی مقام مقام سے دونوں کے نور واحد اور ایک ہونے کا راز کھل جاتا ہے پس عقل محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نفس کلیہ الہیہ علی مرتضیٰ علیہ السلام ہیں۔ جیسا کہ زیارت میں السلام علی نفس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللّٰہ القائمۃ بالسنن " یعنی سلام ہو نفس خدا پر جو سنن کے ساتھ قائم ہے اس سنن سے شریعت محمدیؐ کی طرف اشارہ ہے۔ اسی نفس الہیہ کو قرآن میں آیت مباہلہ میں نفس رسول کہا گیا ہے۔

نَحْنُ جَنْبُهُ وَيَدُهُ وَلِسَانُهُ وَأَمْرُهُ وَحُكْمُهُ وَعِلْمُهُ وَحَقُّهُ إِذَا شِئْنَا شَاءَ اللّٰهُ وَيُرِيدُ اللّٰهُ مَا نُرِيدُهُ فَنَحْنُ الْمَثَانِي الَّذِي أَعْطَانَا اللّٰهُ نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَنَحْنُ وَجْهُ اللّٰهِ الَّذِي يَتَقَلَّبُ فِي الْأَرْضِ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ فَمَنْ عَرَفَنَا فَأَمَامَهُ الْيَقِينُ وَمَنْ جَهِلَنَا فَأَمَامَهُ السِّجِّينُ وَلَوْ شِئْنَا خَرَقْنَا الْأَرْضَ وَصَعِدْنَا السَّمَاءَ وَإِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَ هٰذَا الْخَلْقِ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ

(غرر الحکم)

معنی یہ ہیں کہ ہم اس کے معانی ہیں اور ہم ہی اس کے پہلو و ہاتھ اس کی زبان اور اس کا امر و حکم ہیں۔ ہم ہی اس کا علم اور اس کا حق (یعنی حقائیت کے عارف) ہیں جب ہم چاہتے ہیں خدا بھی چاہتا ہے اور ہم جو ارادہ کرتے ہیں خدا بھی وہی ارادہ کرتا ہے پس ہم ہی وہ مثانی ہیں جنہیں خدا نے اپنے نبی کو عطا کیا ہے اور ہم ہی وہ وجہ اللہ ہیں جو زمین پر تمہارے درمیان اپنی مرضی سے تصرف کرتے ہیں پس جس نے ہماری معرفت حاصل کی اس کے سامنے یقین ہے اور جو واقف نہ ہوا اس کے آگے سجین ہے اگر ہم چاہیں تو زمین کو شق کر دیں اور آسمان پر صعود کر جائیں بہ تحقیق کہ اس مخلوق کی بازگشت ہماری ہی طرف ہے اور پھر ہم ہی ان کا حساب لینے والے ہیں۔

اقسام روح

کافی میں حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد منقول ہے کہ:-

ان للانبیاء وهم السابقون خمسة ارواح روح القدس وروح الایمان وروح القوة وروح الشهوة وروح البدن وقال فبروح القدس بعثوا انبیاء وبها علموا الاشیاء وبروح الایمان عبدوا اللّٰه ولم یشرکوا به شیاء وبروح القوة جاهدوا عدوهم وعالجوا معاشهم وبروح الشهوة اصابوا لذیذ الطعام ونکحوا الحلال من شباب النساء وبروح البدن دبوا ودرجوا ثم قال وللمومنین وهم اصحاب الیمین

انبیاء کے لئے جو گروہ سابقین ہیں پانچ روحیں ہیں، روح القدس، روح ایمان، روح القوت، روح الشہوت اور روح البدن اور فرمایا کہ انبیاء روح قدس کے ساتھ مبعوث کئے گئے اور انہوں نے اسی کے سبب اشیا کو معلوم کیا اور روح ایمان کے سبب خدا کی عبادت کی اور کسی کو اس کا شریک نہیں گردانا اور روح القوت کے سبب اپنے دشمنوں سے جہاد کیا اور معاش کی تدبیر کی اور روح شہوت کے سبب لذت طعام حاصل کی اور جوان عورتوں سے نکاح حلال کیا اور روح بدن کے سبب چلتے پھرتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ آخری چار روحیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الاربعة الآخرة وللكفار وهم اصحاب الشمال الثلثة الاخيرة
(کلمات مکنونہ صـ ٦٦)

مومنین کے لئے ہیں جو اصحاب یمین (اصحاب علیؑ) کہلاتے ہیں اور آخری تین روحیں کفار کے لئے ہیں جو اصحاب شمال ہیں۔

۲۔ اصول کافی میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوکر روح کے متعلق سوال کیا کہ آیا وہ جبرئیل نہیں ہے۔

حضرت نے جواب دیا کہ:

جبرئيل من الملائكة الروح غير جبرئيل فكرر ذلك على الرجل فقال له لقد قلت شيئا عظيما من القول ما احد يزعم ان الروح غير جبرئيل فقال عليه السلام - انك ضال و تروى عن اهل الضلال يقول الله عزوجل لنبيه اتى امر الله فلا تستعجلوه سبحانه و تعالى عما يشركون ينزل الملائكة بالروح من امره على من يشاء من عباده فالروح غير الملئكة
(کلمات مکنونہ)

جبرئیل ملائکہ سے ہیں اور روح غیر جبرئیل ہے۔ حضرت نے مکرر یہی فرمایا اس وقت وہ شخص کہنے لگا کہ آپ تو بہت بڑی بات کہہ رہے ہیں کوئی شخص ایسا نہیں جو روح کو جبرئیل کے علاوہ سمجھتا ہو۔
پس حضرت نے فرمایا کہ تو گمراہ ہے اور گمراہوں سے روایت کرتا ہے خداوند تعالیٰ نے اپنے پیغمبر سے ارشاد فرمایا کہ امر خدا آگیا (ان لوگوں سے کہو کہ) تم بے صبری نہ کرو خدا اس سے پاک ہے کہ اس کا کوئی شریک ہو۔ وہ ملائکہ کو روح کے ساتھ جو اس کے عالم امر سے ہے اپنے جس بندہ پر چاہتا ہے نازل کرتا ہے تاکہ وہ روز قیامت سے ڈرائے پس روح ملائکہ سے نہیں ہے۔

آئمہ طاہرین کی منزلت

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا:-

۱۔ نزهونا عن الربوبية وارفعوا عنا حظوظ البشرية يعنى الحظوظ التى تجوز عليكم فلا يقاس بنا احد من الناس فانا نحن اسرار الالهية المودعة فى الهياكل البشرية وكلمة الربانية الناطقة فى الاجساد الترابية وقولوا

ہم کو ربوبیت سے پاک رکھو اور صفات بشری سے بلند رکھو یعنی ان صفات سے جو تمہارے لئے جائز ہیں پس ہم میں سے کسی ایک کے لئے بھی لوگوں کے ساتھ قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ بہ تحقیق ہم اسرار الٰہی ہیں جو ہیئت بشریہ میں ودیعت کئے گئے ہیں۔
اور خاکی اجساد میں ہم پروردگار کے کلمات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ما استطعتم فان البحر لا ينزف وسر الغيب لا يعرف وكلمة الله لا توصف ۃ

(بحر المعارف ص۴۵۵، کلمات مکنونہ ص۱۶۹)

ناطق ہیں پھر جتنی تمہاری استطاعت ہو ہماری فضیلت) کہو۔ پس بہ تحقیق کہ سمندر خشک نہیں ہوتا غیب کے اسرار پہچانے نہیں جا سکتے اور خدا کے کلمات کی توصیف نہیں کی جا سکتی۔

۲-: انّی من احمد بمنزلة الضوء من الضوء كنّا ظلالاً تحت العرش قبل خلق البشر وقبل خلق الطينة التی منها البشر اشباحاً لا اجساماً نامية انّا امرنا صعبٌ مستصعبٌ لا لا يعرف كنهه الّا ثلثة ملك مقرب اونبیٌ مرسلٌ اومومن امتحن اللّٰه قلبه للايمان فاذا انكشف لكم سره وضح لكم امره فاقبلوه والّا فاسكتوا تسلّموا وردّوا علمنا الى اللّٰه فانكم اوصع مابين الارض والسماء ۃ

(بحر المعارف ص۲۶۳)

بہ تحقیق کہ میں احمدؐ سے ضو سے ضو کی منزلت پر ہوں خلقت بشری اور اس طینت کی خلقت سے پہلے کہ جس سے بشر کی خلقت ہوئی ہم دونوں عرش کے تحت ظلال تھے اور نامیاتی اجسام کی شکل میں نہ تھے بلکہ اشباح تھے بہ تحقیق کہ ہمارا امر دشوار اور دشوار تر ہے اس کی کنہ کو سوائے تین کے یعنی ملک مقرب نبی مرسل یا اس مومن کے جس کے قلب کا خدا نے ایمان کے ساتھ امتحان لے لیا ہو اور کوئی پہچان نہیں سکتا پس جب تم پر کوئی راز منکشف ہو اور اس کا امر واضح ہو اس کو قبول کر لو اس سے متمسک رہو اور تسلیم کر لو یا اللہ کی طرف ہمارے علم کو رجوع کر دو بہ تحقیق کہ تم اس سے متمتع ہو گئے جو آسمان اور زمین کے درمیان ہے۔

۳-: واللّٰه لقد خلفنی فی امة و انا حجة اللّٰه عليهم بعد نبيهم و انّ ولايتی لتلزم اهل السماء كما تلزم اهل الارض وانّ الملئكة لتتذاكر فضلی و ذلك تسبيحها عند اللّٰه ۃ

(بحر المعارف ص۴۲۸)

خدا کی قسم کہ مجھے امت پر خلیفہ بنایا گیا ہے اور نبیؐ کے بعد میں ان پر حجت خدا ہوں اور بہ تحقیق کہ میری ولایت اہل آسمان پر اسی طرح لازم کی گئی ہے جیسا کہ اہل زمین پر اور بیشک ملائکہ میری فضیلت کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور خدا کے پاس یہی ان کی تسبیح ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قضا و قدر

شام سے واپسی کے بعد ایک شخص نے حضرت امیر المومنین سے سوال کیا کہ یا امیر المومنین شام کی طرف ہمارا خروج قضا و قدر کے تحت تھا یا نہیں۔

امیر المومنین :۔ نعم یا شیخ ما علوتم تلعۃ ولا ھبطتم بطن واد الا بقضاً من عند اللہ ۵

ہاں اے شیخ کوئی چیز زمین پر بلند نہ ہوئی اور کسی مقام پر تم نہیں اترے مگر خدا کے حکم سے۔

سائل :۔ عند اللہ احتسب عنائی واللہ ما اری من الاجر شیئاً ۵

کیا میں تمام سختیوں کو خدا کی طرف سے سمجھوں۔ خدا کی قسم کیا مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی اجر نہیں ملے گا۔

امیر المومنین :۔ بلی فقد عظم اللہ لکم الاجر فی مسیرکم وانتم ذاھبون وعلی منصرفکم وانتم منقلبون ولم تکونوا فی شیا من حالاتکم مکرھین ولا الیہ مضطرین ۵

ہاں خدا تمہارے اجر کو تمہارے زمانہ حیات میں اور تمہاری واپسی کے مقام پر بڑھائے گا جہاں تمہیں لوٹنا ہے نہ تم اپنے حالات میں مضطر رہو اور نہ کسی شے کو مکروہ سمجھو۔

سائل : وکیف لا تکون مضطرین والقضاء والقدر ساقانا وعنھما کان مسیرنا ۵

کیونکر ہم بے قرار نہ ہوں کہ قضا و قدر دونوں قدم کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں اور ہمارا سفر ان ہی سے متعلق ہے۔

امیر المومنین :۔ لعلّک اردت قضاءً لازماً و قدراً حتماً ولو کان کذلک لبطل الثواب والعقاب وسقط الوعد والوعید والآمر من اللہ والنّھی وما کانت تاتی من اللہ لائمۃ لمذنبٍ ولا المُذنبُ اولیٰ بعقوبۃِ المذنب من المحسن تلک مقالۃ اِخوانِ عَبَدَۃِ الاَوثان وجُنودِ الشیطانِ وخصماءِ الرحمٰن وشھداءِ الزّور والبھتان واھل البُغی والطغیان ھم قدریّۃ ھذہِ الامّۃ ومجوسھا انّ اللہ اَمَرَ عبادہ تخیراً ونھاھم تحذیرا وکلّف یسیراً واعطیٰ علی القلیل کثیراً ولَمْ یُطَعْ مُکرَھاً ولم یُعْصَ مَغلوبًا ولم یُکلِّف عَسیراً وَلَمْ یُرسِلِ الانبیاءَ ھزلاً ولَمْ یُنزِلِ القرآنَ عَبثاً وَلَمْ یَخلِقِ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السمٰوٰتِ والارضَ ومَا بینهُمَا باطلاً ذالِکَ ظَنُّ الَّذِینَ کَفَرُوا فَوَیلٌ لِّلَّذِینَ کَفَروا مِنَ النّار وقوله "وقضیٰ ربکَ الّا تعبدوا الّا ایّاہ"۔

ترجمہ :- شاید تو نے یہ سمجھا ہے کہ قضا لازم اور قدر حتمی ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ثواب و عقاب باطل ہو جاتے اور (جنت اور جہنم کے) وعدہ وعید ساقط ہو جاتے خدا کی جانب سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور دیگر نیک کام قابل ستائش ہوتے اور نہ گناہ قابل نکوہش جو کچھ خدا کی جانب سے واقع ہوتا ہے وہ گنہگار کے لئے ملامت نہیں ہے اور گناہ گار محسن کی جانب سے نازل ہونے والی عقوبت سے بہتر نہیں ہوتا۔ یہ قول بت پرستوں کے بھائیوں، شیطان کے لشکر اور خداوند رحمان کے دشمنوں دروغ گو بہتان لگانے والے اہل بغی و کفار کا ہے وہ اس امت کی جماعت قدریہ اور مجوس ہیں۔ بہ تحقیق کہ خدا نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے کہ اچھی طرح واقف ہو جائیں اور غایت کو گھٹائیں اس نے ان کی تکلیف کو آسان کر دیا اور کردار قلیل پر عطائے کثیر فرمایا۔ کسی شخص کو کراہت کے ساتھ اپنی اطاعت میں نہ رکھا۔ دست غلبہ کے ساتھ کسی کو معصیت میں نہ گھیرا کسی کو تکلیف شاقہ کا حکم نہ دیا۔ پیغمبروں کو ہنسی و مذاق و بیہودگی کے لئے نہ بھیجا اور قرآن کو عبث نازل نہ کیا اور آسمانوں زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے ناحق نہ پیدا کیا۔ یہ کفار کا گمان ہے کہ ایسا سمجھتے ہیں۔ پس ویل ہے ان لوگوں کے لئے جو جہنم سے انکار کرتے ہیں چنانچہ ارشاد خداوندی ہے کہ "وقضیٰ ربکَ الّا تعبدوا الّا ایّاہ" یعنی خدا نے حکم دیا ہے کہ سوائے اس کے کسی اور کی عبادت نہ کریں۔ (احتجاج طبرسی ص ۳۱)

ایک سائل نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین یہ قضا و قدر کیا ہے؟

ارشاد فرمایا کہ :-

اَلاَمرُ بالطَّاعَةِ وَالنَّهیُ عَنِ المَعصِیَةِ التَّمکِینُ مِن فِعلِ الحَسَنَةِ وَتَرکُ المَعصِیَةِ وَالمَعُونَةُ عَلَی القُربَةِ اِلَیهِ وَالخِذلَانُ لِمَن عَصَاهُ وَالوَعدُ وَالوَعِیدُ وَالتَّرغِیبُ وَالتَّرهِیبُ کُلُّ ذالِکَ قَضَاءُ اللّٰهِ فی افعالنا وقَدَرُهُ لِاَعمالنا وَاَمّا غَیرُ ذالِکَ فَلَا تَظُنَّهُ فَاِنَّ الظَّنَّ لَهُ مُحبِطٌ بالاَعمال۔

ترجمہ : طاعت خداوندی کا حکم دینا اور گناہوں سے منع کرنا افعال حسنہ سے متمکن رہنا اور گناہوں کا ترک کرنا، قرابت داروں کی امداد، اہل عصیان سے دوری، نیکوکاروں کو خوشخبری کا وعدہ اور بدکاروں کو سزا سے خوف دلانا، نیکوکاری کی ترغیب اور بدکاری کے انجام سے ڈرانا یہ سب ہمارے افعال میں قضائے خداوندی ہے اور ہمارے اعمال میں اس کا قدر یہ ہے۔

(یعنی اعمال پر ہم کو مقدرت دی گئی ہے) اور اگر اس کے علاوہ تو کوئی اور خیال کرتا ہے تو ایسا گمان نہ کر کیونکہ اس کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھ گمان کرنا اعمال کو گھیر لیتا ہے (یعنی پاداش اعمال میں کوئی فائدہ نہیں پہونچتا۔)

ایک اور شخص نے قضا و قدر کے متعلق سوال کیا تو فرمایا:۔

لَا تَقُولُوا وَكَلَهُمُ اللّٰهُ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ فَتُوهِنُوهُ وَلَا تَقُولُوا اَجْبَرَهُمْ عَلَى الْمَعَاصِي فَتَظْلِمُوهُ وَلٰكِنْ قُولُوا الْخَيْرُ بِتَوْفِيقِ اللّٰهِ وَالشَّرُّ بِخِذْلَانِ اللّٰهِ وَكُلٌّ سَابِقٌ فِي عِلْمِ اللّٰهِ ۃ

ترجمہ: یہ مت کہو کہ خدا نے لوگوں کو تمام اختیار کے ساتھ چھوڑ دیا ہے پس اگر ایسا کہا تو اس کی توہین کی و نیز یہ مت کہو کہ خدا نے معصیت کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ ایسا کہنا خدا کو ظالم ٹھہرانا ہے لیکن یہ کہو کہ خیر خدا کی توفیق سے ہے اور شر خدا کو چھوڑ دینے کی وجہ سے ہے یہ سب سابق سے اللہ کے علم میں ہے

ایک اور شخص کے سوال پر ارشاد فرمایا کہ:

یہ راستہ نہایت تاریک ہے اس پر چلنے کی کوشش نہ کرو، یہ ایک نہایت گہرا سمندر ہے اس کی تہہ میں جانے کی سعی نہ کرو، یہ خدا کا ایک راز ہے اس میں تکلیف نہ کرو (ینابیع المودۃ)

منزلت مرتضوی ؑ

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:۔

۱:۔ انا الهادی وانا المهتدی وانا ابو اليتامى والمساكين وزوج الارامل وانا ملجأ كل ضعيف ومأمن كل خائف وانا قائد المومنين الى الجنة وانا حبل الله المتين وانا عروة الوثقى وكلمة التقوى وانا عين الله وباب الله ولسان الله الصادق انا جنب الله الذى يقول الله تعالىٰ فيه ان تقول نفس يا حسرتىٰ على ما فرطت فى جنب الله وانا يد الله المبسوطة على عباده بالرحمة والمغفرة وانا باب حطة من عرفنى وعرف حقى فقد عرف ربه لانى وصى نبيه فى ارضه وحجته على خلقه لا ينكر نفس الا رادّ على الله ورسوله ۃ

ترجمہ: میں ہادی ہوں، میں مہدی ہوں میں یتیموں اور مسکینوں کا باپ ہوں اور بیوہ عورتوں کا مونس ہوں تمام کمزوروں کے لئے جائے پناہ ہوں، اور خوف زدہ کے لئے مقام امن ہوں۔ میں مومنین کے لئے جنت کا قائد ہوں میں خدا کی مضبوط رسی ہوں۔ (یعنی خدا تک پہونچنے کا وسیلہ ہوں) میں ایک محکم اور قابل اعتماد وسیلہ ہوں اور پرہیزگاری کا کلمہ ہوں میں عین اللہ ہوں میں باب اللہ ہوں اور خدا کی زبان صدق ہوں میں وہ جنب اللہ ہوں جس کے متعلق خدا فرماتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ کوئی شخص کہنے لگا کہ ہائے افسوس میری کوتاہی پر جو میں نے جنب اللہ کے متعلق کی (پ۲۴) میں اللہ کا وہ ہاتھ ہوں جو اس کے بندوں پر رحمت و مغفرت کے ساتھ کھلا ہوا ہے۔ میں باب حطہ ہوں جس نے مجھے پہچانا اور میرے حق کو سمجھا، اس نے اپنے رب کو پہچانا کیونکہ میں زمین پر اس کے نبیؐ کا وصی ہوں اور مخلوق پر اس کی حجت ہوں اس بات سے وہی انکار کرے گا جو اللہ اور رسولؐ کی بات کا رد کرنے والا ہوگا۔

(ینابیع المودة، غنقات الا)

۲- انا قسیم اللّٰہ بین الجنة والنّار وانا الفاروق الاکبر وانا صاحب العصا المیسم ولقد اقرّت لی جمیع الملائکة والروح بمثل ما اقرت لمحمد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وھی حمولة الرّب وان محمّدا صلی اللّٰہ علیہ وآلہ یدعی فیکسی ویستنطق وادعی فاکسی واستنطق فانطق علی حدّ منطقہ ولقد اعطیت خصالا لم یعطھنّ احد قبلی علمت علم المنایا والبلایا والانساب وفصل الخطاب فلم یفتنی ما سبق ولم یعزب عنی ما غاب عنی البشر باذن اللّٰہ واودّی عن اللّٰہ کل ذالک کمننی اللّٰہ فیہ ؕ

(بحار المعارف ص۳۳۷)

ترجمہ :- میں اللہ کی جانب سے جنت و جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں میں فاروق اکبر ہوں میں صاحب عصا[1] و میسم[2] ہوں۔ تمام ملائکہ اور روح نے میرے لئے اسی طرح اقرار کیا جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے کیا تھا اور میرے اسی طرح متحمل ہوئے۔ جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے متحمل ہوئے تھے۔ پروردگار سے متحمل ہونا یہی ہے۔ یہ تحقیق کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعا کرتے تھے اور اس کی پیروی کرتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے۔ (اسی طرح) میں بھی دعا کرتا ہوں اس کی پیروی کرتا ہوں اور اپنی حد نطق تک کلام کرتا ہوں۔ مجھے چند خصائص عطا ہوئی ہیں جو مجھ سے قبل کسی کو بھی عطا نہیں ہوتیں۔ یعنی مجھے علم منایا و بلایا علم انساب اور فصل الخطاب عطا ہوئے ہیں کوئی چیز نہ مجھ سے پوشیدہ ہے اور نہ غائب۔ میں اللہ کے حکم سے بشارت دیتا ہوں (نیز ایسی ہی چیزیں مجھے اللہ کی جانب سے عطا ہوئی ہیں جن میں میں مہارت و قدرت رکھتا ہوں۔

سات مخصوص عطایا

حضرت امیر المومنین نے ارشاد فرمایا کہ :-

ع[1] : اجتماع مسلمین کا سبب ہوں۔ ع[2] وہ آیات جو دلیل امامت ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

واللّٰہ لقد اعطانی اللّٰہ تبارک وتعالیٰ سبعۃ اشیاء لم یعلمھا احداً قبلی خلا محمّد صلی اللّٰہ علیہ وآلہ لقد فتحت لی السبیل وعلمت الانساب واجری لی السحاب وعلمت المنایا والبلایا وفصل الخطاب ولقد نظرت فی الملکوت باذن ربّی فما غاب عنی ما کان قبلی ولا فاتنی ما کان بعدی و انّا لولا یتی اکمل اللّٰہ لھذا الامۃ دینھم واتم علیھم النعم ورضی اسلامھم اذیقول یوم الولایۃ لمحمد یا محمد اخبرھم انی اکملت لھم الیوم دینھم ورضیت لھم الاسلام دیناً واتممت علیھم نعمتی کل ذالِکَ من اللّٰہ بہ علیّ فلہ محمّدہٗ

ترجمہ: خدا کی قسم کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے مجھے ایسی سات اشیاء عطا فرمائی ہیں جو مجھ سے پہلے سوائے محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے کسی اور کو عطا نہیں ہوئیں پس میرے لئے راستے کھولے گئے مجھے علم الانساب دیا گیا۔ بادل میرے تحت کر دیئے گئے مجھے علم الاموات علم بلایا اور حق و باطل میں امتیاز کرنے والی قوت فیصلہ دی اور بہ تحقیق کہ میں اپنے پروردگار کی اجازت سے ملکوت کو دیکھتا ہوں۔ جو کچھ مجھ سے قبل تھا مجھ سے غائب یا محو نہیں ہوتا اور جو کچھ میرے بعد واقع ہونے والا ہے مجھے مفقود نہیں کرتا بہ تحقیق کہ اللہ نے میری ولایت پر اس امت کے دین کو کامل کیا اور ان پر نعمتوں کو تمام کیا اور ان کے اسلام سے راضی ہوا۔ جیسا کہ حضرت محمد صلعم کے لئے یوم ولایت کہا گیا کہ اے محمدؐ ان کو خبر دے دو کہ بیشک میں نے آج کے روز ان کے لئے دین کو مکمل کر دیا اور ان کے دین اسلام سے راضی ہوا اور ان پر اپنی نعمت پوری کر دی وہ سب (عنایات) مجھ پر اللہ کی جانب سے ہیں اور اس کے لئے حضرت محمدؐ ہیں۔

(کتاب الخصال، بحر المعارف ص۳۴۲)

محب علیؑ و مبغض علیؑ

ایک شخص حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا۔

یا علیؑ انی احبك فقال علیہ السلام کذبت اِنَّ اللّٰہ خلق الارواح قبل الاجساد بالفی عام ثم عرض علی المطیع منھا والعصاۃ فما رایناك یوم العرض فی المحبین فاین کنت وقال لو ضربت خیشوم المومن علی ان یبغضنی ما فعل ولو صُبَّت الدنیا علی ان یحبنی لمنافق

یا علیؑ میں آپ کو دوست رکھتا ہوں فرمایا کہ تو جھوٹا ہے۔ بہ تحقیق کہ خدا نے ارواح کو اجساد سے دو ہزار سال قبل پیدا کیا تھا اور ان میں سے اطاعت گذاروں اور منکروں کو میرے پاس پیش کیا تھا میں نے اس روز تجھ کو محبون میں نہیں دیکھا تھا اس وقت تو کہاں تھا اور فرمایا اگر مومن کی ناک پر ضرب لگائی جائے کہ مجھ سے بغض کرے تو وہ نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مافعل وبذالك اخذ الله الى العهد فى الازل ولم يزل ہ	کرے گا اور اگر منافق کو دنیا پیش کر دی جائے کہ مجھ سے محبت کرے تو نہیں کرے گا اور اسی کے ساتھ خدا نے یوم ازل نے میرے متعلق عہد لیا اور اس کو زائل کیا۔
(بحر المعارف صـ ۴۹۴)	

نوٹ:۔ اسی لئے آپ نے اس سے فرمایا کہ میں نے تجھ کو دوستوں میں نہیں دیکھا تھا تو کہاں تھا پس اسی کے ساتھ عالم ارواح میں ارواح پیش کی گئیں اور عالم اجساد میں اعمال پیش کئے گئے اور انہی کے سامنے موت کے وقت پیش کئے جائیں گے اور وفات کے بعد وہ ان کے مقام کو جانتے ہیں اور وہ عالم میں اس کے جو ہونے والا ہے۔ پس علیؑ ولی ارواح ولی ادیان، ولی ایمان، ولی حیات، ولی ممات، ولی نعیم اور ولی عذاب ہیں پس ہلاکت ہے جھٹلانے والے اور شک کرنے والے کیلئے اللہ حق کی طرف ہدایت کرتا ہے اور اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

دنیا کی مذمت

حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا:۔

(۱) جو شخص آخرت کے ثواب کی طرف رغبت رکھتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ وہ دنیا کی چند روزہ لذات کو ترک کرتا ہے اور جو شخص دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے، وہ تقسیم الٰہی کی رو سے نقصان میں نہیں رہتا کیونکہ اسے دنیا کے فائدہ سے زیادہ آخرت میں ثواب ملتا ہے۔ دنیا کی لذتوں کے حریص کو حرص کی وجہ سے کچھ زیادہ بھی نہیں ملتا اور وہ آخرت کے ثواب سے بھی محروم ہو جاتا ہے۔

(۲) اے ابن آدم اگر تو دنیا کے سامان سے یہ ارادہ رکھتا ہے کہ وہ تیرے لئے کفایت کرے تو تھوڑا سامان بھی کافی ہوگا اور اگر کفایت کا ارادہ نہیں تو زیادہ سے زیادہ سامان بھی کفایت نہ کرے گا۔

(اصول کافی ج ۲۔ ب ۶۱۔)

ترک دنیا

تمام اسلامی مورخین کا اتفاق ہے کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام ہر روز نماز عشاء کے بعد باواز بلند فرمایا کرتے تھے۔

" اے بندگان خدا، خدا تمہیں اپنی رحمت میں داخل کرے چلنے کی تیاری کرو سفر آخرت پر آمادہ رہو۔ تمہاری جماعت میں یہ آواز دے دی گئی ہے۔ اس مٹ جانے والی دنیا سے دل نہ لگاؤ اور اپنے اعمال نیک کو جو تمہاری راہ آخرت کا توشہ ہیں اپنے ساتھ لے لو کیونکہ راستوں میں بہت سی خوفناک سڑکیں اور دشوار گذار راہیں ہیں جو تمہیں پیش آنے والی ہیں اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جنہیں تم کو عبور کرنا ضروری ہے سمجھ لو کہ موت کی نگاہیں ہمیشہ تمہاری طرف گڑی ہوئی ہیں اور اس کے پنجے تمہاری طرف کشادہ ہیں تم ہر وقت اپنے آپ کو موت کے پنجہ میں گرفتار سمجھو اور اس کے ناخنوں کو اپنے جسم میں گڑا ہوا سمجھو، سکرات اور جان نکلنے کی سختیوں کو ہمیشہ اپنے پیش نظر رکھو دنیا اور علائق دنیا سے قطع تعلق کرو اور تقویٰ و پرہیزگاری کو اپنا شریک بناؤ۔ (سراج المبین ج ۲)

دنیا

دنیا کو مخاطب کر کے حضرت نے فرمایا :۔

الیکَ عنّی یا دنیا حبلکَ علیٰ غاربک قد انسلت من مخالبک وافلت من حبائلک واجتنبت الذھاب فی مداحضك این القوم الذین غررتھم بمداعبك واین الامم الذین فتنتھم بزخارفك ھا ھم رھائن القبور ومضامین اللحود واللّٰہ لو کنت شخصاً مرئیاً وقالباً حسّیاً لاَقمت علیکَ حدود اللّٰہ فی عباد غررتھم بالامانی وامم القیتھم فی المھاوی وملوك اسلمتھم الی التلف واوردتھم موارد البلاء اذ لا ورد ولا صدر ھیھات من وطیٔ دحضك زلق ومن رکب لججك غرق ومن ازورّ عن حبائلك وفق والسالم منك لا یبالی ان ضاق به مناخه والدنیا عنده کیوم حان انسلاخه

ترجمہ : اے دنیا ہٹ جا میری طرف سے تیرا پھندا تیری پیٹھ پر ہی رہے میں تیرے پنجوں سے باہر ہوں اور تیرے فتنوں سے دور ہوں اور تیرے پھندوں سے دور ہٹ چکا ہوں، تیرے فریب میں جانے سے میں نے اجتناب کیا ہے۔ کہاں ہیں وہ قومیں جنہیں تو نے اپنے فریبوں سے دھوکا دیا تھا اور کہاں ہیں وہ امتیں جنہیں تو نے اپنی دولتوں سے فتنوں میں مبتلا کیا تھا آگاہ ہو کہ وہ اب قبروں میں قید ہیں اور لحدوں میں چھپے ہوئے ہیں۔ قسم خدا کی اگر تو ایک شخص ہوتی کہ دیکھی جاتی یا ایک حسی قالب ہوتا تو میں خدا کے حدود تجھ پر ان بندوں کی وجہ قائم کرتا جن کو تو نے آرزوں کے ساتھ دھوکا دیا اور ان امتوں کے لئے جن کو تو نے ہلاکت میں ڈالا اور ہوا و ہوس میں مبتلا کیا اور ان بادشاہوں کے لئے جن کو تو نے تلف کے سپرد کر دیا اور ان کو بلا کے ان مقامات پر پہونچایا جہاں ان کی کوئی جگہ نہ تھی افسوس جو چلا اور اکڑ کر چلا وہ گرا اور جو تیری موجوں پر سوار ہوا وہ غرق ہوا اور جو تیرے پھندے سے الگ ہوا اور اس کو سلامتی کی توفیق ہوئی وہ پرواہ نہیں کرتا خواہ اس کا راستہ اس کے لئے تنگ ہو جائے۔ دنیا اس کے نزدیک ایک دن کی طرح ہے جس کا ختم ہونا قریب ہو۔ (بحر المعارف ص ۵۳۷)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قطع طمع از دنیا

ایها الناس مثلکم حمار معصوب العین مشدود فی طاحونة یدار لیله و نهاره فیما نفعه قلیل وعناۂله طویل ومع ھذا انه یعتقد قد قطع المراحل وبلغ المنازل حتی اذا کشف عیناه قد اصبح ورای مکانه لم یبرح اخذ ما فیه دعا دالی ماکان علیه فالحق بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیهم فی الحیوة الدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون ضعًا و علی ھذا امضت القرون طرّا وھلم جرّا فرحم اللّٰه امرأ اعد لنفسه واستعد لرمسه وعلم من این وفی این والی این ۃ

ترجمہ:۔ اے لوگو تمہاری مثال اس گدھے کی ہے جس کی آنکھیں بند ہیں اور وہ اپنے کھونٹے پر بندھا ہوا ہے اس کے لیل ونہار اس طرح گذرتے ہیں کہ اس کا نفع قلیل اور اس کی آرزو طویل ہے اس کے باوجود وہ اعتقاد رکھتا ہے کہ اس نے کئی مراحل طے کئے ہیں اور اپنی منزل تک پہنچ چکا ہے یہاں تک کہ جب اس نے آنکھیں کھولیں اور صبح کی اور اپنی جگہ کو دیکھا تو اس کو کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اس میں جو کچھ تھا اس نے لیا اور اس چیز کی طرف لوٹ گیا جس پر وہ تھا پس سچ یہ ہے کہ کم اعمالوں کے لئے حیات دنیا میں ان کی کوشش ضائع ہوگئی اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ اچھے اعمال کئے اسی طرح صدیاں گذر رہی ہیں اور گذرتی رہیں گی۔ پس خدا اس پر رحم کرتا ہے جس نے اپنے نفس کے لئے ذخیرہ جمع کیا ہے اور اپنی بازگشت (مرنے) کے لئے مستعد ہے اور وہ جانتا ہے کہ وہ کہاں سے آیا ہے اور کہاں جائے گا۔ (بحر المعارف ص۲۵۵)

دنیا کے دو اشخاص

حضرت نے حفص سے فرمایا کہ:۔

دنیا میں سوائے دو اشخاص کے کسی کے لئے بہتری نہیں ایک وہ کہ جس کا احسان ہر روز زیادہ ہوتا رہتا ہے اور دوسرا وہ جو توبہ کے ساتھ اپنی آرزوں کا تدارک کرتا رہتا ہے۔ پس خدا کی قسم اگر وہ سجدے کرتا جائے یہاں تک کہ اس کی گردن منقطع ہو جائے خدا اس کے کسی عمل کو قبول نہ کرے گا مگر ہم اہلبیتؑ کی ولایت کے ساتھ آگاہ ہو جاؤ کہ جنہوں نے ہمارے حق کو پہچانا اور ہر روز اپنے رزق سے راضی رہے اور اس چیز سے راضی رہے جس سے اپنی ستر پوشی ہو اور اپنا سر ڈھانکے رہے وہ ہمارے ساتھ ثواب کے امیدوار ہوئے اس کے باوجود وہ لوگ خوف کے عالم میں رہتے ہیں اور غور کرتے رہتے ہیں کہ دنیا سے یہی ان کا نصیب ہے اور اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ان کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وصف بیان کیا ہے کہ " وہ لوگ اس میں سے بخشش کرتے ہیں جو ان کو ملا ہے۔ خدا کی قسم طاعت، محبت اور ولایت سے جو چیز ان کو دی گئی ہے ان کے قلوب ڈرے ہوتے ہیں کہ کہیں یہ مقام قبولیت سے نہ گر جائیں قسم بخدا ان کا خوف نہیں ہے جس میں وہ ثابت دین کے ساتھ ہیں بلکہ وہ اس بات سے خوف زدہ ہیں کہ وہ ہماری طاعت ومحبت میں کہیں تقصیر کرنے والے تو نہیں۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر تو اس بات کی قدرت رکھتا ہے کہ اپنے گھر سے نہ نکلے تو ایسا ہی کر۔ پس تجھ پر لازم ہے کہ گھر سے باہر نکلے تو کسی کی غیبت نہ کرے، جھوٹ نہ بولے، حسد نہ کرے، دکھاوا تصنع اور فریب نہ کرے۔

پھر فرمایا مسلمان کا عبادت خانہ اس کا گھر ہے کہ اس کی آنکھ اس کی زبان اور اس کا نفس اور اس کی شرمگاہ محفوظ رہتے ہیں۔ بتحقیق کہ جس نے اللہ کی نعمت کو اپنے تہ دل سے پہچانا وہ اللہ کی طرف سے ثواب کا مستوجب ہوا قبل اس کے کہ اس کا شکر اپنی زبان سے بجا لائے۔

پھر فرمایا: اے حفص محبت افضل ہے خوف سے۔

خدا کی قسم جس نے دنیا کو دوست رکھا اور ہمارے غیر سے محبت کی اس نے خدا کو دوست نہ رکھا اور جس نے ہمارے حق کو پہچانا اور ہم سے محبت کی اس نے خدا کو دوست رکھا۔ یہ سن کر ایک شخص رونے لگا تو حضرت نے فرمایا کیا تو روتا ہے اگر تمام اہل آسمان و زمین جمع ہو کر خدا کی بارگاہ میں گریہ کریں کہ تجھ کو جہنم سے نجات مل جائے اور تو جنت میں داخل ہو تو وہ تیری شفاعت نہیں کر سکتے۔

اے حفص تو انکسار اختیار کر اور سرکش و سربلند نہ ہو (بحر المعارف ص۸۳)

زندگی کا دارومدار

ایک روز حضرت علی علیہ السلام نے جابر بن عبداللہ انصاری کو لمبی لمبی سانس لیتے دیکھ کر پوچھا کہ اے جابر کیا یہ تمہاری ٹھنڈی سانس دنیا کے لئے ہے۔ جابر نے عرض کیا کہ مولا ہاں ایسا ہی ہے حضرت نے فرمایا کہ جابر سنو انسان کی زندگی کا دارومدار سات چیزوں پر ہے اور انہی سات چیزوں پر لذتوں کا خاتمہ ہے (۱) کھانے کی چیزیں (۲) مشروبات (۳) لباس (۴) لذت نکاح (۵) سواری (۶) سونگھنے کی چیزیں (۷) سننے کی چیزیں۔

اے جابر اب ذرا ان کی حقیقت پر غور کرو کہ کھانے میں بہترین چیز شہد ہے جو ایک مکھی کا لعاب دہن ہے بہترین پینے کی چیز پانی ہے جو زمین پر مارا مارا پھرتا ہے۔ بہترین لباس دیباج ہے جو ایک کیڑے کا لعاب ہے بہترین منکوحات عورت ہے۔ دنیا اس کی جس چیز کو اچھی نگاہ سے دیکھتی ہے وہ وہی ہے جو اس کے جسم میں سب سے زیادہ گندی ہے۔ بہترین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سواری گھوڑا ہے جو قتل و قتال کا مرکز ہے۔ بہترین سونگھنے کی چیز مشک ہے جو ایک جانور کی ناف کا سوکھا ہوا خون ہے سننے کی بہترین چیز گانا ہے جو انتہائی بڑا گناہ ہے۔

اے جابر ایسی چیزوں کے لئے غافل کیوں ٹھنڈی سانس لے۔

جابر کہتے ہیں کہ اس ارشاد کے بعد میں نے پھر کبھی دنیا کا خیال نہ کیا۔

جابلقا وجابلسا

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ :۔

انّ للّٰہ بلدۃ خلف المغرب یقال لہا جابلقا وفی جابلقا سبعون الف امۃ لیس منہا امۃ لیس منہا امۃ الّا مثل ھٰذہ الامّۃ فما عصوا اللّٰہ طرفۃ عین فما یعملون عملا ولا یقولون قولا الّا الدّعاء علی الاولین والبرائۃ منہما والولایۃ لاہل البیت علیہم السلام۔

(البحر المعارف ص ۴۰۳)

بہ تحقیق کہ خداوند عالم نے مغرب کے پیچھے ایک شہر خلق فرمایا ہے جس کو جابلقا کہتے ہیں۔ جابلقا میں ستر ہزار امتیں ہیں اور ہر امت اس امت کے مثل ہے وہ ایک چشم زدن کے لئے بھی خدا کا کوئی گناہ نہیں کرتی وہ اولین پر دعا کرنے اور ان دو سے برأت حاصل کرنے اور ولایت اہلبیت علیہم السلام کے سوا نہ کوئی عمل بجا لاتے ہیں اور نہ کوئی بات کرتے ہیں۔

شیعہ کی تعریف

حضرت امیر المومنینؑ کا گذر ایک مرتبہ ایک جماعت کے پاس سے ہوا جن سے حضرت نے پوچھا کہ تم کس قوم سے تعلق رکھتے ہو، انہوں نے جواب دیا کہ ہم آپ کے شیعہ ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ بہت خوب! میں تو تم میں اپنے شیعوں کی کوئی علامت نہیں پاتا اور نہ ہی اپنے دوستوں کے لباس میں تمہیں ملبوس دیکھتا ہوں وہ لوگ شرمندہ ہو کر خاموش ہو گئے اور حضرت کے ساتھیوں میں سے ایک شخص نے عرض کی کہ یا امیر المومنینؑ آپ کے شیعوں کے علامات کیا ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ :۔ ہمارے شیعہ عارف باللہ ہوتے ہیں اور حکم خدا کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ وہ صاحب فضائل ہوتے ہیں اور سچ کہتے ہیں ان کی خوراک قوت لا یموت ہوتی ہے۔ ان کا لباس موٹا اور ان کی چال متواضع ہوتی ہے۔ اطاعت خدا میں اس سے ڈرتے رہتے ہیں اور اس کی عبادت میں خضوع و خشوع ظاہر کرتے ہیں۔ کبھی کسی حرام چیز پر نظر نہیں ڈالتے اپنے کان اپنے رب کے حکم پر لگائے رہتے ہیں وہ قضائے الٰہی پر راضی رہتے ہیں۔ اگر ان کی زندگی خدا نے ایک وقت معین تک مقرر نہ کی ہوتی تو ان کی روحیں اللہ سے ملاقات اور ثواب کے شوق میں ان کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اجسام میں ایک آن واحد کے لئے بھی قرار نہ پکڑتیں۔ دردناک عذاب کے خوف سے وہ اپنے خالق کو بڑا اور ہر چیز کو چھوٹا تصور کرتے ہیں۔ جنت ان کے نزدیک ایسی ہے گویا انہوں نے اسے دیکھا ہے اور اس کے تختوں پر ٹیک لگا کر بیٹھے ہیں اور دوزخ ان کے لئے ایسی ہے گویا انہیں اس میں عذاب دیا جا چکا ہے۔ ان کا انجام کار بہت طویل ہے۔ دنیا نے انہیں چاہا مگر انہوں نے دنیا کو نہ چاہا۔ دنیا نے انہیں طلب کیا مگر وہ اس کے قابو سے باہر رہے۔ وہ رات کے وقت صفیں باندھ کر اپنے قدموں کو قائم رکھتے ہیں ترتیل کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں اس کے امثال کی اپنے دلوں میں عزت کرتے ہیں کبھی اس کی دوا سے اپنے دکھوں کا علاج کرتے ہیں کبھی اپنے چہروں ہتھیلیوں گھٹنوں اور قدموں کو زمین پر بچھاتے ہیں۔ ان کے آنسو ان کے چہروں پر جاری رہتے ہیں اور وہ اپنی گردنوں کو چھڑانے کے لئے اس سے التجا کرتے ہیں اور جبّار عظیم کی بزرگی بیان کرتے ہیں ان کے شب و روز اسی طرح بسر ہوتے ہیں۔ یہ نیک عالم اور پرہیزگار ہیں۔ پاکیزہ اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑتے ہیں تھوڑے اعمال سے راضی نہیں ہوتے اور بڑے اعمال کو زیادہ بڑے نہیں خیال کرتے وہ اپنے نفسوں پر اتہام لگاتے ہیں اور اپنے اعمال سے ڈرتے رہتے ہیں۔ وہ دین کے بارے میں قوی، نرمی میں صاحب احتیاط ایمان میں صاحب یقین، علم میں حریص، فقہ میں فہیم، صبر میں علیم، ارادہ میں غنی، تنگ دستی میں صاحب تحمل، تکلیف میں صابر، عبادت میں متواضع، لوگوں پر رحم کرنے والے، حقدار کا حق ادا کرنے والے، کمانے میں نرم، حلال چیز کے طالب، ہدیہ دینے میں خوشی محسوس کرنے والے اور خواہشات سے رکنے والے ہوتے ہیں۔ ان کا کام اللہ کا ذکر اور انکی فکر خدا کا شکر ادا کرنا ہوتا ہے۔ وہ رات میں غفلت کی نیند سے خبردار رہتے اور اللہ سے جو کچھ فضل و کرم حاصل ہوا اس کی وجہ صبح خوشی کی حالت میں بسر کرتے ہیں۔ باقی رہنے والی چیز کی رغبت اور فنا ہونے والی سے کنارہ کشی کرتے ہیں۔ وہ علم کو عمل اور دائمی بردباری سے مقرون کئے ہوتے ہیں ان کی خوشی دور اور آرزو تھوڑی ہے۔ وہ منکسر المزاج و زاہد اور ان کے دل شکر گذار ہوتے ہیں۔ ان کا رب بری باتوں سے منع کرتا ہے اور ان کے نفس بچنے والے ہوتے ہیں۔ ان کا دین غصہ کا ضبط کرنے والا ہوتا ہے۔ ان کا ہمسایہ ان سے مامون رہتا ہے ان کا صبر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ وہ کوئی نیکی نہ ریا کاری سے بجا لاتے ہیں اور نہ حیا کی وجہ چھوڑ دیتے ہیں جب یہ لوگ ہمارے شیعہ ہمارے دوست اور ہم سے ہیں اور وہ ہمارے ساتھ رہیں گے ہم کو ان سے ملنے کا بہت شوق رہتا ہے (ینابیع المودۃ، باب ۷۰)

شیعہ کی تعریف

حضرت امیر المومنین نے ارشاد فرمایا کہ ہمارے شیعہ ہماری ولایت کے بارے میں بذل سے کام لیتے ہیں اور ہمارے موالات میں ایک دوسرے سے محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ ہمارے امر میں ایک دوسرے کا بار اٹھاتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو کسی پر غضب ناک بھی ہوں تو ظلم نہیں کرتے اور کسی سے راضی ہوں تو اسراف نہیں کرتے جس کے ہمسایہ ہوں اس کے لئے باعث برکت ہوتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس نے اللہ سے میل جول بڑھایا اس کے لئے سلامتی کا باعث ہوتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں زمانہ نے گھلا دیا ہے ان کے ہونٹ خشک اور شکم خالی رہتے ہیں۔ ان کے رنگ خاکستری اور چہرے زرد رہتے ہیں۔ ان کا رونا کثیر اور ان کے آنسو جاری رہتے ہیں سب لوگ مسرور رہتے ہیں اور یہ محزون۔ لوگ سوتے رہتے ہیں اور یہ بیدار ان کے قلب محزون رہتے ہیں لوگ ان کی شرارت سے مامون رہتے ہیں۔ ان کے نفوس پاک اور ان کی حاجات کم رہتی ہیں۔ ان کے ہونٹ پیاس سے خشک اور ان کے شکم بھوک کی وجہ سے پیٹھ سے لگے رہتے ہیں۔ بیداری کی وجہ سے ان کی آنکھیں کمزور ہو جاتی ہیں۔ اتقا ان سے روشن اور خشوع ان کے لئے لازم ہوتا ہے۔ ان میں سے جب کوئی شخص گذر جاتا ہے تو اس کا قائم مقام اس کا صحیح خلف ہوتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ روز قیامت وارد ہوں گے تو ان کے چہرے ماہ کامل کی طرح روشن ہوں گے۔ اولین و آخرین ان سے رشک کریں گے ان کے لئے نہ خوف ہوگا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔

مومن کی صفات وعلامات

ایک مرتبہ جب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک شخص جو عابد و زاہد اور مجتہد تھا۔ عرض کرنے لگا کہ یا امیر المومنین ؑ مومن کا وصف اس طرح بیان فرمایئے گویا ہم اس کو دیکھ رہے ہیں۔

حضرت نے فرمایا' اے ہمام مومن زیرک و دانا ہوتا ہے اس کا چہرہ بشاش دل حزیں' سینہ کشادہ' از روئے نفس ذلیل اور ہر فانی شے کو حقیر سمجھتا ہے۔

وہ حریص ہوتا ہے ہر نیکی کا' مگر نہ کینہ پرور نہ حاسد نہ جھگڑالو نہ گلیار نہ عیب جو اور نہ غیبت گو وہ سربلندی کو برا جانتا ہے اور ریا کو معیوب سمجھتا ہے' اس کا غم طولانی اور ارادہ پختہ ہوتا ہے۔ وہ زیادہ تر خاموش رہتا ہے صاحب وقار ہوتا ہے۔ غصہ میں آپے سے باہر نہیں ہوتا۔ ذکر الٰہی کرنے والا اور صابر و شاکر ہوتا ہے وہ فکر آخرت میں مغموم اور اپنے فقر میں خوش رہتا ہے۔ اس کی طبیعت میں خشونت نہیں ہوتی نرم طبیعت اور وفائے عہد پر قائم رہنے والا ہوتا ہے لوگوں کو تکلیف بہت کم دیتا ہے۔ نہ کسی پر اتہام باندھتا ہے اور نہ کسی کی ہتک کرتا ہے۔ اگر ہنستا ہے تو قہقہہ نہیں لگاتا غصہ ہوتا ہے تو خفیف الحرکات نہیں بنتا اس کی ہنسی متبسم ہوتی ہے اور اس کا سوال تحصیل علم ہوتا ہے۔ کسی کی طرف اس کا رجوع ہونا اس لئے ہوتا ہے کہ کچھ سمجھے اس کا علم زیادہ ہوتا ہے۔ حلم عظیم الشان اور رحم زیادہ ہوتا ہے۔ وہ بخل سے دور رہتا ہے۔ کام میں جلدی نہیں کرتا۔ نہ کسی بات سے دل تنگ ہوتا ہے اور نہ کسی بات پر اتراتا ہے نہ اپنے حکم میں ظلم کرتا ہے اور نہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے۔ مصائب کی برداشت میں اس کا نفس پتھر سے زیادہ سخت ہوتا ہے۔ امور معاش میں اس کی سعی شہد کی مکھی کی طرح میٹھی ہوتی ہے۔ وہ ایسا حریص نہیں بنتا کہ دوسروں کے حق پر ہاتھ مارے وہ نہ بیقراری ظاہر کرنے والا ہوتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ سخت مزاج، نہ شیخی باز، نہ تکلیف پسند اور نہ دنیا کے معاملات میں زیادہ غور کرنے والا۔ اگر کسی سے نزاع واقع ہو تو محسن و خوبی بزرگ طبیعت ہوتا ہے۔ اگر غصہ ہو تو عدل سے کام لیتا ہے۔ اس سے کچھ مانگا جائے تو نرمی سے پیش آتا ہے۔ تہور و غضب سے کام نہیں لیتا۔ کسی کی ہتک نہیں کرتا۔ کسی پر جبر نہیں کرتا، سچی محبت رکھتا ہے وعدہ کا پابند اور عہد کا پورا ہوتا ہے۔ لوگوں پر مہربان سب تک پہنچنے والا بردبار، گمنامی میں بسر کرنے والا، فضول باتیں بہت کم کرنے والا، اللہ عزوجل سے راضی رہنے والا اپنی خواہشوں کی مخالفت کرنے والا، اپنے سے چھوٹے پر سختی نہ کرنے والا ہوتا ہے۔ وہ غیر متعلق چیزوں میں غور و فکر نہیں کرتا وہ دین کا ناصر، مومنوں سے دفع ضرر کرنے والا، مسلمانوں کو پناہ دینے والا ہوتا ہے۔ تعریف اس کے کانوں کو اچھی نہیں لگتی طمع اس کے دل کو زخمی نہیں کرتی، لہو و لعب اس کو حکمت سے باز نہیں رکھتے، جاہل اس کے علم سے واقف نہیں ہوتے۔ وہ دین حق کی تائید میں سب سے زیادہ بولنے والا، دین کے لئے سب سے زیادہ کام کرنے والا عالم و دانا ہوتا ہے۔ وہ فحش گوئی نہیں کرتا، تند خو نہیں ہوتا۔ دوستوں پر بغیر بار ہوئے تعلق رکھتا ہے۔ اسراف سے بچ کر خرچ کرتا ہے۔ نہ کسی سے حیلہ و فریب کرتا ہے اور نہ غداری وہ کسی ایسی چیز کی پیروی نہیں کرتا جس سے کسی کا عیب ظاہر ہو۔ وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ لوگوں پر مہربان رہتا ہے۔ لوگوں کے لئے سعی کرتا ہے، کمزوروں کا مددگار اور مصیبت زدوں کا فریاد رس ہوتا ہے وہ نہ کسی کی پردہ داری کرتا ہے اور نہ کسی کے راز فاش کرتا ہے۔ اس کو مصائب کا سامنا بہت ہوتا ہے مگر حرف شکایت کبھی زبان پر نہیں لاتا۔ اگر نیکی دیکھتا ہے تو اس کا ذکر کرتا ہے اور اگر کسی کی بدی دیکھتا ہے تو اس کو پوشیدہ رکھتا ہے، لوگوں کے عیب چھپاتا ہے اور غائبانہ نگاہ رکھتا ہے لوگوں کے عذر خطا کو قبول کرتا ہے اور غلطی کو معاف کر دیتا ہے۔ جب کسی اچھی بات پر اطلاع پاتا ہے تو اسے چھوڑتا نہیں اور برائی کی اصلاح کئے بغیر نہیں رہتا۔ وہ امانت دار اور پرہیزگار ہوتا ہے اس کا باطن صاف ہوتا ہے اور لوگ اس سے راضی رہتے ہیں وہ خطا کاروں کے عذر کو قبول کرتا ہے اور احسن عنوان سے ذکر کرتا ہے لوگوں کے ساتھ اچھا گمان رکھتا ہے۔ پوشیدہ امور کے معلوم کرنے کے شوق میں اپنے نفس پر الزام لگاتا ہے۔ اپنی دینداری اور علم کی بنا۔ پر خدا کے لئے کسی کو دوست رکھتا ہے اور خدا ہی کے لئے ان سے قطع تعلق کرتا ہے جو اس سے برائی کا ارادہ رکھتے ہیں۔ خوشی اسے بے عقل نہیں بناتی راحت تند مزاجی پر مائل نہیں کرتی وہ عالم کو آخرت کی یاد دلاتا ہے اور جاہل کو علم سکھاتا ہے اس سے نہ کسی مصیبت کے نازل ہونے کا خوف کیا جاتا ہے اور نہ کسی حادثہ کا ڈر۔ راہ خدا میں ہر کوشش کو اپنی سعی سے زیادہ خالص جانتا ہے اور سمجھتا ہے کہ ہر نفس اس سے زیادہ صلاحیت رکھتا ہے وہ اپنے عیوب کا جاننے والا اور اپنے آخرت کے غم میں مشغول رہتا ہے وہ خدا کے سوا کسی پر بھروسہ نہیں کرتا وہ اس دنیا میں مسافرانہ زندگی بسر کرتا ہے۔ وہ تنہائی پسند ہوتا ہے اور آخرت کی نجات کے لئے محزون رہتا ہے وہ کسی کو دوست رکھتا ہے تو خوشنودی خدا کے لئے اور جہاد کرتا ہے تو رضائے الٰہی کے لئے اپنے نفس کے لئے انتقام نہیں لیتا بلکہ ایسے امور کو خدا پر چھوڑ دیتا ہے۔ وہ کسی دشمن خدا سے دوستی نہیں کرتا۔ اہل فقر کی محبت کا متلاشی ہوتا ہے۔ راست گو لوگوں سے ملتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ اہلِ حق کا مددگار، قرابت داروں کا معین، یتیموں کا باپ، بیواؤں کا شوہر اور مصیبت زدوں پر مہربان ہوتا ہے۔ ہر مصیبت میں لوگوں کو اس سے مدد کی توقع رہتی ہے۔ ہر سختی میں وہ مرجع امید رہتا ہے۔ کشادہ رو اور خوش باش ہوتا ہے۔ ترش رو اور عیب جو نہیں ہوتا۔ وہ امردین میں مستحکم، غصہ کا ضبط کرنے والا، متبسم، دقیق النظر اور محتاط ہوتا ہے وہ بخل کو پسند نہیں کرتا اس کا حق دینے میں لوگ بخل کریں تو صبر کرتا ہے بری باتوں سے بچتا ہے۔ قناعت کی وجہ غنی ہے اس کی حیا اس کی خواہش پر غالب رہتی ہے اور اس کی محبت حسد کے جذبے کو پیدا نہیں ہونے دیتی۔

اس کی بخشش اس کے کینہ پر غالب آتی ہے وہ سوائے صحیح بات کے نہیں بولتا۔ اس کا لباس میانہ روی اور چال متواضع ہوتی ہے وہ اپنی اطاعت میں اپنے رب کے سامنے عجز و نیاز کا اظہار کرنے والا ہے اور ہر حالت میں اس سے راضی رہتا ہے اس کی نیت خالص اور اس کے عمل میں نہ عیب ہوتا ہے اور نہ فریب۔ اس کی نگاہ عبرت آگیں ہے۔ اس کے دل کا سکون آخرت کی فکر میں ہے۔ وہ نصیحت کرتے والا خرچ کرنے والا برادری کا قائم رکھنے والا اور ظاہر و باطن ہر حالت میں نصیحت کرنے والا ہوتا ہے۔ وہ برادر مومن سے ترک تعلق کرتا ہے اور نہ اس کی غیبت کرتا اور نہ اس سے مکر کرتا ہے۔ جو چیز ہاتھ سے جاتی رہی اس پر افسوس نہیں کرتا اور جو مصیبت آتی ہے اس پر رنجیدہ نہیں ہوتا۔ وہ اس چیز کی امید نہیں کرتا جس کی امید کرنا جائز نہیں سختی کے اوقات میں سست نہیں ہوتا عیش پر نہیں اتراتا۔ حلم کے ساتھ علم کا حامل رہتا ہے اور عقل کے ساتھ صبر کا اس کو دیکھو گے تو کسل سے دور پاؤ گے۔ ہمیشہ خوش رہتا ہے، امید اس سے قریب ہوگی، لغزش اس سے کم ہو گی۔ اپنی موت کا متوقع رہتا ہے۔ اس کے دل میں خشوع ہوگا وہ اپنے رب کا ذکر کرنے والا ہوگا۔ اس کے نفس میں قناعت ہوگی۔ جہالت کو روکنے والا ہوگا اس کا امر آخرت آسان ہوگا۔ اپنے گناہوں کے تصور سے رنجیدہ رہتا ہوگا اس کی خواہش مردہ ہوگی۔ وہ غصہ کا ضبط کرنے والا ہوگا۔ اس کے اخلاق پاک ہوں گے اور اس کا ہمسایہ اس سے پر امن ہوگا اس میں تکبر نہیں ہوتا۔ خدا نے جو اس کے لئے مقدر کر دیا ہے اس پر قانع رہتا ہے اس کا صبر پختہ، دین مستحکم اور ذکر زیادہ ہوتا ہے وہ لوگوں سے ملتا ہے تو علم حاصل کرنے اور کوئی سوال کرتا ہے تو سمجھنے کے لئے تجارت کرتا ہے تو نفع حاصل کرنے (نہ کہ ذخیرہ کرنے) کسی خبر کو اس لئے نہیں سنتا کہ فخر کرے اور نہیں کلام کرتا کہ دوسروں پر اپنی بزرگی ظاہر کرے وہ خود رنج اٹھاتا ہے اور لوگ اس سے راحت پاتے ہیں اپنی آخرت کی بہتری کے لئے اپنے نفس کو تعب میں ڈالتا ہے اور دوسروں کو آرام پہونچاتا ہے۔ اگر اس سے بغاوت کی جائے ۔۔۔۔ تو صبر کرتا ہے تاکہ اللہ اس سے آخرت میں یا اسی دنیا میں انتقام لے۔ اس کا دور رہنا کسی سے محض دین کی مخالفت اور فساد سے بچنے کے لئے ہوتا ہے اور اس کی نزدیکی نرمی اور رحمت کے لئے ہوتی ہے۔ اس کا لوگوں سے دور رہنا نہ اظہار تکبر و عظمت کے لئے ہوتا ہے اور نہ اس کا میل جول مکر و فریب کے لئے۔ وہ ان اصحاب خیر کی پیروی کرتا ہے جو اس سے پہلے تھے۔ لہذا وہ اپنے بعد کے نکوکاروں کا پیشوا ہوتا ہے۔

یہ سن کر ہمام نے ایک چیخ ماری اور مردہ ہو کر گر پڑا۔ حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا خدا کی قسم مجھے اس کے متعلق اسی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بات کا خوف تھا اور فرمایا کہ موثر موعظہ کا اہل لوگوں پر ایسا ہی اثر ہوتا ہے کسی کہنے والے نے کہا کہ یا امیر المومنینؑ آپ نے یہ کیا کیا فرمایا کہ ہر شخص کی موت کا ایک وقت معین ہے جو نہ گھٹتا ہے اور نہ بڑھتا ہے اور ہر ایک کے لئے مرنے کا ایک سبب ہوتا ہے۔ خاموش ہو جا گستاخانہ بات نہ کر بیشک شیطان نے تیرے اندر پھونک ماری ہے جس کی وجہ تیری زبان سے یہ الفاظ نکلے۔ (مستدرک صـ ۶۸ اصول کافی ج ۲ - بـ ۹۹)

مومن کی تعریف

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا :-

المومنون هم الذین عرفوا امامهم تذبلت شفاههم وعمشت عیونهم وتهجّت الوانهم حتّی عرفت فی وجوههم غبرة الخاشعین فهم عباد الله الذین مشوا علی وجه الارض هونا واتخذوها بساطاً وترابها فراشا رفضوا الدنیا واقبلوا علی الآخرة علی منهاج المسیح بن مریم شهد والم یعرفوا وان غابوا لم یتفقدوا وان مرضوا لم یعادو داموا م الهلوا جر قوا م الدیاجر یفمحل عنهم کل فتنة وتجلّی عنهم کل سنة اولٰئک اصحابی فاطلبوهم فان نقیتم منهم احداً فاسئلوه یستغفر لکم ہ

(بحار المعارف صـ ۱۴)

ترجمہ : مومن وہ ہیں جنہوں نے اپنے امام کو پہچان لیا پس ان کے ہونٹ خشک اور آنکھیں تر اور ان کے رنگ بدلتے ہوئے رہتے ہیں وہ چہروں پر خاشعین کی گرد کی وجہ پہچانے جاتے ہیں پس وہ خدا کے وہ بندے ہیں جو زمین پر نرمی کے ساتھ چلتے ہیں اور انہوں نے اس کو اپنی بساط قرار دی ہے اور مٹی کو اپنا فرش بنا لیا ہے۔ وہ دنیا کو چھوڑ کر مسیح ابن مریم کے طریقہ پر آخرت کی طرف متوجہ ہو چکے ہیں اگر وہ حاضر ہیں تو پہچانے نہ گئے اور غائب ہوئے تو انہیں ڈھونڈا نہ گیا اگر وہ بیمار ہوئے تو ان کی عیادت نہ کی گئی۔ وہ دائم الصوم اور شب زندہ دار ہیں ان سے ہر فتنہ مضمحل ہوتا ہے اور زمانہ متجلی رہتا ہے۔ وہ میرے اصحاب ہیں پس ان کو تلاش کرو اور اگر ان میں سے کسی سے ملاقات ہو اور اس سے سوال کرو تو وہ تمہارے لئے استغفار کرنے لگے۔

ایمان کے ستون

حضرت امیر المومنینؑ سے ایمان کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ " اللہ تعالیٰ نے ایمان کے چار ستون قرار دیئے ہیں۔ صبر، یقین، عدل اور جہاد۔ صبر کی چار شاخیں ہیں۔ شوق، اشتیاق زہد اور ترقب۔ جس نے جنت کا اشتیاق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رکھا اس نے خواہشات سے تسلی حاصل کی اور جو دوزخ سے ڈرا وہ محرمات سے بچا اور جس نے دنیا سے ترک تعلق کیا اس نے مصیبتوں کو حقیر سمجھا اور جس نے موت پر نظر رکھی اس نے نیکیوں کی طرف سبقت کی۔

یقین کی چار شاخیں ہیں۔ اپنی زیرکی کو (محکمات قرآن سے) جگائے رکھنا۔ حکمت الہیہ میں غور و فکر مقامات عبرت کی شناخت اور سنت امم سابقہ کو نظر میں رکھنا۔ جس نے زیرکی پر نظر رکھی اس نے حکمت کو پہچان لیا۔ جس نے حکمت کے صحیح معنی سمجھ لئے اس نے عبرت کو پہچان لیا اور جس نے عبرت کو پہچان لیا اس نے سنت انبیاء کو پہچان لیا اور جس نے سنت کو پہچان لیا وہ گویا اولین کے ساتھ ہو گیا اور اس راہ کی طرف ہدایت پائی جو سب سے زیادہ مضبوط ہے اور نجات پانے والے کے متعلق اس امر پر نظر رکھی کہ کس وجہ سے اس کو نجات ملی اور ہلاک ہونے والا کس وجہ سے ہلاک ہوا۔ خدا نے جس کو بھی ہلاک کیا اس کی معصیت کی وجہ اور جس کو بھی نجات دی اس کی اطاعت کی وجہ عدل کی بھی چار شاخیں ہیں گہری سمجھ، علم میں رسوخ (دانائی) حکم میں شگفتہ پھول اور حلم میں تر و تازہ باغ ہونا جو ایسی سمجھ رکھتا ہو گا وہ علم کی تفسیر بیان کرے گا جو صاحب علم ہو گا وہ حکم کی راہوں کو پہچان لے گا اس نے کسی امر میں تفریق نہ کی وہ لوگوں میں محمود و پسندیدہ ہو کر رہا جہاد نفس کی بھی چار صورتیں ہیں۔ اول امر بالمعروف دوسرے نہی عن المنکر تیسرے ہر مقام پر سچ کہنا چوتھے فاسقین سے دور رہنا پس جس نے لوگوں کو امر نیک کی ہدایت کی اس نے مومن کی کمر کو مضبوط کیا۔ جس نے لوگوں کو برائیوں سے روکا اس نے منافق کی ناک رگڑ دی اور اس کے مکر سے امان میں رہا اور جس نے ہر جگہ سچ بولا اس نے وہ حق ادا کیا جو اس پر تھا اور جس نے فاسقین کو دشمن رکھا وہ گویا خوشنودی خدا کے لئے ان پر غضب ناک ہوا اور جو خدا کے لئے غضب ناک ہوا خدا اس کے دشمن پر غضب ناک ہو گا۔ پس یہ ایمان ہے اور اس کے ستون و شاخیں۔ (اصول کافی ج ۲ صفحہ ۲۵)

کفر کے ستون

سلیم ابن قیس ہلالی سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ کفر کی بنیاد چار ارکان پر ہے۔ فسق، غلو، شک اور شبہ۔

فسق کی چار شاخیں ہیں جفا، عمی، غفلت اور عتو۔ جفا یہ ہے کہ جفا کرنے والا امر حق کو حقیر سمجھتا ہے اور عالمان دین کا دشمن ہوتا ہے اور گناہان عظیم پر اصرار کرتا ہے۔ عمی سے مراد یہ ہے کہ وہ ذکر خدا کو بھول جاتا ہے۔ ظن کی پیروی کرتا ہے اور اپنے خالق کا مقابلہ کرتا ہے اس پر شیطان کا غلبہ رہتا ہے وہ بغیر توبہ اور بغیر اقرار کے طلب مغفرت کرتا ہے۔

غفلت سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو نقصان پہونچاتا ہے اور راہ حق میں چلنے کے بجائے چت لیٹ جاتا ہے اپنی گمراہی کو نیکی جانتا ہے۔ امیدیں اس کو دھوکہ دیتی ہیں اور نتیجہ میں حسرت و ندامت حاصل ہوتی ہے اور جب معاملہ ہو چکتا ہے تو آنکھوں سے پردہ ہٹتا ہے اور اس پر وہ ظاہر ہوتا ہے جس کا اس کو گمان تک نہ تھا۔ عتو سے مراد یہ ہے کہ وہ امر خدا کے مقابل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شک کرنے میں سرکشی دکھاتا ہے۔ ہر شک کرنے والے کو خدا اپنی قوت سے ذلیل اور اپنی عزت و جلال سے حقیر کرتا ہے کیونکہ اس نے اپنے رب کریم کو دھوکہ دیا اور اس کے معاملہ میں تفریط سے کام لیا۔

غلو کی چار صورتیں ہیں تعمق بالرائے یعنی اپنی رائے سے مسائل دین میں دخل دینا اور لوگوں سے اپنی غلط رائے کی بناء پر جھگڑا و کج رائی اور آئمہ سے اظہار مخالفت کرنا پس جس نے ایسا کیا وہ حق کی طرف رجوع نہیں ہو سکتا۔ وہ تاریکیوں میں ڈوبتا ہی چلا جائے گا۔ اور ایک فتنہ کے بعد دوسرا اس کو گھیرے گا۔ اس کا دین تباہ ہو جائے گا اور وہ پریشانی میں مبتلا ہو جائے گا۔ جس نے مسائل دین میں خود رائی سے نزاع کیا۔ حصومت کا اظہار کیا اور مخاصمت کی وہ اپنے طولانی جھگڑے کی وجہ سے حماقت میں مشہور ہوا۔ جس نے راہ حق سے کجی اختیار کی اس کی نظر میں نیکی بدی بن گئی اور بدی نیکی جس نے اصول اور آئمہ کی مخالفت کی اس کے اختیار کردہ راستے اس کے لیے غیر مفید ہو گئے اور اس کا معاملہ دشوار ہو گیا کیونکہ اس نے مومنین کے راستہ کا اتباع نہ کیا لہٰذا اس کا وہاں سے نکلنا دشوار ہو گیا۔

شک کی چار صورتیں ہیں۔ مریہ، ہوئی۔ تردد اور استلام۔ مریہ کے بارے میں خدا فرماتا ہے تم خدا کی کس نعمت کے بارے میں شک اور جھگڑا کرو گے۔ تردد حق سے وحشت و شک اور تسلیم و جہل سے متعلق ہے پس جو وحشت میں مبتلا ہوا ان باتوں سے جو اس کے سامنے ہیں وہ اپنے پچھلے پاؤں پلٹ گیا اور جس نے اپنی رائے سے دینی امور میں جھگڑا کیا وہ شک میں جا پڑا مومنین اولین نے چونکہ شک و مخاصمت سے تعلق نہ رکھا تھا علم میں ترقی کی اور آخر والے شیطان کے بہکانے میں آ گئے اور جس نے اس کی بات مان لی اس کی دنیا و آخرت تباہ ہوتی اور وہ چیز جو ان کے درمیان تھی ہلاک ہوئی اور جس نے اس سے نجات پائی وہ یقین کی لذت سے بہرہ ور ہوا خدا نے یقین سے کم کوئی چیز پیدا نہیں کی۔

شبہ کی چار صورتیں ہیں اعجاب بالزینۃ، تسویل نفس، تاول اوج اور لبس الحق بالباطل۔ شبہ یعنی حق کو باطل کی مثل بتانا۔ ان میں پہلی چیز امر باطل کو قیاسات شعریہ پر آراستہ کرتا ہے جو کھلی دلیل سے پلٹ دیتی ہے۔ دوسرے فریب نفس جو آدمی کو شہوت سے مغلوب کرتا ہے اور کج فہمی آدمی کو برائی کی طرف مائل کرتی ہے اور لبس سے مراد تاریکیوں پر تاریکی ہے یہ ہے کفر اور اس کے ستون و شاخیں۔ (اصول کافی ج ۲۔ ص ۱۶۷)

گناہ تین ہیں

(۱) ایک روز امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ گناہ تین قسم کے ہیں اس کے بعد آپ خاموش ہو گئے حبہ عرنی نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین ؑ آپ اس قدر فرما کر خاموش ہو گئے۔ فرمایا کہ ہاں میں ان کو بیان کرنا چاہتا تھا کہ سانس کا انقطاع میرے اور کلام کے درمیان حائل ہو گیا۔ ہاں گناہ تین قسم کے ہیں۔ ایک وہ جو بخشا جائے دوسرا وہ جو بخشا نہ جائے اور تیسرا وہ جس کے بخشے جانے کی اس کے صاحب کو امید اور نہ بخشے جانے کا خوف رہتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حبہ نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین اس کی وضاحت فرمایئے۔
حضرت نے فرمایا کہ وہ گناہ جو بخشا جائے گا وہ ہے جس کی سزا دنیا میں دی جاچکی ہے۔
خدا کے لئے زیبا نہیں کہ ایک گناہ کی سزا دوبارہ دے دوسرے جو گناہ بخشا نہ جائے گا وہ بندوں کا ظلم بندوں پر ہے خدا نے اپنے عزت وجلال کی قسم کھائی ہے کہ روز قیامت کسی ظالم کے ظلم سے درگذر نہ کرے گا اگر ہاتھ مار کر کسی کو گرایا ہو، ہاتھ سے کسی کو اذیت دی ہو یا سینگ والے جانور نے بے سینگ والے جانور کو مارا ہو (کسی کو بھی درگذر نہ کیا جائے گا) اور ایک کا بدلہ دوسرے سے لے گا یہاں تک کہ کسی کا مظلمہ کسی پر باقی نہ رہے گا پھر لوگوں کو حساب کے لئے بھیجے گا۔ تیسرا وہ گناہ ہے جس کو اللہ نے اپنی مخلوق سے چھپایا ہے اور گناہ گار کو توبہ کی توفیق دی ہے کہ وہ اپنے گناہ سے خائف اور رحمت رب کا امیدوار رہے۔ پس ہم بھی اس کے لئے اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس پر نزول عذاب سے ڈرتے ہیں۔

(اصول کافی ج ۲۔ باب ۱۹۵)

۲۔ حضرت امیرالمومنین ؑ نے آیت " فما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم..."
(یعنی جو مصیبت تم کو پہونچی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں آئی ہے۔ خدا بہت سے گناہ معاف کر دیتا ہے۔)
کے متعلق فرمایا کہ کسی رگ کا پھڑکنا کسی پتھر سے چوٹ یا کسی لکڑی سے خراش نہیں لگتی مگر کسی گناہ کے سبب اور خدا اکثر گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور جس کے گناہ کی سزا دنیا میں دے دیتا ہے اس کی ذات سے اجل واکرم ہے کہ اس گناہ کا عذاب آخرت میں کرے۔ (۱۱۔ باب ۱۹۶)

۱۱۲ کلمات قصار

۱۔ اذا ابیض اسودک مات اطیبک :۔ جب تیرے سیاہ بال سفید ہو جائیں تو جان لے کہ تیری نیکیاں مر گئیں۔ (یعنی موت قریب آگئی)

۲۔ اذا رایت اللہ یتابع علیک البلاء فقد ایقظک: جب تو دیکھے کہ خدا تجھ پر مسلسل بلائیں نازل کر رہا ہے تو سمجھ لے کہ تجھے خواب غفلت سے تنبیہ کی جارہی ہے۔

۳۔ اذا احب اللہ عبداً وعظہ بالعبر ۔ جب خدا بندہ کو دوست رکھتا ہے تو عبرتوں سے نصیحت کرتا ہے۔

۴۔ اذا ملك الاراذل ھلك الافاضل :۔ جب رذیل لوگ قوت حاصل کرتے ہیں تو اہل فضل کی ہلاکت ہوتی ہے۔

۵۔ دنیا اپنے چاہنے والوں سے کبھی وفا نہیں کرتی اور اپنے پینے والے سے صاف نہیں ہوتی اس کی نعمتیں کسی کے ساتھ نہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حبہ نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین اس کی وضاحت فرمایئے۔
حضرت نے فرمایا کہ وہ گناہ جو بخشا جائے گا وہ ہے جس کی سزا دنیا میں دی جا چکی ہے۔
خدا کے لئے زیبا نہیں کہ ایک گناہ کی سزا دوبارہ دے دوسرے جو گناہ بخشا نہ جائے گا وہ بندوں کا ظلم بندوں پر ہے خدا نے اپنے عزت و جلال کی قسم کھائی ہے کہ روز قیامت کسی ظالم کے ظلم سے درگذر نہ کرے گا اگر ہاتھ مار کر کسی کو گرایا ہو، ہاتھ سے کسی کو اذیت دی ہو یا سینگ والے جانور نے بے سینگ والے جانور کو مارا ہو (کسی کو بھی درگذر نہ کیا جائے گا) اور ایک کا بدلہ دوسرے سے لے گا یہاں تک کہ کسی کا مظلمہ کسی پر باقی نہ رہے گا پھر لوگوں کو حساب کے لئے بھیجے گا۔ تیسرا وہ گناہ ہے جس کو اللہ نے اپنی مخلوق سے چھپایا ہے اور گناہ گار کو توبہ کی توفیق دی ہے کہ وہ اپنے گناہ سے خائف اور رحمت رب کا امیدوار رہے۔ پس ہم بھی اس کے لئے اس کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اس پر نزول عذاب سے ڈرتے ہیں۔
(اصول کافی ج ۲۔ باب ۱۹۵)

۲۔ حضرت امیرالمومنین ؑ نے آیت " فما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم..."
(یعنی جو مصیبت تم کو پہونچی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں آئی ہے۔ خدا بہت سے گناہ معاف کر دیتا ہے۔)
کے متعلق فرمایا کہ کسی رگ کا پھڑکنا کسی پتھر سے چوٹ یا کسی لکڑی سے خراش نہیں لگتی مگر کسی گناہ کے سبب اور خدا اکثر گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور جس کے گناہ کی سزا دنیا میں دے دیتا ہے اس کی ذات سے اجل و اکرم ہے کہ اس گناہ کا عذاب آخرت میں کرے۔ (۱۱۔ باب ۱۹۶)

۱۱۲ کلماتِ قصار

۱۔ اذا ابیض اسودک مات اطیبک :۔ جب تیرے سیاہ بال سفید ہو جائیں تو جان لے کہ تیری نیکیاں مر گئیں۔ (یعنی موت قریب آ گئی)

۲۔ اذا رایت اللہ یتابع علیک البلاء فقد ایقظک : جب تو دیکھے کہ خدا تجھ پر مسلسل بلائیں نازل کر رہا ہے تو سمجھ لے کہ تجھے خواب غفلت سے تنبیہ کی جا رہی ہے۔

۳۔ اذا احب اللہ عبداً وعظہ بالعبر ۔ جب خدا بندہ کو دوست رکھتا ہے تو عبرتوں سے نصیحت کرتا ہے۔

۴۔ اذا ملک الاراذل ھلک الافاضل :۔ جب رذیل لوگ قوت حاصل کرتے ہیں تو اہل فضل کی ہلاکت ہوتی ہے۔

۵۔ دنیا اپنے چاہنے والوں سے کبھی وفا نہیں کرتی اور اپنے پینے والے سے صاف نہیں ہوتی اس کی نعمتیں کسی کے ساتھ نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جائیں، اس کے احوال دگرگوں ہوتے رہتے ہیں اس کی لذتیں فانی اور محنتیں باقی رہنے والی ہیں۔ پس دنیا سے منہ پھیرلے قبل اس کے کہ دنیا تجھ سے منہ پھیر لے۔ اور دنیا کے عوض آخرت کو اختیار کر قبل اس کے کہ وہ دوسرے کو تیرے عوض بدل لے۔

۶۔ اَنَاللّٰہُ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ شُرُوطًا وَاِنِّی وَذُرِّیَّتِی لَمِنْ شُرُوطِھَا ۔ تحقیق کہ لا الٰہ الا اللہ کے لئے شروط ہیں[1]۔ میں اور میری ذریت ان شروط میں سے ہے۔

۷۔ ان عقلت امرك واجبت معرفة نفسك فاعرض عن الدنيا وازهد فيها فانها دار الاشقياء ۔ اگر تو اپنے امر کو سمجھ لے اور اپنے نفس کی معرفت حاصل کرے تو دنیا سے روگردانی کر اور اس میں زہد اختیار کر کہ دنیا اشقیاء کا مقام ہے۔

۸۔ بہ تحقیق کہ تو آخرت کیلئے پیدا کیا گیا ہے پس اسی کے لئے عمل کر۔

۹۔ تم جو کچھ سائل کو دیتے ہو اس کی جزا اس حاجت سے زیادہ ہے جو سائل رکھتا ہے۔ اور تم سے حاصل کرتا ہے۔

۱۰۔ انما من مالك ما قدمته لآخرتك وما اخرته فللوارث ۔
تیرے مال سے تیرا حصہ وہی ہے جو تیرے آخرت کا سودا بن کر تجھ سے پہلے روانہ ہو جائے نہ کہ وہ جو تیرے بعد ہیں رہ جائے پس یہ تیرے ورثاء کا حصہ ہوگا۔

۱۱۔ بِرُّ الوالدين اكبر فريضة ۔ والدین سے نیکی کرنا فریضہ اکبر ہے۔

۱۲۔ تین چیزیں بدترین بلاؤں میں سے ہیں کثرت عیال۔ قرض کی زیادتی اور امراض کی دوامی۔

۱۳۔ تین اشخاص ہیں جنہیں خدا بغیر پرسش کے جہنم میں داخل کرے گا۔ امام ظالم وجابر، دروغ گو اور پیر زناکار۔

۱۴۔ تین اشخاص ہیں جنہیں خدا بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا۔ امام عادل، راست گو تاجر اور وہ شیخ کہ جس نے اپنی عمر طاعت خدا میں فنا کردی۔

۱۵۔ تین چیزیں ایمان کے خزانہ سے ہیں۔ (۱) مصیبت کو پوشیدہ رکھنا۔ (۲) تصدق دینا اور (۳) بیماری کو برداشت کرنا۔

---

[1] رسولِ خدا نے فرمایا کہ "قولو لا الٰہ الا اللہ من شرطہا وشروطہا تفلحوا" یعنی لا الٰہ الا اللہ اس کی شرطوں کے ساتھ کہو ورنہ فلاح پاؤ۔ میرے بارہ اوصیاء اس کی بارہ شرطیں ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۶۔ حاسبوا انفسکم قبل آن تحاسبوا وازنوھا قبل اَن توازنوا۔
اپنے نفوس سے حساب لو قبل اس کے کہ تمہارا حساب لیا جائے اور انہیں جانچ لو قبل اس کے کہ تم جانچے جاؤ۔

۱۷۔ حراسۃ النعم فی صلۃ الرحم : خدا کی نعمتوں کی حفاظت صلۂ رحم میں ہے۔

۱۸۔ مسلم کا حق مسلم پر سات خصال پر مشتمل ہے۔ جب اس کو دیکھے تو سلام کرے۔ دعوت دے تو قبول کرے۔ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کو جائے۔ اگر مر جائے تو اس کے جنازہ کی مشایعت کرے۔ جو چیز اپنے لئے چاہتا ہے اس کے لئے بھی چاہے۔ اپنے لئے جو چیز مکروہ سمجھتا ہے اس کیلئے بھی مکروہ سمجھے اور اپنے مال و جان سے اس کی غمخواری کرے۔

۱۹۔ خیر ما استنجحت بہ الامور ذکر اللہ سبحانہ : امور کی کامیابی کے لئے بہترین چیز خداوند تعالیٰ کا ذکر ہے۔

۲۰۔ خیر من صحبۃ من لا یحوجک الی حاکم بینک وبینہ
بہترین شخص کہ جس کی صحبت اختیار کرنی چاہیئے وہ ہے کہ تجھ کو اس حاکم کے آگے محتاج نہ کرے جو تیرے اور اس کے درمیان حکومت کرتا ہے۔

۲۱۔ پانچ خصائل مومن کی علامات سے ہیں مخلوق میں پرہیزگاری، قلت مال میں صدقہ دینا۔ نزول مصائب میں صبر، غضب کے وقت حلم اور ہنگام خوف راستی سخن

۲۲۔ زیادۃ الشکر وصلۃ الرحم یزیدان فی النعم ویفسحان فی الاجل
شکر کی زیادتی اور صلۂ رحم نعمتوں کو زیادہ کرتے اور موت کو تاخیر میں ڈالتے ہیں۔

۲۳۔ بدترین آدمی وہ ہے جو کسی کی لغزش کو معاف نہ کرے اور کسی کے عیب کو نہ چھپائے۔

۲۴۔ صلۃ الرحم یوسع الاجال وینمی الاموال : صلۂ رحم موت کو دور کرتا اور مال کو زیادہ کرتا ہے۔

۲۵۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دینا ایک سال کے نماز روزہ سے افضل ہے۔

۲۶۔ خوشا بحال اس شخص کا جو خانہ نشین ہو گیا ہو (نان) توڑ کر کھاتا ہوا اپنی خطاؤں پر گریہ کرتا ہوا اپنے نفس سے تعب میں رہتا اور لوگ اس سے آسودہ رہتے ہیں۔

۲۷۔ طالب دنیا اپنی آخرت کھو بیٹھتا ہے اور مرگ ناگہانی اس کو گھیر لیتی ہے حالانکہ دنیا سے جو کچھ اس کے مقدر ہو چکا ہے سوائے اس کے اور کچھ اس کو نہیں ملتا۔

۲۸۔ طالب آخرت اپنی آرزو کو پہونچتا ہے اور دنیا سے جو کچھ اس کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔ اس کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مل جاتا ہے۔

۲۹۔ طاعۃ النساء شیمۃ الحمقاء۔ عورتوں کی اطاعت احمقوں کی علامت ہے۔

۳۰۔ اس شخص پر تعجب کرتا ہوں جو جانتا ہے کہ خدا رزق کا ضامن ہے اس کی مقدار مقرر کردی ہے اور اس شخص کی کوشش اس روزی کو بڑھا نہیں سکتی جو اس کے لئے مقدر ہو چکی ہے اس پر بھی وہ روزی کے طلب میں حرص کرتا ہے۔

۳۱۔ اس شخص سے تعجب ہے جو ہر روز دیکھتا ہے کہ اس کی عمر میں کمی ہوتی جاتی ہے پھر بھی موت کے لئے کوئی کام نہیں کرتا۔

۳۲۔ علیك بطاعة من لا تعذر بجهالة، تجھے اس کی اطاعت کرنی چاہیئے جس کے ساتھ جہالت معاف نہیں ہو سکتی۔

۳۳۔ اپنی زبان کو خوش سخنی اور سلام کرنے کا عادی بنا۔ تاکہ تیرے دوست زیادہ ہوں اور دشمن کم ہوں۔

۳۴۔ تمہیں چاہیئے کہ اپنے نبیؐ کی آلؑ کو دوست رکھیں کیونکہ تم پر اللہ کا حق ہے اور خدا نے تم پر ان کی محبت کو واجب کیا ہے۔ کیا تم نے خدا کے اس قول کو نہیں پڑھا "قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ۔

۳۵۔ تم پر خدا نے ایمان کو شرک سے پاکی کے لئے واجب گردانا، نماز کو سرکشی سے پاکی کے لئے، زکوٰۃ کو رزق بڑھانے کے لئے روزہ کو خلوص کی آزمائش کے لئے حج کو تقویت دین کے لئے جہاد کو اسلام کی ارجمندی کے لئے، امر بالمعروف عوام کی اصلاح کے لئے نہی عن المنکر سفہا کو زشتی سے بچانے کے لئے صلہ رحم تعداد بڑھانے کے لئے قصاص خون کی نگہداری کیلئے حدود کا قائم رکھنا حرام کاری کو گھٹانے، ترک شراب خواری عقل کی حفاظت کے لئے چوری سے اجتناب پاک دامنی کے وجوب کے لئے ترک زنا نسب کی حفاظت کے لئے، ترک لواطت اولاد کی زیادتی کے لئے۔ گواہی دینا انکار شدہ چیزوں کی مدد کیلئے ترک دروغ گوئی شرافت و راستی کیلئے سلام خوف سے امن حاصل کرنے کے لئے امانت داری ملت کے کام کی تنظیم کے لئے اور اطاعت و فرمانبرداری امام کی عظمت کے لئے واجب گردانا۔

۳۶۔ کم خوراکی جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

۳۷۔ لوگوں سے کم میل جول دین کی نگہبانی کرتا ہے اور اشرار کی قربت سے آسودہ رکھتا ہے۔

۳۸۔ قطع رحم نعمت کو زائل کرتا ہے۔

۳۹۔ کسی شخص کے لئے یہ کافی ہے کہ لوگوں کے عیوب میں مشغول رہنے کے عوض اپنے عیوب میں مشغول رہے۔

۴۰۔ خشم کی زیادتی اپنے صاحب کو نیچے گرا دیتی اور اس کے عیوب کو ظاہر کرتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۱۔ زیادہ کھانا اور سونا نفس کو بگاڑتے اور مضرت پہونچاتے ہیں۔

۴۲۔ خاموشی کی زیادتی وقار کو بڑھاتی ہے۔

۴۳۔ شہد کی مکھی کی مانند بن کہ اگر کھاتی ہے تو پاک چیز اور نکالتی ہے تو پاک چیز (شہد) اور اگر کسی شاخ پر بیٹھتی ہے تو اس قدر ہلکی ہوتی ہے کہ اس کو کوئی ضرر نہیں پہونچاتی۔

۴۴۔ خدا کا مطیع بن اور اس کے ذکر سے مانوس رہ جب تو اس سے منہ پلٹانا چاہیگا تو دیکھ کہ وہ کیسے اپنے عفو کی طرف بلاتا ہے اور تجھ پر کیا فضل کرتا ہے۔

۴۵۔ فرزندان آخرت میں سے ہو اور فرزندان دنیا سے نہ ہو کیوں کہ ہر فرزند قیامت کے روز اپنی ماں سے ملحق ہوگا۔

۴۶۔ کھانے سے پہلے اور بعد اترج کھایا کرو کیونکہ آل محمدؐ ایسا ہی کرتے تھے۔

۴۷۔ علم کا کمال حلم ہے اور حلم کا کمال تحمل بسیار اور غصہ کو فرو کرنا ہے۔

۴۸۔ جس طرح دن اور رات ایک جگہ جمع نہیں ہوتے اسی طرح حب دنیا اور حب خدا ایک جگہ جمع نہیں ہوتے۔

۴۹۔ انار کو اس کے گودے کے ساتھ کھاؤ کہ یہ معدہ کو صاف کرتا ہے انار کے ہر دانہ میں جو معدہ میں جائے قلب کیلئے باعث حیات ہے نفس کو منور کرتا اور چالیس روز تک وساوس شیطانی کو دفع کرتا رہتا ہے۔

۵۰۔ کلوا الرمان بشحمہ فما من حبۃ الّا وعلیہ من قطر الجنّۃ

۵۱۔ جو چیز دسترخوان پر گر جائے کھاؤ کیونکہ اس میں تمام امراض کے لئے بحکم خدا اس شخص کے لئے شفا ہے۔ جو حاصل کرنا چاہتا ہے۔

۵۲۔ ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہے عقل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ جاہلوں کی جہالت کو برداشت کریں۔

۵۳۔ انسان کے لئے دو فضیلتیں ہیں۔ عقل اور منطق پس عقل سے وہ فائدہ اٹھاتا ہے اور منطق سے وہ فائدہ پہونچاتا ہے۔

۵۴۔ یہ دنیا کی محبت کی وجہ ہے کہ کان دانش وحکمت کی بات سننے سے بہرے ہوجاتے ہیں اور نور بصیرت سے دل اندھے ہوجاتے ہیں۔

۵۵۔ انسان کے سینہ کے اندر ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جو انسان میں ایک عجیب ترین شے ہے جس کو قلب کہتے ہیں اس میں حکمت و دانش سے چند مادے اور اس کے خلاف اس کی اضداد واقع ہیں۔ اگر دل پر امیدیں چھا جائیں تو طمع اس کو ذلیل وخوار کردیتی ہے اور اگر طمع اس میں جوش میں آئے تو حرص اس کو ہلاک کردیتی ہے اگر مایوسی مالک ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جائے تو حسرت و اندوہ اس کو مار دیتے ہیں۔ اگر غضب اس پر عارض ہو تو اس کا خشم و تندی شدید ہو جاتے ہیں اگر وہ اس کی رضا کو پالے تو خودداری کو بھول جاتا ہے اگر خوف اس کو گھیرے تو کاموں سے مشغولیت کم ہو جاتی ہے اگر امن اس پر چھا جائے تو غرور اس پر قبضہ کر لیتا ہے۔ اس کو رنج و اندوہ پہونچے تو بیتابی رسوا کرتی ہے اگر مال ہاتھ آئے تو دارائی اس کو سرکش کر دیتی ہے۔ اگر ناداری و فاقہ کشی آ گھیرے تو بلاؤں میں گھر جاتا ہے۔ اگر بھوک میں مبتلا ہو تو ناتواں ہو جاتا ہے۔ اگر سیری زیادہ ہو جائے تو پر شکمی تکلیف پہونچاتی ہے۔ پس ہر کمی نقصان پہونچاتی اور ہر افراط باعث فساد و تباہی ہوتا ہے۔

۵۶۔ ابرار کی صحبت سے بڑھ کر خیر کی طرف بلانے والی اور شر سے نجات دلانے والی اور کوئی چیز نہیں۔

۵۷۔ خداوند تعالیٰ نے اپنی تحدید صفت سے عقول کو مطلع نہیں کیا اور عقول پر جو کچھ معرفت واجب ہے اس کو پوشیدہ نہ رکھا۔

۵۸۔ اگر موت خریدی جانے والی چیز ہوتی تو البتہ تونگر ضرور خرید لیتا۔

۵۹۔ جس نے خشم خداوندی پر لوگوں کی خوشنودی کو ترجیح دی خدا اس کی نیکیوں کو رد کرتا اور لوگوں میں اس کو مذموم کرتا ہے۔

۶۰۔ جس نے لوگوں کے خشم کے باوجود خدا کی خوشنودی کو چاہا خدا اس کی مذموم چیزوں کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے۔

۶۱۔ جس نے اقسام کے کھانوں کے درخت کو اپنے نفس میں بو دیا گوناگوں بیماریوں کو چن لیا۔

۶۲۔ جو کج خلق ہو گا اس کی روزی کم ہو جائے گی۔

۶۳۔ جس میں حیا اور سخاوت نہ ہو اس کے تئے زندگی سے موت بہتر ہے۔

۶۴۔ زیادہ کھانے والے کی صحت خراب اور اس پر بار زندگی بہت گراں ہو جائے گا۔

۶۵۔ جو اپنے کام خدا کے تفویض کرتا ہے خدا اس کے امور کو استوار کرتا ہے۔

۶۶۔ مَنْ مَلَكَ مِنَ الدُّنیا شَیْئًا فَاتَهُ مِنَ الْاٰخِرَةِ اَكْثَرُ مِمَّا مَلَكَهٗ
جو دنیا کی کسی چیز کا مالک ہو آخرت اس سے زیادہ اس کے ہاتھ سے چلی جائے گی۔

۶۷۔ جو موت کا ذکر کرتا رہے گا دنیا سے کم پر رضامند ہو جائے گا۔

۶۸۔ من اطاع امامہ فقد اطاع ربّہ ۔ جس نے اپنے امام کی اطاعت کی اس نے اپنے رب کی اطاعت کی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۶۹۔ جس پر شہوت غالب ہو اس کا نفس سلامت نہ رہے گا۔

۷۰۔ جس کا نفس شریف ہوگا اس میں مہر و محبت ہوگی۔

۷۱۔ جو نعمت کا شکر ادا نہ کرے اس کو زوال نعمت کی سزا دی جائے گی۔

۷۲۔ جس نے اپنی تکالیف کو لوگوں پر آشکار کیا اپنے نفس پر عذاب کر لیا۔

۷۳۔ عقلمند جھوٹ نہیں کہتا اور مومن زنا نہیں کرتا۔

۷۴۔ منافق کی مثال حنظل (اندراین) کی جیسی ہے کہ اس کے پتے سبز اور اس کا ذائقہ تلخ ہے۔

۷۵۔ فقر و تنگی کی سختیوں کا برداشت کرنا ناکس کی ملاقات سے بہتر ہے۔

۷۶۔ نصیحت کی تلخی بدآموزی کی شیرینی سے زیادہ سودمند ہے۔

۷۷۔ جب انسان بصیرت کا اندھا ہو تو چشم بصارت کوئی فائدہ نہیں پہونچاتی۔

۷۸۔ نحن دعاة الحق وائمة الخلق والسنة الصدق من اطاعنا ملك ومن عصانا هلك
ہم حق کی طرف دعوت دینے والے مخلوق کے آئمہ اور لسان صدق ہیں جس نے ہماری اطاعت کی سلطنت پائی اور جس نے ہماری نافرمانی کی ہلاک ہوا۔

۷۹۔ ہم باب حطہ ہیں جو سلامتی کا دروازہ ہے جو اس میں داخل ہوا سلامت رہا اور جس نے اس سے تخلف کیا ہلاک ہوا۔

۸۰۔ حق اور اس کے اہل کے متعلق لغزش نہ کھاؤ کیونکہ جس نے دوسروں کو ہم اہل بیت پر برگزیدگی دی ہلاک ہوا اور دنیا و آخرت اس کے ہاتھ سے گئی۔

۸۱۔ دنیائے فانی کی چیزوں کی طرف رغبت نہ کر اور دار فنا سے ایسی چیزیں لے جو دار بقا میں کام آئیں۔

۸۲۔ تیری دعا اجابت کی راہ نہیں پاتی کیونکہ تو نے اجابت دعا کے راستہ کو گناہوں سے بند کر دیا ہے۔

۸۳۔ کسی محتاج کو عطا کرنے میں کل تک تاخیر نہ کر کیونکہ تو نہیں جانتا کہ کل تیرے لئے یا اس کے لئے کیا پیش آنے والا ہے۔

۸۴۔ جہال جو بات نہیں جانتے اس سے انہیں آگاہ نہ کر کیونکہ وہ تیری تکذیب کریں گے تیرا علم تیرے لئے حق ہے اور ان کا حق تجھ پر یہ ہے کہ علم کو مستحق کو پہونچائے اور غیر مستحق سے باز رکھے۔

۸۵۔ عورت کی زمام کو اس کے ہاتھ میں نہ چھوڑ دے تاکہ وہ اپنی حد سے تجاوز نہ کرے کیونکہ عورت ایک پھول ہے اور دلیر و توانا نہیں۔

۸۶۔ اپنی زندگی کے بار کو عورتوں کے دوش پر نہ ڈال اور جہاں تک ہو سکے اپنے کو ان سے بے نیاز کرلے کیونکہ وہ منت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جتانے والی اور کفران نیکی کرنے والی ہوتی ہیں۔

۸۷۔ سوائے خدائے پاک کے کسی سے کچھ طلب نہ کر اگر وہ تجھ کو کچھ عطا کرے تو تجھے بزرگ کیا اور اگر نہ دیا تو تیری آخرت کے لئے ذخیرہ کیا۔

۸۸۔ لا یوخذ العلم الا من اربابہ۔ علم حاصل نہیں کرنا چاہیئے مگر اس کے ربوں (آلِ محمدؐ) سے۔

۸۹۔ مومن کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک کہ نعمت کی فراخی کو فتنہ اور بلاؤں کو نعمت شمار نہ کرے۔

۹۰۔ جس شخص میں پرہیزگاری نہیں ایمان کو نفع نہیں پہنچتا۔

۹۱۔ چار چیزیں زوال پر دلالت کرتی ہیں (۱) اصول دین کو ضائع کرنا (۲) فروع سے تمسک اور مقدم جاننا (۳) رذیلوں کو مقدم رکھنا۔ (۴) صاحبان فضیلت کو موخر کرنا۔

۹۲۔ تھوڑی سی ریا بھی شرک بخدا ہے۔

۹۳۔ مرد خداشناس کا چہرہ شاد و تبسم اور قلب ترساں واندوہناک رہتا ہے۔

۹۴۔ اے لوگو دنیا میں زہد اختیار کرو کیونکہ دنیا کا عیش کوتاہ اور اس کی خوبیاں کم ہیں دنیا چلی جانے والی سرائے اور مقام غم واندوہ ہے یہ دنیا ہے کہ موت کو نزدیک اور آرزوؤں کو دور کرتی ہے اور آنکھوں کو فشار کرتی ہے یہ ایک سرکش گھوڑا ہے جو دوڑ رہا ہے اور خیانت کرتا ہے۔

۹۵۔ عاقل کے لئے سزاوار ہے کہ صحبت علماء زیادہ اختیار کرے اور اشرار و فاجروں کی قربت سے اجتناب کرے۔

۹۶۔ لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا کہ ان کے پاس کوئی عزیز و گرامی نہ ہوگا مگر مکار و جاسوس، خوش ذوق نہ ہوگا مگر فاسق و فاجر اور خوار سمجھا نہ جائے گا مگر مرد منصف۔

۹۷۔ اے دنیا کے بندو تمہارے اعمال اسی کے لئے (دنیا ہی کیلئے ہیں) دن میں تم بیع و شریٰ میں مشغول ہو اور شب میں اپنے فرشوں پر کروٹیں بدلتے رہتے ہو۔ آخرت سے غافل ہو اور نیک عمل کے لئے تاخیر کرتے ہو۔ پس کب طلب آخرت میں تفکر کرو گے۔ کب زادِ راہ تیار کرو گے اور کب روز قیامت کے لئے کام انجام دو گے۔

۹۸۔ عاقل کے لئے سزاوار ہے کہ قیامت کے لئے نیک عمل کرے اور روح کے قبض ہونے اور خاک میں جانے سے پہلے کثرت سے زاد راہ جمع کرے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۹۹۔ قضائے الٰہی بلحاظ مقدار اختیار و تدبیر کے خلاف جاری ہوتی ہے۔
(یجری القضاء بالمقادیر علی خلاف الاختیار والتدبیر (از غرر الحکم)

۱۰۰۔ الجاحد لولا یتنا کافر والجاحد لفضلنا کافر و وجھه واضح لانه لا فرق بین الجحود الولایة وجحود الفضل وجحود النبوة والربوبیة : یعنی ہماری ولایت سے عمداً انکار کرنے والا کافر ہے اور ہماری فضیلت کا منکر کافر ہے اس کا سبب واضح ہے کیونکہ منکر ولایت منکر فضیلت منکر نبوت اور منکر ربوبیت میں کوئی فرق نہیں۔ (بحر المعارف ص۳۳۴)

۱۰۱۔ ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں عافیت کے دس اجزا ہوں گے ان میں سے نو حصے لوگوں سے تنہائی اختیار کرنے میں ہوں گے اور ایک حصہ خاموشی میں۔

۱۰۲۔ رسالت مآبؐ نے فرمایا "کنت نبیاً و آدم بین الماء والطین۔"
حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا "کنت ولیاً و آدم بین الماء والطین۔" (بحر المعارف ص۳۱۱)

۱۰۳۔ علیك بذكر الله فانّه نور القلوب۔ تجھے چاہیئے کہ ذکر خدا کرے کیونکہ یہ قلوب کیلئے نور ہے۔ (غرر الحکم)

۱۰۴۔ عداوة الاقارب امض من لسع العقارب : عزیز و اقارب کی عداوت بچھو کے کاٹنے سے زیادہ سخت ہے۔ (غرر الحکم)

۱۰۵۔ عند فساد النیّة ترتفع البرکة۔ جب نیت فاسد ہوتی ہے برکت اٹھ جاتی ہے۔ (غرر الحکم)

۱۰۶۔ من حفر لاخیه المومن بئراً وقع فیه : جو اپنے برادر مومن کے لئے کنواں کھودے خود اس میں گرے گا۔ (غرر الحکم)

۱۰۷۔ من احسن الاختیار صحبة الاخیار : بہترین اختیاروں میں سے یہ ہے کہ نیکوں کی صحبت اختیار کرے۔

۱۰۸۔ مادفع الله عن العبد المومن شیئاً من بلاء الدنیا وعذاب الاخرة الا برضاه بقضائه حسن صبره علی بلائه خدا بلائے دنیا اور عذاب آخرت سے کسی چیز کو بندہ مومن سے دفع نہیں کرتا مگر اس کی رضا اور اپنی قضا سے اور اس بندہ کے بلاؤں پر صبر کرنے سے۔

۱۰۹۔ یمتحن المومن بالبلاء کما یمتحن الذهب بالنار الخلاص۔ مومن کا امتحان بلا و گرفتاری سے ہوتا ہے جیسا کہ خالص سونے کی آزمائش آگ سے ہوتی ہے۔

۱۱۰۔ لا تویس الضعفاء من عدلك : ضعیفوں (زیر دستوں) کو اپنے عدل سے مایوس نہ کر۔

۱۱۱۔ بارش کا پانی پیو کہ وہ بدن کو پاک کرتا اور امراض کو دور کرتا ہے (تفسیر عیاشی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۱۲۔ انا صلوٰۃ المومنین وزکواتھم وحجھم وجھادھم ؛ یعنی میں مومنین کی نماز ان کی زکوٰۃ اور ان کا حج وجہاد ہوں[1]۔

حقیقت کی تعریف

(حدیث کمیل ابن زیاد)

کمیل ابن زیاد نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے سوال کیا کہ۔

کمیل۔ یا امیرالمومنین ع ما الحقیقۃ ؛ (مولا حقیقت کیا ہے)

حضرت امیرالمومنین ع : مالک والحقیقۃ (تجھے حقیقت سے کیا کام)

کمیل۔ اولست صاحب سرک : مولا کیا میں آپ کا صاحب اسرار نہیں ہوں (کیا آپ صاحب خزانہ نہیں اور کیا میں آپ کا گنجینہ نہیں۔)

حضرت امیرالمومنین ع : بلی ولکن یرشح علیک ما یطفح منی الحدیث : ہاں تو ہمارا صاحب اسرار ہے اور تجھ پر فیض کی بارش ہوتی ہے۔ اچھا سن! الحقیقۃ کشف سبحات الجلال من غیر اشارہ۔ (حقیقت کیا ہے جلوات نور کا منکشف ہونا بغیر اس کے بتلانے کے)

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین۔

(۲) حضرت امیرالمومنین ۔ محو الموھوم وصحو المعلوم ؛ (موہوم چیز کا مٹ جانا اور معلوم چیز میں زیادتی ہو جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین ع ؛

(۳) حضرت امیرالمومنین ع : ھتک الستر وغلبۃ السر (راز کا فاش ہونا اور راز کا غالب آ جانا یعنی کھل جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین ع ؛

(۴) حضرت امیرالمومنین ع ۔ الحقیقۃ ما ھی جذب الاحدۃ ؛ (حقیقت کیا ہے۔ ذات احدیت میں جذب ہو جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین ع ؛

---

[1] : مولانا روم فرماتے ہیں : سبحان حی لا ینام بیدار ز ہر صبح و شام
حج و نماز است و صیام اللہ مولانا علیؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۱۲۔ انا صلوٰۃ المومنین وزکواتھم وحجھم وجہادھم ؏ یعنی میں مومنین کی نماز ان کی زکوٰۃ اور ان کا حج وجہاد ہوں[1]۔

حقیقت کی تعریف

(حدیث کمیل ابن زیاد)

کمیل ابن زیاد نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے سوال کیا کہ۔

کمیل۔ یا امیرالمومنین؏ ما الحقیقۃ ؛ (مولا حقیقت کیا ہے)

حضرت امیرالمومنین؏ : مَالَکَ الحقیقۃ (تجھے حقیقت سے کیا کام)

کمیل۔ اولست صاحب سرّک ؛ مولا کیا میں آپ کا صاحب اسرار نہیں ہوں (کیا آپ صاحب خزانہ نہیں اور کیا میں آپ کا گنجینہ نہیں)۔

حضرت امیرالمومنین؏ : بلیٰ ولکن یرشح علیک مایطفح منی الحدیث : ہاں تو ہمارا صاحب اسرار ہے اور تجھ پر فیض کی بارش ہوتی ہے۔ اچھا سن۔ الحقیقۃ کشف سبحات الجلال من غیر اشارہ۔ (حقیقت کیا ہے جلوات نور کا منکشف ہونا بغیر اس کے بتلانے کے)

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین۔

(۲) حضرت امیرالمومنین۔ محو الموھوم وصحو المعلوم ؏ (موہوم چیز کا مٹ جانا اور معلوم چیز میں زیادتی ہو جانا۔

کمیل ؛ زدنی بیانا یا امیرالمومنین؏ ؏

(۳) حضرت امیرالمومنین؏ ؛ ھتک السّتر وغلبۃ السّر (راز کا فاش ہونا اور راز کا غالب آجانا یعنی کھل جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین؏ ؏

(۴) حضرت امیرالمومنین؏۔ الحقیقۃ ماھی جذب الاحدۃ ؏ (حقیقت کیا ہے۔ ذات احدیت میں جذب ہو جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین؏ ؏

---

[1] : مولانا روم فرماتے ہیں : سبحان حی لایبنام بیدار زوھر صبح وشام
حج ونماز است وصیام اللہ مولانا علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۵) حضرت امیرالمومنینؑ :

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنینؑ :۔

(۶) حضرت امیرالمومنینؑ :۔ اطفی السراج (چراغ کو بجھا دینا)

شرح حدیث کمیل ابن زیاد

مرتضیٰ آں پادشاہ پاک ذیل — ریخت فیض حقیقت بر کمیل
گفت با او آں کمیل پاک دین — ما الحقیقہ یا امیرالمومنینؑ
مرتضیٰ گفتہ با آں کامل عیار — با حقیقت مرترا باشد چہ کار
گفت شاہا گرچہ من ف نیستم — صاحب سرّ تو آیا نیستم
نہ توی گنجور و من گنجینہ ات — نہ توی منظور و من آئینہ ات
شاہ فرمودش بلے اے محترم — صاحب سر منی بے بیش و کم
محرمی لیکن علیک یرشح — کل فیض من جناب یطفح
چوں شوم لبریز از فیض درود! — بر تو ریزد رشحۂ زاں فیض جود
قال ما من حرث منک کاملا — مثلک ربک بجیب سائلا
ربّ لا تقہر یتیما عائلاً — ربّ لا تنہر فقیراً سائلا
(۱) در جوابش گفت آں بحر کمال — الحقیقۃ کشف سبحات الجلال
پردۂ خورشید جز انوار چیست — شمس را جز نور او سیار چیست
چوں بر آں انوار افتد چشم جاں — ذات را تسبیح گوید بے زباں
چیست آں سبحات حق جلوات نور — نور چہ بود گوش کن عین ظہور
ذات از فرط ظہور و انجلا — دائماً اندر بطون است و خفا
گفت چوں بشنید آں حرف عجیب — یا علیؑ زدنی بیانا کی اجیب
بار دیگر شاہ فیاض و نعم — در جوابش گفت از روئے کرم
(۲) کایں حقیقت محو موہوم آمدہ — کہ قریں با صحو معلوم آمدہ
پردہ ہائے وجہ شمس لایزال — کہ معبر شد بہ سبحات جلال
نیست الا ہستی موہوم تو — باش حاضر تا شود معلوم تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس بیّنا ربنا و بیننا   حاجبا یحجبه الّا عیننا
شمس حق را هستی دهی حجاب   ابر و اشد منکشف شد آفتاب
صحو چون انکشاف آں غمام   از رخ شمس منیر بے ظلام
محو هستی صحو هشیاری بود!   انچه خواب و این چه بیداری بود
محو چون آں فنا اندر فنا   صحو چون آں بقا اندر بقا
واصلان منزل حق الیقین   جملگی مستان هشیار آفرین
چون کمیل از جام ساقی گشت مست   دست ساقی برد اور آغوش زدست
پردهٔ هستی موهوش درید   حرص ادا فزود و شوقش شد پدید
چون فزودش شوق بادهٔ حرص جان   ارش زدنی بیانا بر زبان
از کرم جام دگر کردش عطا   شد صفا اندر صفا اندر صفا (۴۰)
ما الحقیقة گوش کن گر طالبی   هتك سر غلبة سر غالبی
گشت غالب چونکه سرّ معنوی   شاه دل در ملک جانت شد قوی
هستیٔ مطلق وجودی بس لطیف   چون قوی آمد تعین شد ضعیف
نور هستی غالب آمد شد مزید   پرده هائے سرّ معنی را درید
سر چون غالب شد غلق مغلوب شد   سر برآمد خار و خس جاروب شد
زور آتش دیگ را پر جوش کرد   رسنه اندر هستیٔ سر نوش کرد
سیل از کهسار آمد پر شتاب   بند و بست پخته و پل شد خراب
چون کمیل این نکته از شه گوش کرد   جرعهٔ سیم ز ساقی نوش کرد
شسته گشتش نقش هشیاری ز دل   می فزودش عشق و مستی متصل
کرت آخری ز پاکیزه دلی   گفت خوش زدنی بیانا یا علیؑ
چشم از نور رخت بے نور نیست   گر ز رخ برقعه کشائی دور نیست
پرده ها از نور و ظلمت آں جلیل   خوش برافگنده برخسار جمیل
اهل دل را در مقامات کمال   در پس هر پرده ذوق و وجد و حال
انکشاف هر حجابی زاں عجب   هست معراجی برائے اهل لب
چون یکی پرده کشاید شاه دل   دل شود اندر مقامی مستقل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مستقل شد دل چوں اندر منزلی / بایدش چشم دگر دیگر دلی
تا مقام دیگرش لایق بود / منزلی دیگر بوے اوفق بود
پرده پرده پرده ہائے پاک ذیل / منکشف می کرد برچشم کمیل
باده اش پالوده بود و صاف صاف / کرد استدعائے دیگر انکشاف
پرده دیگر کشودش آں ودود / دیدهٔ دیگر بہ بخشیدش زجود!
مرحقیقت را چهارم شارحی / شاه فرمودش بقول واضحی
الحقیقة ما ھی جذب الاحد / ما الاحد مالا تجزی لا بعد
چوں احد توحیدرا جاذب شود! / آں شود مغلوب وآں غالب شود
زانکہ مجذوب است مغلوب جذوب / شاه جذاب است غالب برقلوب
قل لنا التوحید ماھوای پناه / حکمنا بالواحدیت لا الٰہ
قل لنا ما الواحدیت اے سند / اندراج الکل فی جمع الاحد
چونکہ مغلوبش شود حکم کثیر / می رود ازوے ایا مرد بصیر
حکم جاذب گیرد ایں مجذوب تو / نعمت غالب گیرد ایں مغلوب تو
سر غالب گر کند هتک سر / نیست جز ذات احدائے بے نظیر
سر منتهو کی کہ مغلوب وے است / ہست توحیدی کہ مجذوب وے است
چوں کمیل آں جرعهٔ چارم چشید / نشئهٔ بحر الاحد آمد پدید
جمع مطلق ایخناں ادر دار بود / کز فرقتش آگہی مطلق نہ بود
گفت دیگر ره اماما عارفا / خاصا زدنی بیا تا کاشفا
شاه چوں دیدش بہ بحر جمع غرق / بے خبر گردیده از احکام فرق
خوش کشانیدش بہ بحر تفرقہ / تار تعطیلش برد در زندقہ
جعفر صادقؑ شہ عالی اثر / ایں چنیں گفتا باصحاب نظر
انّ جمعا ینفرد عن تفرقہ / محض تعطیل است وعین زندقہ
انّ تفریقا عن الجمع خلا / کان تشبیها وشرکا ظاهرا
جمع بین الجمع والفرق اے مدل / ہست توحید قویم معتدل
آں حقیقت داں کہ از صبح الازل / شارق آمد نور شمس لم یزل
پس شود آثار آں لایح ترا / پس شود احکام آں واضح ترا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بر مرایای تجلّی وجود !!　　هر مجالی ظهور نور جود !
هر یکی از آن مرایای کمال　　هر یکی از آن مجائی جمال
واحدیت راست تمثال دگر　　ہیکل توحید بست ای بابصر
آن ہیاکل دان تماثیل لطیف　　واحدیت راست مرات شریف
وصف وحدت درہمہ ساری بود　　حکم وحدت درہمہ جاری بود
از دم رابع تکمیل با نظام　　کردچون سیرالی اللہ را تمام
وقت آن شد کہ تکمیل اکمل شود　　فاضل وعارج شود افضل شود
چون شود سیرالی اللہ تمام　　کامل الذاتی تو عالی مقام
ای عجب زین کامل بے تفرقہ　　کہ کمالش ہست عین زندقہ
مرحبا و حبذا زندیق خاص　　کہ زند صد طعنہ برصدیق خاص
کیست این زندیق غرق بحر جمع　　اوچو پروانہ احد اور اچو شمع
کیست این زندیق آن مست عشق　　کہ امامش خواند زندیق طریق
عاشقی را نسبت از معشوق پاک　　سوئے زندیقی بود با اشتراک
خاک گر باشد سیہ عاری ز نور　　ظلمتش دان عین نور ای باحضور
کفر اینجا عین ایمان شریف　　زندقہ شد عین توحید لطیف
زندقہ اہل کمال است ای پسر　　ہر کہ این زندیق نہ خاکش بہ سر
کاملیت لاجرم این زندقہ است　　زندقہ جمع عری از تفرقہ است
اکملیت چیست دانی ای رفیق　　منزل سیرالی اللہ ای عشیق
در مرایا ہمچو حق ظاہر شدن　　درہمہ بر خویشتن ناظر شدن
سوئے فوق از جمع خوش باز آمدن　　ہمچو حق سرتا بہ پا ناز آمدن
درہمہ اطوار سائر آمدن　　باہمہ ادوار دائر آمدن
فوق بعد الجمع باشد این مقام　　ہست ذوالعینین آن مرد تمام
آن یکی عینش سوے جمع آمدہ　　وآن دگر عینش سوئے فرع آمدہ
فرق چشمش را حجاب از جمع نیست　　فرق وے چون فرق اہل سمع نیست
فرق قبل الجمع فرق اہل جمع　　عین فرق آن حجاب عین جمع

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عین فرقش نہ حجاب فرقش جمع
سالک مطلق نہ چوں اصحاب سمع

سالک مطلق نباشد سمع محض
نہ بود مجذوب مطلق جمع محض

جمع کردہ خوش بہم جذب وسلوک
جامع وصف عبید وہم ملوک

عاشقاں جملہ عبید اوشہ است
نائب ربانی ظل اللہ است

چوں کمیل از چارم زاں عقار
مالک ملک بقا شد تاجدار

تاجداری خواست گردد تاج بخش
بعد معراجش شود معراج بخش

گفت کای ساقی فیاض وجود!!
سلاسًا زدنی بیانا کی وجود

در جوابش گفت آں عادل مزاج
کای کمیل معنوی اطفی السراج

اطف مصباحًا فان صبح لاح
سکن المصباح اذلاح الالصباح

صبح لایح چیست آں صبح ازل
حضرت ذات احد عزوجل

لام الف در لفظ الصبح اے امیر
سوے آں صبح ازل آید مشیر

در جواب پنجمیں صبح ازل
یاد کن از قول شاہ بے بدل

در جواب چار میں جذب الاحد
جذب الصبح الازل داں اے سند

چیست آں نور احد صبح ازل
اول است و باطن است دلم یزل

نور واحد چیست مصباح کمال
آخراست وظاہراست ولایزال

ایں ہمہ اطلاق تجرید آمدہ
ایں ہمہ تعلیق و تقیید آمدہ

نور توحید است آں لایح سراج
ھیکل التوحید مشکوٰۃ الزجاج

آں ھیاکل آں حقائق آمدہ
آں حقائق نور شارق آمدہ

گاہ الٰہی و ربّانی بود!
گاہ اعیانی واکوانی بود!

عالم اسماء بود قسم یکم
عالم اکواں بود قسم دوم

قسم اول آمدہ ہمچو زجاج
قسم دوم چیست مصباح السرج

اے کمیل خاص اطلق عن قیود
اطف مصباحا ید اصبح الشہود

ایں ھیاکل جملہ قید جاں تست
ایں حقائق حاجب بینان تست

حاجبیں شہ کہ قوسین آمدہ
خود حجاب و پردہ عین آمدہ

گر حجاب قاب قوسین بردرے
"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ شُكْراً لِاَنْعُمِهِ وَاَيَادِيْهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ شَهَادَةً تَبْلُغُهُ وَتُرْضِيْهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزْلِفُهُ وَتُحْظِيْهِ وَالنِّكَاحُ مِمَّا اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ بِهِ وَرَضِيَهُ وَمَجْلِسُنَا هٰذَا اِقْتَضَاءُ اللّٰهِ وَاَذِنَ فِيْهِ وَقَدْ زَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِبْنَتَهُ فَاطِمَةَ وَجَعَلَ صِدَاقَهَا دِرْعِيْ هٰذَا وَقَدْ رَضِيْتُ بِذَالِكَ فَاسْئَلُوْهُ وَاشْهَدُوْا۔"

(ناسخ التواریخ صفحہ ۶۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :۔ خدا کا شکر ہے اس کی نعمتوں اور پلٹ پلٹ کر آنے والی عنایتوں پر کوئی اللہ نہیں سوائے اس اللہ کے میں ایسی شہادت دیتا ہوں جو تجھ تک پہونچ سکے اور تو اس سے راضی ہو جائے اور محمدؐ کو قرب و وصل عطا فرمائے۔ اور ان کا احاطہ کرے۔ یہ نکاح وہ ہے جس کے لئے خداوند عزوجل نے حکم دیا ہے اور اس سے راضی ہوا ہے اور ہماری اس مجلس کا انعقاد خدا کے حکم سے ہے جس کی اس نے ہم کو اجازت دی ہے اور رسول اللہؐ نے اپنی صاحبزادی فاطمہؑ کو میری زوجیت میں دیا ہے اور ان کا مہر میری اس زرہ کو قرار دیا ہے۔ جس پر میں رضامند ہوں پس جو چاہتے ہو سوال کر لو اور گواہ رہو۔

(بحر المعارف)

وجود منبسط

جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا :

اِنَّ خلافۃ الحقیقۃ المحمدیۃ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ ھی قطب الاقطاب ولمّا تقرّر عند اھل الذّوات اِنّ لکلّ اسم مِن اَسمآء الالٰھیّۃ صورۃ فی العلم مسمّاتھم بالماھیۃ والعین الثابتۃ وَ انّ لکلّ واحد منھا صورۃ خارجیۃ مسمّاۃ بالمظاھر والموجودات العینیۃ و ان تلک الاَ سمآء ارباب تلک المظاھر وھی مربوباتھا ومنہ الفیض والاستمداد علیٰ جمیع الاسمآء وحینئذٍ نقول ان تلک الحقیقت ھی التی برزت بصورہ العوالم کلّھا باسم الرّبّ الظاھر فیھا الّذی ھو رب الارباب

بہ تحقیق کہ حقیقت محمدیہؐ کی خلافت قطب الاقطاب ہے اور چونکہ یہ اہل ذوات کے پاس ثابت ہے کہ اللہ کے اسماء میں سے ہر اسم کے لئے علم میں ایک صورت ہے جو ماہیت اور عین ثابتہ کے نام سے موسوم ہے اور بہ تحقیق کہ ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک صورت خارجی ہے جو مظاہر اور موجودات عینیہ کے نام سے موسوم ہے اور یہ اسماء ان مظاہر کے رب ہیں اور یہ مظاہر ان سے پلنے والے ہیں اور اسی سے تمام اسماء کو فیض و مدد پہنچتی ہے اور اس وقت ہم کہتے ہیں کہ یہ وہ حقیقت ہے جو رب ظاہر کے نام سے تمام عالمین کی صورت میں ظاہر ہوتی اس میں وہ ہستی ہے جو رب الارباب ہے اس لئے کہ وہ ان مظاہر میں ظاہر ہے پس اس کی صورت خارجیہ جو عالم کی صورتوں کے لئے مناسب ہے مظہر ہے اسم ظاہر کی اس سے عالم کی صورتوں نے تربیت پائی اور اس کے باطن سے عالم کے باطن نے تربیت پائی کیونکہ وہ اسم اعظم کا مالک ہے اور اس کے لئے ربوبیت مطلقہ ہے اسی لئے خدا نے فرمایا وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لانّها هي الظاهرة في تلك
المظاهرة فصورتها الخارجيّة
المناسبة لصور العالم التي هي
مظهر الاسم الظاهر تربّ صور
العالم وبباطنها تربّ باطن
العالم لانه صاحب الاسم
الاعظم وله الرّبوبيّة
المطلقة وهذا قال تعالٰى
هو الذي ارسل رسوله بالهدى
ودين الحق ليظهره على الدين
كله خصصت لفاتحة الكتاب
وخواتيم البقرة وهي مصدرة
يقوله صلى الله عليه وآله الحمد
لله ربّ العالمين فجميع عوالم
الاجسام والارواح كلها مربوبة
لها وهٰذه الرّبوبيّة انّما لها
من جهة حقيقتها لا من
جهة بشريتها فانّها من
تلك الجهة عبدٌ مربوب محتاج
الى ربّها كما نبّه سبحانه على
هٰذه الجهة بقوله قل انّما
انا بشر مثلكم يوحى الي وبقوله
ولمّا قام عبد الله يدعوه فسمّاه
عبد الله تنبيها على انّه مظهر
لهذا الاسم دون اسم اخر ونبّه

وہی ذات ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دینِ
حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر ظاہر کرے
اور اسی لئے رسول خداؐ نے فرمایا کہ میں فاتحہ کتاب
سے اور سورہ بقر کی آخری آیات سے مخصوص کیا گیا
ہوں اور یہی مقام صدور ہے۔ ارشادِ رسولؐ سے
یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تمام حمد اللہ کے لئے ہے جو پالنے
والا ہے۔ عالمین کا۔ پس تمام عوالم اجسام و ارواح
اس سے پلتے ہیں اور یہ ربوبیت اس کی حقیقت کی
وجہ سے ہے نہ کہ اس کی بشریت (ظواہر) کی وجہ پس اس
وجہ سے کہ وہ ایک بندہ ہے جو پلتا ہے اور اپنے
رب کا محتاج ہے جیسا کہ اللہ نے اس جہت میں
اپنے قول سے تنبیہ کی ہے کہ کہدو کہ میں تمہارے
مثل بشر ہوں یعنی (ظاہر) مگر مجھ پر وحی نازل
ہوتی ہے۔ اور اپنے اس قول سے کہ جب بندہ
خدا کھڑا ہو کر اس کو پکارتا ہے تو اس کا نام اس بات
پر تنبیہ کرنے کے لئے کہ وہ اسی اسم کا مظہر ہے نہ
کہ کسی اور کا اس کا نام عبد اللہ رکھا اور اپنی جہت
کی طرف تنبیہ کیا بقول اے رسولؐ تم نے نہیں پھینکا
بلکہ اللہ نے پھینکا۔ پس اللہ نے اس پھینکنے کو اپنے پھینکنے
کی طرف منسوب کرکے سند دے دی اور اس
ربوبیت کا تصور نہیں کیا جا سکتا مگر ہر حقدار کو اس
کا حق عطا کرنے کے ساتھ اور اس عالم کو ہر اس چیز
کا فیض پہنچانے کے ساتھ جس کا یہ محتاج ہے اور یہ
معیت ممکن نہیں مگر قدرت تامہ اور تمام صفات الٰہیہ
کے ساتھ۔ پس کل اسماء جو حسب استعداد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

على الجهة الاولى بقوله وما
رميت اذ رميت ولكن الله رمى
فاسند رميه الى الله ولا يتصوّر
هٰذه الربوبية الّا باعطآء كل
ذى حق حقه و افاضة جميع
ما يحتاج اليه العالم وهذا
لمعنى لا يمكن الّا بالقدرة التامة
والصفات الالٰهيّة جميعًا فله كل
الاسمآء يتصرّف بها فى العالم على
حسب استعدادا تهم ولمّا كانت
هٰذه الحقيقة مشتملة على
الجهتين الالٰهيّة والعبوديّة
لا يصح لها ذلك اصالة بل تبعية
وهى الخلافة فلها الاحيآء والاماتة
واللطف والقهر والرّضا والسخط و
جميع الصفات المتصرف فى
العالم وفى نفسها وبشريتها
ايضًا۔ لانها منه وبكائه وجزعه
وضيق صدره لا ينافى ماذكرنا فانّه
بعض مقتضيات ذاته وصفاته
ولا يعزب عن علمه مثقال ذرة
فى الارض ولا فى السمآء من حيث
مرتبة وان كان يقول انتم
اعلم بامور دنياكم من بشريته
والحاصل ان ربوبية للعالم بالصفات
الالٰهيّة التى من حيث مرتبة

اس عالم میں متصرف ہیں اسی کے ہیں اور چونکہ یہ
حقیقت دو جہتوں یعنی جہت الٰہیہ اور جہت عبودیت
پر مشتمل ہے یہ اس کے لئے اصالتاً صحیح نہیں ہے
بلکہ تبعیتاً صحیح ہے (یعنی اللہ نے یہ ان کے تابع کر دیا ہے)
اور یہی وہ خلافت ہے جسے زندہ کرنا مارنا، لطف وقہر،
رضا وغصہ اور تمام صفات جو عالم میں متصرف ہیں اور جو
اس کے نفس و بشریت میں ہیں حاصل ہیں۔
ایضاً۔ کیونکہ وہ حقیقت اللہ کی طرف سے ہے۔
ان کا گریہ و جزع و فزع اور ان کے سینے کا تنگ ہونا
جو کچھ ہم نے اوپر ذکر کیا ہے اس کی نفی نہیں کرتا اس لئے
کہ یہ ان کی ذات کی مقتضیات وصفات ہیں اس کے علم
سے زمین و آسمان میں ذرہ برابر بھی کوئی چیز مرتبہ کی
حیثیت سے اس سے پوشیدہ نہیں اگرچہ کہ یہ کہا جاتا ہے کہ
تم بشریت میں امور دنیا میں سب سے بڑے عالم ہو
اس سے یہ حاصل ہوا کہ عالم کے لئے ربوبیت صفات
الٰہیہ کے ساتھ ہے جو بحیثیت مرتبہ کے ہے اور اس
کا عجز و انکسار اور تمام وہ چیزیں جو نقائص امکانیہ کی
وجہ اس کے لئے لازم ہیں بشریت کی حیثیت سے حاصل
ہیں اور اس کے عالم سفلی کی طرف بھیجے جانے کی وجہ سے
ہیں تاکہ اس کے ظواہر کے ساتھ اس کے عالم باطنی کے
خواص محیط رہیں پس وہ بحر ربوبیت اور عالم ناسوت کے
مقام اتصال ہیں اور دونوں عالمین کے مظہر ہیں۔
کمال اسی کے لئے ہے جیسا کہ اس کا عروج اصلی
مقام کی طرف اس کا کمال ہے پس آخری اعتبار سے
نقائص کمالات ہیں اس کو وہی جانتا ہے جس کا
قلب نور الٰہی سے منور ہو چکا ہو۔ اہل اشارہ نے کہا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وعجزه ومسکنته وجميع ما يلزمه من
النقائص الامکانية من حيث بشرية
الحاصلة من التقييد والتنزل في
العالم السفلي يحيط بظاهره خواص
العالم الباطن فيصير مجمع البحرين
ومظهرا لعالمين نزدله

ايضاً:- كمال له كمالات عروجه الى
مقام الاصلي كمال فالنقايص كمالات
باعتبار آخر يعرفها من تنور قلبه
بالنور الالهي وقد قال اهل
الاشارات جميع المظاهر الكلية
الآفاقية والانفسية راجع الى الاسماء
الثلثة التي في بسم الله الرحمن الرحيم
وحروف البسملة تسعة عشر حرفا
فوقع ترتيب العالم على تسع عشر
مرتبة العقل الاول والنفس الكلية
والافلاك التسعة والعناصر الاربعة
والمواليد الثلثة والانسان الكامل
الجامع لكله فاذا ثلثة رجعت الى
العقل الاول والنفس والجسم وهي
الجبروت والملكوت والملك وهي
النبوة والرسالة والولاية وهي وهي
الشريعة والطريقة والحقيقة

کہ تمام آفاق و انفس کے مظاہر تین اسماء کی
طرف لوٹتے ہیں جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں
ہیں اور بسم اللہ کے انیس حروف ہیں۔
پس عالم کی ترتیب انیس مرتبوں پر واقع
ہوئی ہے۔ یعنی عقل اول، نفس کلیہ،
نو افلاک، عناصر اربعہ، موالید ثلاثہ
(جمادات، نباتات، حیوانات) اور انسان
کامل جو جامع ہے۔

ان تمام چیزوں کا پس یہ تین عقل اول
نفس اور جسم کی طرف لوٹتے ہیں وہ جبروت
ملکوت اور ملک کہلاتے یہی نبوت و
رسالت و ولایت ہے اور یہی شریعت و
طریقت و حقیقت ہے۔

(بحر المعارف
صفحہ نمبر ۳۵۳)

امام مدبر الامور

تدبیر عالم میں تمام افعال جو مظہران خدا سے ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ سب خدا کی طرف منسوب ہیں مثلاً بندہ کو مارنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا کا کام ہے مگر روح کے قبض کرنے کا کام ملک الموت سے عمل میں آتا ہے۔ درحقیقت قضا جاری ہو کر ولی الامر کو حکم پہونچتا ہے اور ولی الامر ملک الموت کے سپرد کرتا ہے پھر ملک الموت اپنے بے شمار ماتحتین میں سے کسی ایک کو حکم دیتا ہے اور وہ روح قبض کرلیتا ہے مگر کوئی یہ نہیں کہتا کہ فرشتہ نے مارا سب یہی کہتے ہیں کہ خدا نے مارا۔

ایک غیر مسلم سائل نے حضرت امیرالمومنین سے سوال کیا کہ خدا ایک جگہ فرماتا ہے کہ " اللہ یوفی الانفس۔۔۔۔۔۔ یعنی خدا قبض روح کرتا ہے۔ ایک جگہ فرماتا ہے کہ " یتوفاکم ملک الموت۔۔۔۔۔۔ یعنی ملک الموت تمہاری روحیں قبض کرتا ہے اور ایک جگہ فرماتا ہے کہ " یتوفھم الملائکۃ۔۔۔۔۔ یعنی فرشتے قبض روح کرتے ہیں ایک اور مقام پر فرماتا ہے کہ توفتہ رسلنا۔۔۔۔ یعنی ہمارے رسولوں نے ان کی روح قبض کی۔ آخر اس میں صحیح بات کون سی ہے۔ اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں کچھ نقص ہے کہ ایک جگہ کچھ بات لکھی ہے اور دوسری جگہ کچھ اور۔

حضرت نے فرمایا کہ خدائے پاک اس سے بزرگ و برتر ہے کہ ان امور میں خود تصرف فرمائے اور ایسے چھوٹے امور انجام دے۔ اس کے فرشتوں اور رسولوں کا فعل دراصل اسی کا فعل ہے کیونکہ وہ سب اسی کے حکم پر عمل کرتے ہیں پس اللہ نے اپنے اور اپنی مخلوق کے درمیان فرشتوں میں سے رسول و سفیر منتخب کر لئے ہیں۔ اور ان ہی کی شان میں فرماتا ہے کہ " اللہ یصطفی من الملائکۃ رسلاً ومن الناس " یعنی اللہ فرشتوں میں سے اور انسانوں میں سے اپنے سفیر و رسولؑ منتخب کرلیتا ہے۔"

پس ان روح کے قبض کرنے والے فرشتوں کا فعل ملک الموت کا فعل اور ملک الموت کا فعل خدا کا فعل ہوا۔ (الصافی و الاحتجاج)

خدا جس کے ہاتھ سے چاہتا ہے رزق دیتا ہے، روکتا ہے اور سزا و جزا دیتا ہے۔ اس کے اشارہ کا فعل اسی کا فعل ہے۔ انہی کے لئے ارشاد فرماتا ہے کہ " وہ نہیں چاہتے جب تک کہ خدا نہ چاہے۔" (ما تشاؤن الا ان یشاء اللہ)

پس ولی امر کا یہ فرمانا بالکل واجبی ہے کہ " انا الاول (یعنی میں ہی اول مخلوق ہوں) انا الاخر (میں ہی آخر ہوں کیونکہ وجہ اللہ ہوں۔) وانا الظاھر وانا الباطن وانا المحیی وانا الممیت وانا الموت الممیت (یعنی میں ظاہر بھی ہوں اور باطن بھی اور میں ہی مارنے اور جلانے والا ہوں اس لئے کہ ولی امور ہوں) اور ملک الموت کو مارنے والا بھی میں ہی ہوں۔ اسی طرح کے مزید ارشادات جو خطبہ تطنجیہ خطبہ بیانیہ اور خطبہ افتخاریہ وغیرہ میں مذکور ہیں غلو نہیں ہے بلکہ حقیقت ہے اس لئے کہ یہی مقام خدا کی خلافت مطلقہ کا ہے اور خلیفہ مطلق خدا کے جمیع صفات کمالیہ کا مظہر ہوتا ہے۔ لہذا لازمی ہے کہ ہر امر الہی اسی سے ظاہر ہو اور اس کی ولایت کے تحت صادر ہو اسی لئے دنیا وما فیہا اس کے ہاتھ میں ہے اور وہ یداللہ کہلایا پوری کائنات اس کے پیش نظر ہے اس لئے عین اللہ کہلایا اور حسب ارشاد نبوی لسان اللہ جنب اللہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور مشیت اللہ کہلاتا ہے۔

اِمام کی تعریف

حدیث طارق

طارق ابن شہاب نے عرض کیا کہ یا امیر المومنینؑ امام کی تعریف فرمایئے۔ چنانچہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:

يَا طَارِقُ اَلْاِمَامُ كَلِمَةُ اللّٰهِ وَحُجَّةُ اللّٰهِ وَوَجْهُ اللّٰهِ وَنُوْرُ اللّٰهِ وَحِجَابُ اللّٰهِ وَآيَةُ اللّٰهِ يَخْتَارُهُ اللّٰهُ يَجْعَلُ فِيْهِ مَا يَشَآءُ وَيُوْجِبُ لَهٗ بِذٰلِكَ الطَّاعَةَ وَالْوِلَايَةَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ فَهُوَ وَلِيُّهٗ فِيْ سَمٰوَاتِهٖ وَاَرْضِهٖ اَخَذَ لَهٗ بِذٰلِكَ الْعَهْدَ عَلٰى جَمِيْعِ عِبَادِهٖ فَمَنْ تَقَدَّمَ عَلَيْهِ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهٖ فَهُوَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ وَاِذَا شَاءَ اللّٰهُ شَيْئًا يَكْتُبُ عَلٰى عَضُدِهٖ "وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا" فَهُوَ الصِّدْقُ وَالْعَدْلُ وَيُنْصَبُ لَهٗ عَمُوْدٌ مِّنْ نُّوْرٍ مِّنَ الْاَرْضِ اِلَى السَّمَآءِ يَرٰى فِيْهِ اَعْمَالَ الْعِبَادِ وَيُلْبَسُ الْهَيْبَةَ وَعِلْمَ الضَّمِيْرِ وَيَطَّلِعُ عَلَى الْغَيْبِ وَيُعْطَى التَّصَرُّفَ عَلَى الْاِطْلَاقِ وَيَرٰى مَا بَيْنَ الْمُلْكِ الْمَغْرِبِ وَالْمَشْرِقِ فَلَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ مِّنْ عَالَمِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَيُعْطٰى مَنْطِقَ الطَّيْرِ عِنْدَ وِلَايَتِهٖ فَهٰذَا الَّذِيْ يَخْتَارُهُ اللّٰهُ لِوَحْيِهٖ وَيَرْتَضِيْهِ لِغَيْبِهٖ وَيُؤَيِّدُهٗ بِكَلِمَتِهٖ وَيُلَقِّنُهٗ حِكْمَتَهٗ وَيَجْعَلُ قَلْبَهٗ

اے طارق امام کلمۃ اللہ، حجۃ اللہ، وجہ اللہ، نور اللہ، حجاب اللہ اور آیت اللہ ہوتا ہے اس کو خدا منتخب کرتا اور جو کچھ (اوصاف و کمالات) چاہتا ہے اس کو عطا کرتا ہے۔ اور تمام مخلوق پر اس کی اطاعت کو واجب کرتا ہے پس وہ تمام آسمانوں اور زمین پر اس کا ولی ہے خدا نے اس بات پر اپنے تمام بندوں سے عہد لیا ہے پس جس نے اس پر سبقت کی اس نے خدائے عرش سے کفر کیا۔ پس وہ (امام) جو چاہتا ہے کرتا ہے ——— اور وہ جب ہی کرتا ہے جب کہ خدا کسی بات کو چاہتا ہے اس کے بازو پر " وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا یعنی مکمل ہوا کلمہ رب جو صدق اور عدل سے لکھا رہتا ہے پس وہی صدق اور عدل ہے اس کے لئے زمین سے آسمان تک ایک نور کا ستون نصب کیا جاتا ہے جس میں وہ بندوں کے اعمال کو دیکھتا ہے وہ لباس ہیبت و جلال سے ملبوس رہتا ہے وہ دل کی بات جانتا ہے اور غیب پر مطلع رہتا ہے وہ متصرف علی الاطلاق ہوتا ہے۔ وہ شرق تا مغرب تمام اشیاء کو دیکھتا ہے عالم ملک اور ملکوت کی کوئی شے اس سے پوشیدہ نہیں اور اس کی ولایت میں اس کو جانوروں کی بولی عطا کی جاتی ہے۔

پس یہی وہ (امام) ہے جس کو اللہ نے اپنی وحی کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مَكَانَ مَشِيَّتِهِ وَيُنَادِي لَهُ بِالسَّلْطَنَةِ وَيَأْذَنُ لَهُ بِالْأَمْرَةِ وَيَحْكُمُ لَهُ بِالطَّاعَةِ وَذَلِكَ لِأَنَّ الْإِمَامَةَ مِيرَاثُ الْأَنْبِيَاءِ وَمَنْزِلَةُ الْأَوْصِيَاءِ وَخِلَافَةُ اللَّهِ وَخِلَافَةُ رُسُلِ اللَّهِ فَهِيَ عِصْمَةٌ وَوِلَايَةٌ وَسَلْطَنَةٌ وَهِدَايَةٌ لِأَنَّهَا تَمَامُ الدِّينِ وَرُجَحُ الْمَوَازِينِ الْإِمَامُ دَلِيلٌ لِلْقَاصِدِينَ وَمَنَارٌ لِلْمُهْتَدِينَ وَسَبِيلٌ لِلسَّالِكِينَ وَشَمْسٌ مُشْرِقَةٌ فِي قُلُوبِ الْعَارِفِينَ وَلَايَتُهُ سَبَبٌ لِلنَّجَاةِ وَطَاعَتُهُ مُفْتَرَضَةٌ فِي الْحَيٰوةِ وَعُدَّةٌ بَعْدَ الْمَمَاتِ وَعِزُّ الْمُؤْمِنِينَ وَشَفَاعَةُ الْمُذْنِبِينَ وَنَجَاةُ الْمُحِبِّينَ وَفَوْزُ التَّابِعِينَ لِأَنَّهَا رَاسُ الْإِسْلَامِ وَكَمَالُ الْإِيمَانِ وَمَعْرِفَةُ الْحُدُودِ وَالْأَحْكَامِ وَتَبْيِينُ الْحَلَالِ مِنَ الْحَرَامِ فَهِيَ رُتْبَةٌ لَا يَنَالُهَا إِلَّا مَنْ اخْتَارَهُ اللَّهُ وَقَدَّمَهُ وَوَلَّاهُ وَحَكَّمَهُ فَالْوِلَايَةُ هِيَ حِفْظُ الثُّغُورِ وَتَدْبِيرُ الْأُمُورِ وَهِيَ تَعْدَادُ الْأَيَّامِ وَالشُّهُورِ الْإِمَامُ الْمَاءُ الْعَذْبُ عَلَى الظَّمَاءِ وَالدَّالُ عَلَى الْهُدَىٰ۔ الْإِمَامُ الْمُطَهَّرُ مِنَ الذُّنُوبِ الْمُطَّلِعُ عَلَى الْغُيُوبِ الْإِمَامُ هُوَ الشَّمْسُ الطَّالِعَةُ عَلَى الْعِبَادِ بِالْأَنْوَارِ فَلَا تَنَالُهُ الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارُ وَإِلَيْهَا الْإِشَارَةُ بِقَوْلِهِ تَعَالَىٰ

لیے منتخب کیا اور امور غیب کے لیے پسند فرمایا اور اپنے کلام سے اس کی تائید کی اور اس کو اپنی حکمت تلقین کی اور اس کے قلب کو اپنی مشیت کی جگہ قرار دیا اس کے لیے سلطنت کی منادی کردی اور اس کو ولی الامر بنا کر اس کی اطاعت کا حکم دیا کیونکہ امامت میراث انبیاء اور درجہ اوصیاء خلافت خدا اور خلافت رسولانِ خدا ہے۔

پس یہی صاحب عصمت و ولایت اور سلطنت و ہدایت ہے کیونکہ وہ ضرور بہ ضرور دین کی تکمیل کرنے والا ہے اور بندوں کے اعمال کی کسوٹی ہے۔ امام خدا کا قصد رکھنے والوں کے لیے دلیل راہ ہے اور ہدایت پانے والوں کے لیے منارۂ نور اور سالکین کے لئے سبیل راہ اور عارفین کے قلوب میں چمکنے والا آفتاب ہے۔ اس کی ولایت سبب نجات ہے اس کی اطاعت زندگی میں فرض گردانی گئی ہے اور مرنے کے بعد وہی توشۂ آخرت ہے وہ مومنین کے لئے باعث عزت اور گناہ گاروں کے لیے باعثِ شفاعت اور دوستوں کے لیے باعث نجات اور تابعین کے لئے فوز عظیم ہے کیونکہ وہی راس اسلام اور کمال ایمان اور معرفت حدود و احکام اور حلال و حرام کا بیان کرنے والا ہے۔ پس یہ وہ مرتبہ ہے جس پر سوائے اس کے جس کو اللہ خود منتخب کرے اور سب پر مقدم و حاکم و والی بنائے کسی کو حاصل نہیں ہو سکتا۔ پس ولایت حفظ ثغور تدبیر امور اور ایام و شہور کی تعدید کرنے والی ہے۔ امام تشنگان علوم معارف کے لئے آب شیریں اور طالبان ہدایت کے لیے ہادی ہے۔ امام وہ ہے جو ہر گناہ سے پاک و مطہر ہو اور امور غیب سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُوْمِنِيْنَ
وَالْمُوْمِنُوْنَ عَلِيٌّ وَعِتْرَتُهٗ فَالْعِزَّةُ
لِلنَّبِيِّ وَلِلْعِتْرَةِ وَالنَّبِيُّ وَالْعِتْرَةُ لَا
يَفْتَرِقَانِ اِلٰى آخِرِ الدَّهْرِ فَهُمْ رَاسُ
دَائِرَةِ الْاِيْمَانِ وَقُطْبُ الْوَجُوْدِ وَسَمَاءُ
الْجُوْدِ وَشَرَفُ الْمَوْجُوْدِ وَضَوْءُ شَمْسِ
الشَّرَفِ وَنُوْرُ قَمَرِهٖ وَاَصْلُ الْعِزِّ وَالْمَجْدِ
وَمَبْدَئُهٗ وَمَعْنَاهُ وَمَبْنَاهُ فَالْاِمَامُ
هُوَ السِّرَاجُ الْوَهَّاجُ وَالسَّبِيْلُ وَالْمِنْهَاجُ
وَالْمَاءُ الثَّجَاجُ وَالْبَحْرُ الْعَجَّاجُ وَالْبَدْرُ الْمُشْرِقُ
وَالْغَدِيْرُ الْمُغْدِقُ وَالْمَنْهَجُ الْوَاضِحُ
الْمَسَالِكِ وَالدَّلِيْلُ اِذَا عَمَّتِ الْمَهَالِكُ
وَالسَّحَابُ وَالدَّلِيْلُ اِذَا عَمَّتِ الْمَهَالِكُ
وَالسَّحَابُ الْهَاطِلُ وَالْغَيْثُ الْهَامِلُ
وَالْبَدْرُ الْكَامِلُ وَالدَّلِيْلُ الْفَاضِلُ
وَالسَّمَاءُ الظَّلِيْلَةُ وَالنِّعْمَةُ الْجَلِيْلَةُ
وَالْبَحْرُ الَّذِيْ لَا يُنْزَفُ وَالشَّرَفُ الَّذِيْ
لَا يُوْصَفُ وَالْعَيْنُ الْغَزِيْرَةُ وَالرَّوْضَةُ
الْمَطِيْرَةُ وَالزَّهْرُ الْاَرِيْجُ الْبَهِيْجُ وَ
وَالنَّيِّرُ اللَّائِحُ وَالطِّيْبُ الْفَائِحُ وَالْعَمَلُ
الصَّالِحُ وَالْمَتْجَرُ الرَّابِحُ وَالْمَنْهَجُ الْوَاضِحُ
وَالطَّبِيْبُ الرَّفِيْقُ وَالْاَبُ الشَّفِيْقُ وَ
مَفْزَعُ الْعِبَادِ فِي الدَّوَاهِيْ وَالْحَاكِمُ
وَالْآمِرُ وَالنَّاهِيْ اَمِيْرُ اللّٰهِ عَلَى
الْخَلَائِقِ وَاَمِيْنُهٗ عَلَى الْحَقَائِقِ
حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰى عِبَادِهٖ مَحَجَّتُهٗ فِيْ

مطلع ہو پس امام وہ ہے جو انوار کے ساتھ بندگان خدا پر طلوع ہوتا ہے پس وہ ایسی شے نہیں جس کو ہاتھ اور آنکھ پا سکے اور اسی کی طرف قول خدا کا اشارہ ہے کہ عزت بس اللہ اور اس کے رسولؐ اور مومنین کے لئے ہے وہ مومنین علیؑ اور ان کی عترت ہیں بس عزت نبیؐ اور عترت نبیؐ کے لئے ہے نبی اور ان کی عترت زمانہ کے ختم ہونے تک جدا نہیں ہو سکتے پس وہ ایمان کے دائرہ کے مرکز اور قطب وجود، آسمان جود و سخا اور شرف موجود ہیں یہی ضیائے آفتاب شرافت اور اس کے ماہتاب کے نور ہیں اور اصل معدنِ عزت و بزرگی اور اس کے مبداء و معنا اور مبناء ہیں۔

پس امام (ضلالت کی تاریکیوں میں) درخشاں چراغ ہے اور اللہ تک پہنچنے کا راستہ اور سیراب کرنے والا پانی اور موج زن سمندر ہے وہی بدر منیر اور علوم معارف سے بھرا ہوا تالاب ہے وہی وہ صراط الٰہی ہے جس کے راستے واضح ہیں اور وہ دلیل و رہنما ہے۔ ضلالت کے ہلاک راستوں میں وہ (رحمت الٰہی کا) برسنے والا بادل اور باران کثیر ہے وہ (ہدایت کا) بدر کامل رہنمائے فاضل، سب پر سایہ رکھنے والا آسمان اور اس کی نعمت جلیل ہے وہ ایک سمندر ہے جو کبھی خشک نہیں ہوتا اور وہ ایک ایسا شرف ہے جس کی تعریف نہیں کی جا سکتی وہ ایک چشمۂ فیض اور نعمات الٰہی کا سرسبز باغ اور مہکتا ہوا (چمن رسالتؐ کا) پھول، روشن بدر کامل اور (امامت) کا درخشاں آفتاب ہوتا ہے وہ ایک پاکیزہ خوشبو اور مجسم عمل صالح ہے وہ فائدہ بخش مال تجارت اور سبیل واضح ہے (جس سے کوئی بھٹک نہیں سکتا) وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أَرْضِهِ وَبِلادِهِ مُطَهَّرٌ مِنَ الذُّنُوبِ
مُبَرَّأٌ مِنَ الْعُيُوبِ مُطَّلِعٌ عَلَى الْغُيُوبِ
ظَاهِرُهُ أَمْرٌ لا يُمْلَكُ وَبَاطِنُهُ غَيْبٌ
لا يُدْرَكُ وَاحِدُ دَهْرِهِ وَخَلِيفَةُ اللهِ
فِي نَهْيِهِ وَأَمْرِهِ لا يُوجَدُ لَهُ مِثْلٌ وَلا
يَقُومُ لَهُ بَدِيلٌ فَمَنْ ذَا يَنَالُ مَعْرِفَتَنَا
أَوْ يَنَالُ دَرَجَتَنَا أَوْ يَشْهَدُ كَرَامَتَنَا
أَوْ يُدْرِكُ مَنْزِلَتَنَا حَارَتِ الأَلْبَابُ
وَالْعُقُولُ وَتَاهَتِ الأَفْهَامُ فِيمَا أَقُولُ
تَصَاغَرَتِ الْعُظَمَاءُ وَتَقَاصَرَتِ الْعُلَمَاءُ
وَكَلَّتِ الشُّعَرَاءُ وَخَرِسَتِ الْبُلَغَاءُ
وَلَكِنَتِ الْخُطَبَاءُ وَعَجَزَتِ الْفُصَحَاءُ وَتَوَاضَعَتِ
الأَرْضُ وَالسَّمَاءُ عَنْ وَصْفِ شَأْنِ
الأَوْلِيَاءِ وَهَلْ يُعْرَفُ أَوْ يُوصَفُ أَوْ
يُعْلَمُ أَوْ يُفْهَمُ أَوْ يُدْرَكُ أَوْ يُمْلَكُ
شَأْنُ مَنْ هُوَ نُقْطَةُ الْكَائِنَاتِ وَ
قُطْبُ الدَّائِرَاتِ وَسِرُّ الْمُمْكِنَاتِ
وَشُعَاعُ جَلالِ الْكِبْرِيَاءِ وَشَرَفُ
الأَرْضِ وَالسَّمَاءِ جَلَّ مَقَامُ آلِ
مُحَمَّدٍ عَنْ وَصْفِ الْوَاصِفِينَ
وَنَعْتِ النَّاعِتِينَ وَأَنْ يُقَاسَ بِهِمْ
أَحَدٌ مِنَ الْعَالَمِينَ وَكَيْفَ وَهُمُ
النُّورُ الأَوَّلُ وَالْكَلِمَةُ الْعُلْيَا وَالتَّسْمِيَةُ
الْبَيْضَاءُ وَالْوَحْدَانِيَّةُ الْكُبْرَى الَّتِي
أَعْرَضَ مِنْهَا مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّى وَ
حِجَابُ اللهِ الأَعْظَمُ الأَعْلَى فَأَيْنَ

ایک رفیق طبیب، پدر شفیق اور بندوں کی ہر مشکل میں مدد کرنے والا ہوتا ہے وہ اللہ کی جانب سے خلائق کا نگہبان اور حقائق پر اس کا امین ہے اس کے بندوں پر اللہ کی حجت اس کی زمین اور ملکوں پر اللہ کی راہ روشن ہے وہ تمام گناہوں سے جملہ عیوب سے مبرا اور غیب کی باتوں سے مطلع رہتا ہے اس کا ظاہر ایک ایسا امر ہے جس پر کوئی محیط نہیں ہو سکتا اس کا باطن ایسا غیب ہے جس کا کوئی ادراک نہیں کر سکتا وہ واحد روزگار اور خدا کے امر و نہی میں اس کا خلیفہ ہوتا ہے نہ اس کا کوئی مثل و نظیر ہے اور نہ کوئی اس کا بدل۔

پس کون ہے جو ہماری معرفت حاصل کر سکے یا ہمارے درجے کو پہنچ سکے یا ہماری کرامت کا مشاہدہ کر سکے یا ہماری منزلت کا ادراک کر سکے۔ اس امر میں عقول حیران اور افہام سرگشتہ ہیں یہ وہ مرتبہ ہے جس کے سامنے بڑے بڑے لوگ حقیر ہیں اس کے ادراک سے علماء قاصر شعراء ماندے، بلغاء و خطباء، گونگے اور بہرے، فصحاء عاجز اور زمین آسمان شان اولیاء میں ایک وصف بھی بیان کرنے سے مجبور ہیں کون اس کو پہچان سکتا یا اس کا وصف بیان کر سکتا یا سمجھ سکتا یا ادراک کر سکتا ہے جو کہ نقطۂ کائنات، دائروں کا مرکز ممکنات کا راز اور جلال کبریائی کی شعاع اور ارض و سماء کا شرف ہے۔ آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کا مقام اس سے برتر ہے کہ کوئی وصف کنندہ اس کی توصیف کر سکے اور اس کی نعت و تعریف لکھ سکے اور تمام عوالم میں کسی کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الاختيار من هذا و اين العقول من
هذا فاعزت ومن عرف او وصف
من وصف ظنّوا انّ ذالك في غير
آل محمّدؐ كذّبوا و زلّت اقدامهم
و اتّخذوا العجل ربّا والشياطين حزبًا
كل ذالك بغضة لبيت الصفوة و
دار العصمة وحسدا لمعدن الرّسالة
والحكمة وزيّن لهم الشيطان
اعمالهم فتبا لهم و سحقا كيف اختاروا
اماما جاهلا عابدا للاصنام جبانا
يوم الزحام والامام يجب ان
يكون عالما لا يجهل و شجاعا
لا ينكل لا يعلو عليه حسب ولا
يدانيه نسب فهو في الذروة من
قريش والشرف من هاشم والبقية
من ابراهيم والنهج من المنبع
الكريم والنفس من الرسول
والرضى من الله والقبول عن الله
فهو شرف الاشراف والفرع من
عبد مناف عالم بالسياسة قائم
بالرياسة مفترض الطاعة الى يوم
الساعة اودع الله قلبه سرّه وانطق
به لسانه فهو معصوم موفّق
ليس بجبان ولا جاهل فتركوه يا
طارق واتبعوا اهواءهم ومن اضلّ

ان کے ساتھ قیاس کر سکے وہ نور اوّل اور کلمۂ علیا و اسمائے
نورانی اور وحدانیت کبریٰ ہیں جس نے ان سے منہ
موڑا وہ وحدانیت سے مڑ گیا اور یہی خدا کے حجاب
اعظم و اعلیٰ ہیں۔

پس ایسے امام کو کون منتخب کر سکتا ہے اور
عقلیں اس کو کہاں پہچان سکتی ہیں اور کون ایسا ہے
جس نے اس کو پہچانا یا اس کا وصف بیان کر سکا جو
لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ (امامت) آلِ محمدؐ کے
علاوہ غیروں میں بھی پائی جاتی ہے وہ جھوٹے ہیں
ان کے قدم (راہ راست سے) ہٹ گئے ہیں انہوں
نے گوسالہ کو اپنا رب اور شیاطین کو اپنی جماعت بنا
لی ہے یہ سب بیت صفوۃ اور خانۂ عصمت سے
بغض کی وجہ اور معدن حکمت و رسالت سے حسد
کی وجہ ہے شیطان نے ان کے لئے اعمال کو مزین
کر دیا ہے خدا ان کو ہلاک کرے کہ کس طرح انہوں
نے اس کو امام بنا لیا جو جاہل بت پرست اور یوم
جنگ بزدلی دکھانے والا تھا حالانکہ یہ واجب ہے کہ
امام ایسا عالم ہو کہ اس میں کسی قسم کا جہل نہ ہو اور ایسا
شجاع ہو کہ کسی معرکہ میں منہ نہ موڑے نہ حسب میں
کوئی اس سے اعلیٰ ہو اور نہ نسب میں اس کے برابر ہو
پس امام ذروہ قریش اور اشراف بنی ہاشم اور بقیہ
ذریت ابراہیمی سے ہوتا ہے اور وہ نبی کریم کی شاخ
سے ہوتا ہے وہ نفس رسول ہوتا ہے اور رضائے
خدا سے مقرر ہوتا ہے اور یہ انتخاب اللہ کی جانب
سے ہوتا ہے پس وہ شرف ہے اشراف کا اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ
وَالْإِمَامُ يَا طَارِقُ بَشَرٌ مَلَكِيٌّ وَجَسَدٌ
سَمَاوِيٌّ وَأَمْرٌ إِلٰهِيٌّ وَرُوحٌ قُدُسِيٌّ
وَمَقَامٌ عَلِيٌّ وَنُورٌ جَلِيٌّ وَسِرٌّ خَفِيٌّ
فَهُوَ مَلَكِيُّ الذَّاتِ إِلٰهِيُّ الصِّفَاتِ
زَائِدُ الْحَسَنَاتِ عَالِمٌ بِالْمُغَيَّبَاتِ خَصًّا مِنْ
رَبِّ الْعَالَمِينَ وَنَصًّا مِنَ الصَّادِقِ
الْأَمِينِ وَهٰذَا كُلُّهُ لِآلِ مُحَمَّدٍ لَا
يُشَارِكُهُمْ فِيهِ مُشَارِكٌ لِأَنَّهُمْ
مَعْدِنُ التَّنْزِيلِ وَمَعْنَى التَّأْوِيلِ
وَخَاصَّةُ الرَّبِّ الْجَلِيلِ وَمَهْبِطُ
الْأَمِينِ جِبْرَئِيلَ كَلِمَه صِفَاتِ
اللّٰهِ وَسِرُّهُ وَكَلِمَتُهُ شَجَرَةُ النُّبُوَّةِ
وَمَعْدِنُ الْفُتُوَّةِ عَيْنُ الْمَقَالَةِ وَ
مُنْتَهَى الدَّلَالَةِ وَمُحْكَمُ الرِّسَالَةِ
وَنُورُ الْجَلَالِ جَنْبُ اللّٰهِ وَوَدِيعَتُهُ
وَمَوْضِعُ كَلِمَةِ اللّٰهِ وَمِفْتَاحُ حِكْمَتِهِ
وَمَصَابِيحُ رَحْمَتِهِ اللّٰهِ وَيَنَابِيعُ نِعْمَتِهِ
السَّبِيلُ إِلَى اللّٰهِ وَالسَّبِيلُ وَالْقِسْطَاسُ
الْمُسْتَقِيمُ وَالْمِنْهَاجُ الْقَوِيمُ وَالذِّكْرُ
الْحَكِيمُ وَالْوَجْهُ الْكَرِيمُ وَالنُّورُ
الْقَدِيمُ أَهْلُ التَّشْرِيفِ وَالتَّقْوِيمِ
وَالتَّقْدِيمُ التَّفْضِيلِ وَالتَّعْظِيمِ خُلَفَاءُ
النَّبِيِّ الْكَرِيمِ وَأَبْنَاءُ الرَّؤُوفِ الرَّحِيمِ
وَأُمَنَاءُ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا

فرع ہے۔ عبد مناف کی اور وہ عالم سیاست ہوتا ہے اور (اہل زمین پر) ریاست عامہ رکھتا ہے اس کی اطاعت قیامت تک فرض کی گئی ہے خدا اس کے قلب میں اپنے اسرار ودیعت کرتا ہے اور اس میں اپنی زبان کو گویا کرتا ہے پس وہ معصوم اور موفق من اللہ ہوتا ہے۔ وہ جاہل یا بزدل نہیں ہوتا۔

پس اے طارق لوگوں نے ایسے امام کو چھوڑ دیا اور ہوا و ہوس کے تابع ہو گئے۔ اس سے زیادہ گمراہ کون ہو سکتا ہے جو بغیر ہدایت خدا اپنے خواہشات کی پیروی کرے اے طارق امام فرشتہ بصورت بشر جسد سماوی میں ایک امر الٰہی اور روح قدس ہوتا ہے۔

اس کا مقام بلند وہ نور جلی اور سر خفی الٰہی ہوتا ہے پس وہ ملکی الذات اور الٰہی صفات و زائد الحسنات اور عالم المغیبات ہوتا ہے۔ وہ رب العالمین سے مخصوص اور صادق الامین (یعنی رسول خدا) سے منصوص ہوتا ہے یہ تمام باتیں صرف آل محمدؐ ہی میں ہیں اور کوئی دوسرا ان میں ان کا شریک نہیں کیونکہ یہی معدن تنزیل اور (کلام خدا کے) معنی تاویل، خاصان رب جلیل اور جبرئیل امین کے نازل ہونے کے مقام ہیں۔ یہی برگزیدۂ خدا، راز خدا اور اس کا کلمہ شجرہ نبوت و معدن شجاعت اُس کے عین کلام اور منتہائے دلالت، محکم رسالت، نور جلال الٰہی جنب اللہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مِن بعضٍ واللّٰه سَمِيعٌ عليم اَلسَّنَاءُ الْاَعْظَمُ وَالطَّرِيْقُ الْاَقْوَمُ من عرفهم واخذ عنهم فهو منهم واليه الاشارة بقوله من تبعني فانّه منّي خلقهم اللّٰه من نورِ عظمته وولّاهم امرَ مملكته۔

فهم سرّ اللّٰه المخزون واولياءه المقرّبون وامره بين الكاف والنون بل هم الكاف والنون الى اللّٰه يدعون وعنه يقولون وبامره يعملون علم الانبياء في علمهم وسرّ الاوصياء في سرّهم وعزّ الاولياء في عزّهم كالقطرة في البحر والذرّة في القفر والسمٰوات والارض عند الامام منهم كيده من راحته يعرف ظاهرها من باطنها ويعلم برّها من فاجرها ورطبها ويابسها لانّ اللّٰه علّم نبيّه علم ما كان وما يكون وورث ذلك السرّ المصون الاولياء المنتجبون ومن انكر ذلك فهو شقيّ ملعون يلعنه اللّٰه ويلعنه اللاعنون وكيف يفرض اللّٰه على عباده طاعة من يحجب عنه ملكوت السمٰوات والارض وانّ الكلمة من آل محمّد تنصرف الى

اور اس کی امانت موضع کلمۂ خدا مفتاح حکمت، چراغ رحمت اور اس کی نعمت کے چشمے ہیں، یہی خدا کی معرفت کا راستہ اور سلسبیل ہیں اور یہی میزان مستقیم صراط مستقیم اور خدائے حکیم کے ذکر مجسم اور وجہہ رب کریم اور نور قدیم ہیں یہی صاحبان عزت و بزرگی و تقویم و تفضیل و تعظیم، جانشینان نبی کریم اور فرزندان رسول رؤف و رحیم اور امانت داران خدائے علی و عظیم ہیں۔ یہ بعضھا من بعض کی ذریت ہیں اللہ سب کچھ جانتا اور سنتا ہے۔ یہی ہدایت کے نشان بلند اور طریق مستقیم ہیں جس نے ان کو پہچان لیا اور ان سے معارف کو حاصل کیا پس وہ ان سے ہے رسول خدا کے قول من تبعنی فانہ منی میں اسی کی طرف اشارہ ہے (یعنی جس نے میری پیروی کی مجھ سے ہے) اللہ نے ان کو اپنے نور عظمت سے خلق کیا ہے اور ان کو اپنی مملکت کے امور کا والی بنایا ہے پس وہی اللہ کے پوشیدہ راز ہیں اور اس کے اولیا مقرب ہیں اور کاف و نون کے درمیان اس کے امر ہیں بلکہ وہی کاف و نون ہیں، وہ خدا کی طرف دعوت دیتے ہیں اور اسی کی طرف سے بات کرتے ہیں اور اسی کے امر پر عمل کرتے ہیں تمام انبیاؑ کا علم ان کے علم کے مقابلہ میں اور تمام اوصیاء کا راز ان کے راز کے مقابل اور تمام اولیاؑ کی عزت ان کی عزت کے مقابل ایسی ہی ہے جیسے سمندر کے مقابل قطرہ اور صحرا کے مقابل ایک ذرہ۔ تمام زمین و آسمان امام کے نزدیک اس کے ہاتھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سَبۡعِیۡنَ وَجۡھًا وَکَمَا فِیۡ ذِکۡرِ الۡحَکِیۡمِ
وَالۡکِتَابِ الۡکَرِیۡمِ وَالۡکَلَامِ الۡقَدِیۡمِ
مِنۡ اٰیَةٍ یَذۡکُرُ فِیۡهَا الۡعَیۡنَ وَالۡوَجۡهَ
وَالۡیَدَ وَالۡجَنۡبَ فَالۡمُرَادُ مِنۡهَا الۡوَلِیُّ
لِاَنَّهٗ جَنۡبُ اللّٰهِ وَوَجۡهُ اللّٰهِ یَعۡنِیۡ
حَقُّ اللّٰهِ وَعِلۡمُ اللّٰهِ وَعَیۡنُ اللّٰهِ وَیَدُ
اللّٰهِ لِاَنَّ ظَاهِرَهُمۡ بَاطِنُ الصِّفَاتِ
الظَّاهِرَةِ وَبَاطِنُهُمۡ ظَاهِرُ الصِّفَاتِ
الۡبَاطِنَةِ فَهُمۡ ظَاهِرُ الۡبَاطِنِ وَبَاطِنُ
الظَّاهِرِ وَاِلَیۡهِ الۡاِشَارَةُ بِقَوۡلِهٖ اِنَّ
لِلّٰهِ اَعۡیُنٌ وَاَیَادِیۡ وَاَنَا وَاَنۡتَ یَا عَلِیُّ
مِنۡهَا

فَهُمُ الۡجَنۡبُ الۡعَلِیُّ وَالۡوَجۡهُ الرَّضِیُّ
وَالۡمَنۡهَلُ الرَّوِیُّ وَالصِّرَاطُ السَّوِیُّ
وَالۡوَسِیۡلَةُ اِلَی اللّٰهِ وَالۡوُصۡلَةُ اِلٰی
عَفۡوِهٖ وَرِضَاهُ سِرُّ الۡوَاحِدِ وَالۡاَحَدِ
فَلَا یُقَاسُ بِهِمۡ مِنَ الۡخَلۡقِ اَحَدٌ
فَهُمۡ خَاصَّةُ اللّٰهِ وَخَالِصَتُهٗ وَسِرُّ
الدَّیَّانِ وَکَلِمَتُهٗ وَبَابُ الۡاِیۡمَانِ وَکَعۡبَتُهٗ
وَحُجَّةُ اللّٰهِ وَمَحَجَّتُهٗ وَاَعۡلَامُ الۡهُدٰی
وَرَایَتُهٗ وَفَضۡلُ اللّٰهِ وَرَحۡمَتُهٗ وَعَیۡنُ
الۡیَقِیۡنِ وَحَقِیۡقَتُهٗ وَصِرَاطُ الۡحَقِّ وَعِصۡمَتُهٗ
وَمَبۡدَءُ الۡوُجُوۡدِ وَغَایَتُهٗ وَقُدۡرَةُ الرَّبِّ
وَمَشِیَّتُهٗ وَاُمُّ الۡکِتَابِ وَخَاتِمَتُهٗ وَفَصۡلُ
الۡخِطَابِ وَدَلَالَتُهٗ وَخَزَنَةُ الۡوَصِیِّ

اور تنزیل کے مانند ہیں وہ ان کے ظاہر و باطن کو پہچانتا ہے اور نیک و بد کو جانتا ہے اور وہ ہر رطب و یابس کا عالم ہے۔ چونکہ اللہ نے اپنے نبیؐ کو تمام گذشتہ اور آئندہ کا علم دیا تھا اس کے اوصیائے منتجبون اس راز محفوظ کے وارث ہوئے جو اس بات سے انکار کرے وہ بدبخت اور ملعون ہے اس پر خدا لعنت کرتا ہے اور لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں خدا کس طرح اپنے بندوں پر ایسے شخص کی اطاعت فرض کر سکتا ہے جس سے آسمان و زمین کے ملکوت پوشیدہ ہوں اور بہ تحقیق کہ آل محمدؐ کی شان میں ایک ایک لفظ ستر ستر توجیہیں رکھتا ہے اور سب کے لئے ذکر حکیم و کتاب کریم اور کلام قدیم میں ایک آیت ضرور موجود ہے جس میں صورت آنکھ ہاتھ اور پہلو کا ذکر ہے پس ان سب سے مراد یہی ولی ہے کیونکہ وہ جنب اللہ، وجہ اللہ یعنی حق اللہ و علم اللہ، عین اللہ اور ید اللہ ہے گویا کہ ان کا ظاہر صفات ظاہرہ کا باطن اور ان کا باطن باطنی صفات کا ظاہر ہے۔ پس وہ باطن کے ظاہر اور ظاہر کے باطن ہیں۔ اور قول رسول خدا کا اسی طرف اشارہ ہے کہ اِنَّ للّٰہ اعین و ایادی وَ انا و انت یا علیؑ منہا ا بہ تحقیق کہ اللہ کے لئے ہاتھ اور آنکھیں ہیں یا علی میں اور تم اسی سے ہیں۔

پس وہی جنب خدا کے علی و عظیم اور وجہ مرضی اور سیراب کرنے والے چشمے اور رضا کی سیدھی راہ ہیں اور وہی خدا تک پہونچنے کا اور اس کے عفو و

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَحفظتُهُ وَآيتُ الذِّكْرِ وتراجمتهُ
وَمَعْدِنُ التَّنْزِيلِ ونهايتهُ
فَهُمُ الْكَوَاكِبُ الْعَلَوِيَّةُ وَالْأَنْوَارُ
الْعُلْوِيَّةُ الْمُشْرِقَةُ مِنْ شَمْسِ
الْعِصْمَةِ الْفَاطِمِيَّةِ فِي سَمَاءِ الْعَظَمَةِ
الْمُحَمَّدِيَّةِ الْأَغْصَانُ النَّبَوِيَّةُ
النَّابِعَةُ فِي الدَّوْحَةِ الْأَحْمَدِيَّةِ
الْأَسْرَارُ الْإِلٰهِيَّةُ الْمُودَعَةُ فِي
الْهَيَاكِلِ الْبَشَرِيَّةِ وَالذُّرِّيَّةُ
الزَّكِيَّةُ وَالْعِتْرَةُ الْهَاشِمِيَّةُ
الْهَادِيَةُ الْمَهْدِيَّةُ أُولٰئِكَ هُمْ
خَيْرُ الْبَرِيَّةِ فَهُمُ الْأَئِمَّةُ الطَّاهِرُونَ
وَالْعِتْرَةُ الْمَعْصُومُونَ وَالذُّرِّيَّةُ
الْأَكْرَمُونَ وَالْخُلَفَاءُ الرَّاشِدُونَ
وَالْكُبَرَاءُ الصِّدِّيقُونَ وَالْأَوْصِيَاءُ
الْمُنْتَجَبُونَ وَالْأَسْبَاطُ الْمَرْضِيُّونَ
وَالْهُدَاةُ الْمَهْدِيُّونَ وَالْغُرُّ الْمَيَامِينُ
مِنْ آلِ طٰهٰ وَيٰسٓ وَحُجَّةُ اللّٰهِ
عَلَى الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ وَاسْمُهُمْ
مَكْتُوبٌ عَلَى الْأَحْجَارِ وَعَلَى أَوْرَاقِ
الْأَشْجَارِ وَعَلَى أَجْنِحَةِ الْأَطْيَارِ وَ
عَلَى أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَعَلَى
الْعَرْشِ وَالْأَفْلَاكِ وَعَلَى أَجْنِحَةِ
الْأَمْلَاكِ وَعَلَى حُجُبِ الْجَلَالِ وَسُرَادِقَاتِ
الْعِزِّ وَالْجَمَالِ وَبِاسْمِهِمْ تُسَبِّحُ

رضا سے وصل ہونے کا وسیلہ ہیں وہی خدائے واحد اور احد کے راز ہیں بس ان کے ساتھ کسی مخلوق کو قیاس نہیں کیا جا سکتا یہی مخصوصین خدا اور مخلص بندے ہیں۔ یہی اس کے دین و حکمت کے راز ہیں اور باب الایمان کعبہ، حجت خدا اور اس کے صراط مستقیم ہیں اور علم ہدایت اور اس کے نشان ہیں اور فضل خدا اور اس کی رحمت ہیں۔ یہی عین الیقین و حقیقت اور صراط حق و عصمت اور مبداء و منتہائے وجود اور غایت و قدرت پروردگار اور اس کی مشیت ہیں اور یہی ام الکتاب اور خاتمۃ الکتاب (یعنی فاتحہ کتاب تکوین اور خاتمہ، مصحف، تدوین ہیں) یہی فصل الخطاب اور اس کی دلالت اور وحی کے خزانہ دار و محافظ ہیں اور اس کے ذکر کے امین و مترجم اور معدن تنزیل ہیں۔

یہی وہ کواکب علویہ اور انوار علویہ ہیں جو آفتاب عصمت فاطمہؑ سے آسمان عظمت محمدیہ میں چمکے اور روشن ہوئے یہی وہ شاخ ہائے نبوی ہیں جو شجر احمدیہ میں اگے۔ یہی وہ اسرار الٰہی ہیں جو صورت بشریہ میں ودیعت کیے گئے۔ یہی ذریت زکیہ اور عترت ہاشمیہ ہیں جو ہادی اور مہدی ہیں یہی بہترین مخلوقات ہیں بس یہی آئمہ طاہرین، عترت معصومہ، ذریت مکرمہ خلفائے راشدین، صدیقین اکبر اوصیائے منتجبین، اسباط مرضیین اور مہدیوں کے ہادی مبارک اشخاص کے مشاہیر آل طٰہٰ و یٰسین سے ہیں اور وہ جملہ اولین و آخرین پر حجت خدا ہیں۔ ان کے نام حجروں پر درختوں کے پتوں پر پرندوں کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الْأَطْيَارُ وَتَسْتَغْفِرُ لِشِيْعَتِهِمْ الْحِيْتَانُ فِي لُجَجِ الْبِحَارِ وَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ خَلْقًا إِلَّا وَأَخَذَ عَلَيْهِ الْإِقْرَارَ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَالْوِلَايَةِ لِلذُّرِّيَّةِ الزَّكِيَّةِ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِهِمْ وَإِنَّ الْعَرْشَ لَمْ يَسْتَقِرَّ حَتّٰى كُتِبَ عَلَيْهِ بِالنُّوْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ؛

پردوں پر، جنت وجہنم کے دروازوں پر، عرش و آسمانوں پر، فرشتوں کے بازووں پر اور حجاب ہائے عظمت و جلال الٰہی پر اور عزو جبال خداوندی کے سرا پردوں پر لکھے ہوئے ہیں انہی کے نام سے پرندے تسبیح کرتے ہیں اور ان کے شیعوں کے لئے مچھلیاں سمندر میں استغفار کرتی ہیں اللہ نے اپنی مخلوق کو پیدا نہیں کیا جب تک کہ اس سے اپنی وحدانیت اور اس ذریت ذکیہ کی ولایت اور ان کے دشمنوں سے برأت کا عہد نہ لے لیا اور عرش قائم نہ ہوا جب تک کہ اس پر نور سے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ علیؑ ولی اللہ نہ لکھا گیا۔

(مشارق الانوار مطبوعہ ۱۳۷۹ھ)

(ص ۱۳۸ تا ص ۱۴۳)

(بحر المعارف ص ۳۶)

نوٹ: یہی وہ امامت مطلقہ ہے جس کے متعلق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بغیر معرفت امام زمانہ حاصل کئے مرجائے وہ یقیناً جہالت و کفر کی موت مرا یہ وہی امام ہے جس کے لئے خداوند عالم نے قرآن مجید میں فرمایا کہ کلّ شئیٍ احصیناہ فی امامٍ مبین یعنی کائنات کی تمام چیزوں کا احصا کر کے امام مبین کے حوالہ کر دیا گیا ہے یہی وہ عہدہ امامت ہے جو ظالم کو نہیں مل سکتا جیسا کہ حضرت ابراہیمؑ کو امامت سے سرفراز فرماتے وقت خدا نے فرمایا کہ لا ینال عہدی الظالمین۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ عہدہ امامت صرف خدا کی جانب سے عطا ہوتا ہے۔ مخلوق نہ کسی کو اس عہدہ پر منتخب کر سکتی ہے اور نہ کسی کو اس نام سے مخاطب کر سکتی ہے۔ یہ وہی امام ہے جس کے متعلق خدا نے فرمایا ہے کہ "وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا (السجدۃ) اس خطبہ کا ایک ایک نقطہ اس قدر معارف و حقائق سے بھرا ہوا ہے کہ اس کی تفسیر کے لئے کئی صفحات درکار ہوں گے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نبوت و رسالت، ولایت و امامت و خلافت مطلقہ الٰہیہ ذریت طاہرہ معصومہ و عترت نبویہ ہاشمیہ سے ہی منحصر و مخصوص ہیں۔ یہ بارہ خلفائے خدا و اوصیائے رسول خدا وہی برگزیدہ بندے ہیں جن کا ذکر.... خداوند عالم نے تمام سالقہ صحف میں کیا یہ نور محمدی کے ٹکڑے ہیں جن کو خدا نے اخلاق الٰہی اور اوصاف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدائی سے متصف کر کے ان میں اپنے اسرار ودیعت کر کے اپنے کمالات کا مظہر بنا کر صورت بشری میں ظاہر کیا اور اپنی قدرت و مشیت کا محل گردان کر روز ازل ہی سے مخلوقات پر ان کی اطاعت فرض گردانی اور تمام انبیاء و ملائک سے ان کی ولایت پر میثاق لیا۔

خُطبَۃ البَیان

سید نعمت اللہ جزائری اپنی کتاب انوار النعمانیہ کے عنا پر لکھتے ہیں کہ " وَخطبۃ البیان المنقولہ منہ تبیین ھذا الکلمۃ وھی الاسرار التی لا یعرف معناھا الا العلماء الراسخون" یعنی خطبہ بیان میں جو ان سے (حضرت علی سے) منقول ہے اور اس میں جو کچھ مرقوم ہے سب اسرار ہیں جن کی معنی کی معرفت سوائے علمائے راسخ کے کوئی نہیں رکھتا۔

ملا عبدالصمد ہمدانی اپنی کتاب بحر المعارف میں لکھتے ہیں کہ خطبۃ البیان کے سمجھنے کے لئے ہر شخص کو چاہئیے کہ حدیث طارق کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کرے کہ یہ اس خطبہ کا مقدمہ ہے۔ جاننا چاہئیے کہ آدمی ایک نسخۂ مجموعہ اور کتاب جامع ہے اور حق تعالیٰ انسان کامل میں اپنے اسماء و صفات کا مشاہدہ کرتا ہے پس وہی انسان جو ان صفات کاملہ سے متصف ہو۔ خلافت حق کے لئے سزاوار ہوگا اور وہی مظہر اسم اعظم بلکہ خود اسم اعظم ہوگا جیسا کہ حدیث خیبر میں بھی مذکور ہے۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ قاصران بے بصیرت اور شمس ہدایت سے بے بہرہ اندھے اور بار باطن جہلاً خطبۂ بیان، خطبۂ تطنجیہ اور ایسے دیگر ارشادات سے انکار کرتے ہیں حالانکہ اس مقام کو اہل معرفت مقام توحید عیانی و شہودی کہتے ہیں۔ جو انتہائی قرب و اتصال کا مقام ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا :۔

اَنَا الَّذِی عِندِی مَفَاتِیحُ الغَیبِ لَا یَعلَمُھَا بَعدَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ غَیرِی وَاَنَا بِکُلِّ شَیئٍ عَلِیمٌ ۔ اَنَا الَّذِی قَالَ فِیہِ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ اَنَا مَدِینَۃُ العِلمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا ۔ اَنَا ذُو القَرنَینِ المَذکُورُ فِی الصُّحُفِ الاُولیٰ ۔ اَنَا الحَجَرُ الَّذِی تَفَجَّرَ مِنہُ اثنَتَا عَشَرَۃَ عَینًا ۔ اَنَا الَّذِی

میں وہ ہوں کہ جس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں کہ ان کو محمد صلعم کے بعد میرے سوا کوئی اور نہیں جانتا اور میں ہر شئے کا علم رکھتا ہوں۔ میں وہ ہوں جس کے لئے رسول خدا نے فرمایا کہ میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے میں ذوالقرنین ہوں جس کا ذکر گزشتہ صحف میں موجود ہے میں وہ حجر مکرم ہوں جس سے بارہ چشمے جاری ہوں گے میں وہ ہوں جس کے پاس سلیمان کی انگوٹھی ہے (یعنی میں تمام جن و انس اور تمام خلائق پر متصرف ہوں) میں وہ ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدائی سے متصف کر کے ان میں اپنے اسرار ودیعت کر کے اپنے کمالات کا مظہر بنا کر صورت بشری میں ظاہر کیا اور اپنی قدرت و مشیت کا محل گردان کر روز ازل ہی سے مخلوقات پر ان کی اطاعت فرض گردانی اور تمام انبیاء و ملائک سے ان کی ولایت پر میثاق لیا۔

خُطبَۃ البَیان

سید نعمت اللہ جزائری اپنی کتاب انوار النعمانیہ کے عنا پر لکھتے ہیں کہ " وَخطبة البيان المنقوله منه تبيين هذا كله وهى الاسرار التى لا يعرف معناها الا العلماء الراسخون" یعنی خطبہ بیان میں جو ان سے (حضرت علی سے) منقول ہے اور اس میں جو کچھ مرقوم ہے سب اسرار ہیں جن کی معنی کی معرفت سوائے علمائے راسخ کے کوئی نہیں رکھتا۔

ملا عبدالصمد ہمدانی اپنی کتاب بحر المعارف میں لکھتے ہیں کہ خطبۃ البیان کے سمجھنے کے لئے ہر شخص کو چاہیئے کہ حدیث طارق کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کرے کہ یہ اس خطبہ کا مقدمہ ہے۔ جاننا چاہیئے کہ آدمی ایک نسخۂ مجموعہ اور کتاب جامع ہے اور حق تعالیٰ انسان کامل میں اپنے اسماء و صفات کا مشاہدہ کرتا ہے پس وہی انسان جو ان صفات کاملہ سے متصف ہو۔ خلافت حق کے لئے سزاوار ہوگا اور وہی مظہر اسم اعظم بلکہ خود اسم اعظم ہوگا جیسا کہ حدیث خیبر میں بھی مذکور ہے۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ قاصران بے بصیرت اور شمس ہدایت سے بے بہرہ اندھے اور بار باطن جہلاً خطبۂ بیان، خطبۂ تطنجیہ اور ایسے دیگر ارشادات سے انکار کرتے ہیں حالانکہ اس مقام کو اہل معرفت مقام توحید عیانی و شہودی کہتے ہیں۔ جو انتہائی قرب و اتصال کا مقام ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا :-

أَنَا الَّذِي عِنْدِي مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ غَيْرِي وَأَنَا بِكُلِّ شَيْئٍ عَلِيمٌ ۔ أَنَا الَّذِي قَالَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ أَنَا مَدِينَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا أَنَا ذُو الْقَرْنَيْنِ الْمَذْكُورُ فِي الصُّحُفِ الْأُولَى ۔ أَنَا الْحَجَرُ الَّذِي تَفَجَّرَ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا أَنَا الَّذِي

میں وہ ہوں کہ جس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں کہ ان کو محمد صلعم کے بعد میرے سوا کوئی اور نہیں جانتا اور میں ہر شئے کا علم رکھتا ہوں۔ میں وہ ہوں جس کے لئے رسول خدا نے فرمایا کہ میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے میں ذو القرنین ہوں جس کا ذکر گزشتہ صحف میں موجود ہے میں وہ حجر مکرم ہوں جس سے بارہ چشمے جاری ہوں گے میں وہ ہوں جس کے پاس سلیمان کی انگوٹھی ہے (یعنی میں تمام جن و انس اور تمام خلائق پر متصرف ہوں) میں وہ ہوں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَتولّیٰ حسَابُ الخَلائِقِ اَجمعِینْ ؕ اَنَا اللَّوحُ المَحفُوظُ اَناجَنبُ اللّٰہ اَنا قَلبُ اللّٰہِ اَنا مقلِّبُ القُلُوبِ وَالاَبصَارِ اَنا اِنّا اِلینَا اَیابَھُمْ ثمّ اِنّ علینا حسابُھم اَنا الّذی قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ یاعَلیُّ الصِّراطِ صِراطُکَ والمَوقِفُ مَوقِفُکَ ؕ اَنا الَّذِیْ عِندَہٗ عِلمُ الکِتَابِ عَلیٰ مَاکَانَ وَمَا یکونَ ؕ اَنا آدَمُ الاَوَّلُ اَنا نُوحُ الاَوَّلُ اَنا ابراھیمُ الخَلِیلُ حِیْنَ اُلقِیَ فِی النَّار ط اَنا حقیقَةُ الاسرارِ ؕ انا مُونِسُ المُومِنِینَ اَنَا فتاحُ الاَسْبَابِ اَنَا مُنشِیِ السَّحَابِ اَنَا مُورِقُ الاَشجارِ ؕ انا مخرِجُ الثمار اَنَا مُجرِیُ العُیُونِ اَنَا دَاحِیُ الاَرضِینَ ؕ اَنا سَمَّاکُ السَّمٰوٰتِ اَنَا فَصْلُ الخِطَابِ اَنا قسِیمُ الجَنَّةِ وَالنَّارِ اَنَا ترجُمَانُ وَحیِ اللّٰہِ اَنَا معصُومٌ مِنْ عِندِ اللّٰہِ اَنَا خَازِنُ عِلمِ اللّٰہِ اَنَا حُجَّةُ اللّٰہِ عَلیٰ مَنْ فی السَّمٰوٰتِ وَفَوقَ الاَرضِینَ اَنا قَایِمٌ بِالقِسطِ اَنَا دَابَّةُ الاَرضِ اَنا الرَّاجِفَةُ اَنَا الرَّادِفَةُ اَنَا الصَّیحَةُ بالحَقِّ یَومَ الخُرُوجِ اَنَا الَّذِی لایکتُمُ عَنہُ خَلقُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ اَنَا السَّاعَةُ الَّتِی لِمَن کَذَّبَ بِھَا

جس کے ذمہ خلائق کے حسابات کئے گئے ہیں یں لوح محفوظ ہوں کہ (جس کے ضمیر میں تمام حقائق کونی والٰہی موجود ہیں) یں جنب اللہ اور قلب خدا ہوں یں لوگوں کی آنکھوں اور قلوب کو پھیرنے والا ہوں ان کی بازگشت ہماری طرف اور ان کا حساب ہمارے ذمہ ہے یں وہ ہوں جس کے لئے رسول خداؐ نے فرمایا کہ یا علی صراط مستقیم ہی تمہارا راستہ ہے اور موقف تمہارا موقف ہے۔ یں وہ ہوں جس کے پاس گذشتہ وہ آئندہ کا علم کتاب ہے یں ہوں ادم اول (کا ساتھی) یں ہوں نوحؑ اول (کا مددگار) یں ہوں ابراہیمؑ خلیل کا مونس جبکہ وہ آگ یں ڈالا گیا۔ یں اسرار خدا کی حقیقت ہوں یں مومنین کا مونس وغمگسار ہوں یں ہوں اسباب کا بنانے والا۔ یں ہوں بادلوں کا پیدا کرنے والا یں، ہوں درختوں یں پتے پیدا کرنے والا یں ہوں پھلوں کا لگانے والا یں ہوں چشموں کا جاری کرنے والا یں ہوں زمینوں کا بچھانے والا یں ہوں آسمانوں کو بلند کرنے والا یں ہوں حق و باطل یں فرق کرنے والا یں ہوں جنت اور جہنم کا تقسیم کرنے والا یں ہوں وحی خدا کا ترجمان یں اللہ کی جانب سے معصوم خلق ہوا ہوں یں علم الٰہی کا خزانچی ہوں اس مخلوق پر جو آسمانوں اور زمینوں پر ہے یں حجت خدا ہوں۔ یں عدل سے موصوف اور قائم ہوں یں دابۃ الارض ہوں یں یوم قیامت صور کی پہلی پھونک ہوں۔ اور یں رادفہ ہوں یں وہ صیحہ برحق ہوں جو خلقت کے باہر نکلنے کے دن ہوگا۔ یں وہ ہوں جس سے آسمانوں اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سَعِيْرًا۔ اَنَا ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۝ اَنَا الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُدْعٰى بِهٖ اَنَا النُّوْرُ الَّذِيْ اقْتَبَسَ مِنْهُ مُوْسٰى فَهُدٰى اَنَا هَادِمُ الْقُصُوْرِ انا مخرج المومنين مِنَ القبور اَنَا الَّذِيْ عِنْدِيْ اَلْفُ كِتَابٍ مِنْ كُتُبِ الْاَنْبِيَآءِ اَنَا الْمُتَكَلِّمُ بِكُلِّ لُغَةٍ فِي الدُّنْيَا ۝ اَنَا صاحب نوح ومنجيه انا صاحب ايوب المبتلى وشافيه اَنَا صَاحِبُ يُوْنُسَ وَمُنْجِيْهِ ۝ انا صاحب الصّور انا مخرج من في القبور انا صاحب يوم النشور ۝ اَنَا اَقَمْتُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ بِاَمْرِ رَبِّيْ وَقُدْرَتِهٖ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَاِنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ وَاَنَا الَّذِيْ بِيْ اَسْلَمَ اِبْرَاهِيْمُ الْخَلِيْلُ وَ اَقَرَّ بِفَضْلِيْ اَنَا عَصَآءُ الْكَلِيْمِ وَبِهٖ اٰخِذٌ بِنَاصِيَةِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ ۝ اَنَا الَّذِيْ نَظَرْتُ فِي الْمَلَكُوْتِ فَلَمْ اَجِدْ غَيْرِيْ شَيْئًا وَغَابَ عَنْ غَيْرِيْ اَنَا الَّذِيْ اَحْصٰى هٰذَا الْخَلْقَ وَاِنْ كَثُرُوْا حَتّٰى اَرُدَّهُمْ اِلَى اللّٰهِ اَنَا الَّذِيْ لَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ اَنَا وَلِيُّ اللّٰهِ فِيْ اَرْضِهٖ وَالْمُفَوَّضُ اِلَيْهِ اَمْرُهٗ وَالْحَاكِمُ فِيْ عِبَادِهٖ وَاَنَا الَّذِيْ دَعَوْتُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ فَاَجَابَانِيْ وَاَنَا الَّذِيْ دَعَوْتُ السَّبْعَ السَّمٰوٰتِ فَاَجَابُوْنِيْ وَاَمَرْتُهَا فَيَنْقُصُوْنَ

زمین کی مخلوق پوشیدہ نہیں ہے میں وہ ساعت (صاحب روز قیامت) ہوں کہ جس کے جھٹلانے والے کے لئے جہنم ہے میں وہ کتاب ہوں جس میں کسی قسم کا شک نہیں (یعنی قرآن ناطق ہوں) میں خدا کے وہ اسمائے حسنہ ہوں جس کے ساتھ دعا کرنے کا اللہ کا حکم ہے میں وہ نور ہوں جس سے موسیٰ نے کچھ حاصل کیا اور ہدایت پائی (میں دنیا کے محلوں کو منہدم کرنے والا اور مومنین کو قبور سے نکالنے والا ہوں میں وہ ہوں جس کے پاس پیغمبروں کی کتب سے ایک ہزار کتابیں ہیں میں دنیا کی ہر زبان میں بات کرتا ہوں میں نوحؑ کا رفیق اور ان کا نجات دلانے والا ہوں میں تکالیف میں مبتلا ایوب کا رفیق اور شفا عطا کرنے والا ہوں اور میں یونسؑ کا رفیق اور نجات دلانے والا ہوں میں صاحب صور ہوں میں قبور سے لوگوں کو نکالنے والا اور صاحب مالک یوم قیامت ہوں میں نے سات آسمانوں کو اپنے رب کے حکم اور قدرت سے قائم کیا ہے میں غفور و رحیم ہوں اور بہ تحقیق کہ میرا عذاب اس کا عذاب الیم ہے۔ میں وہ ہوں کہ جس کی وجہ ابراہیم خلیل سلامت رہے اور میری بزرگی کا اقرار کیا۔ میں موسیٰ کا عصا ہوں اور اس کے ذریعہ تمام مخلوق کو پیشانی (کے بال سے) پکڑنے والا ہوں میں وہ ہوں کہ جس نے عالم ملکوت پر نظر کی اور اپنے سوا کوئی چیز نہ پائی اور میرے غیر کو غائب پایا۔ میں وہ ہوں جو اس مخلوق کا اعداد و شمار کرتا ہوں اگرچہ وہ بہت ہیں یہاں تک کہ انہیں اللہ تک پہنچا دوں میں وہ ہوں جس کے پاس کلام تبدیل نہیں ہوتا میں بندگان خدا پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں میں زمین پر اللہ کا ولی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

أَنَا الَّذِي بَعَثْتُ النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ ؕ
أَنَا فِطْرَتُ الْعَالَمِينَ ؕ أَنَا دَاحِيَ الْأَرَضِينَ
وَالْعَالِمِ بِالْأَقَالِيمِ أَنَا أَمْرُ اللّٰهِ وَالرُّوحُ
كَمَا قَالَ تَعَالَىٰ يَسْئَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ
قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي أَنَا الَّذِي قَالَ
اللّٰهُ تَعَالَىٰ لِنَبِيِّهِ أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ
عَنِيدٍ الَّذِي أَكْوَنْتُ الْأَشْيَاءَ بَعْدَ تَكْوِينِهَا
بِأَمْرِ رَبِّي۔ أَنَا أَرْسَيْتُ الْجِبَالَ وَبَسَطْتُ
الْأَرَضِينَ أَنَا مُخْرِجُ الْعُيُونِ وَمُنْبِتُ
الزُّرُوعِ وَمُغْرِسُ الثِّمَارِ وَمُخْرِجُ شجار
أَنَا الَّذِي أُقَدِّرُ أَقْوَاتَهَا وَأَنَا مُنْزِلُ
الْقَطْرِ وَمُسْمِعُ الرَّعْدِ وَمُبْرِقُ الْبَرْقِ
أَنَا مُضِيءُ الشَّمْسِ مُطْلِعُ الْفَجْرِ وَمُنْشِئُ
النُّجُومِ وَأَنَا مُنْشِئُ جَوَارِ الْفُلْكِ فِي الْبُحُورِ
أَنَا الَّذِي أُقِيمُ السَّاعَةَ أَنَا الَّذِي
إِنْ مِتُّ لَمْ أَمُتْ وَإِنْ قُتِلْتُ لَمْ
أُقْتَلْ أَنَا الَّذِي أَعْلَمُ مَا يَحْدُثُ أَنَا بَعْدَ أَنْ
وَسَاعَةً بَعْدَ سَاعَةٍ أَنَا الَّذِي أَعْلَمُ خَطَرَاتِ
الْقُلُوبِ وَلَمْحَ الْعُيُونِ وَمَا يُخْفِي الصُّدُورُ
أَنَا صَلٰوةُ الْمُؤْمِنِينَ وَزَكٰوتُهُمْ وَ
حَجُّهُمْ وَجِهَادُهُمْ أَنَا النَّاقُورُ الَّذِي
قَالَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ؕ
أَنَا صَاحِبُ النَّشْرِ الْأَوَّلِ وَالْآخِرِ أَنَا أَوَّلُ
مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُورِي ؕ أَنَا صَاحِبُ الْكَوْكَبِ
وَمُزِيلُ الدَّوْلَةِ أَنَا صَاحِبُ الزِّلْزَالِ

ہوں امر خدا میرے سپرد کیا گیا ہے اور میں اس کے
بندوں پر حاکم ہوں میں وہ ہوں جس نے چاند اور
سورج کو بلایا اور انہوں نے میری اطاعت قبول کی میں
وہ ہوں جس نے ساتوں آسمانوں کو دعوت دی انہوں
نے میرے حکم کو قبول کیا پس میں نے حکم دیا اور وہ قائم
ہو گئے میں وہ ہوں جس نے نبیوں اور رسولوں کو مبعوث
کیا۔ میں نے تمام عالمین کو پیدا کیا میں ہوں زمینوں کا
بچھانے والا اور تمام ولایتوں کے حالات سے عالم میں
ہوں امر خدا اور اس کی روح جیسا کہ خدا نے فرمایا کہ تم
سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں تو کہدو روح میرے
رب کے امر سے ہے۔ میں وہ ہوں جس کے لئے اللہ نے
اپنے نبی سے کہا کہ تم دونوں ہر کافر عنید کو جہنم میں ڈالو
میں وہ ہوں کہ خدا کے حکم سے تمام چیزوں کو تکوین کے بعد
وجود میں لایا۔ میں وہ ہوں کہ جس نے پہاڑوں کو لنگر کیا اور
زمینوں کو پھیلایا میں ہوں چشموں کا نکالنے والا اور کھیتوں
کا اگانے والا اور درختوں کا لگانے والا اور میووں کا نکالنے
والا۔ میں وہ ہوں جو لوگوں کے کھانے کا اندازہ لگاتا ہوں
اور بارش برساتا ہوں اور بادل کی کڑک سناتا ہوں اور
برق کو چمکاتا ہوں۔ میں ہوں سورج کو روشنی دینے والا
اور صبح کو طلوع کرنے والا اور ستاروں کو پیدا کرنے والا
میں سمندروں میں کشتیوں کا ساتھی ہوں میں قیامت برپا
کروں گا میں وہ ہوں کہ جس کو موت دی جائے تو نہ مروں
گا اور اگر قتل کیا جاؤں تو قتل نہ ہوں گا۔ میں ہر آن و ہر
ساعت پیدا ہونے والی چیزوں کو اور قلوب میں گذرنے
والے خطرات کو جاننے والا ہوں اور آنکھوں کے جھپکنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَالرَّجْفَةِ اَنَا صَاحِبُ الَّذِیْ اَعْلَمُ الْمَنَایَا وَالْبَلَایَا وَفَصْلُ الْخِطَابِ اَنَا صَاحِبُ اِرَمِ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ وَنَاذِلُهَا اَنَا الْمُنْفِقُ الْبَاذِلُ بِمَا فِیْهَا ہ اَنَا الَّذِیْ اَهْلَکْتُ الْجَبَارِیْنَ وَالْفَرَاعِنَةِ الْمُتَقَدِّمِیْنَ بِسَیْفِیْ ذِی الْفِقَارِ ہ اَنَا الَّذِیْ حَمَلْتُ نُوْحًا فِی السَّفِیْنَةِ اَنَا الَّذِیْ اَنْجَیْتُ اِبْرٰهِیْمَ مِنْ نَارِ نَمْرُوْدِ وَمُوْنِسُهٗ مُوْنِسُ یُوْسُفَ الصِّدِّیْقِ فِی الْجُبِّ وَمُخْرِجُهٗ اَنَا صَاحِبُ مُوْسٰی وَالْخِضْرِ وَمُعَلِّمُهُمَا اَنَا مُنْشِیُ الْمَلَکُوْتِ وَالْکَوْنِ وَاَنَا الْبَارِیُ اَنَا الْمُصَوِّرُ فِی الْاَرْحَامِ اَنَا الَّذِیْ اُبْرِیُ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاَعْلَمُ مَا فِی الضَّمَائِرِ اَنَا اُنَبِّئُکُمْ بِمَا تَاْکُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِکُمْ اَنَا الْبَعُوْضَةُ الَّتِیْ ضَرَبَ اللّٰهُ بِهَا الْمَثَلَ اَنَا الَّذِیْ اَقَامَنِیَ اللّٰهُ وَالْخَلْقُ فِی الْاَظِلَّةِ وَدَعٰی اِلٰی طَاعَتِیْ فَلَمَّا اَظْهَرْتُ اَنْکَرُوْهُ اَمْرَهٗ کَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَا عَرَفُوْا کَفَرُوْا بِهٖ اَنَا الَّذِیْ کَسَوْتُ الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَأْنَاهُ بِقُدْرَتِهٖ اَنَا حَامِلُ عَرْشِ اللّٰهِ مَعَ الْاَبْرَارِ مِنْ وُلْدِیْ وَحَامِلُ الْعِلْمِ اَنَا اَعْلَمُ بِتَاْوِیْلِ الْقُرْاٰنِ وَالْکُتُبِ السَّالِفَةِ اَنَا الْمَوْسُوْخُ

کے حال اور جو کچھ سینوں میں پوشیدہ ہے سب جانتا ہوں میں مومنین کی نماز زکوٰۃ اور حج و جہاد ہوں میں وہ ہوں جس کے لئے اللہ نے فرمایا کہ جب صور پھونکا جائے گا میں نشر اول و آخر کا مالک و مختار ہوں میں وہ ہوں جس کے نور کو اللہ نے سب سے پہلے پیدا کیا میں ہوں صاحب کواکب اور دولت کا زائل کرنے والا۔ زلزلہ اور راجفہ میرے اختیار میں ہیں میں منایا اور بلایا سے واقف ہوں اور حق و باطل میں فرق کرنے والا ہوں۔ میں بڑے بڑے ستونوں والے جنت کا مالک ہوں جس کا مثل کسی شہر میں پیدا نہیں ہوا اس میں جو کچھ جواہرات وغیرہ ہیں میں ہوں ان کا خرچ کرنے والا میں وہ ہوں جس نے ذوالفقار سے سرکشوں اور جباروں کو ہلاک کیا میں وہ ہوں جس نے نوحؑ کو کشتی میں سوار کیا میں وہ ہوں جس نے ابراہیمؑ کو نمرود کی آگ سے نجات دلائی اور اس کا مونس تھا میں یوسف صدیق کا باولی میں مونس تھا اور اس کو کنوئیں سے نکالا میں موسیٰؑ و خضرؑ کا صاحب اور تعلیم دینے والا ہوں میں منشی ملکوت اور کون و مکاں ہوں میں پیدا کرنے والا ہوں میں ماؤں کے رحموں میں صورتوں کا بنانے والا ہوں میں مادرزاد اندھوں کو بینا اور مبروص کو اچھا کرتا ہوں اور جو کچھ دلوں میں ہے اس سے واقف ہوں تم جو کچھ کھاتے ہو اور اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو اس سے واقف ہوں میں وہ بعوضہ ہوں جس کی مثال اللہ نے قرآن میں بیان فرمائی ہے میں وہ ہوں جس کو اللہ نے قائم کیا جب کہ تمام مخلوق ظلمت میں گھری ہوئی تھی اور مخلوق کو میری اطاعت کی طرف دعوت دی پس جب وہ ظاہر ہو گئی (مخلوق عالم وجود میں آ گئی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فی العلم انا وجه الله فی السموات
والارض کما قال الله تعالیٰ کل شیئ
ھالک الا وجھه انا صاحب الجبت
والطاغوت ومحرقهما انا باب الله
الذی قال الله تعالیٰ ان الذین کذبوا
بایاتنا واستکبروا عنها لا تفتح لهم
ابواب السماء ولا یدخلون الجنة
حتی یلج الجمل فی سم الخیاط وکذالک
نجزی المجرمین ۰ انا الذی خدمنی
جبرئیل ومیکائیل انا الذی الی الماء
من الجنة انا الذی یتقلب الملائکة
علیٰ فرشی ویعرفنی عبادا کل اقلیم الدنیا
انا الذی ردت لی الشمس مرتین
انا الذی خص الله جبرئیل ومیکائیل
بالطاعة لی ۰ انا اسم من اسماء
الله الحسنیٰ وهو الاعظم والاعلیٰ انا
صاحب الطور۔ والکتاب المسطور
سے متوسلین کو اللہ کے لئے توسل رکھنا چاہیئے یہ ہے کہ
اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائیں اور جو کچھ
احکام اللہ کی جانب سے آئے ہوں ان کی تعمیل کریں
اور خدا کی راہ میں جہاد کریں کہ یہ اسلام کی بلند ترین
چیز اور کلمۂ اخلاص ہے اور فطرت اسلام ہے اور
نماز کو قائم کرو کہ دین وملت یہی ہے۔ زکوٰۃ ادا کرو
کہ یہ فرض ہے ماہ رمضان میں روزے رکھو کہ یہ
سپر اور قلعہ ہیں بیت الحرام کا حج و عمرہ ادا
کرو کہ یہ دافع فقر و گناہوں کے معاف کرنے والے اور
جنت کو واجب کرنے والے ہیں۔ صلۂ رحم کرو کہ یہ مال
کو بڑھاتا موت کو دور کرتا اور اولاد کے لئے باعث
کثرت ہے اور پوشیدہ طور پر صدقہ دو کہ یہ خطاؤں کا
کفارہ ہے اور پروردگار کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے
علانیہ صدقہ دینا بری موت کو دفع کرتا ہے۔ اور نیکی
کا برتاؤ مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا ہونے سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السّوء وصنائع المعروف فانها تقی
مصارع السّوء وافیضوا فی ذکر الله
جلّ ذکره فانه احسن الذکر وهو امان
من النفاق وبراءة من النّار وتذکیر
لصاحبه عند کل خیر یقسمه الله
جلّ وعزّ له ودوی لتحت العرش
وارغبوا فیما وعد المتقون فان وعد
الله اصدق الوعد وکما وعد فهو انّ
کما وعد واقتدوا بهدی رسول
الله فانه افضل الهدی واستنوا
بسنته فانّها اشرف السنن وتعلّموا
کتاب الله تبارک وتعالی فانه
احسن الحدیث وابلغ الموعظة
وتفقهوا فیه فانه ربیع القلوب
واستشفوا بنوره فانه شفاء لما
فی الصدور واحسنوا تلاوته فانه
احسن القصص واذا قرئ علیکم القرآن
فاستمعوا له وانصتوا لعلکم ترحمون
واذا هدیتم لعلمه فاعلموا بما
علمتم منه لعلکم تفلحون واعلموا
عباد الله انّ العالم العامل
بغیر علمه کالجاهل الحایر الذی
لا یستفیق من جهله بل الحجة
علیه اعظم وهو عند الله
اللوم والحسرة ادوم علی هذا

بچاتا ہے۔ خدائے جل ذکرہ کا ذکر کثرت سے کرو کہ یہ
بہترین ذکر ہے۔ یہ نفاق سے امان دینے والا اور جہنم
سے بری کرنے والا ہے۔ اپنے ساتھی کو نیک کام کے
لئے نصیحت کرنے والے کو خدا تحت عرش سے صلہ
عطا کرتا ہے۔ متقیوں سے خدا نے جو وعدہ کیا ہے
اس کی طرف راغب رہو۔ بہ تحقیق کہ اللہ کا وعدہ سب
سے زیادہ سچا ہے جب بھی اس نے وعدہ کیا اس کو
پورا کیا۔ ہدایت میں رسول اللہ کا اقتدا کرو اس لئے
کہ ان کا اقتدا بہترین ہدایت ہے اور ان کی سنت
کی پیروی کرو اس لئے کہ وہ شریف ترین ہے۔ کتاب
خدا کا علم حاصل کرو کہ یہ بہترین حدیث ہے۔ موعظہ
کی تبلیغ کرو اور فقہ سیکھو کہ یہ قلوب کے لئے بہار
ہے۔ اس کے نور سے فائدہ حاصل کرو۔ بہ تحقیق کہ
جو کچھ صدور میں ہے اس کے لئے یہ شفا ہے قرآن
کی تلاوت عمدہ طریقہ سے کرو کہ اس میں بہترین قصے
ہیں۔ جب قرآن پڑھا جائے تو خاموشی سے سنو تاکہ
تم پر رحم کیا جائے اور جب تمہیں اس کے علم کے
ہدایت کی جائے تو جو کچھ تم کو اس سے علم حاصل ہو
حاصل کرو تاکہ تم فلاح پاؤ اے بندگان خدا جان لو
کہ بغیر علم کے عمل کرنے والا عالم اس سرگشتہ جاہل
کے مثل ہے جس کو اس کے جہل سے نکلنے کی توفیق
ہی نہیں ہوتی بلکہ وہ اس پر بڑی حجت کرتا ہے
وہ اللہ کے پاس ملامت شدہ ہے ایسے عالم پر دائمی
حسرت ہے جو اپنے علم سے علیحدہ ہو گیا ہو اس کی مثل
اس جاہل کے جیسی ہے جو اپنے جہل سے متحیر ہو اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

العالم المسلخ من علمه مثلها
على هذا الجاهل المتحير في جهله
وكلا هما حاير باير مضل مفتون
مبتور ما هم فيه وباطل ما كانوا
يعلمون عباد الله لا ترتابوا فتشكوا
ولا تشكوا فتكفروا ولا تكفروا فتند
موا ولا ترخصوا لانفسكم فتدهنوا و
تذهب بكم الرخص مذاهب
الظلمة فتهلكوا ولا تداهنوا فى
الحق اذا ورد عليكم وعرفتموه فتخسر
واخسرانا ابينا عباد الله ان من الحزم
ان تتقوا الله وان من العصمة
ان لا تغتروا الله عباد الله ان انصح
الناس لنفسه اطوعهم لربه
واغشهم لنفسه اعصاهم له
عباد الله انه من يطع الله يامن
ويستبشر ومن الصقه يخب ويندم
ولا يسلم عباد الله سلوا الله اليقين
فان اليقين راس الدين وارغبوا
اليه فى العافية فان اعظم النعمة
العافية فاغتنموها للدنيا والاخرة
وارغبوا اليه فى التوفيق فانه اسّ
وثيق واعلموا ان انه خير ما لزم
القلب اليقين واحسن اليقين التقى
وافضل امور الحق عزايمها وشرها محدثاتها

وہ دونوں سرگشتہ ہلاک ہونے والے گمراہ' دنیا پر فریفتہ
متکبر اور ہر ایسی صفت کے حامل ہیں اور وہ جو کچھ کرتے
ہیں باطل ہے۔ بندگان خدا کسی پر گمان نہ کرو کہ شکی
ہو جاؤ گے کسی پر شک نہ کرو کہ کافر ہو جاؤ گے (ایمان
سے) انکار نہ کرو کہ پشیمان ہو گے اپنے نفسوں کو آزادی
نہ دو کہ یہ تمہیں دھوکا دیں گے اور گمراہ مذاہب کی طرف
لے جائیں گے اور تمہیں ہلاک کر دیں گے حق بات میں
کبھی فریب نہ دو جب تم پر وارد ہو اور تم اس کو پہچان
لو تو ہلاکت ظاہری گمراہی کو گھٹانے کی کوشش کرو بندگان
خدا یہ عاقبت اندیشی ہے کہ اللہ سے ڈرو اور یہ
عصمت سے ہے کہ اللہ کو دھوکا نہ دو بندگان خدا
سب سے زیادہ اپنے نفس کو نصیحت کرنے والا وہ
ہے جو اپنے رب کی اطاعت کرتا ہو اور اپنے
اعضا کو نفس سے باز رکھے بندگان خدا بہ تحقیق کہ
جس نے خدا کی اطاعت کی مامون اور خوش ہوا
اور جس نے عصیان کیا دھوکا کھایا اور پشیمان ہوا
اور نجات نہ پائی اور بندگان خدا اللہ پر یقین رکھو
کیونکہ یقین سرمایۂ دین ہے۔ عافیت میں اس کی
طرف رغبت کرو پس بہ تحقیق کہ عافیت سب سے
بڑی نعمت ہے اس کو دنیا اور آخرت کیلئے غنیمت
سمجھو اور اس کی طرف رغبت کرو' توفیق کے ساتھ
کہ یہ ایک مضبوط بنیاد ہے جان لو کہ یہ بہتر ہے۔ اس
سے جو تمہارے قلب پر یقین کے ساتھ لازم کیا گیا
ہے بہترین یقین تقویٰ ہے امور حق میں سب سے
افضل اس کے حقوق و فرائض ہیں۔ اس کے خلاف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تهاوكلّ محدثة بدعة وكلّ بدعة ضلالة وبالبدع هدم السنن المغبون من غبن فی دينه والمغبوط من سلم له دينه وحسن يقينه والسعيد من وعظ بغيره والشقی من انخدع لهواه عباد الله اعلموا ان يسير الريا شرك وان اخلاص العمل اليقين والهوى يقود الى النّار ومجالسة اهل اللهو ينسی القران ويحضر الشيطان والنسیٔ زيادة فی الكفر واعمال العصاة تدعوالی سخط الرحمٰن وسخط الرحمٰن يدعوالی النّار ومحادثة النسآء تدعوالی البلاء ويزيغ القلوب والرّمق لهن عطف نور ابصار القلوب ولمح العيون مصائد الشيطان ومجالسة السلطان يهيج النيران عباد الله اصدقوا فانّ الله مع الصادقين وجانبوا الكذب فانه مجانب للايمان وانّ الصادق علی شرف منجاة وكرامة والكاذب علی شفی مهواة وهلكة وقولوا الحق تعرفوا به واعملوا به تكونوا من اهله وادّوا الامانة الی من ائتمنكم عليكم وصلوا ارحام من قطعكم وعودوا بالفضل علی من حرمكم واذا عاقدتم

شریعہ ہے کہ ایسی نئی بات پیدا کریں جو نہ کتاب خدا میں ہو اور نہ سنت رسولؐ ہو۔ ہر محدث (ایسی بات) بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ بدعتوں سے سنت زائل ہوجاتی ہے۔ زیاں کار ہے وہ شخص جس نے امور دین میں غلطی کی اور قابل رشک ہے وہ شخص جس کا دین سالم ہو اور جس کا یقین محکم ہو۔ نیک بخت ہے وہ جو اغیار نصیحت کرے شقی ہے وہ جو اپنی خواہشات سے دھوکہ کھائے بندگان خدا جان لو کہ کم سے کم ریا بھی شرک ہے۔ خواہشات (دنیا) کے یقین کے ساتھ اپنے عمل کو خالص سمجھنا جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ صاحبان لہو ولعب کے ساتھ مجالست قرآن کو فراموش کراتی اور شیطان کو حاضر کرتی ہے۔ نسیان کفر اور بداعمالیوں کو بڑھاتا ہے اور خدائے رحمٰن کے غضب کو مدعو کرتا ہے اور خدائے رحمٰن کا قہر جہنم کی طرف لے جاتا ہے عورتوں سے محادثہ بلاؤں کو مدعو کرتا ہے قلوب کی کجی اور حسد قلوب کی بصیرت کے نور کو بجھا دیتے ہیں دزدیدہ نظر شیطان کی شکارگاہ ہے بادشاہوں کے ساتھ ہم نشینی آتش جہنم کو بھڑکاتی ہے۔ بندگان خدا سچائی اختیار کرو کہ اللہ صادقین کے ساتھ ہے اور جھوٹ سے بچو کہ یہ ایمان سے دور رکھتا ہے اور سچ کہنے والا بزرگی اور راہ نجات کے بلند مقام پر ہے اور جھوٹا خواہشات و ہلاکت کے کنارے پر ہے اور حق بات کہو اس کو پہچانو اور اس پر عمل کرو اور اس کے اہل بن جاؤ جس نے تم امانت لو اس کو ادا کرو جو تم سے قطع رحم کرے اس سے تم صلہ رحم کرو جس نے تمہیں محروم کیا اس سے احسان کرو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاوفوا واذا حکمتم فاعدلوا واذا ظلمتم
فاصبروا اذا اسیٔی الیکم فاعفوا و
اصفحوا کما تحبون ان یعفی عنکم
ولا تفاخروا بالآباء ولا تنابزوا بالالقاب
بئس الاسم الفسوق بعد الایمان
ولا تمازحوا ولا تغاضبوا ولا تناز
خوا ولا یغتب بعضکم بعضا ایحب
احدکم ان یاکل لحم اخیه
میتا ولا تحاسدوا فان الحسد
یاکل الایمان کما تاکل النار الحطب
ولا تباغضوا فانها الحالقة وافشوا
السّلام فی العالم وردوا التحیة
علی اهلها باحسن منها وارحموا
الارملة والیتیم واعینوا الضعیف
والمظلوم والغارمین وفی سبیل الله
وابن السبیل والسائلین وفی الرقاب
والمکاتب والمساکین وانصروا المظلوم
واعطوا الفروض وجاهدوا انفسکم
فی الله حق جهاده فانه شدید
العقاب وجاهدوا فی سبیل الله
واقروا الضیف واحسنوا الوضوء وحافظوا
علی الصّلوات الخمس فی اوقاتها
فانها من الله جل وعز بمکان ومن
تطوع خیرا فهو خیر له فان الله
شاکر علیم تعاونوا علی البر والتقوی

بھلائی کرو جب تم کوئی فیصلہ کرو تو عدل سے کام لو اگر تم
پر ظلم کیا گیا تو صبر کرو اگر کوئی تمہارا گناہ کرے تو معاف کر دو
اور درگذر کرو جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ ان سے معاف کئے جاؤ
اپنے باپ دادا پر فخر نہ کرو ایک دوسرے کو برے لقب نہ
دو ایمان کے بعد فسق اختیار کرنا برا ہے نہ مزاح کرو
نہ غضبناک ہو نہ آپس میں جھگڑا کرو اور نہ ایک دوسرے
کی غیبت کرو آیا تم میں سے ایک بھی شخص پسند کرے گا کہ اپنے
مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے حسد نہ کرو کہ حسد ایمان
کو اسی طرح کھا لیتا ہے جیسا کہ آگ سوکھی لکڑی کو کسی سے
بغض نہ کرو کہ یہ بہت ہی بری صفت ہے عالم میں افشائے
سلام کرو۔ سلام کا جواب اس سے بہتر طریقے سے اس کے
اہل کو دیا کرو مسکین لڑکیوں اور یتیموں پر رحم کرو اور
اعانت کرو۔ ضعیفوں مظلوموں اور نقصان رسیدہ
لوگوں کی سائلین و فقراء کی اور راہ خدا میں مدد کرو اور نیز
رقاب و مکاتب کی اعانت کرو۔ مساکین اور مظلوموں کی
مدد کرو اور بخشش عطا کرو اور اللہ کے لئے اپنے نفوس
سے ایسا جہاد کرو جو حق جہاد کرنے کا ہے بہ تحقیق کہ وہ سخت
عقاب کرنے والا ہے خدا کی راہ میں جہاد کرو۔ مہمان کی
تعظیم کرو اور صحیح ترین طریقے سے وضو کر کے پنجگانہ نمازیں
ان کے اوقات پر ادا کرو بہ تحقیق کہ خدا کے پاس
اس کا خاص مرتبہ ہے جس نے مستحبات کو بھی بجا لایا
یہ اسی کے لئے بہتر ہوگا بیشک اللہ علیم اور اس کی جزا
دینے والا ہے۔ نیکی اور تقوی کے لئے اعانت کرو
گناہ اور ظلم کے ارتکاب کے لئے مدد نہ کرو اللہ سے
ایسا ڈرو جو حق اس سے ڈرنے کا ہے۔ تم ہرگز نہ مرو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولا تعاونوا على الاثم والعدوان
واتقوا الله حق تقاته ولا تموتن
الّا وانتم مسلمون واعلموا عباد الله
انّ الامل مذهب العقل ويكذّب
الوعد ويحث على الغفلة ويورث
الحسرة فاكذبوا الامل فانه غرور
وان صاحبه مغرور فاعلموا في الرغبة
والرهبة فان نزلت بكم رغبة
فاشكروا واجمعوا معها رغبة فان
الله قد تاذن للمسلمين بالحسنى ولمن
شكر بالزيادة فاني لم ار مثل الجنة
نام طالبها ولا كالنار نام هاربها ولا
اكثر مكتسبا ممن كسبه ليوم تدخر فيه
الذخائر وتبلى فيه السرائر وان
من لا ينفعه الحق يضره الباطل
ومن لا يستقيم به الهدى تضره
الضلالة ومن لا ينفعه اليقين
يضره الشك وانكم قد امرتم بالظعن
ودللتم على الزاد الا انّ اخوف ما
اتخوف عليكم اثنتان طول الامل
واتباع الهوى الّا وانّ الدنيا قد
ادبرت واذنت بانقلاع الا وانّ
الآخرة قد اقبلت واذنت باطلاع
الا وانّ المضمار اليوم والسبّاق
غدا الا وانّ السبقة الجنة والغاية

مگر اس حالت میں کہ تم مسلمان ہو بندگان خدا جان لو
کہ آرزوئیں عقل کو ختم کر دیتی ہیں وعدہ خلافی کرواتی ہیں
اور غفلت پر برانگیختہ کرتی ہیں اور حسرت کا باعث بنتی
ہیں آرزوؤں سے باز رہو کہ یہ صرف دھوکا اور فریب ہیں
بہ تحقیق کہ صاحب آرزو فریبی ہوتا ہے رغبت وخوف کو
جان لو کہ اگر تم پر رغبت نازل ہو تو خدا کا شکر ادا کرو۔
اور رغبت کے ساتھ متحد ہو جاؤ کیونکہ اللہ نے مسلمین کو حکم
دیا ہے کہ نیکی کریں اور جس نے شکر ادا کیا اس کو زیادہ عطا
کیا میں نے نہیں دیکھا جنت کے مثل کہ جس کا طالب
سو رہا ہو اور نہ جہنم کے مثل کہ جس سے بھاگنے والا سو رہا
ہو اور نہ زیادتی کے حاصل کرنے والے نے اس شخص سے
جس نے یوم قیامت کے لئے ذخیرہ کر لیا ہو جس میں پوشیدہ
چیزیں بھی بوسیدہ ہو جاتی ہیں جس کو حق فائدہ نہ پہنچائے
باطل ضرر پہنچاتا ہے اور جو ہدایت سے سیدھا نہ ہو
اس کو گمراہی ضرر پہنچاتی ہے اور جس کو یقین فائدہ نہ پہنچائے
اس کو شک نقصان پہنچاتا ہے۔ تمہیں حکم دیا گیا ہے کہ
کوچ کریں اور بتایا گیا ہے کہ زاد راہ حاصل کریں۔ آگاہ ہو
جاؤ کہ تمہیں اپنے بارے میں جس بات کا خوف ہے اس
سے زیادہ میں تمہارے متعلق دو باتوں سے خوف کرتا
ہوں یعنی طویل آرزوؤں اور خواہشات کی پیروی سے
آگاہ ہو جاؤ کہ دنیا نے تم سے منہ پھیر لیا ہے اور زمانہ
و نیز وقت کے منحرف ہو جانے سے آگاہ کر دیا ہے
زمانہ نے منقلب کر دیا اور قیامت کے کھلا دینے والے
وقت سے جہنم کی انتہا اور جنت کے لئے سبقت لے
جانے والے لمحات سے آگاہ کر دیا ہے آگاہ ہو جاؤ کہ تم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

النار الا وانکم فی ایام مھل من
ورائه اجل یحثه عجل العجل فمن
اخلص لله عمله فی ایامه قبل
حضور اجله نفعه عمله ولم
یضره امله ومن لم یعمل فی
ایام مھله ضره امله ولم ینفعه
عمله عباد الله افزعوا الی اقوام
دینکم باقام الصلوٰة لوقتھا وایتآء
الزکوٰة فی حینھا والتضرع والخضوع
وصلة الرحم وخوف المعاد واعطآء
السائل واکرام الضعفة والضعیف وتعلم
القرآن والعمل به وصدق الحدیث
والوفاء بالعھد وادآء الامانة
اذا ائتمنتم وارغبوا فی ثواب الله
وارھبوا عذابه وجاھدوا فی
سبیل الله باموالکم وانفسکم
وتزودوا من الدنیا ما تحرزون به
انفسکم واعملوا بالخیر تجزوا بالخیر
یوم یفوز بالخیر من قدم الخیر اقول
قولی واستغفر الله لی ولکم ۵

(بحار الانوار ج ۱۷ ص ۹)

مستدرک

زمانہ مہلت میں ہو اس سے آگے موت ہے جو بہت تیزی سے ریزہ ریزہ کر دیگی ۔

جس نے اللہ کے لئے اپنی موت سے پہلے اپنے عمل کو خالص کیا اس کا عمل اس کو فائدہ پہنچائے گا اور اس کی آرزوئیں مضرت نہیں پہونچائینگی اور جس نے ایام مہلت میں نیک عمل نہ کیا اس کی آرزوئیں اس کو نقصان پہونچائیں گی اور اس کے اعمال اس کو کوئی فائدہ نہ پہونچائیں گے بندگان خدا اپنے اہل دین کو وقت پر نماز ادا کرنے کیلئے دوڑو اور زکوٰۃ ادا کرنے خضوع و منت وزاری، صلہ رحم قیامت کے خوف سائل کو عطا کرنے ضعیفوں سے اکرام قرآن کی تعلیم اور اس پر عمل احادیث کی تصدیق وعدہ وفائی اور امانت کی ادائی کی طرف متوجہ کرو جب کوئی تمہارے پاس کچھ امانت رکھے ۔ ثواب خدا کی رغبت دلاؤ اور اس کے عذاب سے خوف دلاؤ ۔ راہ خدا میں اپنے اموال اور جانوں کے ساتھ جہاد کرو، جو کچھ تم نے دنیا میں اپنے لئے محفوظ کر رکھا ہے ۔ اس کو اپنا زاد راہ بناؤ ۔ عمل نیک کرو اور جزائے نیک پاؤ ۔ جو خیر کے ساتھ یوم قیامت آئے گا خیر ہی کی کامیابی پائے گا میں اپنی بات کہتا ہوں ۔ خدا میری اور تمہاری مغفرت کرے ۔

ع۱ : رقاب = وہ غلام جو مالک کی غیر موجودگی میں اسباب کی نگرانی کرے ۔

ع۲ : مکاتب = وہ غلام جو تھوڑا تھوڑا کر کے مالک کو اپنی قیمت ادا کر کے آزاد ہو جائے ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خُطبَۃ المنبریّۃ

ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے منبر کوفہ پر یہ خطبہ ارشاد فرمایا:۔

الحمد لله احمده واومن به واستعينه واستهديه واشهد ان لا اله الّا وحده لاشريك له وان محمدا عبده ورسوله ارسله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كلّه ولوكره المشركون ٥

ايتها النفوس المختلفة والقلوب المتشتتة الشاهدة ابدانهم الغائبة عنهم عقولهم كم اطادكم على الحق وانتم اذلكم على الحق تنفرون عنه نفور المعزى من وعوعة الاسد هيهات ان اطلع بكم ذروة سرار العدل واقيم اعوجاج الحق اللّهم انك تعلم انه لم يكن مني منافسة في سلطان ولا التماس فضول اعطام ولكن لأرد الاحكام ومعالم الحلال والحرام من دينك واظهر الصلاح في بلادك فيامن المظلومون من عبادك وتقام المعطلة من حدودك اللّهم انك تعلم اني اوّل من اناب وسمع فاجاب لم يسبقني الّا رسولك

تمام حمد اللہ کے لئے ہے اس کی حمد بار بار کرتا ہوں اس پر ایمان لاتا ہوں اور اسی سے مدد اور ہدایت چاہتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اللہ کے کوئی اللہ نہیں وہ واحد ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمدؐ اس کے بندے اور رسولؐ ہیں اس نے ان کو ہدایت کے لئے بھیجا یہ دین حق غالب آجائیگا تمام دینوں پر خواہ مشرکین اسکو ناپسند ہی کیوں نہ کریں۔

اے نفوس مختلف و قلوب پراگندہ جن کے اجسام کو نہ خوش منظری نصیب ہے اور نہ خوش بیانی اور جن کی عقلیں ان سے غائب ہیں کس قدر تمہیں حق پر آمادہ کیا گیا اور حق کا راستہ دکھایا گیا۔ جس سے تم اس طرح بھاگتے ہو جیسا کہ شیر کے پکارنے سے بکریوں کا گلہ بھاگتا ہے افسوس آیا تمہیں حقیقت عدل کی بلندیوں سے آگاہ کیا جائے یا حق سے منحرف ہو کر کجی اختیار کرنے کو چھوڑ دیا جائے خداوندا تو جانتا ہے کہ وہ ہرگز مجھ سے نہیں تھا۔ اس کا منافشہ اقتدار کے لئے ہے۔ اسے کوئی تلاش نہیں ہے۔ قلیل مال دنیا کو ترجیح دیتا ہے لیکن تیرے دین کے حلال و حرام کی نشانیوں اور احکام کو رد کرتا ہے۔ تیرے شہروں میں اصلاح کو ظاہر کرتا ہے (اور سمجھتا ہے کہ) تیرے مظلوم بندے مامون ہو جائیں گے اور تیرے حدود میں جو معطل چیزیں ہیں قائم ہو جائیں گی خداوندا بہ تحقیق کہ تو جانتا ہے کہ میں پہلا شخص ہوں جس نے نیابت کی اور سنا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللّٰھم لا ینبغی ان یکون الوالی علی
الدّماء والفروج والمغانم والمسلمین
وامور المومنین وامامة البخیل لان
تھمتہ فی جمیع الاموال ولا الجاھل
فیدلّھم بجھلہ علی الضلال ولا
الجافی فیتضرھم بجفائہ ولا الخائف
فیتخذ قومًا دون قوم ولا المرتشی فی
الحکم فیذھب بالحقوق ولا المعطل
للسنن فیودّی الی الفجور ولا الباغی
فیدحض الحق ولا الفاسق فیشین
الشرع ۔

فقام الیہ رجل فقال یا
امیر المومنین ما تقول فی رجل
مات وترک امراۃ وابنتین وابوین
فقال لکل واحد من الابوین السدس
وللابنتین الثلثان۔
قال فالمراۃ
قال صار ثمنھا تسعًا وھذا من
ابلغ الاجوبۃ۔

(بحار ج ۱۷ ص ۸۱)
(تذکرہ خواص الائمہ)

اور قبول کیا سوائے تیرے رسولؐ کے کسی نے مجھ پر سبقت
نہیں لے گیا خداوندا حاکم کے لئے سزاوار نہیں کہ خون ریزی
زناکاری مال غنیمت اور مسلمین ومومنین کے امور میں شریک
رہے ونیز بخیل امامت کا سزاوار نہیں اس لئے کہ
تمام مال ودولت میں اس پر بدگمانی کی جاتی ہے اور نہ
جاہل (اس کا سزاوار ہے) اس لئے کہ وہ اپنے جہل سے
گمراہی کا راستہ بتاتا ہے اور نہ جفا کرنے والا (سزاوار)
ہے اس لئے کہ وہ اپنے ظلم سے اعراض کرواتا ہے
اور نہ خائف (سزاوار ہے) کہ وہ ایک گروہ کے عوض
دوسرے کو اختیار کرتا ہے اور نہ فیصلہ کرنے میں
رشوت لینے والا سزاوار ہے اس لئے کہ اس سے حقوق
تلف ہوجاتے ہیں اور نہ سنت کو معطل کرنے والا
سزاوار ہے کہ وہ بدکاری کی طرف آمادہ کرتا ہے اور نہ
باغی (حق کو زائل کردیتا ہے اور نہ فاسق کہ احکام شرع
میں عیب لگاتا ہے۔

ایک شخص کھڑا ہوا اور کہا کہ یا امیرالمومنین آپ
اس شخص کے متعلق کیا فرماتے ہیں جس نے مرتے وقت ایک
عورت دو لڑکیاں اور والدین کو چھوڑا۔ فرمایا کہ ماں اور
باپ میں ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ اور لڑکیوں کے لئے دو
تلث عرض کیا کہ عورت کے لئے کس قدر ؟
فرمایا کہ نویں حصہ کا آٹھواں حصہ ہے یہ بلیغ ترین جواب ہے۔

خطبہ بالغہ

اللہ تعالیٰ کی حمد اور رسالت مآبؐ کی حمد وثناء کے بعد حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا :۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایها الناس ان الله ارسل الیکم
رسولا لیریح به علیکم ویوقظ به غفلتکم
وانی خوف ما اخاف علیکم اتباع الهوی
وطول الامل اما اتباع الهوی فیصد
کم عن الحق واما طول الامل
فلینسیکم الاخرة الا وان الدنیا قد
ترحلت مدبرة وان الآخرة قد ترحلت
مقبلة ولکل واحد منهما بنون
فکونوا من ابناء الاخرة ولا تکونوا من
ابناء الدنیا فان الیوم عمل ولا
حساب وغدا حساب لا عمل واعلموا
انکم میتون ومبعوثون من
بعد الموت ومحاسبون علی اعمالکم
ومجازون بها فلا یغرنکم الحیوٰة
الدنیا ولا یغرنکم بالله الغرور
فانها دار البلاء محفوفة وبالعناء والغدر
موصوفة وکل ما فیها الی زوال وهی
بین اهلها دول وسجال لا تدوم احوالها
ولا یسلم من شرها نزالها بینا
اهلها منها فی رخاء وسرور اذا هم
فی بلاء وغرور العیش فیها مذموم
والرخاء فیها لا یدوم اهلها فیها
اغراض مستهدفة کل حتفه فیها
مقدور وحظه من نوائبها موفور
وانتم عباد الله علی محجة من قد مضی

اے لوگو خدا نے تمہاری طرف ایک رسول کو بھیجا
تاکہ تمہیں اس کے توسط سے نیکی کی طرف متوجہ کرے
اور غفلت سے سختی کے ساتھ بیدار کرے میں تمہیں
خوف دلا رہا ہوں اور تمہارے اتباع نفس کی خواہش
اور امیدوں کی طوالت میں مبتلا ہونے سے خوف کرتا
ہوں۔ خواہشوں کی آمد تمہیں حق سے روکتی ہے اور آرزوں
کی بہتات آخرت کو بھلا دیتی ہے دنیا کے گذرنے والے
لمحات تمہیں مار کر منتقل کرتے ہیں اور آخرت تمہیں
قبول کر کے منتقل کرتی ہے یہ دونوں ایک ہی ہیں۔ ان
دونوں کے فرزند ہیں۔ تم آخرت کے فرزند بنو دنیا کے
فرزند نہ بنو۔

بہ تحقیق کہ آج کا دن عمل کا ہے حساب کا نہیں
اور کل قیامت کا دن حساب کا ہو گا عمل کا نہیں جان
لو کہ تم مرو گے اور مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے اور
تمہارے اعمال کا حساب لیا جائے گا اور اس کی جزا
دی جائے گی پس حیات دنیا پر فریفتہ نہ ہو۔ اور
دھوکے کے ذریعہ خدا سے فریب نہ کرو کیونکہ یہ دار البلاء
ہے جو تمہیں گھیری ہوئی ہے۔ یہ بیوفائی اور مقام مشقت
کے نام سے موصوف ہے۔ اس میں جو کچھ ہے زوال پذیر
ہے یہ اس کے اہل کے درمیان ہے۔ رفیاضی اور
دولت اس کے احوال کو مداومت نہیں بخشتے۔ اس
کے شر میں سلامتی نہیں جو اس کے اہل کے درمیان
نازل ہوتی ہے۔ جبکہ وہ فراخی و عیش و حالت میں
سرور میں رہتے ہیں جب وہ اس کی معیت اور عیش
کے فریب میں مبتلا رہتے ہیں۔ مذموم ہوتے ہیں اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وسل من كان ثم انقضى ممّن
كان اطول منكم اعمارًا واشد
بطشًا واعمر ديارًا اصبحت اجسادهم
باليةً وديارهم خاليةً فاستبدلوا
بالقصور المشيدة والنمارق الموسدة
بطون اللحود ومجاورة الدود في دار
ساكنها مغترب ومحلّها مقترب
بين قوم مستوحشين متجاورين غير
متزاورين لا يستأنسون بالعمران
ولا يتواصلون تواصل الجيران على
ما بينهم من قرب الجوار ودنو الدار
وكيف يكون بينهم تواصل وقد طحنتهم
البلى واظلتهم الجنادل والثرى
فاصبحوا بعد الحيوة امواتا وبعد غضارة
العيش رفاتا قد فجع بهم الاحباب
واسكنوا التراب وظعنوا فليس لهم
اياب وتمنّوا لرجوع فحيل بينهم وبين
ما يشتهون ٥

(بحار انوار ج ۱۷ ص ۸۱)

کے عیش میں اس کے اہل کے لئے مداومت نہیں۔ اس کے اغراض ہدف بنائے جاتے ہیں۔ یہاں سب کے لئے موت مقدر ہوچکی ہے۔ اس میں مصائب بہت کثرت سے ہیں اور تم اے بندگان خدا ان لوگوں کے راستہ پر ہو جو گذر گئے اور جو تھے اور پھر ختم ہوگئے۔ تم میں جو زیادہ مکانوں میں رہنے والے تھے ان کے جسم بوسیدہ ہوگئے۔ اور ان کے دیار خالی ہوگئے۔ ان کے مضبوط محلوں اور خوبصورت قالینوں کے بدلے انہیں لحد کے گڑھے ملے اور وہ ایسے گھروں میں جن کے ساکن اپنے مقامات سے نکلے ہوئے ہیں کیڑوں کے ہم نشیں ہوگئے۔ ان کے محل قریب قریب تھے جو ویران ہوگئے یہ ایک دوسرے کے پڑوسی ہیں مگر ملتے نہیں۔ انہیں آبادیوں سے کوئی انس نہیں، یہ پڑوسیوں سے باوجود باہمی قربت کے اور ان کے مکانوں کے قریب قریب ہونے کے مواصلت نہیں کرتے ان کے درمیان محبت و توصل کس طرح قائم ہوسکتا ہے کہ مصائب نے انہیں پیس دیا ہے اور مصائب ان پر لوٹ پڑے ہیں زندگی کے بعد انہوں نے کوچ کیا اور مردہ ہوگئے ان کے احباب ان پر روتے ہیں ان کی مٹی ساکن ہوگئی انہوں نے کوچ کیا اب نہ انہیں واپس ہونا ہے اور نہ وہ واپسی کی تمنا کر سکتے ہیں۔ چونکہ موت ان کے اور ان کی خواہش کے درمیان حائل ہوگئی ہے۔

خطبة الاستسقاء

طلب باراں کے لئے حضرت علی علیہ السلام یہ خطبہ ارشاد فرماتے تھے یہ خطبہ من لا یحضرہ الفقیہ باب الصلوٰۃ الاستسقاء کے تحت مرقوم ہے اس کا ترجمہ محمد تقی مجلسی نے شرح اللوامع میں لکھا ہے :-

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحمد لله سابغ النعم ومفرج الهم
وبارئ النسم الذي جعل السموات
لكرسيه عمادا وجعل الارض للعباد
مهادا والجبال اوتادا وملائكته
على ارجائها وحملة عرشه على
امطائها واقام بعزته اركان العرش
واشرق بضوئه شعاع الشمس واطفأ
بشعاعه ظلمة الغطش وفجر الارض
عيونا والقمر نورا والنجوم بهورا ثم
تجلى فتمكن وخلق فاتقن واقام فتهيمن
فخضعت له نخوة المتكبر وطلبت اليه
خلة المتمسكن اللهم فبدرجتك
الرفيعة ومحلتك المنيعة وفضلك
السابغ وسبيلك الواسع اسألك
ان تصلي على محمد وآل محمد
كما دان لك ودعا الى عبادتك ووفى
بعهدك وانفذ احكامك واتبع
اعلامك عبدك ونبيك وامينك
على عهدك الى عبادك القائم
باحكامك ومؤيد من اطاعك
وقاطع عذر من عصاك اللهم
فاجعل محمدا صلى الله عليه وآله
اجزل من جعلت له نصيبا من
رحمتك وانضر من اشرق وجهه
بسجال عطيتك واقرب الانبياء

تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے جو نعمتوں کو حد کمال تک
تک پہونچانے والا ہر غم کا دور کرنے والا اور جانداروں
کا پیدا کرنے والا ہے جس نے آسمانوں کو اپنی کرسی کا ستون
قرار دیا اور زمین کو اپنے بندوں کے لئے گہوارہ اور
پہاڑوں کو اس کی میخیں قرار دیا اور اپنے ملائکہ کو اس
کے اطراف اور حاملین عرش کو اپنی سواریوں پر قرار دیا۔
اور اپنی سربلندی سے عرش کے ستونوں کو قائم کیا۔ اور
آفتاب کی شعاعوں کی ضو سے جلوہ تابی کی اور شب تار
کی ظلمت کو اس کی شعاعوں سے دور کیا۔ زمین سے چشمے
جاری کئے، چاند کو نور بخشا اور ستاروں کو روشن کیا
اس کے بعد عرش الوہیت پر متجلی ہو کر متصرف ہو گیا
اور (کائنات) کو خلق کرکے استوار کیا اور قائم ہو کر ہر
شئے پر چھا گیا۔ پس ہر متکبر اس کے سامنے سرنگوں ہے اور
ہر محتاج کی فقیری اس کی جانب راغب ہے۔ خداوندا میں
تیرے بلند مرتبہ، ناقابل تسخیر محل، تیرے فضل کامل
اور وسیع سبیل کی بنا پر تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و
آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما جیسا کہ انہوں نے تیری اطاعت
کی اور تیرے بندوں کو تیری عبادت کی دعوت دی تیرے
عہد کو پورا کیا، تیرے احکام کو جاری کیا اور تیری نشانیوں
کی پیروی کی (وہ محمدؐ) جو تیرے بندے تیرے نبیؐ، تیرے
بندوں سے متعلق تیرے عہد و پیمان کے امانت دار
تیرے احکام پر عمل پیرا ہونے والے تیرے اطاعت
گذاروں کی تائید کرنے والے اور عاصیوں کے عذر کو
قطع کرنے والے تھے۔ خداوندا محمدؐ کو ان لوگوں میں جن
کے لئے تو نے اپنی رحمت کا ایک حصہ قرار دیا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زُلْفَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَكَ
وَاَوْفَرَهُمْ حَظًّا مِنْ رِضْوَانِكَ وَاَكْثَرَهُمْ
صُفُوْفَ اُمَّةٍ فِيْ جَنَابِكَ كَمَا لَمْ
يَسْجُدْ لِلْاَحْجَارِ وَلَمْ يَعْتَكِفْ لِلْاَ
شْجَارِ وَلَمْ يَسْتَحِلَّ السِّبَاءَ وَلَمْ يَشْرَبِ
الدِّمَاءَ، اَللّٰهُمَّ خَرَجْنَا اِلَيْكَ حِيْنَ
فَاجَأَتْنَا الْمَضَائِقُ الْوَعْرَةُ وَاَلْجَ
أَتْنَا الْمَحَابِسُ الْعَسِرَةُ وَعَضَّتْنَا عَلَائِقُ
الشَّيْنِ وَتَأَثَّلَتْ عَلَيْنَا لَوَاحِقُ الْمَيْنِ
وَاعْتَكَرَتْ عَلَيْنَا حَدَابِيْرُ السِّنِيْنَ
وَاَخْلَفَتْنَا مَخَائِلُ الْجُوْدِ وَاسْتَظْمَأْنَا
لِصَوَارِخِ الْعَوْدِ فَكُنْتَ رَجَاءَ الْمُبْتَئِسِ
وَالثِّقَةَ لِلْمُلْتَمِسِ نَدْعُوْكَ حِيْنَ
قَنَطَ الْاَنَامُ وَمُنِعَ الْغَمَامُ وَهَلَكَ
السَّوَامُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ عَدَدَ الشَّجَرِ
وَالنُّجُوْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الصُّفُوْفِ وَالْعَنَانِ
الْمَكْفُوْفِ اَنْ لَا تَرُدَّنَا خَائِبِيْنَ وَلَا
تُؤَاخِذَنَا بِاَعْمَالِنَا
وَلَا تُحَاصَّنَا بِذُنُوْبِنَا وَانْشُرْ
عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ بِالسَّحَابِ الْمُتْأَقِ وَ
النَّبَاتِ الْمُوْنِقِ وَامْنُنْ عَلٰى عِبَادِكَ
بِتَنْوِيْعِ الثَّمَرَةِ وَاَحْيِ بِلَادَكَ بِبُلُوْغِ
الزَّهْرَةِ وَاَشْهِدْ مَلٰٓئِكَتَكَ الْكِرَامَ
السَّفَرَةَ سَقْيًا مِنْكَ نَافِعَةً مُحْيِيَةً
هَنِيَّةً مَرِيْئَةً مُرْوِيَةً تَامَّةً عَامَّةً

سب سے زیادہ اپنی رحمت عطا فرما اور ان لوگوں میں جن
کے چہرے تیری عطاؤں کے نزول سے چمک رہے ہیں
اور یوم قیامت تمام انبیاؑ سے زیادہ تجھ سے قریب تیری
خوشنودی کا سب سے زیادہ حصہ پانے والا اور تیری
بارگاہ میں سب سے زیادہ امت کی فیض رکھنے والا قرار دے
جیسا کہ انہوں نے نہ ہی پتھروں کو سجدہ کیا اور نہ درختوں کو
پوجا نہ شراب کو حلال قرار دیا اور نہ خون ہی نوش کیا بار الٰہا ہم
تیری بارگاہ میں حاضر ہوئے ہیں جب کہ نیکیوں کی کمی ہم پر
حملہ آور ہو گئی ہے اور تنگی کی بندشوں نے مجبور بنا دیا ہے
اور مصائب و غم کے اسباب رہے ہیں۔ دروغ گو ہمارے
پاس اکٹھا ہو گئے ہیں قحط سالی کے خشک کنویں ہمارے
سامنے ہیں (تیرے) کرم کی امیدوں نے ہماری مخالفت کی اور
ہم تیری رحمت کے تشنہ ہو گئے ہیں اور تو ہر پریشان
کا سرمایہ (آرزو) ہے و نیز ہر خواہش مند کا (مرکز) اعتماد
ہے ہم تجھ سے جبکہ سب لوگ مایوس ہو چکے ہیں اور رک
گئے ہیں اور چوپائے ہلاک ہو گئے ہیں اے حی و اے قیوم
درختوں ستاروں صف در صف فرشتوں اور رکے
ہوئے بادلوں کے بقدر تجھ سے دعا کرتے ہیں کہ تو ہمیں
ناکام واپس نہ کر اور ہمارے اعمال کا مواخذہ نہ کر اور
ہمارے گناہوں کی سزا نہ دے اور خوشنما نباتات اور
چمکدار ابر کے ذریعہ ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول
دے اور اپنے بندوں پر پھلوں (کی پیداوار) کے ذریعہ
احسان فرما اور اپنے شہروں کو کلیوں کے بار آور ہونے
سے شاداب بنا دے اور اپنے بزرگ ملائکہ کو اپنی اس
سیرابی کا گواہ قرار دے نفع بخش اور سبز، خوشگوار دل پسند

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طَيِّبَةً مُبَارَكَةً مَرِيعَةً دَائِمَةً غُزْرُهَا
وَاسِعًا دَرُّهَا زَاكِيًا نَبْتُهَا نَامِيًا زَرْعُهَا
نَاظِرًا عُودُهَا نَامِرًا فَرْعُهَا مُمْرِعَةً آثَارُهَا
غَيْرَ خُلَّبٍ بَرْقُهَا وَلَا جَهَامٍ عَارِضُهَا
وَلَا قَزَعٍ رَبَابُهَا وَلَا شَفَّانٍ ذِهَابُهَا
جَارِيَةً بِالْخِصْبِ وَالْخَيْرِ عَلَى أَهْلِهَا
تُنْعِشُ بِهَا الضَّعِيفَ مِنْ عِبَادِكَ
وَتُحْيِي بِهَا الْمَيِّتَ مِنْ بِلَادِكَ وَتُنَضِّرُ
بِهَا الْمَبْسُوطَ مِنْ رِزْقِكَ وَتُخْرِجُ بِهَا
الْمَخْزُونَ مِنْ رَحْمَتِكَ وَتَعُمُّ بِهَا
مَنْ نَأَى مِنْ خَلْقِكَ حَتَّى يُخْصِبَ
لِإِمْرَاعِهَا الْمُجْدِبُونَ وَيَحْيَى بِبَرَكَتِهَا
الْمُسْنِتُونَ وَتُتْرَعُ بِالْقِيعَانِ غُدْرَانُهَا
وَتُورِقُ ذُرَى الْآكَامِ رَجَوَاتُهَا وَيَدْهَامُّ
بِذُرَى الْآكَامِ شَجَرُهَا وَتُعْشِبُ بِهَا
نِجَادُنَا وَتَجْرِي بِهَا وِهَادُنَا وَيُخْصِبُ
جَنَابُنَا وَتُقْبِلُ بِهَا ثِمَارُنَا وَتَعِيشُ
بِهَا مَوَاشِينَا وَتَنْدَى بِهَا أَقَاصِينَا
وَتَسْتَعِينُ بِهَا ضَوَاحِينَا مِنَّةً مِنْ
مِنَنِكَ مُجَلَّلَةً وَنِعْمَةً مِنْ نِعَمِكَ
مُفَضَّلَةً عَلَى بَرِيَّتِكَ الْمُرْمِلَةِ
وَوَحْشِكَ الْمُهْمَلَةِ وَبَهَائِمِكَ
الْمُعْمَلَةِ اللَّهُمَّ أَنْزِلْ عَلَيْنَا سَمَاءً
مُخْضِلَةً مِدْرَارًا وَاسْقِنَا الْغَيْثَ
وَاكِفًا مِغْزَارًا غَيْثًا مُغِيثًا مُمْرِعًا مُجَلْجِلًا

سیراب شدہ، ہمہ گیر پاک و با برکت بہار کیف ہو جس
کی سبزی دائمی جس کا کرم کشادہ جس کے سیراب شدہ
نباتات نشوونما کے مالک جس کی نباضی وسیع جس کی
شاخیں میوہ دار جس کے ٹکڑے تازگی بخش ہوں نہ
اس کی برق بے باراں ہو نہ (کوئی ابر) پانی سے خالی ہو،
نہ اس کی کمزور بارش ہوائے سرد سے بغل گیر ہو ایسی
بارش ہو جو سرسبزی کے ساتھ جاری ہو اس کے ذریعہ
تو اپنے کمزور بندوں کو طاقتور بنا دے اور تیرے شہر
جو نشوونما کی طاقت کھو چکے ہیں ان کو سرسبز کر دے اور
ان کے واسطے سے روزی کشادہ کر دے اور اپنی پوشیدہ
رحمت کو برآمد کر دے اور اسے اپنی مخلوق میں سے
ان کو بھی عطا فرما جو تیرے نافرمان ہیں یہاں تک کہ
قحط زدہ تر و تازہ ہو جائیں اور اس کی برکت سے مبتلائے
خشک سالی زندہ اور خوش حال ہو جائیں اس کی جاری
کردہ نہریں چٹیل میدانوں میں چھلک جائیں اور ٹیلوں
کی بلندیوں کو اس کے کنارے پتوں کے سرسبز لباس
پہنا دیں بلندیوں پر اس کے سینچے ہوئے درخت سبز ہو
جائیں اور اس کے ذریعہ ہماری زمینوں کے بلند مقامات
پر گیاہ ہو جائیں اور اس سے نشیبی حصوں میں نہریں بہنے
لگیں اور اطراف و جوانب خوش حال ہو جائیں اور میوے
زیادہ ہو جائیں اور اس کی وجہ ہمارے مویشی تنومند ہو
جائیں اور ہمارے دور رہنے والوں کو تازہ کر دے اور
ہمارے اطراف رہنے والے اس سے امداد حاصل کریں
تیرے اس کرم سے جو تیرے احسانات کا ایک جز ہے جو
تیرے محتاجین تیرے نظر انداز کئے ہوئے چوپایوں اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وَاسِعًا وَابِلًا نَافِعًا سَرِيعًا عَاجِلًا سَحًّا
وَبِلًا تُحْيِيْ بِهِ مَا قَدْ مَاتَ وَتَرُدُّ بِهِ
مَا قَدْ فَاتَ وَتُخْرِجُ بِهِ مَا هُوَ آتٍ
اَللّٰهُمَّ اَسْقِنَا رَحْمَةً مِنْكَ وَاسِعَةً
وَبَرَكَةً مِنَ الْهَاطِلِ نَافِعَةً يُدَافِعُ
الْوَدْقُ مِنْهَا الْوَدْقَ وَيَتْلُوا الْقَطْرُ
مِنْهَا مُنْجِسَةً بُرُوقُهُ مُتَتَابِعَةً خُفُوقُهُ
مُرْتَجِسَةً هُمُوعُهُ سَيْبُهُ مُسْتَدِرٌّ
وَصَوْبُهُ مُسْبَطِرٌّ وَلَا تَجْعَلْ ظِلَّهُ
عَلَيْنَا سُمُومًا وَبَرْدَهُ عَلَيْنَا حُسُومًا
وَضَوْءَهُ عَلَيْنَا رُجُومًا وَمَاءَهُ
رَمَادًا اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوذُ بِكَ
مِنَ الشِّرْكِ وَهَوَادِيْهِ وَالظُّلْمِ
وَدَوَاهِيْهِ وَالْفَقْرِ وَدَوَاعِيْهِ يَا مُعْطِيَ
الْخَيْرَاتِ مِنْ اَمَاكِنِهَا وَمُرْسِلَ
الْبَرَكَاتِ مِنْ مَعَادِنِهَا مِنْكَ
الْغَيْثُ الْمُغِيْثُ وَاَنْتَ الْغِيَاثُ الْمُسْتَغَاثُ
وَنَحْنُ الْخَاطِئُوْنَ وَمِنْ اَهْلِ الذُّنُوْبِ
وَاَنْتَ الْمُسْتَغْفَرُ الْغَفَّارُ نَسْتَغْفِرُكَ
لِلْجَاهِلَاتِ مِنْ ذُنُوْبِنَا وَنَتُوْبُ
اِلَيْكَ مِنْ عَوَامِّ خَطَايَانَا يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ قَدِ انْسَاحَتْ جِبَالُنَا
وَاغْبَرَّتْ اَرْضُنَا وَهَامَتْ دَوَابُّنَا
وَتَحَيَّرَتْ فِيْ مَرَابِضِهَا وَعَجَّتْ عَجِيْجَ الثَّكَالٰى
عَلٰى اَوْلَادِهَا وَمَلَّتِ الدَّوَرَانَ فِيْ

وحشی جانوروں پر کرم کرنے والی ہیں۔
بارالٰہا وہ بارش نازل فرما جو تر کرنے والی اور
پے در پے برسنے والی ہو اور اس ابر سے سیراب فرما
جو ٹھہر ٹھہر کر برسے جس کا پانی بہت زیادہ ہو وہ ابر فریادرس
سرسبز کرنے والا گرجنے والا موسلا دھار نفع بخش سریع
اور تیز رفتار ہو اسی فراواں بارش سے مردہ زمینوں کو
زندہ کر دے اور خوش حالی جو جا چکی ہے لوٹا دے اور
جو آنے والی ہے برآمد کر دے۔ خداوندا ہمیں اپنی وسیع
رحمت اور ابر باراں کی فائدہ رساں برکت سے سیراب
فرما جس کی ایک بڑے قطرے والی بارش دوسری بارش
کو آگے ڈھکیلنے والی اور جس کے قطروں کی ایک صف پر
دوسری صف موجود ہو جس کے ساتھ بجلیاں ہوں جن
کی حرکت پے در پے جس کی بارش کڑک دار جس کا فیض
جاری اور جس کی عطا رواں ہو۔
اس کے سایہ کو ہمارے لئے مضرت رساں اس کی
خنکی کو نامبارک اس کی روشنی کو بے حقیقت اور اس کے
پانی کو مہلک و تباہ کن نہ قرار دے خداوندا ہم تجھ سے
شرک اور اس کے ظلم اور اس کی آفتوں فقیری اور اس
کے اسباب سے پناہ مانگتے ہیں۔ اے نیکیوں کے ان کی
منزلوں سے جہاں وہ ہیں عطا کرنے والے اور برکتوں
کو ان کے معدن سے نکال کر بھیجنے والے ابر کا وجود
تیری ہی رحمت سے ہے تو ہی ایسا فریادرس ہے جس
سے فریاد رسی کی جاتی ہے اور ہم خطا کار اور گناہ گار ہیں
اور تو وہ بخشنے والا ہے جس سے ہم گناہوں کی بخشش
چاہتے ہیں اور اے رحم کرنے والے اپنی لغزشوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مُرَاتِعِهَا وَالحنين إلى مَوارِدِهَا حِيْنَ
حَبَسَتْ عَنْهَا قَطْرَ سَمَّاءٍ فَدَقَّ لِذَلِكَ
عظمها وَذَهَبَ شَحْمُهَا وَانقطع
دَرُّهَا اَللّٰهُمَّ فارحَمْ اَنِيْنَ الآنَّةِ
وحنينَ الحَانَّةِ فاليك ارتجاؤنا
وَاِلَيْكَ مَابُنَا فَلَا تَحْبِسْهُ حَيْثُ
لتبطنك سَرَائِرَنَا وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا
فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا فَاِنَّكَ تُنَزِّلُ الغَيْثَ
مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَكَ
وَاَنْتَ وَلِيُّ الحَمِيْدُ ۰

(صحیفہ علویہ)

تیری بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں۔ بار الٰہا ہمارے پہاڑ خشک ہو چکے ہیں اور زمین غبار پوش ہو چکی ہے ہمارے چوپائے سرگردان اور اپنے باندھے جانے کی جگہوں میں حیران ہیں جس طرح پسر مردہ عورتیں اپنے بچوں کے لئے روتی ہیں وہ چیخ رہے ہیں اپنی چراگاہوں میں گھومتے گھومتے اپنی سیراب گاہوں کے اشتیاق میں تھک کر خستہ اور ملول ہو گئے ہیں جب کہ ابر سے نزول قطرات روک لئے گئے ہیں اسی لئے ان کی ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور ان کی چربی جاتی رہی ہے اور ان کا دودھ ختم ہو گیا ہے۔ خداوندا کراہنے والوں کی کراہ اور رغبت کرنے والوں کے اشتیاق پر رحم کر کر ہماری امید تجھ سے وابستہ ہے اور تیری ہی جانب ہماری بازگشت ہے ہمارے راز دل سے باخبر ہونے کی وجہ ہمارے لئے پانی بند نہ کر اور ہم میں کے بیوقوفوں کے افعال کا مواخذہ نہ کر۔ یہ تو ہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہو جانے پر پانی برساتا ہے اور اپنی رحمت کو پھیلا دیتا ہے تو ہی سب کا ولی اور مستحق حمد ہے۔

سلونی قبل ان تفقدونی

اصبغ بن نباتہ سے مروی ہے کہ ایک روز امیر المومنین علیہ السلام اس طرح مسجد روانہ ہوئے کہ رسول خداؐ کی چادر اوڑھے ہوئے عمامہ زیب سر کئے ہوئے پاؤں میں پاپوش رسول اور کمر میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار تھی۔ مسجد پہونچکر حضرت منبر پر تشریف لے گئے اور فرمانے لگے۔

یامعشر الناس! سلونی قبل ان تفقدونی
وھذا سفط العلم ھذا لعاب
رسول اللہ ھذا ما زقنی رسول اللہ
زقا زقا سلونی فان عندی علم الاولین

اے لوگو! سوال کرو مجھ سے قبل اس کے کہ مجھے نہ پاؤ۔ یہ علم سے بھری ہے۔ یہ لعاب رسول اللہ کا اثر ہے۔ یہ وہی علم ہے جو رسول اللہ نے میرے سینہ میں بھرا تھا۔ سوال کرو مجھ سے کہ میرے پاس اولین و

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والاخرين۔
اما واللّٰه لو ثنيت لی الوسادة
فجلست عليها لافتيت اهل التوراة
بتوراتهم واهل الانجيل بانجيلهم
واهل الزبور بزبورهم واهل القرآن
بقرآنهم حتى ينطق كل كتاب من
كتب اللّٰه فيقول صدق علیٌ لقد افتاكم
بما انزل اللّٰه فی انتم تتلون القرآن
ليلا ونهارًا فهل فيكم احد يعلم
ما نزل اللّٰه فيه ولولا آية فی كتاب
اللّٰه لاخبرتكم بما كان وما يكون
وما هو كائن الی يوم القيمة وهی هذه
الآية "يمحوا اللّٰه ما يشاء ويثبت وعنده
ام الكتاب" (رعد ۳۹)

ثم قال "سلونی قبل ان تفقدونی
فوالذی فلق الحبة وبرئ النسمة لو سا
لتمونی عن : آية آية فی ليل نزلت ام
فی نهار نزلت، مكيها ومدنيها
سفريها وحضريها، ناسخها ومنسوخها
ومحكمها ومتشابهها، وتاويلها وتنزيلها
لانباتكم۔

۱۔ فقام اليه رجل من اقصی المجلس۔
فقال : يا امير المومنين دلنی علی عمل
ينجينی اللّٰه به من النار ويدخلنی
الجنة۔

والآخرین کا علم ہے۔
خدا کی قسم اگر میرے لیے مسند بچھا دی جائے اور میں
اس پر بیٹھ جاؤں تو اہل تورات کے فیصلے تورات سے اہل
انجیل کے انجیل سے اہل زبور کے زبور سے اور اہل قرآن کے
قرآن سے کروں تو خدا کی تمام کتابیں کہنے لگیں گی کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ
نے ہم میں نازل فرمایا ہے اس سے آپ نے جو کچھ فتویٰ دیا
اس کی ہم تصدیق کرتے ہیں تم لوگ روز و شب تلاوت قرآن
کرتے ہو پس کیا تم میں سے ایک متنفس بھی جانتا ہے کہ خدا نے
اس میں کیا کیا نازل فرمایا ہے ورنہ قرآن کی اس آیت سے
میں تمہیں مطلع کروں گا کہ جو کچھ تھا جو ہے اور جو کچھ روز قیامت
تک واقع ہوگا اور وہ آیت یہ ہے۔
"اللہ جسے چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جو چاہتا ہے
قائم کر دیتا ہے اور ام الکتاب تو اسی کے پاس ہے" (رعد ۳۹)

پھر فرمایا سوال کر لو مجھ سے قبل اس کے کہ مجھے نہ
پاؤ اس کی قسم جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور روح کو
پیدا کیا اگر تم مجھ سے آیات کے متعلق سوال کرو تو میں
بتا دوں گا کہ کون سی آیت رات میں نازل ہوئی کونسی دن میں؟
کونسی مکی ہے اور کون سی مدنی، کون سی سفر میں نازل ہوئی کون سی
حضر میں کونسی آیات ناسخ ہیں اور کون سی منسوخ کونسی محکم ہے اور
کونسی متشابہ اور کس کی کیا تاویل ہے کیا تنزیل ہے جس کی تمہیں خبر نہیں

۱۔ ایک آدمی جو بہت دور تھا کھڑا ہوا اور سوال کیا
کہ یا امیرالمومنین علیہ السلام مجھے اس علم کی رہنمائی کیجیے جس
کے ذریعے خدا مجھے جہنم سے نجات دے اور
جنت میں داخل کرے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال ؑ: اسمع، ثم افهم، ثم استيقن قامت الدنيا بثلاث: بعالم ناطق مستعمل لعلمه، وبغني لا يبخل بماله على اهل دين الله، وبفقير صابرۃ

فاذا كتم العالم علمه، وبخل الغني بماله، ولم يصبر الفقير على فقره فعندها الويل والثبور، وكادت الارض ان ترجع الى الكفر بعد الايمان۔

ايها السائل لا تغترن بكثرت المساجد، وجماعة اقوام اجسادهم مجتمعة وقلوبهم متفرقة، فانما الناس ثلاث: زاهد وراغب وصابر۔ اما الزاهد فلا يفرح بالدنيا اذا اتته ولا يحزن عليها اذا فاتته واما الصابر فيتمناها بقلبه فان ادرك منها شيئًا صرف عنها نفسه لعلمه بسوء العاقبة واما الراغب فلا يبالي من حل اصابها ام من حرام۔

۲: قال: يا امير المومنين فما علامة المومن في ذلك الزمان۔

قال: ينظر على ولي الله فيتولاه والى عدو الله فيتبرا منه وان كان حميمًا قريبًا

حضرت علی ؑ۔ سن لے اور سمجھ پھر یقین کر کہ دنیا کا قیام تین باتوں کی وجہ سے ہے۔ عالم ناطق جو اپنے علم پر عمل کرے۔ دوسرے مالدار جو اپنے مال کو اہل دین پر صرف کرنے میں بخل نہ کرے تیسرے فقیر جو صابر ہو۔

اگر عالم اپنے علم کو چھپائے، غنی اپنے مال میں بخل کرے اور فقیر اپنے فقر پر صبر نہ کرے تو ویل وتباہی ہوگی اور دنیا ہلاک ہو جائے گی اور ایمان کے بعد کفر کی طرف رجوع ہو جائے گی۔

اے سائل مساجد کی کثرت پر مغرور نہ ہو۔ بعض گروہ مردم ایسے ہیں کہ ان کے بدن تو مجتمع ہیں مگر ان کے قلوب متفرق ہیں۔ جان لو کہ خلق خدا کے تین گروہ ہیں زاہد، راغب وصابر، زاہد وہ ہے جو دنیا کی کسی چیز کے اس کی طرف آنے پر خوش نہ ہو اور دنیا کی کسی چیز کے جانے پر غمگین نہ ہو۔ صابر وہ ہے جو اپنے دل سے دنیا کی آرزو نہیں کرتا اور جب ہاتھ آجاتی ہے تو اس سے معترض بھی نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ اس کے انجام کو جانتا ہے اور راغب وہ ہے جو حاصل شدہ دنیا کے حلال وحرام کی پرواہ نہ کرے۔

۲۔ سائل، یا امیر المومنین ؑ، اس زمانہ میں مومن کی کیا علامت ہوگی۔

امیر المومنین ؑ: مومن کی یہ علامت ہے کہ اگر وہ ولی خدا کے قریب رہنا چاہتا ہے اور اس کی طرف نظر کرے تو اس کو دوست بنائے اور اگر دشمن خدا کی طرف نظر کرے تو اس سے برائت حاصل کرے خواہ وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال : صدقت واللہ یا امیر المومنین ؑ
ثم غاب فلم یر۔
فقال ؑ : ھذا اخی الخضر ؑ۔

یا امیر المومنین خدا کی قسم آپ نے سچ فرمایا۔
پھر وہ غائب ہو گیا اور کسی نے اس کو نہ دیکھا
حضرت نے فرمایا کہ یہ بھائی خضر ؑ تھے۔

٣۔ اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے کہ حضرت امیر المومنین ؑ نے منبر کوفہ پر خطبہ ارشاد فرما کر کہا:۔

ایھا النّاس سلونی فان بین جوانحی علماً جماً ؕ

اے لوگو! سوال کرو مجھ سے کہ میرے سینہ میں علم بھرا ہوا ہے۔

ابن الکوا اٹھ کھڑا ہوا اور سوال کیا کہ:۔

یا امیر المومنین ما الذاریات ذرواً ؟
قال ؑ :۔ الریاح
قال ؑ۔ فما الحاملات وقراً ؟
قال ؑ۔ السحاب
قال ؑ۔ فما الجاریات یسراً ؟
قال ؑ۔ السفن
قال ؑ : فما المقسمات امراً ؟
قال ؑ : الملائکۃ
قال : یا امیر المومنین وجدت کتاب اللہ ینقض بعضہ بعضاً۔
قال ؑ : ثکلتک امک یا ابن الکوا کتاب اللہ یصدق بعضہ بعضاً ولا ینقض بعضہ بعضاً فسل عما بدالک۔
قال : یا امیر المومنین ؑ سمعتہ یقول "رب المشارق والمغارب" وقال فی آیۃ اخری "رب المشرقین ورب المغربین" وقال فی آیۃ اخری۔ "رب المشرق والمغرب"

پراگندہ کرنے والی ہوا کیا ہے۔
امیر المومنین ؑ : وہ ایک ہوا ہے۔
ابن الکوا : بوجھ اٹھانے والے کون ہیں؟
امیر المومنین ؑ : ابر
ابن الکوا۔ آسانی سے چلنے والی کون ہیں۔
امیر المومنین ؑ : کشتیاں
ابن الکوا۔ احکام کے پہونچانے والے کون ہیں؟
امیر المومنین ؑ : فرشتے۔
ابن الکوا۔ یا امیر المومنین میں نے کتاب خدا کے بعض حصوں کو بعض کا منافی پایا۔
امیر المومنین ؑ۔ اے ابن الکوا تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے کتاب خدا کے بعض حصے بعض کی تصدیق کرتے ہیں نہ کہ تنقیض۔ سوال کرے کہ وہ کون سے مقامات ہیں۔
ابن الکوا : یا امیر المومنین ؑ میں نے قرآن میں ایک جگہ "مشارق و مغارب کا رب" اور ایک بعد کی آیت میں "رب المشرقین ورب المغربین" اور آخری آیت میں "مشرق و مغرب" کا رب پڑھا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال ؑ: ثكلتك امك ابن الكواء هذا المشرق وهذا المغرب، واما قوله: رب المشرقين ورب المغربين، فان مشرق الشتاء على حدة ومشرق الصيف على حدة اما تعرف ذلك من قرب الشمس وبعدها؟ واما قوله " رب المشارق والمغارب فان لها ثلثمائة وستين برجا " تطلع كل يوم من برج، تغيب فى آخر فلا تعود اليه الا من قابل فى ذلك اليوم۔

امیرالمومنین اے ابن الکوا تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے یہ مشرق ہے اور یہ مغرب اور قول خدا کہ "دو مشرقوں اور دو مغربوں کا رب ہے" اس میں ایک مشرق گرما ہے اور دوسری مشرق سرما۔ آفتاب کی حدت کو تو اس کی نزدیکی اور دوری سے جان لے گا۔ اور قول خدا مشرقوں اور مغربوں کے رب کا مقصد یہ ہے کہ اس کے تین سو ساٹھ مقام ہیں اور وہ ہر روز ایک مقام سے طلوع ہوتا ہے اور دوسرے مقام پر غروب ہوتا ہے۔ پھر یہ اسی مقام پر اس وقت تک واپس نہیں آتا۔ جب تک کہ وہی دن پلٹ کر نہ آئے۔

قال: يا امير المؤمنين كم بين موضع قدمك الى عرش ربك؟

ابن الکوا: یا امیرالمومنین آپ کے قدم کے مقام سے آپ کے رب کے عرش کا فاصلہ کتنا ہے

قال ثكلتك امك يا ابن الكواء سل متعلما ولا تسال متعنتا من موضع قدمى الى عرش ربي ان يقول قائل مخلصا " لا اِلٰهَ الّا اللّٰه "۔

امیرالمومنین ؑ: تیری ماں تیرے غم میں بیٹھ جائے ابن الکوا علم حاصل کرنے والے سوال کر تنگ کرنے والے سوال نہ کر۔ میرے مقام قدم سے میرے رب کے عرش کا فاصلہ اتنا ہے کہ ایک مخلص لا الہ الا اللہ کہے۔

قال: يا امير المومنين فما ثواب من قال لا الٰه الا الله؟

ابن الکوا: لا الٰہ الا اللہ کہنے کا ثواب کیا ہے۔

قال ؑ: من قال لا اله الا الله مخلصا طمست ذنوبه كما يطمس الحرف الاسود من الرق الابيض فان قال ثانية - لا اِلٰه الّا اللّٰهُ مخلصا خرقت ابواب السموات وصفوف الملائكة حتى يقول الملائكة بعضها

امیرالمومنین جس نے خلوص سے لا الٰہ الا اللہ کہا اس کے گناہ اسی طرح مٹ جاتے ہیں۔ جیسا کہ سفید کاغذ پر سے سیاہ حروف۔ اگر اس نے دوسری مرتبہ خلوص کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کہا، آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور ملائکہ ایک دوسرے سے کہنے لگتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ کی عظمت کے سامنے جھک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعض: اخشعوا لعظمة الله فاذا قال ثالثة لا اله الا الله مخلصاً تنته دون العرش فيقول الجليل اسكني فوعزتي وجلالي لاغفرن لقائلك بما كان فيه ثم تلا هذه الاية "اليه يصعد الكلمه الطيب والعمل الصالح يرفعه" يعني اذا كان عمله صالحاً ارتفع قوله وكلامه۔

قال: يا امير المومنين اخبرني عن قوس قزح۔

قال ؑ: ثكلتك امك لا تقل قوس قزح فان قزحا اسم شيطان، ولكن۔

قال: قوس الله، اذا بدت يبدو الخصب والريف۔

قال: اخبرني يا امير المومنين عن المجرة التي تكون في السماء

قال ؑ۔ هي شرج في السماء، وامان لاهل الارض من الغرق، ومنه غرق الله قوم نوح بماء منهمر۔

قال: يا امير المومنين اخبرني عن المحو الذي يكون في القمر

قال ؑ: الله اكبر الله اكبر الله اكبر رجل عمي يسال عن مسالة عمياء، اما سمعت الله تعالى يقول: وجعلنا الليل والنهار آيتين فمحونا آية الليل وجعلنا آية

جائیں اور اگر کسی نے تین مرتبہ لا الہ الا اللہ اخلاص کے ساتھ کہا تو وہ عرش کے بھی آگے پہونچ جائے گا تو خدا فرمائے گا کہ ٹھہر جا میری عزت و جلال کی قسم جو کچھ اس کے ساتھ ہے اس کے (گناہوں کے) باوجود میں ضرور اس کو بخش دوں گا اس کے بعد اس آیت کی تلاوت فرمائی اس کی طرف پاکیزہ کلمات صعود کرتے ہیں اور اس کو عمل صالح بلند کرتا ہے۔ یعنی جب اس کا عمل نیک ہوتا ہے۔ اس کا قول اور اس کا کلام بلند کیا جاتا ہے۔

ابن الکواء۔ یا امیر المومنین قوس قزح کے متعلق ارشاد فرمایئے۔

امیر المومنینؑ: تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے قوس قزح مت کہہ کیونکہ قزح شیطان کا نام ہے اور کہہ قوس خدا جب یہ نکلتی ہے سبزی اور چارہ کی ابتدا ہوتی ہے۔

ابن الکواء یا امیر المومنین کہکشاں سے متعلق کچھ فرمایئے جو آسمان میں ہے۔

امیر المومنینؑ: یہ آسمان میں ایک راستہ ہے اور اہل زمین کے لئے غرق ہونے سے باعث امن ہے۔ اسی سے موسلا دھار بارش برسا کر خدا نے قوم نوح کو غرق کیا تھا۔

ابن الکواء: یا امیر المومنین مجھے اس نشان سے خبر دیجئے جو چاند میں ہے۔

امیر المومنین مجھے اس نشان سے خبر دیجئے جو چاند میں ہے

امیر المومنینؑ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر ایک اندھا ایسے مسئلے سے متعلق سوال کر رہا ہے جس پر پردہ پڑا ہوا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

النهار مبصرة۔

قال: یا امیر المومنین اخبرنی عن اصحاب رسولؐ

قالؑ: عن ای اصحاب رسول اللہ تسالنی؟

قالؑ: یا امیر المومنین اخبرنی عن ابی ذر الغفاری۔

قالؑ: سمعت رسول اللہ یقول "ما اظلت الخضراء ولا اقلت الغبراء علی ذی لهجة اصدق من ابی ذر"

قال: یا امیر المومنینؑ: فاخبرنی عن سلمانؓ الفارسی ؓ

قالؑ: بخ بخ سلمان منا اهل البیت ومن لكم بمثل لقمان الحكيم علمه علم الاول والاخر ؓ

قال: یا امیر المومنین اخبرنی عن حذیفة بن الیمانی ؓ

قالؑ: ذاك امرؤ علم اسماء المنافقين ان تسألوه عن حدود اللہ تجدوه بها عالماً۔

قال: یا امیر المومنین فاخبرنی عن عمار بن یاسر۔

قالؑ: ذاك امرؤ حرم اللہ لحمه ودمه علی النار ان تمس شيئاً منها ؓ

قال: یا امیر المومنین فاخبرنی عن نفسك۔

کیا تو نے نہیں سنا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ہم نے رات اور دن دونوں کو آیات قرار دی ہیں پس ہم آیت شب کو محو کر دیتے ہیں اور آیت دن کو مبصر قرار دیتے ہیں۔

ابن الکوا: امیر المومنین اصحاب رسول سے متعلق ارشاد فرمائیے۔

امیر المومنینؑ رسول اللہ کے کن اصحاب سے متعلق سوال کرتا ہے۔

سائل یا امیر المومنین علیہ السلام ابوذر غفاری سے متعلق فرمائیے۔

امیر المومنینؑ: میں نے رسول خدا سے سنا ہے کہ کسی شخص پر نہ کسی درخت نے سایہ ڈالا اور نہ زمین تنگ ہوئی جو ابوذرؓ سے زیادہ سچا ہو۔

سائل: یا امیر المومنین سلمان فارسی کے متعلق بتائیے۔

امیر المومنین۔ مبارک ہو مبارک ہو کہ سلمان ہم اہلبیت سے ہے اور تم میں حکیم لقمان کے مثل ہے وہ اولین و آخرین کے علم کا حامل ہے۔

سائل: یا امیر المومنین حذیفہ یمانی کے متعلق کچھ ارشاد فرمائیے۔

امیر المومنین: وہ ایک مرد تھا جو منافقین کے نام جانتا تھا۔ اگر تم اس سے حدود خدا کے متعلق سوال کرتے تو اس کو اس کا عالم پاتے۔

ابن الکوا: یا امیر المومنین عمار بن یاسر کے متعلق کچھ فرمائیے۔

امیر المومنین وہ ایک مرد تھا جس کے گوشت اور خون پر خدا نے جہنم کو حرام کر دیا ہے کہ ان میں سے کسی چیز کو مس کرے

ابن الکوا۔ یا امیر المومنینؑ اپنے نفس کے متعلق کچھ فرمائیے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال: کنت اذا سالت اعطیتُ واذا سکت ابتدئت۔

امیرالمومنینؑ جو کچھ تونے پوچھا میں نے اس کا جواب دید یا اور جب میں خاموش ہو گیا تو نے ابتداء کی یعنی اس کے متعلق کچھ نہ پوچھ۔

قال: یا امیرالمومنین اخبرنی عن قول اللّٰہ عزوجل "قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا ....."

ابن الکوا یا امیرالمومنین اس قول خدا کے متعلق کچھ فرمائیے ان سے کہدو کہ آیا ہم ان کے متعلق خبر دیں جو اعمال کے لحاظ سے سب سے زیادہ گھاٹے میں ہیں۔

قال: کفرۃ اھل الکتاب الیھود والنصاری وقد کانوا علی الحق فابتدعوا فی ادیانھم وھم یحسبون انھم یحسنون صنعاہ

امیرالمومنین: یہود و نصاریٰ نے جو اہل کتاب تھے کفر کیا تھا۔ حالانکہ وہ حق پر تھے پھر بھی انہوں نے دین میں بدعت پیدا کر دی۔ اور گمان کرنے لگے کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے تھے۔

ثم نزل عن المنبر وضرب بیدہ علی منکب ابن الکوا۔

پھر امیرالمومنین منبر سے نیچے تشریف لائے اور ابن کوا کے کاندھے پر ہاتھ سے ضرب لگائی اور فرمایا۔

ثم قالؑ: یا ابن الکوا وما اھل النھر وان منھم ببعیدہ

امیرالمومنین: اے ابن کوا اہل نہروان سے کیا بعید کیا گیا تھا۔

فقال: یا امیرالمومنین ما ارید غیرک ولا اسال سواک

ابن الکوا: یا امیرالمومنین میں آپ کے سوا کسی کو نہیں سمجھتا اور کسی سے سوال نہیں کرتا۔

قالؑ: فرایتنا ابن الکوا یوم النھروان فقیل له: ثکلتک امک بالامس تسائل امیرالمومنین عما سالته وانت الیوم تقاتله فرایتنا رجلا حمل علیه فطعنه فقتلهٗ

امیرالمومنین: اے ابن الکوا یوم نہروان میں کچھ دیکھا تھا اس کے متعلق کہا گیا تھا کہ تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے تو نے کل جو امیرالمومنین سے سوال کیا تھا۔ وہ کس کے متعلق تھا تو اس روز اس سے مقاتلہ کر رہا تھا پس میں نے دیکھا کہ ایک شخص نے اس پر حملہ کیا اور نیزہ سے قتل کر دیا۔

۵ - امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ حضرت امیرالمومنین نے فرمایا:۔

سلونی عن کتاب اللّٰہ عزوجل فواللّٰہ ما نزلت آیۃ من کتاب اللّٰہ فی لیل ولا نھار ولا مسیر ولا مقام الا وقد اقرأنیھا رسول اللّٰہ وعلمنی تاویلھا۔

کتاب خدائے عزوجل سے متعلق مجھ سے سوال کرو خدا کی قسم رسول اللہ نے جو کچھ قرآن میں نازل ہوا ہے خواہ وہ دن میں ہو یا رات میں سفر میں ہو یا حضر میں مجھے پڑھ کر سنایا اور اس کی تاویل کی تعلیم دی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقام اليه ابن الكوا فقال: يا امير المومنين فما كان ينزل عليه وانت غائب عنه؟

قال ع: كان رسول الله ما كان ينزل عليه من القرآن وانا غائب عنه حتى اقدم عليه فيقرأنيه ويقول لي يا علي انزل الله علي بعدك كذا وكذا وتاويله كذا وكذا فيعلمني تنزيله وتاويله۔

ابن کوا کھڑا ہوا اور عرض کیا یا امیرالمومنین آپ کے غائبانے میں ان پر کیا نازل کیا گیا تھا۔

حضرت: میرے غیاب میں قرآن سے جو کچھ رسول اللہ پر نازل ہوتا تھا رسول اللہ میرا انتظار کرتے تھے اور میرے آنے پر پڑھ کر سناتے تھے اور مجھ سے فرماتے تھے کہ یا علیؑ تمہارے جانے کے بعد خدا نے یہ اور یہ نازل فرمایا اور اس کی تاویل اس طرح ہے اور مجھے اس کی تاویل و تنزیل کی تعلیم دیتے تھے۔

وجاء في الاثار: ان امير المومنين كان يخطب فقال في خطبة سلوني قبل ان تفقدوني، فوالله لا تسالوني عن فتنة تضل مائة وتهدي مائة الا نبأتكم بناعقها وسائقها الى يوم القيامة۔

ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے خطبہ کے دوران میں فرمایا کہ "سلونی قبل ان تفقدونی" خدا کی قسم تم لوگوں نے اس فتنہ کے متعلق مجھ سے سوال نہ کیا جس سے سو آدمی گمراہ ہوں گے اور سو ہدایت پائیں گے آگاہ ہو جاؤ کہ قیامت تک کے لئے اس کے للکارنے والے اور ہانکنے والے سے متعلق میں تمہیں خبر دیتا ہوں۔

فقام اليه رجل (اشعث ابن قيس) فقال: يا امير المومنين: اخبرني كم في راسي ولحيتي من طاقة شعر؟

فقال امير المومنين: والله لقد حدثني خليلي رسول الله بما سالت عنه وان على كل طاقة شعر في راسك ملكا يلعنك وعلى كل طاقة شعر في لحيتك شيطانا يستفزك، وان في بيتك سخلا يقتل ابن رسول الله ذلك مصداق ما خبرتك به ولولا ان الذي سالت يعسر برهانه لاخبرتك به، ولكن آية

اشعث ابن قیس کھڑا ہوا اور پوچھا:۔

اشعث۔ یا امیرالمومنینؑ بتایئے کہ میرے سر میں اور داڑھی میں کتنے بال ہیں۔

امیرالمومنینؑ۔ خدا کی قسم میرے خلیل رسول اللہ تیرے اس سوال سے متعلق ارشاد فرما چکے ہیں کہ تیرے سر کے ہر بال پر ایک فرشتہ تجھ پر لعنت بھیج رہا ہے اور تیری ڈاڑھی کے ہر بال پر ایک شیطان تجھ کو اغوا کر رہا ہے بتحقیق کہ تیرے گھر میں ایک ذلیل لڑکا ہے جو فرزند رسولؐ کا قاتل ہے۔ یہ اس بات کا مصداق ہوگا جس کی میں تجھ کو خبر دیتا ہوں۔ اگر تو مجھ سے اس کے بارے میں سوال نہ کرتا تو اس کی دلیل ٹوٹ جاتی جس کی میں نے تجھے خبر دی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذلك ما نبا تلك به من لعنك وسخلك الملعون وكان ابنه فی ذلك الوقت صبیا صغیرا یحبو فلما كان من امر الحسینؑ ما كان تولی قتله وكان الامر كما قال امیرالمومنین علیه السلام۔

لیکن میں نے جو تجھے تجھ پر لعنت سے متعلق خبر دی اور وہ تیرا ملعون لڑکا جو اس وقت ایک بچہ ہے جو امر حسینؑ کے وقت (جنگ کربلا کے روز) اس امر کو اختیار کرے گا جسے اس کے قتل کے لئے کوئی اختیار نہ کرے گا۔ (ایسا ہی ہوا جیسا کہ امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا تھا۔)

(کتاب الاحتجاج ج ۱۔ صـ ۳۸۴)

۳: اسی طرح دوسرے روز تمیم نے بھی یہی سوال کیا تھا اور حضرت نے اس کو بھی ایسا ہی جواب دیا اس کا بیٹا حصین ابن تمیم کربلا میں ابن زیاد کے لشکر میں تھا۔

۴: ایک اور شخص حبیب جماز نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین میں نے وادی القریٰ میں خالد بن عرفطہ کو مردہ پایا اس کے لئے استغفار کیجئے۔ حضرت نے فرمایا کہ:

واللہ ما مات ولا یموت حتی یقود جیش ضلالۃ صاحب لوائہ حبیب ابن جماز ۃ

خدا کی قسم نہ وہ مرا ہے اور نہ مرے گا جب تک کہ گمراہ فوج قیدنہ ہو جائے جس کا صاحب علم حبیب ابن جماز ہو گا۔

حبیب جماز: یا امیرالمومنین حبیب جماز میں ہی ہوں اور آپ کو دوست رکھتا ہوں۔

امیرالمومنینؑ: تو ہی حبیب جماز ہے۔

حبیب: جی ہاں۔

امیرالمومنینؑ: کیا تو ہی حبیب جماز ہے۔

حبیب: خدا کی قسم میں ہی حبیب جماز ہوں۔

امیرالمومنینؑ: اما واللہ انك لحاملها و ادخلن بها من هذا الباب

ترجمہ: کوفہ کے باب الفیل کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ آگاہ ہو جا۔ خدا کی قسم تو ہی اس کا حامل علم ہو گا اور تو ہی حملہ کرے گا اور ان کے ساتھ اس دروازہ سے داخل ہو گا۔

(۵) حضرت علی علیہ السلام نے حمد و ثنائے الٰہی کے بعد تین مرتبہ فرمایا کہ سلونی قبل ان تفقدونی۔ اس اعلان پر صعصعہ ابن صوحان اپنی جگہ سے اٹھے اور عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ دجال کب خروج کرے گا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس امر کے لئے چند علامات ہیں۔ جیسا کہ ایک قدم کے بعد دوسرا قدم پڑتا ہے اگر تو چاہتا ہے تو بیان کروں۔ صعصعہ نے عرض کیا یا امیرالمومنینؑ فرمایئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علی علیہ السّلام نے فرمایا :۔

إِذَا أَمَاتَ النَّاسُ الصَّلٰوةَ وَأَضَاعُوا الْأَمَانَةَ وَاسْتَحَلُّوا الْكِذْبَ وَأَكَلُوا الرِّبَا وَأَخَذُوا الرِّشَآءَ وَشَيَّدُوا الْبُنْيَانَ وَبَاعُوا الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا وَاسْتَعْمَلُوا السُّفَهَآءَ وَشَاوَرُوا النِّسَآءَ وَقَطَعُوا الْأَرْحَامَ وَاتَّبَعُوا الْأَهْوَآءَ وَاسْتَخَفُّوا بِالدِّمَآءِ وَكَانَ الْحِلْمُ ضَعْفًا وَالظُّلْمُ فَخْرًا وَكَانَتِ الْأُمَرَآءُ فَجَرَةً وَالْوُزَرَآءُ ظَلَمَةً وَالْعُرَفَآءُ خَوَنَةً وَالْقُرَّآءُ فَسَقَةً وَظَهَرَتْ شَهَادَاتُ الزُّوْرِ وَاسْتَعْلَنَ الْفُجُوْرُ وَقَوْلُ الْبُهْتَانِ وَالْإِثْمُ وَالطُّغْيَانُ وَحُلِّيَتِ الْمَصَاحِفُ وَزُخْرِفَتِ الْمَسَاجِدُ وَطُوِّلَتِ الْمَنَارُ وَأُكْرِمَ الْأَشْرَارُ وَازْدَحَمَتِ الصُّفُوْفُ وَاخْتَلَفَتِ الْأَهْوَآءُ وَنُقِضَتِ الْعُقُوْدُ وَاقْتَرَبَ الْمَوْعُوْدُ وَشَارَكَتِ النِّسَآءُ أَزْوَاجَهُنَّ فِي التِّجَارَةِ حِرْصًا عَلَى الدُّنْيَا وَعَلَتْ أَصْوَاتُ الْفُسَّاقِ وَاسْتُمِعَ مِنْهُمْ وَكَانَ زَعِيْمُ الْقَوْمِ أَرْذَلَهُمْ وَاتُّقِيَ الْفَاجِرُ مَخَافَةَ شَرِّهِ وَصُدِّقَ الْكَاذِبُ وَاؤْتُمِنَ الْخَائِنُ وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ وَالْمَعَازِفُ وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا وَرَكِبَ ذَوَاتُ الْفُرُوْجِ السُّرُوْجَ وَتَشَبَّهَ النِّسَآءُ بِالرِّجَالِ وَشَهِدَ الشَّاهِدُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُسْتَشْهَدَ وَشَهِدَ الْآخَرُ قَضَآءً لِذِمَامٍ بِغَيْرِ حَقٍّ عَرَفَهُ وَتُفُقِّهَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ وَآثَرُوْا عَمَلَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَلَبِسُوْا جُلُوْدَ الضَّأْنِ عَلَى قُلُوْبِ الذِّئَابِ وَقُلُوْبُهُمْ أَنْتَنُ مِنَ الْجِيْفِ وَأَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَعِنْدَ ذٰلِكَ الْوَحَا الْوَحَا الْعَجَلَ الْعَجَلَ خَيْرُ الْمَسَاكِنِ يَوْمَئِذٍ بَيْتُ الْمَقْدِسِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَتَمَنّٰى أَحَدُهُمْ أَنَّهُ مِنْ سُكَّانِهٖ ۝

ترجمہ :۔ اس وقت جب کہ لوگ نماز قضا کرنے لگیں، امانت کو ضائع کرنے لگیں۔ جھوٹ کو حلال سمجھیں، سود کھانے لگیں رشوت لینے لگیں عمارت ہائے محکم تعمیر کرنے لگیں، دین کو دنیا کے لئے بیچنے لگیں۔ کمینہ لوگوں کو داخل امر کرنے لگیں عورتوں سے مشورہ کرنے لگیں، قطع رحم کریں، خواہش نفس کے تابع ہو جائیں خون ریزی کو آسان سمجھنے لگیں، ان کا حلم ضعیف ہو جائے ظلم وستم کو فخر سمجھنے لگیں۔ امراء فاجر ہو جائیں اور وزراء ظالم ہو جائیں عرفا خیانت کرنے لگیں۔ قاریان قرآن فاسق ہو جائیں، شہادت دروغ ظاہر ہو جائے۔ فجور و بہتان اور گناہ طغیان آشکار ہو جائے۔ قرآن کو صرف زینت دی جائے۔ مساجد منقش کی جائیں اور اس کے مینار بلند تعمیر ہوں، اشرار مکرم ہوں۔ صف ہائے نماز ازدحام بن جائیں مخلوق کی خواہشات ایک دوسرے سے مختلف ہوں۔ عہد شکنی ہونے لگے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وعدہ جو کیا گیا ہے، فریب ہو جاتے۔ عورتیں دنیا کی حرص و طمع میں اپنے شوہروں کے ساتھ تجارت میں شریک ہوں فاسقوں کی آواز بلند ہو یعنی فاسق مقبول القول ہوں اور ان کی باتیں سنی جائیں اور ان کی اطاعت کی جائے۔ اراذل قوم رئیس ہو جائیں اور فاجرین سے ان کے شر کی وجہ لوگ ڈرنے لگیں۔ جھوٹوں کی تصدیق ہونے لگے اور خائن امین شمار ہونے لگیں۔ چنگ و آلات لہو و لعب کی اور بدکاریوں کی عظمت ہو۔ اس امت کے آخرین ان کے اولین پر لعنت کرنے لگیں۔ عورتیں زین پر بیٹھنے لگیں عورتیں اور مرد ایک دوسرے کی شباہت اختیار کرنے لگیں، ایک شاہد کہ جس سے شہادت طلب کی جائے شہادت دے اور شاہد دیگر اپنے دوست کے ملاحظہ و مراعات کی وجہ شہادت باطل دے۔ مسائل دینیہ فاسد اغراض کے لئے یاد کئے جائیں۔ کارہائے دنیا کو آخرت پر مقدم قرار دینے لگیں۔ اور پوست گوسفند بھیڑیوں کے قلوب پر پہنانے لگیں (یعنی ان کا ظاہر بکرے اور ان کا باطن بھیڑیئے کے مانند ہو جائے) حالانکہ ان کے قلوب مردار سے زیادہ گندہ اور صبر سے زیادہ تلخ ہوں گے پس اس وقت چاہیئے کہ عجلت کریں عجلت اس زمانہ میں بہترین مسکن بیت المقدس ہو گا اس زمانہ کے لوگ ہر آئینہ آرزو کریں گے کہ اس مقام کے ساکن بنیں۔

(۶) جب کلام معجز بیان اس حد تک پہنچا اصبغ بن نباتہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یا امیرالمومنین علیہ السلام دجال کون ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ دجال صاید بن عبید ہے جو اس کی تصدیق کرے گا وہ شقی ہے اور جو اس کی تکذیب کرے وہ سعید ہوگا۔ وہ شہر اصفہان کے موضع یہودیہ سے خروج کرے گا۔ اس کی سیدھی آنکھ خلقت ہی سے نہ ہوگی یعنی اس کو حدقہ چشم ہی نہ ہوگا اور دوسری آنکھ صبح کے ستارہ کی مانند چمکتی ہوگی۔ اس کی آنکھوں میں کوئی چیز گوشت کے ٹکڑے کی مانند ہوگی جو خون سے ممزوج ہوگی۔ دونوں آنکھوں کے درمیان لفظ کافر اس طرح لکھا ہوگا کہ ہر شخص اس کو پڑھ سکے گا خواہ وہ نوشت و خواند جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔ وہ دریاؤں میں داخل ہوگا۔ اس کے سامنے دھوئیں کا ایک پہاڑ ہوگا اور پیچھے ایک پہاڑ ہو گا جس کو مخلوق سمجھے گی کہ اس میں کھانے کی چیزیں ہیں۔ وہ سخت قحط کے زمانہ میں خروج کرے وہ سبز یا خاکی رنگ کے گدھے پر سوار ہو گا جس کا ایک ایک قدم ایک ایک میل کا ہو گا۔ زمین اس کے پاؤں میں پیچیدہ ہوگی۔ وہ جس پانی پر سے گذرے گا۔ وہ قیامت تک کے لئے خشک ہو جائے گا۔ وہ بلند آواز سے ندا دے گا جس کو مشرق و مغرب کے درمیان تمام جن و انس و شیاطین وغیرہ سن سکیں گے۔ وہ کہے گا کہ اے میرے دوستو میری طرف آؤ کہ میں نے ہی تمام مخلوقات کو خلق کیا اور ان کی صورت و ہیئت کا تعین کیا اور ان کی معیشت کا انتظام کیا اور روزی دی اور انہیں دین اور اپنی توحید و معرفت کی ہدایت کی۔ میں تمہارا پروردگار ہوں اور ہر چیز پر قادر ہوں یہ دشمن خدا جھوٹ کہے گا کیونکہ وہ ایک شخص ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازار میں پھرتا ہے، تمہارا پروردگار نہ اندھا ہے اور نہ کھانا کھاتا ہے نہ راستہ چلتا ہے اور نہ ایک مکان سے دوسرے مکان میں منتقل ہوتا ہے آگاہ ہو جاؤ کہ اس کے تابعین سے اکثر اولاد زنا اور صاحبان طیلسان سبز ہوں گے۔ (یہ ایک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پارچہ ہوگا جو ردا کی طرح کاندھے پر ڈالا جاتا ہے) خداوند عالم اس کو شہر شام میں بمقام تل عفیفت درۂ عقبہ پر روز جمعہ تین ساعت گذر نے پر اس شخص کے ہاتھ سے قتل کرائیگا جس کے پیچھے مسیح ابن مریم نماز پڑھیں گے۔

آگاہ ہو جاؤ کہ اس کے بعد طامۂ کبریٰ واقع ہوگا۔

اصحاب نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ طامۂ کبریٰ کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ صنعاء کے نزدیک دابۃ الارض کا خروج ہے اس کے پاس سلیمان کی انگشتری اور موسیٰ کا عصا ہوگا۔ وہ انگشتری کو ہر مومن کے چہرے پر سے گذارے گا تو یہ سچا مومن ہے۔ یعنی ھٰذا مُومِنٌ حق لکھ دیا جائے گا اور جب انگشتری کافر کے چہرے پر سے گذرے گی تو ھذا کافر" حق" یعنی یہ دراصل کافر ہے لکھ دیا جائے گا اس وقت مومنین آواز دیں گے کہ اے کافر تجھ پر وائے ہو اور کفار آواز دیں گے کہ اے مومن تجھ کو مبارک ہو کیا اچھا ہوتا کہ آج ہم بھی تیری مانند ہوتے اور فیض عظیم پاتے۔ اس کے بعد دابۃ الارض مغرب سے طلوع آفتاب کے بعد اپنے سر کو اٹھائے گا تمام مخلوق جو مشرق و مغرب کے درمیان ہے اس کو دیکھیں گی۔ اس وقت توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا اور اسی روز سے نہ ہی توبہ قبول ہوگی اور نہ عمل اور نہ ایمان کا لانا کوئی فائدہ پہونچائے گا۔ اب مجھ سے نہ پوچھو کہ خروج دابۃ الارض کے بعد کیا ہوگا کیونکہ میرے حبیب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے عہد لیا ہے کہ خدا کی ان آیات کو سوائے اپنی عترت اور اولاد کے کسی سے نہ کہوں۔

(بحار الانوار ج ۱۳ ۔ علائم ظہور)

(۷) حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا:۔

اوتینا فصل الخطاب فهل فصل الخطاب الا معرفة اللغات انا دابة الارض انا حی لا اموت واذا مت یرث الله الارض ومن علیها سلونی فانی لا اسال عما دون العرش الا اجبت وقوله "عمادون العرش" رمزله وجوه، الاول منها ان العرش هو العلم والعرش عند علماء الحروف هو محمد والعرش العرش وقوله عمادون العرش لا یستلزم انه لا یعلم ماوراء ذلك بل ان عقول البشر لا تعی العقول

مجھے فصل الخطاب عطا کیا گیا ہے فصل الخطاب کیا ہے یہ لغات کی معرفت کے سوا کچھ نہیں۔ میں دابۃ الارض ہوں میں وہ زندہ ہوں جس کو موت نہیں جب میں مرجاؤں گا تو خدا (کسی اور کو) زمین کا وارث قرار دے گا جو اس پر ہوگا سوال کرلو مجھ سے عرش کے آگے سے بھی تو میں اس کا جواب دوں گا۔ ارشاد خداوندی "عمادون العرش" ایک رمز ہے جس کے چند وجوہ ہیں اول یہ کہ عرش ایک علم ہے اور عرش علمائے حروف کے پاس محمد ہیں اور وہ عرش کے بھی عرش ہیں اور اس کا قول عمادون العرش لازم نہیں گردانتا اور یہ تحقیق کہ کوئی نہیں جانتا کہ اس کے آگے کیا ہے لیکن انسانوں کی عقلیں قبول میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عما وراء العرش ولا تحملة بل تعمى دونه البصائر والا بصار لو اجد حملة ۃ

فقام اليه رجل فى عنقه كتاب رافعًا صوته ايها المدعى مالا تعلمه المقلد مالا يفهم انى سائلك فاجب فوثب اليه اصحاب على ليقتلوه فقال لهم اميرالمومنين ؑ۔ دعوه فان حجج الله لا يقوم بالبطش، ولا بالباطل تظهر براهين الله ۃ

ثم التفت الى الرجل وقال ؑ سل بكل لسانك فانى مجيب انشاءالله تعالى۔

(۱) فقال الرجل، كم بين المشرق و المغرب۔

قال ؑ: مسافة الهواء

رجل: وما مسافة الهواء

قال: دوران الفلك

رجل: وما دوران الفلك

قال ؑ: ميرة يوم الشمس

رجل: صدقت

۲۔ رجل: متى القيامة

قال ؑ: عند حضور المنية وبلوغ الاجل

رجل: صدقت۔

نہیں سماتیں عرش کے آگے جو کچھ ہے اس کو تو برداشت نہیں کرسکتا اگر تو سنے گا تو بصیرت اور بصارت دونوں سے اندھا ہوجائے گا۔ میں اس کو پاؤں تو برداشت کرلوں گا۔

یہ سن کر ایک شخص کھڑا ہوا جس کی گردن میں ایک کتاب آویزاں تھی بلند آواز سے کہنے لگا کہ اے مدعی اگر آپ کوئی بات نہیں جانتے تو آپ مقلد ہوئے جو کہ کچھ بھی نہیں جانتا۔ اچھا میں سوال کرتا ہوں جواب دو۔ اس پر اصحاب علی یک لخت کھڑے ہوگئے کہ اس کو قتل کردیں امیرالمومنین ؑ نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دیں کہ حجت ہائے خدا غصہ سے یکایک کسی پر ٹوٹ نہیں پڑتے و نیز باطل سے براہین خدا ظاہر نہیں ہوتے۔

پھر اس شخص کی طرف ملتفت ہوکر فرمایا تو اپنی تمام زبانوں میں سوال کرلے انشاءاللہ تعالیٰ میں سب کا جواب دونگا۔

سائل: مشرق و مغرب کے درمیان فاصلہ کس قدر ہے؟

حضرت ؑ: فضاء کی مسافت۔

سائل: فضاء کی مسافت کیا ہے؟

حضرت ؑ: آسمان کی گردش۔

سائل۔ آسمان کی گردش کس قدر ہے۔

حضرت۔ آفتاب کی ایک روز کی سیر

سائل: آپ نے سچ فرمایا۔

(۲) سائل: قیامت کب واقع ہوگی۔

حضرت ؑ: وقت معین کے پہونچنے پر جس کا علم مالک تقدیر کو ہے۔

سائل:۔ آپ نے سچ فرمایا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۳) رجل : نكم عمر الدنيا

قال: يقال سبعة الاف ثم لا تحديد۔

رجل: صدقت

(۴) رجل: فاين مكة من بكة

قال: مكة اكناف الحرم وبكة مكان البيت

رجل: ولم سميت مكة

قال: لان الله تعالىٰ مك الارض من تحتها اى دحاها۔

رجل: فلم سميت بكة

قال: لانها ابكت عيون الجبارين والمذنبين۔

رجل: صدقت

(۵) رجل: واين كان الله قبل خلق عرشه:

قال: سبحانه الله من لا يدرك كنه صفة حملة عرشه على قرب زمراتهم من كراسي كرامته ولا الملائكة المقربون من انوار سبحات جلاله ويحك لا يقال لم ولا كيف ولا اين ولا متى ولا ليم ولا حيث۔

رجل: صدقت

(۶) رجل: نكم مقدار مالبث العرش على الماء قبل خلق الله الارض والسماء

(۳) سائل: دنیا کی عمر کتنی ہے۔

حضرت: لوگ سات ہزار سے زیادہ کہتے ہیں مگر اس کی کوئی حد نہیں۔

سائل: آپ نے سچ فرمایا۔

(۴) سائل: بکہ سے مکہ کتنی دور ہے۔

حضرت: مکہ اطراف حرم کو کہتے ہیں اور بکہ خانہ کعبہ کو۔

سائل: اس کا نام مکہ کیوں رکھا گیا۔

حضرت: کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو اس کے نیچے سے ہٹا دیا (یعنی پوشیدہ کر دیا)

سائل: بکہ کیوں نام رکھا گیا۔

حضرت: اس لئے کہ یہ جباروں اور گناہ گاروں کو رلاتا ہے۔

سائل: آپ نے سچ فرمایا۔

(۵) سائل: عرش کے پیدا کرنے سے پہلے خدا کہاں تھا۔

حضرت: پاک ہے وہ اللہ جس کی کنہ صفت کا ادراک اس کی کرسیوں کی کرامات اور غلبۂ نصرت کی قربت کے باوجود نہ ہی حاملان عرش کر سکتے اور نہ مقرب ملائکہ جو اس کے انوار جلال کے پردوں میں رہتے ہیں۔ وائے ہو تجھ پر مت کہہ کہ نہیں اور کیسا ہے کہاں ہے، کب سے ہے، کس کے ساتھ ہے۔

سائل: آپ نے سچ فرمایا۔

(۶) سائل: خدا کے آسمان و زمین خلق کرنے سے پہلے کتنے عرصہ سے عرش پانی پر ٹھہرا ہوا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال؏: اتحسن ان تحسب

رجل: نعم۔

قال؏: افرایت لوصب فی الارض خردل حتی سد الهواء وملاما بین الارض والسماء ثم اذن لك علی ضعفك ان تنقله حبة حبة من المشرق الی المغرب ثم مدلك فی العمر حتی نقلته واحصیته لکان ذلك ایسر من احصاء ما لبث العرش علی الماء قبل خلق الارض والسماء وانما وصفت لك جزء من عشر عشیر جزء من مائة الف جزء واستغفر الله من القلیل فی التحدید فحرك الرجل راسه وقال اشهد ان لا اله الا الله۔

(مشارق الانوار ص۱)

حضرت کیا تو چاہتا ہے کہ اس کا حساب بتاؤں۔

سائل: جی ہاں

حضرت اگر زمین پر رائی ڈال دی جائے یہاں تک کہ یہ فضاء کو مسدود کر دے اور زمین و آسمان کے درمیان بھر جائے پھر میں تیرے ضعف کے باوجود اجازت دوں کہ اس کے ایک ایک دانہ کو مشرق سے مغرب تک منتقل کرے۔ پھر تیری عمر بڑھا دی جائے یہاں تک کہ تو ان کو منتقل کرے اور ان کا شمار کرتا جائے۔ تو یہ تیرے لئے آسان ہوگا بہ نسبت اس کے کہ اس کا احصاء کرے کہ زمین و آسمان کے خلق ہونے سے کتنا پہلے سے عرش پانی پر ٹھہرا ہوا ہے۔ یہ اس کے ایک لاکھویں حصہ کے سویں (۱/۱۰۰) حصہ کے ایک جز کا وصف ہے جو تیرے لئے بیان کیا۔ میں نے تحدید کے ساتھ جو تھوڑا بیان کیا اس کے لئے خدا سے معافی مانگتا ہوں۔ سائل نے اپنے سر کو حرکت دی اور اشہد ان لا الہ الا اللہ کہہ دیا۔

خطبہ رجیعہ

اِنَّ لِیَ الْکَرَّۃَ بَعْدَ الْکَرَّۃِ وَالرَّجْعَۃَ بَعْدَ الرَّجْعَۃِ وَاَنَا صَاحِبُ الرَّجَعَاتِ وَالْکَرَّاتِ وَصَاحِبُ الصَّوْلَاتِ وَالنَّقِمَاتِ وَالدُّوَلَاتِ الْعَجِیْبَاتِ وَاَنَا قَرْنٌ مِنْ حَدِیْدٍ وَاَنَا عَبْدُ اللّٰہِ وَاَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَاَنَا اَمِیْنُ اللّٰہِ وَخَازِنُہٗ وَعَیْبَتُہٗ

بیشک میرے لئے (دنیا میں) بار بار آنا اور رجعت کرنا ہے۔ میں صاحب رجعات و کرات ہوں۔ میں حملوں والا سزاؤں والا نعمتوں والا اور عجیب دولتوں والا ہوں۔ میں (ہر قلعہ کفر کو ڈھانے والا) آہنی سینگ ہوں میں بندۂ خدا اور برادر رسول خدا ہوں میں خدا کا امین اور خزانہ دار ہوں اور اس کے رازوں کا محفوظ صندوق ہوں۔ میں حجاب خدا، وجہ خدا، صراط خدا،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سِرِّهٖ وَحِجَابِهٖ وَوَجْهُهٗ وَصِرَاطُهٗ وَمِيزَانُهٗ وَاَنَا الْحَاشِرُ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَا كَلِمَةُ اللّٰهِ الَّتِیْ يَجْمَعُ بِهَا الْمُتَفَرِّقَ وَيَفْتَرِقُ بِهَا الْمُجْتَمِعُ وَاَنَا اَسْمَآءُ اللّٰهِ الْحُسْنٰى وَ اَمْثَالُهُ الْعُلْيَا وَاٰيَاتُهُ الْكُبْرٰى وَاَنَا صَاحِبُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، اُسْكِنُ اَهْلَ الْجَنَّةِ وَاَهْلَ النَّارِ النَّارَ وَاِلَیَّ تَزْوِيجُ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِلَیَّ عَذَابُ اَهْلِ النَّارِ وَاِلَیَّ اِيَابُ الْخَلْقِ جَمِيعًا. وَاَنَا الْمَآبُ الَّذِی يَؤُوبُ اِلَيْهِ كُلُّ شَیْءٍ بَعْدَ الْقَضَآءِ وَاِلَیَّ حِسَابُ الْخَلْقِ جَمِيعًا وَاَنَا صَاحِبُ الْحَسَنَاتِ وَاَنَا الْمُؤَذِّنُ عَلَى الْاَعْرَافِ وَاَنَا بَارِزُ الشَّمْسِ وَاَنَا دَابَّةُ الْاَرْضِ وَاَنَا قَسِيمُ النَّارِ وَاَنَا خَازِنُ الْجِنَانِ وَصَاحِبُ الْاَعْرَافِ وَاَنَا اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَيَعْسُوبُ الْمُتَّقِينَ وَ اٰيَةُ السَّابِقِينَ وَلِسَانُ النَّاطِقِينَ وَخَاتَمُ الْوَصِيِّينَ وَلِسَانُ وَوَارِثُ النَّبِيِّينَ وَخَلِيفَةُ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَصِرَاطُ رَبِّیَ الْمُسْتَقِيمُ وَقِسْطَاسُهٗ وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرَضِينَ وَمَا فِيهِمَا وَبَيْنَهُمَا وَاَنَا الَّذِی اَحْتَجَّ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْكُمْ فِی ابْتِدَاءِ خَلْقِكُمْ وَاَنَا الشَّاهِدُ يَوْمَ الدِّينِ. وَاَنَا الَّذِی عُلِّمْتُ عِلْمَ

اور اس کی میزان ہوں میں ہی (مخلوق کو) خدا کی طرف جمع کرنے والا ہوں میں وہی کلمۂ خدا ہوں جس کے ذریعہ ہر متفرق چیز اکٹھی اور ہر اکٹھی چیز متفرق ہو جاتی ہے میں خدا کے اسمائے حسنیٰ عالی مرتبہ امثال اور بڑی نشانیوں کا مظہر ہوں۔ اہل جنّت کو جنت میں اور اہل نار کو جہنم میں داخل کروں گا۔ اہل جنت کی تزویج اور اہل نار پر عذاب کرنا میرے ہی ذمہ ہے اور تمام مخلوق کی بازگشت میری ہی طرف ہوگی اور میری ہی طرف ہر امر بعد قضائے الٰہی رجوع ہوتا ہے اور ساری خلق کا حساب میرے ہی ذمہ ہے۔ میں ہی نیکیاں بخشنے والا ہوں اور اعراف کی طرف پکارنے والا ہوں میں ہی آفتاب کو واپس کرنے والا ہوں۔ میں ہی دابۃ الارض ہوں اور میں ہی جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں۔ میں ہی خازن بہشت ہوں اور صاحب اعراف ہوں میں امیر المومنین اور متقیوں کا یعسوب، سابقین کی نشانی، ناطقین کی زبان، خاتم الوصیین اور وارث النبیین اور پروردگار عالم کا خلیفہ ہوں میں اپنے رب کا صراط مستقیم اور تمام اہل سماوات و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہوں۔ میں وہ ہوں کہ اللہ نے ابتدائے خلقت کے وقت تم پر احتجاج و اتمام حجت کیا اور میں ہی یوم قیامت کا شاہد ہوں میں علم منایا، بلایا، قضایا اور فصل الخطاب

اور علم انساب جانتا ہوں۔ میں ہی تمام نبیوں کی مخفی نشانیوں کا محافظ ہوں۔ میں ہی صاحب عصا میسم ہوں میں ہی ہوں جس کے لئے بادل، برق، گرج تاریکیاں،

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَلْمَنَايَا وَالْبَلَايَا وَالْقَضَايَا وَفَصْلِ
الْخِطَابِ وَالْاَنْسَابِ وَاسْتُحْفِظْتُ اٰيَاتِ
النَّبِيِّيْنَ الْمُخْفِيْنَ الْمُسْتَحْفِظِيْنَ وَاَنَا
صَاحِبُ الْعَصَاءِ وَالْمِيْسَمِ وَاَنَا الَّذِيْ
سُخِّرَتْ لِيَ السَّحَابُ وَالرَّعْدُ وَ
الْبَرْقُ وَالظُّلْمَةُ وَالْاَنْوَارُ وَالرِّيَاحُ
وَالْجِبَالُ وَالْبِحَارُ وَالنُّجُوْمُ وَالشَّمْسُ
وَالْقَمَرُ وَاَنَا الْقُرْاٰنُ الْحَدِيْدُ وَاَنَا
فَارُوْقُ الْاُمَّةِ وَاَنَا الْهَادِيْ وَاَنَا الَّذِيْ
اَحْصَيْتُ كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا بِعِلْمِهِ
اللّٰهِ الَّذِيْ اَوْدَعَنِيْهِ وَبِسِرِّهِ
الَّذِيْ اَسَرَّهُ اِلٰى مُحَمَّدٍ وَ
اَسَرَّهُ النَّبِيُّ اِلَيَّ وَاَنَا الَّذِيْ اَنْحَلَنِيْ
رَبِّيْ اِسْمَهُ وَكَلِمَتَهُ وَحِكْمَتَهُ وَعِلْمَهُ
وَفَهْمَهُ۔ يَا مَعْشَرَ النَّاسِ سَلُوْنِيْ
قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِيْ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اُشْهِدُكَ وَاَسْتَعْدِيْكَ عَلَيْهِمْ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مُتَّبِعِيْنَ
اَمْرَهُ۔

روشنیاں، ہوائیں، پہاڑ، سمندر، تارے، آفتاب
اور ماہتاب مسخر کر دیئے گئے ہیں قوت خدا کا
آہنی سینگ ہوں، اور میں فاروق امت ہوں۔
یعنی مجھ ہی سے حق و باطل میں تمیز ہوتی ہے میں
ہی مخلوق کو اللہ کی طرف ہنکانے والا ہوں میں
ہی وہ ہوں جس نے ہر شئے کو گن گن کر اس کے
ذریعہ جو خدا نے مجھ میں ودیعت کیا ہے
اور اس رازِ قدرت کے ذریعہ جو اس نے محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہونچایا اور نبیؐ
نے مجھ کو پہونچایا احصا کیا ہے۔ میں ہی وہ
ہوں جسے خدا نے اپنا نام، اپنا کلمہ اپنی
حکمت اور اپنا علم و فہم عطا فرمایا۔
اے لوگو! سوال کر لو مجھ سے قبل اس
کے کہ مجھے نہ پاؤ خداوندا میں تجھ کو ان پر
گواہ بناتا ہوں اور تجھ ہی سے مدد چاہتا
ہوں کوئی قوت و طاقت نہیں ہے سوائے
اس خدائے علی و عظیم کے اور ہم اس
کی حمد کرتے ہیں اور اس کے حکم کا
اتباع کرتے ہیں۔

(بحار الانوار ج ۱۳)

نوٹ: اس خطبہ کی شرح بحار الانوار جلد ۱۳ باب الرجعت میں ملاحظہ فرمائیں تو واضح ہوگا کہ اس میں کیسے کیسے معارف ایمانیہ اور حقائق نورانیہ مذکور ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خطبۂ مخزون (علائم الظہور)

کتاب منتخب البصائر میں سید رضی الدین علی بن موسیٰ بن طاؤس کے ہاتھ کا نوشتہ ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے خطبۂ ذیل ارشاد فرمایا۔ حضرتؑ نے اُس خطبہ میں حمد خدا منقبت رسول خدا اور علائم الظہور بیان فرمائے ہیں۔

الحمد لله الاحد المحمود الذی توحد بملکه وعلی بقدرته احمده علی ما عرف من سبیله والهم من طاعته وعلم من مکنون حکمته فانه محمود بکل ما یولی مشکور بما یبلی واشهد ان قوله عدل وحکمه فصل ولم ینطق فیه ناطق بکان الا کان قبل کان واشهد ان محمدا عبد الله وسید عباده خیر من اهل اولاً وخیر من اهل آخراً فکلما نسخ الله الخلق فریقین جعله فی خیر الفریقین لم یسهم فیه عاهر ولا نکاح جاهلیة ثم ان الله قد بعث الیکم رسولاً من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف

تمام حمد خدا کے لئے ہے جو احد ہے اور قابلِ حمد ہے۔ وہ ایسا خدا ہے جو اپنی سلطنت میں یگانہ ہے اور اپنی قدرت میں بلند پایہ ہے۔ میں اس کی حمد اس طرح کرتا ہوں کہ گویا اس کی معرفت اس کی سبیل سے حاصل ہوئی اور اس کی طاعت کا الہام ہوا ہے اور اس کی مکنون حکمت کا علم ہو چکا ہے۔ پس وہ ہر اُس چیز کے مقابلہ میں جو اس نے عطا کیا ہے، سزاوار حمد ہے اور تمام بلاؤں کے عوض کہ جن سے مخلوق کا امتحان لیتا ہے۔ سزاوارِ شکر ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اُس کا قول عین عدل اور حکم عین فضل ہے۔ کسی کلام کرنے والے نے اُس کے متعلق یہ نہ کہا کہ وہ "واقع ہوا" سوائے اس کے کہ "وہ تھا" قبل اس کے کہ کوئی چیز تھی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ خدا کے بندے ہیں اور اُس کے بندوں کے سردار ہیں اور اولین و آخرین میں سب سے بہتر ہیں۔ پس تمام مخلوق میں دو فریق بنائے اور آنحضرتؐ کو ان دونوں میں سے بہتر فرقہ میں قرار دیا جس میں نہ کوئی بدکار واقع ہوا اور نہ کبھی جاہلیت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رحیم فاتبعوا ما انزل اللہ الیکم من ربکم ولا تتبعوا من دونہ اولیاء قلیلا ما تذکرون فان اللہ جعل للخیر اھلا وللحق دعائم وللطاعۃ عصما یعصم بھم ویقیم من حقہ فیھم علی ارتضاء من ذلک وجعل لھا رعاۃ وحفظۃ یحفظونھا بقوۃ ویعینون علیھا اولیاء ذلک بما ولوا من حق اللہ فیھا۔

اما بعد فان روح البصر روح الحیٰوۃ الذی لا ینفع ایمان الا بہ مع کلمۃ اللہ والتصدیق بھا فالکلمۃ من الروح والروح من النور والنور نور السمٰوات فبایدیکم سبب وصل الیکم منہ ایثار واختیار نعمۃ اللہ لا تبلغوا شکرھا خصصکم بھا واختصکم لھا تلک الامثال نضربھا للناس وما یعقلھا الا العاملون فابشروا بنصر من اللہ عاجل وفتح یسیر یقر اللہ بہ اعینکم ویذھب بحزنکم کفوا ما تناھی الناس عنکم فان ذالک لا یخفی علیکم ان لکم عند کل طاعۃ عونا من اللہ یقول علی الالسن ویثبت علی الافئدۃ وذلک عون اللہ

کے نکاح واقع ہوئے۔ اس کے بعد خدا نے تم میں سے ایک رسولؐ تمہاری طرف بھیجا جو تم ہی میں صاحب عزت ہے جس پر تمہارا مشقتیں اٹھانا گراں ہے وہ تم پر حریص اور تمہاری طرف مائل ہے اور مومنین پر بہت مہربان اور رحم کنندہ ہے۔ پس خدا نے تم پر جو کچھ نازل فرمایا ہے اس کی متابعت کرو اس کے علاوہ اور کسی کی اطاعت نہ کرو۔ اللہ کا ذکر کرنے والے اولیاء بہت کم ہیں، پس تحقیق کہ خدا اہل کے لئے خیر و خوبی اور حق کے لئے ستون اور اطاعت کے لئے نگہدارندہ قرار دیا اور ان کو عصیان سے بچاتا ہے اور اپنے حق کو اپنی مرضی کے مطابق ان ہی برپا کرتا ہے اور ان کے لئے نگہبان و محافظ مقرر کیا ہے تا کہ ان کی قوت کے ساتھ حفاظت کریں اور اس امر میں ان کی اعانت کریں جو اللہ کے حق سے منحرف ہو جاتے ہیں، بدرستیکہ روح بصارت کسی شخص کے لئے روحِ حیات ہوتی ہے جس کو ایمان بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا مگر کلمۂ خدا کے اور اس کی تصدیق کے ساتھ پس اس کا کلمہ روح سے ہے اور روح نور سے ہے اور نور نورِ سماوات ہے (کہ عبارت ہے وجودِ واجب سے) پس وہ تمہارے ہاتھ میں ایک سبب ہے اور تم کو اس کے ساتھ ایثار و اختیار ملا ہے، جو نعمتِ خدا ہے جس کا شکر تم نہیں ادا کر سکتے، اس نے تم کو اس کے ساتھ اور اس کے لئے مخصوص کیا ہے۔ یہ مثالیں مخلوق کے لئے ہیں جن کو سوائے عاملین کے کوئی نہیں جانتا، پس تم کو فوری نصرت خدا کی بشارت ہو اور تمہارے لئے فتح و کشائش آسان ہو کہ خدا تمہاری آنکھوں کو اس کے ساتھ پُر نور کرے اور تمہارے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لاوبیآتہ یظہر فی خفی نعمتہ، لطیفا وقد اثمرت لاھل التقوی اغصان لشجرۃ الحیوۃ وان فرقانا من اللہ بین اولیآئہ واعدآئہ فیہ شفآ للصدور وظہور للنور یعز اللہ بہ اھل طاعتہ و یذل بہ اھل معصیتہ فلیعد امرؤ لذالک عدتہ ولا عدۃ لہ الا بسبب بصیرۃ و صدق نیۃ وتسلیم وسلامۃ اھل الخفۃ فی الطاعۃ ثقل المیزان و ثقل المیزان بالحکمۃ فضا للبصر و اشک و المعصیۃ فی النار ولیتامنا ولا لنا ولا الینا قلوب المومنین مطویۃ علی الایمان اذا اراد اللہ اظہار ما فیہا فتحہا بالوحی وزرع فیہا الحکمۃ و ان لکل شئ انا یبلغہ لا یعجل اللہ بشئ حتی یبلغ اناہ و منتہاہ فاستبشروا ابشری ما بشرتم واعترفوا بقربان ما قرب لکم وتنجزوا ما وعدکم ان منا دعوۃ خالصۃ یظہر اللہ بہا حجتہ البالغۃ ویتم بہا نعمۃ السابغۃ ویعطی بہا الفاصلۃ من استمسک بہا اخذ بحکمۃ انا کما اللہ برحمتہ نورہ

رنج و غم کو دور کرے اور ان چیزوں سے باز رکھے جن میں مخلوق انتہا کو پہونچ گئی، پس یہ تم پر پوشیدہ نہیں کیونکہ ہر طاعت کے وقت خدا کی جانب سے امانت آتی ہے جو زبانوں پر مذکور اور دلوں میں ثابت و محکم رہتی ہے، اس کے دوستوں کے لیے یہ اللہ کی اعانت ہے کہ جس کو وہ لطیف طور پر اپنی مخفی نعمتوں میں اپنے اولیاء کے لئے ظاہر کرتا ہے۔ بدرستیکہ زندگی کا شجر اہلِ تقویٰ کو ثمر عطا کرتا ہے، اور بہ تحقیق کہ اس کے دوستوں اور دشمنوں کے درمیان فرق بتلاتا ہے، اس میں سینوں کے لیے شفا ہے اور یہ نور ایمان کا ظاہر کنندہ ہے۔ خدا اس کے سبب اہلِ طاعت کو عزیز اور اہلِ معصیت کو ذلیل کرتا ہے، پس کوئی شخص اپنا توشہ اپنے لئے مہیا کر لیتا ہے، اس کے لئے کوئی توشہ نہیں ہے مگر بسبب بصیرت صدق نیت اور تسلیم و سلامتی کے جو لوگ مقام طاعت میں مستعدی تبلاتے ہیں ظاہر ہوگا کہ (یوم قیامت) ان کی میزان ثقیل ہوگی۔ میزان عمل کی سنگینی اس وقت ہے کہ عمل طریقِ حکمت پر ہو (یعنی موافق شریعت) قضا جولانگاہ دیدۂ باطن حکمت ہے۔ اہل شک و معصیت جہنم میں ہوں گے، نہ وہ ہم میں سے ہیں نہ ہمارے لئے ہیں اور نہ ان کی بازگشت ہماری طرف ہے۔ مومنین کی قلوب ایمان کے ساتھ پیچیدہ ہوگئے۔ جب خدا چاہتا ہے کہ اس چیز کو ظاہر کرے جو ان کے قلوب میں ہے اس کو وحی سے کھول دیتا ہے اور اس میں حکمت کو بو دیتا ہے۔ یہ تحقیق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

القلوب ووضع عنكم اوزار الذنوب وعجّل شفاء صدوركم في صلاح اموركم وسلامةٌ منا دائماً عليكم تسلمون به في دول الايام وقرار الارحام فانّ اللّٰه اختار لدينه اقواماً انتجبهم للقيام عليه والنصرة له بهم ظهرت كلمة الاسلام واوحاء مفترض القرآن والعمل بالطاعة في مشارق الارض ومغاربها ثم ان اللّٰه خصصكم بالاسلام واستخلصكم له لانه اسم سلامة وجماع كرامة اصطفاهُ اللّٰه نهجهٗ وبيّن حججهٗ واشرق وحده ووصفه ووصف اخلاقه وبيّن اطباقهٗ واكد ميثاقه من ظهر وبطن ذي حلاوة وثمن ثمرٌ ظفر بظاهره واى عجائب مناظره في موارده ومصادره ومن فطن بما بطن اراه مكنون

کہ ہر امر کے لئے ایک وقت مقرر ہے، چاہیئے کہ اُس وقت کا انتظار کریں۔ خدا کسی بات میں عجلت نہیں کرتا یہاں تک کہ اس کا وقت آجائے، پس اس مژدہ پر خوش ہو کہ تم کو اس کی بشارت دی جا چکی ہے اور اس امر کی تصدیق کرو، جو چیز تمہارے قریب کی ہے اور راہِ خدا میں قربانی کے ساتھ اس کا اعتراف کرو کہ وہ تمہارے سے قریب ہے اور تم سے جو وعدہ کیا گیا ہے اس کا بدل مانگ لو بہ تحقیق کہ ہماری جانب سے مخلوق کو دعوت دی گئی ہے (جو ریا و نفاق وغیرہ سے بری ہے) اللہ اس حجت بالغہ کی دعوت کے سبب اپنے کو ظاہر اور اپنی وسیع نعمت کو تمام کرے گا اور جو اس سے متمسک ہو اس کو کرمِ فاضل عطا کرے گا اور حکمت سے سرفراز ہو گا۔ خدا نے اپنی رحمت میں سے کچھ رحمت تمہیں عطا کی۔ اپنی رحمت سے قلوب کو پُر نور کیا، اور گناہوں کے وبال کو تمہاری گردن سے دُور کیا۔ تمہارے سینوں کی شفا اور کاموں کی اصلاح میں اُس نے تعجیل کی۔ ہماری جانب سے ہمیشہ تم پر سلام ہو اور اس کی وجہ زمانہ کی دولتوں میں اور ماؤں کے رحموں میں سلامتی ہو پس بدرستیکہ خدا اپنے دین کے لئے ایک قوم کو برگزیدہ کیا اور اس کو اس کے قیام اور اس کی نُصرت کے لئے منتخب کیا اور ان کی وجہ زمین کے مشرق و مغرب میں کلمہ اسلام اور نوشتہ جات قرآن اور طاعت الہٰی پر عمل کرنا ظاہر و آشکارا کیا۔ پھر خدا نے تم کو اسلام سے مخصوص کیا اور تم کو اس کی وجہ خالص کیا کیونکہ وہ سلامتی کا نام اور مجمع

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفطن وعجائب الامثال والسنن
فظاهره انيق وباطنه عميق لا
تنقضي عجائبه ولا تفنى غرائبه
فيه ينابيع النعم ومصابيح الظلم
لا تفتح الخيرات الا بمفاتحه
ولا تنكشف الظلم الا بمصابيحه
فيه تفصيل وتوصيل وبيان
الاسمين الاعلين الذين
جمعا فاجتمعا لا يصلحان الا
معا يسميان فيعرفان و
يوصفان فيجتمعان قيامهما
في تمام احدهما في منازلهما جرى
بهما ولهما نجوم وعلى نجومهما
نجوم سواهما تحمى حماه وترعى
مراعيه وفي القرآن بيانه
وحدوده ومواضع
تقابر ما خزن بخزائنه
ووزن بميزان
العدل وحكم الفصل ان
رعاة الدين فرقوا بين
الشك واليقين وجاؤا
بالحق المبين قد بينوا
الاسلام بنيانا واسسوا له اساسا
واركانا وجاؤا على ذلك
شهودا وبرهانا من

کرامت ہے۔ خدا نے اس کو برگزیدہ کیا اور اپنی حجت کو بیان کیا۔ اور اپنے رحم سے مہربانی کی اور اس کے حدود کو مقرر کیا اور اس کا وصف بیان کیا اور اس طرح قرار دیا کہ مخلوق اس سے راضی اور خوش ہو جائے جیسا کہ خود اس کے اخلاق و خصائل کا وصف کیا اور اطوار کو بیان کیا اور ظاہر و باطن میں اس کے عہد و پیمان کو محکم کیا کہ وہ صاحب حلاوت و شیرینی اور امن ہے۔ پس جس نے اس کے ظاہر کو دیکھا ہو گا۔ عجائب نظر کو ان کے مصادر اور مقام ورود پر دیکھا اور جس نے اس کے باطن کو دیکھا اُس نے پوشیدہ مطالب اور عجیب امثال و طرائف کا مشاہدہ کیا۔ پس اس کا ظاہر خوش آئندہ اور اس کا باطن عمیق ہے، اس کے عجائب تمام نہیں ہوتے اور اس کے غرائب ختم نہیں ہوتے اس میں نعمتوں کے چشمے اور ظلمت کو دور کرنے والے چراغ ہیں۔ خیرات کے دروازے نہیں کھلتے مگر اس کی کنجیوں سے اور کوئی تاریکی زائل نہیں ہوتی مگر اس کے چراغوں سے اس میں تفصیل و توصیل ہے اور اس میں دو عالی مرتبہ ناموں (محمدؐ و علیؑ) کا ذکر ہے کہ وہ ایک جگہ جمع کئے ہوئے ہیں۔ یہ دو نام نفع نہیں پہنچاتے مگر دونوں مل کر یعنی اگر کوئی ایک کا معتقد اور دوسرے کا منکر ہو تو یہ نفع نہیں پہنچاتے۔ جب کبھی وہ دونوں نام لئے جائیں تو چاہیے کہ معرفت شدہ ہوں اور جب کبھی ان کا وصف کیا جائے تو دونوں کو ملا کر کیا جائے۔ ان دونوں کا قیام ان کے مقامات معینہ میں ہر ایک کے تمام ہونے تک باقی ہے اور دونوں کے لئے ستارے ہیں اور ان دونوں کے لئے ستاروں پر ایک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامات و امارات فيها كفاف لمكتفٍ وشفاء لمشتفٍ يحمون حماه و يرعون مرعاه ويصونون مصونه ويفجرون مفجره ويجتون محبوبه بحمد الله وبره و بتعظيم امره وذكره بما يجب ان يذكر به يتواصلون بالولاية ويتلافون بحسن اللهجة ويتساقون بكاس روية ويتراعون بحسن الرعاية يصدرون بريّة واخلاق سنية و يسادمة رضية لا يشرك فيه الدنية ولا تشرع فيه الغيبة فمن استبطن من ذالك شيئاً استبطن خلقاً سبباً وقطع واصله واستبدل منزله بنقضه مبرماً واستحلاله محترماً من عهد معهود اليه وعقد معقود عليه بالبر والتقوىٰ وايثار سبيل الهدىٰ و اخي الفتهم فعليه يتحابون وبه يتواصلون فكانوا كالزرع تتفاضله يبقىٰ فيوخذ منه ويفنىٰ و يبعثه التخبض ويبلغ منه

دوسرا اشارہ ہے کہ دلائل و براہین سے عبارت ہے اور قرآن میں اس کا بیان اور حدود ارکان مذکور ہیں۔ وہ حاملان مشیت ہیں کہ جہاں اُس کے خزانے مخزون ہیں اور اس کے میزانِ عدل کا وزن اور احکامِ فیصلہ درج ہیں ہر ستیبکہ حافظان دین نے یقین اور شک کے درمیان حدِّ فاصل کھینچی اور حق مبین کے ساتھ سامنے آئے اور اسلام کی بنیاد و اساس کی بنا ڈالی اور اُس کے لیے علامات سے شہود و برہان قائم کیے جو اکتفا کرنے والے کے ساتھ کفایت کرتے ہیں اور شفا کے تلاشی کو شفا بخشتے ہیں وہ محافظین اسلام زمین اسلام کو کندن بناتے ہیں اور اس کی کھیتی کی حفاظت کرتے ہیں اور اس کی حفاظت کرنے والے کی حفاظت کرتے ہیں اور جس چیز سے بچنا ہے اجتناب کرتے ہیں اور جس کو ترک کرنا ہے چھوڑ دیتے ہیں اور اس کے محبوب سے بحکم خدا اس کے احسان اور امرِ عظیم کے ساتھ دوست رکھتے ہیں اور جن کے ساتھ خدا کا ذکر کرنا واجب ہے اس کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ ولایت سے متوصل رہتے ہیں۔ اچھے لہجہ میں گفتگو کرتے ہیں اور ایک دوسرے کو کاسۂ تفکر سے سیراب کرتے ہیں۔ باہم احسان کنندۂ قلوب اور اخلاق پسندیدہ اور خوشگوار سلامتی کے ساتھ حسن مراعات کرتے ہیں، اس میں بخیل کے لیے کوئی حصہ نہیں اور غائب کے لیے کوئی راہ نہیں، پس جس نے اس گہرائی سے کچھ اپنا لیا اس نے پسندیدہ اخلاق کو اپنے میں پنہاں کر لیا اور یقین حاصل کر لیا۔ اور اپنی منزل کو اس کی بدی سے بدل کر نیک بنا لیا اور اس کے استحلال سے محترم بنا لیا اس عہد محکم کے ذریعہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

التخليص فانتظر أمره في قصر
أيامه فقلّ مقامه في منزله
حتى يستبدل منزلاً ليصنع متحوّله
ومعارف منتقله فطوبى
لقلب سليم اطاع من
يهديه وتجنّب ما ترديه فيدخل
مدخل الكرامة فاصاب سبيل
السلامة يبصر ببصره واطاع
هادي امره دلّ افضل الدلالة
وكشف غطاء الجهالة المضلّة
المذهبة فمن اراد تفكّراً
وتذكّراً فليذكر رأيه وليبرز
بالهدى ما لم تغلق ابوابه و
تفتّح اسبابه وقبل
نصيحة من نصح بخضوع و
حسن خشوع بسلامة الاسلام
ودعاء التمام وسلام بسلام
تحيّة دائمة لخاضع متواضع متنافس
بالايمان ويتعارف عدل
الميزان فليقبل امره واكرامه
بقول ويحذر قارعة قبل
حلولها ان امرنا صعب مستصعب
لا يحمله الا ملك مقرب او نبي
مرسل او عبد امتحن الله
قلبه بالايمان لا يعي

جو ایک کیا ہوا معاہدہ ہے جو نیکی اور پرہیزگاری کے ساتھ ہے اور راہِ راست کے ساتھ وابستہ ہے اور حافظانِ دنیا کی دوستی سے منعقد کیا ہے۔ پس وہ اُس عہد و پیمان سے ایک دوسرے سے مواصلت کرتا ہے۔ پس یہ زراعت کی مانند ہیں کہ جو چیدہ چیدہ ہو جاتی ہے (اس میں سے کچھ زمین پر گر جاتی ہے) جس کی خوشہ چینی کی جاتی ہے، یہاں تک کہ یہ تمام ہو جائے (جس طرح زراعت سے اس کا مالک اور دوسرے لوگ فائدہ حاصل کرتے ہیں، اسی طرح حافظانِ دین کا علم ہے، جس سے سب متمتع ہوتے ہیں) پس اپنی کوتاہ مدّت اور اپنی منزل میں اپنے قلیل قیام میں امرِ الٰہی کا منتظر رہتا ہے۔ یہاں تک کہ منزل بدل جائے تاکہ مرکز تبدیل ہوسکے اور اس کے معارف منقلب ہو جائیں۔

پس خوشخبری ہے صاحبِ قلبِ سلیم کے لئے جو اطاعت کرتا ہے اس کی جو اس کا ہادی ہو اور دوری اختیار کرتا ہے اُس سے جو اس کو رد کرتا ہے پس وہ خدا کے مقامِ کرامت میں داخل ہوتا ہے اور سلامتی کی راہ پر پہنچتا ہے اور اپنی چشمِ باطن کو بینا کرتا ہے اور اپنے ہدایت کنندہ کی اطاعت کرتا ہے اور بہترین دلیل سے دلالت کردہ بن جاتا ہے۔ پردۂ جہالت جو گمراہ کنندہ اور فتنہ انگیز ہے اس کے سامنے سے اُٹھ جاتا ہے۔ پس ہر شخص جس نے تفکر و تذکر کا ارادہ کیا۔ ہر آئینہ اُس نے اپنے گمان کو سمجھا اور خود کو ہدایت پانے سے آشکار کیا۔ اگرچہ کہ اس کا دروازہ بند نہ ہوا تھا اُس نے اسبابِ ہدایت کو کھول دیا اور خضوع و خشوع سے نصیحت کرنے والے کی نصیحت کو قبول کر لیا کہ کفر و نفاق سے سلامتی اسلام و دعوتِ تمام اور سلام کے عوض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیثنا الا حصون حصینة او صدور امینة و احلام رزینة ۔ یا عجبا کل العجب بین جمادی و رجب ۔

حضرت نے یہاں تک فرمایا تھا کہ فوجی جرنیلوں میں سے ایک آدمی نے کھڑا ہو کر سوال کیا کہ یا امیرالمومنین ! یہ تعجب کس بات پر ہے ۔

حضرت نے فرمایا :۔

ومالی لا اعجب وسبق القضاء فیکم وما تفقهون الحدیث الا صوتات بینهن موتات حصد نبات و نشر اموات واعجبا کل العجب بین جمادی و رجب ۔

ترجمہ : کیوں تعجب نہ کروں حالانکہ قضائے خدا جاری ہو چکی ہے اور تم حدیث نہیں سمجھتے، آگاہ ہو جاؤ کہ کچھ آوازیں آئیں گی اور ان کے درمیان اموات واقع ہوں گی اور انسانوں کے بدن کٹے ہوئے نباتات کی طرح گرنے لگیں گے اور کچھ مُردے زندہ کیے جائیں گے ۔ پس تعجب ہے، تعجب درمیان جمادی الثانی اور رجب کے ۔

سلام سے دعوت کرتا ہے ۔ یہ تحیہ خاضع اور متواضع کے لئے جو ایمان کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتا اور میزان کے عدل سے واقف ہے دائمی ہے پس (وہ نصیحت سننے والا) نصیحت کنندہ کے امر و کرم کو قبول کر لیتا ہے جب کہ وہ نصیحت کرنے والا کہتا ہے کہ قبل اس کے کہ روزِ قیامت کا ہول آپہنچے، خوف کرو ۔

بدرستیکہ ہمارا امر دشوار اور دشوار تر ہے، اس کا متحمل نہیں ہو سکتا، سوائے ملک مقرب یا نبی مرسل یا اس بندہ کے جس کے قلب کا امتحان خدا نے ایمان کے ساتھ لے لیا ہو ۔ ہماری حدیث کی حفاظت نہیں کرتے مگر وہ قلوب جو مضبوط قلعہ کی طرح ہیں یا ایسے سینے جو امین ہیں یا ایسی عقلیں جو باوقار ہیں ۔ تعجب ہے بہت تعجب ہے درمیان جمادی اور رجب کے ۔

ایک دوسرا آدمی کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ یہ پے در پے تعجب کیا ہے ؟

حضرت نے فرمایا :

ثکلت الاخر اُمه وای عجب یکون اعجب منه اموات یضربون

اس شخص اول کی ماں اس کے ماتم میں بیٹھے کون سا امر عجیب تر ہے کہ مُردے زندوں کے سروں پر مار رہے ہیں ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

هو ام الانبیاء رہ

عرض کیا کہ یا امیرالمومنین! یہ کب اور کس طرح ہوگا

فرمایا والذی فلق الحبۃ وبرئ النسمۃ کانی انظر قد تخالوا سکک الکوفۃ و قد شهروا سیوفهم علی مناکبهم یقتلون کل عدو للہ ولرسولہ وللمومنین وذالك قول اللہ تعالی یا ایها الذین آمنوا لا تتولوا قوما غضب اللہ علیهم قد یئسوا من الآخرۃ کما یئس الکفار من اصحاب القبور

الا یا ایها الناس سلونی قبل ان تفقدونی انی بطرق السماء اعلم من العالم بطرق الارض انا یعسوب الدین وعامۃ المومنین السابقین ولسان المتقین وخاتم الوصیین ووارث النبیین وخلیفۃ رب العالمین انا قسیم النار وخازن الجنان وصاحب الحوض وصاحب الاعراف ولیس منا اهل البیت امام الا عارف بجمیع اهل و لایتہ وذالك قول اللہ تبارك و تعالی انما انت منذر ولکل قوم هاد۔

الا یا ایها الناس سلونی قبل ان تشرع برجلها فتنۃ شرقیۃ و تطأ فی خطامها بعد موت وحیاۃ وتشب نار بالحطب الجزل غربی الارض ورافعۃ ذیلها تدعو یا ویلها

خدا کی قسم جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور انسان کو پیدا کیا گویا کہ میں مُردوں کو دیکھ رہا ہوں کہ زندہ کیے گئے ہیں اور کوفہ کی گلیوں میں گھوم رہے ہیں اور اپنی تلواروں کو نیام سے نکالے ہوئے اپنے کاندھوں پر رکھے ہیں اور دشمنانِ خدا و رسول و مومنین کو اس سے مارتے ہیں اور یہ قولِ خدا ہے کہ "اے ایمان والو جس قوم پر خدا نے غضب نازل کیا اس کو دوست نہ رکھو" یہ لوگ آخرت سے مایوس شدہ ہیں جیسا کہ کفّار اہلِ قبور سے مایوس ہیں (کہ ان کے زندہ ہونے کا گمان بھی نہیں رکھتے)

اے لوگو! سُن لو اور سوال کر لو مجھ سے، قبل اس کے کہ میں تم سے غائب ہو جاؤں بہ تحقیق کہ میں راہ ہائے آسمان سے دانا تر ہوں، بہ نسبت اُس کے جو راہ ہائے زمین سے دانا تر ہے۔ میں بزرگ مومنین ہوں، ستون دین ہوں، متقیوں کی زبان ہوں، خاتم الوصیین، وارث انبیاء اور خلیفہ پروردگار ہوں۔ میں قاسم جہنم، خازن جنت صاحبِ حوضِ کوثر اور صاحبِ اعراف ہوں، ہم اہلبیت سے کوئی امام نہیں ہے مگر یہ کہ وہ اپنے تمام محبّوں کو جانتا ہے، چنانچہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ "اے پیغمبر تم ہر قوم کو ڈرانے والے ہو اور ہدایت کرنے والے ہو۔"

اے لوگو! سوال کر لو، قبل اس کے کہ جانب مشرق فتنہ برپا ہو اور مر کر زندہ ہونے کے بعد لوگ اپنے پیر اٹھا کر اپنے اجداد پر سے گزرنے لگیں اور قبل اس کے کہ مغرب میں کثیر لکڑیوں کے ساتھ آگ روشن ہو جائے اور شعلے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

يرحلة او مثلها فاذا استدار الفلك قلت مات او هلك او وادٍ سلك فيومئذٍ تاويل هذه الاية "ثم رددنا لكم الكرة عليهم وامددنكم باموال وبنين وجعلناكم اكثر نفيراً" و لذالك ايات و علامات اولهن احصار الكوفة بالرصد والخندق وتخريق الزوايا في سكك الكوفة وتعطيل المساجد اربعين ليلة وتحقق رايات ثلث حول المسجد الاكبر يشبهن بالهدى القاتل و المقتول في النار قتل كثير و موت ذريع وقتل نفس الزكية بظهر الكوفة في سبعين والمذبوح بين الركن والمقام وقتل الاسبع المظفر صبراً في بيعة الاصنام مع كثير من شياطين الانس وخروج السفياني براية خضرا و صليب من ذهب اميرها رجل من كلب واثني عشر الف عنات من يحمل السفياني متوجها الى مكة و المدينة اميرها احد من بني امية يقال له خزيمة اطمس العين الشمال على عينه طرفه يميل بالدنيا فلاترد له راية حتى ينزل المدينة فيجمع رجالاً و نساءً من ال محمد فيحبسهم في دار بالمدينة يقال لها دار ابي

بلند ہوں اور قبل اس کے کہ فتنہ عداوت وکینہ کے ساتھ یا اس کے مثل مصائب نازل ہوں اور صدائے واویلا بلند ہو تو تم لوگ کہنے لگو گے کہ وہ (امام آخرالزماںؑ) یا تو ہلاک ہوگئے یا کسی بیابان کی طرف چلے گئے۔ پس اس آیت کی تاویل اس روز ظاہر ہوگی۔ "پھر غلبہ کرنے کو تمہارے لئے ہم نے قرار دیا اور مال واولاد سے ہم نے تمہاری مدد کی اور تمہارے دوستوں کی تعداد بڑھادی" اس آیت کی تعبیر کے لئے چند علامات ہیں۔ پہلی علامت کوفہ کی قلعہ بندی ہے جو برجوں اور خندقوں کے ساتھ کی جائے گی۔ کوفہ کی گلیوں میں مشکوں کا پارہ پارہ کردیا اور جلا دیا جانا اور چالیس شب مساجد کا معطل رہنا۔ تین علموں کا مسجد اکبر کے اطراف جنبش دیا جانا جو علم ہائے ہدایت ہوں گے لیکن قاتل و مقتول دونوں جہنمی ہوں گے۔ زبر قتل کثیر موتِ عام، نفسِ ذکیہ کا رکن و مقام کے درمیان قتل ہونا اور ان کے ستر ساتھیوں کا پشتِ کوفہ پر قتل کیا جانا اور بطریقِ صبر سبع مظفر کا بہت سے انسان شیاطین کے ساتھ بتوں کی بیعت کرنے کی وجہ قتل کیا جانا (صبر سے مراد یہ ہے کہ ایک ایک کو لے کر سنگ وتیر سے مارتے جائیں، یہاں تک کہ مر جائے) دوسری علامت سونے کی

صلیب اور سبز جھنڈے کے ساتھ سفیانی کا خروج ہوگا

اس کا امیر قبیلہ بنی کلب کا ایک آدمی ہوگا، سفیانی بارہ ہزار کا لشکر مکہ ومدینہ کی طرف بھیجے گا جس کا سردار بنی امیہ کا ایک شخص ہوگا جس کو خزیمہ کہیں گے، اس کو بائیں آنکھ نہ ہوگی۔ دوسری آنکھ میں ایک خون کا نقطہ ہوگا۔ وہ اہلِ دنیا پر ظلم وجور کرے گا۔ اُس کے جھنڈے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الحسن الاموی و یبعث خیلاً فی طلب
رجل من آل محمد قد اجتمع علیه رجال
من المستضعفین بمکة امیرهم رجل
من غطفان حتیٰ اذا توسطوا الصفایح
الابیض بالبیداء یخسف بهم فلا
ینجوا منهم احد الا رجل واحد یحول
الله وجهه فی قفاه لینذرهم و
یکون آیة لمن خلفه فیومئذٍ
تاویل هذه الآیة "ولو تریٰ اذ
فزعوا فلا واخذ ومن مکانٍ قریب"
ویبعث السفیانی مائة وثلاثین
الفا الی الکوفة فینزلون بالروحاء
والفاروق وموضع مریم وعیسیٰ
بالقادسیة ویسیر منهم ثمانون
الفاً حتیٰ ینزلوا الکوفة موضع
قبر هود بالنخیلة فیهجموا علیه
یوم زینة وامیر الناس
جبار عنید یقال له الکاهن الساحر
فیخرج من مدینة یقال لها الزوراء
فی خمسة آلاف من الکهنة ویقتل
علی جسرها سبعین الفاً حتیٰ یحمی
الناس فرات ثلاثة ایام من الدماء
ونتن الاجسام ویسبی من الکوفة
ابکاراً لا یکشف عنها کف ولا قناع
حتی یوضعن فی المحامل یزلف بهن

کو کوئی گرا نہ سکے گا یہاں تک کہ وہ مدینہ پہنچ جائے گا۔ پس آل محمدؐ سے چند مرد اور چند عورتوں کو جمع کرے گا اور الوالحسن اموی کے مکان پر بھیج دے گا اور آل محمدؐ سے ایک آدمی کی تلاش میں ایک فوج بھیجے گا۔ جب کہ ضعیفوں سے چند لوگ مکہ میں جمع ہوں گے جن کا سردار غطفان کا ایک آدمی ہو گا۔ جب یہ لشکر مقام بیداء پر صفایح سفید کے قریب پہنچے گا، سب کے سب زمین میں دھنس جائیں گے اور ان میں سے کوئی نہ بچے گا، سوائے ایک شخص واحد کے جس کے چہرے کو خداوند تعالیٰ اپنی قدرت سے پشت کی طرف پلٹا دے گا تا کہ وہ سفیانی اور اس کے لشکر کو ڈرائے اور اس کے بعد آنے والوں کے لئے ایک نشانی کا کام دے پس اس آیت کی تاویل اسی روز ظاہر ہو گی یعنی اگر تو دیکھے تو معلوم ہو گا کہ یہ لوگ فزع و اضطراب ظاہر کریں گے۔ پس غضبِ الٰہی ان سے دور ہو گا اور قریبی عذاب میں مبتلا رہیں گے اور سفیانی ایک سو تیس ہزار نفر کو فہ بھیجے گا۔ یہ لوگ مقام روحا اور فاروق اور قادسیہ میں مقام مریم و عیسیٰ پر اتریں گے۔ ان میں سے اسی ہزار افراد کوفہ میں محلہ قبر ہود میں نخیلہ میں اتریں گے پس روز عید قربان کوفہ میں ایک ہجوم برپا کریں گے، اسی وقت ایک حاکم جابر، عنید اور ظالم ہو گا۔ ممکن ہے لوگ اس کو ساحر و کاہن کہیں، پس وہ اس شہر سے جس کو زوراء (بغداد) کہتے ہیں پانچ ہزار کاہنوں کو لے کر نکلے گا اور وہاں کے پل پر قتل کرے گا۔ اس قتل کی وجہ سے تین روز تک دریا کا پانی خون اور اجسام سے اس قدر گندہ ہو جائے گا کہ لوگ اس کا پینا ترک کر دیں گے اور کوفہ میں ایسی باکرہ لڑکیوں کو اسیر کرے گا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

التوينة وهي الفريقين ثم يخرج
من الكوفة مائة الف بين مشرك
ومنافق حتى يضربون دمشق لا يصدهم
عنها صاد وهي ارم ذات العماد
و تقبل رايات شرقي الارض
ليست بقطن ولا كتان ولا حرير مختمة
في رؤس القنا بخاتم السيد الاكبر
يسوقها رجل من آل محمد يوم
تطير بالمشرق يوجد ريحها بالمغرب
كالمسك الاذفر يسير الرعب امامها
شهراً و يخلف ابناء سعد السقاء
بالكوفة طالبين بدماء اباءهم و
هم ابناء الفسقة حتى يهجم عليهم
خيل الحسين يستبقان كانهما فرسا
رهان شعث غبر اصحاب بواكي وقوارح
اذ يضرب احدهم برجلة باكية
يقول لا خير في مجلس بعد يومنا هذا
اللهم فانا التائبون الخاشعون الراكعون
الساجدون فهم الابدال الذين وصفهم
الله عز وجل ان الله يحب التوابين و
يحب المتطهرين والمطهرون نظراؤهم
من آل محمد و يخرج رجل من اهل
نجران راهب مستجيب الامام فيكون اول
النصارى اجابة ويهدم صومعة
ويدق صليبها و يخرج بالموالي وضعفاء

کہ کبھی نہ جن کے ہاتھ کھلے ہوں گے اور نہ ان کے سر سے
مقنعہ اٹھا ہوگا اور ان کو محلوں میں چھوڑ دے گا اور ثنویتہ
جو مغرب کی طرف ہے یعنی نجف پہنچ دے گا۔ اس کے
بعد ایک لاکھ نفر جن میں بعض منافق اور بعض مشرک
ہوں گے کوفہ سے باہر آئیں گے جو دمشق پہنچ کر خیمہ
ڈالیں گے۔ ان کو کوئی شخص منع نہ کرسکے گا۔ اس جگہ باغ
شداد ہے پھر مشرق کی جانب سے چند جھنڈے آئیں گے۔
جو نہ ہی سوت کے بنے ہوئے ہوں گے، نہ کتان کے اور نہ ابریشم
کے اور ان کی لکڑیوں کے سروں پر سید اکبر یعنی رسول خدا
کی مہر کندہ ہوگی۔ ان کو آل محمدؐ سے ایک حرکت دے گا
اگر ان کو دنیا کی مشرق میں حرکت دی جائے تو ان میں
سے مشک اذفر کی بو زمین کے مغرب تک پھیل جائے گی اور
اس کا خوف ایک ماہ کے راستہ تک دشمنوں کے قلوب میں
جاگزین ہو جائے گا اور سعد سقا کے بیٹے کوفہ میں اپنے باپ
دادا کے خون کے طالب رہیں گے یہ فاسقین کی اولاد ہو
گی۔ یہ اس مقام پر اس وقت تک رہیں گے کہ لشکر امام
حسینؑ ان پر ہجوم و سبقت کرے یہ دونوں لشکر ایک
دوسرے پر چڑھائی کرنے کے خواہش مند ہوں گے گویا کہ
یہ دونوں ایک دوسرے کے قتل کے لیے آمادہ ہوں گے۔
حالانکہ پختہ ہوں گے۔ ان میں ایک شخص روتے ہوئے اپنے
پیر زمین پر مار کر کہے گا کہ آج کے بعد کسی مجلس میں خیر نہیں
اے خدا ہم توبہ کناں خضوع و خشوع کنندگان اور رکوع
اور سجود کرنے والے ہیں۔ پس وہ لوگ ابدال ہیں کہ خدا
نے جن کا وصف کیا ہے۔ بہ تحقیق کہ خدا توبہ کرنے والوں
اور پاک لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔ ان کی نظیر آل محمدؐ میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الناس والخيل فيسيرون الى النخيلة
باعلام هدى فيكون مجمع الناس
جميعا من الارض كلها بالفاروق و
هي محجة امير المؤمنين و هي ما بين
البرس والفرات فيقتل يومئذ فيما
بين المشرق والمغرب ثلثة الاف
من اليهود والنصارى فيقتل بعضهم
بعضا فيومئذ تاويل هذه الآية "فما
زالت تلك دعواهم حتى جعلناهم
حصيدا خامدين" بالسيف و تحت ظل
السيف و يخلف من بني اشهب الزاجر
اللحظ في اناس من غير ابيه هرابا حتى
ياتون سبطرى عوذا بالشجر فيومئذ
تاويل هذه الآية "فلما احسوا باسنا
اذا هم منها يركضون لا تركضوا و
ارجعوا الى ما اترفتم فيه و
مساكنكم لعلكم تسئلون" ومساكنهم
الكنوز التي غلبوا من اموال المسلمين
ويأتيهم يومئذ الخسف والقذف و
المسخ فيومئذ تاويل هذه الآية
"وما هي من الظالمين ببعيد" وينادي
مناد في رمضان من ناحية المشرق
عند طلوع الشمس يا اهل الهدى
اجتمعوا وينادي من ناحية المغرب
بعدما تغيب الشمس يا اهل الهدى

ملے گی۔ اہل نجران سے ایک شخص خروج کرے گا جو راہب ہو گا اور امام کی دعوت کو قبول کرے گا پس گروہ نصاریٰ سے یہ پہلا شخص ہو گا جو دعوتِ امام کو قبول کرے گا اور اپنے صومعہ کو منہدم کر دے گا اور صلیب کو نکال دے گا اور غلاموں، ضعفائے خلائق اور سواروں کے ساتھ باہر نکلے گا۔ پس یہ لوگ بیدق ہائے ہدایت کے ساتھ نخلہ کی طرف روانہ ہوں گے پس تمام مخلوق روئے زمین پر فاروق میں جمع ہو گی۔ یہی حجت امیر المومنین ہو گی۔ یہ برس و فرات کے درمیان واقع ہو گا اس روز مشرق و مغرب کے درمیان یہود و نصاریٰ سے تین ہزار آدمی مارے جائیں گے۔ ان میں سے بعض، بعض کو قتل کریں گے اور اس روز اس آیت کی تاویل ظاہر ہو گی کہ ہمیشہ ان کا دعویٰ یہ ہو گا، یہاں تک کہ شمشیر برندہ سے ان کے سر کاٹ دیے جائیں اور تلوار کے زیرِ سایہ خاموش رہیں گے۔ بنی اشہب سے ایک غسہ دالا اور بدنظر آدمی چند لوگوں کے ساتھ باقی رہ جائے گا جو اس کے غیر ہوں گے۔ وہ ان کے ہمراہ بھاگ کر سبطریٰ (ایک مقام دمشق کے قریب) پہنچ کر ایک درخت کے نیچے پناہ لے گا، پس اس روز اس آیت کی تاویل ظاہر ہو گی کہ "جب یہ جنگ کی شدت کو دیکھتے ہیں تاکہ اس سے فرار ہو جائیں، بھاگ نہیں جاتے بلکہ اپنے اموال مساکن اور نعمتوں کی طرف پلٹ جاتے ہیں کہ جس کی وجہ طغیان کیے تھے، امید ہے کہ تم سے سوال کیا جائے گا۔" ان کے مکن سے مقصد مسلمانوں کا وہ مال ہے جو قہر و غلبہ سے حاصل کیے تھے اس روز ان کے ساتھ زمین کا دھنس جانا، سنگباری

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اجتمعوا ومن بعد عند الظهر بعد
تكور الشمس تكون سوداء مظلمة
واليوم الثالث يفرق بين الحق و
الباطل بخروج دابة الارض و
تقبل الروم الى قرية بساحل البحر
عند كهف الفتية ويبعث الله الفتية
من كهفهم اليهم رجل يقال له مليخا
والاخر كمسلمينا وهما الشاهدان المسلمون
للقائم فيبعث احد الفتيين الى
الروم فيرجع بغير حاجة ويبعث
بالاخر فيرجع بالفتح فيومئذ تاويل
هذه الاية وله اسلم من في السموات
والارض طوعا وكرها ثم يبعث الله
من كل امة فوجا ليريهم ما كانوا
يوعدون فيومئذ تاويل هذه الاية
ويوم نبعث من كل امة فوجا ممن
يكذب بآياتنا فهم يوزعون والوزع
خفقان افئدتهم ويسير الصديق
الاكبر براية الهدى والسيف ذو الفقار
والمخصرة حتى ينزل ارض الهجرة مرتين
وهي الكوفة فيهدم مسجدها ويبنيه
على بناءه الاول ويهدم ما دونه
من دور الجبابرة ويسير الى البصرة
حتى يشرف على بحرها ومعه التابوت
وعصى موسى فيعزم عليه فيزفر في

اور مسخ ہونا واقع ہو گا ، اور اس آیت کی تاویل ظاہر
ہوگی کہ "وہ ظالمین سے دور نہیں ہے" اور ایک منادی
ماہ رمضان میں طلوع آفتاب کے وقت مشرق کی جانب سے
آواز دے گا کہ اے اہلِ ہدایت جمع ہو جاؤ اور بعد غروب مغرب
کی جانب سے آواز دے گا کہ اے اہلِ باطل جمع ہو جاؤ
اس کے دوسرے روز وقت ظہر آفتاب کا نور لے لئے جانے
کے بعد یہ قرص سیاہ ہو جائے گا ، ندائے دوم پھر آئے گی تیسرے
روز دابۃ الارض کے خروج کے ساتھ حق اور باطل کے درمیان
فرق کیا جائے گا اور گروہ روم ایک قریہ کی طرف جو سمندر
کے کنارے اور اصحاب کہف کے غار کے قریب ہے جائیں
گے ۔ اس وقت خدا اصحاب کہف کو زندہ کرے گا جن
میں سے ایک ملیخا ہو گا اور دوسرا کمسلمینا ہو گا ۔ یہ دونوں
وہ شاہد ہوں گے جو ہمارے قائم کو تسلیم کریں گے ، پس وہ
ان میں سے ایک کو روم کی طرف بھیجیں گے اور وہ فتح و نصرت
کے ساتھ واپس ہو گا ۔ اس روز اس آیت کی تاویل ظاہر
ہوگی کہ جو کوئی زمین اور آسمانوں میں ہے ، رغبت یا
اکراہ کے ساتھ خدا پر اسلام لایا اس کے بعد خدا ہر امت
سے ایک جماعت کو زندہ کرے گا اور ان کو وہ چیزیں
بتائی جائیں گی جن کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا ، پس اس
روز اس آیت کی تاویل ظاہر ہوگی کہ "ایک روز ہر امت
سے ایک گروہ جو ہماری آیات کی تکذیب کرتا تھا ، زندہ کیا جائے
گا ، پس ان کے دل مضطرب ہوں گے اور صدیق اکبر رایت
ہدایت ذوالفقار اور حاضرین کے ساتھ روانہ ہوں گے یہاں
تک کہ دو مرتبہ زمین ہجرت پر پہنچیں گے ، یہ مقام کوفہ ہو
گا ، پس وہاں کی مسجد کو منہدم کریں گے اور بنائے اول کے طرز پر تعمیر کرینگے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

البصرة نرفرة فتصير بحراً لجياً لا يبقى فيها غير مسجدها كجؤجؤ السفينة على ظهر الماء ثم يسير الى حروره حتى يحرقها ويسير من باب بني اسد حتى يزفر زفرة في ثقيف وهم زرع فرعون ثم يسير الى مصر فيصعد منبره فيخطب الناس فتبشر الارض بالعدل وتعطي السماء قطرها والشجر ثمرها والارض نباتها وتزين لاهلها وتامن الوحوش حتى ترتعي في طرق الارض كانعامهم ويقذف في قلوب المومنين العلم فلا يحتاج مومن الى ما عند اخيه من علم فيومئذ تاويل هذه الآية "يغني الله كلاً من سعته" و تخرج لهم الارض كنوزها ويقول القائم كلوا هنيئاً بما اسلفتم في الايام الخالية فالمسلمون يومئذ اهل صواب للدين اذن هم في الكلام فيومئذ تاويل هذه الاية وجاء ربك والملك صفاً صفاً فلا يقبل الله يومئذ الا دينه الحق الا لله الدين الخالص فيومئذ تاويل هذه الآية اولم يروا انا نسوق الماء الى الارض الجرز نخرج به زرعاً تاكل منه انعامهم

اور ظالمین کے دور میں جو کچھ بنا تھا منہدم کردیں گے، اس کے بعد بصرہ جائیں گے، یہاں تک کہ سمندر کے قریب پہنچیں گے انکے ساتھ تابوت سکینہ اور عصائے موسیٰ ہو گا۔ بصرہ میں سختی و شدّت ہو گی اور وہ وہاں سے واپس آئیں گے اور وہ مقام دریائے گرداب بن جائے گا اور کوئی جگہ باقی نہ بچے گی سوائے مسجد کے جو سینہ کشتی کی مانند ہو گی جو پانی پر ہو۔ اس کے بعد حرور جائیں گے اور اس مقام کو جلا دیں گے اور دروازہ بنی اسد سے نکل کر قبیلہ ثقیف تک پہنچیں گے جو زراعت فرعون ہیں۔ اس کے بعد مصر جائیں گے اور منبر پر جاکر لوگوں کو مخاطب کریں گے۔ پس تمام زمین پر عدل پھیل جائے گا اور آسمان اپنی بارش، درخت اپنے میوے اور زمین اپنے نباتات دے گی، اور زمین اپنے اہلِ خانہ کے لئے مزیّن ہو جائے گی۔ جنگلی جانور مامون ہو جائیں گے، حتیٰ کہ چوپایوں کی طرح زمین پر پھرنے لگیں گے۔ مومنین کے دل میں اتنا علم ڈال دیا جائے گا کہ وہ دوسرے کا محتاج نہ رہے گا، پس اس روز اس آیت کی تاویل ظاہر ہو گی کہ "خدا سب کو حسبِ احتیاج غنی کردے گا اور زمین ان کے لئے اپنے خزانے اُگل دے گی، اور قائمؑ مخلوق سے کہیں گے کہ کھاؤ، گذشتہ زمانہ میں تم پر جو زحمت گزری ہے، اس کے عوض یہ تم کو مبارک ہو، پس مسلمان اس روز دین کی وجہ صاحبِ صواب ہوں گے نہ کہ صاحبِ خطا۔ انہیں کلام کرنے کی اجازت ہو گی، پس اس آیت کی تاویل اس روز ظاہر ہو گی کہ امر پروردگار اور ملائکہ صف صف آتے ہیں پس خدا اس روز دینِ حق کے سوا قبول نہ کرے گا۔ آگاہ رہو کہ دین خالص صرف خدا کیلئے ہے پس اس روز اس آیت کی تاویل ظاہر ہو گی کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے پانی کو زمین مردہ پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وانفسهم افلا يبصرون ويقولون متى
هذا الفتح ان كنتم صادقين قل يوم
الفتح لا ينفع الذين كفروا ايمانهم
ولا هم ينظرون فاعرض عنهم و
انتظر انهم منتظرون فيمكث فيما
بين خروجه الى يوم موته ثلثمائة
سنة ونيف وعدة اصحابه ثلثمائة
وثلثة عشر منهم تسعة من بنى
اسرائيل وسبعون من الجن ومأتان
واربعة وثلثون منهم سبعون
الذين غضبوا للنبى اذ هجته مشركوا
قريش فطلبوا الى نبى الله ان ياذن لهم
فى اجابتهم فاذن لهم حيث نزلت
هذه الآية الا الذين آمنوا وعملوا
الصالحات وذكروا الله كثيرا وانتصروا
من بعد ما ظلموا سيعلم الذين ظلموا
اى منقلب ينقلبون وعشرون من
اهل اليمن منهم المقداد بن الاسود
ومأتان واربعة عشر الذين كانوا بساحل
البحر مما يلى عدن فبعث اليهم نبى الله
برسالة فاتوا مسلمين ومن افناء
الناس الفان وثمانمائة وسبعة عشر و
من الملئكة اربعون الفا من ذلك
من المسومين ثلثة الاف ومن
المردفين خمسة الاف فجميع اصحابه

نازل کیا جس کی وجہ سے اس سے نباتات کو اُگایا کہ اس کو چار
پائے، اور وہ خود کھائیں۔ کیا ہماری اس نعمت کو وہ دیکھتے اور
سمجھتے نہیں اور کہتے ہیں کہ یہ فتح کب ہوگی اگر تم سچے ہو تو اے
محمدؐ ان سے کہہ دو کہ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں روزِ فتح،
انہیں ایمان کوئی فائدہ نہیں بخشے گا اور کچھ مدد نہ کرے گا۔
پس ان سے روگردانی کرو اور انتظار کرو "بدرستیکہ یہ لوگ
منتظر ہیں۔ پس قائمؑ کے خروج اور یومِ رحلت کے درمیان تین سو
سال سے زیادہ کا عرصہ ہے اور ان کے اصحاب کی تعداد تین سو
تیرہ ہوگی اور ان میں سے نو نفر بنی اسرائیل سے ہوں گے، ستّر
نفر جنّات سے اور دو سو چونتیس دوسرے ہوں گے۔ ان میں
وہ ستّر لوگ بھی ہوں گے جو اس وقت غضب ناک ہوئے
تھے جب مشرکینِ قریش آنحضرتؐ پر ہجوم کیے ہوئے تھے اور انہوں
نے رسولِ خدا سے خواہش کی تھی کہ ان کے ساتھ انہیں جہاد کی
اجازت دیں، پس آنحضرتؐ نے انہیں دی تھی۔ اس وقت
یہ آیت نازل ہوئی تھی، وہ لوگ جنہوں نے ایمان لایا اور
عمل صالح کیا اور خدا کا بہت ذکر کیا۔ ان پر ظلم کیے جانے
کے بعد ان کی نصرت کی گئی، وہ لوگ جانتے نہیں جنہوں
نے ظلم کیا کہ ان کی بازگشت کہاں ہوگی۔ اور اہلِ یمن سے بیس شخص
ہوں گے جن میں مقداد ابنِ اسود بھی ہوں گے اور دو سو چودہ
اشخاص دریا کے کنارے عدن کے قریب رہنے والے ہوں گے۔ رسولؐ
خدا نے ان کے پاس پیام بھیجا تھا کہ اسلام قبول کریں اور انہوں
نے تسلیم کر لیا تھا اور گمنام لوگوں میں سے ایک ہزار آٹھ سو سترہ
لوگ ہوں گے اور ملائکہ سے چالیس ہزار ہوں گے جن کے منجملہ
تین ہزار مسوّمین اور پانچ ہزار مردفین ہوں گے۔ پس حضرت
کے تمام اصحاب سینتالیس ہزار ایک سو تیس ہوں گے اور ان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سبعة وأربعون ألفا ومائة وثلاثون
من ذالك نسخة رؤس من كل رأس
من الملائكة أربعة آلاف من الجن
والانس عدة يوم بدر فيهم
يقاتل إياهم ينصر الله وبهم ينصر
وبهم يقدم النصر ومنهم نضرة
الارض كتبتها كما وجدتها وفيها
نقص حروف (بحار الانوار ج ۱۳)

ہیں سے نو سردار ملائکہ کے سرداروں میں سے ہوں گے ۔
انس وجن میں سے چار ہزار ہوں گے ۔ یوم بدر کی تعداد
کے مساوی ہوں گے ۔ یہ مقابلہ کریں گے اور
خدا ان کی مدد کرے گا ۔ نصرت ان کے ساتھ
ہوگی اور ان کا استقبال کرے گی ، ان میں
سے بعض زمین کی زینت ہوں گے ۔ ان کے چہروں پر
تازگی ہوگی اور ان پر لکھا ہوگا ، جو تم پاؤ گے ، اس
میں حروف بہت کم ہوں گے ۔

خطبۃ انا مدینۃ العلم

خطبۂ ذیل کو علامہ کمال الدین ابو سالم محمد بن طلحہ نے کتاب در المنظم اور شیخ سلیمان بلخی مفتی اعظم قسطنطنیہ نے ینابیع المودۃ میں درج کیا ہے ۔ اس کا کچھ حصہ سید شہاب الدین نے بھی توضیح الدلائل میں د نیز مولانا سید حامد حسین صاحب قبلہ نے عبقات الانوار کی پانچویں جلد میں نقل کیا ہے ۔

علماء کے نزدیک اسانید صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے منبر کوفہ پر یہ خطبہ فرمایا :

بسم الله الرحمن الرحيم
الحمد لله بديع السموات والارض
وفاطرها وساطح المدحيات ووازرها
ومطود الجبال وفافرها ومفجر العيون
ونافرها ومرسل الرياح وزاجرها
وناهي العواصف وآمرها وزين السماء
وزاهرها مدبر الافلاك ومسيرها و
مقسم المنازل ومقدرها ومنشئ

تمام حمد وثنا اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں اور
زمین کا پیدا کرنے والا اور سطح زمین کا پھیلانے اور درست
کرنے والا پہاڑوں کو قائم و بلند کرنے والا ، چشموں کا جاری
کرنے اور بہانے والا ، ہواؤں کا چلانے اور روکنے والا ،
آسمانوں کو زینت دینے اور روشن کرنے والا ، افلاک
کی تدبیر کرنے اور چلانے والا ان کی منازل کو تقسیم کرنے
اور ان پر مقدرت رکھنے والا ، بادل کو پیدا کرنے اور
اور مطیع کرنے والا ، تاریک راتوں کو منور کرنے والا ، اجسام

(حاشیہ گذشتہ صفحہ کی آخری سطر سے) ۱ـ مسومین ۔ جن پر نشان لگا دیا گیا ہو ۔ ۲ـ مردفین ۔ ساتھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سبعة واربعون الفا ومائة وثلاثون
من ذالك نسخة رؤس من كل راس
من الملائكة اربعة الاف من الجن
والانس عدة يوم بدر فيهم
يقاتل اياهم ينصر الله وبهم ينصر
وبهم يقدم النصر ومنهم نضرة
الارض كتبتها كما وجدتها وفيها
نقص حروفه (بحار الانوار ج ۱۳)

ہیں سے نو سردار ملائکہ کے سرداروں میں سے ہوں گے۔
انس وجن میں سے چار ہزار ہوں گے۔ یوم بدر کی تعداد
کے مساوی ہوں گے۔ یہ مصافانہ کریں گے اور
خدا ان کی مدد کرے گا۔ نصرت ان کے ساتھ
ہوگی اور ان کا استقبال کرے گی، ان میں
سے بعض زمین کی زینت ہوں گے۔ ان کے چہروں پر
تازگی ہوگی اور ان پر لکھا ہوگا، جو تم پاؤ گے، اس
میں حروف بہت کم ہوں گے۔

خطبۃ انا مدینۃ العلم

خطبۂ ذیل کو علامہ کمال الدین ابو سالم محمد بن طلحہ نے کتاب در المنظم اور شیخ سلیمان بلخی مفتی اعظم قسطنطنیہ نے ینابیع المودۃ میں درج کیا ہے۔ اس کا کچھ حصہ سید شہاب الدین نے بھی توضیح الدلائل میں د نیز مولانا سید حامد حسین صاحب قبلہ نے عبقات الانوار کی پانچویں جلد میں نقل کیا ہے۔

علماء کے نزدیک اسانید صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے منبر کوفہ پر یہ خطبہ فرمایا:

بسم الله الرحمن الرحيم
الحمد لله بديع السموات والارض
وفاطرها وساطح المدحيات ووازرها
ومطود الجبال وفافرها ومفجر العيون
ونافرها ومرسل الرياح وزاجرها
وناهي القواصف وآمرها وزين السماء
وزاهرها مدبر الافلاك وميسرها و
مقسم المنازل ومقدرها ومنشئ

تمام حمد وثنا اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور
زمین کا پیدا کرنے والا اور سطح زمین کا پھیلانے اور درست
کرنے والا، پہاڑوں کو قائم وبلند کرنے والا، چشموں کا جاری
کرنے اور بہانے والا، ہواؤں کا چلانے اور رد کرنے والا،
آسمانوں کو زینت دینے اور روشن کرنے والا، افلاک
کی تدبیر کرنے اور چلانے والا ان کی منازل کو تقسیم کرنے
اور ان پر مقدرت رکھنے والا، بادل کو پیدا کرنے اور
اور مطیع کرنے والا، تاریک راتوں کو منور کرنے والا، اجسام

(حاشیہ گذشتہ صفحہ کی آخری سطر سے) ۱۔ مستوبین۔ جن پر نشان لگا دیا گیا ہو۔ ۲۔ مردفین۔ ساتھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السحاب ومسخرها ومولج الحنادس ومنورها ومحدث الاجسام ومقررها ومكور الدهور ومكررها ومورد الامور ومصدرها وضامن الارزاق ومدبرها ومحي الرفات وناشرها احمده على آلائه وتوافرها واشكره على نعمائه وتواترها واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له شهادة تؤدي الى السلامة ذاكرها وتؤمن من العذاب ذاخرها واشهد ان محمد صلى الله عليه وآله وسلم الخاتم لما سبق من الرسل وفاخرها ورسوله الفاتح لما استقبل من الدعوة وناشرها ارسله الى امة قد شغر بعبادة الاوثان شاعرها فابلغ صلى الله عليه وآله وسلم فى النصيحة وافرها وانار منار اعلام الهداية ومنابرها ومحا بمعجز القرآن دعوة الشيطان ومكاثرها وارغم مجاطيس غواة العرب وكافرها حتى اصبحت دعوة الحق باول زائرها وشريعته المطهرة الى المعاد شريعة يفخر فاخرها صلى الله عليه وآله الدوحة العليا وطيب عناصرها۔

ايها الناس سار المثل وحقق

کو پیدا کرنے اور برقرار رکھنے والا، زمانوں کو لپیٹنے اور مکدّر کرنے والا اور امور کو وارد و صادر کرنے والا، رزق کا ضامن اور تدبیر کرنے والا اور ہڈیوں کو زندہ اور پراگندہ کرنے والا ہے۔ میں اُس کی زیادہ نعمتوں پر اس کی حمد کرتا ہوں اور اس کی متواتر نعمتوں پر اس کا شکر ادا کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اس کے کوئی اللہ نہیں ہے وہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور ایسی گواہی دیتا ہوں جو اس کے بیان کرنے والے کو سلامتی کی طرف لے جائے اور اس کے ذخیرہ کرنے والے کو عذاب سے مامون رکھے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلعم گذشتہ رسولوں کے خاتم اور ان کے فخر ہیں اور ایسے رسولؐ ہیں جو ہر پیغام کی تشریح کرنے اور نشر کرنے والے ہیں۔ خُدا نے آپ کو ایسی اُمّت کی طرف بھیجا جس نے بتوں کی عبادت کو اپنا وطیرہ بنا رکھا تھا، پس صلی اللہ علیہ وسلم نے نصیحت میں اپنا پورا حق ادا کیا اور ہدایت کے علم اور منبروں کو روشن کیا اور قرآن کے معجزے کے ذریعہ شیطان کی دعوت اور اس کی مکاریوں کو مٹا دیا اور عرب کے گمراہ اور کافروں کی ناک رگڑ دی یہاں تک کہ دعوتِ حق اپنے ابتدائی دور ہی میں اور شریعت مطہرہ قیامت تک کے لئے جاری اور معزز ہوگئی اور خُدا نے اس کے شجرۂ علیا اور پاک عناصر کو معزز فرمایا۔

اے لوگو! مثل جاری ہوگئی اور عمل ثابت ہوگیا اور خواہش سرا منحرف اور عورتیں حاکم بن گئیں اور خواہشات مختلف ہوگئیں اور بلائیں عظیم اور شکایات شدید

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

العمل وتسلمت الخصيان وحكمت النسوان
واختلفت الاهواء وعظمت البلوى و
اشتدت الشكوى واستمرت الدعوى
وزلزلت الارض وضيع الفرض و
كنست الامانة وبدت الخيانة و
قام الادعياء ونال الاشقيا وتقدمت
السفهاء وتاخرت الصلحاء وانزور
القرآن واحمر الدبران وكملت الفترة
وسدت الهجرة وظهرت الافاطس
محنت الملاطس يملكون السرائر و
يهتكون الحرائر ويحيون كيسان
ويخربون خراسان يهدمون
الحصون ويظهرون المصون و
يفتحون العراق بدم يراق فآه
آه ثم آه آه لعريض الافواه و
ذبول الشفاه

ہوگئیں اور دعویٰ ہر طرف عام ہوگیا۔ زمین
متزلزل ہوگئی اور فریضہ خدائی زائل ہو
گیا، امانت پوشیدہ وناپیدا ہوگئی اور
خیانت ظاہر ہوگئی۔ حرامزادے اُٹھ کھڑے
ہوئے اشقیاء آگئے اور کمینے آگے بڑھ گئے اور
نیک لوگ پیچھے رہ گئے، قرآن کو جھٹلایا اور
خلاف فطرت امور نمایاں اور زمانۂ فترت کامل
ہوچکا اور ہجرت ختم ہوگئی اور چپٹی ناک والے
ظاہر ہوگئے۔ لباس متغیر اور کوتاہ ہوگئے۔
یہ اسرار پر قابض ہوگئے اور شریفوں کی بے حرمتی
ہونے لگی۔ غدار لوگ آئیں گے اور خراسان
کو خراب کریں گے اور قلعوں کو منہدم کریں
گے اور محفوظ چیزوں کو باہر نکالیں گے اور
خون ریزی کے ساتھ عراق فتح کریں گے۔ پس
افسوس... آہ... آہ... آہ، کھلے منہ پر اور
سوکھے ہونٹوں پر۔

اس کے بعد آپ نے دائیں اور بائیں جانب نظر کی اور ایک گہرا ٹھنڈا سانس لیا، اور خضوع وخشوع سے آپ کا رنگ متغیر ہوگیا۔ اس وقت سوید ابن نوفل ھلالی کھڑا ہو کر کہنے لگا کہ یا امیرالمومنین، یہ واقعات آپ نے کیونکر معلوم کئے۔ کیا آپ وہاں پر موجود تھے۔ اس پر حضرت علی علیہ السلام نے غیض کی نظر سے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ رونے والیاں تجھ پر روئیں اور بلائیں تجھ پر نازل ہوں۔

یا ابن الجبان والخبائث والمکذب
الناکث سیقصر بك الطول ویغلبك الغول
انا سر الاسرار انا شجرة الانوار
انا دلیل السموات انا انیس المسبحات
انا خلیل جبرئیل انا صفی میکائیل

اے بزدل کے بیٹے اور خبیث، جھوٹے
بیعت شکن، تیرا طویل عرصہ کم ہو جائے اور ایک
گروہ تجھ پر غالب آجائے، میں رازوں کا راز
ہوں، میں شجر انوار ہوں، میں آسمانوں میں رہبر ہوں
میں تسبیح کنندوں کا انیس ہوں۔ میں جبرئیل کا دوست

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انا قائد الاملاک انا سمندل الافلاک
انا سریر الصراح انا حفیظ الالواح انا
قطب الدیجور انا البیت المعمور انا
مزن السحائب انا نور الغیاھب انا فلک
اللجج انا حجۃ الحجج انا مسدد الخلائق
انا محقق الحقائق انا ماوّل التاویل
انا مفسر الانجیل انا خامس الکساء انا تبیان
النساء انا الفۃ الایلاف انا رجال الاعراف
انا سر ابراھیم انا ثعبان الکلیم انا
ولی الاولیاء انا وارثۃ الانبیاء
انا اوریا الزبور انا حجاب الغفور
انا صفوۃ الجلیل انا ایلیاء الانجیل
انا شدید القوی انا حامل اللواء
انا امام المحشر انا ساقی الکوثر
انا قسیم الجنان انا مشاطر النیران
انا یعسوب الدین انا امام المتقین
انا وارث المختار انا طھیر الاطھار
انا مبیدۃ الکفرۃ انا ابو الائمۃ البررۃ
انا قالع الباب انا مفرق الاحزاب
انا جوھر الثمنیہ انا باب المدینہ
انا مفسر البینات انا مبین المشکلات
انا النون والقلم انا مصباح الظلم
انا سوال متی انا ممدوح ھل اتی
انا النباء العظیم انا صراط المستقیم
انا لولوء الاصداف انا جبل قاف

ہوں، میں میکائیل کا صفی ہوں، میں فرشتوں کا قائد ہوں، میں افلاک کا سمندل (ایک پرندہ کا نام) ہوں، میں اخلاص و سچائی کی قرارگاہ ہوں، میں محافظ الواح ہوں۔ میں تاریکی میں قطب ہدایت ہوں۔ میں علوم و معارف سے پُر، بیت معمور ہوں، میں بادلوں کا آراستہ کرنے والا ہوں، میں سخت تاریک راتوں کا نور ہوں میں عمیق ترین سمندر میں کشتی (نجات) ہوں، میں تمام حجتوں (انبیاء و آئمہ) کی حجت ہوں، میں مخلوق کو مضبوط کرنے والا ہوں، میں انجیل کا مفسر ہوں، میں (انوار) کسا کا پانچواں رکن، ہوں میں سورۃ النساء کا واضح بیان ہوں میں اُلفت والوں کی اُلفت ہوں، میں اعراف کے مردوں میں سے ہوں، میں ابراہیم کا راز ہوں، میں کلیم کا اژدہا ہوں، میں اولیاء کا ولی ہوں، میں (علوم) انبیاء کا وارث ہوں، میں زبور کا دریا ہوں، میں غفور کا حجاب ہوں، میں خدائے جلیل کا برگزیدہ ہوں، میں انجیل کا ایلیا ہوں، میں شدید القویٰ ہوں، میں لوائے (حمد) کا حامل ہوں، میں محشر کا امام ہوں، میں جنتوں کا تقسیم کرنے والا ہوں اور نار کا بانٹنے والا ہوں، میں دین کا سردار ہوں، میں متقین کا امام ہوں، میں رسول مختار کا وارث ہوں میں مدد کرنے والوں کا مددگار ہوں، میں کفر کو بیخ و بن سے اُکھاڑ پھینکنے والا ہوں، میں نیک اماموں کا باپ ہوں، میں دروازہ خیبر کا اکھاڑ پھینکنے والا ہوں، میں گروہوں (فوجوں) کو متفرق کرنے والا ہوں، گوہر گراں بہائے (امامت) ہوں۔ میں شہر (علم نبی) کا دروازہ ہوں، میں آیات بینات کی تفسیر کرنے والا ہوں، میں مشکلات کا حل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انا سر الحروف انا نور الظروف انا
الجبل الراسخ انا علم الشامخ انا مفتاح
الغیوب انا مصباح القلوب انا نور الارواح
انا روح الاشباح انا الفارس الکرار
انا نصرة الانصار انا السیف المسلول
انا الشهید المقتول انا جامع القرآن
انا تبیان البیان انا شفیق الرسول
انا بعل البتول انا عمود الاسلام انا مکسر
الاصنام انا صاحب الاذن انا قاتل الجن
انا صالح المومنین انا امام ارباب
الفتوة انا کنز الاسرار النبوة انا
المطلع علی الاخبار الاولین انا مخبر عن
وقائع الاخرین انا قطب الاقطاب انا
حبیب الاحباب انا مهدی الاذان
انا عیسی الزمان انا والله وجه الله
انا والله اسد الله انا سید العرب
انا کاشف الکرب انا الذی قیل فی
حقه لا فتیٰ الّا علی انا الذی قیل
فی شانه انت منی بمنزلة هارون
من موسیٰ انا لیث بنی غالب انا علی
ابن ابی طالب۔

کرنے والا ہوں۔ میں نونؔ والقلم ہوں، میں گمراہی کی
تاریکی دُور کرنے والا چراغ ہوں، میں منّی دینی، کا مقصود
ہوں، میں ھل اتیٰ کا ممدوح ہوں، میں نباءِ عظیم ہوں
میں صراطِ مستقیم ہوں، میں صدفِ حقیقت کا موتی ہوں
میں کوہِ محیط (علم وہدایت) ہوں، میں کتابِ تکوین کے
حروف کا راز ہوں، میں اجسام کا نور ہوں، میں (ہدایت
کا) جبلِ راسخ ہوں۔ میں بلند علَم ہوں، میں امورِ غائب
کی کنجی ہوں، میں دلوں کو روشن کرنے والا چراغ ہوں میں
ارواح کا نور ہوں اور اجسام کی روح ہوں، میں مکرر کر
حملہ کرنے والا ہوں، میں دوستوں کی نصرت کرنے والا
ہوں، میں کھلی ہوئی تلوار (الٰہی) ہوں، میں قتل کیا ہوا
شہید ہوں، جامع قرآن ہوں، میں قرآن کی تفسیر ہوں
میں رسول کا شفیق ہوں، میں بتول کا شوہر ہوں، میں
اسلام کا ستون ہوں، میں بتوں کا توڑنے والا ہوں، میں
اذن داعیہ کا مقصد ہوں، میں جنوں کا قاتل ہوں، میں
صالح المومنین ہوں، میں... میں فلاح یافتہ لوگوں کا
امام ہوں، میں اسرارِ نبوت کا خزانہ ہوں، میں آولین کے
حالات سے مطلع اور آخرین کے واقعات جاننے والا ہوں میں
قطب الاقطاب ہوں، میں دوستوں کا دوست ہوں میں
مہدی اذان ہوں، میں، میں زمانہ کا عیسیٰ ہوں، بخدا میں
وجہ اللہ ہوں، خدا کی قسم میں شیرِ خدا ہوں، میں عرب

کا سردار ہوں، میں مصیبتوں کا دُور کرنے والا ہوں، میں وہ ہوں جس کے حق میں لافتیٰ الّا علی کہا گیا ہے، میں وہ ہوں جس کی شان میں کہا گیا کہ تم کو مجھ سے وہی منزلت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی، میں بنی غالب کا شیر ہوں، میں علی ابن ابی طالب ہوں۔

راوی کہتا ہے کہ وہ شخص، جس نے اعتراض کیا تھا فضائل کی تاب نہ لا سکا اور ایک چیخ مار کر گر پڑا اور مر گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر حضرت امیر علیہ السلام نے اپنے کلام کو جاری فرمایا:

الحمد لله بارى النسم وبارى الامم والصلوة على الاسم الاعظم والنور الاقدم محمد واله وسلم۔

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے روحوں کو پیدا کیا اور اُمتوں کو خلق کیا۔ رحمت نازل ہو اسم اعظم اور نور مقدم محمد و آلہ وسلم پر۔

پھر فرمایا:

سلونى عن طرق السماء فانى اعلم بها من طرق الارض سلونى قبل ان تفقدونى فان بين جنبى علوم كثيرة كالبحار الزواخر۔

سوال کر لو مجھ سے آسمانوں کے راستوں سے متعلق کہ میں ان کا بہتر علم رکھتا ہوں، بہ نسبت اس کے جو زمین کے راستوں سے واقف ہو۔ سوال کر لو مجھ سے قبل اس کے کہ مجھ کو نہ پاؤ، میرے سینہ میں بے شمار علوم بحرِ ذخار کی طرح موجیں مار رہے ہیں۔

راوی کہتا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ علماء اور حکماء اُٹھے اور اولیاء و اصفیاء آپ کے قدم چومنے لگے اور اسم اعظم کی قسم دے کر عرض کیا کہ آپ اپنا کلام پورا کریں پس حضرت نے فرمایا:

يظهر صاحب الراية المحمدية والدولة الاحمدية القايم بالسيف والحال الصادق فى المقال يمهد الارض ويحيى السنة والفرض۔

جب یہ حال ہو جائے گا تو علمِ محمدیہ کا اٹھانے والا اور سلطنت احمدیہ کا تلوار سے اور کلمات حق سے قائم کرنے والا ظاہر ہوگا جو زمین کو سنبھالے گا اور سنت و فرض کو زندہ کرے گا۔

پھر فرمایا:

ايها المحجوب عن شانى الغافل عن حالى ان العجائب اثار خواطرى والغرائب اسرار ضمائرى لانى قد خرقت الحجاب واظهرت العجائب اتيت بالالباب ونطقت بالصواب وفتحت خزائن الغيوب وفتقت دقائق القلوب وكنزت لطايف المعارف ورمزت عوارف الطائف فطوبى لمن استمسك بعروة هذه الكلام وصلى خلف

اے وہ شخص جو میری شان سے واقف نہیں، اور جو میرے حال سے غافل ہے، معلوم کر کہ میرے قلب میں عجیب آثار اور عجیب و غریب اسرار موجود ہیں۔ میں نے پردوں کو چاک کیا اور عجیب باتوں کو بیان کر دیا اور ٹھیک بات کہی اور غیب کے خزانوں کو کھول دیا اور دل کے اسرار کی باریکیاں ظاہر کر دیں۔ میں نے لطائف و معارف جمع کیے ہیں اور لطائف کی معرفت پر اشارہ کیا۔ خوشخبری ہے اس کے لیے جس نے اس کلام کی رسی کو مضبوط پکڑا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ھذا الامام فانہ یقف علی معانی الکتاب المسطور والرق المنشور ثم یدخل الی البیت المعمور والبحر المسجور ٥ ثم انشد یقول :

لقد حزت علم الاولین واننی
ضنین بعلم الاخرین کتوم
وکاشف اسرار الغیوب باسرھا
وعندی حدیث حادث وقدیم
وانی لقیوم علی کل قیم
محیط بکل العالمین علیم

اور اس امام کی اقتداء میں نماز ادا کی کیونکہ وہ کتاب مسطور کے معانی اور لکھے ہوئے چمڑے کے مقاصد سے واقف ہے پھر وہ بیت معمور اور بھرے ہوئے سمندر میں داخل ہو جاتا ہے۔

پھر آپ نے یہ اشعار پڑھے :

میں نے اولین کا علم جمع کر لیا ہے۔
میں علم الاخرین کا ضامن ہوں۔
میں تمام اسرار غیب کا کھولنے والا ہوں۔
میرے پاس حادث وقدیم کے اسرار ہیں۔
اور میں ہر قوی کے اوپر قوی تر ہوں۔
تمام عالمین پر احاطہ کیا ہوا علیم ہوں۔

پھر فرمایا :

لو شئت لاوقرت من تفسیر
الفاتحۃ سبعین بعیراً ٥

اگر میں چاہوں تو سورہ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹوں کا بار بھر دوں۔

پھر فرمایا :

قٓ والقرآن المجید کلمات خفیات الاسرار وعبارات جلیات الاثار ینابیع عراف القلوب من مشکوٰۃ لطایف الغیوب لمعات العواقب کالنجوم الثواقب نھایۃ المفھوم بدایۃ العلوم الحکمۃ ضالۃ کل حکیم سبحان القدیم یفتح الکتاب ویقرأ الجواب یا ابا العباس انت امام الناس سبحان من یحیی الارض بعد موتھا ویرد الولایات الی بیوتھا یا منصور تقدیم الی بنلہ السور ذلک تقدیر العزیز العلیم ٥

قٓ والقرآن المجید ایسے کلمات ہیں جن کے اسرار مخفی ہیں اور ایسی عبارتیں ہیں جن کے آثار بہت بلند ہیں، یہ دلوں کی معرفت کے چشمے ہیں، غیب کا باریکیوں کے چراغ ہیں، شہابِ ثاقب کی طرح یہ عقول کی آخری حد ہیں، علوم حکمت کے آغاز ہیں، تمام داناؤں کی گم کردہ چیز ہیں، وہ قدیم پاک ہے جو (ان الفاظ سے) کتاب کو کھولتا ہے اور یہ جواب پاتا ہے کہ اے ابوالعباس (یعنی علیؑ ابن ابی طالب) تم لوگوں کے امام ہو، پاک ہے وہ ذات جو زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرتا ہے اور ولایات کو ان کے گھروں کی طرف لاتا ہے۔ اے منصور فصیل کی تعمیر کی طرف بڑھو، یہ عزیز وعلیم کی مقدر کی ہوئی تقدیر ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راوی کہتا ہے کہ یہ آخری کلامِ نورانی تھا جو میں نے سُنا اور اس کو منبطِ تحریر میں لایا۔

(عبقات الانوار ج ۵ ص۵۵۲ ینابیع المودة)

اس خطبہ کی عظمت وجلالت، شوکتِ الفاظ، معانی کی رفعت سے وہی لوگ زیادہ لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو عربی سے واقف اور فقہ اسلامی کے رموز سے آگاہ ہیں، اس کا موزوں ترجمہ ممکن نہیں ہے۔ فترت۔ وہ زمانہ۔ جو دو پیغمبروں کے درمیان ہو۔

عَلائِمُ الظُّهور

حضرت امیر علیہ السلام نے منبرِ کوفہ پر خُطبۂ لولو ارشاد فرمانے کے بعد فرمایا کہ ہمارے قائمؑ کے ظہور کی دس علامات ہیں

(۱) برج جدی میں دمدار ستارہ کا طلوع ہونا۔ اس کے طلوع ہونے پر ہرج ومرج اور فتنہ وشر واقع ہوں گے یہ ارزانی کی علامت ہوگی۔ ایک علامت سے دوسری علامت تک عجیب وغریب امور واقع ہوں گے۔

دمدار ستارہ مشرق سے طلوع ہوگا جو ماہِ درخشندہ کی طرح اور اس کی دُم کمان کی طرح اس طرح خمیدہ ہوگی کہ اس کے دونوں حصے مل جانے کے قریب ہوں گے۔ اس کے بعد آسمان پر سُرخی نمودار ہوگی۔

(۲) موت احمر وموت ابیض :۔ حضرت نے فرمایا کہ ہمارے قائمؑ کے ظہور سے کچھ قبل موت احمر وموت ابیض واقع ہوں گے اور دو مرتبہ ملخ آئے گی، ایک تو زراعت کے وقت اور دوسرے غیر وقت۔ ان کا رنگ خون کی طرح سرخ ہوگا۔ موتِ احمر تلوار سے قتل اور موتِ ابیض طاعون ہوگا۔ (بحار ج ۱۳)

(۳) خروج دجال : سلونی قبل ان تفقدونی کے تحت دیکھا جائے۔

(۴) وقوع طامہ کبرای :

ابوطفیل نے پوچھا کہ یا امیر المومنینؑ خدا نے آیت : " واذا وقع القول علیھم اخرجنا لھم دابّۃً من الارض تکلمھم (ترجمہ : اور جب ان لوگوں پر وعدہ پورا ہوگا تو ہم ان کے واسطے زمین سے ایک چلنے والا نکال کھڑا کریں گے جو اُن سے یہ باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین نہیں رکھتے تھے۔ (پ۲۰ نمل ۸۲) میں جس دابۃ الارض کا ذکر کیا ہے وہ کون ہے؟

حضرت امیرؑ : وہ دابہ وہ ہے جو کھانا کھاتا ہے، بازار میں پھرتا ہے اور وزن اٹھاتا ہے۔

ابوطفیل : یا امیر المومنینؑ! وہ کون ہے؟

حضرت امیرؑ : وہ صدیق وفاروق عالم وپرہیزگار وشجاع اس اُمت میں ایک ہی ہستی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

راوی کہتا ہے کہ یہ آخری کلامِ نورانی تھا جو میں نے سُنا اور اس کو منبطِ تحریر میں لایا ۔

(عبقات الانوار ج ۵ ص۵۵۲ ینابیع المودۃ)

اس خطبہ کی عظمت وجلالت، شوکتِ الفاظ، معانی کی رفعت سے وہی لوگ زیادہ لطف اندوز ہو سکتے ہیں جو عربی سے واقف اور فقہ اسلامی کے رموز سے آگاہ ہیں ، اس کا موزوں ترجمہ ممکن نہیں ہے ۔ فترت ۔ وہ زمانہ ۔جو دو پیغمبروں کے درمیان ہو ۔

عَلائِمُ الظّہور

حضرت امیر علیہ السلام نے منبر کوفہ پر خطبۂ لولو ارشاد فرمانے کے بعد فرمایا کہ ہمارے قائمؑ کے ظہور کی دس علامات ہیں

(۱) برج جدی میں دمدار ستارہ کا طلوع ہونا ۔اس کے طلوع ہونے پر ہرج ومرج اور فتنہ وشر واقع ہوں گے یہ ارزانی کی علامت ہوگی ۔ایک علامت سے دوسری علامت تک عجیب وغریب امور واقع ہوں گے ۔

دمدار ستارہ مشرق سے طلوع ہوگا جو ماہِ درخشندہ کی طرح اور اس کی دُم کمان کی طرح اس طرح خمیدہ ہوگی کہ اس کے دونوں حصے مل جانے کے قریب ہوں گے ۔اس کے بعد آسمان پر سُرخی نمودار ہوگی ۔

(۲) موت احمر وموت ابیض :۔ حضرت نے فرمایا کہ ہمارے قائمؑ کے ظہور سے کچھ قبل موت احمر وموت ابیض واقع ہوں گے اور دو مرتبہ ملخ آئے گی ، ایک تو زراعت کے وقت اور دوسرے غیر وقت ۔ان کا رنگ خون کی طرح سرخ ہوگا ۔موتِ احمر تلوار سے قتل اور موتِ ابیض طاعون ہوگا ۔ (بحار ج ۱۳)

(۳) خروج دجال : سلونی قبل ان تفقدونی کے تحت دیکھا جائے ۔

(۴) وقوع طامہ کبرای :

ابوطفیل نے پوچھا کہ یا امیرالمومنینؑ خدا نے آیت : " واذا وقع القول علیہم اخرجنا لہم دابّۃً من الارض تکلمہم (ترجمہ : اور جب ان لوگوں پر وعدہ پورا ہوگا تو ہم ان کے واسطے زمین سے ایک چلنے والا نکال کھڑا کریں گے جو اُن سے یہ باتیں کرے گا کہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین نہیں رکھتے تھے ۔(پ۲۰ نمل۸۲) میں جس دابۃ الارض کا ذکر کیا ہے وہ کون ہے ؟

حضرت امیرؑ : وہ دابہ وہ ہے جو کھانا کھاتا ہے، بازار میں پھرتا ہے اور وزن اٹھاتا ہے ۔

ابوطفیل : یاامیرالمومنینؑ ! وہ کون ہے ؟

حضرت امیرؑ : وہ صدیق وفاروق عالم وپرہیزگار وشجاع اس اُمت میں ایک ہی ہستی ہے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو طفیل : یا امیرالمومنین! وہ کون ہے ؟

حضرت امیرؑ : وہ موردِ آیت " ویتلوہ شاھدٌ منہ " اور موردِ آیت " والذی عندہ علم الکتاب " اور " الذی جآءَ بالصدق " ہے اور وہ وہی ہے جس نے اُس وقت تصدیق کی تھی جب کہ تمام لوگ کافر تھے ۔

ابو طفیل : یا امیرالمومنینؑ ! اُس کا نام فرمایئے ؟

حضرت امیرؑ : اُس کا نام تو کہہ دیا ۔ اے ابو طفیل، خدا کی قسم یہ تمام لوگ جن کے ساتھ میں جہاد کے لیے جاتا ہوں، اور وہ میری اطاعت کرتے ہیں اور مجھے امیرالمومنین کہتے ہیں اور مخالفین سے جہاد کو حلال سمجھتے ہیں۔ اگر قرآن کی بعض چیزوں سے مطلع ہو جائیں جو آنحضرتؐ پر نازل ہوئی ہیں جو میرے اسرار سے متعلق ہیں، سوائے چند کے جو تیرے مانند ہیں سب متفرق ہو جائیں گے اور کوئی باقی نہ رہے گا (دارالسلام)

(۵) قتل نفس ذکیہ : حضرت نے فرمایا کہ نفس ذکیہ جو سادات سے ہوں گے مع ستر مردان صالح کے پشت کوفہ پر قتل کیے جائیں گے اور مکہ معظمہ میں رکن اور مقام کے درمیان ایک بنی ہاشم کا قتل ہوگا۔ کوفہ میں چالیس شب مساجد معطل رہیں گی ۔ (بحار)

(۶) خروج سفیانی : حضرت نے فرمایا کہ جب دو خروج کرنے والے شام میں آیاتِ خدا سے مخالفت کریں گے ایک نشانی ظاہر ہوگی۔ سائل نے پوچھا کہ یا امیرالمومنینؑ، وہ نشانی کیا ہے ۔ فرمایا کہ زلزلہ ہوگا جس سے ایک لاکھ سے زائد آدمی ہلاک ہوں گے ۔ یہ مومنین کے لیے رحمت اور کفار کے لیے عذاب و نقمت ہوگا۔ اس کے بعد سرخ گھوڑوں کے سوار زرد پرچموں کے ساتھ مغرب سے آکر شام میں داخل ہوں گے ، اس وقت جوعِ اکبر اور موتِ احمر واقع ہوں گے اور مقام دھلیر جو دیہات شام سے ہے اور جس کا نام خوراشنا ہے زمین میں دھنس جائے گا۔ اس کے بعد پسر زن جگر خوار یعنی سفیانی کے وادی یابس سے خروج کا انتظار کرنا۔ (بحار۔ ج ۱۳)

۷۔ خلاف عادت نیمۂ رمضان کو سورج گہن ہوگا ۔

۸۔ بیابان بیدا میں زمین کا دھنس جانا اور مغرب میں بھی ایک مقام پر زمین کا دھنس جانا ۔

۹۔ آفتاب کا ظہر تا عصر ساکن ہو جانا ۔

۱۰۔ طاق سال میں دسویں محرم یوم جمعہ ظہور ہوگا ۔

۱۱۔ مسجد براثا کی بربادی اور مسجد کوفہ کی دیوار کا انہدام ۔

۱۲۔ عبایہ بن ربعی اور چار آدمی حضرت امیرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوالات کرنے لگے تو حضرت نے فرمایا کہ آیا میں تمہیں آخر سلطنت بنی فلاں سے ۔ ۔ ۔ متعلق خبر دوں ، عرض کیا کہ مولا فرمایئے ۔ حضرت نے فرمایا کہ ان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی سلطنت اس وقت ختم ہوگی کہ قریش میں سے ایک قوم نفس حرام کو روز حرام شہر حرام میں یعنی ایک نفس محترم کو روز محترم شہر محترم میں قتل کرے گی۔ اس کے بعد فرمایا کہ اُس خدا کی قسم جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور انسان کو خلق کیا کہ ہر آئینہ نفس محترمہ کے قتل کے بعد ان کی سلطنت گیارہ روز سے زائد باقی نہ رہے گی۔ سب نے عرض کیا کہ اس سے قبل یا اس کے بعد بھی کوئی واقعہ ہوگا یا نہیں۔ فرمایا کہ ماہِ رمضان میں ایک چیخ سنائی دے گی جو بیدار کو مضطرب اور سوئے ہوئے کو بیدار اور پردہ نشین لڑکی کو پردہ سے باہر کر دے گی۔ (بحار ج ۱۳)

چند ارشادات

(۱) تفسیر عیاشی میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ جب کہ حضرت امیرؑ اپنے بعد ظہور قائمؑ تک واقع ہونے والے واقعات میں سے کچھ ارشاد فرما رہے تھے، امام حسینؑ نے سوال کیا۔

حضرت امام حسینؑ: یا امیر المومنینؑ! خداوند عالم روئے زمین کو ظالمین سے کب پاک کرے گا؟

حضرت علیؑ: خداوند عالم زمین کو ظالمین سے اس وقت تک پاک نہ کرے گا جب تک کہ وہ خون نہ بہایا جائے جس کا بہایا جانا حرام ہے، کفار ہلاک ہوں گے اس کے بعد قائمؑ جن کے ظہور کے لوگ آرزومند ہوں گے اور وہ امام کہ جو مخفی و پنہاں ہوگا، ظاہر ہوگا، تمام شرف و فضل اُسی کے لئے ہے۔ اے حسینؑ وہ تمہاری اولاد سے ہوگا۔ اس کے مانند کوئی پسر نہ ہوگا، وہ مکہ میں دو رکن کے درمیان ایک قلیل جماعت کے ساتھ تمام آلات حرب کے ساتھ ظہور کرے گا اور تمام جن و انس پر غالب ہوگا اور رہروں میں سے ایک نفر کو بھی باقی نہ رکھے گا۔ مبارک ہو اس شخص کے لئے جو اُس کا زمانہ پائے اور اس کی خلافت کے زمانہ میں اُس کی خدمت میں رہے۔ (بحار)

(۲) جامع الاخبار میں لکھا ہے کہ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ مخلوق کے لئے ہر آئینہ ایک زمانہ آئے گا جب کہ فاجرین کو بہت زیادہ مال دیا جائے گا اور نیک لوگ ضعیف ہو جائیں گے۔ ایک شخص نے سوال کیا کہ یا امیر المومنین یہ کب ہوگا، فرمایا کہ جب عورتیں اور کنیزیں صاحب تسلط و اقتدار اور بچے حاکم ہونے لگیں گے۔ (بحار)

(۳) علقمہ ابن قیس سے روایت ہے کہ حضرت علیؑ نے کوفہ میں خطبۂ لؤلؤ کے آخر میں فرمایا کہ: آگاہ ہو جاؤ کہ میں عنقریب سفر آخرت کرنے والا ہوں اور عالم غیب کی طرف جانے والا ہوں، پس فتنۂ بنی اُمیہ، سلطنت کسرویہ اور دین اسلام کے معطل ہونے سے کہ جس کو خدا نے ہم پر ظاہر کیا اور بدعت کے برپا ہونے سے جس کو خدا نے معطل کیا، منتظر رہو اور اپنے مکانوں کو اپنا صومعہ قرار دو اور درخت غضا کی آگ کو کہ جو چالیس روز تک رہتی ہے اور بجھتی نہیں اپنے دانت میں دبائے رکھو (یعنی شدید مشقت کرو) اور خدا کا بہت ذکر کرو، کیونکہ اگر خدا کے ذکر کو سمجھ لو تو معلوم ہوگا کہ یہ ہر چیز سے بڑا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر فرمایا کہ : " دجلۂ دجیل اور فرات کے درمیان ایک شہر زورا کی بنا پڑے گی (اس سے بغداد مراد ہے) اور جب دیکھو کہ وہ شہر گچ اور پتھر سے محکم ہو جائے حالانکہ سونا، چاندی، لاجورد، مرمر و رخام اور اسی قسم کے پتھر بعض جگہ سرخ سفید اور زرد رنگ کے استعمال ہوں اور ہاتھی دانت، آبنوس کے جو سردار دروازے تعمیر ہوں اور اس کے قبے منقش ومذہب ہوں اور ساج، عرعر اور صنوبر کے درخت اس میں بہت ہو جائیں اور محلوں سے یہ محکم ہو جائے اور شاہان بنی شیبان جن کی تعداد چوبیس ہوگی یکے بعد دیگرے وہاں آئیں جو سفاح، مقلاص، جموع، خدوع، مظفر و مونث و نظار و کبش و مھتور و عشار و مصطلم و مستصعب و علام و رہبانے و خلیع و سیار و مترف و کدید و اکتب و مرف و اکلب و وسیم و ضلام و عینوق ہیں، خاکی رنگ کا ایک قبہ سرخ بیابان میں بنا ہوگا جس کے عقب سے ہمارے قائمؑ اپنے چہرے سے نقاب غیبت اٹھائیں گے، وہ ایک درخشندہ چاند کے مانند ہوں گے جو تاروں کے درمیان ہو۔

(۴) امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضرت امیرؑ نے آیت " فاختلف الاحزاب من بینھم " کے معنی سے متعلق فرمایا کہ تین چیزوں کے مشاہدہ کے منتظر رہو۔ (۱) اختلاف جو اہلِ شام کے درمیان واقع ہوگا (۲) دوسرے سیاہ پرچم جو خراسان کی طرف سے آئیں گے (۳) تیسرے اضطراب جو ماہِ رمضان میں واقع ہوگا۔

ایک شخص نے سوال کیا کہ وہ کیا اضطراب ہے۔ فرمایا کہ کیا تو نے یہ قولِ خدا نہیں پڑھا : ان نشا ننزل علیھم من السمآء اٰیۃ فظلت اعناقھم لھا خاضعین ٥

ترجمہ : ہر آئینہ ہم چاہتے ہیں کہ ان پر آسمان سے ایک نشان نازل کریں، اس وقت ان کی گردنیں اس نشانی سے خضوع و فروتنی کرنے لگیں گی۔

وہ آیت ایک آواز ہوگی جو آسمان سے آئے گی، یہ ایسی شدید ہوگی کہ باعفت لڑکیاں بے تحاشہ پردہ سے باہر ہو جائیں گی اور خوابیدہ انسان بیدار اور بیدار مضطرب ہو جائے گا۔ (تفسیر عیاشی ۔ بحار ج ۳)

(۵) شیخ صدوق نے کتاب خصال میں لکھا ہے کہ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ خداوند تعالیٰ نے ہماری ہی وجہ خلقتِ عالم کی ابتدا فرمائی اور ہماری ہی وجہ اس کو ختم کرے گا اور ہماری ہی وجہ جس چیز کو چاہے گا محو کرے گا اور ہمارے ہی سبب باقی رکھے گا اور ہمارے ہی سبب زمانہ کے اغتشاش ناسازگاری اور پریشانی کو دفع کرے گا۔ ہماری ہی برکت کے سبب بارش کو نازل کرتا ہے، پس تمہارا مغرور رہنا منفیسِ خدا سے غافل نہ کردے اور آسمان نزول رحمت کو حبس نہ کرے تا آنکہ ہمارے قائمؑ ظہور کریں اور آسمان سے قطرہ ہائے باراں نازل ہونے لگیں اور زمین اپنے نباتات اگا دے۔ ہر آئینہ عداوت وخصومت بندگانِ خدا کے قلوب سے زائل ہو جائے گی۔ چرندوں اور درندوں میں مصالحت ہو جائے گی، کوئی عورت شام سے عراق تک چلی جائے تو اس کے قدم سبزہ ونباتات کے سوا نہ ٹکے گیں، اس کا سامان زینت اس کے سر پر ہے گا نہ کوئی شخص اس سے معترض ہوگا اور نہ کوئی درندہ اس پر حملہ آور ہوگا اور وہ بھی ان سے نہیں ڈرے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گی۔ (بحارالانوار۔ ج ۱۳)

(۶) اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ جس وقت حضرت علیؑ مسجد کوفہ پہنچے تو اس کو ٹھیکریوں، شراب کے برتنوں وغیرہ سے بنی ہوئی پایا۔ حضرت نے فرمایا کہ وائے ہو اس شخص پر کہ جس نے تجھے خراب کیا اور اس پر جس نے تجھ کو سفال وغیرہ سے تعمیر کیا اور نوحؑ کے قبلہ کو بدل دیا اور ان لوگوں کے لئے خوشخبری ہے کہ جو ہم اہل بیت کے قائمؑ کے ساتھ تجھے خراب کرنے حاضر ہوں گے، وہ اس امت کے برگزیدہ لوگ ہوں گے جو میری عترت کے ساتھ ہوں گے۔

(۷) کتاب تہذیب میں شیخ طوسی سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت امیرالمومنینؑ نے کوفہ سے شہر حیرہ کی جانب تھوڑی دور تشریف لے جاکر فرمایا، یہ دونوں مقامات باہم متصل ہو جائیں گے۔ یہاں آبادی اس قدر بڑھ جائے گی کہ ایک گز زمین کی قیمت چند اشرفی ہو جائے گی۔ بہرحال حیرہ میں ایک مسجد تعمیر کی جائے گی جس کے پانچ سو دروازے ہوں گے۔ اس مسجد میں قائمؑ کے نائب نماز ادا کریں گے کیونکہ مسجد کوفہ ان کے لئے ناکافی ہو جائے گی اور مسجد کوفہ میں بارہ عادل پیش نماز، نماز پڑھائیں گے۔

حبہ عرنی نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ، آیا مسجد کوفہ اتنے آدمیوں کے لئے کافی ہو گی۔ فرمایا کہ قائمؑ کے لئے چار مساجد تعمیر کی جائیں گی۔ یہ سب میں چھوٹی مسجد ہو گی۔ اُن میں سے ایک یہ مسجد ہو گی جو کہ اب موجود ہے، دو مساجد کوفہ کی طرف اور ایک رود خانۂ اہل بصرہ اور اہل عزیان کی طرف تعمیر ہوں گی۔

(۸) کتاب عدا الغوبہ میں لکھا ہے کہ جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ گویا میں قائمؑ کو پشت نجف پر اس حالت میں دیکھ رہا ہوں کہ ان کے جسم پر رسولِ خدا کی زرہ اور اسپ ابلق پر سوار ہیں، جس کی پیشانی سفید ہو گی، وہ اس طرح حرکت کرے گا کہ ہر شہر کے رہنے والوں پر اس سفیدی کا نور درخشاں ہو گا۔ یہ چیز حضرت قائمؑ کے لئے ایک معجزہ ہو گی، اس کے بعد حضرت قائمؑ رسولِ خدا کا پرچم کھولیں گے۔ اس کے ساتھ ہی مشرق تا مغرب دُنیا نورانی ہو جائے گی۔

حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ گویا میں قائمؑ کو دیکھ رہا ہوں کہ ایسے گھوڑے پر سوار ہیں کہ جس کی پیشانی اور پیر سفید ہیں اور وہ وادی السلام سے مسجد سہلہ کی جانب یہ دُعا کرتے ہوئے جا رہے ہیں:

لا الٰہ الا اللہ حقاً حقاً لا الٰہ الا اللہ ایماناً وتصدیقاً لا الٰہ الا اللہ تعبداً ورقاً اللّٰھم معز کل مومن وحید ومذل کل جبار عنید انت کنفی حین تعییی المذاھب وتضیق علی الارض بما رحبت اللّٰھم خلقتنی وکنت غنیاً عن خلقی ولولا نصرک ایای لکنت من المغلوبین منشر الرحمۃ من مواضعھا ومخرج البرکات من معادنھا ویامن خص نفسہ المشموخ الرفعۃ فاولیاءہ بعزہ یتعززون یامن وضعت لہ الملوک یر المذلۃ علی اعناقھم فھم من سطوتہ خائفون اسالک باسمک الذی فطرت بہ خلقک فالکل لک مذعنون۔ اسالک ان ۔۔۔۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصلّی علی محمّدٍ وآل محمّدٍ وان تنجز لی امری وتعجّل لی فی الفرج وتکفینی وتعافینی تقضی حوائجی الساعۃ اللیلۃ انّک علی کلّ شیئٍ قدیر ہ

ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور یہ حق ہے۔ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جس پر ایمان لایا ہوں اور اس کی تصدیق کرتا ہوں کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے میں اس کا غلام اور بندہ ہوں۔ خداوندا تو ہر مومن کو عزت دینے والا اور ہر ظالم اور جابر عناد کنندہ کو ذلیل کرنے والا ہے، تو میرا پناہ و ملجا ہے، جس وقت کہ معیشت کے راستے مجھے عاجز کردیں اور زمین پر اس کی وسعت میرے لئے تنگ ہو جائے۔ خداوندا تو نے مجھ کو خلق کیا حالانکہ تجھ کو میرے خلق کرنے کی احتیاج بھی نہ تھی۔ اگر تو میری مدد نہ کرے۔ ہر آئینہ مغلوبین سے ہو جاؤں گا۔ اے رحمت کو اس کی جگہ سے منتشر کرنے والے اور معدنوں سے برکتوں کو باہر لانے والے، اے وہ کہ جس نے اپنی شان کی بلندی کو اپنے نفس پر منحصر کیا ہے، اُس کے اولیاء اس کی عزت کے ساتھ عزت پاتے ہیں، اے وہ کہ جس کے سامنے بادشاہان جہاں ریسمان ذلت اپنی گردنوں میں باندھے ہوئے ہیں اور وہ اس کی سطوت سے خائف ہیں تیرے نام کے طفیل میں کہ جس کی وجہ سے تو نے مخلوق کو اس طرح پیدا کیا کہ تیرے مطیع و منقاد ہیں، تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجے اور میرے امر کو عرصہ ظہور میں لائے اور میرے فرج میں تعجیل کرے، میرے ساتھ کفایت کرے اور عافیت عطا فرمائے، اس ساعت اور اس شب میرے حاجات بر لا، در حقیقت تو ہر شئے پر قادر ہے۔

(۹) ابن کوا نے عرض کی کہ یا امیر المومنینؑ کیا آپ نے اپنے کلام پر غور فرمایا کہ جمادی اور رجب کے درمیان بہت سے امور تعجب خیز واقع ہوں گے۔ حضرت نے فرمایا کہ اے ابن کوا وائے ہو تجھ پر اس امر عجیب سے مُراد مردوں کے پراگندہ شدہ اجزاء کو جمع کرنا ان کو زندہ کرنا اور نباتات یعنی کفار و منافقین کو ہلاک کرنا اور دیگر فسادوں کا واقع ہونا ہے جو ہلاک کنندہ ہوں گے۔ اس وقت نہ میں رہوں گا اور نہ تو۔

(۱۰) عبایۂ اسدی سے روایت ہے کہ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ البتہ شہر مصر میں ایک منبر تعمیر کروں گا اور شہر دمشق کو سنگ بہ سنگ یعنی خانہ بہ خانہ خراب کردوں گا اور یہود و نصاریٰ کو عربوں کے تمام شہروں سے نکال باہر کردوں گا اور عرب کے ایک طائفہ کو چارپایوں کی مانند اس عصا سے ہانکوں گا۔ عبایۂ نے عرض کی یا امیر المومنینؑ گویا آپ اطلاع دیتے ہیں کہ مرنے کے بعد پھر زندہ ہوں گے۔ حضرت نے فرمایا کہ افسوس اے عبایۂ تو نے میرا مقصد سمجھنے میں خطا کی کیونکہ یہ کام میں نہیں کروں گا بلکہ میری اولاد سے میرا ایک فرزند کرے گا۔

۱۱۔ فتح ہند و روم: ابن الکوا نے عرض کیا کہ یا امیر المومنینؑ ہم نے سُنا ہے کہ رسولِ خدا نے فرمایا کہ ہم نے ایک مرد کو دیکھا ہے جو سن میں اپنے باپ سے زیادہ تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ ہاں اے ابن الکوا وائے ہو تجھ پر آنحضرت صلعم اپنے پرچم کو حرکت میں لائیں گے اور اس کو اپنی تلوار کے ساتھ ہمارے قائمؑ کو دیں گے۔ اس کے بعد جس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قدر خدا چاہے ہم دنیا میں قیام کریں گے۔ اس کے بعد خدا مسجد کوفہ سے ایک چشمہ روغن، ایک چشمہ آب اور ایک دودھ کا چشمہ پیدا کرے گا۔ اس کے بعد حضرت قائمؑ شمشیر رسولؐ خدا لے کر مشرق جائیں گے۔ کسی دشمن خدا کو زندہ نہ چھوڑیں گے، کوئی بت باقی نہ رکھا جائے گا۔ حتیٰ کہ ہندوستان بھی فتح کر لیا جائے گا۔

(بحار ج ۱۳ دارالسلام ص ۲۱۶)

۱۲۔ **ثواب فرج:** شیخ صدوق سے روایت ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ قائمؑ کے منتظر فرج رہو اور خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہو کہ خدا کے نزدیک محبوب ترین اعمال انتظار فرج ہے۔

اس کے بعد فرمایا کہ پہاڑوں کا جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دینا ایک ایسے بادشاہ کی خدمت و مدارا کرنے کی بہ نسبت آسان ہے کہ جس کی مدت سلطنت طویل ہو، پس خدا سے مدد چاہو، اور صبر کرو کیونکہ زمین ملک خدا ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور عاقبت کام متقیوں کے ساتھ ہے۔ اس وقت کے آنے سے پہلے اس امر کے لیے تعجیل نہ کرو کہ باعث پشیمانی ہوگی اور اس مدت کو طویل نہ سمجھو کہ قساوت قلب کا باعث ہوگا۔ ہر شخص جو ہمارے امر کے میں ہمارا ساتھ دے گا مقام قدس میں ہمارے ساتھ رہے گا اور جو شخص ہمارے امر کے ظہور کا منتظر رہے گا وہ اس شخص کے مانند ہوگا جو راہ خدا میں غلطاں ہوا ہو۔ (کتاب الخصال)

۱۳۔ عدد القویہ میں مرقوم ہے کہ سلمان محمدی نے پوچھا کہ یا امیرالمومنین حضرت قائم جو آپ کی اولاد سے ہوں گے، کب ظہور کریں گے۔ حضرت نے ایک آہ کھینچ کر فرمایا کہ قائمؑ اس وقت تک ظہور نہ کریں گے جب تک کہ اطفال حکومت نہ کرنے لگیں اور حقوق خدا ضائع نہ ہوں ... اور شہر بصرہ خراب نہ ہو۔ (دارالسلام ص ۳۶۵)

۱۴۔ بعد ظہور جب حضرت قائمؑ کوفہ جائیں گے اور جنگ کر کے کوفہ پر قبضہ کر لیں گے، اپنے اصحاب کے ساتھ عذرا جائیں گے، جہاں لوگوں کی ایک کثیر تعداد آپ سے ملحق ہوگی۔ سفیانی اس روز وادی رملہ میں ہوگا، پس دو لشکر آپس میں اس روز ملاقی ہوں گے، یہ روز تغیر و تبدل کا ہوگا۔ چونکہ شیعوں کا ایک گروہ جو سفیانی کے لشکر میں ہوگا... حضرت قائمؑ سے ملحق ہو جائے گا اور دوستان آل ابی سفیان جو حضرت کے ساتھ ہوں گے، سفیانی کے پاس چلے جائیں گے۔

پھر حضرت نے فرمایا کہ سفیانی اور اس کے تمام تابعین اس روز مار ڈالے جائیں گے، ایک آدمی بھی نہ بچے گا کہ ان کی خبر لے جائے۔ اس روز ناامید وہ شخص ہوگا جو بنی کلب کے اموال و غنیمت سے جو کہ سفیانی کے خالو کے قبیلے سے ہوں گے محروم رہے، اس کے بعد قائمؑ کوفہ واپس ہو کر قیام کریں گے۔ کوئی مسلم غلام نہ ہوگا مگر یہ کہ آزاد کر دیا جائے گا۔ کسی کے ذمہ کوئی مظلمہ نہ ہوگا۔ مگر یہ کہ اس کے صاحب کی طرف رد کر دیا جائے، کوئی شخص کسی سے مارا نہ جائے گا مگر یہ کہ اس کی دیت اس کے ورثا کی طرف پلٹا دی جائے گی۔ یہاں تک کہ پوری زمین عدل و داد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے بھر جائے گی جیسا کہ ظلم و جور سے بھری ہوگی۔ قائمؑ اور ان کے اہلِ بیت کوفہ کے محلہ رحبہ میں قیام کریں گے جہاں حضرت نوحؑ رہتے تھے۔

۱۵۔ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ ہمارے قائمؑ اس وقت تک ظہور نہ کریں گے جب تک کہ چشمِ دُنیا اندھی نہ ہو جائے اور آسمان پر پھر سرخی ظاہر نہ ہوگی جب تک کہ اہلِ زمین کے درمیان ایک ایسی قوم ظاہر نہ ہو جنھیں کبھی خیر نصیب ہی نہ ہوتا ہو، وہ مخلوق کو میرے فرزند کی اطاعت کے لئے بلائیں گے حالانکہ ان کے قلوب اس سے بیزار رہیں گے۔ یہ بدّوؤں کا ایک طائفہ ہوگا جو خیر سے بے بہرہ ہوگا اور یہ اشرار پر مسلّط ہوں گے۔ ظالمین کے ساتھ فتنہ برپا کریں گے اور بادشاہوں کو قتل کریں گے۔ یہ لوگ کوفہ کے اطراف ظاہر ہوں گے، ان کا بزرگ ایک شخص ہوگا جس کا چہرہ بھی سیاہ ہوگا اور دِل بھی سیاہ ہوگا۔ وہ دیانت و خیر سے بے بہرہ ہوگا۔ وہ نا نجیب لئیم درشت گو مادرِ زناکار سے جنا ہوا، بدترین نسل سے ہوگا۔ جس سال میری اولاد سے ایک شخص جو صاحبِ پرچم سُرخ و علم سبز ہوگا ظہور کرے گا۔ خدا اُس کو آبِ باراں پہنچائے گا۔ اس کے ظہور کا وہ دن ہوگا کہ شہر انبار و نہر ہیت کے لوگ اس کے ظہور سے نا اُمید ہو چکے ہوں گے اور وہ، وہ روز ہوگا کہ ہلاکت اکراد و بکینگان اور فراعنہ کے شہر کی خرابی ہوگی جو کہ جباروں اور ظالمین کا مسکن اور معدن بلا و بے ناموسی ہوگا۔ اے عمر بن سعد، پروردگارِ علیؑ کی قسم سرآئینہ وہ شہر بغداد ہوگا۔ آگاہ ہو، بنی اُمیّہ اور بنی عباس کے غاصبوں پر خدا کی لعنت ہو کہ وہ ہمارے ساتھ خیانت کرتے رہیں گے اور میری اولاد سے نیکوں کو قتل کریں گے۔ میرے عہد و پیمان کی وجہ وہ ان سے نہ ہی رعایت کریں گے اور نہ میری حُرمت کا لحاظ رکھیں گے اور اپنے اُمور میں خدا سے نہ ڈریں گے۔ بہ تحقیق کہ بنی عباس کے لئے ان کی دولت و حکومت کے زوال کا ایک روز آئے گا۔ اُس وقت وضع حمل کے وقت کسی عورت کی نالہ و زاری کی طرح ان کی آہ و زاری ہوگی۔ وائے ہو بنی عبّاس کے تابعین پر اس جنگ سے کہ جو نہاوند اور دینور کے درمیان واقع ہوگی، یہ فقرائے شیعیانِ علیؑ کا محاربہ ہوگا جن کا بزرگ اہلِ ہمدان کا ایک شخص ہوگا جو پیغمبر کا ہم نام ہوگا۔ یہ ایک خوش خلق، شریف تر و تازہ رنگ والا، خندہ مژگاں، فراخ گردن، کم بال والا اور اس کے پیش دنداں ایک دوسرے سے جُدا ہو لگے جب گھوڑے پر سوار ہوگا بدری معلوم ہوگا کہ جو زیرِ ابر دیکھا جائے۔ اس کا لشکر ایک گروہ ہوگا جو تصدیقِ دینِ خُدا میں بہترین لوگوں پر مشتمل ہوگا۔ خضوع و خشوع و تقرب میں یہ عرب کے پہلوان ہوں گے جو اُس روز شدید جنگ کریں گے اور دشمنوں پر فتح پائیں گے اور دشمن ہلاک و فنا ہوں گے۔ (بحار۔ ج ۱۳، دار السلام ص ۳۴۵)

۱۶۔ اسی کتاب میں اصبغ بن نباتہ سے مروی ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ ایک سو پچاس سال کے بعد امیران کافر امیناں خائن اور عارفان فاسق آئیں گے۔ تجّار بہت ہو جائیں گے مگر منافع کم ہوگا، سود خواری فاش اولادِ زنا بہت زیادہ ہوگی، معروف آدمی سے لوگ انکار کریں گے، بزرگوں کے مالِ پریشان کریں گے، عورتیں عورتوں پر اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرد مردوں پر اکتفا کریں گے۔ ایک شخص نے عرض کیا... کہ اس زمانہ میں کیا کرنا چاہیئے؟ فرمایا کہ بھاگ جانا چاہیئے، بھاگ جانا چاہیئے، بدرستیکہ خداوند تعالیٰ نے اپنی عدالت کو پھیلا دیا ہے، جب تک کہ قاری امراء کی طرف میل نہ کریں، اور ان میں کے نیکو کار فسق و فجور سے ممانعت نہ کریں، پس اگر یہ نیکو کار نہیں اور ان سے نفرت نہ کریں اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہیں تو خداوندِ عالم کہے گا کہ انہوں نے جھوٹ کہا۔ (دارالسلام ص ۳۴۹)

۱۷۔ گنہگار اول وحقوق امیرالمومنین ع: حضرت امیرالمومنین ع نے فرمایا کہ اے لوگو! سب سے پہلے جس نے خدا کی معصیت کی وہ عناق بنت آدم تھی۔ خدا نے اس کے دونوں ہاتھوں میں بیس انگلیاں اور ہر انگلی میں درانتی کے مانند دو دو ناخن دیئے تھے۔ اس کے بیٹھنے کا مقام ایک مربع جریب زمین تھی۔ جب اس نے معصیت کی خداوندِ عالم نے اونٹ کے برابر ایک شیر اور گھوڑے کے برابر ایک گدھ کو اس کو ہلاک کرنے بھیجا اور انھوں نے اسے ہلاک کر دیا۔ پھر فرمایا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ خدا نے فرعون و ہامان کو ہلاک کیا اور قارون کو زمین میں دھنسا دیا۔ اس قصّہ کا ذکر اپنے دشمنوں کے لئے ازراہِ مثل ہے کہ اس کے حق کو غصب کیا تھا، پس خدا نے ان کو ہلاک کر دیا۔

اس کے بعد حضرت نے فرمایا کہ میرا ایک حق تھا جس کو میرے سوا کسی اور نے حاصل کر لیا جس کے لئے وہ نہ تھا اور میں نے بھی اُس کو شریک نہ کیا تھا۔ اس باب میں اُس کی توبہ قبول نہیں ہوتی مگر یہ کہ تازہ نازل شدہ کتاب کے ساتھ یا تازہ مبعوث شدہ پیغمبر کے ساتھ کیونکہ اُس کی توبہ اس پیغمبر کے ارشاد اور اس کتاب کے احکام کے پیشِ نظر قبول نہ ہوگی۔ اب حال یہ ہے کہ آنحضرت صلعم کے بعد کوئی رسول یا نبی آنے والا نہیں ہے، پھر یہ توبہ کس طرح کر سکتے ہیں حالانکہ عالمِ برزخ کے بعد قیامت ہے۔ دنیا اور شیطان نے اُس کو معاملۂ خدا میں فریب دیا اور اُس کو خدا کی مخالفت اور معصیت میں مبتلا کیا اور وہ اپنی منزل پر پہنچا دیا گیا۔ خدائے تعالیٰ ستم گاروں کی ہدایت نہیں کرتا اور ان کی مُراد نہیں بر لاتا، اسی طرح قائم ع کی مثال غیبت میں جاتے اور موسیٰ کی طرح فرعون سے ڈرنے اور پنہاں ہونے کی ہے۔ (بحار ج ۱۳ ص ۳۳)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حدیث غمامہ

اس باب میں آئمہ طاہرین علیہم السلام کے بے شمار اقوال موجود ہیں کہ عاملان علوم اسمائے الہٰی وافعال خداوندی اور علمائے صفات وکمال الہیہ اس کے خلفاء اور اوصیا ہیں جن کا متصف بہ اوصاف خدا ہونا ضروری ہے۔ حدیث غمامہ کا شمار ان احادیث میں ہے جن میں آئمہ طاہرین کے اقتدارات و تصرف کا ذکر ہے۔

سلمان محمدی سے روایت ہے کہ خلافت دوم کے زمانہ میں ایک روز امام حسن و امام حسین علیہم السلام، محمد بن حنیفہ، محمد بن ابوبکر، عمار ابن یاسر، مقداد ابن اسود کندی اور وہ خود حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے اور سب نے امام حسن علیہ السلام سے تحریک کی اور آپ نے عرض کی کہ بابا۔ خداوند عالم نے سلیمان ابن داؤد کو ایسا ملک عظیم عطا فرمایا تھا کہ تمام عالمین میں کسی کو عطا نہ کیا تھا۔ بابا ملک سلیمان سے کیا خدا نے آپ کو بھی کچھ عطا فرمایا ہے۔

حضرت امیرالمومنین ؑ نے فرمایا کہ وہ جس نے دانہ کو شگافتہ کیا اور جانداروں کو عدم سے وجود میں لایا تمہارے باپ کو ایسا ملک عظیم عطا کیا ہے کہ اس سے قبل نہ کسی کو عطا کیا تھا اور نہ بعد عطا کرے گا۔

حضرت امام حسن ؑ نے عرض کیا کہ بابا ہم چاہتے ہیں کہ خدا نے آپ کو جو ملک عطا کیا ہے اس میں سے کچھ عالم ملکوت کو دیکھیں۔

حضرت نے دو رکعت نماز ادا کی اور صحن خانہ میں تشریف لے جا کر اپنے ہاتھ کو مغرب کی طرف دراز کر کے اشارہ کیا اس کے ساتھ ہی ایک بادل کا ٹکڑا آ کر پورے مکان کو گھیر لیا اس بادل کی ایک جانب ایک اور بادل تھا اس کو بھی حکم فرمایا کہ نیچے اتر آئے۔

سلمان کہتے ہیں کہ خدائے عظیم کی قسم ہے کہ ہم نے دیکھا کہ بادل نیچے اتر آیا اور کہنے لگا اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ وانک وصی رسول کریم محمد رسول اللہ وانت ولیہ ومن شک فیک فقد ھلک ومن تمسک بک فقد سلک بسبیل النجاۃ (یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندہ اور رسول ہیں اور بیشک آپ رسول ؐ کریم کے وصی ہیں۔ محمدؐ خدا کے رسول ؐ اور آپ اس کے ولی ہیں جس نے اس میں شک کیا اس نے اپنے کو ہلاک کیا اور جو آپ سے متمسک ہوا اس نے اپنے کو سبیل نجات سے متمسک کر لیا۔)

پس دونوں ابر نیچے اتر آئے اور ایک بساط کی طرح زمین پر پھیل گئے۔ ان سے اصلی مشک کی خوشبو آرہی تھی اور ہم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ اٹھو اور سب اس ابر پر بیٹھ جاؤ۔ پس ہم نے حکم کی تعمیل کی۔ اس کے بعد حضرت اٹھ کھڑے ہوئے اور مغرب کی طرف اشارہ کر کے کچھ کہنے لگے جس کو ہم میں سے کسی نے بھی نہ سمجھا۔ ابھی آپ کا کلام تمام نہ ہوا تھا کہ ہوا بادل کے نیچے داخل ہوئی اور اس کو بلند کرنے لگی۔ اس کے بعد حضرت۔ دوسرے ابر پر ایک نور کی کرسی پر بیٹھے جو زرد کپڑے سے مزین تھی۔ حضرت کے سر پر یاقوت سرخ کا تاج تھا اور پیر میں چمکدار یاقوت کے نعلین تھے اور ہاتھ میں دربیضا کی انگوٹھی تھی اور چہرے سے ایسا نور ساطع ہو رہا تھا کہ آنکھیں خیرہ کر رہی تھیں۔

پس امام حسنؑ نے عرض کیا کہ بابا سلیمان ابن داؤد کی انگوٹھی کی وجہ سب ان کے مطیع تھے۔ آپ کی اطاعت میں کس وجہ سے ہیں۔

حضرت نے فرمایا" ولدی اناوجہ اللّٰہ وعین اللّٰہ ولسان اللّٰہ الناطق فی خلقہ وانا ولی اللّٰہ وانا نور اللّٰہ وانا باب اللّٰہ وانا کنز اللّٰہ وانا القدرۃ المقدرۃ وانا قسیم الجنۃ والنار وانا سید الفریقین یا ولدی اتحب ان اریک خاتم سلیمان بن داؤد" یعنی اے فرزند میں وجہ اللہ، عین اللہ اور مخلوق میں خدا کی زبان ناطق ہوں اور میں اللہ کا ولی اللہ کا نور اور معرفت خدا کے لئے اس تک پہونچنے کا راستہ اور دروازہ ہوں اور میں اللہ کا خزانہ ہوں میں تقدیر ساز قدرت ہوں اور میں جنت وجہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں۔

دونوں فریقوں کا سردار ہوں۔ اے فرزند کیا تم چاہتے ہو کہ خاتم سلیمان کو دیکھو۔ عرض کیا کہ ہاں۔ سلمان نے کہا کہ حضرت نے کرسی کے کپڑے کے نیچے ہاتھ داخل کر کے انگوٹھی نکالی جو سونے اور چاندی سے بنی ہوئی تھی اور اس میں یاقوت سرخ لگا ہوا تھا جس پر چار سطریں لکھی ہوئی تھیں اور فرمایا کہ خدا کی قسم یہی خاتم سلیمان ابن داؤد ہے جس پر ہمارے نام لکھے ہوئے ہیں۔ عرض کیا کہ ہمارے باقی ساتھی اس سے متعجب ہیں۔

حضرت نے فرمایا کہ کس چیز سے تعجب کرتے ہو۔ یہ کون سی عجیب بات ہے۔ بیشک آج میں تم کو وہ چیزیں دکھاؤں گا جو آج تک کسی نے دیکھا ہے اور نہ آئندہ دیکھے گا۔

امام حسنؑ نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ ہم چاہتے ہیں کہ یاجوج ماجوج اور ان کی دیوار کو دیکھیں پس حضرت نے ہوا کو حکم دیا کہ اس طرف لے چلے۔ سلمان کا بیان ہے کہ خدا کی قسم جب ہوا نے اس حکم کو سنا بادل کے نیچے داخل ہوئی اور ہم کو فضا میں لے چلی یہاں تک کہ ہم ایک بلند پہاڑ پر پہونچے جس پر ایک خشک درخت تھا جس کے تمام پتے گر چکے تھے۔ ہم نے پوچھا کہ اس درخت کا کیا حال ہے کہ خشک ہو چکا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اسی سے سوال کرو کہ وہ تمہیں جواب دے گا۔

پس امام حسنؑ نے پوچھا کہ اے درخت تیرا یہ کیا ہے حال ہے تو ہی بیان کر کہ ہم نہیں جانتے مگر درخت نے جواب نہ دیا پھر حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ اے درخت میرے حق کا واسطہ انہیں اللہ کے حکم سے جواب دے۔ سلمان کہتے ہیں کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدائے عظیم کی قسم کہ ہم نے سنا کہ درخت کہنے لگا کہ لبیک لبیک یا وصی رسول اللہ وخلیفۃ من بعدہ حقاً۔ پھر فرمایا کہ تیرے حال سے مطلع کر۔ پس اس نے امام حسنؑ کو کہا کہ اے ابا محمدؐ آپ کے پدر بزرگوار امیر المومنینؑ ہر رات میرے پاس آکر نماز پڑھتے اور خدا کی تسبیح بجا لاتے تھے۔ جب وہ نماز و تسبیح سے فارغ ہوتے ایک سفید بادل آتا تھا جس سے مشک کی خوشبو آتی تھی اور اس پر ایک کرسی رہتی تھی جس پر وہ بیٹھ کر سفر کرتے تھے اور میں ہر رات اس کی خوشبو سے زندہ اور تر و تازہ رہتا تھا۔ چالیس راتیں گزر گئیں کہ وہ نہیں آئے اور اس وقت تک مجھے ان کی کوئی خبر بھی نہ ملی تھی وہ شخص کہ جو مجھ پر مہربان ہو کس طرح اس کو بھول سکتا ہوں پس ان کے نہ آنے کے غم و حزن میں میں نے اپنے کو کھو دیا۔ اے میرے سردار ان سے کہیے کہ میرے پاس بیٹھنے کا عہد کریں تاکہ میں ان کی خوشبو سے اور ان کے مجھ پر ایک نظر ڈالنے سے اسی وقت سرسبز و شاداب ہو جاؤں۔

سلمان نے عرض کیا کہ ہمارے باقی لوگ اس سے متعجب ہیں۔ حضرت کھڑے ہو گئے اور کرسی سے اتر کر درخت کے قریب تشریف لے گئے اور اپنے دست مبارک سے اس کو مس کیا۔ سلمان کہتے ہیں کہ خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ ہم نے دیکھا کہ درخت یکایک سبز ہو گیا اور اس کو خدا کی قدرت سے پتے اور پھل لگ گئے۔ پس ہم نے وہ پھل کھائے جو شکر سے زیادہ میٹھے تھے پس ہم نے کہا کہ یا امیر المومنین یہ بھی عجیب ہے حضرت نے فرمایا کہ جو اس کے بعد دیکھو گے عجیب تر ہے۔ پھر آپ اپنے مقام پر واپس آگئے۔

پھر حضرت نے ہوا کو حکم دیا کہ لے چلے پس ہوا بادل کے نیچے داخل ہوئی اور ہم کو بلند کرنے لگی یہاں تک کہ دنیا ہم کو سر کے برابر نظر آنے لگی اور ہم نے دیکھا کہ ہوا میں ایک فرشتہ کھڑا ہے۔ جس کا سر آفتاب کے نیچے اور اس کے پیر سمندر کی تہ میں اور اس کا ایک ہاتھ مشرق اور دوسرا مغرب میں ہے پس جب اس نے ہماری طرف نظر کیا کہنے لگا کہ:

"اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ وانک وصیہ حقاً ولا شک فیہ فمن شک فیک فھو کافر" ہم نے پوچھا کہ یا امیر المومنین یہ فرشتہ کون ہے اور اس کے ہاتھوں کا کیا حال ہے کہ ایک مشرق میں ہے اور دوسرا مغرب میں ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اس کو یہاں میں نے حکم خدا سے کھڑا کیا ہے اور اس کو رات کے اندھیرے اور دن کی روشنی پر وکیل کیا ہے۔ یہ اسی طرح قیامت تک رہے گا۔ بیشک میں خدا کی اجازت اور اس کے حکم سے امور دنیا کی تدبیر کرتا اور پیدا کرتا ہوں جو چاہتا ہوں بندوں کے اعمال میرے پاس پیش کئے جاتے ہیں جن کو خداوند عزوجل کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں۔ پس ہم اس طرح اڑتے ہوئے یاجوج و ماجوج کی دیوار پر رکے اور حضرت ایک بلند پہاڑ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جو دیوار کے قریب تھا جس کی بلندی حد نظر تک تھی اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رات کی طرح اس پر سیاہی تھی اور اس میں سے دھواں نکل رہا تھا ہوا کو حکم فرمایا کہ نیچے اتارے اور فرمایا کہ میں اس دیار کا مالک ہوں جوان لوگوں کے لئے بنائی گئی ہے۔ سلمان بیان کرتے ہیں کہ ہم نے تین قسم کے آدمی وہاں دیکھے ایک تو طویل قامت لوگ تھے جن میں سے ہر آدمی اکیس ہاتھ اونچا تھا اور دس ہاتھ چوڑا تھا۔ دوسری صنف بھی اسی طرح ایک ہی قامت کے آدمیوں پر مشتمل تھی جن میں ہر آدمی ایک سو ہاتھ اونچا اور ستر ہاتھ چوڑا تھا۔ تیسری صنف کے لوگوں کے کان اتنے بڑے تھے کہ وہ ایک کان نیچے بچھا کر دوسرا کان اوڑھ لیتے تھے۔

اس کے بعد حضرت نے ہوا کو حکم دیا کہ کوہ قاف کی طرف لے چلے پس ہم ایک پہاڑ پر پہونچے۔ جو یاقوت سبز کا تھا اور دنیا کو گھیرا ہوا ہے۔ اس پہاڑ پر انسانی شکل کا ایک فرشتہ تھا جو کوہ قاف کا موکل ہے جوں ہی اس فرشتہ کی نظر حضرت امیرالمومنین علیہ السلام پر پڑی اس نے کہا کہ "السلام علیک یا امیرالمومنین ؑ اتاذن لی فی الکلام (یعنی اے امیرالمومنین آپ پر سلام ہو کیا مجھے بات کرنے کی اجازت ہے) پس حضرت نے اس کو رد کرتے ہوئے فرمایا کہ میں تجھے خبردار کرتا ہوں کہ بات کرنے کا ارادہ نہ کرے مجھے تجھ سے سوال کرنا چاہیئے یا تجھ کو مجھ سے؟ ملک نے جواب دیا کہ البتہ آپ کو یا امیرالمومنین حضرت نے فرمایا کہ میں نے تجھے تیرے دوست کے پاس جانے اور اس کی زیارت کی اجازت دی۔ پس اس فرشتہ نے عجلت کی اور کہا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اڑ گیا اور ہماری نظر سے غائب ہو گیا۔

سلمان نے کہا کہ ہم اس پہاڑ سے بھی آگے بڑھے یہاں تک کہ پھر ایک ویسے ہی خشک درخت کے پاس پہونچے جو پہلے کے مثل تھا۔ میں نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین ؑ اس درخت کا کیا حال ہے کہ خشک ہو گیا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اسی سے سوال کرو۔ پس امام حسن علیہ السلام اٹھے اور درخت سے فرمایا کہ تجھ کو امیرالمومنین کی قسم بیان کر کہ یہ تیرا کیا حال ہے۔

سلمان کہتے ہیں کہ درخت نے عرض کیا کہ یا ابا محمدؐ بہ تحقیق کہ میں تمام درختوں پر فخر کرتا ہوں اور تمام اشجار میری وجہ فخر کرتے ہیں اور یہ سب آپ کے پدر بزرگوار کی وجہ ہے کہ وہ ہر شب ثلث اول میں یہاں آتے اور یہاں نماز اور تسبیح بہ بارگاہ عز وجل بجا لاتے تھے پھر اس کے بعد شکی سیاہ گھوڑے پر سوار ہو کر واپس جاتے تھے اور میں ان کی خوشبو سے بہ عیش و انتہا اپنا وقت گذارتا تھا۔ چالیس راتیں گذر گئیں کہ نہ وہ تشریف لائے اور نہ میں ان کو دیکھ سکا۔ پس ہم نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین خدا سے دعا کیجئے کہ درخت کو اسی حالت پر لوٹا دے جیسا کہ یہ پہلے تھا۔ پس حضرت نے اپنے دست مبارک سے درخت کو مس کیا اور کہا کہ اے بادشاہوں کے بادشاہ اس درخت کے لئے ہماری دعا کو سن۔

اس کے ساتھ ہی درخت نے گواہی دی کہ "اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمدا رسول اللہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وانک امین ھذہ الامۃ ووصی رسول اللہ من تمسک بک فقد نجی ومن خالفک فقد غوی" (یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی خدا نہیں ہے سوائے اللہ کے اور بیشک محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور بہ تحقیق کہ آپ اس امت کے امین اور رسول اللہ کے وصی ہیں جو آپ سے متمسک ہوا اس نے ضرور نجات پائی اور جس نے آپ سے مخالفت کی وہ ضرور گمراہ ہوا۔)

پس درخت سبز ہوگیا اور اس میں پتے بھی آگئے اور ہم اس کے نیچے تھوڑی دیر بیٹھے اور عرض کیا یا امیر المومنینؑ وہ فرشتہ کہاں چلا گیا۔ حضرت نے فرمایا کہ میں کل کوہ ظلمت پر تھا وہاں کے ایک فرشتہ نے اس فرشتہ سے ملنے کی اجازت مانگی تو میں نے آج کے دن کے لئے اس کو اجازت دی تھی۔ ہم نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین کیا یہ فرشتے اپنے مقام سے بغیر آپ کی اجازت کے نہیں ہٹ سکتے۔ حضرت نے فرمایا کہ اس کی قسم کہ جس نے آسمانوں کو بغیر ستون کے بلند کیا ان میں سے کوئی فرشتہ ایک چشم زدن کے لئے بھی میری اجازت کے بغیر اپنے مقام سے ہٹنے کا خیال بھی نہیں کر سکتا ورنہ وہ جل جائے گا۔ پھر ہم نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین کیا آپ اپنے مقام پر ہمارے ساتھ نہیں رہتے پھر آپ کوہ قاف کس وقت تشریف لے جاتے ہیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تم لوگ اپنی آنکھیں بند کر لو پس ہم نے آنکھیں بند کریں۔

پھر فرمایا کہ آنکھیں کھولیں اور ہم نے آنکھیں کھولیں اب ہم اس شہر کے قریب پہونچ گئے تھے جو امیر المومنین کی منزل مقصود تھی۔ حضرت نے فرمایا کہ ہم پہونچ چکے ہیں مگر تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ ہم کہاں ہیں۔ پس ہم نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین وصی رسول سے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔

پھر فرمایا کہ بیشک میں مالک ہوں ایسے ملک کا جس کو تم لوگ دیکھو گے تو کہو گے کہ بس آپ ہی آپ ہیں اور میں اس کی مخلوق میں سے ایک ہوں اور کھاتا پیتا ہوں۔ پھر ہم ایک باغ میں پہونچے جو جنت کے باغ کے مانند تھا پس ہم ایک جوان کے قریب پہونچے جو دو قبروں کے درمیان نماز ادا کر رہا تھا ہم نے پوچھا کہ یا امیر المومنین یہ جوان کون ہے؟ فرمایا کہ یہ میرا بھائی صالح ہے اور یہ ان کے والدین کی قبریں ہیں جن کے درمیان یہ خدا کی عبادت کر رہے ہیں اس کے بعد انہوں نے ہماری طرف اور حضرت امیر المومنین کی طرف نظر کی اور رونے لگے اور جب رونے سے فارغ ہوئے تو ہم نے رونے کا سبب پوچھا۔ انہوں نے جواب دیا کہ بہ تحقیق کہ امیر المومنین ہر صبح یہاں آتے تھے مجھے ان سے انس ہوگیا ہے اور ان کے آنے سے میری عبادت میں زیادتی ہوتی ہے اس تشریف لانے کو حضرت نے چالیس روز سے منقطع کردیا۔ پس یہی میرا غم واندوہ میری اشک ریزی شدت شوق کی وجہ ہے جو میرے اختیار میں نہیں ہے اب میں نے اپنے مقصد کو پالیا جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔ پس ہم نے عرض کیا کہ یا امیر المومنینؑ ہم اب تک جو کچھ دیکھ چکے ہیں ان میں سب سے زیادہ عجیب ہے آپ ہمیشہ ہمارے ساتھ رہتے ہیں پھر اس مرد کے پاس کس طرح اور کب آتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت نے فرمایا کہ کیا تم سلیمان ابن داؤد کو دیکھنا چاہتے ہو۔ ہم نے جواب دیا کہ جی ہاں بس حضرت کھڑے ہو گئے اور ایک طرف چلنے لگے اور ہم سب بھی ان کے پیچھے روانہ ہوئے یہاں تک کہ ایک ایسے باغ میں داخل ہوئے کہ اس کے مثل ہم نے کبھی نہیں دیکھا تھا اس میں تمام میووں کے درخت تھے اور نہریں جاری تھیں اور طیور ترنم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کر رہے تھے۔ جب ان پرندوں نے امیرالمومنین کو دیکھا آپ کے سر پر اپنے پروں کو پھیلا کر سایہ کر دیا اس باغ کے وسط میں فیروزہ کے ایک تخت پر ایک جوان نظر آیا۔ جس کی نظر نیچے کی طرف اور ہاتھ سینہ پر تھا اور اس کے ہاتھ میں انگوٹھی تھی اس کے سر پر ایک کپڑا تھا اور پیروں میں ایک کپڑا تھا۔ جوں ہی اس نے امیرالمومنین علیہ السلام کو دیکھا آپ کے قدموں پر جھک گیا اور اپنے چہرے کو مٹی پر رگڑنے لگا یہاں تک کہ وہ گرد آلود ہو گیا ہم نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین کیا یہ سلیمان ہیں فرمایا کہ ہاں اور اپنے ہاتھ سے انگوٹھی اتارتے ہوئے فرمایا کہ یہ خاتم سلیمان ہے اور سلیمان کو پہنا دیا۔ پھر فرمایا کہ اے سلیمان اس بڑے حیات بخشنے والے کے حکم سے اٹھو کر جو قدیم ہے وھو الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم القھار رب السموات والارضین وربی ورب آبآئنا الاولین۔

سلمان کہتے ہیں کہ ہم نے سلیمان کو یہ کہتے سنا کہ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ ارسلہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون واشھد انک وصی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ الامین الھادی وانی سئلت ربی آن اکون من شیعتک ولولا قلت ذالک ماملکت شیئاً۔

سلمان کا بیان ہے کہ جب میں نے وہ سنا اور وہ ثابت ہو گیا اور امیرالمومنین آگے بڑھے اور سلیمان سو گئے اور ہم اٹھے اور کوہ قاف کی طرف بڑھے اور سوال کیا کہ قاف کے آگے کیا ہے فرمایا کہ اس کے آگے چالیس دنیا ہیں اور یہ تمام دنیا ہماری دنیا کے مثل ہیں جہاں سے ہم آ رہے ہیں اور ہر دنیا اس سے چالیس گنا بڑی ہے پھر میں نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین آپ کو اس کا علم کس طرح ہوا۔ فرمایا کہ ان عوالم سے متعلق اور جو کچھ وہاں ہے میرا علم پوچھتے ہو میں تو ان کا حفیظ اور رسول اللہ کے بعد ان پر گواہ و شہید ہوں اور اسی طرح میرے بعد میرے فرزندوں سے میرے اوصیاء گواہ ہوں گے۔

پھر فرمایا کہ بہ تحقیق میں زمینوں اور آسمانوں کے راستوں کو جانتا ہوں۔ اے سلمان ہمارے نام رات پر لکھے ہوئے ہیں جس سے اس میں ظلمت آئی و نیز دن پر لکھے ہوئے ہیں جس سے ان میں روشنی آئی ہم دشمنوں پر سختی و تکلیف و رنج کا باعث ہیں میں طامۃ الکبریٰ ہوں ہمارے نام عرش پر لکھے ہیں جس سے وہ منور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوا اور آسمانوں پر لکھے ہیں۔ جس کی وجہ وہ قائم ہوتے اور زمین پر لکھے ہوئے ہیں جس کی وجہ وہ ساکن ہوتی اور ہوا پر لکھے ہوئے ہیں جس سے وہ جاری ہوئی اور برق پر لکھے ہوئے ہیں جس سے اس میں چمک پیدا ہوتی اور نور پر لکھے ہوئے ہیں جس سے وہ چمکنے لگا اور رعد میں خوف پیدا ہوا اور ہمارے نام اسرافیل کی پیشانی پر لکھے ہیں جن کے از مشرق و مغرب میں ہیں اور وہ سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح کہتے رہتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ آنکھیں بند کریں اور ہم نے آنکھیں بند کرلیں پھر فرمایا کہ آنکھیں کھولیں اور ہم نے آنکھیں کھولیں تو دیکھا کہ ہم ایک شہر میں تھے جہاں کے مثل نہ ہی ایسے بڑے آدمی کہیں دیکھے تھے اور نہ ایسے بازار اور نہ ایسی بڑی عمارتیں اور نہ ایسے طویل لوگ سب کے سب درخت کی طرح طویل قامت تھے۔

پھر ہم نے پوچھا کہ یا امیر المومنین یہ کون ہیں کہ ان سے بڑے لوگ ہم نے نہیں دیکھے۔ فرمایا کہ یہ قوم عاد کے نیچے ہوئے لوگ ہیں اور سب کفار ہیں کہ یوم قیامت پر اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ایمان نہیں لاتے پس میں نے چاہا کہ تمہیں دکھاؤں کہ وہ اسی مقام پر رہتے ہیں اور میں خدا کی قدرت سے وہاں گیا اور ان کے شہروں کو اکھاڑ پھینکا۔ یہ مشرق کے شہروں میں سے ہے وہ تمہارے پاس آتے ہیں مگر تمہیں اس کا علم نہیں ہوتا میں نے چاہا کہ تمہارے سامنے ان سے مقابلہ کروں اس لئے تمہیں یہاں لے آیا۔ حضرت نے انہیں ایمان کی طرف دعوت دی مگر انہوں نے انکار کیا۔ پس حضرت نے ان پر حملہ کیا اور انہوں نے حضرت پر حملہ کیا ہم انہیں دیکھتے رہے مگر انہوں نے ہم کو نہیں دیکھا ہم ان سے دور ہوتے گئے اور وہ ہمارے قریب آتے گئے۔

علامہ صدوق نے لکھا ہے کہ حضرت نے ان پر حملہ کر کے بہت سوں کو مار ڈالا اور جب ہمارے خوف کو ملاحظہ فرمایا تو ہمارے قریب تشریف لائے اور اپنا دست مبارک ہمارے سینوں پر پھیرا جس سے ہمارا خوف دفع ہوگیا۔

دوسری مرتبہ ان کو پھر بآواز بلند اسلام کی دعوت دی مگر انہوں نے ایمان نہ لایا اور ایک برق صاعقہ ظاہر ہوئی اور حضرت نے کچھ پڑھا جس کو ہم سمجھ نہ سکے اور ہم کو ایسا نظر آنے لگا کہ یہ برق و رعد حضرت کے دہن مبارک سے نکل رہی ہے اور ایسی ہولناک آوازیں پیدا ہونے لگیں کہ گویا آسمان زمین پر گر رہا ہے اور پہاڑ اپنی جگہ سے اکھڑے جا رہے ہیں یہاں تک کہ ان میں سے ایک متنفس بھی باقی نہ رہا۔ جب حضرت اس قوم سے جنگ کرنے سے فارغ ہوگئے تو وہ رعد و برق بھی غائب ہوگئیں۔ ہم نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین ہم میں اس سے زیادہ مشاہدہ کرنے کی طاقت نہیں ہمیں اپنے وطن پہونچا دیجئے۔

پس حضرت نے اسی ابر کو طلب فرمایا اور ہم اس پر سوار ہوگئے اور حضرت نے ہوا کو حکم دیا۔ جس نے ہم کو ایک ایسے مقام پر پہونچایا کہ وہاں سے زمین ایک درہم کے مساوی نظر آنے لگی۔ اس کے ایک لمحہ کے بعد ہم نے حضرت امیر المومنینؑ کے بیت مقدس میں اپنے کو پایا جہاں سے روانہ ہوئے تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم علی الصباح طلوع آفتاب کے بعد روانہ ہوئے تھے اور جب ابر سے نیچے اترے تو نماز ظہر کی اذان ہو رہی تھی گویا پانچ گھنٹوں میں ہم نے پچاس سالہ راستہ طے کیا۔ جب حضرت نے ہم کو متعجب دیکھا تو فرمایا کہ اس خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ اگر میں چاہوں تو تم کو ایک چشم زدن میں تمام آسمانوں اور زمینوں کی سیر کرا دوں کہ میں اس پر قادر ہوں۔ یہ قدرت عظیم مجھے خالق ارض وسما کی اجازت اور خلق اعظم کی برکت سے حاصل ہوئی ہے اور میں ان کا ولی اور وصی ہوں۔ (بحر المعارف ص۳۵۶) بحار الانوار

دنیا کی سیر

کتاب اسمامیں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ سلمان نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ اے مولا و آقا مجھ کو ناقہ، ثمود اور کچھ آپ کے معجزات سے دکھلائیے فرمایا کہ اچھا تیار ہو جا اور دولت سرائے میں تشریف لے گئے اور سفید ٹوپی و سفید قبا زیب تن فرما کر تشریف لائے اور قنبر کو حکم دیا کہ سیاہ گھوڑے لے آئے جب گھوڑے آگئے ایک پر آپ خود سوار ہوئے اور دوسرے پر سلمان کو سوار ہونے فرمایا۔ سلمان کا بیان ہے کہ ان گھوڑوں کے پہلوؤں میں دو پر چپیدہ تھے۔ پس حضرت نے حکم دیا اور اس کے ساتھ ہی گھوڑے ہوا میں پرواز کرنا شروع کئے اور اس قدر بلند ہوئے کہ تحت العرش فرشتوں کی تسبیح و تہلیل کی آوازیں سنائی دینے لگیں یہاں تک کہ ایک بحر ذخار کے کنارہ پہونچے جو بہت زیادہ موج زن تھا۔ حضرت نے اس کی طرف اشارہ کیا اور ساتھ ہی یہ ساکن ہو گیا پھر سلمان کا ہاتھ پکڑ کر سمندر پر چلنے لگے اور دونوں گھوڑے ہمارے پیچھے پیچھے آ رہے تھے۔ یہاں تک کہ ایک جزیرہ پر پہونچے ہم نے بحر کو پار کر لیا مگر ہمارے پیر تک تر نہ ہوئے۔

جزیرہ پر پہونچ کر میں نے دیکھا کہ وہاں بے شمار درخت میووں سے لدے ہوئے رنگ برنگ کے پرندے اور متعدد پانی کی نہریں تھیں۔ وہیں ایک بہت بڑا درخت بھی تھا۔ جس پر نہ کوئی پھل تھا نہ شگاف اور نہ شگوفہ۔ حضرت نے اس پر اپنی لکڑی سے ایک ضرب لگائی جس سے درخت شگافتہ ہو گیا اور اس میں سے ایک اونٹنی نکل آئی جس کا طول اسی ہاتھ اور عرض چالیس ہاتھ تھا اور اس کے پیچھے پیچھے اس کا بچہ بھی تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس اونٹنی کے قریب جا کر اس کا دودھ نچوڑ کر پیوں پس میں اس کے قریب گیا اور دودھ نچوڑ کر سیر ہونے تک پیا جو شہد سے زیادہ میٹھا اور لذیذ تھا۔ حضرت نے پوچھا کہ دودھ کیسا ہے عرض کیا کہ بہت لذیذ اور بہت اچھا ہے حضرت نے پھر پوچھا کہ کیا اس سے بھی بہتر چاہتا ہے۔ عرض کیا کہ جی ہاں۔ فرمایا کہ اے سلمان آواز دو کہ "اے حسنا" باہر آ۔ چنانچہ میں نے آواز دی اور اس کے ساتھ ہی اسی شگاف سے ایک دوسری اونٹنی نکل آئی جس کا طول

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک سو ہاتھ اور عرض ساٹھ ہاتھ تھا۔ اس کی آنکھیں یاقوت سرخ کی سیدھا بازو سونے کا اور بایاں بازو چاندی کا سینہ عنبر اشہب کا، پاؤں زبر جد کے، زمام یاقوت زرد کے اور جسم مروارید تر کا تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ سلمان اس کا دودھ منہ سے پیو جب میں دودھ پینے لگا تو معلوم ہوا کہ اصلی شہد منہ میں آرہا تھا۔

میں نے عرض کیا کہ اے سید و سردار یہ اونٹنی کس کے لئے ہے فرمایا کہ یہ تیرے لئے اور میرے تمام اولیائے شیعوں کے لئے پس حضرت نے حکم دیا کہ واپس چلی جائے اور وہ واپس چلی گئی۔

اس کے بعد ہم اور آگے چلے یہاں تک کہ ایک اور درخت عظیم کے نیچے پہونچے جہاں ایک بہت بڑا دسترخوان بچھا ہوا تھا جس پر کھانا تیار رکھا جس سے مشک کی بو آرہی تھی وہاں ایک بہت بڑا پرندہ جس کی شکل کرگس کی تھی آکر حضرت کو سلام کیا اور پھر اپنے مقام پر واپس چلا گیا۔ میں نے عرض کیا کہ مولا یہ دسترخوان کیسا ہے فرمایا کہ یہ مائدہ ہمارے شیعوں کے لئے ہے جو یہاں قیامت تک رہے گا۔ پھر میں نے پوچھا کہ یہ پرندہ کون ہے فرمایا کہ یہ ایک فرشتہ ہے جو اس مائدہ پر موکل ہے۔

عرض کیا کہ :۔

آیا یہ فرشتہ یہاں تنہا رہتا ہے۔ فرمایا کہ خضرؑ روزانہ ایک مرتبہ اس جزیزہ پر سے گذرتے ہیں۔

اس کے بعد حضرت میرا ہاتھ تھام کر آگے بڑھے اور سمندر کو عبور کر کے ایک دوسرے بڑے جزیرے پر پہونچے۔ وہاں ایک بہت بڑا محل تھا۔ جس کی ایک اینٹ سونے کی اور ایک چاندی کی تھی اور عقیق زرد کی ریت زمین پر بچھی ہوئی تھی۔ اس محل کے ہر رکن میں ستر ستر ملائکہ تھے پس وہاں امام تشریف فرما ہوئے اور تمام ملائکہ آکر حضرت کو سلام کرنے لگے اور آپ نے انہیں ان کے مقامات پر واپس بھیج دیا۔ پھر حضرت محل کے اندر داخل ہوئے۔ جس میں میوؤں سے لدے ہوئے بے شمار درخت، نہریں، پرندے اور رنگ برنگ کے نباتات وگھاس وغیرہ تھے۔ ہم نے اس پورے محل کی سیر کی۔ اس قصر کے اندر ایک بہت بلند و شاندار عمارت تھی۔ اس عمارت میں ذہب احمر کی ایک کرسی تھی جس پر حضرت بیٹھ گئے۔ ناگاہ ہم نے ایک بحر اسود کو دیکھا جس کی موجیں پہاڑ کی مانند بلند تھیں حضرت نے اس پر ایک نگاہ ڈالی اور اس کے ساتھ ہی اس کا تموج ختم ہو گیا۔ حضرت نے پوچھا کہ سلمان جانتے ہو کہ یہ کون سا دریا ہے۔ عرض کی کہ نہیں فرمایا کہ یہ وہی دریا ہے۔ جس میں فرعون اور اس کے تابعین غرق ہوئے تھے۔ ان سب کو جبرئیل نے پروں پر اٹھا کر اس میں پھینک دیا تھا۔ ان کو قیامت تک قرار نصیب نہ ہو گا۔

میں نے عرض کیا کہ مولا کیا ہم نے اب تک دو فرسخ راستہ طے کیا ہے۔ فرمایا کہ ہم اب تک پچاس ہزار فرسخ چلے ہیں اور دس مرتبہ دنیا کے اطراف چکر لگا چکے ہیں۔ عرض کیا کہ یہ کس طرح ہوا۔ حضرت نے فرمایا کہ ہر گاہ ذوالقرنین نے دنیا کے مشرق و مغرب کا طواف کیا اور یاجوج ماجوج کی دیوار تک پہونچا مگر کسی شخص نے اس کے لئے شبہ نہ کیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں برادر سید المرسلین، امین رب العالمین، حبیب خدا اور عالمین پر پروردگار کا خلیفہ ہوں میرے لئے عذر کرتے ہو اے سلمان کیا تم نے قول خدا نہیں پڑھا کہ "حیث یقول عالم الغیب فلا یظھر علی غیبه احدا الا من ارتضیٰ من رسول۔"

میں نے عرض کیا کہ جی ہاں!

حضرت نے فرمایا کہ اے سلمانؓ انا المرتضیٰ من الرسول الذی اظھرہ علی غیبه انا العالم الربانی۔ انا الذی ھون اللہ علی الشدائد وطوی لی البعید۔" یعنی رسول کا وہ برگزیدہ مرتضیٰ ہوں کہ جس پر خدا نے اپنے غیب کی چیزوں کو ظاہر کر دیا میں عالم ربانی ہوں میں وہ ہوں کہ جس کے لئے اللہ نے شدائد دنیا آسان کر دیں اور مسافت بعید مختصر کر دی۔

سلمان کا بیان ہے کہ اس کے ساتھ ہی آسمان سے ایک آواز سنائی دی کہ "آپ نے سچ فرمایا آپ ہی صادق اور مصدق ہیں۔ لیکن یہ کہنے والا نظر نہ آیا۔

اس کے بعد ہم گھوڑوں پر سوار ہو گئے اور گھوڑے ہوا میں اڑنے لگے اور ناگاہ ہم نے اپنے کو دروازہ شہر کوفہ پر پایا یہ وقت شب تھا اور ان عجائب کو دیکھ کر آنے میں صرف تین گھنٹے صرف ہوئے۔

حضرت نے فرمایا: یا سلمان الویل کل الویل علی من لا یعرفنا حق معرفتنا و انکر ولایتنا۔ یا سلمان ایما افضل محمدؐ ام سلیمان ابن داؤد (اے سلمان افسوس ہے سخت افسوس اس شخص پر جو معرفت حاصل نہیں کرتا جو حق معرفت حاصل کرنے کا ہے اور ہماری ولایت سے انکار کرتا ہے۔ اے سلمان محمدؐ افضل تھے یا سلیمان ابن داؤد) سلمان نے عرض کیا کہ محمدؐ افضل تھے۔ فرمایا کہ اے سلمان آصف برخیا تو تخت بلقیس کو ایک ماہ سے زائد راستہ کے فاصلہ سے ایک چشم زدن میں لا سکتا ہے جس کے پاس خدا کی کتاب کا کچھ علم تھا میرے پاس تو ایک لاکھ چوبیس ہزار کتابوں کا علم ہے جن میں سے شیث بن آدم پر پچاس صحیفے ادریس پر تیس صحیفے، ابراہیم پر بیس صحیفے نازل ہوتے تھے۔ (نیز تورات و زبور و انجیل وغیرہ نازل ہوئے) اور میں کیا نہیں کر سکتا سلمان نے عرض کیا کہ بیشک مولا و آقا آپ نے سچ فرمایا۔

حضرت نے فرمایا کہ اے سلمان جو شخص بھی ہمارے امور اور ہمارے علوم میں شک کرے اس شخص کے مانند ہے جو ہماری معرفت اور ہمارے حقوق نہ جانتا ہو۔ خداوند تعالیٰ نے ہماری ولایت کو فرض گردانا ہے اور اپنی کتاب میں بیان کیا ہے کہ کیا عمل کرنا چاہیئے اس کو ہر شخص نہیں جانتا (یا سلمان ان الشاک فی امورنا و علومنا کالممتری فی معرفتنا و حقوقنا وقد فرض اللہ عزوجل ولایتنا فی کتابه وبین فیه ما اوجب العمل به وھو غیر مکشوف)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :- اے سلمان، ہمارے امور علوم میں شک کرنے والا ہمارے حقوق اور ہماری معرفت میں شک کرنے والے کے مثل ہے خدائے عزوجل نے اپنی کتاب میں ہماری ولایت کو فرض گردانا ہے اور اس میں بیان فرمایا ہے کہ واجب ترین عمل کیا ہے اور وہ غیر مکشوف ہے۔ (بحر المعارف ص ، ریاض الشہادت ج ا)

چشمۂ اسرار

شواہد النبوۃ، حبیب السیر اور تاریخ اعثم کوفی میں مرقوم ہے کہ جنگ صفین کے سفر میں ایک روز پانی ختم ہو گیا اور اصحاب پیاس سے بےچین ہونے لگے کہ ایک دیر نظر آیا اور اصحاب نے وہاں پہونچ کر راہب دیر سے پانی طلب کیا تو اس نے کہا کہ پانی وہاں سے دو فرسخ پر ملے گا۔ اصحاب پیاس سے بیتاب ہو گئے تو حضرت نے ایک مقام کو بتلا کر فرمایا کہ وہاں سے مٹی ہٹائیں کچھ مٹی ہٹانے پر ایک بہت بڑا پتھر نمایاں ہوا اور تمام اصحاب نے مل کر کوشش کی کہ اس پتھر کو ہٹائیں مگر اس کو حرکت نہ دے سکے پھر حضرت سواری سے اترے اور دو انگلوں سے اس پتھر کو نکال کر دور پھینک دیا اس کے نیچے ہی صاف اور شیریں پانی کا چشمہ ظاہر ہوا۔ اور سب نے خوب سیر ہو کر پانی پیا اور جس قدر ہو سکا بھر کر ساتھ رکھ لیا۔ اس کے بعد حضرت نے پھر اس پتھر کو چشمہ پر رکھ دیا اور مٹی اس پر ڈال دی۔ جب راہب نے اس حال کا مشاہدہ کیا تو حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا کہ آیا آپ پیغمبر ہیں یا ملک، فرمایا کہ نہیں۔ پھر عرض کیا کہ آیا آپ وصی پیغمبر ہیں، حضرت نے فرمایا کہ میں خاتم الانبیاً کا وصی ہوں عرض کیا کہ ہاتھ لائیے تاکہ میں آپ کی بیعت کروں اور اسلام قبول کروں پس اس نے اپنی زبان سے اظہار ایمان کیا کہ اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمد رسول اللہ واشھد انک وصی رسول اللہ۔

حضرت نے پوچھا کہ آج تو نے کیوں اپنے آبائی مذہب کو ترک کیا اور اسلام کو اختیار کیا اس نے جواب دیا کہ میں نے اپنے بزرگوں سے سنا تھا اور اپنی کتابوں میں دیکھا ہے کہ اس جگہ ایک چشمہ ہے جس کے اوپر ایک پتھر ہے جس کو پیغمبر یا وصی پیغمبر کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اور نہ کوئی اس کو ہٹا سکتا ہے۔ جب میں نے اس امر کا خود مشاہدہ کیا تو میں اپنی مراد کو پہنچ گیا جس کا ایک عرصہ سے منتظر تھا۔

حضرت علی نے جب راہب کی باتیں سنیں تو اس قدر گریہ فرمایا کہ ریش مبارک آنسوؤں سے تر ہو گئی اور فرمایا کہ الحمد للہ الذی لم اکن عندہ منسیا دکنت فی کتبہ مذکوراً (یعنی اس خدا کا شکر و احسان ہے جس نے مجھے فراموش نہیں کیا اور اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :- اے سلمان، ہمارے امور علوم میں شک کرنے والا ہمارے حقوق اور ہماری معرفت میں شک کرنے والے کے مثل ہے خدائے عزوجل نے اپنی کتاب میں ہماری ولایت کو فرض گردانا ہے اور اس میں بیان فرمایا ہے کہ واجب ترین عمل کیا ہے اور وہ غیر مکشوف ہے۔ (بحر المعارف ص ۲۷۵، ریاض الشہادت ج ا)

چشمۂ اسرار

شواہد النبوۃ، حبیب السیر اور تاریخ اعثم کوفی میں مرقوم ہے کہ جنگ صفین کے سفر میں ایک روز پانی ختم ہو گیا اور اصحاب پیاس سے بےچین ہونے لگے کہ ایک دیر نظر آیا اور اصحاب نے وہاں پہونچ کر راہب دیر سے پانی طلب کیا تو اس نے کہا کہ پانی یہاں سے دو فرسخ پر ملے گا۔ اصحاب پیاس سے بیتاب ہو گئے تو حضرت نے ایک مقام کو بتلا کر فرمایا کہ وہاں سے مٹی ہٹائیں کچھ مٹی ہٹانے پر ایک بہت بڑا پتھر نمایاں ہوا اور تمام اصحاب نے مل کر کوشش کی کہ اس پتھر کو ہٹائیں مگر اس کو حرکت نہ دے سکے پھر حضرت سواری سے اترے اور دو انگلیوں سے اس پتھر کو نکال کر دور پھینک دیا اس کے نیچے ہی صاف اور شیریں پانی کا چشمہ ظاہر ہوا۔ اور سب نے خوب سیر ہو کر پانی پیا اور جس قدر ہو سکا بھر کر ساتھ رکھ لیا۔ اس کے بعد حضرت نے پھر اس پتھر کو چشمہ پر رکھ دیا اور مٹی اس پر ڈال دی۔ جب راہب نے اس حال کا مشاہدہ کیا تو حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا کہ آیا آپ پیغمبر ہیں یا ملک، فرمایا کہ نہیں۔ پھر عرض کیا کہ آیا آپ وصی پیغمبر ہیں، حضرت نے فرمایا کہ میں خاتم الانبیاً کا وصی ہوں عرض کیا کہ ہاتھ لائیے تاکہ میں آپ کی بیعت کروں اور اسلام قبول کروں پس اس نے اپنی زبان سے اظہار ایمان کیا کہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمد رسول اللہ واشہد انک وصی رسول اللہ۔

حضرت نے پوچھا کہ آج تو نے کیوں اپنے آبائی مذہب کو ترک کیا اور اسلام کو اختیار کیا اس نے جواب دیا کہ میں نے اپنے بزرگوں سے سنا تھا اور اپنی کتابوں میں دیکھا ہے کہ اس جگہ ایک چشمہ ہے جس کے اوپر ایک پتھر ہے جس کو پیغمبر یا وصی پیغمبر کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اور نہ کوئی اس کو ہٹا سکتا ہے جب میں نے اس امر کا خود مشاہدہ کیا تو میں اپنی مراد کو پہنچ گیا جس کا ایک عرصہ سے منتظر تھا۔

حضرت علی نے جب راہب کی باتیں سنیں تو اس قدر گریہ فرمایا کہ ریش مبارک آنسوؤں سے تر ہو گئی اور فرمایا کہ الحمد للہ الذی لم اکن عندہ منسیا کنت فی کتبہ مذکورًا (یعنی اس خدا کا شکر و احسان ہے جس نے مجھے فراموش نہیں کیا اور اپنی کتابوں میں ذکر فرمایا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بس وہ راہب حضرت کے ہمراہ گیا اور جنگ کر کے شہادت پر فائز ہوا حضرت نے اس کے جنازہ پر نماز پڑھی اور دعائے مغفرت فرمائی اور پھر جب کبھی اس کو یاد فرمایا تو کہا کہ وہ ایک مرد مومن تھا۔

سخاوت حضرت امیرالمومنینؑ

ہدایت السعداء میں مرقوم ہے کہ ایک دن ایک سائل نے حضرت امیرالمومنین سے ایک روٹی کا سوال کیا جب کہ آپ حالت سفر میں تھے۔ حضرت نے قنبر سے فرمایا کہ اس درویش کو روٹی دے۔ قنبر نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنین روٹی اونٹ پر بار کی ہوئی ہے فرمایا کہ اونٹ ہی دے دے۔ عرض کیا کہ اونٹ قطار میں ہے فرمایا کہ پوری قطار دے دے قنبر فوراً اونٹ کی مہار سائل کے ہاتھ میں دے کر الگ جا کر کھڑا ہوا۔ حضرت نے پوچھا کہ تو اس طرح علیحدہ کیوں ہو گیا۔ عرض کیا کہ مولا آج بحر بخشش جوش پر ہے میں قطار سے اس لئے علیحدہ ہو گیا کہ کہیں قطار کے ساتھ مولا مجھے بھی نہ دیدیں اور میں خدمت کی سعادت سے محروم رہ جاؤں۔ (کوکب دری ص)

اصحاب کہف

علمائے یہود کی ایک جماعت نے حضرت امیرؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا کہ کون لوگ ہیں جنہیں خداوند کریم نے قرون گذشتہ میں تین سو نو سال تک مردہ رکھ کر زندہ کیا حضرت نے فرمایا کہ وہ اصحاب کہف ہیں عرض کیا کہ ان کا تفصیلی واقعہ مع ان کے نام وطن وغیرہ کے بیان فرمایئے۔

حضرت نے فرمایا کہ سرزمین روم میں ایک شہر تھا جس کا نام زمانہ جاہلیت میں افسس تھا جب اسلام پھیلا تو اس کا نام طرطوس رکھا گیا اس شہر میں ایک نیک بادشاہ کی حکومت تھی جس کے مرنے کے بعد ایران کے ایک جابر و کافر بادشاہ نے اس پر قبضہ کر لیا جس کا نام دقیانوس تھا۔ اس نے افسس کو اپنا پایہ تخت بنا کر سنگ خارا کا ایک عظیم الشان قصر تعمیر کیا جس کا طول و عرض ایک ایک فرسخ تھا اس قصر میں چار ہزار سونے کے ستون تھے اس کی چھت میں ایک ہزار طلائی قندیلیں چاندی کی زنجیروں سے آویزاں تھیں جن میں رات بھر خوشبودار روغنوں سے روشنی کی جاتی تھی اس قصر میں ایک دیوان عام تھا جس میں ایک سو اسی حجرے مشرق کی طرف اور اتنے ہی مغرب کی طرف اس سلیقہ سے بنائے گئے تھے کہ ہر وقت آفتاب کا نور قصر کو جگمگاتا رہے۔ دیوان عام کے وسط میں ایک سونے کا تخت تھا جس کا طول اسی ہاتھ اور عرض چالیس ہاتھ تھا۔ یہ تخت بیش قیمت جواہرات سے مرصع تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تخت کی داہنی جانب اسی کرسیاں تھیں جن پر فوجی افسر بیٹھتے تھے اسی طرح بائیں جانب بھی اسی کرسیاں تھیں جن پر شہر کے امراء بیٹھتے تھے۔ بادشاہ سونے کا مرصع تاج پہنتا تھا جس کے نو گوشے تھے۔ ہر گوشہ میں ایک موتی اس طرح ضو دیتا تھا جس طرح اندھیرے میں چراغ ضو دیتا ہے۔ بادشاہ نے افسروں کے لڑکوں میں سے پچاس خوبصورت لڑکوں کو منتخب کیا تھا ان کی کمروں میں دیبا کی سرخ پٹیاں، جسم پر سبز ریشمی قبائیں، سروں پر طلائی تاج، ہاتھوں میں سونے کے کنگن اور پیروں میں سونے کے کڑے رہتے تھے۔ یہ لڑکے ہاتھوں میں سونے کے عمود لئے ہوئے بادشاہ کے بالائے سر صف بستہ رہتے تھے۔ ان کے علاوہ چھ نوجوان جو علماء کی اولاد سے تھے وزیر اور مشیر سلطنت بنائے گئے تھے ان میں سے تین وزراء داہنی جانب اور تین بائیں جانب بیٹھتے ان کے نام تملیخا، مکسلینا، محلیمنا اور مرطلیوس، کشطوس وساذنیوس تھے۔ دقیانوس بغیر ان کے مشورہ کے کوئی کام نہ کرتا تھا۔

جب دقیانوس دربار میں آکر بیٹھتا تین غلام دربار میں اس طرح داخل ہوتے تھے کہ ایک کے ہاتھ میں مشک سے بھرا ہوا سونے کا جام ہوتا تھا دوسرے کے ہاتھ میں گلاب کا جام اور تیسرے کے ہاتھ پر ایک طائر بیٹھا رہتا تھا۔ جو اشارہ پاتے ہی اڑ کر گلاب کے جام میں اپنے پر آلودہ کر کے مشک کے جام میں لوٹ کر اڑتا اور بادشاہ کے تاج پر جا بیٹھتا اور اپنے پروں کو حرکت دیکر خوشبو سے ساری فضا کو معطر کر دیتا۔

اس بادشاہ نے تیس سال تک خوب عیش کیا اس عرصہ میں اس کو ایک دفعہ بھی نہ زکام ہوا نہ دردسر اور نہ وہ کبھی بخار میں مبتلا ہوا۔ جب اس نے ان نعمتوں کو پایا تو سرکشی اختیار کی اور اپنی حقیقت کو بھول کر خدائی دعویٰ کر بیٹھا اور اپنی قوم کو اپنی خدائی کی طرف دعوت دی۔ جس نے اس کی دعوت کو قبول کیا اسے خلعت و انعام سے سرفراز کیا اور جس نے انکار کیا اس کو قتل کیا۔ اس طرح طوعاً و کرہاً سب کو اس کی خدائی کا اقرار کرنا پڑا اور وہ اس طرح ایک عرصہ تک چلاتا رہا۔

ایک دفعہ کسی عید کے موقعہ پر جب وہ تہنیت و مبارکباد لینے تخت پر بیٹھا تھا ایک فوجی افسر نے ایک دہشتناک خبر سنائی کہ فارس کی فوجوں نے بغاوت کر دی ہے اور قصر کو گھیر لیا ہے اور بادشاہ کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ سن کر دقیانوس گھبرا کر اٹھا اور لڑکھڑا کر نیچے گر پڑا اور اس کے ساتھ ہی اس کے سر سے اس کا تاج بھی گر پڑا۔ تملیخا نے غور سے اس کی جانب دیکھا اور سوچنے لگا اگر درحقیقت یہ خدا ہے تو اس گھبراہٹ کی کیا وجہ ہے؟

اس کے بعد چھے کے چھے وزراء جو روزانہ ایک وزیر کے گھر پر جمع ہو کر تبادلۂ خیال کیا کرتے تھے تملیخا کے گھر پر جمع ہوئے اور تملیخا کہنے لگا کہ میں ایک عرصہ سے سوچ رہا تھا کہ کس نے اس قدر طویل و عریض زمین اور موج زن سمندر اور بلند پہاڑوں کو پیدا کیا۔ کس نے مجھے شکم مادر میں جگہ دی، پرورش کیا اور بزم ہستی میں لایا وغیرہ وغیرہ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان تمام محیر العقول امور کو سرانجام دینے والی کوئی ہستی ضرور ہونی چاہیئے جو دقیانوس کے علاوہ ہے۔
تملیخا کی تقریر سن کر سب نے بیک آواز کہا کہ تم نے آج وہ بات کہی ہے جو ایک عرصہ سے ہمارے دلوں میں بھی کھٹک رہی تھی۔ اب تم ہی بتاؤ کہ کیا کرنا چاہیئے۔ تملیخا نے کہا کہ ہم سب اس ظالم و جابر بادشاہ سے اپنی جانیں بچا کر خدائے زمین و زمان کی پناہ میں یہاں سے نکل جائیں گے۔ چنانچہ وہ سب متفق ہو کر نکلے اور بازار سے تین درہم کے خرمے خریدے اور گھوڑوں پر سوار ہو کر شہر سے روانہ ہوئے۔ تقریباً تین فرسخ جانے کے بعد اپنے کو محفوظ سمجھ کر گھوڑوں کو چھوڑ کر پیدل چلنے لگے۔ سات فرسخ چلنے کے بعد انہوں نے دیکھا کہ سب کے پاؤں زخمی ہو گئے تھے کیونکہ پیدل چلنے کے عادی نہ تھے۔ اب پیاس کی شدت ہونے لگی۔ قریب میں ایک چرواہا نظر آیا۔ اس سے کچھ پانی مانگا تو اس نے کہا کہ چہروں سے تم لوگ امراء معلوم ہوتے ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی کے خوف سے بھاگ کر یہاں آئے ہو۔ جب تک اپنا واقعہ نہ سناؤ گے پانی نہیں ملے گا۔ تب انہوں نے اپنا پورا واقعہ سنایا۔ ان کے خیالات سنتے ہی چرواہا ان کے پاؤں پر گر پڑا اور ایمان قبول کر کے ان کے ساتھ چلنے کی خواہش کی۔ پس سب چلنے لگے۔ اور چرواہے کا کتا بھی ان کے ساتھ ہو لیا۔

یہودی نے عرض کیا کہ یا علیؑ کیا آپ جانتے ہیں کہ کتے کا رنگ کیا تھا اور اس کا نام کیا تھا؟
حضرت نے فرمایا کہ کتے کا رنگ سیاہ و سفید تھا اور اس کا نام قطمیر تھا۔ ان لوگوں نے کتے کو ساتھ آتا دیکھ کر خیال کیا کہ یہ ہر جگہ بھونک کر کہیں ہمارا راز فاش نہ کر دے اس لئے اس کو مارنے لگے کہ بھاگ جائے مگر وہ اس کو بھگانے میں ناکام رہے اور کتا پاؤں پر لوٹنے لگا اور بہ قدرت الٰہی گویا ہوا کہ تم لوگ مجھے اپنے سے دور کیوں کر رہے ہو۔ میں بھی تمہاری طرح خداؑ کی وحدانیت کی گواہی دیتا ہوں۔ مجھے اپنے ساتھ رہنے دو تا کہ میں دشمنوں سے تمہاری حفاظت کر سکوں۔ یہ سن کر سب نے کتے کو ساتھ چلنے کی اجازت دیدی اور چرواہا ان سب کو لئے ہوئے ایک پہاڑ پر چڑھا جس کا نام ناجلوس تھا۔ اس پہاڑ میں ایک غار تھا جس کا نام دھید تھا جب یہ لوگ غار پر پہونچے تو دیکھا کہ غار کے دہانہ پر ایک کشادہ صحن ہے جس میں میوہ دار درخت پھلوں سے لدے ہوئے ہیں اور سرد و شیریں پانی کا چشمہ بہہ رہا ہے۔ بھوکے تو تھے ہی خوب ڈٹ کر کھایا اور پیا یہاں تک کہ رات ہو گئی اور سب نے آرام کیا اور کتا دربان بن کر غار کے دروازہ پر بیٹھ گیا۔
ان کے سونے کے بعد خداوند عالم کے حکم سے ملک الموت نے ان سب کی روح قبض کر لی اور ہر ایک پر دو دو فرشتے مقرر کر دیئے کہ انہیں کروٹیں بدلواتے رہیں اور سورج کو حکم دیا کہ نور افشانی کرتا رہے تاکہ ان کے جسم بوسیدہ نہ ہو جائیں۔
جب دقیانوس اپنے عید کے جشن سے لوٹا تو لوگوں نے اطلاع دی کہ یہ وزراء اس کو چھوڑ کر ایک نئے خدا کو اختیار کئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں اور اس خوف سے کہیں بھاگ گئے ہیں۔ یہ سن کر دقیانوس ایک فوج لے کر ان کی تلاش میں نکلا اور ان کے نقش قدم پر چلتا ہوا غار کے دہانہ پر پہنچ گیا اور اندر جھانک کر دیکھا تو سب کو سوتا پایا اور اپنے اصحاب سے کہنے لگا کہ اگر میں ان کو سزا بھی دیتا تو اس سے بڑھ کر کیا سزا دیتا جو انہوں نے اپنے لئے مہیا کی ہے اس کے بعد حکم دیا کہ غار کے دہانے کو چونے اور پتھر سے بند کر دیں چنانچہ غار کا دہانہ بند کر دیا گیا اور وہ یہ کہتے ہوئے واپس ہوا کہ ان کے خدا سے کہہ دو کہ اگر یہ ہیں تو انہیں اس غار سے زندہ باہر نکالے۔

اس طرح تین سو نو سال کے بعد خداوند عالم نے دوبارہ ان میں روح کو داخل کیا اور سب اٹھ بیٹھے اور دیکھا کہ آفتاب چمک رہا ہے یہ دیکھ کر کہنے لگے کہ دیکھو آج کی رات ہم کتنی گہری نیند سوئے کہ خدا کی عبادت کی بھی سدھ نہ رہی۔ آؤ چشمہ تک چلیں (غار کا دہانہ بھی کھلا تھا) باہر جو نکلے تو دیکھا کہ چشمہ کا نام و نشان تک نہیں اور تمام درخت بھی سوکھ گئے یہ دیکھ کر ان کو تعجب ہوا کہ ایک شب میں یہ کیا ماجرا ہوا کہ چشمہ بھی خشک ہو گیا اور درخت بھی۔ اب بھوک کی شدت ہونے لگی تو تملیخا چرواہے کا لباس پہن کر دقیانوس کے خوف سے چھپتے چھپاتے غیر معروف راستہ سے شہر کے دروازہ پر پہونچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ دروازہ پر ایک سبز علم نصب ہے جس پر لا الہ الا اللہ عیسٰی روح اللہ لکھا ہوا ہے۔ تملیخا دیر تک حیرت سے علم کو گھورتے رہے۔ پھر شہر میں داخل ہوئے اور دیکھا کہ لوگ انجیل کی تلاوت کر رہے تھے، کہیں کوئی ملاقاتی نظر نہ آیا۔ بہرحال وہ ایک نانبائی کی دکان پر پہونچے اور اس سے پوچھا کہ اس شہر کا نام کیا ہے۔ اس نے جواب دیا کہ افسس پھر بادشاہ کا نام پوچھا تو اس نے کہا کہ عبدالرحمٰن یہ جواب سن کر تملیخا کا دماغ بہت پریشان ہو گیا کہ آخر معاملہ کیا ہے پھر اپنی جیب سے دو دقیانوسی درہم نکال کر جو بہت موٹے اور بھدے تھے۔ کھانا طلب کیا۔ ان درہموں کو دیکھ کر نانبائی تعجب کرنے لگا۔

یہودی نے قطع کلام کر کے عرض کیا کہ یا علیؑ اگر آپ جانتے ہیں تو بتائیے کہ ان درہموں کا وزن کیا تھا۔

حضرت نے فرمایا کہ اے یہودی میرے حبیب محمد مصطفیٰؐ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ وہ درہم باعتبار وزن موجودہ درہم کا ۱۰/۳ حصہ تھا۔ پس اس درہم کو دیکھ کر نانبائی نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے تمہیں کہیں خزانہ مل گیا ہے۔ مجھے بھی اس میں سے کچھ دیدو ورنہ حکومت کو رپورٹ کر دوں گا۔ تملیخا نے اپنا پورا قصہ سنایا اور کہا کہ مجھے کوئی خزانہ نہیں ملا۔ اس پر نانبائی بگڑا اور کہا کہ تم میرا مذاق اڑاتے ہو اور دقیانوس کی باتیں کرتے ہو۔ جس کو گذرے تین سو سال ہو گئے۔ اس بحث میں بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ اور تملیخا کو پکڑ کر بادشاہ کے پاس پیش کر دیا۔

بادشاہ بہت ہی منصف مزاج اور سمجھدار آدمی تھا اس نے کہا کہ اے جوان خوف نہ کر اور سچ سچ بتا کہ تجھے کتنا خزانہ ملا۔ تجھ پر کوئی ظلم نہ ہوگا کیونکہ ہمارے پیغمبر حضرت عیسٰی نے ایسی صورتوں میں پانچویں حصہ سے زائد وصول کرنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے منع کیا ہے۔ تملیخا نے اپنا قصہ پھر دہرایا اور کہا کہ اے بادشاہ تو یقین کر کہ میں نے کوئی خزانہ نہیں پایا بلکہ میں اسی شہر کا ایک فرد ہوں۔ بادشاہ نے کہا کہ اگر تم اسی شہر کے باشندہ ہو تو بتاؤ کسی کو پہچانتے بھی ہو۔ تملیخا نے تقریباً ایک ہزار آدمیوں کے نام سنائے جن سے انہیں واقفیت تھی۔ چونکہ وہ سب مر چکے تھے۔ بادشاہ نے کہا کہ اے جوان ان نام والوں کو تو ہم قطعاً نہیں جانتے و نیز یہ لوگ ہمارے زمانہ کے آدمی ہی نہیں معلوم ہوتے۔ اچھا اگر اس شہر میں تمہارا مکان ہے تو بتاؤ کہ کہاں ہے پس تملیخا ایک گروہ کو ساتھ لے کر چلے اور ایک عالیشان مکان کے سامنے کھڑے ہو کر کہنے لگے کہ یہ مکان میرا ہے۔ جب دروازہ کھٹکھٹایا تو اندر سے ایک اس قدر ضعیف آدمی نکلا جس کی دونوں بھویں عمر کی زیادتی کی وجہ سے آنکھوں پر لٹک رہی تھیں۔ اس انبوہ کثیر کو دیکھ کر وہ بوڑھا ڈر گیا اور پوچھا کہ آخر سب نے میرے گھر کو کیوں گھیر لیا ہے اس پر بادشاہ کے ملازم نے کہا کہ اے شخص یہ جوان اس کا مدعی ہے کہ یہ گھر اس کا ہے۔ یہ سن کر بوڑھا غضب ناک ہو گیا اور تملیخا کی طرف غور سے دیکھ کر اس کا نام پوچھا۔ تملیخا نے کہا کہ میں تملیخا بن نلسین ہوں۔ بوڑھے نے دوبارہ پوچھا اور وہی جواب سن کر تملیخا کے پاؤں پر گر پڑا اور اس کے دست و پا کے بوسے لینے لگا پھر سب سے کہا کہ رب کعبہ کی قسم یہ ہمارا جدِ اعلیٰ ہے۔ یہ ان چھ جوانوں میں سے ایک ہے جو دقیانوس کے خوف سے یہاں سے بھاگ گئے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ہمیں اس واقعہ کی اطلاع دی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ وہ عنقریب زندہ ہونے والے ہیں۔

جب یہ خبر بادشاہ کے پاس پہنچی گھوڑے پر سوار ہو کر تملیخا کے پاس آیا اور تعظیماً اس کو اپنے دوش پر سوار کر لیا اور باقی چھ ساتھیوں کا حال پوچھا تو تملیخا نے جواب دیا کہ وہ سب غار میں موجود ہیں اور کھانے کا انتظار کر رہے ہیں۔ یہ سن کر تمام لوگ تملیخا کو لے کر غار کی طرف روانہ ہوئے جب قریب پہنچے تو تملیخا نے کہا کہ تم لوگ یہیں ٹھہرو کہیں ایسا نہ ہو کہ گھوڑوں کی آواز سن کر میرے ساتھی یہ نہ سمجھیں کہ پھر دقیانوس آ پہنچا۔ چنانچہ سب لوگ ٹھہر گئے اور تملیخا تنہا غار میں داخل ہوئے۔ سب لوگ پریشان تھے اور اس تاخیر کا سبب پوچھا تو تملیخا نے پوچھا کہ یہ تو بتاؤ کہ تم لوگ کتنی دیر سوئے۔ سب نے جواب دیا کہ بس ایک شب یا اس سے کچھ کم۔ تملیخا نے جواب دیا کہ ہم تین سو نو سال سوتے رہے۔ دقیانوس داخل جہنم ہو کر عرصہ گذرا اور اب شہر والے خدائے عظیم پر ایمان لا چکے ہیں اور غار کے دہانہ پر تم سب کی زیارت کے مشتاق ہیں۔ سب نے کہا کہ اے تملیخا کیا تم سب کو زمانہ بھر کے لئے فتنہ بنانا چاہتے ہو۔ چلو آؤ تم اور ہم سب مل کر دعا کریں۔ چنانچہ سب نے خدا کی بارگاہ میں دعا کی کہ اے پالنے والے ان عجائب کا واسطہ جن کا مظاہرہ تو نے خود ہم میں کیا ہے۔ ہماری روحیں دوبارہ قبض کر لے تاکہ ہم اہل دنیا سے محفوظ رہیں۔ ان کی دعا مستجاب ہوئی اور بحکم ایزدی ملک الموت نے سب کی روحیں قبض کر لیں اور غار کا راستہ دوبارہ بند ہو گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تملیخا کے ساتھ آنے والے سات روز تک غار کو تلاش کرتے رہے مگر نہ پا سکے۔ ان میں کچھ نصرانی اور کچھ دین ابراہیمی کے لوگ تھے۔ ابراہیمیوں نے ان کی یادگار میں وہاں ایک مسجد تعمیر کرنی چاہی اور نصرانیوں نے گرجا بنانا چاہا اور اس امر پر تکرار شروع ہوئی یہاں تک کہ تلوار چلنے لگی۔ ابراہیمی غالب آئے اور دروازہ کہف پر مسجد بنا دی۔

کیوں اے یہودی جو کچھ میں نے کہا ہے توریت کے مطابق ہے یا نہیں؟

یہودی نے جواب دیا کہ یا حضرت اب مجھے آپ یہودی نہ کہیئے میں نے صدق دل سے اسلام قبول کر لیا۔

(عرائس التیجان از ابوالحق ثعلبی)

حضرت علی علیہ السلام اور مقبرہ یہود

جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کوفہ سے باہر نکلے تو میں بھی ان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ ہم یہودیوں کے قبرستان میں پہنچے اور قبرستان کے درمیان کھڑے ہو کر حضرت علیؑ نے آواز دی کہ اے یہودیو آیا (میری امامت کو) قبول کرو گے۔ انہوں نے قبور سے لبیک لبیک کا جواب دیا۔

پھر حضرت نے فرمایا:۔

امیرالمومنین : کیف ترون العذاب

ارواح یہود : بعصیاننا لک کفرون فنحن ومن عصاک فی العذاب الی یوم القیامۃ

ثم صاح صیحۃ کادت السموات ینقلبن فوقعت مغشیا علی وجھی من ھول ما رایت فلما افقت رایت امیرالمومنین علی سریر من یاقوتۃ حمراء علی راسہ اکلیل من الجواھر وعلیہ حلل خضر وصفر ووجھہ کدائرۃ القمر

جابر :۔ یاسیدی ھذا ملک عظیم

امیرالمومنین : تم کیوں عذاب کا مزہ چکھ رہے ہو۔

ارواح یہود : آپ سے عصیان کرنے کی وجہ ہم کافر ہیں پس ہم اور وہ لوگ جنہوں نے آپ کا گناہ کیا، قیامت تک عذاب میں رہیں گے۔

پھر حضرت نے ایک صیحہ لگایا قریب تھا کہ سماوات منقلب ہو جائیں۔ پس میں اس چیز کے خوف سے جس کو میں نے دیکھا تھا منہ کے بل گر پڑا جب مجھے افاقہ ہوا میں نے امیرالمومنین کو ایک یاقوت سرخ کے تخت پر دیکھا اور آپ کے سر پر جواہرات کا تاج تھا جسم پر سبز اور زرد حلے تھے اور آپ کا چہرہ مثل دائرہ قمر کے تھا۔

جابر : اے میرے سردار کیا یہ ملک عظیم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین : نعم یا جابر ان ملکنا اعظم من ملک سلیمان بن داؤد و سلطاننا اعظم من سلطانہ ؎

امیرالمومنین : ہاں اے جابر تحقیق کہ ہمارا ملک سلیمان ابن داؤد کے ملک سے بھی بڑا ہے اور ہماری حکومت ان کی حکومت سے عظیم تر ہے۔

اس کے بعد کوفہ واپس ہوئے اور مسجد میں داخل ہو کر فرمانے لگے۔

امیرالمومنین : لا واللہ لا واللہ لا فعلت لا واللہ لا کان ذلک ابداً ؎

امیرالمومنین : خدا کی قسم نہیں خدا کی قسم نہیں میں ایسا نہیں کروں گا خدا کی قسم ایسا تا ابد کبھی نہیں ہوگا۔

امیرالمومنینؑ : یا جابر کشف لی عن برھوت فرایت شنبویہ وحبردیہ وھما یعذبان فی جوف تابوت فی برھوت فنادانی یا ابا الحسن یا امیرالمومنین ردنا الی الدنیا نقر بفضلک ونقر بالولایۃ لک فقلت لا واللہ لا فعلت لا واللہ لا کان ذالک ابداً ؎

امیرالمومنین : اے جابر برہوت میرے لئے کھلی ہوئی ہے اور میں نے شنبویہ اور حبردیہ کو دیکھا کہ برہوت میں ایک تابوت کے جوف میں ان دونوں پر عذاب کیا جارہا ہے پس ان دونوں نے مجھے پکارا کہ یا ابوالحسن یا امیرالمومنین ہمیں دنیا کی طرف بھیج دیجئے تاکہ ہم آپ کی فضیلت اور ولایت کا اقرار کریں میں نے جواب دیا کہ خدا کی قسم میں ایسا نہ کروں گا خدا کی قسم تا ابد ایسا نہ ہوگا۔

ثم قرء ھٰذہ الایۃ ولو ردوا لعادوا لما نھوا عنہ وانھم لکاذبون۔

حضرت نے پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اگر وہ لوٹا دیئے جائیں دنیا کی طرف تو وہ وہی کریں گے جس کی ممانعت کی گئی ہے بیشک وہ جھوٹے ہیں۔

یا جابر وما من احد خالف وصی نبی الا حشر اعمی یتکبکب فی عرصات القیٰمۃ ؎

اے جابر ایک شخص بھی ایسا نہیں کہ جس نے نبیؐ کے وصی کی مخالفت کی ہو مگر یہ کہ وہ میدان قیامت میں اندھا محشور ہوگا اور ہاتھ پیر مارتا ہوگا۔

(بحر المعارف صفحہ ۴۳۶)

حدیث غدیر چھپانے کی سزا

استشہاد رحبہ ۳۵ھ

ابوالجارود سے روایت ہے کہ ایک روز مقام رحبہ پر حضرت علی علیہ السلام خطبہ کیلئے کھڑے ہوئے اور حمد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ثنائے الٰہی کے بعد فرمایا کہ خداوند تعالیٰ کو درمیان دکھ کر کہتا ہوں کہ وہ لوگ کھڑے ہو جائیں جو یوم غدیر موجود تھے اور وہ شخص کھڑا نہ ہو جو صرف یہ کہہ سکے کہ میں نے سنا ہے یا مجھ تک خبر پہونچی ہے بلکہ صرف وہی شخص کھڑا ہو جس کے کانوں نے خود رسول اللہ کے خطبہ کو سنا ہوا ور اس کے دل نے محفوظ رکھا ہو۔"

اس حکم پر بروایتے تیس، سترہ یا بارہ صحابی کھڑے ہوتے اور حضرت علیؑ نے فرمایا کہ:۔

بیان کرو جو کچھ تم نے یوم غدیر دیکھا تھا اور رسول اللہ سے سنا تھا۔ سب نے یکے بعد دیگرے واقعہ غدیر کی سرگزشت سنائی کہ کس طرح رسول اللہ نے یکایک مقام غدیر پر چلتے ہوئے قافلہ کو روکا پھر زمین صاف کر کے خیمہ استاد کرنے کا حکم دیا۔ پالان شتر کا منبر تیار کرایا اور حضرت علیؑ کو ساتھ لے کر منبر پر تشریف لے گئے اور دوپہر کی چلچلاتی دھوپ میں ریگستان میں دفعتہً قافلے کو روکنے کا سبب بیان کیا اور ایک طویل خطبہ ارشاد فرمایا حدیث ثقلین سنائی اور پھر فرمایا کہ "من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ" یعنی میں جس کا مولا ہوں یہ علی اس کے مولا ہیں پھر خدا سے دعا مانگی کہ وہ اس کی مدد کرے جو علیؑ کی مدد کرے اور اس کو چھوڑ دے جو علی کو چھوڑ دے۔ اس کے بعد آیت "الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا" نازل ہوئی جو سب کو سنا دی گئی پھر حضرت علی علیہ السلام کو خیمہ میں جانے اور تمام اصحاب و انصار و مہاجرین وغیرہ کو گروہ گروہ جا کر حضرت علی علیہ السلام کی بیعت کرنے کا حکم دیا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تم سچ کہتے ہو میں اس پر گواہوں میں سے ایک گواہ ہوں۔

اصحاب رسول جو رحبہ میں حاضر تھے اور حدیث غدیر کی شہادت تھی ان کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) ابو ایوب انصاری (۲) قیس بن سعد بن عبادہ انصاری (۳) خزیمہ بن ثابت انصاری (۴) ابو یعلیٰ انصاری (۵) سہل بن سعد انصاری (۶) ابو الہیثم (۷) عامر بن لیلی (۸) عدی بن حاتم (۹) عقبہ بن عام (۱۰) عمار بن یاسر (۱۱) ہاشم مرقال (۱۲) عبداللہ بن بدیل وغیرہ۔

اس موقعہ پر چند اور اصحاب رسول بھی موجود تھے جنہوں نے حدیث غدیر اپنے کانوں سے سنی تھی مگر شہادت نہ دی اس لئے حضرت علی نے انہیں بد دعا دی اور وہ لوگ دنیا سے فنا نہیں ہوئے مگر یہ کہ اندھے ہو گئے یا برص میں مبتلا ہو گئے۔ ان میں سے چند نام یہ ہیں۔

(۱) انس بن مالک (۲) زید بن ارقم (۳) براء بن عاذب انصاری (۴) جریر بن عبداللہ (۵) عبدالرحمٰن بن مدلج (۶) یزید بن ودیعہ (۷) اشعث ابن قیس (۸) خالد بن یزید۔

حضرت علیؑ نے ان سے پوچھا کہ کس چیز نے تمہیں کھڑے ہونے اور شہادت دینے سے روکا حالانکہ تم لوگ بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یوم غدیر موجود تھے اور رسول اللہ کو کہتے سنا تھا ان میں سے ایک شخص نے جواب دیا کہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور بھول گیا ہوں کہ حضور اکرمؐ نے کیا کہا تھا۔ حضرت علی نے بد دعا کی کہ خداوندا اگر یہ لوگ دل کے کھوٹ کی باعث جھوٹ کہہ رہے ہیں اور شہادت کو چھپایا ہے تو ان کو عذاب میں مبتلا کر۔ حضرت کی دعا قبول بارگاہ ایزدی ہو گئی اور اسی وقت براء بن عاذب اندھا ہو گیا اور کہا کرتا تھا کہ وہ شخص کس طرح ہدایت پا سکتا ہے جس کو حضرت علی کی بد دعا لگی ہو۔ انس برص میں اس طرح مبتلا ہو گیا کہ اس کا عمامہ برص کے دھبوں کو چھپا نہ سکتا تھا اس لئے وہ ہمیشہ اپنے چہرے پر برقعہ ڈالے رکھتا تھا۔ زید بن ارقم اندھا ہو گیا اس کا بیان ہے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں۔ جنہوں نے حدیث غدیر کی شہادت کا اخفا کیا تھا پس خدا نے مجھے اندھا کر دیا۔ جریر دیوانہ ہو گیا۔

(مسند امام حنبل ج ۴، ۵، اسد الغابہ ج ۳، کنز العمال ج ۶۔ شواہد النبوت جامی۔ تذکرہ خواص الامۃ۔ البلاغ المبین ج ۱۔ ب ۱۱، ج ۲، ب ۱۲)

حضرت علیؑ سے گستاخی اور سزا

فتوحات القدس میں لکھا ہے کہ رسالت مآب کی وفات کے بعد ایک روز حضرت امیر المومنین مسجد میں وعظ فرما رہے تھے۔ اثنائے وعظ میں فرمایا کہ اے لوگو اگر سید آخر الزمان نے آخرت کی طرف کوچ کیا تو میں بحکم پروردگار ان کا وصی، قائم مقام اور نائب ہوں تم اپنی ہر مشکل کے لئے میری طرف متوجہ ہو کیونکہ پوشیدہ باتیں مجھ پر ظاہر ہیں غیب کا حال مجھ پر آشکار ہے۔ اولین و آخرین کا علم میرے خزانہ کا گوہر ہے۔ آسمان و زمین کے راز میرے سینہ میں موجود ہیں۔ میں مورد و مادے کے حالات سے واقف ہوں۔ ہر سفید و سیاہ کا حال مجھ پر روشن ہے ہوا کے پرندوں اور پانی کی مچھلیوں کا حال مجھ پر آشکار ہے۔ جو کچھ تھا ہے اور ہو گا سب کا علم مجھ کو حاصل ہے۔ میں ہر شہر و ہر دیار کے باشندوں کی عبادت اور بندگی سے واقف ہوں۔ میں چاہوں تو مشرق کو مغرب کر دوں عورت کو مرد، زمین کو آسمان اور جابلقا کو جابلسا بنا دوں۔

اس مجلس میں ایک مشرک بھی بیٹھا تھا جو بہت دولت مند تھا اور اپنی دولت کی کثرت پر بہت متکبر تھا حضرت کے کلام کو سن کر اس نے آپکی کی بزرگیوں سے انکار کرتا ہوا باہر نکل گیا مسجد سے باہر نکلا ہی تھا کہ غضب الٰہی نازل ہوا اور وہ کتے کی شکل میں مسخ ہو گیا جب اپنا یہ حال دیکھا تو پھر مسجد میں واپس آیا تاکہ حضرت امیر المومنینؑ سے مدد مانگے۔ مسجد میں آتے ہی تمام لوگوں نے لکڑی اور پتھروں سے اس کی خبر لے کر باہر نکال دیا۔ مجبوراً وہ اپنے گھر بھاگا اور اور اپنی خواب گاہ میں ریشمی بستر پر لیٹ گیا۔ جب اس کی بیوی نے دیکھا کہ اس کے شوہر کے بستر پر ایک کتا لیٹا ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے تو لکڑی سے اس کی خوب خبر لی یہاں تک کہ اس کے دانت ٹوٹ گئے اور گھر سے باہر نکال دیا۔ جب گھر سے باہر نکلا تو محلہ کے کتوں نے اس پر حملہ کیا اور اس کو زخمی کر دیا۔ مجبور ہو کر اس نے جنگل کا رخ لیا اور برجون پہنچ کر قیام کیا اور سات سال اس جنگل میں سرگردان پھرتا رہا۔ جب اس کے قبیلہ کے لوگوں کو اس کے مسخ ہو جانے کی اطلاع ملی تو انہوں نے اس کی تلاش شروع کی اور جب کہیں اس کا نشان نہ ملا تو یہ سمجھ کر خاموش ہو گئے کہ کسی نے اس کو مار ڈالا اس کی بیوی ایک باایمان اور محمدؐ و آل محمدؐ کے محبوں سے تھی اپنے شوہر کے ماتم میں سیاہ پوش ہو گئی اور اس طرح سات سال گذار دیئے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ حضرت امیر المومنین کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا پورا واقعہ سنا کر رونے لگی حضرت نے فرمایا کہ تیرا شوہر زندہ ہے مگر نہایت بدحال اور پریشان ہے گھر جا اور کچھ کھانا تیار کر اور اپنے چند محرموں کے ساتھ برجون لے جا۔ دو فرسخ راستہ طے کرنے کے بعد بائیں جانب ایک ٹیلہ نظر آئے گا اس کے قریب ہی اپنے شوہر کو تلاش کر۔ یہ سنتے ہی وہ عورت گھر جا کر اقسام کے کھانے تیار کئے

اور برجون کی راہ لی اور اپنے شوہر کو تلاش کرنا شروع کیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک کتا نظر آیا جو اس قدر ضعیف اور کمزور تھا کہ ٹیلے پر چڑھنے کے قابل نہ تھا۔ عورت نے اس پر رحم کھا کر کچھ روٹی اور حلوہ اس کے سامنے رکھا مگر وہ کمزوری کے باعث نہ کھا سکا۔ پھر پانی کا ایک پیالہ اس کے سامنے رکھا جب اس نے پانی پینے کا ارادہ کیا تو ایک سیاہ خاک پیالے میں نمودار ہوئی عورت یہ دیکھ کر حیران ہو گئی اور پھر حضرت امیر المومنین ع کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میرا شوہر کہیں بھی نظر نہ آیا وہاں صرف ایک کتا ہے جو برجون میں اس حالت میں نظر آیا۔ حضرت نے فرمایا کہ اے عورت وہی کتا تیرا شوہر ہے جس کو تو نے دیکھا۔ عورت پریشان ہو کر حضرت کے پاؤں پر گر پڑی اور نہایت ہی تضرع اور زاری سے عرض کی کہ یا امیر المومنین یہ کیا واقعہ ہے سمجھا دیجئے۔

حضرت نے فرمایا کہ تیرا شوہر مشرک تھا اس نے خدا و مصطفےٰ سے دشمنی کی اور میری ولایت میں شک کیا تھا اس لئے خدا نے اس کو کتے کی شکل میں مسخ کر دیا۔ عورت نے بصد عجز و نیاز عرض کیا کہ اس کو اصلی صورت پر لوٹا دیں۔ حضرت نے فرمایا کہ اس کتے کے گلے میں رسی ڈال کر لے آ۔ یہ سن کر عورت دوڑی اور کتے کے گلے میں رسی باندھ کر حضرت کی خدمت میں لائی۔ جب کتا حاضر ہوا تو زار زار رونے لگا حضرت نے بارگاہ قاضی الحاجات میں دعا کی کہ وہ اپنی صورت پر لوٹ آئے اس کے ساتھ ہی وہ انسان بن گیا اور رو کر کہنے لگا کہ یا امیر المومنین میں نے آپ کے بارے میں شک کیا تھا اور اپنے کئے کی سزا پائی۔ اب مجھے دین اسلام کی تعلیم دیجئے چنانچہ اس نے اسلام قبول کر لیا۔

(کوکب دری ص ۲۱)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوالات و جوابات

ایک یہودی کے سوالات

کتاب مناقب میں ابوطفیل عامر بن واثلہ سے روایت ہے کہ مدینہ کا ایک یہودی حضرت امیر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں آپ سے تین اور تین اور ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا کہ سات کیوں نہیں کہتا؟ عرض کیا کہ اگر آپ نے پہلے تین سوالات کا ٹھیک ٹھیک جواب دیا تو مزید تین سوال کروں گا۔ اگر ان کا بھی ٹھیک جواب دیا تو آخری ایک سوال کروں گا حضرت نے فرمایا کہ میرے جوابات کے صحیح ہونے کی تو تصدیق کس طرح کرے گا۔ یہودی نے اپنی آستین سے ایک چھوٹی پرانی کتاب نکالی اور کہا کہ اس کتاب کو میں نے اپنے آباء و اجداد سے ورثہ میں پایا ہے۔ اس کتاب کو موسیٰ بن عمران نے لکھوایا تھا اور ہمارے جد اعلیٰ حضرت ہارون کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے جس میں وہ تمام مسائل لکھے ہوئے ہیں۔ جو میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت نے پوچھا کہ اگر میں ان سوالات کا ٹھیک ٹھیک جواب دوں تو کیا تو مسلمان ہو جائے گا۔ اس نے جواب دیا کہ خدا کی قسم اگر آپ نے صحیح جواب دیا تو میں اسی وقت آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کروں گا۔

حضرت نے فرمایا کہ اچھا جو چاہتا ہے سوال کر۔

یہودی: وہ پہلا پتھر کون سا ہے جو آسمان سے زمین پر نازل ہوا؟

حضرت علیؑ: یہودیوں کا گمان ہے کہ یہ بیت المقدس کا پتھر ہے لیکن یہ غلط ہے۔ پہلا پتھر حجر اسود ہے جو حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ بہشت سے زمین پر نازل کیا گیا تھا اور رکن کے مقام پر رکھا گیا۔ جو آج تک بیت الحرام میں ہے۔

یہودی: وہ چشمہ کون سا ہے جو سب سے پہلے زمین پر جاری ہوا؟

حضرت علی: تمہارے عقیدہ میں پہلا چشمہ وہ ہے جو بیت المقدس کے پتھر کے نیچے سے جاری ہوا۔ لیکن یہ غلط ہے۔ پہلا چشمہ چشمۂ حیات ہے۔ جس پر حضرت موسیٰؑ، حضرت خضرؑ، یوشع بن نون اور ذوالقرنین گئے تھے اور جس میں مچھلی گر کر زندہ ہو گئی تھی۔

یہودی: آپ نے سچ فرمایا۔ اچھا اب بتایئے کہ وہ کون سا درخت ہے جو زمین پر سب سے پہلے پیدا ہوا۔؟

حضرت علیؑ: تم لوگ کہتے ہو کہ پہلا درخت زیتون کا ہے لیکن یہ غلط ہے وہ کھجور عجوہ کا درخت ہے جس کو حضرت آدم اپنے ہمراہ بہشت سے لائے تھے۔

یہودی نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا۔ اب دوسرے تین سوال کرتا ہوں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہودی : خاتم الانبیاءؐ کے بعد کتنے امام ہوں گے؟

حضرت علیؑ : خاتم الانبیاء کے بعد بارہ امام ہوں گے جو کسی ظالم کے ظلم اور کسی مخالف کی مخالفت سے کبھی دل تنگ نہ ہوں گے۔

یہودی : خاتم الانبیاء کس بہشت میں رہیں گے؟

حضرت علیؑ : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہشت عدن میں رہیں گے۔ یہ جنت کے وسط میں بہت ہی بلند جگہ ہوگی اور عرش سے بہت قریب ہوگی۔

یہودی : اس منزل میں آپ کے ساتھ اور کون ہوں گے۔

حضرت علیؑ : رسالت مآب کے ساتھ اس منزل میں یہی بارہ امام ہوں گے ان کا پہلا میں ہوں اور آخری امام مہدیؑ ہوں گے۔ یہودی نے کہا کہ خدا کی قسم کتاب ہارون میں ایسا ہی لکھا ہے۔

اب آپ سے آخری سوال کرتا ہوں۔

یہودی : یہ بتائیے کہ اپنے نبیؐ کے بعد آپ کتنا عرصہ زندہ رہیں گے۔ اور آپ کی موت کس طرح واقعہ ہوگی ؟

حضرت علیؑ : میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ۳۰ سال زندہ رہوں گا اور تلوار کے زخم سے شہید ہونگا میرا قاتل ناقۂ صالح کو پے کرنے والے سے بدتر ہوگا۔

یہودی رونے لگا اور اسلام قبول کرتے ہوئے کہا "اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد ان محمدؐ رسول اللہ واشھد انک وصی رسول اللہ"

(کتاب الاحتجاج۔ ج ۱ ینابیع المودۃ ب۷۶، کوکب دری)

قیصر روم کے سوالات

پہلا سوال : تفسیر فخر الدین رازی اور تذکرۃ الخواص میں لکھا ہے کہ رسالت مآب کی رحلت کے بعد قیصر روم نے خلیفہ وقت کو لکھا کہ سورۂ فاتحہ ہم کو پہنچا اور ہم اس کی معنی سے واقف ہوئے لیکن اھدنا الصراط المستقیم سے شبہ گزرتا ہے کہ اگر تمہارا دین برحق ہے اور اس کے قبول کرنے سے صراط مستقیم پر پہونچتے ہیں تو دین اسلام قبول کرنے کے بعد پھر صراط مستقیم کی ہدایت کی دعا کرنا لامعنی ہے و نیز مغضوب علیھم کون سا گروہ ہے۔ ضالین کون ہیں۔ اگر تم ان سوالات کے تفصیلی جواب روانہ کردگے تو ہم دین اسلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قبول کریں گے۔

جب یہ خط پہونچا تو حضرت ابو بکرؓ نے تمام اصحاب سے مشورہ کیا اور جب کسی سے جواب بن نہ پڑا تو سب باب مدینہ علم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت علی علیہ السلام نے یہ جواب دیا۔

" اھدنا الصراط المستقیم کے معنی ہیں۔ ثبتنا علیہ فی الدنیا واھدنا طریق الجنۃ یوم القیمۃ یعنی جو راہ مستقیم تو نے عنایت فرمائی ہے) ہم کو اس پر دنیا میں ثابت قدم رکھ اور قیامت کے روز جنت کی طرف ہماری رہبری کر۔

" مغضوب علیھم" سے قوم یہود مراد ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ ان کے حق میں دوسرے مقام پر وبغضب من اللہ فرماتا ہے (یعنی وہ اللہ کے غضب میں گرفتار ہوئے۔

ضالین سے مراد نصاریٰ اور وہ لوگ ہیں جو اہلبیت کے طریق سے منحرف ہوئے"

ان کے لئے ارشاد ہوتا ہے وضلوا عن سواء السبیل یعنی وہ سیدھی راہ سے گمراہ ہو گئے۔

دوسرا سوال :

سورۂ خیر و برکت :۔ کیا قرآن میں ایسا کوئی سورہ ہے جس میں دوزخ کے دروازوں کے شمار کے موافق سات آیتیں ہوں اور حروف تہجی کے سات حروف ث، ج، ز، ش، ظ، خ، ف اس میں نہ ہوں۔ ہم نے انجیل میں پڑھا ہے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے گا، دوزخ کے ساتوں دروازے اس پر بند ہو جاتے ہیں۔

جواب : حضرت علی علیہ السلام نے جواب دیا کہ وہ سورۂ فاتحہ ہے جس کو سبع المثانی کہتے ہیں یہ وہی سورہ ہے جو تم کو پہونچا ہے جس کے اھدنا الصراط المستقیم میں تم کو شبہ واقع ہوا۔ اسی میں مذکورہ بالا سات حروف نہیں ہیں۔

جب قیصر روم نے ان جوابات کو پڑھا تو اسلام قبول کر لیا۔

مفر کے بیس سوالات

معارج النبوۃ میں مرقوم ہے کہ آنحضرت صلعم کی رحلت کے دس روز بعد ایک نقاب پوش اعرابی ہاتھ میں تازیانہ لئے ہوئے مسجد میں داخل ہو کر دریافت کیا کہ پیغمبر کا وصی کون ہے۔ حضرت ابو بکرؓ نے حضرت علیؑ مرتضیٰ کی طرف اشارہ کیا۔ پس اس نے حضرت علیؑ کی طرف اشارہ کرکے کہا۔" السلام علیک یا فتیٰ حضرت علیؑ علیک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

السلام یا مفرد صاحب البیر" (سلام ہو تجھ پر اے مفرد اے کنویں والے)

تمام حاضرین اس جواب کو سن کر متحیر ہو گئے۔

نقاب پوش: اے جوان! تو نے میرا نام کس طرح جانا اور مجھ کو صاحب بیر کس طرح کہا؟

حضرت علیؑ: مجھ کو میرے بھائی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی تھی۔ اگر تو چاہتا ہے تو تیرا تمام حال بیان کر دوں۔

نقاب پوش: آپ کا نام کیا ہے اچھا بتایئے کہ رسول خدا نے کیا خبر دی تھی۔

حضرت علیؑ: میرا نام علیؑ ابن ابی طالب ہے تو عرب کا رہنے والا ہے تیرا نام مفرد اور تیرے باپ کا نام دارم ہے اور تیری عمر تین سو ساٹھ سال ہو چکی ہے جب تو ایک سو سال کا تھا اپنی قوم کو ڈرایا تھا اور سرور کائنات کے ظہور رسالت کی ان کو بشارت دی تھی اور کہا تھا کہ تہامہ (یعنی زمین مکہ) سے ایک شخص ظاہر ہو گا۔ جس کے رخسار چاند سے زیادہ نورانی اور اس کا کلام شہد سے زیادہ شیریں ہو گا جو کوئی اس سے تمسک کرے گا فلاح دارین پائے گا۔ وہ یتیموں اور مسکینوں کا باپ اور صاحب شمشیر ہو گا۔ دراز گوش پر سواری کرے گا۔ اپنے پاپوش میں خود ہی پیوند لگا لیگا۔ شراب و زنا کو حرام کرے گا۔ قتل اور سود خواری کو منع کرے گا۔ وہ خاتم انبیاء اور سید الاولیاء ہو گا۔ اس کی امت پانچ وقت نماز پڑھا کرے گی اور ماہ رمضان کو روزوں میں گذارے گی اور بیت اللہ کا حج کرے گی تم اس پر ایمان لانا۔

جب تو نے ان لوگوں کی رہنمائی کی وہ تیری مخالفت کرنے لگے اور ایذا رسانی شروع کر دی یہاں تک کہ تجھ کو ایک گہرے کنویں میں قید کر دیا۔ چنانچہ تو اب تک اسی کنویں میں محبوس تھا۔ جب آنحضرت نے اس عالم فانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرمائی۔ حق تعالیٰ نے تیری قوم کو سیلاب سے ہلاک کر دیا اور تجھ کو اس قوم سے نجات دی۔ بعد ازاں ایک ندائے غیب تجھ کو پہونچی کہ محمد مصطفیٰؐ کا انتقال ہو چکا تو جا کر ان کی قبر کی زیارت کر اس لئے تو منازل طے کرتا ہوا یہاں آ پہنچا۔

مفر یہ باتیں سن کر رونے لگا اور عرض کیا کہ یا علیؑ آپ ان تفصیلات سے کس طرح واقف ہوئے۔ حضرت نے فرمایا کہ مجھے سید کائناتؐ نے خبر دی تھی کہ میرے انتقال کے بعد یہاں مفر آئے گا اس کو میرا سلام پہنچانا۔ جب مفر نے سلام کی خوشخبری سنی تو آگے بڑھ کر حضرت علیؑ کے سر پر بوسہ دیا اور اجازت لے کر بیٹھ گیا۔ اس کے بعد حضرت نے مفر سے فرمایا کہ اے مفر اپنے چہرے سے نقاب اٹھا دے۔ چنانچہ جب اس نے نقاب اٹھایا تو تمام حاضرین نے دیکھا کہ اس کی پیشانی سے نور صادع ہو رہا تھا۔ اس کے بعد مفر نے عرض کیا کہ میرے چند سوالات ہیں ان کے جوابات چاہتا ہوں۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جو چاہتا ہے سوال کر۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱) مضر: وہ کون سا نر ہے جو ماں اور باپ نہیں رکھتا؟

حضرت علیؑ: وہ حضرت آدم ہیں۔

(۲) مضر: وہ مادہ کونسی ہے جو ماں اور باپ نہیں رکھتی؟

حضرت علیؑ: حضرت حوّا۔

(۳) مضر وہ نر کون سا ہے جو بن باپ کے پیدا ہوا۔؟

حضرت علیؑ: حضرت عیسٰیؑ

(۴) مضر: وہ رسول کون ہے جو نہ جن وانس سے ہے اور نہ ملائکہ سے اور نہ چوپایوں سے نہ درندوں سے؟

حضرت علیؑ:۔ وہ غراب یعنی کوا ہے جس کو حق تعالٰی نے قابیل کی تعلیم کے لئے بھیجا تھا۔

(۵) مضر: وہ کون سی قبر ہے جس نے اپنے صاحب کو اپنے ساتھ سیر کرائی؟

حضرت علیؑ: وہ قبر جس نے اپنے صاحب کو سیر کرائی ایک مچھلی تھی جس نے حضرت یونسؑ کو اپنے پیٹ میں رکھ کر تیس روز تک سمندر میں گھومتی رہی۔

(۶) مضر: وہ حیوان کونسا ہے جس نے اپنے اصحاب کو ڈرایا تھا؟

حضرت علیؑ: وہ چیونٹی تھی جو اپنی قوم کے ساتھ رزق کی تلاش میں نکلی تھی اور ان چیونٹیوں سے جو اس ستون پر چڑھ رہی تھیں جو حضرت سلیمان کے سر پر تھا کہا تھا کہ خبردار سلیمان کے سر پر مٹی نہ گرے اور ان کو ایذا نہ پہونچے۔

(۷) مضر: وہ جسم کون سا ہے جس نے کھایا مگر پیا نہیں۔؟

حضرت علیؑ:۔ وہ جسم جس نے کھایا مگر پیا نہیں اور پھر کھایا بھی نہیں حضرت موسٰیؑ کا عصا تھا جو جادوگروں کے سانپوں کو نگل گیا تھا۔

(۸) مضر: وہ زمین کون سی ہے جس پر ابتدائے آفرینش سے صرف ایک مرتبہ سورج چمکا اور پھر کبھی نہ چمکے گا؟

حضرت علیؑ: وہ دریائے نیل کی تہ ہے۔ جب خدا نے قوم موسٰیؑ کے دریائے نیل کے پار کرنے اس کو شگافتہ کیا تھا۔ اس کی تہ نمایاں ہوتی تھی۔ اور اس پر سورج چمکا تھا۔ قوم موسٰیؑ کے گذر جانے کے بعد پانی پھر مل گیا۔

(۹) مضر: وہ جماد کون سا ہے جس نے زندہ چیز جنی؟

حضرت علیؑ: وہ ایک پتھر تھا جس سے حق تعالٰی نے ناقہ صالح کو پیدا کیا تھا۔

(۱۰) مضر: وہ عورت کون سی ہے جس سے تین ساعت میں بچہ پیدا ہوا۔؟

حضرت علیؑ: جناب مریم۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱۱) مضر: وہ دو متحرک کون سے ہیں جو کبھی ساکت نہیں ہوتے؟

حضرت علیؑ: آفتاب و ماہتاب۔

(۱۲) مضر: وہ ساکن کون سا ہے جو کبھی متحرک نہیں ہوتا؟

حضرت علیؑ: آسمان۔

(۱۳) مضر: وہ دو دوست کون سے ہیں جو کبھی دشمن نہ ہوں گے؟

(۱۴) جسم و جان۔

(۱۴) مضر: وہ دو دشمن کون سے ہیں جو کبھی دوست نہ ہوں گے؟

حضرت علیؑ: موت و حیات۔

(۱۵) مضر: شئے کیا ہے؟

حضرت علیؑ: شئے مومن ہے۔

(۱۶) مضر: لاشئ کیا ہے؟

حضرت علیؑ: لاشئ کافر ہے۔

(۱۷) مضر: سب سے زیادہ خوبصورت کون سی چیز ہے۔؟

حضرت علیؑ: بنی آدم کی صورت۔

(۱۸) مضر: سب سے بدصورت کون سی چیز ہے؟

حضرت علیؑ: سب سے زیادہ بدصورت بدن بے سر۔

(۱۹) مضر: رحم میں سب سے پہلے کون سی چیز بستہ ہوتی ہے؟

حضرت علیؑ: سب سے پہلے جو چیز رحم میں بستہ ہوتی ہے وہ انگشت شہادت ہے۔

(۲۰) مضر: وہ کون سی چیز ہے جو قبر میں سب سے آخر میں گرتی ہے۔

حضرت علیؑ: ریڑھ کی ہڈی۔

ان جوابات کو سن کر مضر نے باب مدینۃ علم کے فرق ہمایوں پر بوسہ دیا اور عرض کیا کہ یا علیؑ مجھے سرورِ کائنات کے مرقد مطہر پر لے چلئے چنانچہ حضرت نے اس کو قبر رسول کی رہبری کی۔ وہ قبر سے بغل گیر ہو کر گریہ و زاری کرنے لگا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس کو ایک ساعت تک اس کے حال پر چھوڑ دو کہ اس کا آخری وقت آچکا ہے۔ چنانچہ جب ایک ساعت کے بعد جا کر دیکھا تو اس کی روح پرواز کر چکی تھی، حضرت نے اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام فرمایا۔

(کوکب دری)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روایت رمیلہ

کتاب الارشاد میں حمران بن عین نے قاسم بن محمدؒ بن ابو بکرؓ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے رمیلہ سے سنا جو حضرت علیؑ کے خاص اصحاب سے تھے۔

رمیلہ : وعکت وعکا شدیداً فی زمان امیر المومنینؑ ثم وجدت منہ خفۃ فی نفسی فی یوم جمعۃ فقلت لا اعمل شیئاً افضل من ان افیض علیّ الماء وآتی المسجد فاصلی خلف امیر المومنین ففعلت ذلک فلمّا علا المنبر فی جامع الکوفۃ عاد الیّ الوعک فلما خرج امیر المومنین من المسجد تبعتہ فالتفت الیّ وقال ما اراک الا متشکیاً بعضک فی بعض ما بک من الوعک وما قلت انک لا تعمل شیاً افضل من غسلک لصلوۃ الجمعۃ خلفی فانک کنت وجدت خفۃ فلمّا صلیت وعلوت المنبر عاد الیک الوعک

رمیلہ : رمیلہ نے کہا کہ امیر المومنینؑ کے زمانہ میں ایک مرتبہ مجھے شدید بخار آیا جس کی وجہ میں نے اپنے نفس میں ہلکا پن محسوس کیا چونکہ وہ جمعہ کا دن تھا میں نے کہا کہ اس سے بہتر کوئی کام نہ کروں گا کہ غسل کروں اور مسجد چل کر امیر المومنینؑ کے پیچھے نماز ادا کروں پس میں نے ایسا ہی کیا۔ جب حضرت نماز کے بعد منبر پر تشریف لے گئے تو وہ حرارت لوٹ آئی اور جب امیر المومنینؑ مسجد سے باہر نکلے میں بھی ان کے پیچھے پیچھے چلا اور وہ میری طرف ملتفت ہوئے اور فرمایا نہیں دیکھتا ہوں میں تجھ کو مگر شک کرنے والا اپنے بعض امور کا بعض میں جو تجھ کو بخار کی وجہ ہے اور تو نے یہ کیا کہا کہ کوئی عمل اس سے افضل نہیں کہ غسل کر کے میرے پیچھے نماز جمعہ پڑھے اور تو نے خفت پائی پس جب میں نماز پڑھ کر منبر پر گیا تیرا بخار تیری طرف لوٹ آیا۔

رمیلہ : فقلت واللہ یا امیر المومنین مازدت فی قصتی ولا نقصت حرفاً۔

رمیلہ : یا امیر المومنینؑ خدا کی قسم آپ نے جو میرے قصہ میں فرمایا ہے نہ ایک حرف کی زیادتی کی اور نہ کمی۔

حضرت علی : لی یا رمیلہ مامن مومن ولا مومنۃ یمرض مرضاً الا مرضت لمرضہ ولا یحزن حزناً الا حزنت لحزنہ ولا دعی الا آمنا علی دعائہ ولا یسکت الا دعونا لہ۔

اے رمیلہ ایسا نہیں ہے کہ کوئی مومن یا مومنہ کسی مرض میں مبتلا ہو اور اس کے ساتھ میں بھی مریض نہ ہو جاؤں اور کوئی شخص محزون نہیں ہوتا مگر یہ کہ میں اس کے حزن میں محزون ہو جاتا ہوں اور نہیں دعا کرتا کوئی مگر یہ کہ میں اسکی دعا پر آمین کہتا ہوں اور وہ ساکت نہیں ہوتا مگر یہ کہ میں اسکیلئے دعا کرتا رہتا ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رمیلہ: ھذا یا امیر المومنین لمن کان معك فی ھذا المصر فمن کان فی اطراف الارض منزلہ فکیف؟

یا امیر المومنین یہ اس کے لئے ہوا جو آپ کے ساتھ اس شہر میں ہے۔ پس اس کے لئے جو زمین کے دوسرے مقامات پر ہو کیا ہو گا۔

حضرت علیؑ: یا رمیلہ لیس یغیب عنا مومن ولا مومنۃ فی مشارق الارض و مغاربھا الّا وھو معنا ونحن معہ۔

(بحار المعارف ص ۲۴۸)

اے رمیلہ کوئی مومن یا مومنہ ہم سے غائب نہیں خواہ وہ زمین کے مشرق میں ہو یا مغرب میں مگر یہ کہ وہ ہمارے ساتھ ہے اور ہم اس کے ساتھ ہیں۔

حضرت علیؑ اور جنابؑ زینبؑ

حضرت زینبؑ نے سوال کیا کہ بابا کیا آپ مجھے دوست رکھتے ہیں۔

حضرت علیؑ: ہاں میں ضرور دوست رکھتا ہوں۔

حضرت زینب: کیا آپ میری مادر گرامی اور حسنینؑ کو بھی دوست رکھتے ہیں۔

حضرت علیؑ: ہاں انہیں بھی دوست رکھتا ہوں۔

حضرت زینبؑ: کیا آپ ہمارے نانا رسولؐ کو بھی دوست رکھتے ہیں۔

حضرت علیؑ: بیشک انہیں بھی دوست رکھتا ہوں۔

حضرت زینب: کیا آپ حق سبحانہٗ تعالیٰ کو بھی دوست رکھتے ہیں۔

حضرت علیؑ: بلاشبہ میں خداوند تعالیٰ کو بھی دوست رکھتا ہوں۔

حضرت زینبؑ: بابا یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک دل میں دو محبتوں کا اجتماع ہو۔

حضرت علیؑ: یہ مسئلہ بہت نازک ہے مگر یہ سمجھ لو کہ سوائے خدا کے میں جس سے بھی محبت کرتا ہوں اس سے خدا کے واسطے ہی کرتا ہوں۔

(بحور الغمہ)

آخری چہار شنبہ

ایک سائل کے سوال پر حضرت علی علیہ السلام نے ہر مہینہ کے آخری چہار شنبہ کی مذمت کرتے ہوئے چند واقعات بیان فرمائے جو آخری چہار شنبہ کو واقع ہوئے تھے اور فرمایا کہ ہر ماہ کا آخری چہار شنبہ نحس ہوتا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۱) آخری چہار شنبہ کو قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا۔
(۲) اسی روز ابراہیم کو آگ میں ڈالا گیا تھا۔
(۳) اسی روز منجنیق بنائی گئی تھی۔
(۴) اسی روز خدا نے فرعون کو غرق کیا۔
(۵) اسی روز خدا نے ارض قوم لوط کو بعض کے لئے اعلیٰ اور بعض کے لئے اسفل قرار دیا تھا۔
(۶) اسی روز خدا نے قوم عاد کی طرف ہوا کا عذاب بھیجا تھا۔
(۷) اسی روز کی جب صبح ہوتی تو زمین جل کر سیاہ ہو چکی تھی۔
(۸) خدا نے نمرود پر بقہ کو مسلط کیا تھا۔
(۹) اسی روز فرعون نے موسیٰ کو قتل کرنے کیلئے طلب کیا تھا۔
(۱۰) اسی روز ان پر چھت گرائی گئی تھی۔
(۱۱) اسی روز فرعون نے علماء ان کو ذبح کرنے کا حکم دیا تھا۔
(۱۲) اسی روز بیت المقدس ڈھایا گیا۔
(۱۳) اسی روز ملک فارس میں قلعہ اصطخر کی مسجد کو سلیمان ابن داؤد نے جلا دیا تھا۔
(۱۴) اسی روز یحییٰ بن زکریا قتل کئے گئے۔
(۱۵) اسی روز قوم فرعون پر پہلا عذاب نازل کیا گیا۔
(۱۶) اسی روز خدا نے قارون کو زمین میں دھنسایا۔
(۱۷) اسی روز خدا نے ایوب کو ان کے مال اور اولاد کی دوری میں مبتلا کیا تھا۔
(۱۸) اسی روز یوسف قید خانے میں ڈالے گئے۔
(۱۹) اسی روز خدا نے فرمایا کہ میں نے اس کو اور اس کی کل قوم کو تباہ کیا۔
(۲۰) اسی روز ایک چیخ کے ذریعہ ان کو ہلاک کیا۔
(۲۱) اسی روز ناقہ صالح کو پے کیا گیا۔
(۲۲) اسی روز چرخ سے ان پر کنکریاں برسائی گئیں۔
(۲۳) اسی روز نبی صلعم کے دانت شہید ہوئے اور نبی رنجیدہ ہوئے۔

(کتاب الخصال)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آسمانوں کے رنگ

ایک شامی نے حضرت علیؑ سے سوال کیا کہ آسمانوں کے نام اور رنگ کیا ہیں۔ حضرت نے جواب دیا کہ:

(۱) اس دنیا کے آسمان اول کا نام رفیع ہے یہ پانی اور دھوئیں سے ہے۔

(۲) آسمان دوم کا نام فیدوم ہے اور اس کا رنگ تانبے کا ہے۔

(۳) آسمان سوم کا نام الماذوم ہے اس کا رنگ اس کے مانند ہے۔

(۴) آسمان چہارم نام ارفلون ہے اس کا رنگ چاندی کی طرح ہے۔

(۵) آسمان پنجم کا نام ہیفعوف ہے اس کا رنگ سونے کی طرح ہے

(۶) آسمان ششم کا نام عروس ہے اس کا رنگ سبز یاقوتی ہے

(۷) آسمان ہفتم کا نام عجما ہے یہ نور آفتاب کے رنگ پر ہے۔

(کتاب الخصال)

حضرت عمرؓ کے چند سوالات

حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے پوچھا کہ یا ابوالحسن میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بعض باتیں پوچھنا چاہتا تھا مگر پوچھ نہ سکا اگر آپ ان کا جواب دیتے ہیں تو پوچھتا ہوں۔ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ جو چاہتے ہو پوچھ لو۔

حضرت عمرؓ: کبھی آدمی خواب میں دیکھتا ہے کہ کوئی چیز ہاتھ میں تھی اور جب بیدار ہوتا ہے تو کچھ بھی نہیں رہتا۔ بعض مرتبہ خواب بالکل غلط نظر آتے ہیں کبھی خواب میں کسی کو دوست دیکھتا ہے اور کسی کو دشمن۔ حالانکہ ان کے درمیان شناسائی بھی نہ تھی اور بعض مرتبہ کسی چیز کو مدتوں دیکھتا اور سنتا ہے مگر ضرورت کے وقت بھول جاتا ہے اور وہ پھر بلا ضرورت یاد آجاتی ہے آخر اس کا سبب کیا ہے؟

حضرت علیؑ: جو کچھ آدمی خواب میں دیکھتا ہے اس کا راز بموجب اس آیت کے ہے "اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى" (زمر ۴۲) (اللہ وفات دیتا ہے نفسوں کو ان کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موت کے وقت۔ اور وہ جو نہیں مرتے ان کو ان کی حالت نیند میں۔ پس جن نفسوں کے لئے موت کا حکم جاری ہو چکا ہے ان کو نیند کر لیتا ہے اور باقیوں کو اجل مسمی تک چھوڑ دیتا ہے) یعنی جو شخص سوتا ہے اس پر موت کا شبہ ضرور ہوتا ہے۔ اور جو کچھ وہ اس وقت خواب میں دیکھے جب کہ روح بدن سے مفارقت کی ہوتی ہے وہ عالم ملکوت سے ہوتا ہے اور وہ رحمانی خواب ہے اور جو کچھ اس وقت دیکھتا ہے جب کہ روح بدن سے متعلق ہوتی ہے وہ شیطانی خواب ہے۔ دیگر یہ کہ کسی اجنبی شخص کو دوست یا دشمن کی شکل میں دیکھنا اس وجہ سے ہے کہ حق تعالیٰ نے روحوں کو بدنوں سے دو ہزار سال الوہیت قبل پیدا کیا۔ (سال الوہیتی کا ایک روز پچاس ہزار سال کا ہوتا ہے) اور ان کی قرارگاہ ہوا میں مقرر کیا۔ جہاں یہ ایک دوسرے سے ملاقات کرتے رہتے تھے۔ جنہوں نے اس روز ایک دوسرے کو پہچان لیا ان کو ان سے الفت ہوتی ہے اور جنہوں نے شناخت نہیں کیا ان کے درمیان بغض و عداوت ہوتی ہے۔

تیسرے یہ کہ ایک چیز جو سالہا سال کی دیکھی اور سنی ہوتی ہے اور ضرورت کے وقت یکایک بھول جاتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ ہر دل کے گرد چاند کی طرح ایک ہالہ ہوتا ہے جب وہ دل کو گھیر لیتا ہے تو آدمی سب چیزیں بھول جاتا ہے اور جب یہ زائل ہو جاتا ہے تو بھولی ہوئی بات یاد آجاتی ہے۔

(کوکب دری)

مسجد کوفہ کی فضیلت وخصوصیت

ایک روز مسجد کوفہ میں ایک شخص نے حضرت علیؑ سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ بیت المقدس جا کر عبادت میں مشغول رہوں اور بقیہ زندگی وہیں گذار دوں۔ حضرت نے کہا کہ جو زاد راہ تو نے تیار کر رکھی ہے اس کو کھالے اور سواری کو فروخت کر کے اسی مسجد میں سکونت اختیار کر کیونکہ یہ مسجد دنیا کی چار متبرک مسجدوں میں سے ہے۔ دو رکعت نماز جو یہاں ادا کی جائے دوسری مساجد کی دس رکعتوں سے افضل ہے۔ منجملہ اس کے فضائل کے ایک فضیلت یہ ہے کہ طوفان نوح کے وقت جس تنور سے سب سے پہلے پانی جوش مار کر نکلا تھا اس مسجد کے ایک گوشہ میں واقع ہے اور جس مقام پر پانچواں ستون ہے ابراہیمؑ نوحؑ اور ادریس علیہم السلام نے وہاں نماز پڑھی تھی۔ حضرت موسیٰؑ کا عصا ایک مدت تک یہیں رہا ہے۔ یغوث اور یعوق بت یہیں توڑے گئے تھے۔ روز قیامت کئی ہزار مخلوق یہیں سے محشور ہوگی کہ جن کا حساب و عقاب نہ ہوگا۔ اس مسجد کے صحن میں بہشت کا ایک مرغزار ہوگا اور آخری زمانہ میں یہاں سے تین چشمے ظاہر ہونگے ایک صاف پانی کا، دوسرا دودھ کا اور تیسرا روغن کا۔ اس کے دائیں طرف ذکر ہے اور بائیں طرف فکر۔

(تاریخ اعثم کوفی۔ کوکب دری)

پاکیزہ کسب

کشف المحجوب میں مرقوم ہے کہ ایک روز ایک شخص نے امیرالمومنین ؑ سے سوال کیا کہ سب سے زیادہ پاکیزہ کسب کون سا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت نے فرمایا کہ "غِناء القلب باللہ سُبحانہ" یعنی جو دل خدائے عزوجل کی عنایت سے مستغنی ہو جائے دنیا و مافیہا کا موجود نہ ہونا اس کو محتاج و مفلس نہیں کرتا اور وہ ماسوی اللہ کے موجود ہونے سے کبھی خوش نہیں ہوتا۔ (کوکب دری ب ۔)

حضرت علیؑ کا ایک مردہ کو زندہ کرنا اور اس کا اپنا واقعہ بیان کرنا

زہرۃ الریاض اور حسن الکبار میں میثم تمار سے مروی ہے کہ ایک روز کوفہ میں ایک شخص قبائے خز پہنے زرد عمامہ سر پر باندھے اور تلوار زیب کر کے مسجد میں حضرت امیر المومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوال کیا کہ تم میں کون شخص ہے جس نے اپنی عمر میں کبھی میدان جنگ سے فرار نہ کیا ہو۔ اس کی ولادت بیت اللہ میں ہوئی ہو اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ میں اپنا نظیر نہ رکھتا ہو تمام غزوات میں محمد مصطفیٰؐ کا ناصر و مددگار رہا ہو عمر و عنتر کو قتل کیا ہو، در خیبر کو ایک حملہ میں اکھاڑ پھینکا ہو۔ حضرت نے جواب دیا کہ اے سعید بن فضل وہ شخص میں ہوں پوچھ لے جو کچھ پوچھنا چاہتا ہے۔ میں ہوں غم زدوں اور یتیموں کا ملجا و ماویٰ، اسیروں اور خستہ دلوں کے زخم دل کا مرہم۔ میں ہوں وہ شخص کہ جس پر بلا ہائے عظیم بھی وارد ہوں تو صبر کرتا ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ "ان اللہ یحب الصابرین" میں ہوں وہ شخص جس کے اوصاف توریت انجیل، زبور اور قرآن میں مرقوم ہیں۔ میں ہوں قٓ والقرآن المجید، میں ہوں صراط مستقیم۔

اعرابی نے کہا کہ ہم کو ایسا معلوم ہوا ہے کہ تم رسول خدا کے وصی اور دنیا ما اللہ کے پیشوا ہو اور سید المرسلین کے بعد زمین و آسمان کی حکومت تمہارے لئے ہے۔ فرمایا کہ ہاں ایسا ہی ہے سوال کر نے جو تیرا جی چاہے اعرابی نے کہا کہ میں ساٹھ ہزار آدمیوں کی جانب سے جن کو عقیمہ کہتے ہیں ایلچی بن کر آیا ہوں اور ایک مردہ کو لایا ہوں جس کے قاتل کی تشخیص میں اختلاف ہے اگر تم اس کو زندہ کر دو تو ہم کو حقیقی طور پر معلوم ہو جائے کہ تم ہی رسول خدا کے سچے وصی ہو۔

میثم کا بیان ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک اونٹ پر سوار ہو کر کوفہ کے تمام گلی کوچوں میں منادی کر دو کہ جو کوئی امیر المومنینؑ کے اس اعجاز کا مشاہدہ کرنا چاہتا ہے کل نجف میں حاضر رہے۔ چنانچہ میں نے منادی کر دی اور دوسرے روز نماز فجر کے بعد تمام لوگ اور امیر المومنینؑ مقام موعود پر پہنچے اور حضرت نے فرمایا کہ جنازہ کو سامنے لائیں جب جنازہ کو لا کر اس کا سر کھولا تو دیکھا کہ ایک جوان کی میت تھی جو تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کر دی گئی تھی۔ حضرت نے پوچھا کہ اس کو قتل ہوئے کتنے روز ہوئے ہیں۔ عرض کیا کہ اکتالیس روز فرمایا کہ اس کے خون کا طالب کون ہے عرض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا کہ قوم کے پچاس آدمی اس کے خون کے طالب ہیں۔
حضرت نے فرمایا کہ اس کو اس کے چچا نے قتل کیا ہے جس کا نام حریث بن حسان ہے اس نے اپنی لڑکی اس سے بیاہی تھی اس نے اپنی بیوی کو چھوڑ کر دوسری عورت سے عقد کر لیا تھا اس لئے قتل کیا گیا۔ اعرابی نے عرض کیا یا امیرالمومنین واقعہ تو ایسا ہی ہے میں اس وقت تک راضی نہ ہوں گا جب تک آپ اس کو زندہ نہ کریں اور وہ خود اس کی تصدیق نہ کرے۔

حضرت نے اہل کوفہ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ " اے اہل کوفہ بنی اسرائیل کی گائے خدا کے نزدیک خاتم الانبیاء کے وصی سے بڑھ کر مکرم و معظم نہیں تھی کہ بنی اسرائیل نے اس گائے کا ایک عضو اس مقتول پر لگایا جس کو قتل ہوئے ایک ہفتہ گذر چکا تھا اور حق تعالیٰ نے اس کو زندہ کر دیا میں بھی اپنا ایک عضو اس کو لگاتا ہوں" یہ فرما کر اپنا دایاں پاؤں مقتول پر لگا کر فرمایا کہ " قم باذن اللہ یا مدرکہ بن حنظلہ بن عیشان " اس کے ساتھ ہی وہ جوان زندہ ہو کر کہنے لگا " لبیک لبیک یا حجۃ اللہ فی الایام والمنصور بالفضل فی الانام بعد رسول اللہ علیہ السلام " (یعنی حاضر ہوں حاضر ہوں اے اس زمانہ کے حجت خدا اور رسول خدا کے بعد زمانہ میں افضل و اعلیٰ)

حضرت نے پوچھا کہ تجھے کس نے قتل کیا اس نے جواب دیا کہ میرے چچا حریث بن حسان نے۔ اس کے بعد حضرت نے اعرابی سے فرمایا کہ اب تم جاؤ اور اپنے قبیلہ کو اس واقعہ سے مطلع کر دو مگر اس نے جواب دیا کہ یا امیر المومنین ؑ اب آپ کے پائے اقدس چھوڑ کر نہیں جاتا۔ چنانچہ وہ وہیں رہ گیا اور جنگ صفین میں شہادت پائی۔ (کوکب دری)

علم رسالت مآب و علم امیرالمومنین

بصائر الدرجات میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سے رسالت مآب کے علم سے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ :

" علم النبی جمیع علم النبیین وعلم ما کان وعلم ما ھو کائن الیٰ یوم القیمۃ " ثم قال والذی نفسی بیدہ لانی اعلم علم النبیین وعلم ما کان وعلم ما ھو کائن فیما بینی وقیام الساعۃ۔

ترجمہ : نبی کا علم جمیع انبیاء کا علم ہے و نیز ان امور کا جو گذر گئے اور جو قیامت تک واقع ہونے والے ہیں۔ پھر فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے کہ میں جمیع انبیاء کا علم جانتا ہوں اور وہ جو کہ گذر گیا اور جو قیام قیامت تک ہونے والا ہے۔ (بحر المعارف ۴۳۰)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علمائے یہود شام

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے مروی ہے کہ شام کے چند یہودی اور ان کے علماء جو توراۃ، انجیل، زبور اور دیگر انبیاء کے صحف دلائل کے ساتھ پڑھا کرتے تھے اصحاب رسولؐ کی محفل میں پہونچے جب کہ حضرت علی علیہ السلام ابن عباس ابن مسعود اور ابو سعید وغیرہ بھی تھے ـــــ اور کہنے لگے۔

فقال: یا امة محمد ما ترکتم لنبی درجة، ولا لمرسل فضیلة، الا انحلتموها نبیکم، فهل تجیبونی عما اسالکم عنه؟

فکاع القوم عنه

یہودی: اے امت محمد تم لوگوں نے کسی نبی کے لئے کوئی درجہ چھوڑا اور نہ کسی رسول کے لئے کوئی فضیلت اور سب اپنے ہی نبی سے منسوب کر لیا کیا تم لوگ مجھے جواب دوگے جو کچھ میں ان کے متعلق سوال کروں اس سوال سے تمام قوم خاموش ہوگئی اور جواب نہ دے سکی۔

قال امیر المومنین: نعم ما اعطی الله نبیاً درجة ولا مرسلاً فضیلة، الا وقد جمعها لمحمد وزاد محمداً علی الانبیاء اضعافاً مضاعفة۔

امیر المومنینؑ: ہاں خدا نے کسی نبی و رسول کو کوئی درجہ یا فضیلت نہیں عطا کی مگر یہ کہ وہ سب محمد کے لئے جمع کر دیا بلکہ محمد کو تمام انبیاء سے کئی گنا زیادہ عطا فرمایا۔

یهودی: فهل انت مجیبی؟

یہودی: کیا تم میرے جواب دینے والے ہو؟

امیر المومنین: نعم سأذکر لك الیوم من فضائل رسول الله ما یقر الله به عین المومنین، ویکون فیه ازالة لشك الشاکین فی فضائله: انه کان اذا ذکر لنفسه فضیلة قال "ولا فخر" وانا اذکر لك فضائله غیر مزر بالانبیاء ولا منتقص لهم، ولکن شکراً لله علی ما اعطی محمداً مثل ما اعطاهم

امیر المومنینؑ: ہاں آج تجھے رسول اللہ کے کچھ فضائل سناؤں گا جن سے اللہ مومنین کی آنکھیں ٹھنڈی کرے گا اور ان کی فضیلت میں شک کرنے والوں کے شکوک کا ازالہ ہوجائے گا۔ اس میں شک نہیں کہ جب کبھی انہوں نے اپنی کوئی فضیلت بیان فرمائی فرمایا کہ یہ کوئی قابل فخر بات نہیں، اور میں تیرے لئے انکے فضائل بغیر دوسرے انبیاء کو گھٹانے کے اور انکی تنقیص کے بیان کرونگا خدا نے محمد کو دوسرے انبیاء کی طرح جو کچھ عطا فرمایا اس میں جو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وما ذاده الله وما فضله عليهم.

يهودى: انى اسئلك فاعدد له جواباً

اميرالمومنينؑ: هات

(۱) يهودى: هٰذا آدم اسجد الله له ملائكة فهل فعل لمحمد شيأً من هذا؟

اميرالمومنينؑ: لقد كان كذالك، اسجد الله لآدم ملائكة فان سجود هم له لم يكن سجود طاعة وانهم عبدوا آدم من دون الله عزوجل ولكن اعترافاً بالفضيلة ورحمة من الله له، ومحمد اعطى ماهوا افضل من هذا، ان الله عزوجل صلى عليه فى جبروته والملائكة باجمعها وتعبد المومنين بالصلوة عليه فهذه زيادة له يا يهودى.

(۲) يهودى: فان آدم تاب الله بعد خطية؟

اميرالمومنينؑ: لقد كان كذلك ومحمد نزل فيه ما هو اكبر من هذا من غير ذنب اتى قال الله عزوجل ليغفرلك الله ماتقدم من ذنبك وما تاخر. (سوره فتح)

ان محمداً غير موافٍ يوم القيمة بوزره ولا مطلوب فيها بذنب.

(۳) يهودى: فان هذا ادريس رفعه الله عزوجل مكاناً علياً واطعمه من تحف الجنة بعد وفاته.

زیادتی کی اور ان پر جو فضل فرمایا اس کا بہت بہت شکریہ ہے۔

یہودی: میں تم سے سوال کرتا جاتا ہوں اور تم جواب دیتے جاؤ۔

امیرالمومنینؑ: اچھا سوال کر۔

یہودی: یہ آدم ہیں کہ جنہیں اللہ نے فرشتوں سے سجدہ کروایا تھا آیا ایسا محمدؐ کے لئے بھی ہوا؟

امیرالمومنینؑ: ضرور ایسا ہوا اللہ نے فرشتوں سے آدم کو سجدہ کروایا تھا اور انہوں نے آدم کو جو سجدہ کیا تھا وہ سجدہ طاعت نہیں تھا انہوں نے خدائے عزوجل کے سوائے آدم کو سجدہ کیا تھا لیکن۔ انہوں نے آدم کو ان کی فضیلت کا اعتراف اور ان پر خدا کی رحمت کا اعتراف کرتے ہوئے سجدہ کیا تھا اور محمدؐ کو جو کچھ عطا ہوا اس سے افضل ہے اس میں شک نہیں کہ خداوند عزوجل مقام جبروت میں مع ملائیکہ کے آنحضرتؐ پر درود بھیجتا ہے اور تمام مومنین کو اس بات پر مامور کیا ہے کہ اس جناب پر صلوٰۃ بھیجیں اے یہودی یہ اس سے زیادہ ہے۔

یہودی: آیا آدم نے خطا کرنے کے بعد خدا سے توبہ کی۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ کیلئے اس بارے میں جو کچھ نازل ہوا ہے اس سے بڑھ کر ہے کہ ان کے بغیر کسی گناہ کے مرتکب ہونے کے خدا نے فرمایا کہ "تمہاری گذشتہ اور آئندہ گناہ خدا نے معاف کر دیا"

(سورہ فتح)

تحقیق کہ محمدؐ پر روز قیامت نہ ہی کسی گناہ کا بوجھ ہوگا اور نہ وہ کسی امر ناجائز کی وجہ طلب کئے جائیں گے۔

(۳) یہودی: یہ ادریس ہیں جنہیں خدا نے مکان عالی میں رفعت دی۔ اور وفات کے بعد جنت کے تحائف کھلائے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنینؑ: لقد کان کذلک ومحمد اعطی ما هو افضل من هذا ان الله جل ثناؤه قال فیه ورفعنا لک ذکرک (سورہ انشرح) فکفی بهذا من الله رفعة ولئن اطعم ادریس من تحف الجنة بعد وفاته فان محمداً اطعم فی الدنیا فی حیاته: بینما یتضور جوعاً فاتاه جبرئیل بجام من الجنة فیه تحفة فهلل الجام وهللت التحفة فی یده وسبحا وکبرا، وحمدا، فناولها اهل بیته ففعلت الجام مثل ذلک فهم ان یتناولها بعض اصحابه فتناولها جبرئیل وقال له: کلها فانها تحفة من الجنة اتحفک الله بها، وانها لا تصلح الا لنبی ووصی نبی فاکل منها واکلنا معه وانی لاجد حلاوتها ساعتی هذه۔

(۴) یهودی: فهذا نوحؑ صبر فی ذات الله تعالیٰ، واعذر قومه اذ کذب؟

امیرالمومنینؑ: لقد کان ذلک ومحمد صبر فی ذات الله عزوجل فاعذر قومه اذ کذب وشرد وحصب بالحصا، وعلاه ابولهب بسلا ناقة وشاة فاوحی الله تبارک وتعالیٰ الی جابیل ملک الجبال ان شق الجبال وانته الی امر محمد فاتاه

امیرالمومنین: ہاں ایسا ضرور ہے مگر محمدؐ کو جو کچھ عطا ہوا وہ اس سے زیادہ افضل ہے ان کی مدح میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ "ہم نے تمہارے ذکر کو بلند کیا" پس یہ رفعت خدا کی جانب سے فضیلت کے لئے کافی ہے اگر ادریس کو وفات کے بعد جنت کے تحفے کھلائے گئے تو محمدؐ کو حالت حیات میں اس دنیا میں کھلائے گئے، جب کبھی انہوں نے گرسنگی محسوس کی۔ جبرئیل جنت سے ایک جام لے کر آتے تھے۔ جس میں تحفے ہوتے تھے ان کے ہاتھ میں جام اور تحفے مارے خوشی کے تسبیح و تہلیل اور اہلبیت کی حمد و تسبیح و ثنا اور بزرگی بیان کرنے لگتے تھے اور اہلبیت ان کو لے لیتے تھے اور جام بھی اس طرح حرکت میں آتے تھے پھر اس میں سے کچھ بعض اصحاب کو بھی دیا جاتا تھا اور جبرئیل بھی اس میں سے کھاتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ سب تحفہ ہائے جنت ہیں۔ تحقیق کہ یہ تحائف نہیں حاصل ہوتے کسی کو سوائے نبی یا وصی نبی کے۔ پس وہ اس میں سے کھائے اور ان کے ساتھ ہم نے بھی کھایا تحقیق کے میں اس وقت بھی ان کی حلاوت پا رہا ہوں۔

(۴) یہودی: یہ نوحؑ ہیں جنہوں نے خدا کے لئے صبر کیا اور درگذر کیا تھا جب کہ قوم نے ان کی تکذیب کی تھی۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے محمدؐ نے خدا کے لئے صبر کیا تھا اور درگذر کیا تھا جبکہ قوم نے کی تکذیب کی تھی پس انہیں جلا وطن کیا اور ان پر سنگریزے پھینکے ابولہب نے اونٹ اور بکریوں کی مینگیاں پھینکیں پس خدا نے جابیل فرشتہ کو جو پہاڑوں پر موکل ہے حکم دیا کہ پہاڑوں کو شق کرکے محمدؐ کے پاس پہونچے اور ان کے حکم کی تعمیل کرے پس اس نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقال: انی امرت لك بالطاعة فان امرت ان اطبق علیهم الجبال فاهلکتهم بها قال رسول الله " انما بعثت رحمة رب اهد امتی فانهم لا یعلمون " ویحك یا یهودی ان نوحا لما شاهد غرق قومه رق علیهم رقة القرابة، واظهر علیهم شفقة فقال " رب ان ابنی من اهلی (سورہ ھود) فقال الله تعالی " انه لیس من اهلك، انه عمل غیر صالح " (ھود) اراد جل ذکره ان یسلیه بذلك، ومحمد لما غلبت علیه من قومه المعاندة شهر علیهم سیف النقمة، ولم تدرکه فیهم رقة القرابة، ولم ینظر الیهم بعین رحمة۔

(۵) یهودی: فان نوحا دعا ربه فهطلت السماء بماء منهمر۹

امیرالمومنین: لقد کان ذلك وکانت دعوته دعوة غضب ومحمد هطلت له السماء بماء منهمر رحمة، وذلك انه لما هاجر الی المدینه اتاه اهلها فی یوم جمعة فقالوا له: یارسول الله احتبس القطر واصفر العود، وتهافت الورق، فرفع یده المبارکة حتی رای بیاض ابطه وما تری فی السماء سحابة فما برح حتی

حاضر خدمت ہو کر عرض کیا کہ میں آپ کی اطاعت پر مامور ہوں اگر حکم ہو تو ان پہاڑوں کو پھیلا کر سب کو ہلاک کر دوں۔ حضرت نے جواب دیا کہ میں سب کی طرف رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ پروردگارا میری امت کی ہدایت فرما کہ وہ نہیں جانتے۔ وائے ہو تجھ پر اے یہودی جب نوح نے اپنی قوم کو غرق ہوتے ہوئے دیکھا تو انہیں قربت کی وجہ ان پر رحم آیا اور ان پر اظہار شفقت کیا اور کہا کہ پالنے والے یہ میرا بیٹا میرے اہل سے ہے تو خدا نے جواب دیا کہ یہ تمہاری اہلبیت سے خارج ہے کیونکہ اس کے اعمال صالح نہیں ہیں (ھود) خداوند جل ذکرہ نے چاہا کہ وہ اس کو فراموش کر جائیں محمدؐ کی قوم کی شقاوت جب حد سے بڑھ گئی تو حضرت نے عذاب و نقمت کی تلوار ان پر کھینچ لی اور قرابت کی وجہ کسی پر نہ شفقت کی اور نہ کسی پر نظر رحمت ڈالی۔

(۵) یہودی: پس نوح نے اپنے رب سے دعا کی تو آسمان سے موسلا دھار پانی برسنے لگا۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے مگر وہ دعا دعائے غضب تھی اور محمدؐ کے لئے آسمان سے رحمت کی موسلا دھار بارش ہوتی تھی جب کہ آنحضرت ہجرت فرما کر مدینہ پہونچے تھے۔ یہ ایک یوم جمعہ تھا کہ چند اہلیان مدینہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ بارش رک گئی ہے خشکی و زردی عود کر آئی ہے۔ درختوں کے پتے گر گئے ہیں پس حضرت نے دعا کیلئے اپنے دست مبارک بلند فرمائے یہاں تک کہ سفیدی بغل نظر آنے لگی۔ اس کے ساتھ ہی لوگوں نے آسمان پر ابر دیکھا جو اس وقت تک نہ ملا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سقاهم الله حتى ان الشاب المعجب
بشبابه لهمته نفسه في الرجوع الى
منزله فما يقدر على ذلك من شدة
السيل، فدام اسبوعاً، فأتوه في الجمعة
الثانية فقالوا: يارسول الله تهدمت
الجدر، واحتبس الركب والسفر فضحك
وقال: هذا سرعة ملالة ابن آدم ثم
قال "اللهم حوالينا ولا علينا اللهم
في اصول الشيح ومراتع البقع" فرأى حوالي
المدينة المطر يقطر قطراً وما يقع
بالمدينة قطرة لكرامة على الله
عزوجل.

(٦) يهودي: فان هذا هود قد انتصر
الله له من اعدائه بالريح فهل
فعل لمحمد شيئاً من هذا؟

امير المومنين: لقد كان كذالك و
محمد اعطى ما هو افضل من هذا ان
ان الله عزوجل قد انتصر له من
اعدائه بالريح يوم الخندق اذ ارسل
عليهم ريحاً تذروا الحصى وجنوداً لم
يروها فزاد الله تعالى محمداً بثمانية الف
ملك وفضله على هود بان ريح سخط وريح
محمد ريح رحمة، قال الله تعالى يا ايها
الذين آمنوا اذكروا نعمة الله عليكم اذ جاء
تكم جنود "فارسلنا عليهم ريحاً وجنوداً

جب تک کہ خدا نے ان کو سیراب نہ کر دیا اس قدر بارش
ہوئی کہ شدت سیلاب کی وجہ کسی نوجوان میں بھی اتنی قدرت
نہ تھی کہ مکان لوٹ کر کچھ کھا سکتا۔ اس طرح ایک ہفتہ گذرا
اور لوگ دوسرے جمعہ کو آکر کہنے لگے کہ یا رسول اللہ دیواریں
منہدم ہوگئیں۔ سواریاں رک گئیں، سفر بند ہوگئے۔ حضرت
نے ہنس کر فرمایا کہ بنی آدم کی بیقراری اور تعجیل ہے پھر
فرمایا خداوندا بارش حوالی مدینہ میں نازل کر اور ہم پر نہ
برسا۔ اس کو پودوں سر سبز اور نشیبی زمینوں پر نازل فرما
اس کے ساتھ ہی دیکھا گیا کہ بارش حوالی مدینہ میں
ہونے لگی اور مدینہ میں جو کچھ گذرا تھا حضرت
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کرامت
سے ختم ہوگیا۔

(٦) یہودی: یہ ہود ہیں جن کی خدا نے ان کے دشمنوں
کے خلاف ہوا سے مدد کی تھی کیا ایسا کبھی محمدؐ کے لئے
بھی ہوا ہے۔

امیر المومنینؑ: ہاں ایسا ہے تو سہی مگر محمدؐ کو وہ
سب کچھ عطا ہوا جو اس سے افضل ہے۔ بتحقیق کہ خدائے
عز و جل نے جنگ خندق کے روز ہوا بھیج کر آنحضرتؐ
کی دشمنوں سے نصرت کی تھی جو ان کے دشمنوں پر کنکریاں
گراتی تھی اور ایک فوج بھیجی تھی جس کو کوئی دیکھ نہ سکا۔
نیز خدا نے محمدؐ کی آٹھ ہزار فرشتوں سے مدد کی تھی ہودؑ
پر ریح عاد سے فضل کیا تھا جو قہر و غضب کی ہوا تھی
اور ریح محمدؐ رحمت خداوندی کی ہوا تھی۔ چنانچہ خداوند
تعالیٰ نے فرمایا کہ اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے تم پر اللہ
کی نعمتیں ہیں ان کو یاد کرتے رہو جب تم پر (دشمن کا)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لم تردها رعث احزاب)

(٧) يهودى : فهذا صالح اخرج الله له ناقة جعلها لقوم عبرة۔

اميرالمومنين ؑ: لقد كان ذلك ومحمد ؐ اعطى ما هوافضل من ذلك : ان ناقة صالح لم تكلم صالحًا ولم تناطقه، ولم تشهد له بالنبوة، ومحمد بينما نحن معه فى بعض غزواته اذ هو بعير قددنا، ثم رغا فانطقه الله عزوجل فقال "يا رسول الله ؐ فلانا استعملنى حتى كبرت ويريد نحرى، فانا استعيذ بك منه" فارسل رسول الله ؐ الى صاحبه فاستوهبه منه فوهبه له وخلاه، ولقد كنا معه فاذ انحن باعرابي معه ناقة له يسوقها، وقد استسلم للقطع ما زور عليه من الشهود فنطقت الناقة فقالت "يارسول الله ان فلانا منى برى وان الشهود يشتهدون عليه بالزور وان سارقى فلان اليهودى "۔

(٨) يهودى : فان هذا ابراهيم قد تيقظ بالاعتبار على معرفة الله تعالى واحاطت دلالته بعلم الايمان ؟

اميرالمومنين ؑ: لقد كان كذالك و اعطى محمداً افضل منه و تيقظ ابراهيم وهو ابن خمسة عشر سنة ومحمد ابن سبع

لشکر آئے پھر ہم نے ان پر ایک ہوا اور ایک ایسے لشکر کو بھیجا جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے۔ (٧) یہودی : یہ صالح ہیں کہ جن کے لئے اللہ نے ناقہ کو نکالا تھا اور ان کی قوم کے لئے عبرت قرار دی تھی۔

امیر المومنین : ہاں ایسا ہوا ہے اور محمد ؐ کو جو عطا ہوا اس سے کہیں افضل ہے بتحقیق کہ ناقہ صالح صالح سے نہ ہی بات کرتا تھا اور نہ ان کی نبوت کی شہادت دیتا تھا بعض غزوات میں ہم محمد ؐ کے ہمراہ تھے۔ ایک مرتبہ جب کہ حضرت کے اونٹ نے ایک صحرا کو طے کیا تھا شور مچانے لگا پس خداوند عزوجل نے اس کو نطق عطا کیا اور اس نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ فلاں شخص نے میری پرورش کی تھی حتیٰ کہ میں بڑا ہو گیا۔ اب وہ مجھے نحر کرنا چاہتا ہے۔ پس میں اس سے آپ کے پاس پناہ چاہتا ہوں۔ رسول اللہ ؐ نے اس کے مالک کے پاس کہلا بھیجا کہ اونٹ آپ کو ہبہ کر دے چنانچہ اس نے ہبہ کر دیا اور اس اونٹ کو آپ کے پاس بھیج دیا۔ ہم اس وقت ان کے ہمراہ تھے پھر اعرابی بھی ہمارے ساتھ تھا اور اس کے ساتھ ایک اونٹنی تھی جس کو وہ ہانک رہا تھا جب گواہوں نے اسکے خلاف جھوٹی گواہی دی تو اس نے اپنی گردن قطع کئے جانے کی وجہ سے جھکالی اور بات کرنے لگا کہ یا رسول اللہ ؐ فلاں شخص مجھ سے بیزار ہے اور گواہوں نے غلط گواہی دی ہے حقیقت یہ ہے کہ فلاں یہودی نے مجھے چرایا تھا۔ (٨) یہودی: یہ ابراہیم ہیں جو معرفت خدا سے متنبہ ہوئے اور ایمان کے علم نے دلائل کے ساتھ ان کا احاطہ کر لیا تھا۔

امیر المومنین ؑ : ہاں ایسا ہوا ہے مگر خدا نے محمد کو اس سے زیادہ افضل چیز عطا فرمائی جس وقت ابراہیم مطلع ہوئے پندرہ سال کے تھے ایک مرتبہ جبکہ محمد ؐ کی عمر سات سال تھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنين قدم تجار من النصارى فنزلوا تجار
فتهم بين الصفا والمروة، فنظر اليه بعضهم
فعرفه بصفته ونعته، وخبر مبعثه
وآياته، فقالوا: يا غلام ما اسمك؟
قال: محمد، قالوا: ما اسم ابيك؟
قال عبد الله، قالوا: ما اسم هذه؟
واشاروا بايديهم الى الارض قال: الارض
قالوا: وما اسم هذه؟ واشاروا بايديهم
الى السماء - قال: السماء قالوا: فمن ربهما؟ قال
الله ثم انتهرهم وقال: اتشككوني في الله
عزوجل؟ ويحك يا يهودي لقد تيقظ
بالاعتبار على معرفة الله عزوجل مع
كفر قومه اذ هو بينهم يستقسمون بالا
زلام، ويعبدون الاوثان وهو يقول لا اله
الا الله -

(۹) يهودي: فان ابراهيم حجب عن نمرود
بحجب ثلاث؟

امير المومنين ع: لقد كان كذلك ومحمد ص
حجب عمن اراد قتله بحجب خمس، ثلاثة
بثلاثة واثنان فضل. قال الله عزوجل
وهو يصف امر محمد ص: "وجعلنا من بين
ايديهم سدا" فهذا الحجاب الاول" ومن
خلفهم سدا" فهذا الحجاب الثاني "فاغشيناهم
فهم لا يبصرون" فهذا الحجاب الثالث ثم
قال " اذا قرأت القرآن جعلنا بينك وبين

صفا اور مروہ کے درمیان چند نصاریٰ تاجر تجارت کی غرض
سے فروکش ہوئے تھے ان میں سے بعض نے حضرت پر
ایک نظر ڈالی اور آپ کے صفات عالیہ اور آپ کی بعثت
کی خبریں اور علامات کو دیکھ کر آپ کو پہچان لیا اور پوچھا
کہ صاحبزادے آپ کا نام کیا ہے، فرمایا محمدؐ پوچھا کہ آپ
کے والد کا نام؟ فرمایا عبداللہ۔ زمین کی طرف اشارہ کرکے
پوچھا کہ یہ کیا ہے فرمایا کہ زمین پھر آسمان کی طرف اشارہ کرکے
پوچھا کہ یہ کیا ہے فرمایا کہ آسمان، پھر پوچھا کہ آپ کا رب کون
ہے فرمایا کہ اللہ پھر ڈانٹ کر پوچھا کہ آیا تم خدا کے ماننے
کے متعلق مجھ سے شک کرتے ہو، اے یہودی وائے ہو تجھ پر
ابراہیم معرفت خدا سے متنبہ ہوئے مگر ان کی قوم کفر ہی پر
تھی باوجودیکہ وہ ان کے درمیان تھے۔ وہ لوگ حصے
فال سے تقسیم کرتے تھے اور بتوں کو پوجتے تھے۔
اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا الٰہ الا اللہ
فرماتے تھے۔

(۹) یہودی: تحقیق کہ ابراہیم نمرود سے تین حجابوں میں
پوشیدہ کئے گئے تھے۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے اور محمد ہر اس شخص سے
پانچ حجابوں میں پوشیدہ کئے گئے تھے جس نے ان کے قتل کا
ارادہ کیا تھا پس تین تین کے ساتھ ہیں اور دو اس کے
فضل کے حجاب ہیں چنانچہ خدا نے فرمایا ہے اس میں
محمدؐ کی توصیف ہے کہ "ہم نے ان کے آگے بھی ایک دیوار
بنا دی یہ حجاب اول ہے اور پیچھے بھی ایک دیوار بنا دی
یہ حجاب ثانی ہے پھر ہم نے ان کو ڈھانک دیا کہ وہ اب
کچھ نہیں دیکھ سکتے یہ حجاب سوم ہے۔ پھر فرمایا "جس وقت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الذين لا يؤمنون بالآخرة حجابا مستورا"۔
(الاسراء) فهذا الحجاب الرابع ثم قال "فهي
الى الاذقان فهم مقمحون" فهذه حجب
خمس۔

(١٠) يهودي: فان هذا ابراهيم قد بهت
الذي كفر ببرهان نبوته؟
امير المومنين: لقد كان كذلك ومحمد
اتاه مكذب بالبعث بعد الموت وهو:
ابي بن خلف الجمحي معه عظم نخر ففركه
ثم قال: يا محمد "من يحيي العظام
وهي رميم (يٰس)؟ فانطق الله محمدا
بمحكم آياته، وبهته ببرهان نبوته فقال
يحييها الذي انشاها اول مرة وهو بكل خلق
عليم" (يٰس) فانصرف مبهوتا۔

(١١) يهودي: فهذا ابراهيم جذ اصنام
قوم غضبا لله عزوجل؟
امير المومنين: لقد كان ذلك، ومحمد
قد نكس عن الكعبة ثلثمائة وستين صنما و
نفاها عن جزيرة العرب، واذل من عبدها
بالسيف۔

(١٢) يهودي: فان ابراهيم قد اضجع
ولده وتله للجبين؟
امير المومنين: لقد كان ذلك ولقد
اعطى ابراهيم بعد الاضطجاع الفداء

تم قرآن پڑھتے ہو ہم تمہارے اور ان لوگوں کے مابین
جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک پوشیدہ پردہ قائم کر
دیتے ہیں۔" یہ حجاب چہارم ہے پھر فرمایا "اور وہ ٹھوڑیوں
تک ہیں اسی سے ان کے سر اٹھے کے اٹھے رہ گئے" یہ پانچواں
حجاب ہے۔

(١٠) یہودی: یہ ابراہیم ہیں جن کی نبوت کی دلیل سے ایک
کافر مبہوت ہو گیا تھا۔
امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا ہے محمدؐ کے پاس ایک حیات
بعد الممات سے جھٹلانے والا آیا تھا۔ جس کا نام ابی بن خلف
جمحی تھا اس کے ہاتھ میں ایک بوسیدہ ہڈی تھی اس کو ملنے
لگا اور کہا کہ اے محمدؐ کون ہے جو اس گلی ہوئی ہڈی کو حیات
بخش سکتا ہے پس محمد سے اللہ نے اپنی محکم آیات کے ساتھ
کلام کیا اور وہ نبوت کی دلیل سے مبہوت ہو گیا چنانچہ
فرمایا "کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو
پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور وہ اپنی ہر مخلوق سے واقف ہے (یٰس) پس وہ مبہوت ہو گیا۔

(١١) یہودی: یہ ابراہیم ہیں جنہوں نے اللہ عزوجل کے لئے
غضبناک ہو کر اپنی امت کے بت توڑ کر پارہ پارہ کر دیئے تھے۔
امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا ہے اور محمدؐ نے کعبہ کے
تین سو ساٹھ بتوں کی شکست ریخت کی اور جزیرہ عرب سے
باہر نکال پھینکا اور تلوار سے ان کے پوجنے والوں کو
ذلیل کیا۔

(١٢) یہودی: یہ ابراہیم ہیں جنہوں نے اپنے فرزند کو پیشانی
کے بل زمین پر لٹایا تھا۔
امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا ہے ابراہیمؑ کو زمین پر
لٹانے کے بعد فدیہ عطا کیا گیا تھا اور محمدؐ کو ایک بے بہا چیز

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

و محمد اصيب با فجع منه فجيعة انه
وقفه على عمه حمزة اسد الله واسد
رسوله، وناصر دينه، وقد فرق بين روحه
وجسده، فلم يبن عليه حرقة، ولم
يفض عليه عبرة ولم ينظر الى موضعه
من قلبه وقلوب اهلبية ليرضى الله عزو
جل بصبره ويستسلم لامره فى جميع
الافعال، وقال: لولا ان تحزن صفية
لتركته حتى يحشر من بطون السباع
وحواصل الطير ولولا ان يكون سنة بعدى
لفعلته ذلك.

(۱۳) يهودى: فان ابراهيم قد اسلمه
قومه الى الحريق فصبر فجعل الله عزوجل
عليه النار برداً وسلاماً فهل فعل بمحمد
شياءً من ذلك؟

امير المومنين: لقد كان ذلك ومحمد لما
نزل بخيبر سمته الخيبرية فصير الله
السم فى جوفه برداً وسلاماً الى منتهى
اجله، فالسم يحرق اذا استقر فى الجوف كما ان
النار تحرق فهذا من قدرة لا تنكروه.

(۱۴) يهودى: فهذا يعقوب اعظم فى الخير
نصيبه اذ جعل الاسباط من سلالة صلبه و
مريم بنت عمران من بناته؟

امير المومنين: لقد كان كذلك ومحمد اعظم
فى الخير نصيباً اذ جعل فاطمة سيدة نساء العالمين

کے نقصان سے غم میں مبتلا کیا گیا تھا اس میں شک نہیں کہ
آنحضرت نے اپنے چچا حمزہ اسد اللہ و اسد رسول کو جو ان کے
دین کے ناصر تھے اللہ کی راہ میں دیدیا تھا اور ان کی روح و
جسم میں جدائی ڈال دی گئی تھی جس سے نہ ہی ان کی سوزش قلب
رفع ہوئی تھی اور نہ انہوں نے آنسو بہایا تھا انہوں نے اپنے اور
اپنے اہلبیت کے قلوب سے ان کے مقام کی طرف نظر تک نہ کی
جہاں وہ شہید ہو کر پڑے تھے تاکہ ان کے صبر سے اللہ عزوجل
خوشنود ہو اور تمام افعال میں اس کے امر کے آگے سر تسلیم خم کر دیا
اور فرمایا کہ اگر صفیہ کے حزن و ملال کا خیال نہ ہوتا تو ان کی لاش چھوڑ
دی گئی ہوتی یہاں تک کہ وہ درندوں کے پیٹ سے اور پرندوں کے
پوٹوں سے نکالے جا کر محشور ہوتے اگر میرے بعد کوئی سال نہ ہوتا (یعنی مجھے
موت آجاتی) تو میں ایسا ہی کرتا۔ (۱۳) یہودی: ابراہیم کو ان کی
قوم نے آگ میں ڈالدیا تھا جس پر انہوں نے صبر کیا تھا اور
خدا نے آگ کو ان کے لئے سرد کر دیا تھا اور ان کو سلامت
رکھا گیا، محمدؐ کے لئے بھی کبھی ایسا ہوا۔

امیر المومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے جب محمدؐ خیبر تشریف لے گئے
تھے ایک خیبری عورت نے آپ کو زہر دیا تھا جس کو اللہ نے جوف شکم
میں محبوس کر دیا تھا اور اس کے اثرات کو سرد کر کے سلامتی عطا کی تھی
جو ان کی موت تک باقی رہی جاننا چاہیئے کہ اگر پیٹ کے اندر زہر ہو تو یہ اس
کو اسطرح جلا دیتا ہے جیسا کہ آگ جلاتی ہے یہ اسکی قدرت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا

(۱۴) یہودی: یہ یعقوبؑ ہیں جو خوش نصیبی میں بہت بڑھے
ہوئے تھے کہ ان کی اولاد میں قبائیل (بنی اسرائیل) قرار
دیئے گئے اور مریم بنت عمران کی اولاد میں تھیں۔

امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ خوش بختی میں سب
سے زیادہ بڑھے ہوئے ہیں کہ انکی صاحبزادی فاطمہؑ تمام عالمین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

من بناته، والحسن ع والحسین ع من حفدته.

(۱۵) یهودی: فان یعقوب قد صبر علی فراق ولده حتی کاد یحرض من الحزن.

امیرالمومنین: لقد کان کذلک حزنه حزن یعقوب حزناً بعده تلاق ومحمد قبض ولده ابراهیم قرة عینه فی حیاته منه خصه بالاختیار لیعظم له الادخار فقال رسول الله یحزن النفس، ویجزع القلب وانا علیک یا ابراهیم لمحزونون ولا نقول ما یسخط الرب فی کل ذلک یوثر الرضا عن الله عزوجل والاستسلام له فی جمیع الفعال.

(۱۶) یهودی: فان هذا یوسف قاسی مرارة الفرقة وحبس فی السجن توقیاً للمعصیة، والقی فی الجب وحیداً؟

امیرالمومنین: لقد کان کذلک ومحمد قاسی مرارة الغربة، وفراق الاهل والاولاد والمال، مهاجراً من حرم الله تعالیٰ وآمنه فلما رای الله عزوجل کآبته واستشعاره والحزن اراه تبارک اسمه رؤیا توازی رؤیا یوسف فی تاویلها وابان للعالمین صدق تحقیقها فقال لقد صدق الله رسوله الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام ان شاء الله آمنین محلقین رؤسکم ومقصرین لا تخافون (سورۂ فتح)

ولئن کان یوسف ع حبس فی السجن،

کی عورتوں کی سردار ہے اور حسنؑ و حسینؑ ان کے نواسے ہیں۔

(۱۵) یہودی: یہ یعقوب ہیں کہ جنہوں نے اپنے بیٹے کی جدائی میں اس قدر صبر کیا کہ اس حزن سے گھل گئے تھے۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے مگر یعقوب کا غم ایسا غم تھا کہ اس کے بعد ان کے فرزند سے ملاقات ہو گئی اور محمدؐ کے لئے یہ ہوا کہ ان کے نور چشم ابراہیم کو حضرت کی زندگی ہی میں موت آ گئی خدا نے ان کے لئے تخصیص کی تھی کہ جو وہ چاہیں اختیار کریں تاکہ ان کی عظمت بڑھتی جائے پس محمدؐ نے حزن نفس اور جزع قلب کیا تھ فرمایا کہ اے ابراہیم ہم تمہارے لئے محزون ہیں اور نہیں فرمایا کہ یہ سب غصہ کی وجہ سے ہے تمام امور میں ہم اللہ کی رضا کو مقدم رکھتے اور سر تسلیم خم کرتے ہیں۔

(۱۶) یہودی: یہ یوسف ہیں کہ جن پر جدائی کی سختی و تلخی گذری اور قید خانہ میں محبوس ہوئے اور گناہ سے بچے رہے اور کنوئیں میں تنہا ڈال دیئے گئے تھے۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ نے وطن سے دوری کی سختی مال اور بیوی بچوں سے جدائی کی تلخی برداشت کی خدا کے حرم اور مقام امن سے ہجرت کی پس جب خدا نے ان کے غم و حزن اور قلبی ملال کو دیکھا تو ان کو ایک خواب دکھایا جو تاویل میں یوسف کے خواب کی طرح تھا اور ان کے جاننے کی صداقت کو تمام عالمین پر ظاہر کیا پس فرمایا کہ "خدا نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے برحق خواب کو سچا کر دکھایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو تم امن و امان کے ساتھ اپنے سروں کو منڈواتے ہوئے اور بال کترواتے ہوئے مسجد حرام میں جب داخل ہو گے پھر کبھی تم کو خوف پیش نہ آئے گا" اور اگر یوسف علیہ السلام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لتحبس رسول الله نفسه في الشعب
ثلاث سنين، وقطع منه اقاربه وذووا
الرحم والجاوه الى اضيق المضيق، ولقد
كاد هم الله عزذكره له كيداً مستبيناً
اذ بعث اضعف خلقه فاكل عهدهم
الذي كتبوه بنيهم في قطيعة رحمه
ولئن كان يوسف القي في الجب، فلقد
حبس محمد نفسه مخافة عدوه في الغار
حتى قال لصاحبه لا تحزن ان الله معنا
ومدحه اليه بذلك في كتابه.

(۱۷) يهودي: فهذا موسى بن عمران
آتاه الله عزوجل التوراة التي فيها حكمه

اميرالمومنين: فلقد كان كذلك
ومحمدؐ اعطي ما هو افضل منه اعطى
محمد البقرة وسورة المائدة بالانجيل
وطواسين وطه ونصف المفصل والحواميم
بالتوراة واعطى نصف المفصل والتسابيح
بالزبور واعطى سورة بني اسرائيل وبرائة
بصحف ابراهيم وموسىؑ. وزاد الله
عزوجل محمداً سبع الطوال وفاتحة
الكتاب وهي السبع المثاني والقرآن
العظيم واعطى الكتاب والحكمة.

(۱۸) يهودي: فان موسىؑ ناجاه الله على
طور سينا؟

اميرالمومنينؑ: لقد كان ذلك، ولقد

قیدخانہ میں محبوس کئے گئے تھے تو رسول اللہؐ غار میں
تین سال تک محبوس رہے ان سے ان کے عزیز و اقارب
اور ذوالرحم کو منقطع کر دیا۔ اور ان کو ایک تنگ درہ کی
تکلیف میں مبتلا کر دیا اور خدائے عز ذکرہ نے ان کی خاطر
ان لوگوں کو واضح فریب میں مبتلا کر دیا اور اپنی ضعیف ترین
مخلوق کو بھیجا کہ ان کے عہد کو معدوم کر دے جس نے ان
سے قطع رحم کرنے کو لکھا تھا اور اگر یوسف کنوئیں میں
ڈالے گئے تھے محمدؐ نے اپنے کو دشمنوں کے خوف سے غار
میں محبوس کر لیا تھا یہاں تک کہ انہوں نے اپنے ساتھی
سے کہا تم حزن نہ کرو بتحقیق کہ اللہ ہمارے ساتھ ہے
اور اسی طرح قرآن میں ان کی مدح کی گئی ہے۔ (۱۷) یہودی:
یہ موسیٰ ابن عمران ہیں جن پر خدا کی جانب سے تورات نازل ہوئی
جس میں اس کے احکام ہیں۔ امیرالمومنین ہاں ایسا ہوا ہے
مگر محمدؐ کو وہ سب کچھ عطا کیا گیا جو اس سے افضل ہے محمد
کے لئے سورہ بقرہ میں انجیل کے بدلے میں نازل ہوا اور طواسین وطہٰ
مفصل کا آدھا (سورہ حجرات سے ختم قرآن تک مفصل ہے)
اور حوامیم تورات میں نازل ہوئے اور نصف مفصل اور تسابیح
زبور کے بدلے میں نازل ہوئے اور سورہ بنی اسرائیل و براۃ
صحیفہ ابراہیم و موسیٰ کے بدلے میں نازل ہوئے اور اللہ نے محمدؐ کو سبع
طوال وفاتحہ کتاب جو سبع مثانی کہلاتا ہے اور قرآن عظیم
اور کتاب وحکمت عطا فرمائی۔

(۱۸) یہودی: خدا نے موسیٰؑ کو طور سینا پر کامیابی عطا
فرمائی تھی اور مقصد پر پہونچا یا تھا۔
امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے۔ خدا نے محمدؐ سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اوحی اللہ الی محمدؐ عند سدرۃ المنتھی، فمقامه
فی السماء محمود، وعند منتھی العرش مذکور

(۱۹) یھودی: فلقد القی اللہ علی موسیٰؑ بن
عمران محبۃ منه؟

امیرالمومنین: لقد کان کذلك، ولقد
اعطی محمدؐ ھو افضل من ھذا، لقد القی
اللہ محبۃ منه فمن ھذا الذی یشرکه فی
ھذا الاسم اذ تم من اللہ به الشھادۃ
فلا تتم الشھادۃ الا ان یقال "اشھد ان
لا اله الا اللہ واشھد ان محمد رسول
اللہ ینادی به علی المنابر فلا یرفع صوت
بذکر اللہ الا رفع ذکر محمدؐ معه۔

(۲۰) یھودی: فلقد اوحی اللہ الی ام موسیٰ
لفضل منزلة موسیٰ عند اللہ۔

امیرالمومنینؑ: لقد کان کذلك ولقد
لطف اللہ جل ثناؤہ لام محمد بان
اوصل الیھا اسمه حتیٰ قالت اشھد و
العالمون، ان محمداً رسول اللہ منتظر
وشھد الملائکة والانبیاء، فھم اثبتوہ
فی الاسفار، وبلطف من اللہ ساقه الیھا
واوصل الیھا اسمه لفضل منزلته
عندہ، حتیٰ رأت فی المنام انه قیل
لھا: ان ما فی بطنك سید فاذا ولدته
فسمیه محمداً فاشتق اللہ اسماً
من اسمائه، فاللہ المحمود وھذا محمدؐ۔

صدرۃ المنتھیٰ پر کلام فرمایا تھا پس آسمانوں زمین پر ان
کا مقام محمود ہے اور اسی پر عرش منتھی ہوتا ہے۔

(۱۹) یہودی: خدا نے موسیٰ ابن عمران کو اپنی کچھ محبت
عطا فرمائی تھی۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ کو جو عطا
ہوا وہ اس سے افضل ہے بیشک خدا نے اپنی محبت میں
سے انہیں بھی عطا فرمایا پس کون ہے جو اس نام میں اس
کا شریک ہو کہ اللہ کے نام کے ساتھ اس کی بھی شہادت
تمام ہوتی ہے جب تک یہ نہ کہو گے شہادت کی تکمیل
نہیں ہوتی۔ اشھد ان لا اله الا اللہ اشھد
ان محمد رسول اللہ۔ منبروں سے بھی یہی آواز
دی جاتی ہے پس ذکر خدا میں کوئی آواز بلند نہیں ہوتی
مگر یہ کہ اس کے ساتھ ذکر محمدؐ بھی بلند ہوتا ہے (۲۰) یہودی:
پس خدا کے پاس جو موسیٰ کی منزلت ہے اسکی وجہ خدا نے مادر موسیٰؑ پر وحی بھیجی

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے مگر خدا نے مادر محمدؐ
پر اس طرح لطف وکرم عنایت فرمایا کہ ان کو حضرت
کے نام سے آگاہ کیا۔ یہاں تک کہ فرمایا کہ عالم لوگ
شہادت دیتے ہیں کہ محمدؐ رسول اللہ منتظر ہیں اور انبیاء
اور ملائکہ نے گواہی دی کہ وہ اس امر کو صحف سابقہ
سے ثابت کرتے ہیں اللہ نے اپنے لطف وکرم سے
حضرت کو ان کی مادر گرامی کی طرف بھیجا اور ان کے
نام سے اور ان کی فضیلت و منزلت سے آگاہ کیا جو
خدا کے پاس ہے۔ یہاں تک کہ ان کی والدہ نے خواب میں
دیکھا کہ ان سے کہا گیا کہ تحقیق کہ تمہارے بیٹے میں سید
سردار ہے، پس جب وہ تولد ہو تو اس کا نام محمدؐ رکھنا پس
خدا نے اس کے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا کہ اللہ محمود ہے اور وہ محمد ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۲۱) یہودی: فان هذا موسی بن عمران قد ارسله الله الی فرعون واراه الآیة الکبری۔

(۲۱) یہودی: یہ موسیٰ ہیں کہ جنہیں خدا نے فرعون کی طرف بھیجا تھا اور ان کو آیت کبریٰ دکھائی۔

امیرالمومنینؑ: لقد کان ذلك ومحمد ارسل الی فراعنة شتی، مثل ابوجهل بن هشام، وعتبة بن ربیعة، وشیبة وابی البختری، والنضر بن الحرث، وابی بن خلف، ومنبه، ونبیه ابنی الحجاج والی الخمسة المستهزئین، الولید بن المغیرة المخزومی، والعاص بن وائل السهمی والاسود بن عبد یغوث الزهری، والاسود بن المطلب، والحرث بن ابی الطلالة فاراهم الآیات فی الآفاق وفی انفسهم حتی یتبین لهم انه الحق۔

حضرت: ہاں ایسا ہوا ہے لیکن محمدؐ، ابوجہل عتبہ بن ربیعہ، شیبہ، ابی البختری، نضر بن حرث، ابی بن خالف منبہ ابن الحجاج، جیسے فراعنہ کی طرف اور پانچ ہنسی اڑانے والوں یعنی ولید ابن مغیرہ مخزومی عاص بن وائل سہمی اسود ابن عبدلیغوث زہری اسود ابن مطلب حرث بن ابی طلالہ کی طرف بھیجے گئے اور انہیں آفاق میں اور ان کے نفوس میں اس کی آیات دکھائی گئیں یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے۔ کہ حق یقیناً یہی ہے۔

(۲۲) یہودی: لقد انتقم الله عزوجل بموسیؑ من فرعون۔

(۲۲) یہودی: خدا نے موسیٰؑ کے لئے فرعون سے انتقام لیا تھا۔

امیرالمومنین: لقد کان کذلك ولقد انتقم الله جل اسمه لمحمدؐ من الفراعنة فاما المستهزئین فقال الله، انا کفیناك المستهزئین" (سورہ الحجر) فقتل الله خمستهم کل واحد منهم بغیر قتلة صاحبه فی یوم واحد، فاما الولید بن المغیرة فمر منبل لرجل من خزاعة قد راشه ووضعه فی الطریق فاصابه شظیة منه فانقطع الکحله حتی ادماه فمات

حضرتؑ: ہاں ایسا ہوا ہے لیکن محمدؐ کے لئے خدا نے ان تمام فراعنہ سے انتقام لیا جو استہزا کرتے تھے چنانچہ خدا فرماتا ہے۔" ان ہنسنے والوں کے شر سے بچانے کے لئے ہم تم کو کفایت کریں گے۔ (حجر)

پس خدا نے ان پانچوں کو جو سب ایک ہی تھے حضرت کو قتل کئے بغیر ایک ہی دن میں قتل کر دیا۔ ولید ابن مغیرہ راستے سے گذر رہا تھا کہ ایک شخص نے اس پر تیر سے حملہ کیا اور راستہ ہی پر اس کو گرا دیا اور اس کی رگیں کاٹ دیں جس سے خون بہنے لگا اور وہ کہنے لگا کہ مجھے محمدؐ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وھو یقول "قتلنی رب محمدؐ" واما العاص فانہ خرج فی حاجۃ لہ الی موضع فتدھدہ تحتہ حجر، فسقط فتقطع قطعۃ قطعۃ فمات وھو یقول (قتلنی رب محمدؐ) واما الاسود بن مطلب: فانہ خرج یستقبل ابنہ زمعۃ فاستظل بشجرۃ، فاتاہ جبرئیل فاخذ راسہ فنطح بہ الشجرۃ، فقال لغلامہ امنع ھذا علی فقال: ماری احداً یصنع شیئاً الا نفسک فقتلہ وھو یقول "قتلنی رب محمدؐ" واما الاسود بن عبد یغوث فان النبی دعا علیہ ان یعمی اللہ بصرہ، وان یثکلہ ولدہ فلما کان فی ذلک الیوم خرج حتی صار الی موضع اتاہ جبرئیل بورقۃ خضراء فضرب بھا وجہہ فعمی، فبقی حتی اثکلہ اللہ ولدہ، واما الحرث: فانہ خرج من بیتہ فی السموم فتحول حبشیاً، فرجع الی اھلہ فقال انا الحرث بن طلاطلہ فغضبوا علیہ فقتلوہ وھو یقول "قتلنی رب محمدؐ" کل ذلک فی ساعۃ واحدۃ، وذلک انھم کانوا بین یدی رسول اللہ فقالوا لہ: یامحمد ننتظر بک الی الظھر فان رجعت عن قولک والا قتلناک، فدخل النبی منزلہ فاغلق علیہ بابہ مغتماً لقولھم فاتاہ جبرئیل عن اللہ من ساعۃ فقال یامحمد السلام یقرا علیک السلام وھو یقول لک

کے پروردگار نے قتل کیا۔ اور وہ مرگیا۔ اور عاص بن وائل ایک حاجت سے ایک طرف گیا، ہوا تھا کہ اس پر ایک پتھر گرا جس سے وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوکر مرگیا کہنے لگا کہ محمدؐ کے رب نے مجھے مارا اور اسود بن مطلب اپنے بیٹے سے ایک قطعہ زمین پر ملنے گیا تھا اور ایک درخت کے سایہ میں ٹھہرا تھا کہ جبرئیل نے اس کے قریب آکر اس کے سر کو پکڑ کر درخت سے دے مارا اور وہ اپنے غلام سے کہنے لگا کہ انہیں مجھ سے روکو اس نے جواب دیا کہ میں یہاں سوائے تمہارے اور کسی کو کچھ کرتے ہوئے نہ دیکھا پس جبرئیل نے اس کو قتل کردیا اور وہ کہنے لگا کہ محمد کے رب نے مجھے مارا۔ اسود ابن عبد یغوث کے لئے رسول اللہ نے بد دعا کی تھی کہ خدا اس کو اندھا کردے اور اس کی اولاد کو ہلاک کرے پس اسی روز جب کہ وہ باہر جاکر اپنے مقام پر واپس ہو رہا تھا جبرئیل اس کے قریب ایک سبز پتہ لے کر پہونچے اور اس کے چہرے پر ضرب لگائی جس سے وہ اندھا ہوگیا اور وہ اس وقت تک باقی رہا کہ خدا نے اس کی اولاد کو ہلاک کردیا۔ حرث ابن طلال اپنے گھر سے بادسموم میں نکلا اور حبشی کی طرح سیاہ فام ہوگیا اور اپنے گھر واپس ہوکر کہنے لگا کہ میں حرث ہوں سب لوگ اس پر غضب ناک ہوگئے اور اس کو قتل کردیا اور وہ کہنے لگا کہ محمد کے رب نے مجھے مارا وہ سب ایک ہی ساعت مغضوب ہوئے اور یہ سب رسول اللہ کے سامنے واقع ہوا۔ ان سب نے کہا کہ یا محمدؐ ہم آپ کا ظہر تک انتظار کرتے ہیں۔ اگر اس کے اندر آپ اپنے قول سے پلٹے تو خیر ورنہ ہم لوگ آپ کو قتل کردیں گے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اصدع بما تومرو اعرض
عن المشركين " (سورہ حجر)
یعنی اظھر امرک لاھل مکۃ
وادعھم الی الایمان؛
قال : یا جبرئیل کیف امنع بالمستھزئین
وما اوعدونی ؟ قال لہ " انا کفیناك
المستھزئین " قال یا جبرئیل کانوا
الساعۃ بین یدی قال :
کفیتھم و اظھر امرہ عند ذلك
و اما بقیۃ الفراعنۃ
فقتلوا یوم بدر بالسیف
فھزمہ اللہ الجمیع
وولوا الدبر۔

(۲۳) یھودی : فان ھذا موسیٰ بن عمران
قد اعطی العصا فکان تحول ثعبانًا؟
امیرالمومنینؑ : لقد کان کذلك ومحمدؐ
اعطی ما ھو افضل من ھذا، ان رجلا
کان یطالب اباجھل بدین ثمن جزور قد
اشتراہ، فاشتغل عنہ وجلس یشرب
فطلبہ الرجل فلم یقدر علیہ، فقال لہ
بعض المستھزئین من تطلب ؟ فقال :
عمرو بن ھشام (یعنی ابوجھل) لی علیہ دین
قال : فادلك علی من یستخرج منہ الحقوق؟

پس رسول خدا آپنے مکان میں رنجیدہ تشریف لے گئے اور دروازہ بند کرلیا۔ پس اللہ کی جانب سے جبرئیل اسی ساعت آئے اور کہا کہ یا محمدؐ خدا سلام فرماتا ہے آپ پر سلام ہو وہ آپ کے لئے فرماتا ہے کہ " اب تم کو جو کچھ دیا جاتا ہے وہ کھول کر سنادو اور مشرکین سے روگردانی کرو " (حجر) یعنی اپنا امر اہل مکہ پر ظاہر کردو اور ان کو ایمان کی طرف دعوت دو۔ فرمایا کہ اے جبرئیل میں مستھزین سے کس طرح اپنی حفاظت کرسکتا ہوں جبکہ وہ مجھ کو ضرر پہونچانا چاہتے ہیں۔ جبرئیل نے کہا کہ تحقیق ان ہنسنے والوں سے ہم تمہاری کفایت کریں گے" فرمایا کہ اے جبرئیل اس وقت وہ میرے سامنے ہی تھے عرض کیا کہ ان کے لئے تو کفایت کی گئی اور خدا کا امر آپ کے لئے ظاہر ہوگیا اب رہے باقی فراعنہ وہ یوم بدر تلوار سے قتل کردیئے گئے اس طرح اللہ نے سب کو شکست دے دی۔ اور وہ پیٹھ پھیر کر فرار ہوگئے۔

(۲۳) یہودی : یہ موسیٰ ابن عمران ہیں جنہیں خدا وند عالم نے عصا عطا فرمایا تھا جو اژدہا بن جاتا تھا۔

حضرت امیرالمومنینؑ : ہاں یہ صحیح ہے مگر محمدؐ کو جو عطا ہوا وہ اس سے زیادہ افضل ہے ایک روز ایک شخص ابوجہل سے ذبح کئے ہوئے اونٹ کی قیمت طلب کررہا تھا جس کو وہ خریدا تھا مگر وہ کھانے اور پینے میں مشغول ہوگیا۔ وہ شخص قیمت طلب کرتا تھا مگر اتنی قدرت نہ رکھتا تھا کہ اس سے وصول کرسکے بعض استہزا کرنے والوں نے پوچھا کہ تو کیا طلب کررہا ہے عمرو بن ہشام یعنی ابوجہل نے کہا کہ میں اسے کچھ دیتا ہوں لوگوں نے پوچھا کہ اس کے حقوق سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قال : نعم فند له علی النبیؐ وکان ابوجهل
جول : لیت لمحمدؐ الی حاجة فاسخر به و
ارده، فاتی الرجل النبی فقال : یا محمدؐ
بلغنی ان بینك وبین عمرو بن هشام حسن
صداقته وانا استشفع بك الیه، فقام
معه رسول اللّٰه فاتی بابه، فقال له
قم یا ابا جهل فادّ الی الرجل حقه
وانما کناه بابی جهل ذلك الیوم
فقام مسرعًا حتی ادی الیه حقه، فلما
رجع الی مجلسه قال له بعض صحابه
فعلت ذلك فرقًا من محمدؐ قال :
ویحکم اعذرونی، انه لما اقبل
رایت عن یمینه رجالا معهم حراب
تتلالا، وعن یساره ثعبانین تصطك
اسنانهما وتلمع النیران من ابصارهم
لو امتنعت لم آمن ان یبعجوا بالحراب
بطنی وتقضمنی الثعبانان هذا
اکبر مما اعطی موسیٰ وزاد اللّٰه
محمدًا ثعبانًا وثمانیة املاك
معهم الحراب، ولقد کان النبی
یوذی قریشًا بالدعاء فقام یومًا
فسفه احلامهم، وعاب دینهم وشتم
اصنامهم وضلل اباتهم فاغتموا
من ذلك غمًا شدیدًا، فقال ابوجهل:
واللّٰه للموت خیر لنا من الحیاة فلیس

جو کچھ نکلتا ہو اس کی تیرے پاس کیا دلیل ہے کہا کہ اس
کی دلیل نبیؐ پر ہے۔ ابوجہل کہنے لگا کہ کاش محمد حاجت
براری کے لئے آتے اور میں ان سے تمسخر کرتا پس وہ آدمی
رسول اللہ کے پاس آیا اور کہا یا محمد میں نے سنا ہے کہ آپؐ
کے اور عمرو بن ہشام کے درمیان حسن صداقت ہے میں آپ سے
درخواست کرتا ہوں کہ اس کے پاس میری سفارش کریں
پس اس کے ساتھ ہی رسول خداؐ کھڑے ہو گئے۔ اور
دروازہ کے قریب آکر فرمایا کہ اے ابوجہل اٹھ اور اس
شخص کا حق ادا کردے بیشک ہم اس روز ابوجہل کے ساتھ
ہی تھے پس وہ تیزی سے کھڑا ہو گیا اور اس کا حق ادا کر دیا
پھر جب وہ اپنی محفل میں واپس آیا بعض اصحاب نے اس سے
کہا کہ تو محمدؐ سے خوفزدہ ہو گیا اس نے جواب دیا کہ وائے ہو
تم پر مجھ سے عذر خواہی کرتے ہو بیشک جب میں ان کے سامنے
ہوا میں نے ان کی سیدھی جانب چند آدمیوں کو دیکھا جو برچھوں
کے ساتھ ایک کے پیچھے ایک آ رہے تھے اور ان کی بائیں
جانب دو اژدہے تھے جو اپنے دانت کھولے ہوئے تھے
ان کی آنکھوں میں تیز روشنی چمک رہی تھی اگر میں باز نہ آتا
میرے لئے امن نہ تھا وہ میرے جسم کو برچھوں سے ٹکڑے
ٹکڑے کر دیتے اور اژدہے مجھے چبا ڈالتے۔ یہ اس سے
بڑھ کر ہے جو موسیٰؑ کو عطا ہوا تھا اور اللہ نے محمدؐ کے
لئے دو اژدہے اور آٹھ برچھی بردار فرشتوں کا اضافہ کیا
جو ان کے ساتھ جنگ کرتے تھے اور آپ نبیؐ تھے جنہوں
نے قریش کو دعائے بد سے اذیت پہنچائی تھی پھر ایک
روز ان کی عقلوں کو فسق کی طرف نسبت دینے لگے ان کے دین میں
عیب لگایا ان کے بتوں کو برا کہا اور ان کے باپ دادا کو گمراہ ٹھہرایا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فیکم معاشر قریش احد یقتل
محمداً فیقتل به، قالوا: لا، قال:
فانا اقتله فان شاءت بنو
عبد المطلب قتلونی به
والا ترکونی، قال: انک ان
فعلت ذلک اصطنعت الی
اهل الوادی معروفاً لا تزال
تذکر به، قال: انه کثیر
السجود حول الکعبة فاذا جاء
وسجد اخذت حجراً فشدخته
به فجاء رسول اللّٰه فطاف بالبیت
اسبوعاً، ثم صلی واطال السجود
فاخذ ابوجهل حجراً فاتاه من
قبل راسه، فلما ان قرب منه
اقبل فحل من قبل رسول
اللّٰه فاغراً فاه نحوه فلما ان رآه
ابوجهل فزع منه وارتعدت
یده، وطرح الحجر فشدخت
رجلی۔

(۲۴) یهودی: فان موسیٰ
قد اعطی الید البیضاء
فهل فعل بمحمد صلی
اللّٰه علیه وآله وسلم
شیئاً من ذلک؟

جس کے غم و اندوہ سے وہ سخت گھبرا گئے۔ پس ابوجہل نے کہا کہ خدا کی قسم ہمارے لئے زندگی سے موت بہتر ہے۔ کیا معاشرہ قریش میں ایک شخص بھی ایسا نہیں جو محمدؐ کو قتل کر دے پھر اس کی وجہ خود قتل ہو جائے سب نے کہا کوئی نہیں ہے ابوجہل نے کہا اچھا میں ان کو قتل کرتا ہوں خواہ بنی عبدالمطلب مجھے قتل ہی کیوں نہ کریں۔ اگر میں ایسا نہ کروں تو میرا ساتھ چھوڑ دو۔ ایک شخص نے کہا کہ اگر تو نے یہ کام کر لیا تو یہ بڑا ہی نیک کام ہوگا اہل وادی میں تو مشہور ہو جائے گا۔ اور تیرا ذکر کبھی بھولا نہ جائے گا۔ ابوجہل نے کہا کہ بیشک وہ کعبہ کے اطراف کثیر السجود رہتے ہیں پس جب وہ کعبہ آ کر عبادت شروع کریں گے اور سجدہ میں رہیں گے میں ایک پتھر سے ان کا سر پھوڑ دوں گا۔ پس رسول اللہ تشریف لائے اور سات مرتبہ کعبہ کا طواف کیا اور نماز میں مشغول ہو گئے اور سجدہ کو بہت طول دیا۔ ابوجہل ایک پتھر لے کر جب ان کے سر کے قریب پہونچا ایک سانڈ منہ کھولے ہوئے رسول اللہ کی طرف سے سامنے آگیا اور اس کی طرف ایک آہ کی جب ابوجہل نے اس کو دیکھا اس سے ڈر گیا۔ اور اس کے ہاتھ کانپنے لگے اور پتھر کو پھینک کر اپنے ایک آدمی کا سر پھوڑ دیا اور حقیر و بدہیبت ہو کر اس طرح واپس ہوا کہ اس کا رنگ بدل گیا تھا اور وہ پسینہ میں نہا گیا تھا اس سے اس کے ساتھیوں نے پوچھا کہ آج تو نے کیا دیکھا اس نے جواب دیا کہ وائے ہو تم پر تم میری شکایت کرتے ہو بتحقیق کہ جب میں ان کے قریب پہونچا ایک سانڈ نے منہ کھول کر آہ کی اور کوشش کی کہ مجھے نگل جائے پس میں پریشان ہو کر مع پتھر کے بھاگا اور ایک آدمی کا سر پھوڑ دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین ؑ: لقد کان کذلک، ومحمدؐ
اعطی ما ھو افضل من ھذا، ان نوراً کان
یضیئ عن یمینہ حیثما جلس وعن یسارہ حیثما
جلس، وکان یراہ الناس کلھم

(۲۵) یھودی: فان موسیٰ قد ضرب لہ
طریق فی البحر فھل فعل بمحمدؐ شئ من ھذا؟

امیرالمومنین ؑ: لقد کان کذلک ومحمدؐ
اعطی ماھو افضل من ھذا، خرجنا معہ الی
حنین فاذا نحن بواد یشخب، فقدرناہ فاذا ھو
اربعۃ عشر قامۃ فقالوا: یا رسول اللہؐ
العدو من ورائنا والوادی امامنا، کما قال
اصحاب موسیٰ ؑ۔
انا لمدرکون" فنزل رسول اللہ ثم قال
اللھم انک جعلت لکل مرسل دلالۃ
فارنی قدرتک" ورکب صلوات اللہ علیہ
فعبرت الخیل لاتندی حوافرھا، والابل
لاتندی اخفافھا رجعنا فکان فتحنا۔

(۲۶) یھودی: فان موسیٰ قد اعطی الحجر
فانبجست منہ اثنتی عشرۃ عینا۔

امیرالمومنین: لقد کان کذلک ومحمدؐ
لما نزل الحدیبیہ وحاصرہ اھل مکۃ
قد اعطی ماھو افضل من ذلک، و
ذلک: ان اصحابہ شکوا الیہ الظما

(۲۴) یہودی: تحقیق کہ موسیٰ کو ید بیضاء عطا کیا گیا تھا آیا
اس طرح کی کوئی چیز محمدؐ کو بھی عطا ہوتی تھی؟

امیرالمومنین ؑ: ہاں ایسا تھا مگر محمدؐ کو جو کچھ عطا ہوا وہ اس
سے بھی زیادہ افضل تھا کہ وہ ایک نور تھا جو سیدھی اور بائیں جانب
سے ضوفشاں رہتا تھا جہاں کہیں وہ بیٹھتے تھے اس کو تمام
لوگوں نے دیکھا ہے۔

(۲۵) یہودی: تحقیق کہ موسیٰ نے دریا پر ایک ضرب لگائی تو
ان کے لئے راستہ بن گیا تھا۔ آیا محمدؐ کے لئے بھی ایسا ہوا۔

امیرالمومنین ؑ: ہاں ایسا ہوا تو ہے مگر محمدؐ کو جو عطا
ہوا وہ اس سے افضل ہے، ہم رسول اللہؐ کے ساتھ حنین
گئے ہوئے تھے جب ہم وادی یشخب پہونچے ہم غور کرنے
لگے کہ ایسی وادی جو چودہ آدمی برابر گہری تھی کس طرح گذریں پھر
سب نے عرض کیا کہ یا رسولؐ ہمارے دشمن ہمارے آگے
ہیں وادی ہمارے سامنے ہے جیسا کہ موسیٰ ؑ کے اصحاب نے کہا تھا کہ
"ہم جانتے ہیں" پس رسول خداؐ سواری سے نیچے
تشریف لائے اور عرض کیا کہ خداوندا تو نے بیشک ہر مرسل
کے لئے اس کی ایک دلیل قرار دی بس مجھے بھی اپنی قدرت
دکھلا اور پھر سوار ہوگئے پھر سارے گروہ کے گھوڑے اور اونٹ بغیر
ایک قدم ڈوبنے کے وادی کو عبور کر گئے اسکے بعد ہم واپس ہوئے پس یہی
ہماری فتح تھی۔ (۲۶) یہودی: تحقیق کہ موسیٰ کو ایک پتھر
عطا ہوا تھا جس سے بارہ چشمے نکلے تھے

امیرالمومنین ؑ: ہاں یہ صحیح ہے مگر جب محمدؐ حدیبیہ پر
اترے اور اہل مکہ کا محاصرہ کر لیا اس وقت ان کو وہ سب
کچھ عطا ہوا جو اس سے افضل ہے و نیز یہ بھی حقیقت امر
ہے کہ ان کے اصحاب نے پیاس کی شدت کی شکایت کی حتی کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واصابهم ذلك حتى التفت خواصر
الخيل فذكروا له فدعا بركوة يمانية
ثم نصب يده المباركة فيها فتفجرت من
بين اصابعه عيون الماء فصدرنا وصدرت
الخيل رواء، وملانا كل مزادة وسقاء
ولقد كنا معه بالحديبية فاذا ثم
قليب جافة، فاخرج رسول الله سهمًا
من كنانته فناوله البراء بن عازب
وقال له: اذهب بهذا السهم الى
تلك القليب الجافة فاغرسه فيها
ففعل ذلك فتفجرت اثنتا عشرة عينًا
من تحت السهم ولقد كان يوم الميضاة
عبرة وعلامة للمنكرين لنبوته كحجر
موسى حيث دعا بالميضاة فنصب يده
فيها ففاضت الماء وارتفع حتى توضأ منه
ثمانية آلاف رجل فشربوا حاجتهم
وسقوا دوابهم وحملوا ما ارادوا۔

(٢٧) يهودی: فان موسیٰ اعطی المن
والسلوی فهل اعطی محمد نظیر هذا
امیر المومنین: لقد کان کذلک
ومحمد اعطی ما هو افضل من هذا
ان الله عزوجل احل له الغنائم
ولامته ولم تحل الغنائم لاحد
غیره قبله فهذا افضل من المن
والسلوی، ثم زاده ان جعل النیة

گھوڑوں کی تکلیف دیکھ کر سب نے رسول اللہ ص کی خدمت
میں عرض کیا پس حضرت نے یمنی آب خورہ منگا کر اس میں
اپنا دست مبارک رکھا اس کے ساتھ ہی آپ کی انگلیوں
سے چشمے جاری ہوگئے۔ پس ہم اور تمام گھوڑے اس پانی
سے سیر ہو کر پلٹے۔

و نیز ہم حضرت کے ساتھ حدیبیہ میں تھے جب
ایک کنوئیں کے قریب پہونچے رسول اللہ ص نے ترکش سے
ایک تیر نکالا ہی تھا کہ آپ کے پاس براء بن عازب آ کر کہنے لگا
کہ اس تیر کو اس خشک کنوئیں میں لگائیے چنانچہ آپ نے
ایسا ہی کیا اس کے ساتھ ہی تیر کے نیچے سے بارہ چشمے جاری
ہوگئے۔ و نیز یوم میضات نبوت کے منکرین کی غیرت کے
لئے حجر اسود کی طرح علامت ظاہر ہوئی کہ وضو کے مقام پر
حضرت نے پتھر پر ہاتھ رکھ کر دعا کی کثرت سے پانی جاری
ہوگیا حتیٰ کہ اس سے آٹھ ہزار آدمیوں نے وضو کیا۔
پیا اور اپنی حاجات رفع کیں۔ اپنے جانوروں
کو پلایا اور جتنا چاہا ساتھ لے گئے۔

(٢٧) یہودی: تحقیق کہ موسیٰ کے لئے من و سلویٰ عطا
ہوا تھا آیا محمد کو بھی کوئی ایسی چیز عطا ہوئی
امیر المومنین: ہاں یہ صحیح ہے مگر محمد کو جو عطا ہوا اس
سے زیادہ افضل ہے۔ خداوند عزوجل نے ان کے لئے اور
ان کی امت کے لئے مال غنیمت حلال گردانا ہے جو آپ
سے پہلے اور کسی کے لئے حلال نہ تھا۔
پس یہ من و سلویٰ سے افضل ہے پھر اس کو اس
طرح اور زیادہ کیا کہ وہ اور ان کی امت بغیر عمل صالح کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لہ ولامتہ بلا عملاً صالحاً ولم یجعل لاحد من الامم ذلک قبلہ، فاذا ھم احدھم بحسنۃ ولم یعملھا کتبت لہ حسنۃ فان عملھا کتبت لہ عشر۔

مرتکب ہونے کے اگر نیت بھی کرے تو اس کے لئے بھی یہی جزا مقرر ہے اس سے پہلے کسی امت کے لئے ایسی رعایت نہ تھی۔ بس اس امت سے کوئی شخص کسی نیکی کی نیت بھی کرے اور عمل نہ کر سکے تو اس کو ایک حسنہ ملتا ہے اور اگر عمل کرے تو اس کے اعمال نامہ میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(۲۸) یھودی: ان موسیٰ قد ظلل علیہ الغمام۔

(۲۸) یہودی: تحقیق کہ موسیٰ پر ابر سایہ کے لئے رہتا تھا

امیرالمومنین: لقد کان کذلک وقد فعل ذلک بموسیٰؑ فی التیہ، واعطی محمدؐ افضل من ھذا، ان الغمامۃ کانت تظللہ من یوم ولد الی یوم قبض فی حضرہ واسفارہ، فھذا افضل ما اعطی موسیٰ۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا تھا اور یہ اس وقت ہوتا تھا جب موسیٰؑ سفر میں کسی بیابان میں ہوتے تھے اور محمدؐ کو جو عطا ہوا اس سے افضل ہے ابر آنحضرتؐ پر ان کے یوم ولادت سے قبض روح ہونے تک ہر وقت سایہ فگن رہتا تھا خواہ وہ حالت حضر میں ہوں یا سفر میں پس یہ اس سے افضل ہے جو موسیٰ کو عطا ہوا تھا۔

(۲۹) یھودی: فھذا داؤدؑ قد لین اللّٰہ لہ الحدید فعمل منہ الدروع؟

(۲۹) یہودی: یہ داؤدؑ تھے جن کے لئے خدا نے لوہے کو نرم کر دیا تھا جس سے وہ زرہ بناتے تھے۔

امیرالمومنین: لقد کان کذلک ومحمدؐ قد اعطی ما ھو افضل من ھذا، انہ لین اللّٰہ لہ الصم الصخور الصلاب وجعلھا غاراً ولقد غارت الصخرۃ تحت یدہ ببیت المقدس لینۃ حتی صارت کھئۃ العجین وقد راینا ذلک والتمسناہ تحت رایتہ۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا تھا مگر محمدؐ کو جو عطا ہوا وہ اس سے بھی افضل ہے۔ تحقیق کہ خدا نے ان کے لئے سخت سے سخت پتھر کی چٹانوں کو نرم کر دیا اور کنواں بنا دیا۔ اور رسول اللہ کے دست مبارک سے بیت المقدس میں سخت پتھر گوندھے ہوئے آٹے کی طرح نرم ہو گیا اور وہ کنواں بنا دیا جس کو ہم نے دیکھا ہے جبکہ حضرت کے علم کے تحت وہاں پہنچے تھے۔

(۳۰) یھودی: ھذا داؤدؑ بکی علی خطیئۃ[۱]

(۳۰) یہودی: یہ داؤدؑ ہیں جنہوں نے اپنی خطا پر گریہ کیا تھا۔

[۱]: خطا: بے ارادہ گناہ یعنی ضد صواب 'خطاۃ': قصداً گناہ کرنا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حتی سارت الجبل معه لخوفه۔
امیرالمومنین: لقد کان کذلک ومحمدؐ
اعطی ما ھو افضل من ھذا انه کان
اذا قام الی الصلوٰۃ سمع لصدرہ وجوفه
ازیز کازیز المرجل علی الاثافی من شدۃ
البکاء وقد آمنه اللہ عزوجل من
عقابه، فاراد ان یتخشع لربه ببکائه
فیکون اماما لمن اقتدی به ولقد
قام رسول اللہ عشر سنین علی اطراف
اصابعه حتی تورمت قدماہ واصفر
وجھه، یقوم اللیل اجمع، حتی عوتب
فی ذلک فقال اللہ عزوجل، طه
ما انزلنا علیک القرآن لتشقی بل
لتسعد به، ولقد کان یبکی حتی
یغشی علیه فقیل له، یا رسول اللہ
الیس اللہ غفرلک ما تقدم من
ذنبک وما تاخر؟ قال: بلی افلا
اکون عبداً شکوراً؟ ولئن سارت
الجبال وسبحت معه لقد عمل بمحمدؐ
ما ھو افضل من ھذا: اذ کنا معه علی
جبل حراء اذ تحرک الجبل فقال له، قر فانه
لیس علیک الا نبی او صدیق شھید۔
فقر الجبل مطیعاً لامرہ ومنتھیا
الی طاعته، ولقد مررنا معه بجبل
واذا الدموع تخرج من بعضه فقال

یہاں تک کہ ان کے خوف کی وجہ پہاڑ ان کے ساتھ حرکت کرنے لگا۔
امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے اور محمدؐ کو جو عطا ہوا
وہ اس سے بھی افضل ہے۔ بتحقیق کہ آنحضرتؐ جب
نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے اپنے سینہ اور اس کے
جوف سے شدت بکا میں ایک آواز سنتے تھے جو دیگ میں
پکوان کی آواز کے مثل ہوتی تھی جبکہ وہ چولہے پر ہو اور
اللہ عزوجل نے ان کو اپنے عقاب سے بے خوف کر دیا
پھر چاہتا تھا کہ اپنے رب کی بارگاہ میں خضوع و خشوع کے
ساتھ گریہ کریں پس وہ ہر اس شخص کے لئے امام قرار دیئے
گئے جس نے ان کا اقتدا کیا و نیز رسول اللہؐ دس سال
عبادت میں رات بھر پیروں پر کھڑے رہتے تھے۔
یہاں تک کہ آپ کے پیر متورم ہو گئے اور چہرہ زرد ہو گیا
حتیٰ کہ حضرت نے اس سے خدا کو خوشنود کر دیا اور خدا
عزوجل نے فرمایا کہ "طٰہٰ" ہم نے تم پر قرآن اس لئے
نہیں نازل کیا کہ اس قدر مشقت اٹھاؤ بلکہ اس لئے کہ اس
کے ذریعہ اعانت کرو اور اس قدر گریہ کرتے تھے کہ غشی
آجاتا تھا اور ان سے کہا گیا کہ یا رسول اللہ کیا خدا نے گذشتہ
اور آئندہ گناہ معاف نہیں فرمایا جواب دیا کہ ہاں کیا میں شکرگذار
بندہ نہ رہوں اور اگر پہاڑ داؤد کے ساتھ چلنے لگے اور تسبیح
کرنے لگے تو جو کچھ محمدؐ کے ساتھ ہوا وہ اس سے افضل ہے جب ہم
حضرت کے ساتھ کوہ حرا پر تھے پہاڑ حرکت کرنے لگا تو حضرت
نے فرمایا کہ ٹھہر جا کہ تجھے نبی یا شہید صدیق کے حکم بغیر ایسا کرنا چاہیئے
پس پہاڑ ان کے حکم کی اطاعت میں ٹھہر گیا اور ہم ان
کے ہمراہ پہاڑ سے واپس ہو گئے اور جب کبھی کسی
پہاڑ سے آنسو جاری ہوتے تھے رسول اللہ خشک کرتے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

له النبی "ما یبکیك یا جبل؟ فقال یا
رسول الله کان المسیح مرّ بی وهو یخوف
الناس من نار وقودها الناس والحجارة
وانا اخاف ان اکون من تلك الحجارة
قال له" لا تخف تلك الحجاره الکبریت
فقرّ الجبل وسکن وهدأ واجاب لقوله
رسول الله[2]؛

(٣١) یهودی: فان هذا سلیمان اعطی
ملکا لا ینبغی لاحد من بعده؟

امیر المومنین: لقد کان کذلك ومحمد صلی الله علیه و آله
اعطی ما هو افضل من هذا انه هبط الیه
ملك لم یهبط الی الارض قبله وهو
میکائیل فقال له: یا محمد عش ملکا
منعما وهذه مفاتیح خزائن الارض معك
ویسیر معك جبالها ذهبا وفضة
ولا ینقص لك مما ادخرلك فی الاخرة
شیء فاومی الی جبرئیل وکان خلیله من
الملائکة فاشار علیه ان تواضع فقال
له: بل اعیش نبیا عبدا آکل یوما
ولا آکل یومین والحق باخوانی من الانبیاء
فزاده الله تبارك وتعالی الکوثر واعطاه
الشفاعة، وذلك اعظم من ملك
الدنیا من اولها الی اخرها سبعین
مرة، ووعده المقام المحمود فاذا
کان یوم القیامة اقعده الله عزوجل

تھے کہ اے پہاڑ تو کیوں روتا ہے وہ عرض کرتا کہ یا رسول
اللہ مسیح تو مربی تھے اور لوگوں کو دوزخ سے خوف دلاتے
تھے جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوتے تھے میں خوف کرتا
ہوں کہ کہیں میں وہ پتھر نہ قرار پاؤں حضرت نے فرمایا کہ
خوف نہ کر کہ وہ گندک کا حجر ہے۔ پس وہ پہاڑ ساکن ہو گیا
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد
کو قبول کر لیا۔

(۳۱) یہودی: تحقیق کہ سلیمان کو خدا نے وہ ملک عطا
فرمایا تھا جو ان کے بعد کسی اور کو عطا نہ ہوا۔

امیر المومنین ؑ: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ کو جو عطا ہوا
وہ اس سے افضل ہے۔ تحقیق کہ ان کے لئے ایک فرشتہ
نازل ہوتا تھا جو ان سے قبل زمین پر کسی اور کے لئے
نازل نہ ہوا تھا وہ میکائیل ہے اس نے عرض کیا کہ یا محمدؐ یہ
آپ کے لئے بخشش خداوندی ہے اس کی نعمتیں اور ملک
آپ کے لئے ہیں اور یہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں ہیں آپ
لیجئے اور آرام کی آسودہ زندگی گزاریئے اس کے پہاڑ سونا
اور چاندی آپ کے ساتھ رہیں گے۔ اور آپ کی آخرت
کے لئے جو ذخیرہ کیا گیا ہے اس میں سے کوئی کمی نہ ہوگی پس
جبرئیل سے کہا گیا اور وہ ملائکہ میں سے ان کے دوست بنائے
گئے جس پر جبرئیل فخر کرنے لگے اور فروتنی کی پس ان سے
کہا گیا کہ اپنی غلامی کا عیش منائیں ایک روز کھائیں اور
دو روز نہ کھائیں حق میرے بھائی انبیاء کے ساتھ ہے
پس خدا نے ان کے لئے کوثر سب کے لئے عطا کیا اور
ان کو شفاعت عطا کی پس وہ دنیا کی مملکت سے ستر
مرتبہ زیادہ ہے جو اول سے آخر تک کسی کو عطا ہوئی ہو نیز

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

العرش، فهذا افضل مما اعطی سلیمان۔

(۳۲) یهودی: فان هذا سلیمان قد سخرت له الریاح فسارت به فی بلاده غدوها شهر ورواحها شهر؟

امیر المومنین: لقد کان کذلک ومحمد ص اعطی ما هو افضل من هذا: انه اسری به من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی مسیرة شهر، وعرج به فی ملکوت السموات مسیرة خمسین الف عام فی اقل من ثلث لیلة حتی انتهی الی ساق العرش، فدنی بالعلم فتدلی له من الجنة رفرف اخضر وغشی النور بصره فرای عظمة ربه عزوجل بفؤاده، ولم یرها بعینه فکان کقاب قوسین بینه وبینها او ادنی "فاوحی الله الی عبده ما اوحی" وکان فیما اوحی الیه الآیة التی فی سورة البقرة قوله: "لله ما فی السموات وما فی الارض وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوه یحاسبکم به الله فیغفر من یشاء ویعذب من یشاء والله علی کل شئ قدیر" (سورہ بقرہ ۲۸۴)

ان سے مقام محمود کا وعدہ کیا پس جب روز قیامت ہوگا اللہ عز و جل ان کو عرش پر بٹھائے گا پس یہ افضل ہے اس سے جو کہ سلیمان کو عطا ہوا۔

(۳۲) یہودی: یہ سلیمان ہیں جن کے لئے ہوا مسخر کر دی گئی تھی جس سے ان کا اپنے شہروں کی طرف صبح میں سیر کے لئے نکل کر شام میں واپس آنا مشہور ہے۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے اور جو کچھ محمدؐ کو عطا ہوا اس سے افضل ہے۔ تحقیق کہ انہوں نے رات میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کی جو ایک مہینہ کا راستہ ہے اور وہاں سے آسمانوں کے ملکوت کی طرف ایک ثلث سے بھی کم رات میں عروج فرمایا جو پچاس ہزار سال کا فاصلہ ہے۔ یہاں تک کہ ساق عرش تک پہونچ گئے پھر علم کے ساتھ جنت سے رفرف سبز قریب آ گیا۔ اور حضرت کو ایک نور نے گھیر لیا پھر ظاہری آنکھوں سے نہیں بلکہ قلب کی آنکھوں سے اپنے عزت و جلال والے پروردگار کی عظمت دیکھی۔ پس ان کے اور عظمت پروردگار کے درمیان قرابت قاب قوسین کی طرح تھی "پس اللہ نے اپنے بندہ کی جانب وحی کی جو کچھ کیا اس نے چاہا اور جو وحی کی اس میں سورۂ بقرہ کی آیت بھی تھی "اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خواہ تم اسے ظاہر کردو یا چھپاؤ اللہ تعالیٰ تم سے اس کا حساب لے گا پھر جسے چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔

(سورہ بقرہ ۲۸۴)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وکانت الآیــة قد عرضت علی الانبیاء من لـدن آدمؑ الی ان بعث اللّٰه تبارك وتعالیٰ محمداً وعرضت علی الامم فابوا ان یقبلوها من ثقلها وقبلها رسول اللّٰه وعرضها علی امته فقبلوها، فلما رأی اللّٰه تبارك وتعالیٰ منهم القبول علم انهم لا یطیقونها فلما ان سار الی ساق العرش کرر علیه الکلام لیفهمه، فقال "آمن الرسول بما انزل الیه من ربه" (البقرة ۲۸۵) فاجاب رسول اللّٰه مجیباً عنه وعن امته.

"والمؤمنون کل آمن باللّٰه وملائکته وکتبه ورسله لانفرق بین احد من رسله" (البقرة) فقال جل ذکره لهم الجنة والمغفرة علی ان فعلوا ذلك فقال النبی اما اذا فعلت ذلك بنا غفرانك ربنا والیك المصیر" (سورة بقرہ) یعنی المرجع فی الآخرة قال: فاجابه اللّٰه عزوجل قد فعلت ذلك بك وبامتك.

ثم قال عزوجل اما اذا قبلت الآیة بتشدیدها وعظم ما فیها وقد عرضتها

یہ آیت آدمؑ سے لے کر اس وقت تک کہ خداوند تبارک وتعالیٰ نے محمدؐ کو مبعوث کیا تمام انبیاء کو اور تمام امتوں کو پیش کی گئی تھی مگر انہوں نے اس کے ثقل کی وجہ اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا اور رسول اللہؐ نے قبول کر لیا اور اس کو اپنی امت پر پیش کیا اور امت نے بھی اس کو قبول کیا پس خدا نے ان کے قبول کرنے کو دیکھ کر جان لیا کہ قبول کرنے کی طاقت نہ ہونے پر بھی انہوں نے قبول کر لیا پھر جب وہ ساق عرش پر پہونچے خدا نے اس کلام کی تکرار کی تاکہ اس کو سمجھ لیں۔ پس خدا نے فرمایا کہ جو کچھ رسول پر ان کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا اس پر انہوں نے ایمان لایا۔

(سورہ بقرہ ع ۲۸۵)

پس رسول اللہ نے اس کو اپنی اور اپنی امت کی جانب سے قبول کرتے ہوئے جواب دیا کہ "تمام مومنین اللہ پر اس کے فرشتوں پر اس کے کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہم اس کے رسولوں میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے (بقرہ ع ۲۸۵) پس خدا نے فرمایا کہ "ان کے اس فعل کی وجہ ان کے لئے جنت اور مغفرت ہے۔" رسول اللہؐ نے فرمایا کہ یہ سب اس نے ہماری وجہ کیا تو "اے ہمارے پروردگار ہم تیری مغفرت کے خواستگار ہیں اور تیری ہی طرف ہماری بازگشت ہے (بقرہ ع ۲۸۵) یعنی آخرت کیطرف بازگشت ہے فرمایا کہ پھر اللہ نے ان کو جواب دیا کہ ہم نے یہ تمہارے لئے اور تمہاری امت کیلئے کیا پھر خدا نے فرمایا کہ جب یہ آیت اس کی عظمت کے پیش نظر تشدد کے ساتھ تمام امتوں پر پیش

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

على الامم فأبوا ان يقبلوها وقبلتها
امتك حق على ان ارفعها عن امتك
وقال: " لا يكلف الله نفساً الا وسعها
لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت (بقره ۲۸۶)
من شوفقال النبي - لما سمع ذلك اما
اذا فعلت ذلك بي وبامتي فزدني
قال: سل، قال: ربنا لا تواخذنا
ان نسينا او اخطانا " (بقره ۲۸۶)
قال الله عزوجل " لست او
اخذ امتك بالنسيان و الخطا لكر
امتك علي وكانت الامم السابقه
اذا نسوا ما ذكروا به فتحت
عليهم ابواب العذاب، وقد
رفعت ذلك عن امتك وكانت
الامم السالفة اذا اخطاؤا
اخذوا بالخطا وعوقبوا عليه
وقد رفعت ذلك عن امتك
لكر امتك علي. فقال صلعم
" اللهم اذا اعطيتني ذلك
فزدني " قال الله تبارك و
تعالى له: سل، قال: ربنا
ولا تحمل علينا اصراً كما حملته
على الذين من قبلنا (البقره ۲۸۶)
يعني بالاصر: الشدائد التي كانت
على من كان من قبلنا، فاجابه الله

کی گئی تھی انہوں نے اس کے قبول کرنے سے انکار کردیا
تھا، اور تمہاری امت نے قبول کر لیا اس لئے مجھ پر
حق ہے کہ تمہاری امت پر سے اس امر کو اٹھالوں اور
فرمایا کہ " اللہ کسی نفس کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف
نہیں دیتا جو کچھ اس نے اچھا کیا اس کا نفع اس کے لئے ہے
اور جو کچھ اس نے برا کیا اس کا نقصان اسی کے لئے ہے،
جب یہ سنا تو نبی نے عرض کیا کہ جب تو نے یہ میرے اور میری
امت کے لئے کیا ہے تو اور کچھ زیادتی فرما، ارشاد ہوا کہ
مانگ تو رسول اللہ نے عرض کیا " پروردگار ہم سے اگر
بھول چوک یا خطا ہو جائے تو اس کا مواخذہ نہ کر" (البقر
۲۸۶) اللہ عزوجل نے جواب دیا کہ " اگر تمہاری امت سے
نسیان اور خطا سرزد ہو تو تمہاری کرامت کی وجہ جو مجھ سے
ہے ان سے مواخذہ نہ کروں گا حالانکہ سابقہ امتوں سے جب
ذکر خدا میں نسیان ہوتا تھا ان پر عذاب کے دروازے
کھولدیتا تھا اور یہ میں نے تمہاری امت پر سے دفع کردیا
ونیز جب امم سابقہ سے کوئی خطا ہوتی تھی ان کو ماخوذ
کیا جاتا اور انہیں سزا دی جاتی تھی یہ بھی میں نے تمہاری
امت سے تمہاری کرامت کی وجہ اٹھا لیا، پس رسول اللہ
نے عرض کیا کہ " خداوندا جب تو نے مجھ کو یہ عطا فرمایا اس
کو اور زیادہ فرمایا" خدا نے فرمایا کہ سوال کرو تو رسول اللہ
نے عرض کیا کہ " اے ہمارے پروردگار ہم پر ویسا بار
نہ ڈال جیسا ان لوگوں پر ڈالا تھا جو ہم سے پہلے تھے"
(بقرہ ۲۸۶) یعنی شدائد کا بوجھ جو ہم سے قبل والوں پر
تھا پس خداوند عزوجل نے جواب دیا اور فرمایا کہ شدائد
کا جو بار سابقہ امتوں پر تھا تمہاری امت پر سے میں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزوجل الی ذلک، وقال تبارک اسمہ: قد رفعت عن امتك الاصار التی کانت علی الامم السالفة کنت لا اقبل صلاتهم الا فی بقاع معلومة من الارض اخترتها لهم وان بعدت، وقد جعلت الارض کلها لامتك مسجداً وطهوراً فهذه من الاصار التی کانت علی الامم قبلك فرفعتها عن امتك وکانت الامم السالفة اذا اصابهم اذی من نجاسة قرضوه من اجسادهم، وقد جعلت الماء لامتك طهوراً، فهذا من الاصار التی کانت علیهم فرفعتها عن امتك، وکانت الامم السالفة تحمل قرابینها علی اعناقها الی بیت المقدس، فمن قبلت ذلك منه ارسلت علیه ناراً فاکلته فرجع مسروراً، ومن لم اقبل منه ذلك رجع مثبوراً وقد جعلت قربان امتك فی بطون فقرائها ومساکینها فمن قبلت ذلك منه اضعفت ذلك له اضعافاً مضاعفة، ومن لم اقبل ذلك منه رفعت عنه عقوبات الدنیا، وقد رفعت ذلك عن امتك وهی من الآصار التی کانت

اٹھا لیا میں ان کی نمازیں اس وقت تک قبول نہ کرتا تھا جب تک کہ وہ سطح زمین کے ایک مخصوص مقام بقاع پر ادا نہ کی جاتیں جس کو میں نے پسند کیا تھا خواہ وہ اس سے دور ہی کیوں نہ ہوں اور تمہاری امت کے لئے تمام زمین کو پاک اور مقام عبادت قرار دیا پس یہ ان بوجھوں سے تھا جو تم سے پہلے کی امتوں پر تھے اور یہ تمہاری امت سے اٹھا لیا گیا و نیز یہ گذشتہ امتوں کے لئے ضروری تھا کہ جب وہ نجاست سے اذیت پاتے تھے ان کے جسم کا اتنا حصہ کاٹ کر نکال دیا جاتا تھا اور تمہاری امت کے لئے پانی کو پاک کرنے والا قرار دیا پس یہ بھی ان بوجھوں سے ہے جو ان پر تھے اور تمہاری امت سے اٹھائے گئے و نیز یہ بھی سابقہ امتوں کے لئے تھا کہ اپنی اپنی نذر کی چیزیں گردن پر لاد کر بیت المقدس تک لے جائیں۔ پس جس کی نذر قبول ہوتی تھی اس کے لئے ایک آگ کو بھیجتا تھا جو اس کو کھا لیتی تھی اور وہ مسرور واپس ہوتا تھا اور جس کی نذر قبول نہ ہوتی تھی وہ تباہ و برباد واپس ہوتا تھا تمہاری امت کی نذروں کو ان کے فقراء اور مساکین کے بطون میں قرار دیا جس کی نذر قبول کرتا ہوں اس کے لئے کئی گنا بڑھا دیتا ہوں اور جس کی نذر قبول نہ کی گئی اس سے عقوبات دنیا اٹھالی گئیں یہ ان بوجھوں میں سے ہے جو تم سے پہلے کی امتوں پر تھے اور تمہاری امت سے اٹھا لئے گئے و نیز گذشتہ امتوں پر رات کے اندھیرے میں اور نصف دن پر نماز فرض کی گئی تھی اور یہ ان شدائد سے تھا جو ان پر عائد کی گئی تھیں اور تمہاری امت پر سے اٹھالی گئیں ان کے لئے رات اور دن کے کچھ حصوں میں اور ان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

على الامم من كان من قبلك اذ كانت
الامم السالفة صلواتها مفروضة
عليها في ظلم الليل و انصاف النهار
وهي من شدائد التي كانت عليهم
فرفعتها عن امتك و فرضت صلاتهم
في اطراف الليل والنهار، وفي اوقات
نشاطهم، وكانت الامم السالفة
قد فرضت عليهم خمسين صلاة في
خمسين وقتا وهي من الاصار التي
كانت عليهم فرفعتها عن امتك
وجعلتها خمسا في خمسة اوقات وهي
احدى وخمسون ركعة وجعلت لهم
اجر خمسين صلاة وكانت الامم
السالفة حسنتهم بحسنة وسيئتهم
بسيئة وهي من الاصار التي كانت
عليهم، فرفعتها عن امتك وجعلت
الحسنة بعشرة والسيئة بواحدة وكانت
الامم السالفة اذا نوى احد هم
حسنة فلم يعملها لم تكتب له،
وان عملها كتبت له حسنة، وان
امتك اذا هم احدهم بحسنة
فلم يعملها كتبت له حسنة، وان
عملها كتبت له عشرة، وهي من
الاصار التي كانت عليهم فرفعتها
عن امتك وكانت الامم السالفة

کی سہولت و آرام کے وقت نمازیں فرض گردانیں
گئی تھیں و نیز سابقہ امتوں کے لئے پچاس وقت
میں پچاس نمازیں فرض کی گئی تھیں اور یہ ان بوجھوں
سے تھا جو ان پر عائد کئے گئے تھے یہ بار بھی تمہاری
امت پر سے اٹھا لیا گیا اور صرف پانچ اوقات پر
پانچ نمازیں فرض گردانی گئیں اور یہ اکاون رکعتیں جو
ہیں ان کی ادائی پر پچاس نمازوں کا ثواب مقرر کیا۔
گذشتہ امتوں کے لئے ایک نیکی کا اجر ایک ثواب اور
ایک گناہ کا بدلہ ایک عتاب تھا یہ ان بوجھوں میں سے
تھا جو ان پر تھے اور یہ تمہاری امت پر سے اٹھا لیا گیا
اور ایک نیکی کے عوض دس نیکیوں کا اور ایک گناہ کے
لئے ایک ہی سزا مقرر کی گئی سابقہ امتوں سے اگر کوئی
شخص صرف نیکی کی نیت کرتا اور اس کو بجا نہ لاتا اس
کے لئے کوئی حسنہ لکھا نہ جاتا اور اگر بجا لاتا تو اس کے لئے
ایک ہی حسنہ لکھا جاتا اور اگر تمہاری امت سے کوئی
شخص کسی نیکی کی نیت کرے اور بجا نہ لائے تو اس
کے نامۂ اعمال میں ایک حسنہ لکھا جاتا ہے اور اگر
نیکی بجا لائے تو دس نیکیوں کا ثواب لکھا جاتا ہے۔
یہ ان بوجھوں سے ہے جو ان پر تھے اور تمہاری
امت کے لئے باقی نہ رکھے گئے اور یہ امم سابقہ
کے لئے تھا کہ اگر ان میں سے کوئی شخص ایک گناہ
کا ارادہ کرتا اور اس کا مرتکب نہ ہوتا تو اس کے اعمال
نامہ میں کچھ بھی نہ لکھا جاتا اور اگر مرتکب ہوتا تو ایک گناہ
لکھا جاتا اور تمہاری امت سے کوئی شخص کسی گناہ
کا ارادہ کرے مرتکب نہ ہو تو اس کے لئے ایک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اذا هم احدهم بسيئة فلم
يعملها لم تكتب عليه، وان عملها
كتبت عليه سيئة وان امتك اذا هم
احدهم بسيئة ثم لم يعملها
كتبت له حسنة، وهذه من
الآصار التي كانت عليهم فرفعتها
من امتك، وكانت الامم السالفة
اذا اذنبوا كتبت ذنوبهم على
ابوابهم وجعلت توبتهم من
الذنوب: ان حرمت عليهم بعد
التوبة احب الطعام اليهم وقد
رفعت ذلك عن امتك وجعلت
ذنوبهم فيما بيني وبينهم وجعلت
عليهم ستوراً كثيفة، وقبلت
توبتهم بلا عقوبة ولا اعاقبهم
بان احرم عليهم احب الطعام
اليهم، وكانت الامم السالفة
يتوب احدهم الى الله من
الذنب الواحد مائة سنة
او ثمانين سنة، او خمسين سنة ثم
لا اقبل توبته دون ان اعاقبه
في الدنيا بعقوبة، وهي من الآصار
التي كانت عليهم فرفعتها عن
امتك وان الرجل من امتك
ليذنب عشرين سنة، او ثلاثين

حسنہ لکھا جاتا ہے یہ بھی ان بوجھوں سے ہے جو ان پر
تھے اور تمہاری امت پر سے اٹھا لئے گئے گزشتہ امتیں
جب کوئی گناہ کرتی تھیں ان کے گناہ ان کے دروازوں پر
لکھ دیئے جاتے تھے۔ اور ان کے لئے گناہوں سے توبہ
واجب گردانی جاتی اور توبہ کے بعد ان کے لئے ان کی
مرغوب ترین غذائیں حرام کر دی جاتی تھیں اور یہ تمہاری
امت سے اٹھا لیا گیا اور ان کے گناہوں کو میرے
اور ان کے درمیان محدود کر دیا اور ان پر پوشیدگی
قرار دے دی گئی اور بغیر عقوبت کے ان کی توبہ
قبول کر لی گئی اور ان کے لئے مرغوب کھانوں کی ممانعت
کی عقوبت باقی نہ رکھی گئی یہ سابقہ امتوں کے لئے
تھا کہ ان میں کا ایک شخص ایک گناہ واحد کے لئے
سو سال یا اسی سال یا پچاس سال توبہ کرتا تھا
پھر بھی اس کی توبہ قبول نہ ہوتی تھی جب تک کہ
دنیا میں اس کو کسی عذاب میں مبتلا نہ کیا جاتا۔ یہ ان
بوجھوں سے ہے جو ان پر تھے اور تمہاری امت پر
سے اٹھا لئے گئے اور اگر تمہاری امت سے کوئی
شخص بیس سال، تیس سال، چالیس سال یا
سو سال گناہ کرتا رہے پھر توبہ کرے اور نادم ہو
جائے تو ایک چشم زدن میں یہ تمام گناہ معاف
کر دیتا ہوں۔ چنانچہ رسول اللہ نے عرض کیا کہ جب
تو نے سب عطا فرمایا اور زیادتی فرما۔ ارشاد ہوا کہ
سوال کرو۔ عرض کیا کہ اے ہمارے پالنے والے ہم سے
اتنا بوجھ نہ اٹھوا جس کی ہم میں طاقت نہیں (البقرة ۲۸۶)
خدا نے فرمایا کہ تم نے یہ اپنی امت کے لئے کہا بیشک میں نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنة، او اربعين سنة، او مائة سنة
ثم يتوب ربنا مطرفة عين فاغفر
ذلك كله فقال النبي: اذا اعطيتني ذلك
كله فزدني قال: سل قال ربنا ولا تحملنا
مالا طاقة لنا به" (البقرة ٢٨٦) قال
تبارك اسمه: قد فعلت ذلك بامتك
وقد رفعت عنهم عظم بلايا الامم
وذلك حكمي في جميع الامم: ان لا اكلف
خلقاً فوق طاقتهم فقال النبي واعف عنا
واغفر لنا وارحمنا انت مولانا، قال الله
عزوجل: قد فعلت ذلك بتائبي امتك
ثم قال رسول الله "فانصرنا على
القوم الكافرين" قال الله جل اسمه
ان امتك في الارض كالشامة البيضاء
في الثور الاسود، هم القادرون، وهم
القاهرون، يستخدمون ولا يستخدمون
لكرامتك علي، وحق علي ان اظهر
دينك على الاديان، حتى لا يبقى في
شرق الارض وغربها دين الا دينك
ويؤدون الى اهل دينك الجزية۔

(٣٣) يهودي: فان هذا سليمان سخرت
له الشياطين، يعملون له ما يشاء
من محاريب وتماثيل ؟ (سبا پاره ٢٢)
اميرالمؤمنينؑ: لقد كان كذلك ولقد

ان سے گذشتہ امتوں کی بڑی بڑی بلائیں اٹھا دیں۔
اور یہ میرا حکم تمام امتوں کے لئے ہے کہ مخلوق میں سے کسی
فرد کو اس طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دی جائے پس
رسول اللہ نے عرض کیا "ہم کو معاف کر دے ہماری
مغفرت فرما اور ہم پر رحم کر کہ تو ہمارا مولا و آقا ہے
خدا نے فرمایا کہ تم نے یہ اپنی امت کی تائید میں کہا پھر
رسول اللہؐ نے عرض کیا کہ کافرین کے مقابلہ میں ہماری
نصرت فرما خدا نے فرمایا کہ تمہاری امت زمین پر
سفید تل کے مثل ہے جو سیاہ بیل پر ہو تمہاری بزرگی
کی وجہ جو میری وجہ سے ہے وہ صاحب قدرت
اور غالب رہیں گے۔
تیرا کرم جو مجھ پر ہے اس کی وجہ وہ خادم
بنائے رہیں گے اور خود خادم نہیں بنیں گے اور مجھ پر یہ
حق ہے کہ تمہارے دین کو دوسرے دینوں پر
ظاہر کروں یہاں تک کہ زمین پر مشرق سے مغرب
تک سوائے تمہارے دین کے اور کوئی دین باقی
نہ رہے۔ اور تمہارے اہل دین کو جزیہ ادا
کرتے رہیں۔

(۳۳) یہودی: یہ سلیمان ہیں کہ شیاطین جن کے
مسخر تھے اور وہ ان سے جو چاہتے کام لیتے
تھے مثلاً مضبوط محل اور درختوں وغیرہ کی
شکلیں بنانا وغیرہ۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا تھا اور تو کچھ محمدؐ کو عطا ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اعطي محمدؐ افضل من هذا ان الشياطين سخرت لسليمان وهي مقيمة على كفرها ولقد سخرت لنبوة محمدؐ الشياطين بالايمان فاقبل اليه من الجنة التسعة من اشرافهم واحد من جن نصيبين والثمان من بني عمرو بن عامر من الاجنة منهم شصاه ومصاه والهملكان والمرزبان، والمازمان ونضاه، وهاضب وهضب وعمرو وهم الذين يقول الله تبارك و تعالى اسمه فيهم: واذ صرفنا اليك نفراً من الجن يستمعون القرآن (احقاف ۲۹) وهم التسعة، فاقبل اليه الجن، والنبي ببطن النخل فاعتذروا بانهم ظنوا كما ظننتم ان لن يبعث الله احداً"، ولقد اقبل اليه احد وسبعون الفاً منهم فبايعوه على الصوم، والصلاة والزكاة والحج، والجهاد، ونصح المسلمين واعتذروا بانهم قالوا على الله شططاً وهذا افضل مما اعطي سليمان، سبحان من سخرها لنبوة محمد بعد ان كانت تتمرد وتزعم ان لله ولد، ولقد شمل مبعثه من الجن والانس ما لا يحصي۔

(٣٢) يهودي: هذا يحيى بن زكريا، يقال انه اوتي الحكم صبياً والحلم والفهم

اس سے افضل ہے اس میں شک نہیں کہ شیاطین سلیمان کے لئے مسخر کئے گئے تھے مگر وہ اپنے کفر پر باقی تھے مگر شیاطین جو محمدؐ کے لئے مسخر کئے گئے تھے وہ آپ کی نبوت پر ایمان لا چکے تھے پس اشراف اجنہ سے نو اور نصیبین کے جنوں سے ایک بنی عمرو بن عامر سے آٹھ نے آپ پر ایمان لایا تھا ان میں سے بعض گذر گئے اور بعض باقی ہیں و نیز ہملکان، مرزبان، مازبان، نضاہ، ہاضب، ہضب اور عمرو وہ لوگ ہیں جن کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ان میں اس کا نام ہے۔

" اور جب ہم نے جنوں کے ایک گروہ کو تمہارے پاس بھیجا کہ وہ قرآن مجید کو غور سے سنیں (احقاف ع۲۹) وہ تعداد میں نو تھے یہ جن رسول خدا کے پاس ایک کھجور کے درخت کے قریب آئے اور معذرت کی کہ ان کا گمان تھا کہ خدا کسی کو نبی بنا کر نہیں بھیجے گا جیسا کہ تم گمان کرتے ہو اور ان میں سے اکہتر ہزار جنوں نے ان کو قبول کیا اور روزہ نماز زکوٰۃ حج جہاد اور مسلمانوں کو نصیحت کرنے میں ان کی بیعت کی اور عذر کیا کہ انہوں نے اللہ کے متعلق مختلف خیالات کا اظہار کیا تھا اور یہ افضل ہے اس سے جو سلیمان کو عطا ہوا تھا پس پاک ہے وہ ہستی جس نے محمدؐ کی نبوت کے لئے ان کو مسخر کیا جب کہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور سمجھتے تھے کہ اللہ کو بیٹا بھی ہے اور جن و انس میں سے بھیجے ہوؤں کو شامل کر لیا جس کا کوئی حساب نہ تھا۔

(۳۲) یہودی: یہ یحییٰ ابن زکریا ہیں جن کے متعلق کہا گیا ہے کہ انہیں بچپن ہی سے حکمت، حلم، فہم عطا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وانه كان يبكي من غير ذنب وكان
يواصل الصوم؟

امير المومنين : لقد كان كذلك ومحمدؐ
اعطى ما هو افضل من هذا: ان يحيي
بن زكريا كان في عصر اوثان فيه ولا
جاهلية، ومحمدؐ اوتي الحكم والفهم
صبيا بين عبدة الاوثان، وحزب الشيطان
فلم يرغب لهم في صنم قط ولم ينشط
لاعيادهم، ولم يرمنه كذب قط
وكان امينا صدوقا حليما وكان يواصل
الصوم الاسبوع والاقل والاكثر فيقال
له في ذلك فيقول: اني لست كاحدهم
اني اظل عند ربي فيطعمني ويسقيني وكان
يبكي رسول الله حتى تبتل مصلاه
خشية من الله عزوجل من غير جرم.

(۳۵) يهودي: فان هذا عيسىٰؑ بن مريم
يزعمون انه: تكلم في المهد صبيا؟

امير المومنين: لقد كان كذلك ومحمدؐ
سقط من بطن امه واضعا يده اليسرى
على الارض، ورافعا يده اليمنى الى السماء
يحرك شفتيه بالتوحيد وبدا من فيه
نور رأى اهل مكة منه: قصور بصرى
من الشام وما يليها، والقصور الحمر من
ارض اليمن وما يليها، والقصور البيض
من اصطخر وما يليها، ولقد اضاءت

کئے گئے تھے اور وہ بغیر کسی گناہ کے ارتکاب کے گریہ کرتے
تھے اور مسلسل روزے رکھتے تھے۔

امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا مگر جو کچھ محمدؐ کو عطا ہوا
اس سے افضل ہے۔ یحییٰؑ ابن زکریاؑ اس زمانہ میں
تھے جب نہ بت پرستی تھی اور نہ جاہلیت اور محمدؐ کو زمانہ
بت پرستی اور شیاطین کے گروہوں کے زمانہ میں بچپن ہی
سے حکمت و فہم عطا کئے گئے نہ وہ کبھی کسی بت کی طرف
راغب ہوئے نہ ان کی عیدوں میں شرکت کی اور نہ کبھی
کسی نے ان کو جھوٹ کہتے دیکھا وہ امین، ہمیشہ سچ کہنے
والے، اور سوائے ہفتہ کے کم و بیش مسلسل روزے رکھنے
والے تھے انہوں نے فرمایا کہ میں ان میں سے کسی کے بھی
مثل نہیں ہوں میں اپنے رب کے زیر سایہ رہا ہوں پس
بس وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ بغیر کسی جرم کے۔
رسول اللہ مصلی پر خضوع و خشوع سے اس قدر گریہ
فرماتے تھے کہ جانماز تر ہو جاتی تھی۔

(۳۵) یہودی: یہ عیسیٰ ابن مریم ہیں کہ جنہوں نے
گہوارہ سے بچپن میں تکلم کیا تھا۔

امیر المومنینؑ: ہاں ایسا تھا مگر جب محمدؐ تولد ہوئے
اپنا بایاں ہاتھ زمین پر رکھ کر دایاں ہاتھ آسمان کی طرف
بلند کرکے اپنے ہونٹوں کو اقرار توحید کے ساتھ حرکت دی
اور ان سے ایک نور نکلا جس کو تمام اہل مکہ نے دیکھا
اور اس کی وجہ بصرہ و شام کے محل، ان کے متصلہ مقامات
اور یمن کے سرخ محل اور اس کے اطراف کے مقامات
سفید محلات اور اصطخر کے دیگر محل نظر آنے لگے۔
نبی ﷺ کی ولادت کی شب تمام دنیا منور ہو گئی تھی یہاں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الدنيا ليلة ولد النبیؐ حتی فزعت الجن والانس والشياطين، وقالوا احدث فی الارض حدث، ولقد رای الملآئكة ليلة ولد تصعد وتنزل، وتسبح وتقدس وتضطرب النجوم وتتساقط علامة لميلاده ولقدهم ابليس بالظعن فی السماء لما رای من الاعاجيب فی تلك الليلة، وكان له مقعد فی السماء الثالثة والشياطين يسترقون السمع فلما راوا العجائب ارادوا ان يسترقوا السمع فاذاهم قد حجبوا من السموات كلها ودموا بالشهب، دلالة لنبوتهؐ۔

(۳۶) يهودی: فان عيسیٰؑ يزعمون انه قد ابرا الاكمه والابرص باذن الله؟

اميرالمومنين: لقد كان كذلك ومحمدؐ اعطی ماهوا فضل من ذلك، ابراءٌ ذا العاهة من عاهته، بينما هو جالس رسول الله اذ سال عن رجل من اصحابه فقالوا: يا رسول الله انه قد صار من البلاء كهيئة الفرخ الذی لا ريش عليه فاتاه رسول الله فاذا هو كهيئة الفرخ من شدة البلاء فقال له قد كنت تدعو فی صحتك دعاء قال: نعم، كنت اقول "يا رب ايما

تک کہ تمام جن وانس وشیاطین خوف کرنے لگے اور کہنے لگے کہ زمین پر کوئی بڑا واقعہ ہوا ہے اور اسی شب ملائکہ نے ایک صاحبزادہ کو آسمان پر صعود ونزول کرتے ہوئے اور تسبیح وتقدیس کرتے ہوئے اور ستاروں میں اضطراب وسقوط دیکھا یہ ان کی ولادت کی علامات تھیں۔ اس رات کے عجیب امور کے دیکھنے ابلیس آسمان سوم تک چلا گیا اور شیاطین چھپ چھپ کر سننے لگے پس جب انہوں نے عجائب دیکھے ارادہ کیا کہ چھپ کر سنیں پس جب انہوں نے اپنے کو آسمانوں میں چھپا لیا۔ شہاب کے ذریعہ نکالے گئے۔ یہ ان کی نبوت کی دلیل ہے۔

(۳۶) یہودی: تحقیق کہ عیسیٰؑ مبروص اور مجذوم کو خدا کے حکم سے صحت یاب کردیتے تھے۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ کو جو عطا ہوا اس سے افضل ہے وہ صاحب آفت کو اس کی آفت سے بری کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ہمارے درمیان رسول اللہؐ تشریف رکھتے تھے جبکہ اصحاب میں سے ایک شخص نے کچھ سوال کیا اور سب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ بلاؤں میں اس قدر مبتلا ہے کہ اس کے بال تک گر گئے ہیں پس وہ رسول خدا کے قریب آیا جبکہ امراض کی شدت سے اس کی صورت بگڑی ہوئی تھی۔ رسول اللہؐ نے پوچھا کہ آیا تو نے کبھی اپنی صحت کیلئے دعا کی عرض کیا کہ جی ہاں میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقوبة انت معاقبي بها في الاخرة فعجلها لي في الدنيا" فقال له النبي ؐ الا قلت ربنا آتنا في الدنيا........ حسنة وفي الاخرة حسنة وقنا عذاب النار (سورة بقرہ ۲۰۱) فقالها الرجل فكانما انشط من عقال فقام صحيحا وخرج معنا، ولقد اتاه رجل من جهينة اجذم يتقطع من الجذام فشكا اليه رسول الله فاخذ قدحا من ماء فتفل عليه، ثم قال: امسح به جلدك فتفل فبرأ حتى لم يوجد عليه شيئ ولقد اتى النبي باعرابي ابرص فتفل رسول الله فيه عليه فما قام من عنده الا صحيحا ولئن زعمت ان عيسى ابرأ ذا العاهات من عاهاتهم فان محمد بينما هو في اصحابه اذ هو بامرأة فقالت: يارسول الله ان ابني قد اشرف على حياض الموت كلما اتيته بطعام وقع عليه التثاؤب فقام النبي ؐ وقمنا معه فلما اتيناه قال له بجانب يا عدو الله فانا ولي الله ورسول الله، فجانبه الشيطان فقام صحيحا وهو معنا في عسكرنا. ولئن زعمت ان عيسى ؑ ابرأ العميان، فان محمد ؐ قد فعل ما هو اكبر من ذلك: ان قتادة بن ربيع كان رجلا صحيحا فلما ان كان يوم

عرض کرتا تھا کہ پروردگارا مجھ پر آخرت میں جو بھی عذاب کرنا ہو وہ اسی دنیا میں مقرر کردے رسول اللہ ؐ نے فرمایا کہ تو یہ کہہ کہ "پروردگارا ہمیں دنیا میں خیرو خوبی دے اور آخرت میں بھی خیر وخوبی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائے (البقرہ ۲۰۱) پس اس نے کہا اور بمجرد کہنے اس بلا سے نجات حاصل کی اور تندرست ہو گیا اور ہمارے ساتھ واپس چلا۔ ایک مرتبہ رسول اللہ ؐ کے پاس جہینہ کا ایک آدمی آیا تھا جس کے اعضاء جذام سے منقطع ہو گئے تھے اور مرض کی شکایت کی حضرت نے پانی کا ایک پیالہ لیکر اس میں تھوک دیا اور فرمایا کہ اس سے اپنے جسم پر مالش کر اس نے حکم کی تعمیل کی۔ اور پھر مرض کے آثار اپنے جسم پر نہ پائے دنیز ایک مرتبہ ایک مبروص اعرابی رسول اللہ ؐ کے پاس آیا۔ اور رسول اللہ نے اس پر تھوک دیا بمجرد اس کے وہ تندرست ہو گیا۔ اگر تو اس زعم میں ہے کہ عیسیٰ ؑ آفت زدوں کو ان کی آفات سے بری کرتے تھے محمد ؐ نے بھی اپنے اصحاب کے سامنے ایسا کیا چنانچہ ایک مرتبہ ایک عورت نے کہا کہ یارسول اللہ میرا لڑکا قریب الموت ہو گیا ہے جب اس کے سامنے کھانا آتا ہے تو اس پر غشی طاری ہو جاتی ہے پس رسول اللہ اٹھے اور ہم بھی ان کے ساتھ اٹھے اور جب ہم اس لڑکے کے قریب پہنچے حضرت نے ایک جانب فرمایا کہ اے دشمن خدا میں ولی خدا اور رسول خدا ہوں اس سے دور ہو جا اس کی ایک جانب شیطان تھا جو ہٹ گیا اور وہ تندرست ہو گیا اور ہمارے ساتھ ہماری فوج میں تھا اور اگر تو اس خیال میں ہے کہ عیسیٰ ؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

احد اصابته طعنة في عينه فبدرت
حدقته فاخذها بيده ثم اتى بها
الى النبي فقال: يا رسول الله ان امراتي
الآن تبغضني، فاخذها رسول الله من
يده ثم وضعها مكانها فلم تكن
تعرف الا بفضل حسنها وفضل ضوئها
على العين الاخرى ولقد جرح عبد الله
بن عبيد الله بانت يده يوم حنين فجاء
الى النبي فمسح عليه يده فلم تكن
تعرف من اليد الاخرى ولقد اصاب
محمد ابن مسلم يوم كعب بن اشرف مثل
ذلك في عينه ويده فمسحه رسول الله
فلم تستبينا، ولقد اصاب عبد الله بن
انيس مثل ذلك في عينه فمسحها فما
عرفت من الاخرى، فهذه كلها دلالة
لنبوة رسول الله.

(٣٧) يهودي: فان عيسى يزعمون انه
احيى الموتى باذن الله؟

امير المومنين: لقد كان كذلك ومحمد
بحت في يده تسع حصيات تسمع نغماتها
في جمودها، ولا روح فيها لتمام حجة
نبوته، ولقد كلمه الموتى من بعد
موتهم واستغاثوه مما خافوا تبعته
ولقد صلى باصحابه ذات يوم فقال:
ما ها هنا من بني النجار احد وصاحبهم محتبس

اندھوں کو اچھا کرتے تھے محمدؐ نے بھی وہ کام کیا جو اس سے
زیادہ افضل تھا کہ قتادہ بن ربیع جو ایک تندرست آدمی تھا
اس پر یوم احد کسی نے اس کی آنکھ پر نیزہ مارا جس کی وجہ اس
کی آنکھ نکل کر باہر گر گئی اسنے آنکھ کو ہاتھ میں لے کر رسول اللہؐ کی خدمت
میں پہونچا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ میری بیوی مجھ پر غضبناک
ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے ہاتھ سے آنکھ لے لی
اور اس کے مقام پر ایسا جما دیا کہ کوئی اس میں اور دوسری آنکھ کی
خوبصورتی میں نہ فرق کر سکا اور نہ اس کی بصارت میں کوئی فرق آیا۔
ونیز یوم حنین عبداللہ ابن عبید کا ہاتھ زخمی ہو گیا تھا وہ خدمت رسولؐ
میں حاضر ہوا اور حضرت نے اسکو مس کیا بجرد اسکے وہ ایسا تندرست ہو
گیا کہ کوئی اسکے دونوں ہاتھوں میں تمیز نہ کر سکتا تھا۔ ونیز محمد ابن اسلم کی
آنکھ اور ہاتھ کعب ابن اشرف سے مقابلہ کے روز زخمی ہو گئے تھے رسولؐ
نے مس کیا پھر کوئی تکلیف باقی نہ رہی اسی طرح عبداللہ ابن انس کی
آنکھ زخمی ہو گئی تھی اس کو آنحضرتؐ نے مس کیا تو ایسی اچھی ہو گئی کہ
کوئی دوسری آنکھ میں اور اس میں فرق محسوس نہ کرتا تھا۔ یہ تمام
رسول اللہؐ کی نبوت کے ثبوت ہیں۔

(۳۷) یہودی: تحقیق کہ عیسیٰ حکم خدا سے مردوں کو زندہ
کرتے تھے۔

امیر المومنین: ہاں ایسا ہوا ہے اور محمدؐ کے ہاتھ میں نو
کنکریاں اپنی جمود سے نغمے سناتی ہیں حالانکہ ان میں روح
نہیں ہوتی یہ آنحضرتؐ کی نبوت کے لئے اتمام حجت ہے ونیز
مرنے کے بعد میتیں اپنے انجام کے خوف سے حضرت سے
استغاثہ کی ہیں ونیز ایک روز میں نے ان کے اصحاب کیساتھ
نماز ادا کی حضرت نے فرمایا کہ یہاں کوئی بنی نجار سے نہیں ہے
ان کا سردار جو شہید ہو چکا ہے جنت کے دروازہ پر فلاں یہودی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

على باب الجنة بثلاثة دراهم لفلان
اليهودي، وكان شهيداً ، ولئن زعمت ان
عيسىٰ كلمه الموتى فلقد كان لمحمد ماهو
عجب من هذا: ان النبي لما نزل بالطايف
وحاصرا هلها، بعثوا اليه بشاة مسلوخة
مطلية بسم، فنطق الذراع منها
فقالت: يا رسول الله لا تأكلني فاني
مسمومة فلو كلمته البهيمة وهي
حية لكانت من اعظم حجج الله على
المنكرين لنبوته فكيف وقد كلمته من بعد
ذبح وسلخ وشي! ولقد كان رسول الله يدعو
بالشجرة فتجيبه وتكلمه البهيمة وتكلمه
السباع وتشهد له بالنبوة و
تحذرهم عصيانه، فهذا اكثر مما
اعطى عيسىٰ ع۔

(٣٨) يهودي: ان عيسىٰ ع يزعمون انه انبا
قومه بما يأكلون وما يدخرون في
بيوتهم؟

امير المومنين: لقد كان كذلك ومحمد
كان له اكثر من هذا: ان عيسىٰ انبأ
قومه بما كان من وراء الحائط ومحمد
انبأ عن موتة وهو عنها
غائب ووصف حربهم ومن
استشهد منهم وبينه وبينهم
مسيرة شهر، وكان يأتيه الرجل يريد

کے تین درہم کی وجہ سے رکا ہوا ہے اگر تو اس خیال میں ہے کہ عیسیٰؑ
مردوں سے بات کرتے تھے تو پھر جو کچھ محمدؐ کے لئے ہوا اس
سے عجیب تر ہے۔ جب رسول اللہ طائف پہنچے اور اہل
طائف کو محصور کر لیا تھا ان لوگوں نے حضرت کے پاس
ایک ذبح کی ہوئی بکری بھیجی جو گردن سے زہر آلود کی ہوئی
تھی یہ کہنے لگی کہ یا رسول اللہ مجھے مت کھایئے اس
لئے کہ میں مسموم ہوں۔ اگر کوئی چوپایہ زندہ ہو اور ان
سے بات کرے تو منکرین کے لئے ان کی نبوت کی اللہ
کے پاس بڑی حجت ہے پس اس نے ذبح ہونے کے
بعد اور کھال نکالی جانے کے بعد کس طرح بات کی
یہ ایک حقیقت امر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے آواز دینے پر درخت نے جواب دیا چوپایوں
اور درندوں نے تکلم کیا اور آپ کی نبوت کی گواہی دی
اور آپ کی نافرمانی سے ڈرایا۔ پس یہ اس سے زیادہ
ہے جو عیسیٰؑ کو عطا ہوا تھا۔

(۳۸) یہودی: بتحقیق کہ عیسیٰؑ اپنی قوم کو بتا دیتے تھے
کہ وہ اپنے مکانوں میں کیا کھاتے تھے اور کیا
ذخیرہ کرتے تھے۔

امیر المومنینؑ: ہاں ایسا ہوا ہے مگر محمدؐ نے اس سے
بہت زیادہ کیا اس میں شک نہیں کہ عیسیٰؑ اپنی قوم کو اس
بات کی خبر دیتے تھے جو دیوار کے پیچھے واقع ہوتی تھی اور
محمدؐ نے مرنے والوں سے متعلق خبر دی اور ان کے متعلق فرمایا
جو غائب تھے ان کی جنگجوئی کی تعریف کی جنہوں نے
شہادت پائی حالانکہ حضرت کے اور ان کے درمیان
مہینوں کا فاصلہ ہوتا تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان يسئله عن شئ فيقول رسول الله: تقول او اقول؟ فيقول: بل قل يا رسول الله فيقول: جئتني في كذا وكذا حتى يفرغ من حاجته ولقد كان رسوله الله يخبر اهل مكة باسرارهم بمكة حتى لا يترك من اسرارهم شيأً منها ما كان بين صفوان بن امية وبين عمير بن وهب، اذا تاه عمير فقال: جئت في فكاك بني فقال له كذبت بل قلت لصفوان بن امية وقد اجتمعتم في الحطيم وذكرتم قتلي بدر وقلتم: والله للموت اهون علينا من البقاء مع ما صنع محمّد بنا، وهل حياة بعد اهل القليب فقلت انت: لولا هيالي، ودين علي لاحقك من محمّد فقال صفوان: علي ان اقضي دينك وان اجعل بناتك مع بناتي يصيبهن ما يصيبهن من خير اوشر، فقلت انت: فاكتمها علي وجهز في حتى اذهب فاقتله فجئت لقتلي، فقال صدقت يا رسول الله فانا اشهد ان لا اله الا الله وانت رسول الله واشباه هذا مما لا يحصى۔

جب کوئی شخص کسی سوال کے ارادہ سے آتا تو آپ فرماتے کہ تو کہے گا یا میں کہوں وہ عرض کرتا کہ بلکہ آپ فرمائیے۔ پھر آپ فرماتے کہ تو میرے پاس یہ اور یہ سوال کرنے آیا ہے یہاں تک کہ اس کی حاجت سے فراغت پاتے۔ (نیز رسول اللہ نے اہل مکہ کو مکہ میں ان کے اسرار سے مطلع کیا یہاں تک کہ ان کا راز جو صفوان بن امیہ اور عمیر ابن وھب کے درمیان تھا باقی نہ رہا جب عمیر ان کے پاس آیا تو کہا کہ میں اپنے فرزند کو آزاد کرانے آیا ہوں مگر حضرت نے فرمایا کہ تو نے جھوٹ کہا میں کہتا ہوں کہ تو صفوان بن امیہ کے لئے آیا ہے تم لوگ حطیم میں جمع ہوئے اور میرے فوری قتل کی گفتگو کی تھی اور تم نے کہا تھا کہ خدا کی قسم ہمارے لئے موت ایسی زندگی سے بہتر و آسان ہے جو اس چیز کے ساتھ ہو جو محمدؐ نے ہمارے ساتھ کیا۔ انقلیب والوں (کنویں والوں) کے مرنے کے بعد زندگی میں کیا لطف باقی رہا پھر تو نے کہا کہ اگر مجھے اولاد نہ ہوتی اور دین بھی نہ ہوتا تو تمہیں محمدؐ سے راحت پہونچا دیتا۔ (یعنی ان کو قتل کر کے تمہیں خوش کر دیتا) پھر صفوان نے کہا کہ تیرے دین کے ختم ہو جانے پر اگر تو اپنی لڑکیوں کو ساتھ رکھے تو جو راحت و تکلیف انہیں ملے گی وہ بھی ان کے ساتھ رہے گی پھر تو نے کہا کہ اس بات کو پوشیدہ رکھے اور تجہیز و تکفین کی تیاری کرے یہاں تک کہ میں جا کر انہیں قتل کر دوں پھر تو میرے قتل کے لئے روانہ ہو گیا عرض کیا یا رسول آپ نے سچ فرمایا پس میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے اور بیشک آپ اللہ کے رسولؐ ہیں ایسے بیشمار واقعات ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۳۹) یہودی: فان عیسٰی یزعمون: انہ خلق من الطین کھیئۃ الطیر فنفخ فیہ وکان طیراً باذن اللہ؟

امیرالمومنین: لقد کان کذلک و محمدؐ قد فعل ما ھو شبیہ لھذا اذا اخذ یوم حنین حجراً فسمعنا للحجر تسبیحاً و تقدیساً ثم قال للحجر: انفلق فانفلق ثلاث فلق، یسمع لکل فلقۃ منھا تسبیحاً لا یسمع للاخری ولقد بعث الی شجرۃ یوم البطحا، فاجابتہ، ولکل غصن منھا تسبیح وتھلیل وتقدیس، ثم قال لھا انشقی، فانشقت نصفین، ثم قال لھا: التزقی، فالتزقت، ثم قال لھا اشھدی لی بالنبوۃ، فشھدت ثم قال لھا، ارجعی الی مکانک بالتسبیح والتھلیل والتقدیس ففعلت وکان موضعھا حیث الجزارین بمکۃ۔

(۴۰) یہودی: فان عیسٰیؑ یزعمون انہ کان سیاحاً؟

امیرالمومنین: لقد کان کذلک ومحمدؐ کانت سیاحتہ فی الجہاد، واستنفر فی عشر سنین مالا یحصی من حاضر و باد، وافنی فئاماً من العرب من منعوت بالسیف لا یداری بالکلام ولا ینام الا عن دم، ولا یسافر الا وھو متجھز

یہودی: بتحقیق کہ عیسیٰؑ مٹی سے ایک پرندہ کی شکل بناتے تھے اور اس میں پھونکتے تھے اور وہ حکم خدا سے پرندہ بن جاتا تھا۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا تھا مگر محمدؐ نے بھی اس طرح کے جو کام کئے یہ ہیں۔ حضرت نے جنگ حنین کے روز ایک پتھر لیا، ہم نے سنا کہ پتھر تسبیح و تقدیس کرنے لگا پھر پتھر سے فرمایا کہ ٹوٹ جا پس وہ تین حصوں میں ٹوٹ گیا اور ہم نے ہر ٹکڑے سے خدا کی تسبیح سنی جو بعد کبھی نہیں سنی گئی و نیز یوم بطحا، ایک درخت کی طرف گئے اور اس سے بات کی اور اس نے انہیں جواب دیا اس کی ہر شاخ سے تسبیح و تہلیل و تقدیس کی آواز آ رہی تھی پھر اس سے فرمایا کہ دو حصوں میں تقسیم ہو جا پھر فرمایا کہ آپس میں مل جائے اور وہ وصل ہو گئے پھر فرمایا کہ میری نبوت کی گواہی دے اور اس نے گواہی دی پھر اس سے فرمایا کہ اپنے مقام پر تسبیح و تہلیل و تقدیس کے ساتھ واپس چلا جا اور وہ واپس چلا گیا اس کا مقام مکہ کے دو جزیروں کے درمیان تھا۔

(۴۰) یہودی: تحقیق کہ عیسیٰؑ عبادت کے لئے سیاحت کیا کرتے تھے۔

امیرالمومنینؑ: ہاں ایسا تھا مگر محمدؐ جہاد کے لئے سیاحت کرتے تھے وہ دس سال تک اپنی قوم سے مدد طلب کرتے رہے جس کا احصا نہ حاضرین کر سکتے ہیں نہ سابقین کر سکے۔ آپ نے عرب کے ہزاروں لوگوں کو جن کی مدارات کلام سے نہ ہو سکتی تھی اور وہ سو نہ سکتے تھے جب تک کہ ان کا خون بہا کر نا کی نیند نہ سلادی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لقتال عدوه

جائے تلوار سے فنا کر دیا وہ سفر نہیں کرتے تھے مگر اپنے دشمنوں کے قتل کے ارادہ سے۔

(٤١) یهودی: فان عیسیٰ یزعمون انه کان زاهداً؟

امیرالمومنین: لقد کان کذلک و محمدؐ ازهد الانبیاء کان له ثلاثة عشر زوجة سوی من یطیف به من الاماء، رفعت له مائدة قط وعلیها طعام، ولا اکل خبز بر قط ولا شبع من خبز شعیر ثلاث لیال متوالیات قط، توفی رسول الله و درعه مرهونه عند یهودی باربعة دراهم، ما ترک صفراء ولا بیضاء مع ماوطئ له من البلاد، ومکن له من غنائم العباد، ولقد کان یقسم فی الیوم الواحد الثلثمائة الف والاربعمائة الف ویاتیه السائل بالعشی فیقول: والذی بعث محمداً بالحق ما امسی فی آل محمد صاع من شعیر، ولا صاع من بر ولا درهم ولا دینار۔

(۴۱) یہودی: عیسیٰؑ کے متعلق ہمارا اعتقاد ہے کہ وہ زاہد تھے۔

امیرالمومنین: ہاں ایسا تھا مگر محمدؐ تمام انبیاء میں سب سے زیادہ زاہد تھے ان کی تیرہ بیویاں تھیں جو آپ کا طواف کیا کرتی تھیں آپ کا دسترخوان کبھی نہیں اٹھتا تھا جب تک اس پر کھانا رہتا تھا آپ نے کبھی گیہوں کی روٹی نہیں کھائی تین روز مسلسل کبھی جو کی روٹی بھی پیٹ بھر نہیں کھائی جب رسول اللہؐ نے وفات پائی آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس چار درہم میں رہن تھی حضرتؐ نے سونا اور چاندی سے کچھ نہ چھوڑا حالانکہ آپ نے شہروں کو فتح کیا تھا اور لوگوں کا مال غنیمت آپ کو حاصل تھا آپ ایک ایک دن میں تین تین چار چار لاکھ درہم تقسیم کر دیتے تھے اور رات میں کوئی سائل آتا تو فرماتے تھے کہ اس ذات کی قسم جس نے محمدؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا کہ آل محمدؐ پر ایک شب بھی ایسی نہیں گذرتی کہ ان کے پاس ایک صاع جو اور گیہوں یا ایک درہم و دینار بھی باقی رہا ہو۔

✧

✧ ✧

(٤٢) یهودی: فانی اشهد ان لا اله الا الله و ان محمداً رسول الله و اشهد انه ما اعطی الله نبیا درجة ولا مرسلا فضیلة الا وقد جمعها

یہودی: بہ تحقیق کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ خدا نے کسی نبی یا رسول کو وہ درجہ اور فضیلت عطا نہیں کی مگر یہ کہ وہ سب محمدؐ کے تے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لمحمدؐ وزاد محمداً علی الانبیاء اضعاف درجات۔

فقال ابن عباس اشهد یا ابا الحسن انك من الراسخین فی العلم

فقالؑ: ویحك ومالی لا اقول ماقلت فی نفس من استعظمه الله عزوجل فی عظمته فقال: وانك لعلی خلق عظیم

(کتاب الاحتجاج طبرسی ج ا ص ۳۱۴)

جمع کر دی اور دیگر انبیاء سے محمدؐ کا درجہ کئی گنا زیادہ بنایا۔

ابن عباس نے کہا کہ اے ابو الحسن میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ علم کے راسخین سے ہیں۔

فرمایا کہ وائے ہو تجھ پر جو کچھ میرے لئے ہے وہ تو میں نے کہا ہی نہیں۔ میں نے جو کچھ کہا وہ اس ہستی کے لئے ہے جس کی عظمت میں خدائے عزوجل نے فرمایا کہ "یقیناً تم خلق عظیم ہو"۔

ص ا: حطیم: کعبہ شریف کے کنارہ کی دیوار۔ رکن زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان کی جگہ۔

ادعیہ ماثورہ

مذہب نے انسان کے جذبۂ تکبر و نخوت کو رد کرنے کے لئے دعا کا حکم دیا ہے کیونکہ دعا اظہار عبودیت کا ایک ایسا مظاہر ہے جس کو خداوند تعالیٰ نے خود اپنے بندوں کے لئے پسند کیا چنانچہ ارشاد باری ہے کہ "جب میرے بندے تم سے میرے متعلق سوال کریں تو کہہ دو کہ میں ان کے پاس ہی ہوں جب کوئی بندہ دعا مانگتا ہے میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں پس انہیں چاہیئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں"۔ (البقرہ) دنیز ارشاد ہوتا ہے کہ "واسئلوا الله من فضله (خدا سے اس کے فضل کو طلب کرو) اور وعدہ فرماتا ہے کہ "ادعونی استجب لکم" (مجھ سے دعا مانگو تو میں قبول کرتا ہوں) اور سوال کرتا ہے کہ "اَمَّنْ یُجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْءَ" (کون ہے جو مضطر کی دعا کو قبول کرتا جب کہ وہ مانگتا ہے اور اس کی تکلیف کو دفع کرتا ہے)۔

حضرت رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ معلوم نہیں انسان کب زمانہ کے حوادث اور مصائب میں مبتلا ہو اسی لئے اس کو چاہیئے کہ ہمیشہ دعاؤں میں مصروف رہے جس سے بلائیں رد ہوتی ہیں۔ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ بلا کے نازل ہونے سے پہلے دعا کی طرف بڑھ کر دعا کرنا خداوند تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

حضرت امیر المومنینؑ کی ادعیہ و مناجاتیں اول تو آپ کے اصحاب نے مدون کی تھیں اس کے بعد چند علماء نے مجموعہ کی شکل میں ترتیب دینا شروع کیا جن کے منجملہ ابو احمد عبد العزیز مصری متوفی ۳۳۰ھ اور شیخ عبد اللہ بن صالح متوفی ۱۳۵ھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لمحمدؐ وزاد محمداً علی الانبیاء اضعاف درجات۔

فقال ابن عباس اشھد یا ابا الحسن انک من الراسخین فی العلم

فقالؑ: ویحک ومالی لا اقول ماقلت فی نفس من استعظمہ اللّٰہ عزوجل فی عظمتہ فقال: وانک لعلی خلق عظیم

(کتاب الاحتجاج طبرسی ج ا ص۳۱۴)

جمع کر دی اور دیگر انبیاء سے محمدؐ کا درجہ کئی گنا زیادہ بنایا۔

ابن عباس نے کہا کہ اے ابو الحسن میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ علم کے راسخین سے ہیں۔

فرمایا کہ وائے ہو تجھ پر جو کچھ میرے لئے ہے وہ تو میں نے کہا ہی نہیں۔ میں نے جو کچھ کہا وہ اس ہستی کے لئے ہے جس کی عظمت میں خدائے عزوجل نے فرمایا کہ "یقیناً تم خلق عظیم ہو۔"

ص۱: حطیم: کعبہ شریف کے کنارہ کی دیوار۔ رکن زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان کی جگہ۔

ادعیہ ماثورہ

مذہب نے انسان کے جذبۂ تکبیر و نخوت کو رد کرنے کے لئے دعا کا حکم دیا ہے کیونکہ دعا اظہار عبودیت کا ایک ایسا مظاہر ہے جس کو خداوند تعالیٰ نے خود اپنے بندوں کے لئے پسند کیا چنانچہ ارشاد باری ہے کہ "جب میرے بندے تم سے میرے متعلق سوال کریں تو کہہ دو کہ میں ان کے پاس ہی ہوں جب کوئی بندہ دعا مانگتا ہے میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں پس انہیں چاہیئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں"۔ (البقرہ) و نیز ارشاد ہوتا ہے کہ "واسئلوا اللّٰہ من فضلہ (خدا سے اس کے فضل کو طلب کرو) اور وعدہ فرماتا ہے کہ "ادعونی استجب لکم" (مجھ سے دعا مانگو تو میں قبول کرتا ہوں) اور سوال کرتا ہے کہ "اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ" (کون ہے جو مضطر کی دعا کو قبول کرتا جب کہ وہ مانگتا ہے اور اس کی تکلیف کو دفع کرتا ہے۔)

حضرت رسالت مآبؐ نے فرمایا کہ معلوم نہیں انسان کب زمانہ کے حوادث اور مصائب میں مبتلا ہو اسی لئے اس کو چاہیئے کہ ہمیشہ دعاؤں میں مصروف رہے جس سے بلائیں رد ہوتی ہیں۔ حضرت امیر المومنین نے فرمایا کہ بلا کے نازل ہونے سے پہلے دعا کی طرف بڑھ کر دعا کرنا خداوند تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

حضرت امیر المومنین کی ادعیہ دو منا جاتیں اول تو آپ کے اصحاب نے مدون کی تھیں اس کے بعد چند علماء نے مجموعہ کی شکل میں ترتیب دینا شروع کیا جن کے منجملہ ابو احمد عبد العزیز مصری متوفی ۳۳۰ھ اور شیخ عبد اللہ بن صالح متوفی ۱۳۵ھ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور شیخ عبداللہ بن صالح متوفی ۱۱۳۵ھ قابل ذکر ہیں۔ شیخ عبداللہ نے ۱۶۱ دعاؤں اور مناجات کا ایک مجموعہ مرتب کر کے اس کا نام صحیفہ علویہ رکھا جس کا ترجمہ اردو میں ہو چکا ہے اس مجموعہ میں حمد و نعت و عظمت خداوندی عشق رسول کے گلدستے، درود و سلام سے مزین ادعیہ و مناجات میں استغفار کی روح، فصاحت و بلاغت و جامعیت کلام کا معجزانہ پہلو، موثر انداز بیان اور ایسا اظہار کرب و اندوہ ہے کہ دعا کبھی بغیر قبول ہوئے نہ رہے۔

حضرت کی دعائیں تشبیب و مبالغہ اور تشبیہ و کنایہ سے بالکل معرا ہیں اس لئے کہ رنج و غم اور کرب و اندوہ میں ایسی شاعری نہیں ہوتی۔ بے ساختگی کے عالم میں دل سے جو آواز نکلتی ہے اس میں مجاز کی بو تک نہیں رہتی۔ الہیات کی بظاہر خشک وادی میں جمال حقیقت کے سوا مجاز کا وجود نظر نہیں آتا۔ مگر حضرت امیرالمومنینؑ نے معنی و بیان کی خوبیوں کو اکٹھا کر کے اس خشک وادی کو ادب کا سرسبز و شاداب گلستان بنا دیا۔ اسی سخت بندشوں کی پابندی میں جکڑے ہوئے سینکڑوں دعاؤں کا لکھ دینا اور وہ بھی اس طرح نہیں کہ ایک ہی تخیل کو الفاظ بدل بدل کر دہرائیں بلکہ ہر مناجات ایک نئے انداز میں اور ہر دعا عجیب منت و سماجت کے ساتھ انتہائی فصاحت و بلاغت اور پرواز فکر کے ساتھ بیان کرنے پر دنیائے ادب کو محو حیرت کر دیا جس کی مثال خاندان نبوت کے معصومین کے علاوہ اور کہیں نہیں ملتی۔ ہر دعا و مناجات جا بجا قرآنی آیات سے اس بے مثال صناعی سے سجائی گئی ہے کہ کسی بڑے سے بڑے ادیب سے بھی اس تزئین کا امکان نہیں۔ زبان کی روانی کے ساتھ ترکیبوں کی چستی، صفت طباق و تضاد اور صنایع لفظیہ و معنویہ کی مثالیں جو ان ادعیہ میں مل سکتی ہیں کہیں اور نہ ملیں گی۔ ملاحظہ ہو:

(۱) صفت طباق و تضاد:

انت العالم و انا الجاھل انت القوی و انا الضعیف انت العزیز و انا الذلیل۔

"تو عالم ہے اور میں جاہل ہوں تو قوی ہے اور میں ضعیف ہوں تو عزت دار ہے اور میں ذلیل ہوں۔"

(۲) معاشی نظام سے متعلق۔

اللھم انی اعوذ بك من غنی مطغ وفقر منسی۔

"خداوندا میں تجھ سے سرکش بنا دینے والی تونگری اور غافل بنا دینے والی فقیری سے پناہ مانگتا ہوں۔"

(۳) اسراف سے متعلق

اعوذ بك من البخل والسرف

میں تجھ سے بخل و اسراف دونوں سے پناہ مانگتا ہوں۔

(۴) سرمایہ داری کی مذمت:

"میں تجھ سے سرمایہ داری تو چاہتا ہوں مگر ایسی سرمایہ داری نہیں جو مجھ میں انانیت پیدا کر کے سرکش بنا دے"

(۵) غیروں کی محتاجی:

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللّٰھم لا تکلنی علٰی احد طرفۃ عین : بار الٰہا ایک چشم زدن کے لئے بھی تو مجھے کسی کے حوالہ نہ کر۔

خدا کی ذات کے متعلق غور کرنے والوں نے جتنا غور کیا ان کی حیرانی بڑھتی گئی۔ بالآخر وہ انکار کرنے لگے حالانکہ بیان کا عجز تھا۔ جن دعاؤں میں خدا کی حمد و ثناء کا ذکر ہے یہ خدا کے وجود کو وجدان عقلی میں راسخ کر دیتی ہیں اور ایک ایسی نفسیاتی کیفیت پیدا کرتی ہیں جس سے بندہ اپنے کو خدا کے بالکل قریب محسوس کرنے لگتا ہے۔ اگر کوئی شخص حضرت کی دعاؤں کو صبر و سکون سے معنی سمجھتے ہوئے ورد کرے تو مطالعہ باطن میں ایسا محو ہو جائے گا کہ وہ نہ ہی رہبانیت اور ترک دنیا کے جذبہ میں غرق ہوگا اور نہ مایوسی کا شکار رہے گا۔

استغفار : لکھنے والوں نے استغفار کے لئے متعدد کلمات تجویز کئے مگر جو رقت انگیز کلمات امیر المومنین کی مناجاتوں میں ملتے ہیں ان کی نظیر دنیا کے کسی مذہبی لٹریچر میں نہیں ملتی۔ ممکن نہیں کہ کوئی گناہ گار ان کلمات استغفار کو ادا کرے اور اس کے لئے دریائے اجابت نہ کھل جائیں حضرت کی دعاؤں کا ورد کرنے والا بہت جلد محسوس کرنے لگتا ہے کہ اس کے قلب میں نور اور روح میں پاکیزگی پیدا ہو رہی ہے اور وہ تاریکی سے نکل کر روشنی میں آرہا ہے۔

صحیفہ علویہ کی دعا نمبر ۱۶ عجز و تذلیل کے موضوع پر ایک عجیب و غریب استغفار ہے جس میں حضرت نے قرآن مجید کی تمام آیات استغفار کو ایک دلنشین انداز میں ترتیب دے کر توبہ و انابت کا جوہر کشید فرمایا ہے۔ اور ہر آیت کے بعد " وانا استغفرك واتوب الیك " کا اعادہ فرما کر ایک وجد و کیف کے عالم کی سیر کرا دی۔

ہر استغفار دیدہ عبرت نگاہ کے لئے دعوت اصلاح و ہوش ہے۔ اکثر مقامات پر ایسے رقت انگیز مناظر ہیں کہ توجہ سے پڑھنے والا خوف دہراس سے لرزاں ہو جائے چنانچہ ایک مقام پر ارشاد ہے۔

" الٰہی، ہماری اس حالت مسافرت پر رحم فرمانا جب ہمیں قبروں کے پیٹ ہضم کر لیں گے اور ہمارے ان گھروں کو اینٹوں کی چھت سے پاٹ دیا جائے گا۔ الٰہی ہم پر اس وقت رحم کرنا جب ہم عریاں اور پا برہنہ ہوں گے قبروں کی خاک ہمارے سروں پر ہوگی ، قیامت کے خوف سے ہماری آنکھیں پھٹی ہوں گی۔ اس وقت اپنا کرم ہم سے نہ روک لینا "۔ ایک اور دعا ملاحظہ ہو (مناجات نمبر ۲۳)

إلٰهِي عَظُمَ جُرْمِي إِذْ كُنْتَ الْمُبَارِزَ بِهِ وَكَبُرَ ذَنْبِي إِذْ كُنْتَ الْمُطَالِبَ بِهِ إِلَّا أَنِّي إِذَا ذَكَرْتُ كَثِيرَ جُرْمِي وَعَظِيمَ غُفْرَانِكَ وَجَدْتُ الْحَاصِلَ مِنْ بَيْنِهِمَا عَفْوَ رِضْوَانِكَ ۝

ترجمہ : یا اللہ میرا جرم بہت عظیم ہے جبکہ تو اس کے مقابل ہے اور میرے گناہ بہت بڑے ہیں اور تو باز پرس کریگا مگر جب میں اپنے بڑے گناہوں کو یاد کر کے تیری عظیم الشان مغفرت کو یاد کرتا ہوں تو تیری خوشنودی اور بخشش کو ان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دونوں کے درمیان موجود پاتا ہوں۔

(مناجات نمبر ۲۳) کے چند ادرمقامات کی حلاوت ملاحظہ ہو۔

(۱) الٰہی لیس تشبہ مسئلتی مسئلۃ سائلین

ترجمہ: خداوندا میرا سوال عام سائلین کی طرح نہیں ہے کیونکہ ہر مانگنے والا نا کام رہا تو مانگنا چھوڑ دیتا ہے مگر میں نے جس امر کی تجھ سے خواہش کی ہے اس سے کسی حالت میں بھی مستغنی نہیں ہوں۔ بارالہٰا مجھ سے راضی ہو جا اور اگر مجھ سے راضی نہیں ہوتا تو مجھے معاف کر دے کہ کبھی ناراض آقا بھی اپنے غلام کو معاف کر دیتا ہے خداوندا میں تجھ سے کیوں کر مانگوں جب کہ میں میں ہوں یا تجھ سے کیسے مایوس ہو جاؤں کہ تو تو ہے۔

(۲) الٰہی خلقت لی جسماً....

بارالہا تو نے میرا جسم خلق فرمایا اور اس میں میرے وہ اعضا قرار دیئے جن سے میں کبھی تیری اطاعت کرتا ہوں اور کبھی نافرمانی اور کبھی تجھے ناراض کرتا ہوں اور کبھی راضی۔ تو نے میرے تئے نفس کو خواہشات کی طرف داعی قرار دیا ہے اور مجھے اس گھر میں مقیم کیا ہے جو آفات سے بھرا ہوا ہے اور پھر مجھے حکم دیا کہ گناہوں سے بچوں۔ پس میں تجھ ہی سے پناہ مانگتا ہوں تیری ہی تائید سے گناہوں سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہوں اور تجھ ہی سے تجھے راضی کرنے والے اعمال کی توفیق چاہتا ہوں۔

(۳) الٰہی تیری عزت و جلال کی قسم میں تجھے اس محبت کے ساتھ چاہتا ہوں جس کی چاشنی میرے دل میں جاگزیں ہے اور تیری وحدت کے پرستاروں کے ضمیر بھی گمان نہیں کرسکتے کہ تو اپنے چاہنے والوں سے بغض رکھے گا۔ الٰہی میں تیرے عفو کا اسی طرح انتظار کر رہا ہوں جس طرح گناہ گار کرتے ہیں اور نیکوکار تیری جس رحمت کی توقع رکھتے ہیں میں اس سے مایوس نہیں ہوں۔

(۴) الٰہی تو مجھ پر غضبناک نہ ہو کہ میں تیرے غضب کی تاب نہیں لا سکتا اور مجھ سے ناراض نہ ہو کہ تیرے غصہ کو برداشت نہیں کر سکتا۔

الٰہی أَلِلنَّارِ رَبَّتْنِي أُمِّي

ترجمہ: الٰہی کیا میری ماں نے مجھے جہنم کے لئے پالا تھا۔ کاش وہ مجھے نہ پالی ہوتی۔ کیا اس نے مجھے بدبختیوں کے لئے پیدا کیا تھا کاش مجھے پیدا نہ کرتی۔ خداوندا جب میں اپنی لغزشیں یاد کرتا ہوں تو میرے آنسو بہنے لگتے ہیں یہ کیونکر نہ بہیں کہ میں نہیں جانتا کہ میرا انجام کیا ہوگا۔

بلاغت و جامعیت: حضرت امیرالمومنین کے کلام کا ایک معجزانہ پہلو یہ ہے کہ مختصر سے مختصر الفاظ میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وسیع ترین مفہوم ادا فرماتے ہیں ان مختصر اور چھوٹے جملوں میں ایک عالم اکبر آباد کر دیا جس سے صرف ارباب بصیرت ہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں ممکن ہے پہلی نظر میں اکثر حضرات نفس مضمون کی وسعت و مقصد اچھی طرح سمجھ نہ سکیں مگر چند بار خضوع و خشوع سے معنی سمجھتے ہوئے اعادہ کریں تو ان میں ایک وجدانی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ چند ارشادات ملاحظہ ہوں۔

(۱) الٰهي اِنْ عفوت بِفَضْلِكَ وَاِنْ عَذّبتَ فبعدلك

ترجمہ: اگر تو نے مجھے معاف کر دیا تو یہ تیرا فضل ہوگا اور اگر تو نے معذب کیا تو یہ تیرا عدل ہوگا۔

(۲) اَللّٰهُمَّ احْمِلْنِي عَلٰى عَفْوِكَ وَلَا تَحْمِلْنِي عَلٰى عَدْلِكَ

خداوندا مجھے اپنی معافیوں کے لئے تیار فرما عدل کے لئے نہیں۔

جس طرح کسی دنیاوی حاکم کے پاس درخواست پیش کرنے کے اوقات مقرر رہتے ہیں اور عرض حال خاص انداز اور خاص الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے اسی طرح احادیث سے واضح ہے کہ دعاؤں کے قبول ہونے کے خاص اوقات ہیں لہذا ہمیں چاہیئے کہ ان مخصوص اوقات میں سائل کی حیثیت اور معطی کی عظمت و منزلت کا خیال رکھتے ہوئے ایسے الفاظ میں حاجت طلب کریں کہ دعائیں اثر پذیر ہوں چنانچہ حضرت امیرالمومنین نے ہمیں تعلیم دی کہ دعا کس طرح کرنی چاہیئے یہ انداز التجا حضرت امیرالمومنین سے مخصوص ہے جو کسی اور کو نصیب نہ ہو سکا۔

صحیفہ علویہ کی چند مشہور دعائیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) دعائے صباح : یہ دعا صحیفہ علویہ میں ایک شہ پارہ (MASTER PIECE) کی حیثیت رکھتی ہے دعا کیا ہے فصاحت و بلاغت کا ایک سمندر ہے یا نغمۂ داؤد اعجاز نطق ہے یا ادبیات کا آسمان ہفتم۔ سوز و گداز اور تاثیر و نفوذ کے لحاظ سے ایک یکتائے روزگار و الہامی شہ پارہ ہے جس کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ دَلَعَ لِسَانَ الصَّبَاحِ بِنُطْقِ تَبَلُّجِهٖ وَسَرَّحَ قِطَعَ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ ۔۔۔۔۔۔

خداوندا اے وہ جس نے صبح کی زبان کو اس کی تابانیوں کی گویائی سے ظاہر کیا اور پارہائے شب تاریک کو اس کی تاریک تیرائیوں سمیت رخصت کیا اور چرخ گردوں کی صنعت کو اس کے برجوں کے حدود میں پائیدار کیا اور ضیائے آفتاب کو اس کی برافروختگی کے نور سے منور کیا۔

يَا مَنْ دَلَّ عَلٰى ذَاتِهٖ بِذَاتِهٖ ۔۔۔

اے وہ جس نے اپنی ذات پر اپنی ذات سے رہنمائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِلٰهِي قَرَعْتُ بَابَ رَحْمَتِكَ بِيَدِ رَجَائِي وَهَرَبْتُ اِلَيْكَ لَاجِئاً۔

الٰہی میں نے تیرے رحمت کے دروازہ کو اپنی امیدوں کے ہاتھ سے کھٹکھٹایا اور اپنی خواہشات کی زیادتی کی وجہ تیری بارگاہ میں دوڑ آیا ہوں اور تیری رسیوں کے سرے اپنی محبت کی انگلیوں سے تھام لئے۔ خداوندا میں نے لغزشوں اور خطاؤں کی بناء پر جو گناہ کئے ہیں ان سے درگذر فرما اور مجھے افتادگی ہلاکت سے بچالے۔

کی جو اپنی مخلوق کے ہم جنس ہونے سے پاک اور اپنی کیفیتوں کی مناسبت سے بلند ہے۔

اس دعا کا آخری جملہ ملاحظہ ہو۔

اِلٰهِي قَلْبِي مَحْجُوبٌ وَعَقْلِي مَغْلُوبٌ وَنَفْسِي مَعْيُوبٌ وَهَوَائِي غَالِبٌ وَطَاعَتِي قَلِيلَةٌ وَمَعْصِيَتِي كَثِيرَةٌ وَلِسَانِي مُقِرٌّ بِالذُّنُوبِ وَمُعْتَرِفٌ بِالْعُيُوبِ فَمَا حِيلَتِي يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ وَيَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ وَيَا غَفَّارَ الذُّنُوبِ اِغْفِرْ لِي ذُنُوبِي كُلَّهَا يَا غَفَّارُ۔

ترجمہ: خداوندا میرا دل شرمندہ میری عقل شکست خوردہ میرا نفس معیوب میری خواہشات مجھ پر غالب میری طاعت بہت کم میرے گناہ بہت زیادہ میری زبان گناہوں کی مقر اور عیبوں کی معترف ہے۔ پس اے غیب کے جاننے والے عیبوں کی پردہ پوشی کرنے والے اور گناہوں کے معاف کرنے والے میرے تمام گناہ معاف کردے۔

حضرت نے فرمایا کہ جو شخص اس دعا کو نماز فجر کے بعد پڑھ کر دعا کرے گا اس کی دعا مستجاب ہوگی۔ حق تعالیٰ فرشتوں کو مقرر فرماتا ہے کہ اس کی حفاظت کریں اگر تمام جن و انس اس کو ضرر پہنچانا چاہیں تو ہرگز قادر نہ ہوں گے۔

(۲) دعائے کمیل
(دعائے خضر)

حضرت کمیل ابن زیاد ناقل ہیں کہ مسجد بصرہ میں ایک مرتبہ جب کہ امیرالمومنین بھی موجود تھے نیمہ شعبان کا ذکر آیا تو حضرت نے فرمایا کہ جو شخص نیمہ شعبان کو شب بیداری کرے اور دعائے خضر پڑھ کر اپنا مقصد بارگاہ ایزدی میں عرض کرے اس کی دعا ضرور مستجاب ہوگی۔ اے کمیل تو اس دعا کو ہر شب جمعہ پڑھا کر اگر یہ نہ ہو سکے تو مہینے میں ایک بار اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو تمام عمر میں ایک بار پڑھ لے کہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اس کے بعد حضرت امیرالمومنین نے یہ دعا تلقین فرمائی اور یہ دعائے کمیل کے نام سے مشہور ہوئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ دعا صحیفہ علویہ میں ایک در ہائے نایاب کے خزانہ کا درجہ رکھتی ہے جس میں حق تعالیٰ کی عظمت و جبروت کا بیان اور خدا اور بندے کے درمیان عجز و نیاز کے وہ ہوش ربا مناظر ہیں جن کی تلاوت سے قاری ششدر و مبہوت رہ جاتا ہے۔

دعائے کمیل اخلاص و عرفان کی منزل کے علاوہ رجائیت کی بھی ایک مکمل تصویر ہے۔ مقام غور ہے کہ ایک خاطی انسان جہنم میں جل رہا ہے پھر بھی وہ خدا کی رحمت سے مایوس نہیں ملاحظہ ہو۔

" اے میرے اللہ میرے پروردگار میرے آقا و مولا میں تجھ سے کن امور کی شکایت کروں اور کس چیز کے لئے فریاد و زاری کروں دردناک عذاب اور اس کی سختی کی یا طول بلا کی ... پروردگارا تو جانتا ہے کہ میں تیرے عذاب پر صبر کروں گا مگر تیری نظر کرم نہ ہونے پر کیسے صبر کر سکوں گا۔

(۳) **دعائے یمانی** یہ ایک نادر روزگار نعمت غیر مترقبہ ہے اور ہم گناہ گاروں کے لئے ایک تحفہ روحانی اس دعا میں خدا کی عظمت و جبروت کا جو بے مثال خاکہ حضرت نے کھینچا ہے اس کے پڑھنے سے قلب پر ایک ہیبت سی طاری ہوتی ہے اور خداوند کریم کے لامحدود احسانات و عنایات کی تفصیل پڑھتے ہوئے قلب و دماغ میں ایک وجدانی کیفیت ہوتی ہے حضرت یہ دعا شدائد اور نزول حوادث کے وقت پڑھتے تھے۔

(۴) **دعائے مذخور** اس دعا میں حضرت نے تسبیح و تحمید و تہلیل کا اس معجزانہ بلاغت کے ساتھ ذخیرہ کر دیا ہے کہ حق تعالیٰ کی عظمت و جلال کے تصور سے انسان کا دل ہل جائے اس کے بعد خدا سے طلب مغفرت کا اسلوب ملاحظہ ہو۔

" اے مانگنے والوں کو عطا کرنے والے اللہ۔ اے اسیران غم و رنج کی تکالیف دور کرنے والے اللہ اے بڑے سے بڑے کرب و اندوہ کو دور کرنے والے اللہ۔ اے رحم کرنے والے میں تیرے کمال بخشش اور کامل ناموں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ والے رحمٰن میں تیرے ان اسماء کے ذریعہ سوال کرتا ہوں جن سے تو راضی ہے اے اللہ اور اے رحمٰن میں سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر ہر شئے سے قبل ہر شئے کے ساتھ اور تمام اشیاء کے برابر ایسا درود بھیج جس کے شمار کرنے پر تیرے سوائے کوئی قادر نہ ہو اور جو کائنات کی تمام چیزوں اور ان سب اشیاء کے مساوی ہو جن کا احصاء تیری کتاب اور تیرے علم نے کیا ہو۔" اس آخری جملے کا غور سے مطالعہ کیا جائے کہ ان آٹھ الفاظ میں حضرت نے غیر معمولی ایجاز و اختصار کے ساتھ مغفرت و انابت کے تمام ابواب سمیٹ کر رکھ دیتے ہیں۔

" وَ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ لَا مَا اَنَا اَهْلُهٗ "

ترجمہ : تو میرے ساتھ وہ کر جس کا تو اہل ہے وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں۔

(۵) **دعائے مشلول** اس دعا میں حضرت امیرالمومنین نے خدا کے ان ناموں کا ذکر کیا ہے جن سے بہت کم لوگ مانوس ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سید ابن طاؤس نے کتاب منہج الدعوات میں امام حسین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ اس دعا میں اسم اعظم ہے اس دعا کا پڑھنا اجابت دعا کا باعث اور غم والم کے دور ہونے کا موجب ہے اس کی برکت سے پڑھنے والے کا قرض ادا ہوگا۔ محتاجی مالداری سے بدل جائے گی گناہ بخش دیئے جائیں گے شیطان وسلطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اس دعا کو باطہارت پڑھو۔ بغیر طہارت کے پڑھنے کی جرأت نہ کرو۔

حضرت امیرالمومنین نے یہ دعا مناذل ابن لاحق کو تعلیم دی تھی جس کا نصف جسم اس کے باپ کی بددعا سے شل ہو گیا تھا اور اس کا باپ اس کے لئے دعا کرنے جاتے ہوئے راستہ میں اونٹ سے گر کر مر گیا تھا اس دعا کی برکت سے مناذل کی توبہ قبول ہوئی اور اس نے شفا بھی پائی اسی لئے یہ دعائے مشلول کے نام سے مشہور ہوئی۔

(۶) دعائے صنمی قریش

ابن عباس سے منقول ہے کہ ایک شب مسجد نبوی میں دیکھا کہ حضرت امیرالمومنین نماز شب میں مشغول تھے میں ایک گوشہ میں بیٹھ کر حضرت کے حسن عبادت سے محفوظ ہو رہا تھا۔ نماز شب کے بعد حضرت نے ایک دعا پڑھی جو میں نے کبھی نہیں سنی تھی میں نے عرض کیا کہ میری جان آپ پر فدا ہو یہ کیا دعا تھی۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ دعائے صنمی قریش تھی۔ اے عبد اللہ جو شخص اس دعا کو بر جوع قلب پڑھے خداوند عالم اس کے گناہ معاف کر دے گا وہ شخص عذاب قبر سے مامون رہے گا اور جس حاجت کے لئے پڑھے گا پوری ہوگی اے ابن عباس اگر تمہارے کسی دوست پر بلا و مصیبت آئے تو یہ دعا پڑھے اس کو نجات ملے گی۔

دعائے جامع

اس دعا میں کلمہ توحید کا بار بار اعادہ کر کے صفت و موصوف کو ترکیب دے کر حمد و مناجات کے انداز بدل دیتے ہیں اس کے پڑھنے سے سورہ رحمٰن کا لطف و سرور حاصل ہوتا ہے۔ منہج الدعوات میں اس دعا کے پڑھنے والے کیلئے بہت فضیلت و ثواب مرقوم ہے بالخصوص اس شخص کے لئے جو مدت عمر میں ایک سو مرتبہ پڑھ لے۔

ان دعاؤں کے علاوہ متعدد امراض سے شفایاب ہونے کی دعائیں، ماہ رمضان کی مخصوص دعائیں، کشادگی رزق، ادائے قرض، رد سحر، حاجت براری، رد ظالم، دعا وقت احتضار، مہینے کی ہر تاریخ کی دعائیں، ایام ہفتہ کی دعائیں وغیرہ صحیفہ علویہ میں مرقوم ہیں۔

وسعت رزق

حضرت امیرالمومنین نے وسعت رزق کے لئے فرمایا کہ فرائض سے فارغ ہونے کے بعد سوتے وقت تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لیں۔

يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دعائے سریع الاجابت

ایک شخص نے حضرت امیرالمومنین سے عرض کیا کہ معلوم نہیں کیا وجہ ہے کہ میری دعا مستجاب نہیں ہوتی۔ حضرت نے فرمایا کہ تو دعائے سریع الاجابت سے کیوں دور رہا۔ عرض کیا کہ وہ کون سی دعا ہے حضرت نے فرمایا کہ :۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَجَلِّ الْاَکْرَمِ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ النُّوْرِ الْحَقِّ الْبُرْھَانِ الْمُبِیْنِ الَّذِیْ ھُوَ نُوْرٌ مَعَ نُوْرٍ وَ نُوْرٌ مِنْ نُوْرٍ وَ نُوْرٌ فِیْ نُوْرٍ وَ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ وَ نُوْرٌ فَوْقَ کُلِّ نُوْرٍ وَ نُوْرٌ یُضِیْئُ بِہٖ کُلُّ ظُلْمَۃٍ وَ یُکْسَرُ بِہٖ کُلُّ شَیْطَانٍ مَرِیْدٍ وَ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ لَا تَقِرُّ بِہٖ اَرْضٌ وَلَا تَقُوْمُ بِہٖ سَمَآءٌ وَ یَاْمَنُ بِہٖ کُلُّ خَائِفٍ وَ یَبْطُلُ بِہٖ سِحْرُ کُلِّ سَاحِرٍ وَ بَغْیُ کُلِّ بَاغٍ وَ حَسَدُ کُلِّ حَاسِدٍ یَتَصَدَّعُ بِعَظَمَتِہٖ الْبَرُّ وَ الْبَحْرُ وَ تَسْتَقِرُّ بِہٖ الْفُلْکُ حِیْنَ یَتَکَلَّمُ بِہٖ الْمَلَکُ فَلَا یَکُوْنُ لِلْمَوْجِ عَلَیْہِ سَبِیْلٌ وَ ھُوَ اسْمُکَ الْاَعْظَمُ الْاَجَلُّ الْاَجَلُّ النُّوْرُ الْاَکْبَرُ الَّذِیْ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ وَ اسْتَوَیْتَ بِہٖ عَلٰی عَرْشِکَ وَ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ اَسْئَلُکَ بِکَ وَ بِھِمْ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَفْعَلَ بِیْ ۔۔۔ یہاں اپنی حاجات بیان کرے۔

(مصباح کفعمی)

۱؎ : دعا قبول نہ ہونے کی وجہ : ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ خداوند عالم تو فرماتا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں قبول کرتا ہوں" پ۲۴ (مومن)، مگر میں دیکھتا ہوں کہ بہت سے لوگ دعا کرتے ہیں مگر قبول نہیں ہوتی۔ حضرت نے فرمایا دنیا ہو تجھ پر کوئی شخص ایسا نہیں کہ دعا مانگے اور قبول نہ ہو مگر ظالم کی دعا اس وقت تک رد ہوتی رہتی ہے جب تک کہ وہ توبہ نہ کرے اب رہا وہ شخص جو حق پر ہے وہ جس وقت بھی دعا مانگتا ہے قبول کی جاتی ہے مگر اس طرح کہ اس کو خبر تک نہیں ہوتی اگر کسی بندہ کی دعا قبول کرنے کا انجام بہتر نہ ہوتا ہو تو اسے خدائے تعالیٰ روک لیتا ہے۔ تاکہ اس کو ضرر نہ پہنچے۔ و نیز مروی ہے کہ عدم استجابت دعا کا راز یہ ہے کہ جب ہماری جانب سے نقض عہد ہو خدا اپنے عہد کو کیسے پورا کرے گا۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔" اوفو بعھدی اوف بعھدکم" یہ ایک میثاق تھا جو یوم الست عالم ارواح میں ہر فرد سے لیا گیا تھا کہ محمد و آل محمدؐ علیہم السلام کو اس معرفت کے ساتھ جو حق ان کی معرفت کا ہے تسلیم کریں۔ ابوالبرکات سے مروی ہے کہ جو شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعا قبول ہو تو ادب دعا کا لحاظ رکھے یعنی اس کا دل حاضر رہے طعام حلال کھایا ہو اور لباس حلال پہنا ہو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تم دعا کرنا چاہو تو خدا کی تحمید و تمجید، تسبیح و تہلیل اور حمد و ثنا کرو اور محمدؐ و آل محمد پر درود بھیج کر سوال کرو تو دعا مستجاب ہوگی، جب تک محمدؐ و آل محمد پر درود نہ بھیجو گے دعا رکی رہتی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استدراج : انسان کو چاہیئے کہ نہ ہی عدم استجابت دعا سے دل تنگ ہو کہ حق تعالیٰ بندہ مومن کی آواز کو دوست رکھتا ہے اور نہ فوری دعا کے قبول ہونے سے خوش ہو کہ کہیں یہ استدراج نہ ہو۔ اگر تم کسی کو دیکھو کہ اس کی دعائیں فوراً قبول ہوتی ہیں اور وہ گناہوں میں مبتلا ہے تو سمجھ جاؤ کہ یہ استدراج ہے۔

اوقات دعا : امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ دعا کے قبول ہونے کے چار اوقات ہیں بعد نماز وتر، بعد فجر ظہر اور بعد مغرب۔

جو لوگ اب تک ان دعاؤں کے فیض سے محروم ہیں وہ ان کی حلاوت تاثیر و نفوذ کو کیا جانیں انہیں چاہیئے کہ ان دعاؤں کی طرف توجہ کریں اور مستفید ہوں۔

تعلیم دعا

ایک شخص نے حضرت امیر المومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ مجھے ورثہ میں کچھ مال ملا ہے اس میں سے میں نے ایک درہم بھی راہ خدا میں نہ دیا پھر اس سے اور مال حاصل کیا لیکن اس میں سے بھی کچھ راہ خدا میں نہ دیا۔ پس آپ ایک ایسی دعا تعلیم دیجئے کہ جس کی وجہ سے اس کی تلافی ہو جائے اور جو کچھ ہو چکا ہے بخشا جائے۔ اور میں صحیح عمل کروں۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جس طرح میں کہتا ہوں تو بھی کہہ۔

یا نوری فی کل ظلمة ویا انسی فی کل وحشة ویا رجائی فی کل کربة ویا ثقتی فی کل شدیدة ویا دلیلی فی الضلالة۔ انت دلیلی اذا انقطعت دلالة الادلاّ فان دلالتك لاتنقطع ولا یضل من هدیت انعمت علیّ فاسبغت ورزقتنی فوفرت وغذیتنی فاحسنت غذائی واعطیتنی فاجزلت بلا استحقاق لذلك بفعل منی ولکن ابتداءً منك لکرمك وجودك فتقویت بکرمك علی معاصیك وتقویت برزقك علی سخطك وافنیت عمری فیما لا تحب فلم یمنعك جرائتی علیك ورکوبی لما نهیتنی عنه ودخولی فی ما حرمت علی ان عدت علی بفضلك ولم یمنعنی حلمك عنی وعودك علی بفضلك وان عدت فی معاصیك فانت العواد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بالفضل و انا العواد بالمعاصی فیا اکرم من اقر لہ بذنب و اعز من خضع لہ بذل لکرمك اقررت بذنبي ولعزك خضعت بذلي فما انت صانع بي في كرمك واقراري بذنبي وعزك وخضوعي بذلي افعل بي ما انت اهله ولا تفعل بي ما انا اهله

ترجمہ : اے ہر تاریکی میں میرے نور اے ہر وحشت میں میرے انیس اور ہر مصیبت میں میری امید ہر سختی میں بھروسہ والے جب ہر طرف سے رہنمائی ختم ہو جائے تو گمراہی میں راستہ دکھانے والے میرا رہنما تو ہے تیری رہنمائی کبھی قطع نہیں ہوتی اور وہ گمراہ نہیں ہوتا جس کی تو ہدایت کرے تو نے مجھ پر لگاتار نعمتیں نازل کیں اور کافی رزق دیا اور اچھی سے اچھی غذا دی اور بلا استحقاق تو نے مجھے نعمتیں دیں۔ تو نے کرم کی ابتدا اپنی طرف سے کی اور تیرے کرم کی ہی وجہ مجھے گناہ کی جرأت ہوئی اور تیرے غصہ کو سہنے کی قوت ہوئی میری عمر ایسے کاموں میں گذری جو تجھے پسند نہیں تو نے چونکہ نہ روکا اس سے جرأت بڑھ گئی۔ اور میں نے وہ کیا جس کی تو نے نہی کی تھی اور جس کو تو نے حرام کیا تھا وہ بجالایا اور تیرے حلم نے نہ روکا۔ میں معاصی کی طرف لوٹتا رہا اور تو فضل دکھاتا رہا۔ پس اے گناہ کے مقر پر سب سے زیادہ کرم کرنے والے میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں اور اے خضوع و خشوع کرنے والوں پر بخشش کرنے والے میں گناہ کا اقرار کرتا ہوں پس میرے ساتھ وہ کر جس کا تو اہل ہے اور وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں۔

(اصول کافی ۔ ج ۲)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کمیل ابن زیاد کو نصیحت

کمیل ابن زیاد سے مروی ہے کہ: اخذ علی بن ابی
طالب بیدی فاخرجنی الی ناحیۃ الجبان
فلما اصحرنا جلس ثم تنفس ثم قال
یا کمیل بن زیاد القلوب اوعیۃ فخیر
ھا اوعاھا، احفظ ما اقول لک الناس
ثلاثۃ: فعالم ربانی، ومتعلم علی سبیل
نجاۃ، وھمج رعاع اتباع کل ناعق یمیلون
مع کل ریح لم یستضیئوا بنور العلم
ولم یلجئوا الی رکن وثیق۔
العلم خیر من المال، العلم یحرسک
وانت تحرس المال العلم یزکو علی العمل
والمال تنقصہ النفقۃ، ومحبۃ العالم
دین یدین بہا، العلم یکسب العالم
الطاعۃ فی حیاتہ وجمیل الاحدوثۃ
بعد موتہ وضیعۃ المال تزول
بزوالہ۔ مات خزان الاموال
وھم احیاء، والعلماء باقون ما بقی
الدھر اعیانھم مفقودۃ، و
امثالھم فی القلوب موجودۃ
ھا، ان ھھنا واشار بیدہ الی صدرہ
علما لو اصبت لہ حملۃ

کمیل ابن زیاد سے مروی ہے کہ ایک روز علی ابن ابی
طالب علیہ السلام میرا ہاتھ تھام کر قبرستان کے ایک گوشہ کی
طرف چلنے لگے جب ہم صحرا میں پہنچے بیٹھ گئے حضرت نے
ایک آہ سرد کھینچی اور فرمایا اے کمیل ابن زیاد قلوب ظرف ہوتے
ہیں اور نیکیاں ان کی مظروف میں جو کچھ تم سے کہتا جاؤں یاد
رکھو لوگ تین قسم کے ہیں، عالم ربانی، راہ نجات کے متعلم اور
بغیر قائد کے نچلے طبقہ کے بازاری لوگ جو ہوا کے رخ پر مائل
رہتے ہیں وہ نور علم سے منور نہیں ہیں۔ وہ کبھی مضبوط
عہد و پیماں نہیں کرتے۔ علم مال سے بہتر ہے۔ علم
تمہاری حفاظت کرتا ہے اور مال کی حفاظت تم
کرتے ہو۔ علم عمل کو پاک کرتا ہے۔ اور مال خرچ
کرنے سے گھٹ جاتا ہے۔ عالم دین کی محبت
قبول دین کی وجہ سے ہے۔ علم عالم کی زندگی میں
اس کے لئے طاعت کو کسب کرتا ہے اور اس کی
باتوں کو آراستہ کر کے موت کے بعد پیش کرتا ہے
اور مال کی پونجی اپنے زائل ہونے پر زوال لاتی ہے
اور مال کے جمع کرنے والے زندہ رہتے ہوئے مردہ ہو
جاتے ہیں اور علماء باقی رہتے ہیں جب تک کہ زمانہ
باقی ہے۔ ان کے جسم مفقود ہو جاتے مگر ان کی صفات
قلوب میں موجود رہتی ہیں آگاہ ہو جاؤ کہ یہاں (ہاتھ سے
اپنے سینہ کی طرف اشارہ کیا) علم ہے تو ہیں اس کا متحمل ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بلیٰ اصبت لقناً غیر مامون علیہ یستعمل
آلۃ الدین للدنیا، یستظھر بحجج اللہ
علیٰ کتابہ و بنعمہ علیٰ عبادہ او
منقاداً لاھل الحق لا بصیرۃ لہ فی احنائہ
ینقدح الشک فی قلبہ باوّل عارض من
شبھۃ، لا ذا ولا ذاک،

او منھوماً باللذات، سلس القیاد
للشھوات، او مغری بجمع الاموال
والادخار، لیسا من رعاۃ
الدین، اقرب شبھاً بھما الانعام
السائمۃ۔

کذلک یموت العلم بموت
حاملیہ،

اللّٰھم بلیٰ لا تخلو الارض من قائم
للہ بحجۃ ولئلا تبطل حجج اللہ وبیناتہ
اولئک ھم الاقلون عدداً، الاعظمون
عند اللہ قدراً بھم یدفع اللہ
عن حججہ حتیٰ یودعوھا الیٰ نظرائھم
ویزرعوھا فی قلوب اشباھھم ھجم
بھم العلم علیٰ حقیقۃ الامر
فاستلانوا ما استوعرمنہ المترفون
وانسوا بما استوحش منہ الجاھلون
صحبوا الدنیا بابدان ارواحھا
معلقۃ بالمنظر الاعلیٰ، اولئک
خلفاء اللہ فی بلادہ، ودعاتہ الیٰ دینہ

ہیں نے اس کو بغیر خوف کے برداشت کر لیا۔
وہ آلۂ دین کو دنیا کے لئے استعمال کرتا ہے وہ حجت ہائے
خدا سے اس کی کتاب پر اور اس کی نعمتوں سے اس کے
بندوں کے لئے مدد طلب کرتا ہے یا اہل حق کی اطاعت
کرتا ہے مگر اس میں ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت نہیں
شبہ پیدا ہونے پر اس کے قلب میں شک پیدا ہوتا ہے
کہ نہ وہ ایسا ہوا اور نہ یہ ویسا ہوا (نہ حق کی طرف مائل ہوا
نہ ناحق کی طرف) یا وہ لذات سے محروم رہ گیا۔ اس نے
خواہشات کی وجہ سے اطاعت کی یا مال کے جمع اور ذخیرہ
کرنے کے لئے اپنے کو دھوکا دے رہا تھا۔ وہ دین کی طرف
بلانے والوں سے نہیں ہے۔ وہ چرنے والے جانوروں کی
طرح شبہ کرنے میں ان دونوں (مال جمع کرنے والے اور
ذخیرہ کرنے والے) سے زیادہ قریب ہے۔ اسی طرح حاملین
علم کے مرنے سے علم بھی مر جاتا ہے۔ خداوندا جو حجت خدا
کو قائم کرتے ہیں ان سے زمین کو خالی نہ کرنا کہ اللہ کی حجتیں
اور دلیلیں باطل نہ ہوں۔ ایسے لوگ گنتی میں بہت کم ہوتے
ہیں مگر عزت و قدر کے لحاظ سے خدا کے نزدیک عظیم مرتبہ
رکھتے ہیں۔ خدا اپنی حجتوں سے (موت کو) دفع کر دیتا ہے
یہاں تک کہ اپنے ناظرین کے لئے (وہ اپنے پروگرام کو) پورا
کر دیتے ہیں اور حقیقت امر میں اپنے ساتھیوں کے قلوب
میں علم و ہدایت کے بیج بوتے ہیں۔

حقیقت امر کا علم انہیں اچانک حاصل ہو جاتا ہے پس وہ
نرمی اختیار کرتے ہیں جس سے مترفینؔ گھبرا جاتے ہیں اور
وہ درگذر کرتے ہیں جس کی وجہ جہلا وحشت محسوس کرتے ہیں دنیا

مترفین: ایسے لوگ کہ جو چاہیں کر گذریں اور کوئی ان کو روک نہ سکے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ھاہ ھاہ شوقاً الی رؤیتھم واستغفر اللّٰہ لی ولك۔ اذا شئت فقم

(حلیۃ الاولیاء ج-۱ بجاج ۷۱ مش^۸)

کے حکام اعلیٰ اپنی روحوں کے ساتھ جو منظر اعلیٰ سے متعلق ہیں وہ اللہ کے خلفاء ہیں اس کے شہروں میں اور دعوت دینے والے ہیں اس کے دین کی طرف آگاہ ہو جاؤ آگاہ کے ان سے ملنے کا اشتیاق ہے میں استغفار کرتا ہوں اپنے لئے اور تمہارے لئے۔ اب اگر تم چاہتے ہو تو جاؤ۔

کمیل ابن زیاد کو وصیت

سعید ابن زیاد ابن ارطاۃ سے مروی ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ کمیل ابن زیاد سے حضرت امیرالمومنینؑ کی فضیلت کے متعلق سوال کیا تو کمیل نے جواب دیا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ میں تمہیں حضرت کی وصیت سناتا ہوں جو حضرت نے مجھے کی تھی یہ تمہارے تمام امور دنیا وغیرہ کے لئے کارآمد ہوگی۔ حضرت نے فرمایا تھا کہ:

امیرالمومنین: یاکمیل بن زیاد سمّ کل یوماً باسم اللّٰہ ولاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ وتوکل علی اللّٰہ اذکرنا وسمّ باسمآئنا وصلّ علینا واستعذ باللّٰہ وبینا وادرأ بہ لك علیٰ نفسك وما تحوطہ عنایتك تکف شر ذالك الیوم انشاء اللّٰہ۔

یاکمیل انّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ادّبہ اللّٰہ عزوجل وھو ادّب نبی وانا اودب المومنین واورث الادب المکرمین۔

یاکمیل ما من علم والّا وانا فتحتہ وما من سرّ الا والقآئم یختمہ

یاکمیل ذرّیۃ بعضھا من بعض واللّٰہ

امیرالمومنین: اے کمیل ابن زیاد ہر روز کی ابتدا اللہ کے نام سے اور "لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ" سے کر اللہ پر توکل کر اور ہمارا ذکر کر اور ہمارے نام سے شروع کر ہم پر صلوٰت بھیج اور اور اللہ سے اور ہم سے پناہ مانگ اور اس ذریعہ سے اپنے نفس سے تمام خیالات کو ہٹا دے جو عنایتیں تجھ کو گھیری ہوئی ہیں انشاء اللہ تجھ کو اس دن کے شر سے بچانے کے لئے کافی ہیں۔ اے کمیل تحقیق کہ رسول اللہ کو خدائے عزوجل نے تعلیم دی اور انہوں نے مجھے تعلیم دی اور میں مومنین کو تعلیم دیتا ہوں۔ اور مکرمین کے علم کا وارث ہوں۔

اے کمیل علم میں پوشیدہ کوئی چیز نہیں ہے مگر یہ کہ میں نے اس کو کھول دیا ہے اور اسرار میں کوئی چیز نہیں ہے مگر یہ کہ اسکو قائمؑ اختتام کو پہنچائیں گے۔ اے کمیل بعض کی ذریت بعض سے افضل ہے اللہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سميع عليم۔

يا كميل لا تأخذ إلّا عنّا تكن منّا

يا كميل ما من حركة إلّا وانت محتاج فيها الى معرفة يا كميل اذا اكلت الطعام فسم باسم الله الذى لا يضر مع اسمه دآء وفيه شفآء من جميع الاسواء

يا كميل اذا اكلت الطعام فوا كل الطعام ولا تبخل عليه فانك لم ترزق الناس شيئاً والله يجزل لك الثواب بذالك

يا كميل احسن خلقك وابسط جليسك ولا تنهر خادمك

يا كميل اذا اكلت فطول اكلك ليستوفى من معك ويرزق منه غيرك

يا كميل اذا استوفيت طعامك فل الحمد لله على مارزقك وارفع بذالك صوتك ليحمده سواك فيعظم بذالك اجرك

يا كميل لا توقرن معدتك طعاما ودع فيها للماء موضعا وللريح مجالاً

يا كميل لا تنقد طعامك فان رسول الله صلعم لا ينقده

يا كميل لا ترفع يدك عن الطعام الا وانت تشهيه فاذا فعلت ذالك فانت تستمريه

يا كميل صحة الجسد من قلة الطعام

سننے والا اور جاننے والا ہے۔

اے کمیل کوئی حرکت ایسی نہیں ہے مگر یہ کہ تو اس میں اللہ کی معرفت کا محتاج ہے اے کمیل جب تو کھانا کھانا شروع کرے تو کہہ لے۔ بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ داءٍ وفیہ شفاء من جمیع الاسواء (یعنی شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام کے ساتھ وہ ہستی کہ جس کے نام کے ساتھ کوئی مرض نقصان نہیں پہونچا سکتا اور اس میں ہر مرض کے لئے شفا ہے۔)

اے کمیل جب تو کھانا کھائے لوگوں کو بھی کھانا کھلا اور اس میں بخالت نہ کر اس میں شک نہیں کہ تو لوگوں کا رزاق نہیں ہے لیکن اللہ اس کی وجہ تجھ کو ثواب عطا کرے گا۔

اے کمیل اپنے اخلاق کو نیک بنا اپنے ہم نشین کو خوش کر اور اپنے خادم کو مت جھڑک۔

اے کمیل جب تو کھانا کھانے لگے تو اس کو طول دے تاکہ تیرے ساتھی مستفید ہو سکیں اور تیرا غیر اس سے روزی پاسکے۔

اے کمیل جب کھانے سے فارغ ہو جائے تو جو کچھ تجھ کو رزق ملا ہے اس کے لئے الحمد للہ کہہ اور اس کی حمد میں اپنی آواز کو بلند کر اس طرح تیرا اجر زیادہ ہوتا ہے۔

اے کمیل معدہ کو کھانے سے پورا مت بھر پانی کے لئے کچھ جگہ چھوڑ اور ریح کی جولانی کے لئے کچھ جگہ چھوڑ دے۔

اے کمیل اپنے کھانے کو پورا نہ کھالے کیونکہ رسول اللہؐ بھی پورا ختم نہیں کرتے تھے۔

اے کمیل کھانے سے اس وقت تک ہاتھ نہ اٹھا جب تک تجھے بھوک باقی ہے پس جب تو ایسا کرے گا آرام سے رہیگا۔

اے کمیل جسم کی صحت کا انحصار قلت طعام اور قلت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقلة المآء

يا كميل البركة في المال من آتى الزكوٰة ومواساة المؤمنين وصلة الاقربين۔

يا كميل زد قرابتك المؤمن على ما تعطي سواه من المؤمنين وكن بهم ارأف وعليهم اعطف وتصدق على المساكين۔

يا كميل لا ترد سائلاً ولو من شطر حبة عنب او شق تمرة۔

يا كميل الصدقة تنمو عند الله

يا كميل احسن حلية المؤمن التواضع وجماله التعفف وشرفه الشفقة وعزه ترك القال والقيل۔

يا كميل اياك والمراء فانك تعزي بنفسك السفهاء اذا فعلت تفسد الاخاء

يا كميل اذا جادلت في الله تعالى فلا تخاطب الا من يشبه العقلاء وهذا قول ضرورة

يا كميل هم على كل حال سفهاء كما قال الله تعالى الا انهم هم السفهاء ولكن لا يعلمون۔

يا كميل في كل صنف قوما ارفع من قوم واياك ومناظرة الخسيس منهم وان اسمعوك فاحتمل وكن من الذين وصفهم الله تعالى واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما۔

يا كميل قل الحق على كل حال ووازر المتقين

آب میں ہے۔

اے کمیل زکوٰۃ کی ادائی مومنین کے ساتھ مواسات اور اقرباء کے ساتھ صلۂ رحم مال میں برکت کا باعث ہوتے ہیں

اے کمیل مومنین سے قرابت کو بڑھا جیسا کہ وہ تیرے ساتھ کریں اور ان کے لئے مہربان ہو جا اور مساکین کو صدقہ دے۔

اے کمیل سائل کو کبھی رد نہ کر اگر آدھا انگور یا کھجور کا ایک ٹکڑا بھی دے سکتا ہے تو اس سے باز نہ آ۔

اے کمیل صدقہ اللہ کے پاس اس کے صلہ کو بڑھاتا ہے۔

اے کمیل مومن کی بہترین آرائش تواضع سے اس کی خوب سیرتی، پاک دامنی اور اس کا شرف شفقت سے ہے اور اس کی عزت اس کی گفتگو سے ظاہر ہوتی ہے۔

اے کمیل دکھاوے سے بچ جب تو بیوقوفوں پر بڑائی بتانا چاہے گا تو بھائی چارہ کو توڑ دے گا۔

اے کمیل جب تو خدا کے لئے مجادلہ کرے کسی سے تخاطب نہ کر مگر جو عاقل نظر آئے یہ ایک ضروری بات ہے۔

اے کمیل وہ ہر حال میں بیوقوف ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ آگاہ ہو جاؤ کہ وہ لوگ سفیہ ہیں مگر وہ جانتے نہیں۔

اے کمیل ہر صنف میں ایک گروہ ہوتا ہے جو قوم سے بلند ہوتا ہے تجھے چاہیئے کہ نالائق سے مناظرہ کرنے سے احتراز کرے اور جب وہ تجھ کو سن لے تو تحمل کر اور ان لوگوں سے ہو جا جن کی خدا نے تعریف کی ہے اور جب جاہل ان سے بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ بس سلام ہو۔

اے کمیل ہر حال میں سچ کہہ متقین کا بوجھ اٹھا فاسقین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

واهجرالفاسقين وجانب المنافقين ولا
تصاحب الخائنين۔

یاکمیل ایّاك لا تطرق ابواب الظالمين
الاختلاط بهم والاكتساب معهم واياك
ان تعظمهم وان تشهد فی مجالسهم بما
یسخط الله علیك۔

یاکمیل اذا اضطررت الی حضورهم
فداوم ذکر الله تعالیٰ وتوکل علیه واستعذ
بالله من شرهم واطرق عنهم وانکر
بقلبك فعلهم واجهر بتعظیم الله تعالیٰ
لتسمعهم فانهم بها یولك وتکفی
شرهم

یاکمیل ان احبّ ما امتثله العباد الی
الله بعد الاقرار به وباولیآئه التحمل
والتعفف والاصطبار

یاکمیل لا باس بان لا یعلم سرك

یاکمیل لا ترى الناس افتقارك
واضطرارك واصبر علیه احتسابا بعز وتستر

یاکمیل لا باس بان تعلم اخاك سرك

یاکمیل ومن اخوك الذی لا
یخذلك عند الشدة ولا یقعد عنك عند
الجریرة ولا یخدعك حین تسئله ولا یترکك
وامرك حتی تعلمه فان کان ممیلاً اصلحه۔

یاکمیل المومن مرآة المومن لانه یتامله

سے دور ہو جا منافقین سے کنارہ کشی کر اور خائن کی مصاحبت
اختیار نہ کر۔

اے کمیل تجھے چاہیئے کہ اختلاط و اکتساب کی خاطر ظالمین
کا دروازہ نہ کھٹکھٹائے اور تجھے چاہیئے کہ ان کی محفلوں اور
جلسوں میں شرکت سے بچے کیونکہ اس سے خدا تجھ پر
غضب ناک ہوگا۔

اے کمیل جب تو کسی حاجت سے ان کے پاس مجبور
ہو کر جائے تو اللہ کے ذکر کی مداومت کر اس پر توکل کر
اور ان کے شر سے خدا کی پناہ مانگ ان سے باز آ اور
ان کے فعل کو قلب سے نہ مان اور بلند آواز سے خدا کی
عظمت بیان کر تاکہ وہ سنیں پس وہ تجھے ہیبت میں ڈالیں گے
اور تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اے کمیل خدا کے بندوں میں سب سے زیادہ محبوب وہ
ہے جو اس کو اور اس کے اولیا کو ماننے کے بعد تحمل سے
کام لے پاک دامن رہے اور صبر اختیار کرے۔

اے کمیل اگر کوئی تیرے راز سے واقف نہ ہو تو اس میں
کوئی ہرج نہیں اے کمیل تیری محتاجی و اضطرار کو لوگ دیکھنے نہ پائیں
ثواب کی امید میں عزت کے ساتھ صبر کر اور اس کو پوشیدہ رکھ۔

اے کمیل اگر تیرا بھائی تیرے راز سے واقف ہو جائے تو کوئی ہرج نہیں

اے کمیل تیرے بھائیوں میں بھائی وہ ہے جو شدت و
تکلیف میں ساتھ نہ چھوڑے اور کسی گناہ میں مبتلا ہونے پر
خاموش نہ رہے اور تجھے دھوکہ نہ دے جب کہ تو اس سے
سوال کرے اور تیرے امر کو نہ چھوڑے یہاں تک کہ تجھ کو
معلوم ہو جائے اگر وہ مالدار ہے تو تو اس کی اصلاح کر۔

اے کمیل مومن مومن کا آئینہ ہوتا ہے کیونکہ وہ تامل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ويسد فاقته ويجمل حالته
يا كميل المؤمنون اخوة ولا شئى اثر عند
كل اخ من اخيه
يا كميل ان لم تحب اخاك فلست اخاه
يا كميل المؤمن من قال بقولنا فمن تخلف
عنا قصر عنا ومن قصر عنا لم يلحق
بنا ومن لم يكن معنا ففي الدرك
الاسفل من النار۔
يا كميل كل مصدور ينفث اليك منا
بامر فاستره واياك ان تبديه فليس
لك من ابداته توبة فاذا لم تكن توبة
فالمصير الى الحي۔
يا كميل اذاعة سر آل محمد لا يقبل
الله تعالى منها ولا يحتمل احد عليها
يا كميل وما قالوه لك مطلقا فلا تعلمه
الا مومنا موافقا
يا كميل لا تعلموا الكافرين من اخبارنا
فيزيدوا عليها فيبدوكم بها الى يوم
يعاقبون عليها۔
يا كميل لا بدّ لماضيكم من اوبة
ولا بد لنا فيكم من غلبة۔
يا كميل يجمع الله تعالى لكم خير
البدء والعاقبة۔
يا كميل انتم ممتوعون باعدائكم
تطربون بطربهم وتشربون بشربهم

کرتا ہے اس کی محتاجی کو دور کرتا ہے اور اس کی حالت کو برداشت کرتا ہے
اے کمیل مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں کوئی شے بھائی
اور بھائی کے درمیان اثرانداز نہیں ہوسکتی۔
اے کمیل اگر تو اپنے بھائی سے محبت نہ کرے تو تو اس
کا بھائی نہیں۔ اے کمیل مومن وہ ہے جو ہمارے قول کے
موافق کہتا ہے جس نے ہم سے تخلف کیا اس نے ہم سے
کوتاہی کی اور جس نے ہم سے کوتاہی کی ہم سے ملحق نہ ہوا اور
جو ہمارے ساتھ نہیں وہ جہنم کے اسفل مقام پر ہوگا۔
اے کمیل ہر نکلنے والا کچھ نہ کچھ کہتا ہی رہتا ہے اگر کسی نے
ہمارے امر میں ہمارے خلاف کچھ کہا تو اس کو پوشیدہ رکھ اگر اس کو
تو نے ظاہر کیا تو اس کے ظاہر کرنے میں تیرے لئے توبہ نہیں ہے
اور جب توبہ نہ ہوگی تجھے خدا کی طرف بغیر توبہ کے ہی بازگشت کرنا ہوگا
اے کمیل آل محمدؐ کے اسرار کے فاش کرنے کو خدا کی طرف
بغیر توبہ کے ہی بازگشت کرنا ہوگا۔
اے کمیل وہ جو کچھ تیرے لئے کھل کر کہتے ہیں تو اس کی
تعلیم سوائے مومن موافق کے اور کسی کو نہ دے۔
اے کمیل ہماری احادیث کافروں کو نہ سکھا کیونکہ وہ
اس میں مبالغہ کریں گے پس اس کی ابتداء اس دن سے کر
جس دن ان پر عقاب نازل ہوگا۔
اے کمیل تمہیں اپنے ماضی سے کچھ چارہ نہیں اور اگر تم
اس پر غالب آجاؤ، تو ہمارے لئے اس سے کوئی چارہ نہیں
اے کمیل خدا تیرے لئے دنیا و عاقبت کی نیکیوں کو جمع
کر دے گا۔
اے کمیل تمہیں اپنے دشمنوں سے فائدہ حاصل ہو رہا ہے
تم ان کی خوشیوں سے خوش ہوتے ہو اور پیتے ہو جو وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وتاكلون باكلهم وتدخلون مداخلهم وربما غلبتم على نعمتهم اى والله على اكراهٍ منهم لذلك ولكن الله عزوجل ناصركم وخاذلهم فاذا كان والله يومكم وظهر صاحبكم لم ياكلوا والله معكم ولم يردوا مواردكم ولم يقرعوا ابوابكم ولم ينالوا نعمتيكم اذلّم خائبين اينما ثقفوا اخذو وقتلوا تقتيلا

ياكميل احمد الله تعالٰى والمومنين على ذالك وعلى كل نعمة.

ياكميل قل عند كل شدة لاحول ولاقوة الا بالله العلى العظيم تكفها وقل عند كل نعمة الحمد لله تزد منها واذا ابطات الارزاق عليك فاستغفر الله يوسع عليك فيها

ياكميل اذا وسوس الشيطان فى صدرك فقل اعوذ بالله القوى من الشيطان الغوى واعوذ بمحمد الرضى من شر ما قدر وقضى واعوذ باله الناس من الجنة والناس اجمعين تكفى مونة ابليس والشيطين معه ولو انهم كلهم ابالسة مثله.

پیتے ہیں اور کھاتے ہو جو وہ کھاتے ہیں اور تم جاتے ہو جہاں وہ جاتے ہیں اور اکثر تم ان کی نعمتوں پر غالب ہو جاتے ہو خدا کی قسم ان میں سے بعض کو اس سے برا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن خدا تمہارا مددگار ہے اور ان کو ذلیل کرنے والا ہے اور جب یہ ہوگا خدا کی قسم یہ دن تمہارے ہوں گے اور تمہارے ان ساتھیوں کا زوال ہوگا اور انہیں کھانے کو کچھ نہ ملے گا۔ اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہاری جگہ پہونچ نہ سکیں گے اور تمہارے دروازوں کو نہیں کھٹکھٹائیں گے اور تمہاری نعمتوں کو نہیں پائیں گے وہ ذلیل ہو کر رسوا ہو جائیں گے وہ جہاں کہیں ٹھہریں گے پکڑے جائیں گے اور قتل کر دیئے جائینگے

اے کمیل اللہ تعالیٰ اور مومنین کا اس پر اور اس کی تمام نعمتوں پر شکر ادا کرو۔

اے کمیل ہر شدت و تکلیف میں لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہہ کہ یہ تیرے لئے کفایت کرے گا اور ہر نعمت پر الحمد للہ کہہ کہ اس سے نعمتوں میں زیادتی ہوگی اور جب تیرے رزق میں کمی ہو جائے تو استغفار کر تو خدا وندا رزق میں وسعت دے گا۔

اے کمیل جب شیطان تیرے قلب میں وسوسہ پیدا کرے تو کہہ کہ میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں جو گمراہ شیطان سے بہت زیادہ قوی ہے اور پناہ مانگتا ہوں محمدؐ رضی سے ہر برائی سے جو معین ہو چکی ہے اور میں پناہ مانگتا ہوں اللہ سے تمام انس و جن کے شر سے جو کافی ہو ابلیس اور شیاطین سے بچانے جو اس کے ساتھ ہوں اگر وہ سب کے سب ابلیس کے مثل ہی کیوں نہ ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاکمیل انّ لھم خدعا وشقاشق وزخارف ووساوس وخیلاء علی کل احد قدر منزلتہ فی الطاعتہ والمعصیۃ فحسب ذالک یستولون علیہ بالغلبۃ۔

یاکمیل لا عدوّ اعد منھم ولا اضار اضربک منھم امنیتھم ان تکون معھم غداً اذا جثوا فی العذاب لا یفتر عنھم بشروۃ ولا یقصر عنھم بشروۃ ولا یقصر عنھم خالدین فیھا ابدا

یاکمیل سخط اللہ تعالیٰ محیط بمن لہ یحترز منھم باسمہ ودینتہ وجمیع عزاتمہ دعوذوجل وعز صلی اللہ علی نبیئہ والہ وسلم

یاکمیل انھم یخدعوک بانفسھم فاذا لم تجبھم مکروا بک وبنفسک بتحسیبھم شھواتک واعطائک امانیک وارادتک ویستولون لک وینسونک وینھونک ویامرونک ویحسنون ظنّک باللہ عزوجل حتی ترجوہ فتغتر بذالک فتعصیہ وجزاء العاصی نظی

یاکمیل احفظ قول اللہ تعالیٰ عزوجل الشیطان متول لھم واملی فھم والمسول الشیطان والمملی اللہ

یاکمیل اذکر قول اللہ تعالیٰ لابلیس

اے کمیل ان کا کام دھوکہ دینا نفاق پیدا کرنا برائیوں کو خوشنما کر دکھانا وسوسے پیدا کرنا اور خیالات کو پراگندہ کرنا ہے وہ لوگ ہر شخص پر طاعت و معصیت میں اس کی قدر و منزلت کے موافق اور اس کے سبب سے غلبے کے ساتھ قابو پالینگے۔

اے کمیل ان میں نہ کوئی دشمن ہے اور نہ کوئی اپنی آرزوؤں سے تجھ کو ضرر پہونچانے والا ہے تاکہ کل تو ان کے ساتھ ہو جائے جب ان پر عذاب مسلط ہوگا تو اس میں ذرا سی بھی کمی نہ کی جائے گی اور وہ ہمیشہ اس عذاب میں مبتلا رہیں گے۔

اے کمیل جو شخص اپنے نام دلیل اور تمام عزائم کے ساتھ ان سے نہیں بچتا اس کو اللہ کا غضب گھیرے ہوتے ہے۔ پناہ مانگ خدا سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

اے کمیل وہ اپنی ذات سے تجھ کو دھوکا دے رہے ہیں جب تو اس کو قبول نہ کرے گا وہ تیری خواہشوں،
تیری عطاؤں آرزوؤں اور ارادوں کو پورا کرتے ہوئے تجھ سے مکر کریں گے اور تجھ سے سوال کریں گے اور تجھ کو بھلا دیں گے اور اچھے کام سے منع کریں گے اور حکم دیں گے (برے کام کا) اور تیرے گمان کو اللہ کے بارے میں اچھا بنائیں گے یہاں تک کہ تو دھوکے میں آجائے اور گناہ میں مبتلا ہو جائے پس عاصی کی سزا بھڑکائی ہوئی آگ ہوگی۔

اے کمیل خدائے عزوجل کے اس قول کو یاد رکھ کہ شیطان نے ان کے لئے راستہ مہیا کر دیا ہے اور ان کو امید دلائی ہے نیز دھوکا دینے والا شیطان ہے اور بچانے والا اللہ ہے۔

اے کمیل اللہ تعالیٰ کے ابلیس علیہ اللعنۃ سے متعلق اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لعنه الله واجلب عليهم بخيلك ورجلك وشاركهم في الاموال والاولاد وعدهم ومايعدهم الشيطان الاغرورا

ياكميل ان ابليس لا يعد عن نفسه و انما يعد عن ربه ليحملهم على معصيته فيورطهم۔

ياكميل انه ياتي لك بلطف كيده فيامرك بما يعلم انك قد الفته من طاعة لا تدعها فتحسب ان ذلك ملك كريم وانما هو شيطان رجيم فاذا سكنت اليه واطمانت حملك على العظايم المهلكة التي لا نجاة معها۔

ياكميل ان له فخاخا ينصبها فاحذر ان يوقعك فيها۔

ياكميل ان الارض مملوة من فخاخهم فلن ينجو منها الا من تشبث بنا وقد اعلمك الله انه لن ينجو منها الا عباده وعباده اولياءنا۔

ياكميل وهو قول الله عزوجل ان عبادي ليس لك عليهم سلطان وقوله عزوجل انما سلطانه على الذين يتولونه والذين هم به مشركون

ياكميل انج بولايتنا من ان يشركك الشيطان في مالك وولدك كما امر۔

قول کو یاد کرو کہ ابلیس نے کہا ہے کہ میں ان کی اور انکی اولاد کی طرف اپنے لشکر کو بھیجوں گا اور انکی اموال و اولاد میں شریک کردوں گا۔ شیطان نے یہ سب وعدہ کیا ہے دھمکی نہیں دی مگر یہ سب دھوکا ہی دھوکا ہے

اے کمیل ابلیس نے کوئی وعدہ اپنے نفس کے تحت نہیں کیا اس نے جو کچھ وعدہ اپنے رب سے کیا ہے وہ مخلوق کو گناہوں پر آمادہ کرنے کے لئے ہے تاکہ ان کو ہلاکت میں ڈالے۔

اے کمیل وہ تجھ کو اپنے مکر میں بہت ہی لطف کیساتھ پھانسے گا اور وہ جو جانتا ہے اس کا تجھ کو حکم دے گا اور تو اس کی اطاعت میں اس کا مانوس ہو جائے گا جس کو پھر چھوڑ نہ سکے گا اور گمان کرے گا کہ یہ ملک مقرب ہے حالانکہ وہ شیطان رجیم ہے پس جب تو اس کے پاس ٹھہرے گا اور مطمئن ہو جائے گا تجھ کو ہلاک کرنے والے ارادوں پر آمادہ کرے گا جس سے نجات ممکن نہ ہوگی۔

اے کمیل اس کے پاس ایک جال ہے جس کو وہ نصب کرتا ہے تو اس سے ڈر کہ کہیں تو اس میں نہ پھنس جائے۔

اے کمیل زمین اس کے جالوں سے بھری ہوئی ہے اس سے کوئی نجات نہ پائے گا مگر جس نے ہمارے ذریعہ کو اختیار کر لیا ہو اور اللہ نے آگاہ کر دیا ہے کہ کوئی اس سے نجات نہ پائے گا مگر اس کے خاص بندے اور ہمارے اولیاء کے دوست۔ اے کمیل یہ اللہ کا قول ہے کہ "ہمارے خاص بندوں پر تیرا غلبہ نہ ہوگا" نیز یہ کہ اس کا غلبہ ان پر ہوگا جو اس کو دوست رکھتے ہیں اور جو اللہ کے ساتھ اس کو شریک ٹھہراتے ہیں۔

اے کمیل جیسا کہ حکم دیا گیا ہے کہ ہماری محبت کے ذریعہ اس بات سے نجات حاصل کر کہ شیطان تیرے مال اور تیری اولاد میں شریک ہو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یا کمیل لا تغتر باقوام یصلّون فیطیلون ویصومون فیداومون ویتصدقون فیحسبون انھم موفقون۔

یا کمیل اقسم باللّٰہ لسمعت رسول اللّٰہ یقول ان الشیطان اذا حمل قوماً علی الفواحش مثل الزّنا وشرب الخمر والربا وما اشبہ ذالک من الخنا والمأثم حبب الیھم العبادۃ الشدیدۃ والخشوع والرکوع والخضوع والسجود ثم حملھم علی ولایۃ الائمۃ الذین یدعون الی النار یوم القیمۃ لا ینصرون

یا کمیل انہ مستقر ومستودع واحذر ان تکون من المستودعین۔

یا کمیل انما تستحق ان تکون مستقراً اذا لزمت الجادۃ الواضحۃ التی لا تخرجک الی عوج ولا تزیلک عن منھج ما حملناک علیہ وما ھدیناک الیہ

یا کمیل لا رخصۃ فی فرض ولا شدۃ نافلۃ۔

یا کمیل ان اللّٰہ عزوجل لا یسئلک الّا علی فرض فانما قدمنا عمل النوافل بین ایدینا للاھوال الاضلم والطامۃ یوم المقام

یا کمیل ان الواجب للّٰہ اعظم من ان تزیلہ الفرائض والنوافل وجمیع

اے کمیل ایسے لوگوں سے دھوکا نہ کھا جو نمازیں طول دیتے ہیں روزہ کی مداومت کرتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور اس گمان میں ہیں کہ ان کو توفیق حاصل ہوئی ہے۔

اے کمیل خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ شیطان جس قوم کو فواحشات مثلاً زنا، شراب نوشی سود خواری اور اس کے مثل جیسے عداوت، گناہ وغیرہ میں مبتلا کرنا چاہتا ہے تو پہلے ان کو شدید عبادت خشوع و خضوع، رکوع و سجود میں معین کرتا ہے پھر ان آئمہ کی ولایت و محبت میں پھانس لیتا ہے جو قیامت کے روز جہنم کی طرف بلائیں گے، جب کہ کسی کی مدد نہ کی جائے گی۔

اے کمیل یہ ایک مستقر چیز اور امانت ہے امانت دار بننے میں احتیاط کرو۔

اے کمیل تو مستحق ہے کہ مستقر قرار دیا جائے جب تو اس راستہ کو اختیار کرے جو تیرے لئے لازم ہے تو یہ تجھ کو کجی کی طرف نہیں لے جائے گا اور نہ سیدھے راستے سے گمراہ کریگا جس پر ہم نے تجھکو چلایا ہے اور جسکی طرف ہم نے تیری ہدایت کی ہے۔

اے کمیل فرائض کی ادائی میں کوئی رعایت نہیں اور نوافل کی ادائی میں کوئی سختی نہیں۔

اے کمیل خدائے عزوجل سوائے فرائض کے سوال نہ کرے گا ہم نے عمل نوافل کو جو ہمارے سامنے ہے تاریک خوفناکیوں اور یوم قیامت کی سختیوں سے بچانے کے لئے مقدم کیا ہے۔

اے کمیل واجبات خدا کے پاس فرائض نوافل تمام اعمال اور نیک اموال (کی خیرات) کے ترک کئے جانے سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الاعمال وصالح الاموال ولکن من تطوّع خیرا فهو خیر له

یاکمیل ان ذنوبك اکثر من حسناتك وغفلتك اکثر من ذکرك ونعم الله علیك اکثر من کل عملك

یاکمیل انه لا تخلوا من نعمة الله عزّ وجل عندك وعافیة فلا تخل من تحمیده وتمجیده وتسبیحه وتقدیسه وشکره وذکره علیٰ کل حال۔

یاکمیل لا تکونن من الذین قال الله عزوجل نسوا الله فانسٰهم انفسهم ونسبهم الی الفسق اولٰئك هم الفاسقون۔

یاکمیل لیس الشان ان تصلی وتصوم وتتصدّق الشان ان تکون الصلوٰة فعلت بقلب نقی وعمل عند الله مرضی وخشوعٍ سوی وابقاء للجدّ فیها۔

یاکمیل عند الرکوع والسجود وما بینهما تبتـلّه العروق والمفاصل حتی تتوفی وذٰء الی ما تاتی به من جمیع صلوٰتك۔

یاکمیل انظر فیما تصلی وعلیٰ ما تصلّی ان لم تکن من وجهه وحلّه فلا قبول۔

یاکمیل انّ اللسان یبوح من القلب و

عظیم تر ہیں مگر جس نے نیکی بجالائی اس کے لئے تمام اعمال بہتر ہیں۔

اے کمیل بیشک تیرے گناہ تیری نیکیوں سے زیادہ ہیں اور تیری غفلت تیرے ذکر سے زائد ہے اور تجھ پر اللہ کی نعمتیں تیرے اعمال سے زیادہ ہیں۔

اے کمیل اللہ کی نعمتوں سے کوئی زمانہ خالی نہیں پس ہر حال میں اس کی حمد، بزرگی ماننے، اس کی تسبیح و تقدیس اور اس کے شکر اور اس کے ذکر سے غافل نہ رہ۔

اے کمیل ان لوگوں سے مت ہو جن کے لئے خدا نے فرمایا ہے کہ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا ہے پس انہوں نے اپنی ذات اور نسب کو فسق کی طرف بھلا دیا ہے۔ یہ لوگ فاسق ہیں۔

اے کمیل اس میں کوئی عزت نہیں کہ تو نماز پڑھے روزہ رکھے اور صدقہ دے بلکہ عزت اس میں ہے کہ تیری نماز پاکیزہ قلب سے ادا ہو اور عمل اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہو اور خشوع کے ساتھ ہو پس اس میں باقی رہنے کی کوشش کر۔

اے کمیل رکوع و سجود میں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے تمام رگیں اور جوڑ ایسی مستغرق ہو جائیں کہ سب ایک ہو جائیں یہاں تک کہ تیری نماز ختم ہو جائے۔

اے کمیل اس بات پر غور کر کہ تو نماز کیوں اور کس کے لئے پڑھ رہا ہے اگر اس کی علت اور سبب معلوم نہ کیا تو نماز قبول نہ ہوگی۔

اے کمیل قلب کی بات زبان سے ظاہر ہوتی ہے قلب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

والقلب يقوم بالغذاء فانظر فيما تغذی قلبك وجسمك فان لم يكن ذلك حلالا لم يقبل الله تعالى تسبيحك ولا شكرك

يا كميل افهم واعلم انا لا ترخص فی ترك اداء الامانات لاحد من الخلق فمن روى عنی فی ذلك رخصة فقد ابطل واثم وجزاؤه النار بما كذب اقسم سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله يقول لی قبل وفاته بساعة مرارا ثلثة يا ابا الحسن اد الامانة الى البر والفاجر فيما قل وجل حتی فی الخيط المخيط۔

يا كميل لا غزو الا مع امام عادل ولا نفل الا مع امام فاضل

يا كميل لا غزو الا يظهر نبی وكان فی الارض مومن تقی لكان فی دعائه الی الله مخطئا او مصيبا بلی والله مخطئا حق ينصبه الله عزوجل ويوهله

يا كميل الدين لله فلا تغترن باقوال الامة المخدوعة التی قد ضلت بعد ما اهتدت وانكرت وجحدت بعد ما قبلت

يا كميل الدين لله تعالى فلا يقبل الله تعالى من احد القيام به الا رسولا او نبيا او وصيا

يا كميل هی نبوة ورسالة وامامة

غذا سے قائم ہے پس اس پر غور کر کہ تو نے اپنے قلب اور جسم کو کیا غذا دی اگر یہ تیرے لئے حلال نہیں ہے تو خدا تیری تسبیح و شکر کو قبول نہ کرے گا۔

اے کمیل سمجھ لے اور جان لے کہ مخلوق میں کسی کی بھی امانت کی ادائی کے ترک کرنے کی اجازت نہیں اگر کسی نے اس بابت اس کے خلاف روایت کی اور مجھ سے منسوب کیا تو اس نے غلط کہا اور گناہ گار ہوا۔ اس کے لئے اس کذب کی سزا جہنم ہوگی۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ میں نے رسول خدا سے ان کی وفات سے ایک ساعت پہلے سنا حضرت نے تین مرتبہ فرمایا کہ اے ابوالحسن امانت ادا کرو خواہ وہ کسی نیک کی ہو یا فاجر کی خواہ وہ کم ہو یا زیادہ یہاں تک کہ وہ سوئی کے ناکے کے برابر تاگا کیوں نہ ہو۔

اے کمیل کوئی جنگ جائز نہیں مگر امام عادل کے ساتھ اور (جنگ کے لئے) نقل مقام جائز نہیں مگر امام فاضل کے ساتھ۔ اے کمیل کیا تو نے دیکھا کہ اگر نبی ظاہر نہ ہوتے اور زمین پر کوئی پرہیزگار مومن خدا سے دعا کرتے ہیں یا خاطی ہوتا یا بے خطا بلکہ قسم بخدا اگر وہ خاطی ہوتا تو خدا مقرر کر دیتا اور اس کے لئے آسانی کر دیتا۔

اے کمیل دین اللہ کا ہے پس تو فریب خوردہ امت کے اقوال سے جو ہدایت پانے کے بعد گمراہی ہوگئی اور انکار کیا اور قبول کرنے کے بعد جان بوجھ کر انکار کیا دھوکا مت کھا۔

اے کمیل دین اللہ کے لئے ہے خداوند تعالیٰ دین کے ساتھ سوائے رسولؐ نبی یا وصی کے اور کسی کے قیام کو قبول نہیں کرتا۔

اے کمیل یہ نبوت و رسالت و امامت ہے اس کے علاوہ

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولا بعد ذالك الا متولين ومتغلبين
وضالين ومبتدعين۔

يا كميل ان النصارٰى لم تعطل الله
تعالٰى واليهود ولا جحد موسٰى ولا عيسٰى
ولكنهم زادوا ونقصوا وحرفوا والحدوا
فلعنوا ومقتوا ولم يتوبوا
ولم يقبلوا۔

يا كميل انما يتقبل الله من المتقين

يا كميل ان اباناآدم لم يلد يهوديا ولا
نصرانيا ولا كان ابنه الا حنيفا مسلماً
فلم يقم بالواجب عليه فاداه الى ان
لم يقبل الله قربانه بل قبل من اخيه
فحسده وقتله وهو من المسجونين
فى الفلق الذى عدتهم اثنى عشر
ستة من الاولين والفلق الاسفل
من النار ومن بخاره حرجهنم وحسبك
فيما حرجهنم من بخاره

يا كميل نحن والله الذين اتقوا والذين هم
محسنون

يا كميل ان الله عزوجل كريم حليم
عظيم رحيم دلنا على اخلاقه
وامرنا بالاخذ بها وحمل الناس عليها
فقد اديناها غير مختلفين وارسلناها
غير منافقين وصدقناها غير مكذبين و
قبلناها غير مرتابين لم يكن لنا والله

کچھ نہیں ہیں مگر دین سے روگردان لوگ، سرکش گمراہ
اور بدعتی ہیں۔

اے کمیل یہود و نصارٰی نے نہ اللہ تعالٰی کو معطل کیا
اور نہ موسٰی و عیسٰی سے انکار کیا بلکہ انہوں نے زیادتی و کمی
کی اور تحریف والحاد کیا پس وہ لعنتی ہوئے اور دشمن بنائے
گئے اور انہوں نے توبہ بھی نہ کی اور قبول بھی نہ
ہوئی۔

اے کمیل بتحقیق کہ خدا متقین (کی توبہ) قبول کرتا ہے

اے کمیل ہمارے جد آدم نہ یہودی پیدا ہوئے تھے اور
نہ نصرانی اور نہ ان کا کوئی بیٹا سوائے سچے مسلمان کے تھا
ان پر کوئی چیز واجب نہیں ہوئی تھی پھر بھی وہ ادا کر دیتے
تھے۔ خدا نے (قابیل کی) قربانی کو قبول نہ کیا تھا بلکہ اس
کے بھائی کی قربانی قبول ہوئی تھی جس کی وجہ اس نے حسد
کیا اور اس کو قتل کر دیا اور ان قیدیوں سے ہو گیا جو فلق
میں رہیں گے جن کی تعداد بارہ ہے جن میں سے چھ اولین
سے ہوں گے جو جہنم کے تاریک ترین مقام پر رہیں گے اس
کی حرارت سے جہنم کی حرارت باقی ہے اور تیرا گمان ہے کہ
جہنم کی حرارت سے اس کی حرارت قائم ہے۔ اے کمیل خدا کی
قسم ہم وہ ہیں جنہوں نے تقوٰی اختیار کیا اور وہ ہیں جو احسان کرتے ہیں

اے کمیل اللہ عزوجل کریم حلیم عظیم اور رحیم ہے جس
نے اپنے اخلاق ہم کو بتائے اور ان کے اختیار کرنے کا
حکم دیا اور لوگوں کو اس بات پر آمادہ کیا پس ہم نے اس
کو بغیر اختلاف کے ادا کیا اور اس کو غیر منافقین کو پہونچایا
اور اس کی تصدیق کی سچوں کی طرح اور اس کو قبول کیا شک
نہ کرنے والوں کی طرح خدا کی قسم کہ ہمارے لئے شیاطین نہیں ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیاطین نوحی الیہا و نوحی الینا کما وصف اللہ تعالی قوما ذکرھم اللہ عزوجل باسمائھم فی کتابہ لو قری کما انزل شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا

یا کمیل الویل لھم فسوف یلقون غیا۔

یا کمیل لست واللہ متملقا اطاع ولا ممتنا حتی اعصی ولا مھانا لطام الاعراب حتی انتحل امرۃ المومنین وادعی بھا۔

یا کمیل نحن ثقل الاصغر والقرآن الثقل الاکبر وقد اسمعھم رسول اللہ وقد جمعھم فنادی الصلوۃ جامعۃ یوم کذا وکذا وایاما سبعۃ وقت کذا فلم یتخلف احد فصعد المنبر فحمد اللہ واثنی علیہ وقال معاشر الناس انی مودعن ربی عزوجل ولا مخبر عن نفسی فمن صدقنی فقد صدق اللہ ومن صدق اللہ اثابہ الجنان ومن کذبنی کذب اللہ عزوجل ومن کذب اللہ اعقبہ النیران ثم نادانی فصعدت فاقامنی دونہ وراسی الی صدرہ والحسن والحسین عن یمینہ وشمالہ ثم قال معاشر الناس امرنی جبرئیل عن اللہ

کہ ہم انہیں حکم دیں یا وہ ہم کو وحی کریں جیسا کہ خدا نے ایک قوم کا وصف کیا ہے اور اپنی کتاب میں ناموں کے ساتھ ان کا ذکر کیا ہے اگر اس کو پڑھا جائے جیسا کہ جن و انس کے شیاطین نے نازل کیا کہ بعض سے بعض کہتے تھے کہ دھوکا دینے کے لئے قول کو مزین کرتے تھے۔

اے کمیل ان کے لئے پھٹکار ہے کہ وہ (خدا سے) گمراہی کے ساتھ ملاقات کریں گے۔

اے کمیل خدا کی قسم وہ چاپلوسی کرنے والے نہ تھے حتیٰ کہ انہوں نے اطاعت کی اور نہ ان لوگوں سے تھے جنہوں نے گناہ کیا نہ انہوں نے ذلت اٹھائی عربوں کی کی بدعنوانیوں سے یہاں تک کہ مومنین کی حکومت منتقل ہو گئی جس کا انہوں نے دعویٰ کیا تھا۔

اے کمیل ہم ثقل اصغر ہیں اور قرآن ثقل اکبر اس روز وہ سب جمع ہوئے تھے اور نماز جامعہ کی ندا دی گئی تھی اور انہوں نے رسول اللہ کو سنا وغیرہ وغیرہ اور سات روز تک یہ ہوا اور یہ ہوا پس کسی نے اختلاف نہ کیا اور حضرت منبر پر تشریف لے گئے اور خدا کی حمد کی اور فرمایا کہ لوگو میں خدا کی جانب سے (حکم خدا کو) ادا کرنے والا ہوں اپنے دل سے نہیں پس جس نے میری تصدیق کی اس نے خدا کی تصدیق کی وہ جنت میں پہونچے گا اور جس نے میری تکذیب کی اس نے خدائے عزوجل کی تکذیب کی جس نے خدا کو جھٹلایا اس کو جہنم لے لیگا پھر حضرت نے مجھے بلایا اور میں اوپر چڑھ گیا اور مجھے قریب بٹھا لیا اس طرح کہ میرا سر ان کے سینے کے سامنے تھا حسنؑ اور حسینؑ سیدھے اور بائیں جانب تھے پھر فرمایا کہ اے لوگو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزوجل انه ربي و ربكم ان اعلمكم ان القرآن هو الثقل الاكبر وان وصيي هذا وابنائي ومن خلفهم من اصلابهم هم الثقل الاصغر يشهد الثقل الاكبر للثقل الاصغر ويشهد الثقل الاصغر للثقل الاكبر كل واحد منهما ملازم لصاحبه غير مفارق له حتى يردا على الله فيحكم بينهما وبين العباد

يا كميل فاذا كنا كذالك فعلام يتقدمنا من تقدم ويتاخر عنا من تاخر

يا كميل قد ابلغهم رسول الله رسالته ونصح لهم ولكن لا يحبون الناصحين۔

يا كميل قال رسول الله قولاً اعلنه المهاجرون والانصار متوافرون يوما بعد العصر يوم النصف من شهر رمضان قائما على قدميه من فوق منبر علی منی و ابنای منه والطيبون منی ومنهم وهم الطيبون بعد امتهم وهم سفينة نوح من ركبها نجى ومن تخلف عنها هوى الناجي في الجنة والهاوي في لظى۔

يا كميل الفضل بيد الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم

يا كميل ما يحسدونا والله شانا قبل ان يعرفونا اتراهم يحسدهم ايانا عن

خدا کی جانب سے جبرئیل نے حکم لایا ہے کہ وہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی کیا میں تمہیں بتاؤں کہ قرآن ثقل اکبر ہے اور میرا یہ وصی اور اس کے فرزند اور ان کے صلب سے ظاہر ہونے والے ثقل اصغر ہیں۔ ثقل اکبر ثقل اصغر کی گواہی دے گا اور ثقل اصغر ثقل اکبر کی یہ سب ایک ہیں اور ایک دوسرے سے ملا ہوا ہے ان میں جدائی نہ ہوگی یہاں تک کہ یہ میرے پاس لوٹ آئیں۔ پس جب خدا ان کے اور بندوں کے درمیان حکم دے گا۔

اے کمیل جب ایسا ہوگا جس نے ہم سے سبقت کی کوشش کی اس سے ہم آگے رہیں گے اور جس نے تاخیر کی وہ آخر میں رہیگا۔

اے کمیل رسول اللہؐ نے انہیں اپنی رسالت پہونچادی اور نصیحت کردی لیکن آپ ناصحین کو پسند نہیں کرتے تھے۔

اے کمیل رسول اللہ نے ایک روز بعد عصر نصف رمضان کو منبر پہ کھڑے ہوکر ایک بات فرمائی تھی جس کا کثرت سے مہاجرین وانصار نے اعلان کیا تھا کہ علیؑ مجھ سے ہے اور میرے فرزند اس سے ہیں پاک لوگ مجھ سے اور ان سے ہیں اور وہ پاک ہیں اور وہ سفینہ نوح ہیں۔ جو اس میں سوار ہوا نجات پائی اور جس نے تخلف کیا جہنم رسید ہوگیا۔

ناجی جنت میں جائے گا اور ہاوی بھڑکتی آگ میں جائیں گے۔

اے کمیل فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

اے کمیل خدا کی قسم جس نے ہم سے حسد کیا اس نے ہماری معرفت حاصل کرنے سے پہلے ہم کو گھٹا دیا کیا تم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاکمیل انما خطی من خطی بدنیا زایلة مدبرة فانهم ویحظی باخرة بالسیة ثابتة۔

اے کمیل خدا سے دنیا میں میرا حصہ جو ملنا تھا مل گیا۔ دنیا زائل ہونے والی ہے پیٹھ پھرا لینے والی ہے اس کو سمجھ لے کہ آخرت کا حصہ باقی رہنے والا ہے۔

یاکمیل کل بصیر الی الاخرة والذی یرغب فیه منها ثواب الله عزوجل والدرجات العلی من الجنة التی لا یورثها الا من کان تقیاً۔

اے کمیل آخرت کی بصیرت رکھنے والا ہر شخص اور اس شخص کے لئے جو اس کی رغبت رکھتا ہو اس کے لئے اللہ کا ثواب اور جنت کے اعلیٰ درجات ہیں جن کا سوائے متقی اور پرہیزگار کے کوئی وارث نہ ہوگا۔

یاکمیل ان شئت فقم اقول وسجیلی۔

اے کمیل اگر چاہتا ہے تو آمادہ ہوجا اور میں جو کہتا ہوں اس پر عمل کر۔ (تحفۃ العقول، بحار ج ۱۷)

نوف البکالی سے گفتگو

(۱) نوف البکالی سے روایت ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنینؑ کو دیکھا کہ آپ نے ایک شب نمازوں سے فارغ ہونے کے بعد ستاروں کی طرف نظر کی اور دیر تک دیکھتے رہے اور تلاوت قرآن فرماتے رہے اور ارشاد فرمایا کہ:

امیرالمومنین: یا نوف اراقد انت ام رامق

نوف: بل رامق ارمقك ببصری یا امیرالمومنینؑ

امیرالمومنین: اے نوف تو سو رہا ہے یا جاگ رہا ہے۔

نوف: یا امیرالمومنین میں جاگ رہا ہوں اور ابصارت سے دیکھ رہا ہوں۔

امیرالمومنین: یا نوف طوبی للزاهدین فی الدنیا الراغبین فی الاخرة۔ اولئك الذین اتخذ والارض بساطاً وترابها فراشاً وماءها طیباً والقرآن وثاراً والدعاء شعاراً وقرضوا من الدنیا علی منهاج المسیح بن مریم۔

امیرالمومنین: اے نوف دنیا کے زاہدوں کے لئے خوشخبری ہے جو کہ آخرت کی طرف راغب ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے زمین کو دری اس کی مٹی کو اپنا فرش اس کے پانی کو خوشگوار قرآن کو اپنی قبا اور دعا کو اپنا شعار قرار دیا اور دنیا سے مسیح ابن مریم کی طرح منتقل ہوگئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاکمیل انما خظی من خطی بدنیا زایلة مدبرة فانهم ویحظی باخرة بالسیة ثابتة۔

اے کمیل خدا سے دنیا میں میرا حصہ جو ملنا تھا مل گیا۔ دنیا زائل ہونے والی ہے بیٹھ پھرا لینے والی ہے اس کو سمجھ لے کہ آخرت کا حصہ باقی رہنے والا ہے۔

یاکمیل کل بصیر الی الاخرة والذی یرغب فیہ منها ثواب اللہ عزوجل والدرجات العلی من الجنة التی دیورثها الامن کان تقیا۔

اے کمیل آخرت کی بصیرت رکھنے والا ہر شخص اور اس شخص کے لئے جو اس کی رغبت رکھتا ہو اس کے لئے اللہ کا ثواب اور جنت کے اعلیٰ درجات ہیں جن کا سوائے متقی اور پرہیزگار کے کوئی وارث نہ ہوگا۔

یاکمیل ان شئت فقم اقول وحیلی۔

اے کمیل اگر چاہتا ہے تو آمادہ ہو جا اور میں جو کہتا ہوں اس پر عمل کر۔ (تحفہ العقول، بحار ج ۱۷)

نوف البکالی سے گفتگو

(۱) نوف البکالی سے روایت ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنینؑ کو دیکھا کہ آپ نے ایک شب نمازوں سے فارغ ہونے کے بعد ستاروں کی طرف نظر کی اور دیر تک دیکھتے رہے اور تلاوت قرآن فرماتے رہے اور ارشاد فرمایا کہ:

امیرالمومنین: یا نوف اراقد انت ام رامق

نوف: بل رامق ارمقك ببصری یا امیرالمومنینؑ

امیرالمومنین: یا نوف طوبی للزاهدین فی الدنیا الراغبین فی الاخرة۔ اولئك الذین اتخذ والارض بساطا و ترابها فراشا وماءها طیبا والقرآن دثارا والدعاء شعارا وقرضوا من الدنیا علی منهاج المسیح بن مریم۔

امیرالمومنین: اے نوف تو سو رہا ہے یا جاگ رہا ہے۔

نوف: یا امیرالمومنین میں جاگ رہا ہوں اور ابصار سے دیکھ رہا ہوں۔

امیرالمومنین: اے نوف دنیا کے زاہدوں کے لئے خوشخبری ہے جو کہ آخرت کی طرف راغب ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے زمین کو دری اس کی مٹی کو اپنا فرش اس کے پانی کو خوشگوار قرآن کو اپنی قبا اور دعا کو اپنا شعار قرار دیا اور دنیا سے مسیح ابن مریم کی طرح منتقل ہو گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

يا نوف ان الله تعالىٰ اوحى الى عيسىٰ قل للعلماء من بني اسرائيل ان لا يدخلوا بيتا من بيوتي الّا بقلوب طاهرة و ابصار خاشعة و اكف نفية وقل لهم اعلموا انی غير مستجيب لاحد منكم دعوة ولاحد من خلقي قبله مظلمة۔

اے نوف خدا نے عیسیٰؑ کی طرف وحی کی کہ بنی اسرائیل کے علماء سے کہیں کہ میرے مکانوں میں سے کسی مکان میں بغیر پاک قلوب خاشع آنکھوں اور پاک ہاتھوں کے داخل نہ ہوں اور ان سے کہو کہ وہ جان لیں کہ تم میں سے نہ کسی کی دعا کو قبول کرنے والا ہوں اور نہ مخلوق میں سے کسی اور شخص کی جس کے ذمہ کسی کا کوئی مظلمہ ہو۔

يا نوف ان تكون عشارًا او شاعرًا او عريفًا او شرطيا او جابيا او صاحب عرطبة وهي طنبور او صاحب كوبة وهو الطبل ان نبي الله داؤد خرج ذات ليلة فنظر الى السماء فقال انها الساعة التي لا يرد فيها دعوة الا دعوة عريف او دعوة شاعر او دعوة عاشر او شرطي او صاحب عرطبة او صاحب كوبة

اے نوف اگر تو چنگی وصول کرنے والا یا شاعر یا دلال یا جانوروں کو گابھ کرانے والا یا خصی کرنے والا یا طنبور بجانے والا یا طبلہ بجانے والا ہے تو سن لے کہ ایک رات حضرت داؤد نبی اللہ نے باہر نکل کر آسمان پر نظر کی اور کہا کہ اس رات خداوند عالم دعاؤں کو رد کر دیتا ہے خصوصاً عریف شاعر، عاشر یا طنبوری یا طبلہ بجانے والے کی۔

(بحار الانوار۔ ج ۱۷ ص ۱۰۵)

نوف البکالی کو نصیحت

(۲) نوف البکالی سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ حضرت امیر المومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا جب کہ حضرت مسجد کوفہ کے صحن میں تشریف رکھتے تھے اور عرض کیا:

نوف: السلام عليك يا امير المومنين ورحمة الله وبركاته۔

نوف: السلام علیک یا امیر المومنین ورحمۃ اللہ برکاتہ

امير المومنين: وعليك السلام يا نوف ورحمة الله وبركاته

امیر المومنین وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یا نوف۔

نوف: يا امير المومنين عظني:

نوف: یا امیر المومنین مجھے کچھ نصیحت فرمائیے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین: یا نوف احسن یحسن اللّٰہ الیک۔

نوف: زدنی یا امیرالمومنین۔

امیرالمومنین: یا نوف ارحم ترحم

نوف: زدنی یا امیرالمومنین۔

امیرالمومنین: یا نوف قل خیراً تذکر بخیر

نوف: زدنی یا امیرالمومنین۔

امیرالمومنین: یا نوف اجتنب الغیبۃ فانھا ادام کلاب النار۔

یا نوف: کذب من زعم انہ ولد من حلال وھو یاکل لحم الناس بالغیبۃ وکذب من زعم انہ من ولد حلال وھو یبغضنی ویبغض الائمۃ من ولدی۔ وکذب من زعم انہ من ولد حلال وھو یحب الزنا۔ وکذب من زعم انہ یعرف اللّٰہ عزوجل وھو مجتر علی معاصی اللّٰہ کل یوم ولیلۃ۔

یا نوف اقبل وصیتی لا تکونن نقیباً ولا عریفاً ولا عشاراً ولا بریداً۔

یا نوف صل رحمک اللّٰہ فی عمرک وحسن خلقک یخفف اللّٰہ فی حسابک

یا نوف ان سرک ان تکون معی یوم القیمۃ فلا تکن للظالمین معینا۔

یا نوف من احبنا کان معنا یوم القیمۃ

اے نوف نیکی کر تو تیرے ساتھ بھی نیکی کی جائے گی۔

نوف: یا امیرالمومنین اور کچھ زیادہ فرمایئے۔

امیرالمومنین: اے نوف رحم کر تجھ پر بھی رحم کیا جائے گا۔

نوف: یا امیرالمومنین کچھ اور فرمایئے۔

امیرالمومنین: اے نوف خیر بات کر تو تیرا ذکر بھی خیر سے ہوگا

نوف: یا امیرالمومنین کچھ اور فرمایئے۔

امیرالمومنین: غیبت سے اجتناب کر کہ یہ جہنم کے کتوں کا سالن ہے۔

اے نوف وہ شخص جھوٹا ہے جو اس خیال میں ہے کہ وہ حلال زادہ ہے اور غیبت سے لوگوں کا گوشت کھاتا ہے اور وہ شخص بھی جھوٹا ہے جو اپنے کو حلال زادہ سمجھتا ہے جبکہ وہ مجھ سے اور میری اولاد سے ہونے والے آئمہ سے بغض رکھتا ہے۔ و نیز وہ شخص بھی جھوٹا ہے جو اس زعم میں ہے کہ وہ حلال زادہ ہے اور زنا کا خواہش مند ہے و نیز وہ شخص بھی جھوٹا ہے جو اس زعم میں ہے کہ وہ خدائے عزوجل کی معرفت رکھتا ہے حالانکہ وہ شب و روز گناہوں پر جرأت کرتا ہے۔

اے نوف میری نصیحت کو قبول کر اور بکری میں بولی بڑھانے والا دلال، چنگی وصول کرنے والا یا قاصد مت بن۔

اے نوف صلوٰۃ پڑھ خدا تجھ پر رحم کرے گا اور عمر دراز کرے گا حسن خلق سے پیش آ تو خدا تیرے حساب میں تخفیف کریگا

اے نوف اگر تو چاہتا ہے کہ قیامت کے روز میرے ساتھ رہے تو ظالمین کا مددگار مت بن۔

اے نوف جس نے ہم سے محبت کی وہ قیامت کے روز

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ولو ان رجلا احب حجرا لحشره الله معه۔

ہمارے ساتھ رہے گا اگر کوئی شخص کسی پتھر سے محبت کرے تو خدا اس کا حشر اسی کے ساتھ کرے گا۔

یا نوف ایاك ان تتزین للناس و تبارز الله بالمعاصی فیفضحك الله یوم تلقاه

اے نوف لوگوں پر دکھاؤ کیلئے زینت کرنے سے بچ اور اللہ کے گناہوں سے بچ ورنہ خدا یوم ملاقات ذلیل کریگا

یا نوف احفظ عنی ما اقول لك تنل به خیر الدنیا والآخرة۔

اے نوف میں نے جو کچھ تجھ سے کہا ہے حفظ کرے اس میں دنیا و آخرت کی خیر و خوبی پائے گا۔

(بحار الانوار ج ۱۷ صفحہ ۱۰۰ مستدرک)

احادیث سلسلۃ الذھب

عبد العظیم ابن عبداللہ حسنی سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ محمد ابن امام رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ ابن رسول اللہؐ کوئی حدیث سنایئے جو آپ نے اپنے آباؤ اجداد سے سنی ہو۔

فرمایا کہ میرے والد میرے دادا سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ:

لا یزال الناس بخیر ما تفاوتوا فاذا استووا ھلکوا۔

ترجمہ: لوگ ہمیشہ نیکی پر رہیں گے جب تک کہ ان میں تفاوت ہوگا اور جب وہ برابر ہو جائیں ہلاک ہو جائیں گے عرض کیا ابن رسول اللہ اور کچھ فرمایئے۔ فرمایا کہ میرے والد میرے دادا سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ "انکم لن تسعو الناس باموالکم فسعوھم بطلاقۃ الوجہ وحسن اللقاء فانی سمعت رسول اللہ یقول انکم لن تسعو الناس باموالکم فسعوھم باخلاقکم

ترجمہ: تم لوگ مال سے لوگوں کے لئے سعی نہیں کرسکتے تو خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی کے ساتھ سعی کرو۔ میں نے رسول اللہؐ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر تم لوگ مال سے لوگوں کی مدد نہیں کرسکتے تو اخلاق کے ساتھ سعی کرو عرض کیا کہ ابن رسول اللہؐ اور کچھ زیادہ فرمایئے۔ فرمایا کہ مجھ سے میرے والد نے کہا کہ انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیر المومنین نے فرمایا کہ "من عتب علی الزمان طالت معتبتہ (جس نے دنیا سے مخالفت کی اس کی ناراضگی دنیا سے بڑھ جائیگی)۔

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور زیادہ فرمایئے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ "مجالسۃ الاشرار تورث سوء الظن بالاخیار (شریروں کے ساتھ ہم نشینی نیکوں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بدگمانی پیدا کرتی ہے)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ حضرت امیرالمومنین نے فرمایا کہ بئس الزاد الی المعاد العدوان علی العباد (قیامت کے روز کے لئے سب سے بُرا توشہ بندگان خدا سے دشمنی کرنا ہے۔)

عرض کیا کہ ابن رسول کچھ اور فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ قیمۃ کل امرء ما یحسنہ (ہر شخص کی قیمت وہی ہے جو وہ نیکی کرتا ہے)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے آباؤ اجداد سے سنا کہ حضرت علی امیرالمومنین نے فرمایا کہ "المرء مخبوء تحت لسانہ (انسان اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے۔

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ اور کچھ فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے میرے والد اور انہوں نے اپنے ابا و اجداد سے سنا کہ امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ "ما ھلک امرء عرف قدرہ" (جو اپنی عزت و قدر کو جانتا ہے ہلاک نہیں ہوتا۔)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور فرمائیے۔ فرمایا کہ میرے والد سے میں اور اپنے آباؤ اجداد سے انہوں نے سنا کہ امیرالمومنین نے فرمایا کہ "التدبیر قبل العمل یومنک من الندم" (عمل سے پہلے تدبیر ندامت سے بچاتی ہے۔)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ زیادہ فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے آباء سے سنا کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ "من وثق بالزمان صرع" جس نے دنیا پر اعتماد کیا گر پڑا۔)

عرض کیا ابن رسول اللہ کچھ اور زیادہ کہیئے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے آباؤ اجداد سے سنا کہ امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ "خاطر بنفسہ من استغنی برایہ" جس نے اپنی رائے پر غرور کیا اپنے نفس کے لئے خطرہ مول لیا۔)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور زیادہ فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے آباء سے سنا کہ امیرالمومنین نے فرمایا کہ "قلۃ العیال احد الیسارین" (اولاد کی کمی دو فراغ بالیوں میں سے ایک ہے۔

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور زیادہ فرمائیے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے آباء سے سنا کہ امیرالمومنین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے فرمایا کہ " من دخلہ العجب ھلك " (جس میں تکبر داخل ہوا وہ ہلاک ہو گیا۔)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ فرمایئے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ " من الیقین بالخلف جاد بالعطیۃ " (جس نے اپنی اولاد پر یقین کیا بہت عطا کرنے لگے گا۔)

عرض کیا کہ ابن رسول اللہ کچھ اور فرمایئے۔ فرمایا کہ میں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اجداد سے سنا کہ امیرالمومنین نے فرمایا " من رضی بالعافیۃ ممن دونہ رزق السلامۃ ممن فوقہ" (جو اپنے سے کم کے بارے میں راضی ہوا وہ اپنے فوق سے سلامتی طلب کرے گا۔

(بحارالانوار۔ ج ۱۷ ص ۱۰۱)

ایمان حضرت ابوطالب علیہ السلام

بعض لوگ اس خیال میں ہیں کہ حضرت ابوطالب نے اسلام قبول نہ کیا تھا جو بالکل غلط ہے چنانچہ حضرت امیرالمومنین ع سے ایک مرتبہ رحبہ میں جب کہ آپ لوگوں کے ایک بڑے اجتماع میں تشریف رکھتے تھے۔ ایک شخص نے کہا کہ یا امیرالمومنین علیہ السلام آپ تو اس مقام پر رہیں گے جو خدا نے آپ کے لئے مقرر کیا ہے۔ مگر آپ کے والد نار میں معذب ہوتے رہیں گے۔

حضرت امیرالمومنین ع نے جواب دیا کہ:

مہ فض اللہ فاك والذی بعث محمداً بالحق نبیاً لو شفع ابی فی کل مذنب علی وجہ الارض لشفعہ اللہ فیھم ابی معذب فی النار وابنہ قسیم الجنۃ والنار ثم قال والذی بعث محمداً بالحق نبیاً ان نور ابی یوم القیمۃ لیطفی انوار الخلائق الا خمسۃ انوار نور محمد ونوری ونور فاطمۃ ونور الحسن ونور الحسین ونور تسعۃ من ولد الحسین لان نورہ من نورنا خلقہ اللہ تعالیٰ قبل ان یخلق آدم بالفی عام ہ (بحار المعارف ص ۲۷۳ ۔ احتجاج طبرسی ج ۱ ص ۳۴۱)

ترجمہ: ٹھہر جا خدا تیرے منہ کو توڑ دے۔ اس کی قسم جس نے محمدؐ کو حق کے ساتھ نبی مبعوث کیا اگر والد بزرگوار روئے زمین کے تمام گناہ گاروں کی شفاعت کریں گے تو خدا ان کی شفاعت قبول کرے گا۔ کیا میرا باپ جہنم میں معذب، سو گا جب کہ اس کا بیٹا جنت و جہنم کا تقسیم کرنے والا ہو گا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر فرمایا۔ "اس کی قسم جس نے محمدؐ کو حق کے ساتھ نبی مبعوث کیا میرے باپ کے نور کے مقابلہ میں قیامت کے روز تمام مخلوق کا نور ماند پڑ جائے گا سوائے پانچ انوار کے یعنی نور محمدؐ، میرا نور، فاطمہؑ کا نور، حسنؑ کا نور، حسینؑ کا نور اور حسینؑ کی اولاد سے نو انوار کے کیونکہ ان کا نور ہمارے نور سے ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم سے دو ہزار سال قبل خلق کیا تھا۔

طبیب یونانی سے مکالمہ

امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایک روز ایک یونانی فلسفی طبیب نے حضرت امیرالمومنینؑ سے عرض کیا کہ:

یا ابا الحسن بلغنی خبر صاحبك وان به جنونًا وجئت لاعالجه فلحقته قد مضی لسبیله

اے ابوالحسنؑ مجھے اطلاع ملی تھی کہ آپ کے صاحب کو جنون ہو گیا تھا اس لئے میں ان کے علاج کیلئے آیا جب میں یہاں

وفاتنی ما اردت من ذالك وقد قیل لی انك ابن عمه وصهره واری بك صفارًا

آیا تو معلوم ہوا کہ ان کا انتقال ہو چکا اور میرا مقصد فوت ہو گیا جو میں نے سوچا تھا۔ وہ نیز یہ بھی کہا جاتا ہے کہ

قد علاك، وساقین دقیقین ولما اراهما تقلا نك، فاما الصفار فعندی دوائه واما

آپ انکے چچازاد بھائی اور داماد ہیں میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے چہرے پر زردی بڑھ رہی ہے اور آپکی پنڈلیاں پتلی ہو گئی ہیں

الساقان الدقیقان فلا حیلة لی لتغلیظهما، والوجه ان ترفق بنفسك فی المشی تقلله

میں یہ دیکھتا ہوں تو مجھے قلق ہوتا ہے میرے پاس اس زردی کی دوا ہے اور پنڈلیاں جو پتلی ہیں ان کا موٹا کرنا بھی مشکل نہیں

ولا تکثره وفیما تحمله علی ظهرك وتحتضنه بصدرك ان تقللهما ولا

جہاں تک چہرہ کا تعلق ہے آپ کو چاہیئے کہ اپنے طور پر نرمی اختیار کریں۔ چلنے میں اپنی رفتار کو کم کریں تیز نہ ہونے دیں اور اپنی

تکثرهما فان ساقیك دقیقان لا یومن عند حمل ثقیل انقصاه فهما، واما الصفار

پشت پر جو بار اٹھاتے ہیں اور اس سے سینہ پر جو بار پڑتا ہے اسکو کم کریں اور زیادہ نہ ہونے دیں چونکہ آپ کی پنڈلیاں پتلی ہیں آپکے زیادہ

فدوائه عندی وهو اهذا، واخرج دوائه وقال: هذا لا یوزیلك ولا یخینك

وزن اٹھانے سے میں مطمئن ہوں۔ البتہ چہرے کی زردی کے لئے میرے پاس یہ دوا موجود ہے۔ چنانچہ دوا نکالی اور کہا کہ آپ

ولکنه تلزمك حمیة من اللحم اربعین صباحًا ثم یزیل صفارك

کو نہ نقصان پہونچائیگی اور نہ کوئی تکلیف آپکو چاہیئے کہ اس کو گوشت کے ساتھ پکا کر چالیس روز صبح میں کھائیں اس سے آپ کی زردی زائل ہو جائیگی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین: قد ذکرت نفع هذا الدواء لصفاری فهل تعرف شیئاً یزید

میرے رنگ کی زردی کے دفع کے لئے تو نے اس دوا کے فوائد تو بیان کئے کیا تو اس کے علاوہ اور اثرات بھی جانتا ہے

فیه ویضره؟

جو ضرر پہونچاتی ہیں۔؟

طبیب: بلی حبة من هذا. واشار الی دواء معه. وقال ان تناوله انسان وبه صفار اماته من ساعته، وان کان لا صفار به صار به صفار حتی یموت فی یومه۔

اس کے ساتھ جو دوا تھی اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی انسان جس کے رنگ میں زردی ہو ان میں سے ایک گولی کھائے تو ایک ساعت میں مر جائے گا اور اس کو زردی نہ ہو اور کھائے تو ایک دن میں مر جائے گا۔

امیرالمومنین: فارنی هذا الضار، فاعطاه ایاه

اچھا یہ گولیاں مجھے دے دے اور اس کے ضرر پہونچانے کو دکھا۔

طبیب: کم قدر هذا؟ قال قدره مثقالین سم ناقع، قد کل حبة منه لا یقتل

ترجمہ: کتنی گولیاں دوں؟ اس میں سے دو مثقال زہر قاتل ہے اس میں کی ہر گولی ایک آدمی کو مار ڈالے گی۔ پس

رجلا فتناوله علی علیه السلام فقمعه وعرق عرقاً خفیفاً، وجعل الرجل یرتعد

حضرت علی علیہ السلام نے سب دوا کھالی جس سے آپ کو تھوڑا سا پسینہ آگیا اور وہ شخص خوف کے مارے کانپنے لگا۔

یقول فی نفسه: الآن اوخذ یا بن ابی طالب ویقال قتلته ولا یقبل منی قولی انه

اور اپنے دل میں کہنے لگا کہ ابن ابی طالب کی وجہ سے میں پکڑا جاؤں گا اور لوگ کہیں گے کہ تو نے ان کو قتل کیا اور میری کوئی

هو الجانی علی نفسه۔

بات قبول نہ کریں گے۔ انہوں نے عمداً اپنی جان دی۔

فتبسم علی بن ابی طالب وقال یا عبد الله اصح ما کنت بدناً الآن لم یضرنی ما زعمت انه سم۔

ترجمہ: حضرت علی ابن ابی طالب نے مسکرایا اور فرمایا کہ بندۂ خدا کیا یہ صحیح ہے جو تو خیال کر رہا تھا تو اس خیال میں تھا کہ یہ زہر قاتل ہے مگر اس نے مجھے کوئی ضرر نہ پہونچایا۔

ثم قال: فغمض عینیک، فغمض، ثم قال: افتح عینیک ففتح، ونظر الی وجه

حضرت نے پھر فرمایا کہ تو اپنی آنکھیں بند کرلے پس اس نے آنکھیں بند کرلیں۔ پھر فرمایا کہ آنکھیں کھولے پس اس نے

علی ابن ابی طالب، فاذا هو ابیض احمر مشرب حمرة، فارتعد الرجل لما رآه وتبسم

آنکھیں کھول دیں اور حضرت ابن ابی طالب کی طرف دیکھا تو آپ کا چہرہ سرخ و

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سفید اور سرخی مائل تھا پس وہ کانپنے لگا۔ حضرت علیؑ تبسم ہوئے اور دریافت فرمایا کہ وہ زردی کہاں ہے جو تو نے گمان کیا تھا۔

علیؑ وقال : این الصفار والذی زعمت انہ بی۔

طبیب : واللہ لکانک لست من رایت، قبل کنت مصفاراً، فانک الان مورد

ترجمہ : خدا کی قسم آپ وہ نہیں ہیں جنہیں میں نے دیکھا تھا جب کہ آپ حالت ضرر میں تھے اب آپ ایسے اچھے ہیں جیسے ہونا چاہئے۔

امیرالمومنین : فزال عنی الصفار الذی تزعم انہ قاتلی،

حضرتؑ : مجھ سے وہ زردی زائل ہو گئی جس کو تو میری قاتل سمجھ رہا تھا۔

واما ساقای ھاتان ومد رجلیہ وکشف عن ساقیہ، فانک زعمت انی احتاج الی
حضرت نے اپنے دونوں پیر پھیلاتے ہوئے پنڈلیوں کو کھول کر فرمایا کہ تو اس گمان میں تھا کہ میں جسم پر بار اٹھاتا ہوں اس
ان ارفق ببدنی فی حمل ما احمل علیہ، لئلا ینقصف الساقان وانا ارید ان طب
میں کمی کرنی چاہئے تاکہ پنڈلیاں پتلی نہ ہو جائیں۔ میں تجھ کو دکھانا چاہتا ہوں کہ اللہ عزوجل کی طب تیری طب سے مختلف ہے
اللہ عزوجل علی خلاف طبک، وضرب بیدہ الی اسطوانۃ خشب عظیمۃ، علی راسہا
اور آپ نے لکڑی کے ایک عظیم اسطوانہ (ستون) پر ہاتھ سے ضرب لگائی جس کے سر پر سطح جگہ تھی جس پر وہ طبیب
سطح مجلسہ الذی ھو فیہ، وفوقہ حجرتان، احدھما فوق الاخری وحرکہا فاحتملہا
بیٹھا ہوا تھا اس کے اوپر دو کمرے تھے جن میں سے ایک دوسرے کے اوپر تھا آپ نے اس کو حرکت دی جس کو اس نے
فارتفع السطح والحیطان وفوقہما الغرفتان، فغشی علی الیونانی فقال علیؑ : صبوا علیہ
برداشت کر لیا اس کے ساتھ ہی وہ سطح اور دیواریں بلند ہونے لگیں ان کے اوپر دو دریچے بھی تھے یہ دیکھ کر یونانی کو غش
ماء فصبوا علیہ ماء فافاق وھو یقول : واللہ ما رایت کالیوم عجباً۔
آ گیا حضرت نے فرمایا کہ اس پر پانی چھڑکیں پس اس پر پانی چھڑکا گیا اور اس کو افاقہ ہوا اور وہ کہنے لگا کہ خدا کی قسم
میں نے آج کی طرح عجیب چیز نہیں دیکھی۔

فقالؑ : ھذہ قوۃ الساقین الدقیقین واحتمالھما فی طبک ھذا یا یونانی؟

حضرت : یہ دقیق پنڈلیوں کی قوت ہے اور ان کا متحمل ہونا ہے۔ اے یونانی کیا یہ تیری طب میں ہے؟

طبیب : امثلک کان محمداً؟

کیا محمدؐ بھی ایسے ہی تھے؟

امیرالمومنین : وھل علمی الا من علمہ، وعقلی الا من عقلہ وقوتی الا من قوتہ ولقد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اتاہ ثقفی وکان اطب العرب، فقال لہ : ان کان بلک جنون دوائک؟

حضرت : میرا علم نہیں ہے نگران کے علم سے، میری عقل نہیں ہے نگران کی عقل سے اور میری قوت نہیں ہے نگران کی قوت سے یہ انہوں ہی نے مجھے عطا کیا اور وہ عرب کے سب سے بڑے طبیب تھے اور فرمایا کہ اگر تجھ کو جنون ہو جائے تو تیری دوا کیا ہے؟

فقال لہ محمد اتحب ان اریک آیۃ تعلم بھا غنای من طبک وحاجتک الی طبی؟

اس سے متعلق محمدؐ نے کہا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ تجھ کو ایک نشانی دکھاؤں کہ تو اس کو جان لے کہ میں تیری طب سے بے پرواہ کیوں ہوں اور تو میری طب کا محتاج ہے۔

قال : نعم :

ہاں

قال : ای آیۃ ترید ؟

طبیب اس نشانی سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

قال : تند عوذالک العذق واشار الی نخلۃ سحوق فدعاہ، فانقلع اصلھا من الارض

حضرت : ایک درخت کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ چلا آ پس اس کی جڑ اکھڑ گئی اور وہ تیزی سے زمین کو کاٹتے ہوئے سامنے آگیا۔

فقال : اکفاک ؟ حضرت : کیا وہ تیرے لئے کافی ہے؟

قال : لا طبیب : نہیں۔

قال : فترید ماذا ؟ حضرت اب تو کیا چاہتا ہے۔

قال : تامرھا ان ترجع الی حیث جاءت منہ، وتستقر فی مقرھا الذی انقلعت منہ

طبیب : اس کو حکم دیں کہ جہاں سے آیا ہے چلا جائے اور اپنے مقام پر قائم ہو جائے۔ جہاں سے آیا ہے۔

فامرھا، فرجعت واستقرت فی مقرھا۔

پس آپ نے اس کو حکم دیا اور وہ واپس ہو کر اپنے مقام پر قائم ہو گیا۔

فقال الیونانی یا امیرالمومنین : ھذا الذی تذکرعن محمد غائب عنی وانا ارید

طبیب : یہ وہ چیز ہے جس کا ذکر آپ نے محمدؐ کی جانب سے کیا ہے جو اس وقت مجھ سے غائب ہیں اور میں چاہتا ہوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اختصر منك علی اقل من ذالك، اتباعد عنك فادعنی وانا لا اختار الاجابة فان
کہ اختصاراً آپ کے ساتھ ایک بات پر قائم ہو جاؤں اب میں آپ سے دور ہوتا ہوں اور اگر آپ پھر بلائیں تو میں
جنت بی الیك فهی آیة قبول نہ کروں گا اگر میں آپ کے پاس پھر آجاؤں تو یہ ایک نشانی ہوگی۔

امیرالمومنین : انما یکون آیة لك وحدك لانك تعلم من نفسك انك لم ترده
وانی ازلت اختیارك من غیر ان باشرت منی شیئا او ممن امرته بان یباشرك، او
ممن تصد الی اختیارك وان لم آمره الا ما یکون من قدرة الله القاهر وانت
یا یونانی یمکنك ان تدعی ویمکن غیرك ان یقول : انی واطاتك علی ذلك فاقترح
ان کنت مقترحا ما هو آیة لجمیع للعالمین۔ تیرے لئے یہ ایک نشانی ہے کیونکہ تو اپنے
نفس کے متعلق جانتا ہے اور اس کو ہرگز رد نہ کرے گا اور میں تیرے اختیار کو بغیر اس کے کہ تو مجھ سے ملے یا اس سے
جس کو میں نے حکم دیا ہے کہ تجھ سے ملے یا اس سے جس نے تجھے ماننے کا ارادہ کیا ہو تیرے اختیار کو زائل کرتا ہوں
اور اگر میں اس کو حکم نہ دوں تو تو آگاہ ہو جا کہ جو کچھ خدائے قاہر کی قدرت سے واقع ہوگا اور اے یونانی ممکن ہے کہ تو بلائے
اور تیرے غیر کے لئے ممکن ہے کہ میری اور تیری اس بات کو ماننے سے متعلق کچھ کہے پس اب تو اس سے متعلق سوال کرنا چاہتا
ہے تو سوال کرے یہ تمام عالمین کیلئے ایک نشانی ہوگی۔

طبیب یونانی : ان جعلت الاقتراح الی فانا اقترح : ان تفصل اجزاء تلك النخلة، وتفرقها
وتباعد ما بینها، ثم تجمعها وتعیدها کما کانت۔

ترجمہ : جب آپ نے سوال کرنے کو مجھ پر قرار ہی دیا تو میں سوال کرتا ہوں کہ آپ اس درخت کے اجزاء کے تفرق
علیحدہ علیحدہ ہونے پھر جمع ہو جانے اور پہلی حالت میں عود کر جانے کی تفصیل فرمائیے۔

امیرالمومنین :۔ هذه آیة وانت رسولی الیها۔ یعنی الی النخلة۔ نقل لها:
حضرتؑ : یہ ایک نشانی ہے اور تو میری جانب سے اس کی طرف پیامبر ہے۔ یعنی درخت کی طرف)
ان وصی محمدؐ رسول الله یامر اجزائك ان تتفرق وتتباعد۔
پس اس سے کہہ کہ وصی محمد رسول اللہ نے حکم دیا ہے کہ اپنے اجزاء میں متفرق ہو کر ایک کو دوسرے سے علیحدہ کردے۔

فذهب فقال لها: ذالك فتفاصلت وتهافتت وتنثرت وتصاغرت اجزائها
پس وہ گیا اور درخت سے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس کے اجزاء ٹوٹ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گئے اور ان میں انقلابی کیفیت
حتی لم یرلها عین ولا اثر حتی کان لم تکن هناك نخلة قط
پیدا ہوگئی اور ریزہ ریزہ ہوئے یہاں تک کہ اس کا کوئی اثر باقی نہ نظر آیا گویا وہاں قطعاً کوئی درخت ہی نہ تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فارتعدت فرائض الیونانی وقال: یا وصی محمد رسول اللہ قد اعطیتنی اقتراحی الاوّل
یونانی کے اعضاء وجوارح کانپنے لگے اور کہا اے وصی محمد رسول اللہ آپ نے میرے پہلے سوال کرنے پر مجھے عطا کیا تھا

فاعطنی الآخر فامرھا ان تجتمع وتعود کما کانت، فقال: انت رسولی۔
اور دوسری بات یہ عطا کیجئے کہ اس کو جمع ہونے کا حکم دیں اور یہ پہلے کی طرح ہو جائے۔ حضرت نے فرمایا تو اس کی

الیھا فعد فقل لھا: یا اجزاء النخلۃ ان وصی محمد رسول اللہ یامرک ان تجتمی
طرف میرا پیامبر ہے اس کو پھر کہہ کہ اے درخت کے اجزاء وصی محمد رسول اللہ نے تم کو حکم دیا ہے کہ جمع ہو جائیں اور

کما کنت وان تعودی۔
درخت جس طرح پہلے تھا اسی حالت میں عود کر آئیں۔

فنادی الیونانی فقال ذالک، فارتفعت فی الھواء کھیئۃ الھباء المنثورۃ
پس یونانی نے آواز دی اور کہا اور اس کی آواز پراگندہ غبار کی طرح ہوا میں پھیل گئی۔ پھر اس کے اجزاء جمع ہونے لگے

جعلت تجتمع جزء منھا حتی تصور لھا القضبان، والاوراق واصول السعف وشماریخ
یہاں تک کہ اس کی شاخوں پتوں اور جڑوں کی شکلیں بننے لگیں پھر وہ ایک نظام میں جمع ہو کر مرتب ہونے لگے یہاں

الاعذاق، ثم تالفت وتجمعت وترکبت واستطالت وعرضت واستقر اصلھا فی
مرتب ہونے لگے اور طول وعرض اختیار کر لیا اور اس کی جڑیں اپنے مقام پر آگئیں اور ان پر ان کا تنہ قرار

مقرھا وتمکن علیھا ساقھا، وترکب علی الساق قضبانھا، وعلی القضبان اوراقھا
پا گیا، تنہ پر شاخیں مرتب ہو گئیں اور شاخوں پر پتے نکل آئے وغیرہ اس کے کھلے حصوں میں بھی پتے نکل

وفی امکنتھا اعذاقھا وکانت فی الابتداء شماریخھا متجردۃ لبعدھا من اوان الرطب
آئے جو ابتداً رطب کلیوں اور گدرے کھجوروں کے نہ ہونے کی وجہ خالی تھے۔

والبسر والخلال۔

فقال الیونانی: واخری احب ان تخرج شماریخھا اخلالھا وتقلبھا من خضرۃ
یونانی: بالاخر میں چاہتا ہوں کہ کونپلیں اور کلیاں نکل کر سبزی سے زردی اور سرخی اختیار کریں اور کھجور بن کر

پک جائیں تاکہ میں اور جو لوگ حاضر ہیں کھا سکیں۔

امیرالمومنین: انت رسولی الیھا بذلک فمرھا بہ
حضرت تو میرا پیامبر ہے اس کی طرف اس کو اس کا حکم دے۔

طبیب یونانی: ما امرہ امیرالمومنین فاخلت، واسرت، اصفرت واحمرت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یونانی: امیرالمومنین نے جو حکم دیا ہے کہ کھجور کی کلیاں کچے خرمے آجائیں اور زرد سرخ ہو کر رطب بن جائیں

وترطبت، وتقلت اعذاقها برطبها: فقال واخرها احبها ان تقرب من بین ید

اور رطب سے بھر جائیں پھر کہا کہ میری آخری خواہش یہ ہے کہ یہ سب میرے سامنے آجائیں یا میرے ہاتھ اتنے

اعذاقها، اوتطول یدی لتنالها، واحب شئ الی: ان تنزل الی احد یهما وتطول یدی

لمبے ہو جائیں کہ میں ان کو چھو سکوں۔ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں میں سے کوئی ایک بات ہو جائے اور آخری مرتبہ

الی الاخری التی ھی اختها۔

میرے ہاتھ اتنے طویل ہو جائیں کہ میں ان کو چھو سکوں۔ میں چاہتا ہوں کہ ان دونوں میں سے کوئی ایک بات ہو جائے

امیرالمومنین: مد الید التی ترید ان تنالها وقل: یا مقرب البعید قرب یدی منھا

حضرت: تو جو چاہتا ہے اس کی طرف ہاتھ پھیلا اور کہہ اے دور کی چیز کو قریب کرنے والے میرے ہاتھ کو اس

واقبض الاخری التی ترید ان ینزل العذق الیها وقل: یا مسھل العسیر سھل لی

اس کے قریب کر دے اور اس کو میرے قبضہ میں کر دے جس کے درخت سے نازل ہونے کو میں چاہتا ہوں اور

تناول ما یبعد عنی منھا ففعل ذلک فقاله، فطالت یمناہ فوصلت الی العذق

اور کہہ اے تنگی کو آسان کرنے والے میرے لئے اس کے کھانے کو آسان کر دے جو مجھ سے دور ہے پس اس نے

وانحطت الاعذاق الاخر فسقطت علی الارض وقد طالت عراجینها۔

ایسا کیا اور کہا اور اس کے ساتھ ہی اس کا داہنا ہاتھ طویل ہو گیا اور شاخوں سے مل گیا اور دوسری شاخیں بھی

ثم قال امیرالمومنین: انک ان اکلت منھا ولم تومن بمن اظھر لک من عجائبها

قریب آگئیں اور دیر تک زمین پر کھجور گرتے رہے۔

حضرت ؑ: اگر تو اس میں سے کچھ کھالے اور ان عجائبات کے دیکھنے کے بعد جو تجھ پر ظاہر کئے گئے ایمان نہ لایا تو خداوند

عجل اللہ عزوجل الیک من العقوبة التی یبتلیک بها ما یعتبر به عقلاء خلقه وجهالهم

خداوند عزوجل تجھ پر ایسا عذاب نازل کرے گا جس میں تو مبتلا رہے گا اور مخلوق کے عقلاً اور جہلا اس سے عبرت حاصل

طبیب یونانی: انی ان کفرت بعد ما رأیت فقد بالغت فی العناد، وتناھیت فی التعرض

کریں گے۔ یونانی: اگر میں یہ دیکھنے کے بعد انکار کروں تو گویا میں نے عناد میں زیادتی کی اور اپنے کو ہلاکت میں ڈالنے کی

للھلاک، اشھد انک من خاصة اللہ، صادق فی جمیع اقاویلک عن اللہ فامرنی

انتہا پر پہونچا دیا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے خاص بندوں میں سے ہیں اور خدا کی جانب سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بما تشاء اطعك، اپنے تمام اقوال میں سچے ہیں بس آپ جو چاہتے ہیں مجھے حکم دیں میں آپ کی اطاعت کروں گا

امیرالمومنین: آمرك ان: تقرّ لله بالوحدانیة، وتشهد له بالجود والحکمة وتنزهه

حضرت: میں تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرے اور گواہی دے کہ وہ صاحب جود و حکمت ہے۔

عن العبث والفساد، وعن ظلم الاماء والعباد، وتشهد ان محمدًا الذی انا وصیه

بیکار امور و فساد سے اور کنیزوں و غلاموں پر ظلم کرنے سے پاک ہے۔ اور گواہی دے محمدؐ کی اور میری کہ میں سید الانام

سیّد الانام، وافضل رتبة فی دارالسلام، وتشهد ان علیاً الذی اراك عما اراك

کا وصی ہوں اور وہ جنت میں افضل رتبہ رکھتے ہیں۔ اور گواہی دے کہ علیؑ جنہوں نے تجھ کو جو کچھ دکھایا اور نعمتوں

واولاك من النعم ما اولاك، خیر خلق الله بعد محمدؐ رسول الله واحق خلق الله

میں سے جو کچھ عطا کیا محمدؐ رسول اللہ کے بعد مخلوق میں سب سے بہتر و افضل ہیں اور محمدؐ کے بعد شریعت اور

بمقام محمدؐ بعده، وبالقیام بشرایعه واحکامه، وتشهد ان اولیائه اولیاء الله، واعدائه

احکام خدا کے قائم کرنے میں محمدؐ کے جانشین بننے کے خلق اللہ میں سب سے زیادہ حق دار ہیں اور گواہی دے کہ ان کے دوست

اعداء الله وان المومنین المشارکین لك فیما کلفتك المساعدین لك علی ما امرتك

اللہ کے دوست اور ان کے دشمن اللہ کے دشمن ہیں۔ مومنین جو اس امر میں جس کا میں نے تجھ کو حکم دیا ہے تیری مدد کیلئے

تیرے ساتھ شریک ہیں۔ وہ محمدؐ کی بہترین امت ہے اور علیؑ کے بہترین گروہ ہیں۔

به خیرة امة محمدؐ وصفوة شیعة علیؑ۔

وامرك: ان تواسی اخوانك المطابقین لك علی تصدیق محمدؐ وتصدیقی والانقیاد

میں تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ تو اپنے بھائیوں کے ساتھ جو محمدؐ کی اور میری تصدیق میں تیرے مطابق ہوں اور ان کے ولی کی

والانقیاد له ولی، مما رزقك الله وفضلك علی من فضلك به منهم، تسد فاقتهم

پیروی کریں ہمدردی کر جو کچھ خدا نے تجھ کو عطا کیا ہے اور فضیلت دی ہے اور جو کچھ فضیلت ان لوگوں پر دی ہے۔ ان

وتجبر کسرهم وخلتهم، ومن کان منهم فی درجتك فی الایمان ساویته من مالك

کی فاقہ کشی اور محتاجی کا انسداد کر، ان کی حاجت برآری کر اور ان میں سے جو ایمان میں تیرے درجہ پر ہوں اپنے

بنفسك، ومن کان منهم فاضلاً علیك فی دینك آثرته بمالك علی نفسك حتی یعلم

مال و جان سے مدد کر۔ اور ان میں سے جو لوگ دین میں تجھ پر فضیلت رکھتے ہیں اپنی جان و مال کو ان پر ایثار

الله منك ان دینه آثر عندك من مالك، وان اولیائه اکرم علیك من اهلك وعیالك

کریہاں تک کہ اللہ کو تیرے بارے میں علم ہو جائے کہ ان کا دین تیرے مال پر اثر انداز ہوا نیز اس کے اولیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیرے اہل وعیال سے زیادہ تجھ پر فضیلت رکھتے ہیں۔

وآمرك : ان تصون دينك، وعلمنا الذى اودعناك واسرارنا التى حملناك ولا
اور میں تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ تو حفاظت کر اپنے دین کی، ہمارے علم کی جو ہم نے تیرے سپرد کیا اور ان اسرار کی جو ہم نے
تبد علومنا من يقابلها بالعناد، ويقابلك من اهلها بالشتم، واللعن، والتناول
تجھ پر ظاہر کیا۔ ہمارے علوم کو اس پر ظاہر نہ کر جو دشمنی سے مقابلہ کرنے لگے اور اس پر جو تجھ سے لعن ودشنام سے
من العرض والبدن، ولا تفش سرنا الى من يشنع علينا، وعند الجاهلين باحوالنا
مقابلہ کرے اور تیری ایذا رسانی کے درپے ہو وہ نیز ہمارے راز کو اس پر فاش نہ کر جو ہم کو برا بھلا کہتا ہو جاہلین
ولا تعرض اوليائنا لبوادر الجهال
پر ہمارے احوال ظاہر نہ کر اور ہمارے دوستوں سے تعرض نہ کر تاکہ جہلا سبقت نہ کریں۔

وآمرك : ان تستعمل التقية فى دينك، فان الله عزوجل يقول " لا يتخذ المومنون
میں تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ تو اپنے دین میں تقیہ اختیار کرے خدائے عزوجل فرماتا ہے کہ مومنین مومنین کو چھوڑ کر کافرین
الكافرين اولياء من دون المومنين ومن يفعل ذلك فليس من الله فى شئ الا ان
کو اپنا سرپرست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا۔ اس سے کسی بات میں خدا سے کوئی واسطہ نہ رہے گا سوائے اس صورت
تتقوا منهم تقاة " (سورہ آل عمران ۲۸) وقد اذنت لك فى تفضيل اعدائنا ان
کے کہ تم ان سے کسی قسم کا خوف رکھتے ہو اور بچنا چاہتے ہو۔ اگر ہمارے دشمنوں سے خوف ہو تو میں تجھ کو اجازت دیتا
لجاءك الخوف اليه وفى اظهار البراءة منا ان حملك الوجل عليه، وفى ترك
ہوں کہ ان کو فضیلت دے اور ہم سے اظہار برأت کر لے اگر ایسا نہ کرنے میں کوئی خوف ہو اور واجبات نماز ترک
الصلوٰة المكتوبات ان خشيت على حشاشتك الآفات والعاهات، فان تفضيلك
کرتے ہیں ان کی دشمنی سے مصائب وآفات میں مبتلا ہونے کا خوف ہو تو تیری خوف کی حالت میں تیرا ہمارے دشمنوں کو ہم پر
اعدائنا علينا عند خوفك لا ينفعهم ولا يضرنا، وان اظهارك برائتك منا
فضیلت دینا نہ ان کو کوئی فائدہ پہونچاتا ہے اور نہ ہم کو کوئی مضرت اور تقیہ میں تیرا ہم سے اظہار برأت ہم کو نہ کوئی برائی
عند تقيتك لا يقدح فينا ولا ينقصنا ولان تبرأ منا ساعة بلسانك وانت
پہونچائے گا اور نہ ہماری منزلت کو گھٹائے گا۔ تیری جان کے ایسی روح کے ساتھ باقی رہنے میں جس سے تیرے جسم کا
موال لنا بجنانك لتبقى على نفسك روحها التى بها قوامها ومالها الذى به
باقی رہنا ہے اور تیرا مال جس سے تیرا قیام ہے اور اس جاہ ومرتبہ کے لئے جسے تو نے حاصل کیا ہے دل سے دوست

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قیامها وجاهها ازری به تماسكها، وتصون من عرف بذلك وعرفت به من
ہوتے ہوئے ایک ساعت کے لئے ہم سے زبان سے تبرا کرے تو ہم کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا اور اس
اولیائنا واخوتنا من بعد ذلك بشهور وسنين الى ان يفرج الله تلك الكربة
شخص کو بچائے گا جس نے اس بات کو جان لیا اور اس کے ذریعہ مہینوں اور سالوں ہمارے دوستوں اور بھائیوں
او تزول به تلك النقمة فان ذلك افضل من ان تتعرض للهلاك وتنقطع به
کو بچانا یہاں تک کہ خدا اس کی مصیبت کو دور کرے اور اس سے یہ غم دور ہو جائے پس یہ اس سے زیادہ افضل
عن عمل الدين وصلاح اخوانك المؤمنين، واياك ثم اياك ان تترك التقية
ہے کہ تو اپنے کو معرض ہلاکت میں ڈالے اور عمل دین اور برادران مومن کی صلاح سے منقطع ہو جائے تو اس سے
التي امرتك بها، فانك شائط بدمك ودم اخوانك ومعرض نعمتك ونعمهم
احتراز کر اور بچ کر تو تقیہ کو ترک کر دے جس کا میں نے حکم دیا ہے کہ تو نے اپنے اور اپنے بھائیوں کے خون
على الزوال مذل لك ولهم في ايدى اعداء دين الله وقد امرك الله با
کا بہانے والا ہوگا اور تو پیش کرنے والا ہوگا اپنی نعمتوں اور ان کی نعمتوں کو زوال پر، پھر تو اور تیرے بھائی دین
عزازهم، فانك ان خالفت وصيتي كان ضررك على نفسك واخوانك اشد
خدا کے دشمنوں کے ہاتھوں ذلیل ہونگے۔ خدا نے تجھ کو ان کے اعزاز کا حکم دیا ہے اگر تو میری وصیت کی مخالفت
من ضرر المناصب لنا الكافرينا.
کرے گا تو تیرے نفس کو اور تیرے بھائیوں کو ضرر پہونچے گا جو ہمارے دشمنوں اور منکروں کو ضرر پہونچانے سے زیادہ ہوگا۔

(کتاب الاحتجاج طبرسی، ج ۱ ص ۳۴۲)

دہقانی منجم سے مکالمہ

سعد بن جبیر سے مروی ہے کہ فارس کا ایک دہقانی منجم ایک مرتبہ خدمت امیر المومنین میں حاضر ہو کر بعد تہنیت عرض کیا کہ:

منجم: یا امیر المومنین تناحست النجوم الطالعات وتناحست السعود بالنحوس واذا كان مثل
یا امیر المومنینؑ: ستاروں کے کسی مقام پر واقع ہونے اور سعد ونحس کے آپس میں مقابل ہو جانے کا غور سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ھذا الیوم وجب علی الحکیم الاختفاء ولو ملک ھذا یوم صعب قد اتصلت فیہ کوکبان
مطالعہ کرنا چاہیئے جب ایسا دن ہو تو حکیم کے لئے ضروری ہے کہ رک جائے آج کا دن آپ کے لئے سخت ہے کہ آج دو ستارے
وانکفی فیہ المیزان وانقدح من برجک النیران ولیس لک الحرب بمکان۔
کا میزان میں قران ہے اور آپ کے برج سے دو ستارے نکل گئے ہیں لہذا آپ کو جنگ کے لئے نہیں جانا چاہیئے۔
امیرالمومنینؑ: ویحک یا دھقان المنبئ بالآثار المخوف من الاقدار، ما کان البارحۃ
وائے ہو تجھ پر اے دہقانی کہ تیرے احکام اندازہ پر اور آثار خوف پر مبنی ہیں برج میزان کے مالک پر شب گذشتہ
صاحب المیزان وفی ای برج کان صاحب السرطان وکم الطالع من الاسد والساعات فی الحرکات
کیا گذری اور برج سلطان کا مالک کس برج میں تھا اس وقت طلوع اسد سے کتنے درجہ پر تھا اور
وکم بین السراری والدراری؟
سراری اور دراری کے درمیان کس قدر فاصلہ ہے۔
منجم: سانظر واومی بیدہ الی کمہ، واخرج منہ اسطرلابا ینظر فیہ
میں دیکھوں گا کہہ کر اپنی آستین سے اسطرلاب نکالا تاکہ اس سے دیکھے۔
فتبسم امیرالمومنین وقال لہ ویلک یا دھقان انت مسیر الثابتات ام کیف تقضی علی الجاریات
امیرالمومنین نے تبسم فرمایا اور کہا وائے ہو تجھ پر اے دہقان کیا تو ستاروں کا چلانے والا ہے تو صرف سیاروں سے کس طرح
واین ساعات الاسد من المطالع وما الزھرہ من التوابع والجوامع وما دوار السراری المحرکات
حکم لگائے گا اسد کے طلوع سے اب تک کتنی ساعات گذریں اور زہرہ جو اس کے تابعین اور جوامع سے ہے اس وقت
وکم قدر شعاع المیزان وکم التحصیل بالغدوات
کہاں ہے یہ سیاروں کا کون سا دور ہے جو حرکات میں ہے۔ آفتاب و مہتاب کی شعاعیں کس قدر ہیں اور فجر کے وقت کتنی حاصل
ہوتی ہیں۔

منجم: لا علم لی بذالک یا امیرالمومنین (میں نہیں جانتا یا امیرالمومنینؑ)
فتبسم علی علیہ السلام وقال: اتدری ماحدث البارحۃ؟ وقع بالصین، وانفرج
حضرت علی علیہ السلام نے تبسم فرمایا اور پوچھا کیا تجھ کو معلوم ہے کہ شب گذشتہ چین میں کیا ہوا اور برج ماچین علیہ
ماچین وسقط سور سوا ندیب، وانھزم بطرلق الروم بارمینیۃ، وفقد دیان الیھود
ہوگیا اور سراندیپ کی فصیل گر گئی اور ارمینیہ کا راستہ روم سے کٹ اور یہودیوں کا دین جو ابھر رہا تھا کمزور پڑ گیا
نابلۃ، وھاج النمل بوادی النمل، وھلک ملک افریقۃ، اکنت عالما بھذا؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وادی نمل میں چیونٹیاں ابھر آئیں اور ملک افریقہ میں ہلاکت واقع ہوئی کیا تو ان سب کا عالم ہے؟

منجم ، لا یا امیرالمومنین : نہیں یا امیرالمومنین

فقال[۲]: البارحة سعد سبعون الف عالم وولد فی کل عالم سبعون الفاً، واللیلة

حضرت : شب گذشتہ ستر ہزار عالموں میں سعد تھی اور ہر عالم میں ستر ہزار بچے تولد ہوئے اور اس رات اتنے ہی

یموت مثلهم، وهذا منهم. واومی بیده الی سعد بن مسعدة الخارجی لعنة اللّٰه

مریں گے اور یہ انہی میں سے ہوں گے رخارجی سعد بن مسعدہ لعنت اللہ علیہ کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے

وکان جاسوسًا للخوارج فی عسکر امیرالمومنین فظن الملعون انه یقول: خذوه

وہ امیرالمومنین کی فوج میں خوارج کا جاسوس تھا اس ملعون نے خیال کیا کہ وہ جو کہتے ہیں نوٹ کرلینا چاہیئے چنانچہ اس نے

فاخذ بنفسه، فمات، فخرالدهقان ساجداً۔ یاد کرلیا اور مرگیا۔ اور وہ دہقان سجدہ میں گرپڑا۔

امیرالمومنین: الم اردك من عین التوفیق؟

حضرت : کیا تو نظر توفیق سے نہیں دیکھ رہا ہے۔

منجم : بلیٰ یا امیرالمومنین : ہاں یا امیرالمومنین۔

امیرالمومنین : انا واصحابی لا شرقیون ولا غربیون، نحن ناشئة القطب واعلام الفلك

میں اور میرے اصحاب نہ شرقی ہیں نہ غربی۔ ہم قطب کے اور آسمان کے نشانوں کے پیدا کرنے والے ہیں۔

اما قولك انقدح من برجك النیران، فکان الواجب علیك ان تحکم به لا علی اما نوره

مگر تیرا کہنا کہ ستارے تمہارے برج سے نکل گئے ہیں۔ تجھے چاہیئے تھا کہ حکم لگاتا میرے فائدے کے لئے نہ کہ

وضیاؤه فعندی، واما حریقه ولهبه فذاهب عنی، وهذه مسألة عمیطة احسبها

میرے ضرر کے لئے مگر اس کی چمک اور نور میرے علم میں ہے اور اس کا جلنا اور اس کے شعلے جو مجھ سے دور ہو گئے

ان کنت حاسبًا۔ یہ ایک گہرا مسئلہ ہے اگر تو سمجھدار ہے تو اس کو سمجھ۔

وروی انه امیرالمومنین لما اراد المسیر الی الخوارج قال له بعض اصحابه: ان سرت

روایت ہے کہ جب امیرالمومنین نے خوارج سے جنگ کے لئے جانے کا ارادہ کیا آپ کے بعض اصحاب نے کہا کہ اگر آپ

فی هذا الوقت خشیت ان لا تظفر بمرادك من طریق علم النجوم

اس وقت جاؤ گے تو ہم ڈرتے ہیں کہ آپ علم نجوم کے حساب سے اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوں گے۔

فقال[۴]: اتزعم انك تهدی الساعة التی من سار فیها صرف عنه السوء وتخوف

کیا تو اس بات کا گمان کرتا ہے اور اس ساعت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جو اس وقت سفر کرے گا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الساعة التی من سار فیها حاق به الضر " فمن صدقك بهذا فقد كذب القرآن' واستغنى نقصان اٹھائے گا اور اس ساعت سے خوف دلا رہا ہے جس میں سفر کرنے والا ضرر اٹھائے گا پس جس نے اس بات میں عن الاستعانة باللہ فی نیل المحبوب ودفع المكروه، وينبغی فی قولك للعامل بامرك ان تیری تصدیق کی اس نے ضرور قرآن کی تکذیب کی وہ محبوب کے حاصل کرنے میں اور مکروہ کے دفع کرنے میں اللہ سے یولیك الحمد دون ربه لانك بزعمك انت هديته الى الساعة التی نال فیها النفع وامن مستغنی ہو گیا۔ تیرے قول پر عمل کرنے والے کیلئے سزاوار ہے کہ اللہ کے سوائے کسی اور کی حمد کرے کیونکہ تو اس گمان میں ہے کہ تجھکو وہ ساعت بتائی گئی ہے کہ جس میں نفع حاصل ہو اور ضرر سے محفوظ رہے۔

ایها الناس ایاکم وتعلم النجوم الا ما یهتدی به فی بر او بحر' فانه یدعو الی اے لوگو بچو تم نجوم سیکھنے سے مگر اس قدر کہ خشکی و تری میں تم کو راستہ بتانے ضروری ہو۔ یہ تم کو پیش گوئی الكهانة المنجم كالكاهن' والكاهن كالساحر، والساحر كالكافر' والكافر فی النار سیروا کی طرف دعوت دیتا ہے۔ منجم کاہن کے مثل ہے کاہن ساحر کے مثل۔ ساحر کافر کے مثل ہے اور کافر جہنم میں جائیگا علی اسم اللہ وعونه' ومضی فظفر بمراده صلوات اللہ علیه۔

اسم اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اس کی اعانت کے ساتھ چلتے ہوئے گذر جاؤ۔ چنانچہ آپ تشریف لے گئے اور فتحیاب ہوئے اللہ ان پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ (احتجاج طبرسی۔ ج ۱ ص ۳۵۲)

حضرت امیر المومنینؑ اور صعصعہ ابن صوحان

منہاج الحق میں حضرت امیر المومنین اور آپ کے صحابی صعصعہ ابن صوحان کی یہ گفتگو مرقوم ہے۔

صعصعہ : یا امیر المومنین انت افضل ام آدم ابو البشر؟

یا امیر المومنین آپ افضل ہیں یا آدم ابو البشر۔

فرمودند امیر المومنین، تزکیة المرء نفسه قبیح۔ قال اللہ لآدم اسکن انت وزوجك الجنة۔۔۔ وان کثیراً من الاشیاء اباحه اللہ علی وانا ترکها وما قبلتها

کسی شخص کا اپنی تعریف کر لینا برا ہے (مگر سن لے کہ) اللہ نے آدم کے لئے فرمایا کہ تم اور تمہاری زوجہ جنت میں رہیں۔ تحقیق کہ بہت سی چیزیں خدا نے میرے لئے مباح کی ہیں۔ مگر میں نے انہیں ترک کیا اور قبول نہ کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الساعة التی من سار فیها حاق بہ الضر " فمن صدقك بھذا فقد کذب القرآن واستغنی
نقصان اٹھائے گا اور اس ساعت سے خوف دلا رہا ہے جس میں سفر کرنے والا ضرر اٹھائے گا پس جس نے اس بات میں
عن الاستعانة باللّٰہ فی نیل المحبوب ودفع المکروہ، وینبغی فی قولك للعامل بامرك ان
تیری تصدیق کی اس نے ضرور قرآن کی تکذیب کی وہ محبوب کے حاصل کرنے میں اور مکروہ کے دفع کرنے میں اللّٰہ سے
یولیك الحمد دون ربہ لانك بزعمك انت ھدیتہ الی الساعة التی نال فیھا النفع وامن
مستغنی ہو گیا۔ تیرے قول پر عمل کرنے والے کیلئے سزاوار ہے کہ اللّٰہ کے سوائے کسی اور کی حمد کرے کیونکہ تو اس گمان میں ہے
کہ تجھکو وہ ساعت بتائی گئی ہے کہ جس میں نفع حاصل ہو اور ضرر سے محفوظ رہے۔

ایھا الناس ایاکم وتعلم النجوم الا ما یھتدی بہ فی بر او بحر فانہ ید عوالی
اے لوگو بچو تم نجوم سیکھنے سے مگر اس قدر کہ خشکی و تری میں تم کو راستہ بتانے ضروری ہو۔ یہ تم کو پیش گوئی
الکھانة المنجم کالکاھن والکاھن کالساحر، والساحر کالکافر، والکافر فی النار سیروا
کی طرف دعوت دیتا ہے۔ منجم کاہن کے مثل ہے کاہن ساحر کے مثل۔ ساحر کافر کے مثل ہے اور کافر جہنم میں جائیگا
علی اسم اللّٰہ وعونہ، ومضی فظفر براد ہ صلوات اللّٰہ علیہ۔
اسم اللّٰہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اس کی اعانت کے ساتھ چلتے ہوئے گذر جاؤ۔ چنانچہ آپ تشریف لے گئے اور فتحیاب
ہوئے اللّٰہ ان پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ (احتجاج طبرسی۔ ج ۱ ص ۳۵۲)

حضرت امیرالمومنینؑ اور صعصعہ ابن صوحان

منہاج الحق میں حضرت امیرالمومنین اور آپ کے صحابی صعصعہ ابن صوحان کی یہ گفتگو مرقوم ہے۔

صعصعہ: یا امیرالمومنین انت افضل ام آدم ابوالبشر؟
یا امیرالمومنین آپ افضل ہیں یا آدم ابوالبشر۔

فضرت امیرالمومنین، تزکیة المرء نفسہ قبیح۔ قال اللّٰہ لآدم اسکن انت وزوجك
الجنة۔۔۔ وان کثیراً من الاشیاء اباحہ اللّٰہ علی وانا ترکھا وما قبلتھا
کسی شخص کا اپنی تعریف کر لینا برا ہے (مگر سن لے کہ) اللّٰہ نے آدم کے لئے فرمایا کہ تم اور تمہاری زوجہ جنت
میں رہیں۔ تحقیق کہ بہت سی چیزیں خدا نے میرے لئے مباح کی ہیں۔ مگر میں نے انہیں ترک کیا اور قبول
نہ کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوٹ: حضرت نے عمر بھر گیہوں نہیں کھایا۔

انت افضل یا امیرالمومنین ام نوح (یا امیرالمومنینؑ آپ افضل ہیں یا نوحؑ)

حضرت امیرالمومنینؑ: ان نوحا دعیٰ علی قومہ وانا ما دعوت علیٰ ظالمی حقی و ابن نوح کان کافراً و ابنای سید اشباب اھل الجنۃ

نوحؑ نے اپنی قوم کے لئے بددعا کی تھی اور میں نے میرے حق میں ظلم کرنے والوں کے لئے بھی بددعا نہیں کی و نیز نوحؑ کا بیٹا کافر تھا اور میرے دونوں بیٹے اہل جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔

صعصعہ انت افضل ام موسیٰ کلیم اللہ (آپ افضل ہیں یا موسیٰ کلیم اللہ)

حضرت امیرالمومنین: ان اللہ ارسل موسیٰ الیٰ فرعون قال انی اخاف ان یقتلون حتی قال اللہ لاتخف انی لا یخاف لدی المرسلون قال رب انی قتلت منھم نفسا فاخاف ان یقتلان وانا ما خفت حین ارسلنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ علی تبلیغ سورۃ براۃ ان اقراھا علی قریش فی الموسم مع انی کنت قتلت کثیراً من صنادید قریش فذھبت الیھم و قرات علیھم وما خفتھم

بیشک خدا نے موسیٰ کو فرعون کی طرف بھیجا تھا اور موسیٰؑ نے کہا تھا کہ میں ڈرتا ہوں کہ قتل کر دیا جاؤں گا۔ یہاں تک کہ خدا نے فرمایا کہ خوف مت کر کیونکہ مرسلین خوف نہیں کرتے۔ موسیٰ نے عرض کیا کہ پروردگارا میں نے ان میں سے ایک آدمی کو قتل کیا ہے اس لئے میں ڈرتا ہوں کہ قتل کیا جاؤں گا اور میں نے خوف نہیں کیا جب کہ رسول اللہؐ نے مجھے سورۃ برات کی تبلیغ کے لئے بھیجا تھا کہ حج کے زمانہ میں قریش کے سامنے پڑھوں حالانکہ میں نے بزرگان قریش سے بہت سوں کو قتل کیا تھا پس میں ان کی طرف گیا اور ان پر سورۂ برأت پڑھا اور خوف نہ کیا۔

صعصعہ: انت افضل ام عیسیٰ بن مریم (آپ افضل ہیں یا عیسیٰ ابن مریم)

حضرت امیرالمومنین: عیسیٰ ام کانت فی بیت المقدس فلما جاء وقت ولادتھا سمعت قائلا یقول لھا اخرجی فان ھذا بیت العبادۃ لا بیت الولادۃ وانا فاطمۃ بنت اسد لما قرب وضع حملھا کانت فی الحرم فانشق حایط الکعبۃ وسمعت قائل یقول لھا ادخلی قد خلت فی وسط البیت وانا ولدت فیہ فان لیس لاحد ھذہ الفضیلۃ غیری لا قبلی ولا بعدی۔

جب عیسیٰؑ کی ولادت کا وقت آیا ان کی ماں بیت المقدس میں تھیں اور کسی کہنے والے کو کہتے سنا کہ یہاں سے باہر نکل جائے کہ بتحقیق یہ عبادت خانہ ہے زچگی خانہ نہیں اور جس وقت میری ماں فاطمہؑ بنت اسد کے وضع حمل کا وقت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قریب آیا وہ حرم میں تھیں پس دیوار کعبہ شق ہوئی اور وہ کسی کہنے والے کو کہتے سنیں کہ اندر داخل ہو پس وہ خانہ کعبہ میں داخل ہوگئیں اور بیت اللہ کے وسط میں تولد ہوا پس یہ فضیلت میرے قبل اور میرے بعد سوائے میرے کسی کے لئے نہیں۔

حضرت علی علیہ السّلام اور ایک خیبری

ایک مرتبہ حضرت علی علیہ السلام ایک راستہ سے گذر رہے تھے اور ایک خیبری آپ کے ہمراہ تھا پس دونوں کا گذر ایک وادی سے ہوا جس میں پانی بہہ رہا تھا۔ پس خیبری اپنی سواری پر سوار ہو کر کچھ پڑھا اور پانی پر سے گذر گیا اور پلٹ کر حضرت کو آواز دی کہ اے شخص اگر تو بھی جانتا ہے جو میں جانتا ہوں تو تو بھی پانی پر سے گذر جاتا جیسا کہ میں گذر گیا۔

حضرت امیرؑ: تو ذرا اپنی جگہ ٹھہر جا۔

پھر حضرت امیر نے پانی کی طرف اشارہ فرمایا اور وہ جم گیا اور اس پر سے گذر گئے۔ جب خیبری نے دیکھا اپنے پیروں پر کھڑا ہوگیا اور کہنے لگے اے جوان تو نے کیا کہا کہ پانی جم کر پتھر بن گیا۔

حضرت امیرؑ: تو نے کیا کہا تھا کہ پانی پر سے گذر سکا۔

خیبری: میں نے اللہ کو اس کے اسم اعظم کے ساتھ پکارا۔

حضرت علیؑ: وہ اسم اعظم کیا ہے۔

خیبری: میں نے محمدؐ اعظم کے وصی کے نام کے ساتھ خدا سے سوال کیا۔

حضرت امیرؑ: محمدؐ صلعم کا وصی تو میں ہوں۔

خیبری: بیشک آپ سچ فرماتے ہیں۔

پس اس نے اسلام قبول کر لیا۔ (بحر المعارف ص ۳۱۹)

ماورائے کوہ قاف

ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ کوہ قاف کے پرے ایک عالم ہے جہاں میرے سوائے کوئی نہیں پہونچ سکتا ہیں۔۔۔ اس کے ساتھ میرا علم ایسا ہی ہے جیسا کہ تمہاری اس دنیا کے ساتھ میں اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر محیط اور گواہ ہوں ۔ اگر میں چاہوں کہ دنیا کے ساتوں آسمان اور زمینوں پر سے گذر جاؤں تو ایک چشم زدن سے کم وقفہ میں گذر سکتا ہوں کیونکہ میرے پاس اسم اعظم ہے اور میں آیت عظمیٰ اور معجزہ باہرہ ہوں ۔ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ (مشارق الانوار، بصائر الدرجات)

قضایائے امیر المومنینؑ

تاریخ انسانی میں حضرت رسالت مآبؐ کے بعد جامع ترین و ہمہ گیر شخصیت سوائے حضرت علی علیہ السلام کے اور کوئی نہیں ملتی۔ علوم الٰہیات، کلام و فلسفہ و سیاست و اخلاق، معاشرت، تفسیر و حدیث و فقہ، لغت و نحو، خطابت و بلاغت، انشاء و قضا اور شجاعت و سخاوت و عصمت وغیرہ میں آپ کی انفرادیت اس درجہ بڑھی کہ اسے ضرب المثل کی حیثیت حاصل ہو گئی۔ زمانہ رسالت میں ہر معرکہ جنگ کی فتح آپ ہی کی مرہون منت رہی۔ اور عہد خلفا میں آپ ہی حلال مشکلات رہے۔ آپ کے محیر العقول قضایا آپ کے زمانہ ہی سے محفوظ کئے جاتے رہے، عربی اور فارسی میں کئی کتابیں امیر المومنینؑ کے فیصلوں پر شائع ہوئیں۔ آپ کے اکثر قضایا ان کتابوں میں آج بھی محفوظ ہیں۔

نجاشی جلد ۳، اعیان الشیعہ ج ۱۲ ص ۲۲۵، فہرس طوسی ۱۹ ص ۲۰۲، رجال نجاشی ص ۲۲۶، ص ۲۲۶، ص ۳۹، ص ۵، ص ۱۵، ص ۱۳، ص ۲۲۹، ص ۱۸، ابن ندیم ص ۱۶۷، مناقب شہر آشوب، کتاب عجائبات الاحکام امیر المومنینؑ کتاب قضایا امیر المومنینؑ وغیرہ، حضرت کے چند قضایا درج ذیل ہیں۔

ایک بیل اور گدھے کا جھگڑا

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول خدا کے زمانے میں ایک بیل نے ایک گدھے کو مار دیا۔ ان کے مالکین نے اس جھگڑے کو رسول خدا کی خدمت میں پیش کیا اس وقت رسول خدا اپنے اصحاب میں قیام فرما تھے۔ فرمایا کہ تم لوگ ان کا جھگڑا چکا دو۔ اصحاب نے جواب دیا کہ یا رسولؐ ایک جانور نے دوسرے جانور کو مارا ہے لہٰذا جانور پر کوئی حد جاری نہیں کی جا سکتی۔ پھر رسول خداؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ یا علیؑ تم ان کے درمیان فیصلہ کرو۔

حضرت علیؑ نے ان دونوں سے دریافت فرمایا کہ دونوں جانور بندھے ہوئے تھے یا کھلے ہوئے یا ایک بندھا ہوا اور دوسرا کھلا تھا۔ ایک آدمی نے جواب دیا کہ گدھا بندھا ہوا تھا اور بیل کھلا تھا اور اس کا مالک بھی اس کے ساتھ موجود تھا پس حضرت نے فرمایا کہ بیل کے مالک کو ایک گدھے کا پورا تاوان ادا کرنا چاہیئے۔

رسول خداؐ نے اس فیصلہ کو سن کر اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کر کے فرمایا کہ خداوندا تیرا شکر ہے کہ تو نے مجھ سے ایک ایسے شخص کو پیدا کیا جو مدلل فیصلے کرتا ہے۔ (کتاب عجائب احکام امیر المومنینؑ) (۱۱)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولود کی تشخیص

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ تین آدمیوں کے درمیان جنہوں نے زمانہ جاہلیت میں ایک ہی طہر میں ایک عورت سے ہم بستری کی تھی وضع حمل پر بچہ کی ابنیت پر جھگڑا واقع ہوا۔ جب وہ فیصلہ کے لئے حضرت علی کے پاس آئے تو حضرت نے فرمایا کہ قرعہ اندازی کی جائے اور جس کے حق میں قرعہ نکلے بچہ اسی کا مقصود ہوگا۔ پس قرعہ ڈالا اور بچہ کی دیت کو حضرت نے تینوں آدمیوں میں تقسیم کر دیا اس لئے کہ انہوں نے بچے کے نسب کو مشتبہ کر دیا تھا۔ آپ نے تاوان کا تیسرا حصہ اس شخص کے ذمہ لگایا جس کے حق میں بچہ کا قرعہ نکلا تھا اور باقی دو ثلث دوسرے دو آدمیوں کے ذمہ لگائے اور تمام دیت لڑکے کی ماں کو دلوا دی اور زجر و ہدایت کی کہ آئندہ ایسی حرکت نہ کریں۔

یہ سن کر رسول خداؐ اس قدر ہنسے کہ آپ کے دانت نظر آنے لگے اور فرمایا کہ علیؑ نے جو فیصلہ کیا ہے اس میں ترمیم کی گنجائش نہیں۔ انجیل میں بھی ایسے ہی ایک واقعہ کا ایسا ہی فیصلہ مذکور ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ ہم اہل بیتؑ میں اس نے ایسے شخص کو قرار دیا ہے جو حضرت داؤد کے جیسے فیصلے کرتا ہے (مناقب شہر آشوب)

رسول کریمؐ پر الزام

کتاب امالی میں مذکور ہے کہ رسول خداؐ نے ایک اعرابی سے ایک ناقہ ستر درہم میں خریدا اور اس کی پوری قیمت ادا کر دی قیمت لینے کے باوجود اعرابی نے جھگڑا شروع کیا کہ آپ نے قیمت ادا نہیں کی بالآخر اعرابی نے کہا کہ کسی شخص کو حکم مقرر کرو تاکہ اس جھگڑے کا تصفیہ کرے۔ آنحضرت نے اعرابی کے حسب اتفاق حضرت ابوبکر کو حکم مقرر کیا۔ ابوبکر نے پوچھا کہ اے اعرابی تیرا کیا دعویٰ ہے، اس نے کہا کہ ناقہ کی قیمت کے ستر درہم چاہیئے۔ اس کے بعد آنحضرت سے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ نے ناقہ لینے کا اقرار تو کیا اب قیمت ادا کرنے کے ثبوت میں دو گواہ پیش کیجئے۔ یا ستر درہم ادا کیجئے۔ رسول خدا نے منہ پھیر لیا۔ اسی اثناء میں حضرت عمر بھی آگئے اور آنحضرت نے اعرابی کے اتفاق سے عمر کو حکم بنایا اور حضرت عمر نے بھی یہی فیصلہ کیا۔ یہ سن کر آنحضرتؐ غضب آلود ہو کر کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ میں اس شخص کو چاہتا ہوں کہ جو حکم خدا کے مطابق فیصلہ کرے۔ پس اعرابی کے اتفاق سے حضرت علی حکم بنائے گئے۔ حضرت علیؑ نے اعرابی اور رسول خدا دونوں سے واقعہ دریافت کر کے اعرابی سے فرمایا کہ رسول خدا تو فرماتے ہیں کہ ناقہ کی قیمت ادا کر چکے ہیں، کیا وہ سچ نہیں کہتے ہیں۔ اعرابی نے کہا کہ نہیں۔ حضرت علی نے نیام سے تلوار نکال کر اعرابی کی گردن اڑا دی۔ آنحضرت نے فرمایا کہ تم نے اس کو قتل کیوں کیا۔ حضرت علی نے جواب دیا کہ اس نے رسول خدا کی تکذیب کی۔ جو کوئی خدا کے رسول کی تکذیب کرے اس کا قتل واجب ہے۔ آنحضرت نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس نے مجھے صدق و راستی کے ساتھ پیغمبر بنا کر بھیجا کہ اے بھائی تو نے اعرابی کے قتل کرنے میں حکم خدا کی خلاف ورزی نہیں کی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انہدام دیوار و ہلاکت جماعت

ایک مرتبہ ایک دیوار کے گر جانے سے چند لوگ مر گئے جن میں دو عورتیں بھی تھیں ایک عورت آزاد تھی اور دوسری مملوکہ جاریہ تھی ان دونوں عورتوں کے دو بچے تھے۔ آزاد عورت کا شوہر بھی مرد آزاد تھا اور جاریہ کا شوہر کسی کا مملوک تھا۔ کوئی شخص ایسا باقی نہ رہا تھا کہ آزاد اور مملوکہ عورتوں کے بچوں کی شناخت کر سکے۔ جب یہ قضیہ حضرت امیرؑ کے پاس پہونچا آپ نے قرعہ ڈال کر فرمایا کہ فلاں مرد آزاد کا اور فلاں مملوک کا ہے اور مملوک کو آزاد کرکے حکم فرمایا کہ مملوک کے بچہ کا ولی اس کا آقا ہے اور ان کی میراث سے متعلق ایسا ہی حکم دیا جیسا کہ آزاد اور اس کے ولی کے لئے ہے جب رسول اللہ نے اس فیصلہ کو سنا تو فرمایا کہ یہ بالکل صحیح فیصلہ ہے۔

(مناقب ابن شہر آشوب ص)

گھوڑے کا آدمی کو مار دینا

امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب رسول خداؐ نے حضرت علیؑ کو یمن بھیجا تھا وہاں ایک مرتبہ ایک گھوڑا اپنے مالک سے چھوٹ کر بھاگ نکلا۔ اثنائے راہ میں ایک آدمی کو لات ماردی جس سے وہ ہلاک ہو گیا۔ مرحوم کے ورثاؑ گھوڑے کے مالک کو حضرت علیؑ کے پاس لے آئے۔ اس نے عرض کیا کہ گھوڑا گھر سے بھاگ نکلا تھا اور اس شخص کو لات ماری تھی حضرت نے فیصلہ کیا کہ مقتول کی دیت گھوڑے کے مالک پر کچھ نہیں۔

حضرت علیؑ کے اس فیصلہ سے ناراض ہو کر مقتول کے ورثاء رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ یا رسول اللہؐ علیؑ نے ہم پر ستم کیا اور ہمارے مقتول کے خون کو باطل قرار دے دیا۔ رسول خداؐ نے فرمایا کہ علیؑ ظالم نہیں اور ظلم کرنے کے لئے پیدا نہیں ہوئے ہیں میرے بعد ولایت علیؑ کے لئے مخصوص ہے اور حکم اس کا حکم اور قول اس کا قول ہے۔ اس کا قول و

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکم اور ولایت کو رد نہیں کرے گا مگر جو کافر ہو اور اس کے قول و حکم و ولایت سے راضی و خوشنود نہ ہو گا۔ مگر بندۂ مومن۔

جب اہل یمن نے رسول خدا کے اس ارشاد کو سنا، عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم علی کے حکم سے راضی ہوئے اور ان کے قول کو پسند کیا۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ قول علی سے تمہارا یہ رضامند ہونا تم نے جو کچھ کہا اس کی توبہ ہے۔

(بحارالانوار)

ایک شیر اور چار آدمی

یمن کے علاقہ میں شیر کے شکار کے لیے چند آدمیوں نے ایک گڑھا کھودا۔ جس میں ایک شیر گر گیا اور اس کو دیکھنے تماشائیوں کی ایک بھیڑ لگ گئی اور ایک آدمی گڑھے میں گر پڑا اس نے گرتے گرتے ایک دوسرے آدمی سے سہارا لیا۔ دوسرے نے تیسرے کو اور تیسرے نے چوتھے کو تھام لیا اور چاروں کے چاروں گڑھے میں گر گئے اور شیر نے چاروں کو اس قدر زخمی کیا کہ سب مر گئے۔ اور مرحومین کے ورثے میں دیت کے لیے جھگڑا شروع ہو گیا۔ جب یہ جھگڑا حضرت امیرالمومنینؑ کے پاس پیش ہوا تو حضرت نے یہ فیصلہ کیا کہ پہلے آدمی پر دیت کا چوتھا حصہ دوسرے پر ایک تہائی، تیسرے پر نصف اور چوتھے پر پوری دیت مقرر فرمائی اور اس تمام دیت کو ان کے قبائل پر عائد کیا بعض لوگ اس فیصلے پر رضامند ہو گئے اور بعض نے ناراض ہو کر اس مقدمہ کو رسولؐ خدا کی خدمت میں پیش کیا مگر رسولؐ خدا نے حضرت علیؑ کے فیصلہ ہی کو بحال رکھا۔

(مسند حنبل، ینابیع المودۃ، امالی، ارشاد شیخ مفید)

ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک روز ابی کعب نے آیت "وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً" کی تفسیر کی درخواست کی تو آنحضرت نے حاضرین محفل سے جن میں ابوبکر، عبیدہ، عمر، عثمان اور عبدالرحمن وغیرہ بھی تھے، سوال کیا کہ بتاؤ وہ کون سی پہلی نعمت ہے جو خدا نے تم کو عطا کی اور اس کی وجہ تم کو آزمایا۔ سب سوچنے لگے کہ کھانے پینے کی چیزیں کہیں یا لباس و ذریت و ازدواج۔ جب کچھ وقت گزر گیا اور کسی نے جواب نہ دیا۔ رسول خدا نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ اے ابوالحسنؑ تم اس کا جواب دو۔ حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ خدا نے مجھے پیدا کیا حالانکہ میں کوئی چیز نہ تھا پھر مجھ پر یہ احسان کیا کہ زندہ رکھا۔ مردہ قرار نہ دیا۔ مجھے اچھی صورت کرامت فرمائی۔ صاحب غور و فکر و حافظ بتایا۔ بیوقوف اور سہو کرنے والا نہ بنایا۔ مجھے شعور عطا کیا جس کے ذریعہ ہر چیز کو جانتا ہوں۔ میرے اندر ایک سراج منیر قرار دیا۔ اپنے دین کی ہدایت کی اور مجھ کو آزاد بنایا، غلام نہ بنایا۔ میرے لیے آسمان و زمین اور ہر اس چیز کو جو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ان کے درمیان سے مسخ کیا۔ پھر مرد بنایا عورت نہ بنایا۔
رسول خدا ہر جملے پر فرماتے جاتے تھے کہ تم نے سچ کہا پھر فرمایا کہ اس کے بعد عرض کی کہ اگر تم چاہو کہ خدا کی نعمتوں کو شمار کرو تو ان کو شمار نہ کر سکو گے۔ یہ سن کر رسول خدا ہنسے اور فرمایا اے ابوالحسن تم کو یہ علم و حکمت مبارک ہو۔ تم میرے علم کے وارث اور میرے بعد میری امت پر ان کے اختلاف کے وقت خبر و حدیث کے بیان کرنے والے ہو۔

زمانۂ خلافت اوّل

خولہ کا واقعہ

کفایت المومنین میں مرقوم ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے خالد بن ولید کو ایک جماعت کثیر کے ساتھ قبیلہ بنی حنفیہ کی طرف بھیجا جو زکواۃ ادا کرنے میں تاخیر کر رہے تھے۔ خالد اس قبیلہ پر غالب آیا اور بہت سا مال غنیمت اور اسیروں کو لے کر خلیفہ کے سامنے حاضر ہوا۔ ان میں ایک سردار قبیلہ کی لڑکی خولہ بھی تھی۔ جب اس کی نظر قبر منور پر پڑی تو بے انتہا گریہ کرنے لگی اور عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کے پاس شکایت لے کر آئی ہوں۔ حضرت ابوبکر نے پوچھا کہ تیری کیا شکایت ہے اس نے جواب دیا کہ ہم مسلمان ہیں کلمہ گو ہیں پھر ہمیں کیوں اسیر کیا گیا۔ خلیفہ نے کہا تم لوگوں نے زکواۃ روک دیا تھا۔ خولہ نے کہا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ رسول خدا کے زمانہ سے ہمارے پاس دستور تھا کہ مالدار لوگ زکواۃ کی رقم غربا کو دیتے تھے اسی دستور کو ہم نے اب بھی باقی رکھنا چاہا۔ مگر خالد نے اس التماس کو قبول نہ کیا حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا اے امیر اس لڑکی کے کہنے پر کوئی خیال نہ کرو اس لیئے کہ اسیری کے بعد یہ لوگ اسی قسم کے کلمات کہتے ہیں خلیفہ نے کہا کہ عہد رسول میں یہ قاعدہ تھا کہ اصحاب میں سے جو شخص کسی اسیر کے سر پر کپڑا ڈال دیتا تھا وہ اس سے متعلق کر دی جاتی تھی تم لوگ بھی ایسا ہی کرو۔ بس دو شخصوں نے خولہ کو زوجہ بنانے کے خیال سے اس پر کپڑا ڈالا۔ خولہ نے کہا کہ خدا کی قسم یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ یہ ایک امر محال ہے جو وقوع میں نہیں آسکتا سوائے اس شخص کے جو میری ولادت کے حالات کو بتائے اور جو کلام میں نے پیدائش کے وقت کیا تھا بیان کرے کوئی میرا مالک نہیں ہو سکتا۔ ایک شخص نے کہا کہ اے لڑکی تو بے تابی کی حالت میں ہے اس لیے لاحاصل باتیں کر رہی ہے۔ وہ بولی کہ خدا کی قسم میں سچ کہہ رہی ہوں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی اثنا میں حضرت علی علیہ السلام مسجد میں تشریف لائے اور لڑکی سے دریافت فرمایا کہ وہ کیا چاہتی ہے اس نے اپنے شرائط بیان کئے تو حضرت علیؑ نے فرمایا کہ غور سے سن کہ جب تیرے پیدا ہونے کا وقت قریب آیا تو تیری ماں نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی تھی کہ اے خدا مجھے اس بچے کی ولادت میں سلامتی عطا فرما۔ اس کی دعا قبول ہوئی اور تو نے پیدا ہو کر کہا " لا الہ الا اللہ، محمد رسول اللہ" اور کہا کہ اے میری ماں تو میرا نکاح میرے سردار حیدر سے کرنا جن سے میرے بطن سے ایک لڑکا تولد ہو گا۔ جو لوگ اس وقت وہاں موجود تھے تیری باتوں سے متحیر ہو گئے اور جو کچھ تجھ سے سنا تھا ایک تانبے کے ٹکڑے پر لکھا اور اس کو تیری ماں نے تیری پیدائش کے مقام پر دفن کر دیا۔ جب اس پر موت کے آثار نمودار ہوئے تجھ کو اس کی حفاظت کرنے کی وصیت کی اور اسیر ہوتے وقت تو نے اس تانبے کے پتر کو بہ کوشش تمام نکال کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیا۔ سن لے کہ اس فرزند کا باپ میں ہوں اور اس کا نام محمد ہو گا۔

خولہ نے اس تانبے کی تختی کو نکال کر سب کے سامنے ڈال دیا۔ اور تمام اصحاب رسولؐ جو وہاں موجود تھے کہنے لگے کہ رسول اللہؐ نے سچ فرمایا کہ میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کے دروازہ ہیں۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر نے کہا کہ اے ابوالحسن یہ لڑکی آپ کی ملکیت ہے اور آپ کا حق ہے۔ حضرت نے خولہ کو اسماء بنت عمیس کے سپرد کیا جو ان دنوں ابوبکر کی زوجہ تھیں۔ ایک ماہ بعد جب خولہ کا بھائی آیا بہن کی طرف سے وکیل ہو کر امیرالمومنین کے ساتھ اس کا نکاح کر دیا۔

(کوکب دری)

۲۔ شراب خوار اور حرمت سے لاعلم

حضرت ابوبکر کے پاس ایک ایسے آدمی کو لے آئے جس نے شراب پی لی تھی تاکہ اس پر حد جاری کریں۔ جب ابوبکر نے حد جاری کرنا چاہا تو اس شخص نے کہا کہ میں نے شراب تو پی ہے۔ مگر اس کی حرمت کے حکم سے لاعلم تھا۔ کیونکہ میں ایسے آدمیوں کے درمیان بڑا ہوا اور مقیم ہوں جو شراب کو حلال جانتے ہیں اگر میں جانتا کہ شراب حرام ہے تو ہرگز نہیں پیتا۔ حضرت ابوبکر نے حضرت عمر سے رائے طلب کی۔ حضرت عمر نے کہا کہ مسئلہ مشکل ہے اس کو سوائے امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام کے کوئی حل نہیں کر سکتا۔ پس ابوبکر عمر اس آدمی کو لے کر حضرت علی کے پاس پہونچے۔ واقعہ سن کر حضرت نے فرمایا کہ کسی شخص کو اس کے ساتھ تمام انصار و مہاجرین کی مجالس میں لے جائے۔ اور دریافت کرے کہ آیا کسی شخص نے آیت تحریم خمر اس کو سنائی ہے اگر دو شخص گواہی دے دیں کہ اس کو شراب حرام ہونے کا حکم سنا دیا گیا تھا تو اس پر حد جاری کی جائے بصورت دیگر اس سے توبہ کروا کر کے اس کو رہا کیا گیا۔

(مناقب شہر آشوب، کافی کلینی، کتاب عجائب احکام)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۔ ایک شخص کا دوسرے کی ماں سے محتلم ہونا

ایک شخص ایک دوسرے شخص کو حضرت ابو بکرؓ کے پاس لے آیا اور کہا کہ یہ شخص کہتا ہے کہ میری ماں کے ساتھ محتلم ہوا ہے اس کو سزا دینی چاہیئے۔ ابو بکر متحیر ہو گئے اور جواب نہ دے سکے۔ حضرت علیؑ بھی وہیں تشریف رکھتے تھے فرمایا کہ اس شخص کو دھوپ میں کھڑا کر کے اس کے سایہ پر حد جاری کریں کیونکہ خواب سایہ کے مثل ہی ہے لیکن ہم اس شخص کو ماریں گے بھی کہ آئندہ ایسی گفتار سے مسلمانوں کو اذیت نہ پہونچائے۔

(مناقب شہر آشوب، کتاب عجائب احکام)

۴ زن شوہر دار کا شوہر طلب کرنا:

ایک عورت حضرت ابو بکر کے پاس آکر کہنے لگی کہ خدا تمہاری اصلاح کرے اور تمہیں ایک اہل دے۔ اس جوان عورت کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے جس نے اپنے شوہر کے ساتھ صبح کر دی حالانکہ وہ اپنے باپ کی اجازت سے دوسرے شوہر کی طلب گار تھی۔

سب سننے والوں نے کہا کہ ایک شوہر دار عورت کس طرح دوسرا شوہر کر سکتی ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس کے شوہر کو حاضر کریں۔ اس کے شوہر کے آنے پر حضرت نے حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے دے۔ اس کے بعد انقضائے عدہ کے بغیر دوسرے آدمی سے اس کی تزویج کر دی۔ اور فرمایا کہ وہ آدمی نامرد تھا۔ اس شخص نے بھی اس کا اقرار کیا۔

(مناقب شہر آشوب)

زمانہ خلافت دوم

حکم رجم زن حاملہ

موفق بن احمد سے روایت ہے کہ ایک حاملہ عورت حضرت عمر کے پاس پیش کی گئی جس نے آپ کے سوال کرنے پر گناہ کا اعتراف کیا اور آپ نے اس کے رجم کا حکم دے دیا۔ یہ سن کر حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تم اس عورت پر حد جاری کر سکتے ہو مگر اس کے جنین کو سزا نہیں دے سکتے (یعنی وضع حمل تک حد جاری نہیں کی جا سکتی) یہ سن کر حضرت عمرؓ نے اس عورت کو چھوڑتے ہوئے کہا کہ علیؑ جیسا فرزند پیدا کرنے سے عورتیں عاجز ہیں۔ اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا یعنی لولا علی لهلک عمرؓ اے خدا مجھے اس مشکل کے لئے زندہ نہ رکھ جب کہ علیؑ نہ ہوں۔ (کشف الغمہ۔ (ینابیع المودۃ)

حکم رجم زن دیوانہ:

حسن بصری سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک پاگل عورت کے رجم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۳۔ ایک شخص کا دوسرے کی ماں سے محتلم ہونا

ایک شخص ایک دوسرے شخص کو حضرت ابو بکرؓ کے پاس لے آیا اور کہا کہ یہ شخص کہتا ہے کہ میری ماں کے ساتھ محتلم ہوا ہے اس کو سزا دینی چاہیئے۔ ابو بکر متحیر ہو گئے اور جواب نہ دے سکے۔ حضرت علیؑ بھی وہیں تشریف رکھتے تھے فرمایا کہ اس شخص کو دھوپ میں کھڑا کر کے اس کے سایہ پر حد جاری کریں کیونکہ خواب سایہ کے مثل ہی ہے لیکن ہم اس شخص کو ماریں گے بھی کہ آئندہ ایسی گفتار سے مسلمانوں کو اذیت نہ پہونچائے۔

(مناقب شہر آشوب، کتاب عجائب احکام)

۴ زن شوہر دار کا شوہر طلب کرنا:

ایک عورت حضرت ابو بکر کے پاس آکر کہنے لگی کہ خدا تمہاری اصلاح کرے اور تمہیں ایک اہل دے۔ اس جوان عورت کے متعلق تمہاری کیا رائے ہے جس نے اپنے شوہر کے ساتھ صبح کر دی حالانکہ وہ اپنے باپ کی اجازت سے دوسرے شوہر کی طلب گار تھی۔

سب سننے والوں نے کہا کہ ایک شوہر دار عورت کس طرح دوسرا شوہر کر سکتی ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس کے شوہر کو حاضر کریں۔ اس کے شوہر کے آنے پر حضرت نے حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے دے۔ اس کے بعد انقضائے عدہ کے بغیر دوسرے آدمی سے اس کی تزویج کر دی۔ اور فرمایا کہ وہ آدمی نامرد تھا۔ اس شخص نے بھی اس کا اقرار کیا۔

(مناقب شہر آشوب)

زمانہ خلافت دوم

حکم رجم زن حاملہ

موفق بن احمد سے روایت ہے کہ ایک حاملہ عورت حضرت عمر کے پاس پیش کی گئی جس نے آپ کے سوال کرنے پر گناہ کا اعتراف کیا اور آپ نے اس کے رجم کا حکم دے دیا۔ یہ سن کر حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تم اس عورت پر حد جاری کر سکتے ہو مگر اس کے جنین کو سزا نہیں دے سکتے (یعنی وضع حمل تک حد جاری نہیں کی جا سکتی) یہ سن کر حضرت عمرؓ نے اس عورت کو چھوڑتے ہوئے کہا کہ علیؑ جیسا فرزند پیدا کرنے سے عورتیں عاجز ہیں۔ اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا یعنی لولا علی لھلک عمرؓ اے خدا مجھے اس مشکل کے لئے زندہ نہ رکھ جب کہ علیؑ نہ ہوں۔

(کشف الغمہ۔ (دینا بیع المودۃ)

حکم رجم زن دیوانہ:

حسن بصری سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک پاگل عورت کے رجم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا حکم دیا تو حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے کیا تم نے رسول اللہ سے نہیں سنا کہ تین آدمیوں کے لئے سزا معاف ہے۔ ایک سونے والا جب تک کہ وہ جاگ نہ جائے۔ دوسرے مجنون جب تک کہ اسکی عقل ٹھیک نہ ہو جائے تیسرے بچہ جب تک کہ بالغ نہ ہو جائے یہ سنکر حضرت عمر نے اس کو چھوڑ دیا اور کہا "لولا علی لہلك عمر"

(صحیح بخاری، فصل الخطاب ۱۱)

(۳) رجم کا حکم چھ ماہ میں جننے والی عورت

ابو حرب سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ کے سامنے ایک عورت پیش کی گئی جس نے چھ ماہ میں بچہ جنا تھا۔ آپ اس کو رجم کا حکم دے رہے تھے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس آیت قرآنی کے پیش نظر اس عورت کو رجم کی سزا نہیں دی جا سکتی۔ والوالدات یرضعن اولادھن حولین کاملین، و نیز خدا نے فرمایا ہے کہ حملہ وفصالہ ثلاثون شہرا۔ پس دو سال دودھ پلانے کی مدت ہے باقی جو چھ ماہ بچے وہ حمل کی مدت ہے۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ نے اس کو چھوڑ دیا اور کہا لولا علیؑ لہلك عمر۔

(۴) اونٹوں کی تقسیم

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں تین شخص دربار خلافت میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ ہمارے پاس سترہ اونٹ ہیں جسکے ہم تینوں مشترک طور پر اس طرح مالک ہیں کہ ایک آدمی نصف کا حصہ دار ہے دوسرا ایک ثلث کا اور تیسرا نویں حصہ کا۔ آپ اونٹوں کی تقسیم اسی تناسب سے اس طرح کریں کہ قطع و برید کی نوبت نہ آئے۔ حضرت عمرؓ اور تمام اہل اسلام سوچتے سوچتے تھک گئے مگر تقسیم نہ کر سکے اور مجبوراً حضرت علیؑ کو بلا کر امر واقعہ سنایا۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ لوگ جس طرح چاہتے ہیں تقسیم کر دوں گا اسکے بعد بیت المال سے ایک اونٹ منگوا کر ان کے اونٹوں میں شریک کر دیا تو جملہ اٹھارہ اونٹ ہو گئے۔ اس میں سے نصف یعنی نو اونٹ پہلے حصہ دار کو دے دیئے اور ایک ثلث یعنی چھ اونٹ دوسرے کو اور نواں حصہ یعنی دو اونٹ تیسرے کو دے دیا اس طرح جملہ سترہ اونٹ ہوئے اور ایک اونٹ بچ گیا۔ اس کو پھر بیت المال واپس کر دیا۔

(۵) غلط تاویل

تفسیر فخر رازی میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ قدامہ بن مظعون نے شراب پی اور حضرت عمرؓ نے اس پر حد جاری کرنا چاہا تو اس نے کہا کہ مجھ پر اس آیت کے تحت حد واجب نہیں "لیس علی الذین آمنوا وعملوا الصلحت جناح فیما طعموا" (یعنی ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور اعمال نیک بجا لائے کوئی گناہ نہیں ہے اس چیز میں جو انہوں نے کھایا ہے)۔

جب حضرت علیؑ کو اسکی اطلاع ملی تو آپ دار الشرع تشریف لائے اور فرمایا اے ابو حفص تم نے قدامہ کو بغیر حد جاری کئے چھوڑ دیا۔ حضرت عمرؓ نے قدامہ کا جواب حضرت علیؑ کو سنایا تو آپ نے فرمایا کہ قدامہ اس آیت کے تحت داخل نہیں ہے کیونکہ وہ امر حرام کا مرتکب ہوا ہے اور اہل ایمان اس آیت کے بموجب حرام کو حلال نہیں جانتے پس اسکو واپس بلا کر توبہ کراؤ اور توبہ کرنے کے بعد حد جاری کرو اور اگر وہ توبہ نہ کرے تو اس کو قتل کر دو کیونکہ وہ ملت اسلامیہ سے خارج ہے۔ پس قدامہ نے توبہ کی اور حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ سے دریافت کیا کہ حد کس طرح جاری کی جائے۔ حضرت نے فرمایا کہ اسّی تازیانے لگائے جائیں۔

(کوکب دری)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۶) بچوں کیلئے دو عورتوں کا جھگڑا

احسن الکبار میں مرقوم ہے کہ دو سوداگر جو آپس میں دوست تھے تجارت کو جاتے وقت اپنی عورتوں کو ایک ہی گھر میں چھوڑ گئے۔ اتفاقاً دونوں عورتیں حاملہ تھیں اور ایک ہی دن دونوں کی زچگی بھی ہوئی۔ ایک عورت کو لڑکا تولد ہوا اور دوسری کو لڑکی۔ لڑکی کی ماں نے چالاکی سے اپنی لڑکی کو لڑکے کی جگہ رکھ کر لڑکے پر قابض ہوگئی۔ جب لڑکے کی ماں کو معلوم ہوا تو دونوں میں جھگڑا شروع ہوا یہاں تک کہ دونوں دارالشرع میں حضرت عمرؓ کے پاس پہنچے حضرت عمرؓ دونوں کے بیان سن کر کوئی تصفیہ نہ کرسکے اس لئے کہ گواہ موجود نہ تھا۔ اس لئے سلمان سے فرمایا کہ ان دونوں عورتوں کو حضرت علیؑ خدمت میں لے جائیں۔

الغرض سلمان دونوں عورتوں کو حضرت امیرؑ کی خدمت میں حاضر کرکے تمام ماجرا سنایا۔ حضرت نے فرمایا کہ ترازو باٹ اور ایک شیشی لائیں شیشی میں ایک عورت کا دودھ لے کر حضرت نے وزن کرکے پھینک دیا پھر دوسری عورت کا دودھ لے کر وزن کیا، بعد ازاں حکم دیا کہ لڑکا مدعیہ عورت کا ہے اور لڑکی دوسری عورت کی۔

حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یا ابوالحسنؑ آپ نے یہ تصفیہ کس طرح کیا۔ فرمایا کہ اے ابوحفص کیا تم نے قرآن میں نہیں پڑھا کہ لڑکے کا حصہ لڑکی سے دوگنا ہوتا ہے اسی طرح لڑکے کے دودھ کا وزن لڑکی کے دودھ سے دوگنا وزنی ہوتا ہے۔ لہٰذا میں نے بھاری دودھ والی عورت کو لڑکے کی ماں قرار دیا۔ اس کے بعد دوسری عورت نے اقبال کیا کہ لڑکی اسی کی ہے۔

(۷) پانچ زانیوں کی سزا

اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ پانچ اشخاص کو زنا کی علت میں گرفتار کرکے حضرت عمرؓ کے سامنے لائے اور آپ نے سب پر حد جاری کرنے کا حکم دیا۔ اس وقت دارالشرع میں حضرت علی علیہ السلام بھی موجود تھے آپ نے فرمایا کہ ٹھہر جاؤ میں خدا اور رسول کے احکام کے مطابق حکم کرتا ہوں اسکے بعد آپ نے ہر ایک کیلئے جدا جدا حکم دیا کہ ایک کو قتل کیا جائے۔ دوسرے کو سنگسار کیا جائے، تیسرے کو پوری حد لگائی جائے، چوتھے کو نصف حد اور پانچویں کو صرف تعزیر کرکے چھوڑ دیا جائے۔

حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ یا ابوالحسنؑ آپ نے یہ مختلف احکام کس طرح دیئے حضرت نے فرمایا کہ پہلا شخص کافر ذمی ہے اس نے مسلمان عورت سے زنا کی ہے۔ دوسرا محصن ہے یعنی عورت رکھتے ہوئے اس نے زنا کی۔ تیسرا مجرد چوتھا غلام ہے اس لئے نصف حد، پانچواں دیوانہ ہے اس لئے صرف تعزیر کرکے چھوڑ دیا۔

اسکے ثابت ہونے کے بعد تمام اہلِ مدینہ حضرت علیؑ کی مدح و ثنا کرنے لگے کہ علوم سید المرسلینؐ کے حقیقی وارث آپ ہی ہیں۔ اور حضرت عمرؓ نے کہا کہ "لا عشت فی امتہ لست فیھا یا ابوالحسن" یعنی میں ان لوگوں میں زندہ نہ رہوں جن میں تم نہ ہوں۔ (کوکب دری)

(۸) گائے اور ایک آدمی کے سر کا بات کرنا

ایک عابدہ عورت تھی ایک مرتبہ اسکے حمل کے زمانہ میں اس کو کباب کھانے کی خواہش ہوئی، اس نے اپنے شوہر سے کہا مگر وہ شخص انتظام نہ کرسکا اس لئے کہ وہ ایک مرد درویش اور غریب آدمی تھا۔ اسی روز اتفاقاً ایک گائے ان کے گھر میں گھس آئی تو عورت نے کہا کہ اسکو ذبح کرکے کباب تیار کرو۔ مرد نے کہا کہ لوگوں کی گائے کس طرح کاٹ سکتے ہیں اور گائے کو گھر سے نکال دیا۔ دوسری مرتبہ پھر وہ گائے مکان میں آئی اور اس شخص نے گائے کو باہر نکال کر دروازہ پر قفل لگا دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیسری مرتبہ وہ گائے اپنے سینگوں سے دروازہ توڑ کر مکان میں گھس آئی تب اس عورت نے کہا کہ تین مرتبہ یہ گائے مکان میں گھس آئی ہے ضرور اس میں ہمارا کچھ حق ہے اور اس نے اپنے شوہر کو راضی کر لیا اور اس نے گائے کو ذبح کر دیا اور کچھ گوشت کے کباب تیار کئے جب کباب کی بو ہمسایہ کے دماغ میں پہنچی جو ان کا مخالف تھا تو اس نے کوٹھے پر چڑھ کر حقیقت معلوم کی اور جاکر گائے کے مالک کو اطلاع دی کہ فلاں شخص نے تیری گائے ذبح کر دی۔ گائے والے نے فوراً چند اہل محلہ کو جمع کر کے گواہی حاصل کر لی اور اس مرد درویش کو پکڑ کر حضرت عمرؓ کے پاس لے گیا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ تو نے اسکی گائے کو کیوں ذبح کیا اس نے وہی دلیل پیش کی جو اسکی عورت نے بیان کی تھی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اے شخص کیا تو دیوانہ ہو گیا ہے؟ لوگوں کی گائے کو دلیل اس سے ذبح نہیں کر سکتے پھر حکم دیا کہ اسکے ہاتھ کاٹ ڈالیں جب اسکو ہاتھ کاٹنے لیجا رہے تھے وہ شور و غل مچا رہا تھا راستہ میں حضرت علیؑ نے دریافت کیا کہ کیا ماجرا ہے اور حقیقت حال سے مطلع ہو کر فرمایا کہ "صدق یا رسول اللہ" اور حکم دیا کہ اس شخص کو دار الشرع لے چلو میں بھی آتا ہوں۔ دار الشرع آکر آپ نے فرمایا کہ اے ابا حفص! کیا میں اس مرد کے بارے میں وہ حکم دوں جو رسول اللہ نے مجھ سے فرمایا ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ضرور جاری کیجئے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ گائے کے مالک کو قتل کر دیا جائے اور اس کے سر کے برابر رکھ کر عدل خداوندی کا تماشہ دیکھا جائے۔ آپ کے حکم کی تعمیل کی گئی تو حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ ابو الحسن آپ نے اس گائے والے کو کیوں قتل کیا حضرت نے جواب دیا کہ اے ابو حفص رسول خدا نے مجھ سے فرمایا تھا کہ حضرت کی وفات کے بعد یہ واقعہ پیش آئے گا۔ لہٰذا مجھ کو چاہیئے کہ گائے والے کا سر کاٹ کر گائے کے ساتھ رکھوں کہ خضر کے واقعہ کی طرح اسرار الٰہی سے ایک سر ظاہر ہوگا۔ پس ان دونوں سروں کو ایک جگہ رکھنے کے بعد حضرت نے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم اس طرح پڑھا کہ کوئی سمجھ نہ سکا اور اسکے ساتھ ہی اس مرد کا سر بلند آواز سے کہنے لگا کہ اے مسلمانو! گواہ رہو کہ میں نے اس شخص کے باپ کو ناحق قتل کیا تھا اور گائے کو غصب کر کے اپنے گھر لے گیا تھا۔ حق تعالیٰ امیر المومنینؑ کو جزائے خیر دے کہ آپ نے دارِ دنیا میں مجھ سے قصاص لے لیا اور عاقبت کے دائمی عذاب سے نجات دلائی۔ اسکے بعد گائے کا سر گویا ہوا اور تمام واقعہ بیان کیا۔ اس واقعہ کے مشاہدے سے اہل مدینہ میں ایک شور بلند ہوا اور سب حضرت علیؑ کی مدح و ثنا کرنے لگے۔

حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ کی دونوں بھوؤں کے درمیان بوسہ دے کر فرمایا "لولا علی لهلك عمر"

(۹) ایک عورت پر تہمت زنا: حضرت دانیال کا واقعہ

چند عورتوں نے ایک حسین لڑکی کو حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کیا اور بیان کیا کہ اس نے زنا کیا ہے۔ حضرت عمرؓ سب کو حضرت علیؑ کے پاس لے آئے اور واقعہ بیان کیا۔ حضرت علیؑ نے ہر ایک عورت کو جدا جدا کر کے بٹھایا اور مدعیہ کو علیحدہ مکان میں بھیجا۔ اسکے بعد ان میں سے ایک عورت کو بلا کر تلوار کھینچ کر فرمایا کہ صحیح واقعہ بیان کر، اگر جھوٹ کہے گی تو تیرا سر تن سے اڑا دوں گا۔ جانتی ہے کہ میں علیؑ ابن ابی طالب ہوں۔ اس نے جواب دیا کہ یا امیر المومنین اصل قصہ یہ ہے کہ یہ لڑکی یتیم ہے اس کو اس مدعیہ کا شوہر اسکے سپرد کر کے سفر پر گیا ہے اور اس نے اس خیال سے کہ شوہر واپس آکر کہیں اس کے حسن کی وجہ سے نکاح نہ کر لے ہمسایہ کی عورتوں کو بلا کر انہیں شراب پلائی اور اس لڑکی کو بھی جبراً شراب پلا کر ہاتھ سے اسکی بکارت زائل کی۔

اسی طرح حضرت نے سب کے بیان لئے اور مقدمہ ثابت ہو گیا تو ارشاد فرمایا کہ دین محمدی میں آج تک میرے سوا کسی شخص نے گواہوں میں تفریق نہیں کی جیسا کہ حضرت دانیال نے اپنے بچپن میں کیا تھا۔ حاضرین نے عرض کیا کہ یا امیر المومنین ہم نے دانیال کی حکایت نہیں سنی حضرت نے فرمایا کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دانیال یتیم تھے اور ایک ضعیفہ ان کی پرورش کرتی تھی۔ اس زمانہ میں بنی اسرائیل کا ایک بادشاہ تھا جسکے دو قاضی تھے۔ ان کا ایک زاہد دوست تھا جو کبھی کبھی بادشاہ سے بھی ملنے جایا کرتا تھا ایک مرتبہ بادشاہ نے اس زاہد کو کسی کام سے باہر بھیجا۔ اس زاہد نے جاتے وقت دونوں قاضیوں سے کہا کہ اسکی واپسی تک ذرا اسکے گھر کی خبر گیری کرتے رہیں۔ پس زاہد کے جانے کے بعد دونوں قاضی روزانہ اسکے گھر جا کر خیر و عافیت پوچھ لیا کرتے تھے۔ ایک روز اتفاقاً ان کی نظر زاہد کی زوجہ پر پڑی جو نہایت حسین و جمیل تھی۔ ایک ہی نظر میں وہ اسکے فریفتہ ہو گئے اور اس سے کار بد کی خواہش کی اور دھمکی دی کہ اگر اس نے انکار کیا تو اس پر زنا کی تہمت لگا کر سزا دلا دیں گے۔ عورت چونکہ عبادت گزار اور خدا ترس تھی اس امر قبیح کو قبول نہ کیا اور جواب دی کہ سنگسار ہونا قبول ہے مگر ارتکاب زنا قبول نہیں۔ پس دونوں قاضیوں نے بادشاہ سے شکایت کی کہ زاہد نے اپنی بیوی کو ہماری نگرانی میں چھوڑ گیا ہے مگر اس نے زنا کا ارتکاب کیا جسکو ہم دونوں نے دیکھا۔ بادشاہ یہ سن کر بہت رنجیدہ ہوا اور کہا کہ تین روز کے بعد احکام سزا جاری کروں گا۔ تیسرے روز وزیر بادشاہ سے کہنے لگا کہ شہر میں ہر طرف یہی چرچا ہے۔ کوئی بھی یہ یقین نہیں کرتا کہ اس عورت نے ارتکاب زنا کیا ہو اس لئے کہ وہ اپنے شوہر سے زیادہ عابدہ و زاہدہ ہے۔ بادشاہ نے کہا کہ کوئی تدبیر بتا کہ اسکے سنگسار کرنے میں تاخیر ہو۔ وزیر باہر نکلا کہ کچھ غور کر کے جواب دے اور ایک راستہ سے گزر رہا تھا دیکھا کہ ایک لڑکا دانیال چند لڑکوں میں کھیل رہا ہے۔ دانیال نے کہا کہ اے لڑکو میں تمہارا بادشاہ بنتا ہوں، فلاں لڑکا زاہد کی بیوی اور فلاں فلاں لڑکے قاضی جنہوں نے زاہد کی بیوی پر تہمت لگائی ہے۔ آؤ میں اس قضیہ کا فیصلہ کرتا ہوں۔ اسکے بعد اس نے ایک مٹی کا ڈھیر جمع کیا اور لکڑی کی تلوار اپنے آگے رکھی اور کہا کہ ایک قاضی کو فلاں جگہ دور لے جاؤ اور دوسرے کو بلا کر پوچھا کہ اس عابدہ نے کس شخص سے اور کس جگہ زنا کیا۔ اس نے جواب دیا کہ فلاں شخص سے فلاں مقام پر کیا۔ پھر دوسرے قاضی کو بلا کر یہی سوال کیا تو اس نے کسی اور شخص کا نام اور کوئی دوسری جگہ بیان کیا چونکہ دونوں کے بیانات میں اختلاف تھا اس لئے دانیال نے کہا کہ دونوں قاضی جھوٹے ہیں۔ اپنا مطلب حاصل نہ ہونے کی وجہ انہوں نے اس عابدہ عورت پر اتہام لگایا ہے اے لڑکو اعلان کر دو کہ قاضیوں نے جھوٹی گواہی دی ہے۔ اس لئے دونوں کو قتل کیا جائے گا۔

جب وزیر نے دانیال سے یہ فیصلہ سنا فوراً بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہو کر بیان کیا۔ چنانچہ بادشاہ نے بھی اسی طرح قاضیوں کا بیان لیا اور دونوں میں اختلاف پا کر ایک پاکباز عورت کو زنا سے متہم کرنے کی پاداش میں دونوں کو قتل کر دیا۔ پس حضرت نے حکم دیا کہ اس عورت پر حد جاری کی جائے اور اس کو شوہر سے دور کر دیا جائے اس شخص نے حسب حکم اس عورت کو طلاق دیدی اور اس لڑکی سے عقد کر لیا حضرت نے ہر گواہ پر عقر (یعنی چار سو درھم) واجب کیا اور اس شخص کی جانب سے لڑکی کو مہر ادا کیا۔ (کوکب دری۔ کتاب عجائب الاحکام)

(۱۰) حضرت عمرؓ اور حجر اسود

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ہم حضرت عمرؓ اور حضرت علیؑ کے ساتھ خانۂ کعبہ کا طواف کر رہے تھے جب ہم حجر اسود کے قریب پہنچے تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ اے حجر اسود میں جانتا ہوں کہ تو ایک سیاہ پتھر ہے اور کسی کو نہ نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ نقصان اگر رسول خدا نے تجھے بوسہ نہ دیا ہوتا تو میں بھی ہرگز تجھ کو بوسہ نہ دیتا حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اے ابو حفص! چپ رہو کیونکہ وہ نفع بھی پہنچاتا ہے اور نقصان بھی۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ کس طرح؟ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ خداوند تعالی فرماتا ہے کہ

"وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَى أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَى شَهِدْنَا أَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَذَا غَافِلِينَ ۝ (اعراف ۱۷۲)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :- (اور جب تیرے پروردگار نے بنی آدم کی ذریات کو ان کی پشتوں سے لیا اور ان کے اپنے نفسوں پر گواہ بنایا (اور فرمایا) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بیشک تو ہمارا پروردگار ہے۔ ہم نے گواہ بنایا ہے کہ قیامت کے روز یہ نہ کہہ دو کہ اس بات سے غافل تھے)

یعنی خدا نے آدم کی ذریت کو پیدا کیا اور ان کو معلوم کرا دیا کہ وہ ان کا پروردگار ہے اور وہ اُسکے بندے۔ پس ان کے لئے ایک تحریر لکھی اور اس پتھر کے درمیان رکھ دی کہ اے حجر اسود جو شخص تیرے پاس آئے اور تجھ کو بوسہ دے تو اسکے لئے قیامت کے روز گواہی دینا۔ پس یہ پتھر نفع بھی پہنچاتا ہے اور نقصان بھی۔

یہ سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں اس مشکل قضیہ سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں جس کے حل کرنے کے لئے ابوالحسنؑ موجود نہ ہوں۔ (احیاالعلوم) (۱۱)

(۱۱) ایک سنگسار کا حکم اور حضرت علیؑ کی مداخلت

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ایک مرتبہ جب ایک قافلہ حج کے لئے جا رہا تھا صحابیٔ رسول ثابت اسکے ساتھ تھے۔ ثابت چونکہ ایک نہایت خوبصورت جوان تھے ایک عورت نے اپنے آپ کو ان کے سامنے پیش کیا چونکہ وہ بڑے زاہد اور عابد تھے۔ اس عورت کی طرف ذرا بھی التفات نہ کی۔ عورت نے کہا کہ اچھا اب میں تجھ کو اس طرح متہم کروں گی کہ تو شرمندگی سے کبھی نہ چھوٹے گا۔ ثابت نے جواب دیا کہ اللہ عادل ہے۔ عورت نے اپنی خواہش کسی غلام سے رفع کروالی اور حاملہ بھی ہو گئی۔ ایک رات جب ثابت سو رہا تھا اس عورت نے موقع پاکر اپنے زیورات کا ڈبہ ثابت کے اسباب میں چھپا دیا اور صبح کو شور مچایا کہ اس کا ڈبہ چوری ہو گیا۔ قافلہ سالار نے سب کے سامان کی تلاشی شروع کی تو وہ ڈبہ ثابت کے سامان میں سے نکلا اسکے ساتھ ہی اس عورت نے کہا کہ ثابت نے ایک شب مجھ سے زنا بالجبر بھی کیا تھا جسکی وجہ سے حمل قرار پا گیا۔ اب یہ زیورات کا ڈبہ پکڑا گیا۔ زنا اور چوری ثابت ہونے پر قافلہ سالار نے ثابت کو مع اس عورت کے خلیفۂ وقت کے پاس بھیج دیا اور حضرت عمرؓ نے ثابت کو سنگسار کرنے کا حکم دے دیا۔

جب امیرالمومنین کو اسکی خبر پہنچی تو آپ نے امام حسنؑ کے ذریعہ کہلا بھیجا کہ میرے آنے تک ثابت کو سزا نہ دیں اور اسکے ساتھ ہی حضرت تشریف لا کر حضرت عمرؓ سے فرمانے لگے کہ احکام جاری کرنے سے قبل تم سوچ کیوں نہیں لیتے اور خصوصاً سزائے قتل میں۔ اسکے بعد حضرت نے اس عورت کو بلوایا۔ عورت نے پوچھا کہ مجھ کو کس نے بلوایا۔ امام حسنؑ نے فرمایا کہ میرے پدر بزرگوار امیرالمومنین علیؑ نے۔ عورت دل میں کہنے لگی افسوس اب رسوائی کا وقت آ گیا اور جب حاضر دربار ہوئی تو حضرت نے فرمایا کہ آیا تو جانتی ہے کہ میں کون ہوں؟ میں علیؑ ابن ابی طالب ہوں میرے سامنے غلط نہیں کہنا۔ جو بھی واقعہ ہو سچ سچ کہہ دینا بتا کہ یہ حمل کس کا ہے۔ وہ بولی کہ خلیفہ زماں کے سامنے ثابت ہو چکا ہے کہ یہ حمل ثابت کا ہے اور اس نے چوری بھی کی ہے۔ جب حضرت نے دیکھا کہ عورت جھوٹ کہہ رہی ہے اور اپنے قول پر مُصر ہے۔ امام حسنؑ سے فرمایا کہ وہ نیم عصا اور پلاس کا ٹکڑا جو گھر کے ایک گوشہ میں رکھا ہے لے آؤ۔ اسکے بعد عورت کو پھر تاکید کی کہ سچ سچ کہہ دے کہ واقعہ کیا ہے مگر جب اس نے نہ مانا تو عورت کو لٹا کر وہ نیم عصا اور کپڑا اسکے پیٹ پر رکھا اور فرمایا کہ اے جنین جو کچھ حق ہے بیان کر۔ بچہ بحکم خدا کہنے لگا کہ اللہ ایک ہے۔ محمد مصطفیٰ خاتم الانبیا اور علیؑ مرتضیٰ ان کے وصی ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ میں یہ نہیں پوچھ رہا ہوں بلکہ یہ بتا کہ تو کس کا نطفہ ہے اور زیور کا ڈبہ ثابت کے سامان میں کس طرح گیا۔ بچہ نے جواب دیا کہ اے وصی رسول اس عورت نے کئی بار اپنے کو ثابت کے پاس پیش کیا اور جب وہ اسکی طرف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملتفت نہ ہوا تو اس نے ایک غلام سے فعل بد کیا۔ میں اسکا نطفہ ہوں۔ اس جذبۂ انتقام میں اس نے زیورات کا ڈبہ ثابت کے سامان میں چھپا دیا۔ پس حضرت علیؑ کے حکم سے عورت کو سنگسار کیا گیا حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ یا ابوالحسنؑ یہ نیم عصا اور پارچہ پلاس کیا ہے۔ فرمایا کہ ایک روز رسول خدا نے فرمایا تھا کہ ایک روز ایک عورت ثابت پر زنا اور چوری کا اتہام لگائے گی۔ اور اسکے لئے سنگساری کا حکم دیا جائے گا یہ لکڑی اور گزی کا کپڑا لو اور اس کو احتیاط سے رکھو جب یہ قضیہ پیش آئے تو ان دونوں چیزوں کو عورت کے پیٹ پر رکھنا۔ نطفہ جو رحم میں ہوگا کلام کرے گا اور حق بات کو ظاہر کر دے گا۔

حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ کا ہاتھ اپنی دونوں آنکھوں پر رکھ کر فرمایا کہ خدا کی قسم یا علیؑ آنحضرت کے جانشین آپ ہی ہیں۔ خدا عمرؓ کو آپ کے بعد ایک لحظہ بھی زندہ نہ رکھے۔ (کوکب دری)

(۱۲) دو ورثاء کا قضیہ

دو اشخاص نے حضرت عمرؓ کے سامنے اپنا میراث کا مقدمہ اس طرح پیش کیا کہ ہر ایک دوسرے کو کہتا تھا کہ وہ اسکے باپ کا بیٹا نہیں ہے مگر ان کے پاس کوئی گواہ نہ تھا۔ حضرت عمرؓ پریشان ہوئے کہ بغیر گواہ کے مقدمہ کا فیصلہ کس طرح کریں۔ بہت سوچے مگر کچھ سمجھ میں نہ آیا اس وقت وہاں عمار یاسر بھی موجود تھے عرض کی کہ رسول خدا نے فرمایا ہے۔ "اَقضاکُم علیٌ والقضاءُ تحتاجُ اِلیٰ جمیعِ العلوم" (یعنی تم میں سب سے بڑا فیصلہ کرنے والا علیؑ ہے۔ اور قضاءت تمام علوم کی محتاج ہے) یہ سن کر حضرت عمرؓ ان دونوں اشخاص کو عمار کے ساتھ حضرت علیؑ کے پاس بھیج دیا۔ جب یہ لوگ باب شہر علوم کے دروازہ پر پہنچے، اندر سے حضرت کی آواز آئی کہ اے عمار ان دونوں کو دارالشرع لیجا میں خود وہاں آتا ہوں چنانچہ حضرت دارالشرع تشریف لا کر دونوں اشخاص سے فرمایا کہ سچ سچ کہہ دیں کہ دونوں میں کون اس شخص مرحوم کا صلبی بیٹا ہے مگر دونوں اپنے قول پر مصر رہے۔ پھر حضرت نے حکم دیا کہ ان کے باپ کی قبر کھود کر اسکی ایک ہڈی نکال لائیں۔ جب ہڈی آ گئی تو حجام سے دونوں کی فصد کھلوائی اور ہر ایک کا خون علیحدہ علیحدہ برتن میں لیا اور اس ہڈی کے دو ٹکڑے کر کے ایک ٹکڑا ان برتنوں میں ڈال کر ڈھانک کر رکھ دیا جب ایک ساعت کے بعد کھولا تو سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک برتن میں ہڈی نے سارا خون چوس لیا تھا اور دوسرے برتن میں خون کا توں موجود تھا۔ یہ دیکھ کر حضرت نے فرمایا کہ اگر تو صلبی بیٹا ہوتا ہڈی تیرے خون کو بھی جذب کر لیتی اور جسکے خون کو ہڈی نے جذب کر لیا تھا حضرت نے حکم دیا کہ وہ صلبی بیٹا ہے تمام میراث اس کے حوالے کی جائے۔

یہ دیکھ کر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ خدا مجھے اس روز کے لئے زندہ نہ رکھے جبکہ علیؑ نہ ہوں۔ (کوکب دری)

(۱۳) ماں کا بیٹے کی فرزندی سے انکار

احسن الکبار میں مرقوم ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ ایک جوان کو یہ دعا کرتے سنا کہ خداوندا میرے اور میری ماں کے درمیان عدل کر کیونکہ وہ مجھ پر ظلم کر رہی ہے اور اس سے پوچھا کہ تو اپنی بیوہ ماں کے لئے کیوں بددعا کرتا ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میری ماں نے مجھے دس ماہ پیٹ میں رکھا اور دو سال دودھ پلایا اور اب کہتی ہے تو میرا بیٹا نہیں ہے۔ حضرت عمرؓ نے ایک آدمی کو بھیج کر اسکی ماں کو بلوایا اور عورت اپنے چار بھائیوں اور چالیس گواہوں کو لے کر حاضر ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اے عورت یہ جوان کہتا ہے کہ تو اس کی ماں ہے مگر کسی خاص غرض سے اسکی فرزندی کا انکار کرتی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ خدا کی قسم

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ جھوٹا ہے میں اس کو جانتی بھی نہیں کہ یہ کون ہے اور یہ چاہتا ہے کہ مجھے میرے قبیلے میں رسوا کرے چنانچہ اس نے اپنے تمام گواہوں کو اپنی تائید میں پیش کیا۔ اور حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ جوان جھوٹا ہے لہٰذا اس کو قید کر دیا جائے۔ جب جوان کو قید خانہ لیجا رہے تھے راستہ میں حضرت علیؑ نظر آئے اور اس جوان نے فریاد کی کہ اے مشکلکشا میری مشکل کو حل کرو۔ حضرت نے فرمایا کہ اس جوان کو دارالشرع واپس لے چلو میں بھی آتا ہوں۔

اس کے بعد حضرت امیرالمومنین نے دارالشرع تشریف لائے، حضرت عمرؓ سے پوچھا کہ میں اس جوان اور عورت کے باب میں وہ حکم جاری کروں جس میں خدا کی خوشنودی ہو۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ رسول خدا نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہتر قاضی علیؑ ہیں۔ آپ ضرور حکم جاری کریں۔ پس حضرت نے عورت سے پوچھا کہ کیا تو اس جوان کی ماں نہیں ہے۔ اس نے جواب دیا کہ نہیں۔ فرمایا کہ کیا تو مجھے اپنا ولی مقرر کرتی ہے اس نے عرض کی کہ بیشک۔ حضرت نے قنبر سے چار سو درہم منگوا کر اس جوان کو دیئے اور فرمایا کہ یہ رقم اس عورت کو ادا کر اور چار سو درہم پر اس جوان کا عقد عورت کے ساتھ کر دیا اور فرمایا کہ اس کو اپنے گھر لے جا۔ جوان نے عرض کی کہ یا امیرالمومنین یہ کام مجھ سے کس طرح ہوگا فرمایا کہ میرے کہنے پر عمل تو کر اور اس کو گھر تک لے جا۔ چنانچہ وہ جوان اس عورت کو گھر لے جانے لگا تو عورت نے شور مچایا اور فریاد کی کہ یا امیرالمومنین مجھ کو خدا اور خلق خدا کے سامنے رسوا نہ کیجئے یہ میرا حقیقی بیٹا ہے۔ حقیقت امر یہ ہے کہ میرے بھائیوں نے مجھ کو اس بات پر مجبور کیا کہ میں اس کو اپنے پاس سے نکال دوں تاکہ یہ اپنے باپ کی میراث کا دعویٰ نہ کرے اب میں توبہ کرتی ہوں۔

حضرت نے تمام گواہوں پر حد جاری کی اور ماں اور بیٹا اپنے گھر گئے۔ حضرت علیؑ کے اس فیصلہ کو دیکھ کر حضرت عمرؓ نے فرمایا لولا علیؑ لھلک عمرؓ

(کوکب دری)

(۱۴) حق گوئی اور حکم موت

ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے ایک مرتبہ کہا کہ میں حق سے بیزار ہوں، فتنہ کو دوست رکھتا ہوں، بغیر دیکھے گواہی دیتا ہوں۔ بیجان کو امام بناتا ہوں اور مرغ بسمل کو بغیر ذبح کئے کھاتا ہوں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ جو شخص اس قسم کی برائیوں سے موصوف ہو وہ واجب القتل ہے اور اپنے اصحاب سے مشورہ کر کے اسکے قتل کا حکم جاری کیا۔ جب یہ خبر حضرت علیؑ کو پہنچی تو آپ نے کہلا بھیجا کہ میرے آنے تک اس کو قتل نہ کریں۔

اس کے بعد آپ نے دارالشرع تشریف لا کر فرمایا اے ابوحفص یہ شخص تو صادق القول ہے نے اسکے قتل کا حکم کس طرح دیا۔ وہ جو کہتا ہے کہ میں حق سے بیزار ہوں۔ وہ موت ہے۔ وَ الْمَوْتُ حَقٌّ (یعنی موت حق ہے) دوسرے وہ یہ کہتا ہے کہ فتنہ کو دوست رکھتا ہوں۔ اس امر میں بھی وہ درست کہتا ہے چنانچہ خدا فرماتا ہے) "اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ" (یعنی تمہارا مال اور تمہاری اولاد فتنہ ہے) کون مال اولاد کو دوست نہیں رکھتا۔ تیسرے اسکا کہنا کہ بغیر دیکھے گواہی دیتا ہوں بھی صحیح ہے۔ اس لئے کہ کسی شخص نے خداوند تعالیٰ کو آنکھ سے نہیں دیکھا مگر سب اسکی وحدانیت کی گواہی دیتے ہیں۔ چوتھے یہ کہ قرآن مجید جملہ کائنات کا امام ہے جو بے جان ہے۔ پانچویں مرغ بسمل مچھلی ہے جس کو بغیر ذبح کئے ہی کھاتے ہیں۔

یہ سن کر حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے اور بآواز بلند فرمایا کہ اے مسلمانو! گواہ رہنا کہ اگر علیؑ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا یعنی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

”لولا علی لھلک عمر“ اس کے بعد اس جوان کو بری کر دیا۔

(احسن الکبار، کوکب دری باب ۱)

(۱۵) حقیقی فرزند اور پانچ غلام

احسن الکبار میں لکھا ہے کہ مدینہ میں ایک مالدار سوداگر رہتا تھا۔ چند روز کے بعد میاں اور بیوی ”دونوں“ کا انتقال ہو گیا اولاد میں ان کا صرف ایک سیاہ فام لڑکا تھا اور متروکہ میں ایک گورا و خوبصورت غلام، چار اور غلام بہت سی کنیزیں اور زیبنات و جائیداد تھی۔ چند روز بعد سوداگر کے بیٹے اور گورے غلام میں جھگڑا ہو گیا اور اس نے غلام کو خوب زد و کوب کیا۔ غلام نے دارالشرع جا کر خلیفہ سے عرض کیا کہ میں فلاں سوداگر کا بیٹا ہوں جس کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔ میرا ایک غلام ہے جس نے مجھ پر دست درازی کی ہے میری داد رسی کیجئے۔ حضرت عمرؓ نے گواہ طلب کئے تو اس نے دوسرے چار غلاموں سے کہا کہ اسکے موافق گواہی دیں تو وہ سب کو آزاد کر دے گا مگر صرف دو غلام اس پر آمادہ ہو کر دارالشرع میں جھوٹی گواہی دی۔ حضرت عمرؓ نے سوداگر کے لڑکے کو بلا کر پوچھا کہ کیا تو سوداگر کا غلام ہے تو اس نے جواب دیا کہ غلام نہیں بلکہ صلبی بیٹا ہوں اور گواہی میں بقیہ دو غلاموں کو پیش کیا جنہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ تینوں غلام جھوٹے ہیں۔

حضرت عمرؓ پریشان ہو گئے کہ آخر کیا فیصلہ کریں اس لئے کہ دونوں جانب سے گواہ موجود تھے۔ آپ نے حاضرین سے فرمایا کہ اے مسلمانو! کون اس مشکل عقدہ کو حل کر سکتا ہے اور اس معاملہ میں کون کیا حکم دے سکتا ہے۔ بعض وقت دل میں آتا ہے کہ خلافت ہی کو چھوڑ دوں اس لئے کہ یہ ایک مشکل امر ہے۔ مسلمان جو وہاں موجود تھے کہنے لگے کہ ایسے مشکل مقدمات میں حضرت علیؑ کی طرف رجوع کرنا چاہئیے کیونکہ رسول خدا نے بارہا فرمایا ہے کہ خدا نے حکمت کو دس حصوں پر تقسیم فرمایا ہے جس میں سے نو حصے علیؑ ابن ابی طالب کو عطا فرمائے اور ایک حصہ باقی مخلوقات میں تقسیم کیا۔ ابن عباس نے کہا کہ خدا کی قسم وہ اس دسویں حصہ میں بھی ہمارے شریک ہیں اور ہم سب پر فوقیت رکھتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تم نے سچ کہا کیونکہ ابوالحسنؑ کے فضائل و مناقب میں نے رسول خدا سے سنے ہیں اگر بیان کروں تو لوگ ان کی پرستش کرنے لگیں جس طرح نصاریٰ عیسیٰ کی پرستش کرتے ہیں۔

الغرض حضرت علیؑ دارالشرع بلائے گئے اور آپ نے ان کا مناقشہ سن کر فرمایا کہ قنبر! ان دونوں کو مسجد کے دریچہ میں اس طرح بٹھاؤ کہ ان کے سر باہر کی طرف نکلے رہیں۔ جب اس ارشاد کی تعمیل ہو چکی تو حضرت نے قنبر کے ہاتھ میں تلوار دے کر فرمایا کہ فوراً غلام کی گردن اتار دے۔ تلوار نیام سے نکلی اور بلند ہوئی ہی تھی کہ غلام نے فوراً اپنا سر دریچہ کے اندر کر لیا اور سوداگر کا بیٹا اسی طرح بیٹھا رہا۔ اس نظارہ نے حاضرین پر ثابت کر دیا کہ غلام کون تھا اور آقا زادہ کون“ اسکے بعد غلام نے اپنے غلام ہونے کا اقرار کیا اور توبہ کی۔

حضرت عمرؓ نے اس فیصلہ کو دیکھ کر فرمایا کہ ”لولا علیؑ لھلک عمرؓ“

(کوکب دری ب ۱)

(۱۶) ایک امیر کی لڑکی اور تین غلام

احسن الکبار میں مرقوم ہے کہ حضرت عمرؓ کے عہد میں ایک امیر نے جب کہ وہ مرض الموت میں مبتلا ہوا وصیت کی کہ اسکے ایک غلام کو اسکی لڑکی اور تمام جائیداد حوالے کر دیں۔ ایک غلام کو ہزار دینار لے کر آزاد کر دیں اور تیسرے کو قتل کر دیں۔ امیر کے انتقال کے بعد جھگڑا ہوا کہ کس غلام کے حوالہ لڑکی کو کریں اور کس کو آزاد کریں اور کس کو قتل کریں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لہٰذا اس لڑکی نے تینوں غلاموں کو لے کر دارالشرع میں حاضر ہوئی اور پورا واقعہ خلیفہ کو سنایا۔ حضرت عمرؓ نے اصحاب سے مشورہ کیا اور ہر چند کوشش کی کہ اس قضیہ کا فیصلہ کریں مگر کوئی تجویز سمجھ میں نہ آئی جو شرع کے مطابق ہو۔ ناچار حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر پورا واقعہ سنایا۔ حضرت امیر المومنین دارالشرع تشریف لا کر ایک چھری ایک غلام کے ہاتھ میں دے کر فرمایا کہ اپنے آقا کی قبر پر جا اور قبر کھود کر اپنے آقا کا سر کاٹ کر لا۔ اس نے جواب دیا کہ یا امیر المومنین ایسی بے ادبی مجھ سے ہرگز نہیں ہو سکتی۔ پھر چھری دوسرے غلام کو دے کر یہی فرمایا۔ اس نے چند قدم جا کر واپس آیا اور کہا کہ ایسی گستاخی اس سے نہیں ہو سکتی۔ پھر حضرت نے چھری تیسرے غلام کو دے کر وہی حکم دیا۔ وہ چھری لے کر روانہ ہوا اور جب کچھ راستہ طے کر چکا تو حضرت نے ایک آدمی کو پیچھے بھیجا کہ اگر وہ قبر کھودنا شروع کرے تو اس کو روک دے اور واپس بلا لا۔ کیونکہ بلا ضرورت قبر کا کھودنا جائز نہیں۔ الغرض جب وہ غلام قبرستان پہنچ کر قبر کھودنے لگا تو اس شخص نے اس کو منع کیا اور دارالشرع واپس بلا لایا۔

حضرت نے فیصلہ فرمایا کہ جس غلام نے اپنے آقا کے حقوق نمک کے پیش نظر چھری کو ہاتھ تک نہ لگایا لڑکی اور جائیداد اسکے حوالے کئے جائیں۔ جو غلام تھوڑی دور جا کر واپس آیا اسکو ایک ہزار دینار دے کر آزاد کر دیا جائے۔ تیسرے غلام کے متعلق فرمایا کہ اسکے آقا کی وصیت کے موافق وہ قابلِ گردن زدنی ہے مگر احکام شریعت کے پیش نظر اسکا قتل جائز نہیں لہٰذا۔ اس غلام کا خدمت گار رہے جس کو لڑکی دی گئی کیونکہ یہی قتل کا قائمقام ہے۔

حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ کے دونوں ابروؤں کے درمیان بوسہ دے کر فرمایا کہ خدا الٰہی آپ کے بعد عمر کو زندہ نہ رکھے۔ (کوکب دری ۔ بلا)

(۱۷) دو سر، اور چار آنکھ والا بچہ

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ایک بچہ پیدا ہوا جس کے دو پیٹ، دو سر، دو ناک، دو منہ، چار آنکھیں اور چار ہاتھ تھے۔ لیکن نیچے کے اعضا میں کمی و بیشی نہ تھی۔ اس بچہ کے پیدا ہونے کے چند روز بعد اسکا باپ جو ایک بڑا سوداگر تھا مر گیا۔ اسکے بعد اسکے ورثا میں اختلاف پیدا ہوا کہ اس بچہ کو ایک حصہ ملنا چاہیئے یا دو، یہاں تک کہ جھگڑا خلیفہ کے پاس پیش ہوا مگر مسئلہ کا حل نہ ہو سکا۔ بالآخر حضرت عمرؓ نے اس مجمع کو حضرت علیؑ کے پاس لے جا کر پورا واقعہ سنایا۔ حضرت نے فوراً جواب دیا کہ جب بچہ سوئے یا روئے تو دیکھو کہ چاروں آنکھیں سوتی یا روتی ہیں یا صرف دو اور چاروں آنکھیں ایک ہی دفعہ سوئیں یا روئیں تو سمجھ لو کہ یہ ایک آدمی ہے اور اگر دو سوئیں یا دو نہ سوئیں یا دو روئیں اور دو نہ روئیں تو سمجھو کہ یہ دو آدمی ہیں۔

(کوکب دری ۔ بلا)

(۱۸) ایک بچہ پہ دو عورتوں میں جھگڑا

احسن الکبار میں مرقوم ہے کہ حضرت عمرؓ کے عہد میں دو شخص ایک ہی مکان میں رہتے تھے۔ دونوں مل کر ایک مرتبہ سفر پہ گئے۔ ایک کی عورت نو مہینے کی حاملہ تھی اور دوسرے کی عورت کو ایک ماہ کا بچہ تھا۔ پہلی عورت کے وضع حمل کے زمانہ میں اتفاقاً دوسری عورت کا بچہ مر گیا۔ اس پسر مردہ نے دوسری عورت سے کہا کہ تو اپنے بچہ کو میرے حوالے کر تو میں اس کو دودھ بھی پلاؤں گی اور خدمت بھی کروں گی۔ اس طرح تجھے ایک گونہ آرام ملے گا اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجھے بھی ایک حد تک اطمینان حاصل ہوگا۔ بچہ کی ماں نے اس بات کو مان لیا۔ چند ماہ بعد جب بچہ دودھ پلانے والی عورت سے مانوس ہوگیا اتفاقاً ایک روز دونوں عورتوں میں کسی بات پر جھگڑا ہوگیا اور بچہ کی ماں نے اپنا بچہ طلب کیا۔ اس عورت نے جواب دیا کہ تو پاگل ہوگئی ہے جو بچہ کو مجھ سے مانگتی ہے۔ یہ تو میرا بچہ ہے۔ اگر یہ تیرا بچہ ہوتا تو میں دودھ کیوں پلاتی اور تیرا دودھ کیوں خشک ہو جاتا۔ جھگڑا بڑھتا گیا یہاں تک کہ خلیفۂ وقت کے دربار میں پیش ہوا۔ حضرت عمرؓ بہت سوچے مگر حل نہ ملا۔ بالآخر حضرت علیؑ کو اس مشکل کے حل کرنے کے لئے بلایا گیا۔ حضرت نے تمام واقعہ سُن کر قنبر کو حکم دیا کہ آرہ لے آؤ۔ جب آرہ آگیا تو حکم دیا کہ بچہ کو دو حصوں میں چیر دیا جائے اور دونوں عورتوں کو نصف نصف دے دیا جائے۔ دودھ پلانے والی اس فیصلہ پر راضی ہوگئی اور دوسری عورت نے رونا پیٹنا شروع کر دیا اور عرض کی کہ یا امیر المومنینؑ میں گواہی دیتی ہوں کہ یہ بچہ میرا نہیں ہے اُسی عورت کا ہے۔ اس کو دو ٹکڑے نہ کیجئے اور اسی کو دید یجئے۔

حضرت نے فرمایا کہ اے عورت بیشک یہ بچہ تیرا ہی ہے۔ اس کو لے اور چلی جا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ یا ابوالحسنؑ اس امر کا کس طرح یقین حاصل ہو سکتا ہے کہ جب کہ اسکے پاس دو گواہ عادل یعنی دودھ اور بچہ کا مانوس ہونا موجود ہیں۔ حضرت نے جواب دیا کہ مادری محبت اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ بچہ کے دو ٹکڑے کر دیئے جائیں اور جس عورت کا وہ بچہ نہیں ہے اس کو اس بچہ کے مرنے کا کیا غم۔ یہ جواب سن کر حضرت عمرؓ نے آپ کی فراست کی بہت تعریف کی اور اس جھوٹی عورت نے بھی اپنے جھوٹ کا اقرار کر لیا۔

(لطائف الطوائف، کوکب دری ب۱)

(۱۹) شتر مرغ کے انڈے کھا جانے والے حاجی

محمد ابن زبیر سے مروی ہے کہ ہم ایک روز مسجد دمشق میں داخل ہوئے وہاں میں نے ایک بہت ہی ضعیف العمر آدمی کو دیکھا جس کے دونوں شانے بوجہ کبرِ سنی جھک گئے تھے۔ میں نے سوال کیا کہ اے شیخ تم نے کس کا زمانہ دیکھا ہے اس نے جواب دیا کہ حضرت عمرؓ کا۔ میں نے خواہش کی کہ کوئی روایت سنائے۔ اس نے کہا کہ ایک دن ہم نے قبیلہ کے ساتھ حج کیا اور بحالت احرام شتر مرغ کے انڈے کھائے اور جب ہم نے رسومات حج ادا کر لئے تو ہم نے اسکا ذکر حضرت عمرؓ سے کیا۔ وہ ہم کو حضرت علیؑ کے پاس لے گئے اور واقعہ سنا کر عرض کیا کہ اسکا کفارہ بتائیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جتنے انڈے ان لوگوں نے کھائے ہیں اتنی ہی اونٹنیوں کو گابہ کر کے ان کے بچوں کو ہدیہ کر دیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ بعض اونٹنیوں کے حمل ساقط ہو جاتے ہیں۔ حضرت علیؑ نے جواب دیا کہ ہاں بعض انڈے بھی تو گندے ہو جاتے ہیں۔ پس حضرت عمرؓ وہاں سے یہ کہتے ہوئے واپس ہوئے کہ خداوند میرے اوپر کوئی ایسی مصیبت نہ ڈال جسکے حل کرنے کے لئے ابوالحسنؑ میرے پاس نہ ہوں۔

(البلاغ المبین)

(۲۰) تہمتِ زنا

ایک عورت ایک نوجوان کی خواہشمند تھی مگر اس جوان نے اسکی خواہش پوری نہ کی تو اس عورت نے جذبۂ انتقام میں انڈے کی سفیدی لے کر اپنے جسم اور کپڑوں پر لگا کر خشک کر لی۔ اور حضرت عمرؓ کے پاس پہنچ کر شکایت کی کہ فلاں انصاری نے مجھ سے زنا بالجبر کیا ہے جسکا ثبوت میرے کپڑوں اور جسم پر موجود ہے حضرت عمرؓ نے دیگر عورتوں کے ذریعہ

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصدیق چاہی۔ چنانچہ انہوں نے کپڑوں اور جسم پر جو سفیدی کے دھبے تھے بیان کئے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے اس جوان پر حد شرعی جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ اور اس نے شور وفریاد بلند کی کہ میں نے کوئی برا کام نہیں کیا ہے۔ یہ سزا کیسی، پھر حضرت عمرؓ نے حضرت علیؑ سے مشورہ کیا اور آپ نے کپڑوں کے دھبوں کو دیکھ کر فرمایا کہ ان کو کھولتے ہوئے پانی میں ڈالا جائے۔ چنانچہ کپڑا پانی میں ڈالا گیا اور اسکے ساتھ ہی سفیدی جم کر سفید اور سخت ہوگئی مزید اسکی بو نے ثابت کر دیا کہ یہ انڈہ کی سفیدی تھی۔ پس وہ جوان بری کر دیا گیا۔

(کتاب عجائب احکام)

(۲۱) دو سر اور چار ہاتھ پاؤں والے کی میراث

حضرت عمرؓ کے پاس ایک ایسا آدمی لایا گیا جس کے دو سر، دو منہ، چار آنکھیں، چار ہاتھ، چار پاؤں، دو ذکر اور دو شرمگاہیں تھیں اور دریافت کیا کہ اس کو متروکہ سے ایک حصہ ملنا چاہیئے یا دو۔ حضرت عمرؓ نے اس معاملہ کو حضرت علیؑ کے حوالے کر دیا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس امر کو دو طرح جانچا جا سکتا ہے۔ ایک یہ کہ جب یہ سو جائیں تو دیکھا جائے کہ یہ دونوں سروں کے منہ سے سانس لیتے ہیں یا ایک سے اور نیند میں دونوں منہ سے خراٹے لیتے ہیں یا ایک سے۔ اگر صرف ایک سر سے سانس آتی ہے اور ایک ہی منہ سے خراٹے لیتے ہیں تو ایک ہی آدمی ہے اور دونوں سے لیتے ہیں تو دو آدمی ہیں۔

دوسرے یہ کہ کھانے پینے کے بعد اگر دونوں سے بیک وقت پیشاب نکلے تو ایک ہے اور علیحدہ علیحدہ دونوں سے مختلف طور پر نکلے تو دو ہیں۔ اور اگر انہیں تحریک شہوت ہو اور ان میں سے ایک عورت سے ہم بستر ہو اور دوسرا دیکھتا رہے یہ ناجائز ہے۔ پھر فرمایا کہ جب ان پر شہوت غالب ہوگی تو یہ دونوں فوراً مر جائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

(نجم الثاقب)

(۲۲) زن حاملہ کا خوف خلیفہ سے حمل ساقط ہو جانا

حضرت عمرؓ نے ایک شخص کو ایک عورت کے پاس بھیجا کہ اس کو بلا لائے کیونکہ وہ غائب تھی۔ اس شخص نے جا کر اس عورت سے کہا کہ چل اور حضرت عمرؓ کے ان سوالات کا جواب دے کہ تو کہاں تھی۔ اس نے کہا کہ ہائے مصیبت یہ کیا ہو گیا بھلا مجھے حضرت عمرؓ سے کیا کام۔ اسکے دل میں دہشت پیدا ہوگئی اور وہ مجبوراً روانہ ہوئی۔ اتفاق یہ کہ وہ حاملہ تھی راستہ میں چلتے چلتے خوف کے مارے درد زہ شروع ہوگئے اور وہ ایک گھر میں گھس گئی اور اسکا حمل ساقط ہو گیا اور وہ بچہ کو ٹیک دی اور بچہ ایک چیخ مار کر مر گیا۔ جب اسکی اطلاع حضرت عمرؓ کو پہنچی آپ نے تمام اصحاب رسولؐ سے جو وہاں موجود تھے واقعہ بیان کیا اور ان کی رائے طلب کی سب نے کہا کہ اس میں ہم آپ کی کوئی غلطی تو نہیں پاتے۔ حضرت علیؑ بھی وہیں تشریف رکھتے تھے مگر خاموش تھے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ اے ابو الحسنؑ اس قضیہ میں آپ کا کیا حکم ہے۔ حضرت نے پوچھا کہ ان لوگوں نے جو کچھ کہا ہے کیا تم نے سن لیا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ آپ کا کیا حکم ہے۔ پھر حضرت نے پوچھا کہ قوم نے جو کچھ کہا ہے کیا تم نے سن لیا۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ اپنے حکم سے آگاہ کریں۔ حضرت امیرالمومنین نے فرمایا کہ اگر اس قوم کا مقصد اپنی اس رائے کے دینے سے تم سے تقرب حاصل کرنا تھا تو انہوں نے تم سے خیرخواہی نہ کی اور اگر انہوں نے حکم خدا کے مقابلہ میں اپنی رائے دی ہے تو غلطی کی ہے اس عورت کی دیت تم ہو کیونکہ بچہ کی ہلاکت کا باعث تم ہی ہو کہ اس عورت کو بلا کر خوف و دہشت میں مبتلا کیا جسکی وجہ راستہ میں اسکا حمل ساقط ہوگیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت عمرؓ نے کہا کہ اے ابوالحسنؑ خدا کی قسم آپ نے اس قوم کے درمیان مجھے نصیحت کی۔ آپ یہاں سے اس وقت تک نہ جائیے جب تک کہ پسران عدی پر دیت جاری کر کے وصول نہ کرلیں۔ حضرت امیرؑ نے اس کام کو انجام دیا۔

(احیاالعلوم غزالی۔ مناقب شہر آشوب۔ کنز العمال ج ۶)

(۲۳) زن اعرابیہ وزانی اعرابی

شیخ مفید نے روایت کی ہے کہ چند آدمیوں نے حضرت عمرؓ کے پاس شہادت دی کہ ایک شوہر دار عورت نے ایک غیر مرد سے مرتکب زنا ہوئی۔ حضرت عمرؓ نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیا تو وہ فریاد کرنے لگی کہ خداوندا تو جانتا ہے کہ میں گناہ سے بری ہوں۔ حضرت عمرؓ بہت غصہ میں آئے اور کہنے لگے کہ تو گواہوں پر جرح کرتی ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اسکا جو بھی عذر ہو سن لو اسکے بعد فیصلہ کرنا۔ عورت سے سوال کرنے پر اس نے جواب دیا کہ میں اونٹ پر سفر کر رہی تھی اور ایک آدمی ایک دودھ دینے والی اونٹنی پر میرا ہمسفر تھا چونکہ اسکے ساتھ پانی نہ تھا۔ دوران سفر میں اس نے مجھ سے کئی مرتبہ پانی مانگا اور میں دیتی رہی۔ جب میرا پانی ختم ہو گیا اور میں پیاسی ہو گئی میں نے اس سے دودھ مانگا مگر اس نے اس وقت تک دودھ دینے سے انکار کیا جب تک کہ میں اس کو قربت کی اجازت نہ دوں۔ میں انکار کرتی رہی یہاں تک کہ تشنگی سے میری حالت اتنی خراب ہو گئی کہ اگر تھوڑی دیر اسی طرح گزر جاتی تو میں ہلاک ہو جاتی پس میں نے کراہت و مجبوری سے اس سے مقاربت پر رضامندی ہوئی۔

حضرت علیؑ نے فرمایا۔ اللہ اکبر "فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ" جب حضرت عمرؓ نے اس آیت کو سنا اسکو رہا کر دیا۔

(۲۴) عورت و مرد کا ایک دوسرے کو زانی و زانیہ کہنا

ایک عورت اور مرد کو حضرت عمرؓ کے پاس لائے جن میں سے مرد نے عورت کو "اے زانیہ" کہہ کر مخاطب کیا تھا اور عورت نے جواب میں کہا تھا کہ "تو مجھ سے زیادہ زنا کار ہے"۔ حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ دونوں کو تازیانے لگائے جائیں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس امر میں تعجیل نہ کریں کیونکہ اس عورت پر دو حدیں ہیں اور مرد پر کوئی حد نہیں۔ عورت پر ایک حد مرد پر بدکاری کا اتہام لگانے کی ہے اور دوسری حد اپنے زنا کے اقرار کی۔ اسکی توضیح یہ ہے کہ مرد کا بیان صحیح تھا کیونکہ عورت نے اسکی تصدیق کر لی تھی۔ (مناقب شہر آشوب)

(۲۵) ایک آدمی کی موت اور دوسرے مرد پر اس کی بیوی حرام

عمر ابن داؤد نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جب عقبہ ابن ابی عقبہ کا انتقال ہوا، حضرت امیرؑ اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ جس میں حضرت عمرؓ بھی تھے تشریف لائے اور اس آدمی سے جو جنازہ کے سرہانے کھڑا تھا فرمایا کہ چونکہ عقبہ دنیا سے چلا گیا ہے تیری عورت تجھ پر حرام ہو گئی۔ تجھے چاہیئے کہ خدا سے خوف کرے اور اس سے مقاربت نہ کرے۔

حضرت عمرؓ نے کہا کہ یا ابوالحسن آپ کے احکام ہمیشہ حیرت انگیز ہی ہوا کرتے ہیں اور یہ حکم تو تمام احکام سے عجیب ترین ہے کہ ایک آدمی مرتا ہے اور دوسرے آدمی کی بیوی اس پر حرام ہوتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ ہاں۔ یہ شخص عقبہ کا زر خرید غلام تھا اور ایک آزاد عورت سے شادی کر لی تھی۔ یہ آزاد عورت جو اسکی بیوی تھی عقبہ سے میراث پا رہی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اسکے بعض شوہر اسکے غلام ہیں۔ کسی کی میراث کسی عورت کو پہنچنے کی وجہ وہ عورت اپنے غلام پر حرام ہو جاتی ہے اور اس وقت تک حلال نہیں ہوتی جب تک کہ وہ عورت اپنے غلام کو آزاد کر کے دوبارہ تزویج نہ کرے۔

(مناقب شہر آشوب)

(۲۶) زن شوہر دار و نابالغ زانی

حضرت عمرؓ کے سامنے ایک شوہر والی عورت اور ایک نابالغ بچہ کو پیش کیا گیا۔ جنہوں نے زنا کی تھی۔ حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ اس عورت کو سنگسار کیا جائے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس عورت پر رجم واجب نہیں بلکہ حد جاری کرنی چاہیئے اس لئے کہ زانی بالغ نہیں ہے۔

(۲۷) ایک یمنی کا مدینہ میں زنا کرنا

ایک یمنی شخص نے مدینہ میں ایک عورت سے زنا کیا جسکے لئے حضرت عمرؓ نے سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس شخص کے لئے رجم نہیں ہے اس لئے کہ یہ اپنی اہلیہ سے دور ہے اور اسکی اہلیہ دوسرے شہر میں ہے۔ پس حد اس عورت پر واجب ہے۔ حضرت عمر نے کہا کہ :-

"لا ابقانی اللہ لمعضلۃ لم یکن لہا ابو الحسن۔" (مناقب)

(۲۸) چور جس کا ہاتھ پہلی مرتبہ اور پیر دوسری مرتبہ قطع کیا گیا

ایک چور کو حضرت عمرؓ کے پاس پیش کیا گیا تو آپ کے حکم سے اسکا ایک ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ دوسری مرتبہ اس نے پھر چوری کی تو حضرت عمرؓ نے اسکا پاؤں قطع کر دیا۔ تیسری مرتبہ اس نے پھر چوری کی تو حضرت عمرؓ اسکا دوسرا ہاتھ قطع کرنے کا حکم دیا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ جب اسکا ہاتھ اور پیر کاٹ دیئے ہو۔ اب اس کو حبس کر دو۔ (مناقب شہر آشوب)

(۲۹) پیر فرتوت سے ایک عورت کی تزویج

ایک عورت کو حضرت عمرؓ کے پاس پیش کر کے شکایت کی گئی کہ ایک بوڑھے فرتوت نے اس سے تزویج کی تھی اور مجامعت کے وقت ہی علیحدہ ہونے سے قبل اسکا انتقال ہو گیا۔ عورت اسی سے حاملہ ہو گئی اور ایک لڑکا اس سے تولد ہوا۔ چند روز بعد اس بچہ کے سوتیلے بھائیوں نے خلیفۂ وقت کے پاس شکایت کی کہ یہ بچہ زنا زادہ ہے۔ حضرت عمرؓ نے گواہوں کے بیان سننے کے بعد اس عورت کو رجم کرنے کا حکم دیدیا۔ حضرت علیؑ نے اس عورت کو رجم کرنے سے روک دیا اور حکم دیا کہ اسے دوسرے روز حاضر کریں۔ حضرت علیؑ نے حکم دیا کہ اس کے بچہ کے ہم عمر چند بچے لائے جائیں اور سب کو کھیل میں مشغول کیا جائے چنانچہ بچے لائے گئے اور جب سب بچے بیٹھے ہوئے کھیل رہے تھے یکایک بڑی آواز سے ان کو پکارا گیا۔ پکار کے ساتھ ہی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام بچے جستی کے ساتھ دوڑے اور یہ بچہ دونوں ہاتھ زمین پر ٹیک کر تکلف سے اٹھا۔ پس حضرت نے فیصلہ فرمایا کہ یہ بچہ اسی بوڑھے کا ہے اور اس کو باپ کی میراث دلوائی اور عورت پر زنا کی تہمت لگانے والوں کو سزا دی۔ (کتاب عجائب احکام)

(۳۰) سوتیلی ماں اور اس کے رفیق کا سوتیلے فرزند کو قتل کرنا

ایک شخص کو اسکی سوتیلی ماں اور اسکے رفیق نے قتل کر دیا۔ جب قضیہ حضرت عمرؓ کے پاس آیا حضرت عمرؓ سوچنے لگے کہ ایک مقتول کے ایک سے زائد قاتل ہوں تو کیا حکم دوں بالآخر آپ نے حضرت علیؑ سے مشورہ کیا اور آپ نے فرمایا کہ اگر چند آدمی مشترکہ ایک اونٹ چرا کر کاٹ لیں اور ایک ایک چور اسکا ایک ایک عضو لے لے تو ہر چور کا ہاتھ قطع کرو گے یا نہیں۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ ہاں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ یہ قضیہ بھی اسی طرح ہے۔ پس حضرت عمرؓ نے حکم جاری کیا کہ دونوں کو سزا میں قتل کیا جائے۔ (اعلام المومنین)

(۳۱) ایک شخص کی اپنے غلام کو قید سے رہا کرنے کی شرط

حضرت عمرؓ کے عہد میں دو شخصوں نے ایک قیدی غلام کو دیکھا اور ایک نے کہا کہ اگر اسکی بیڑیوں کا وزن اس قدر نہ ہو تو میری بیوی پر تین طلاق۔ دوسرے نے کہا کہ اسکا وزن اگر اتنا ہی ہے جو تو کہہ رہا ہے تو میری بیوی پر تین طلاق ہوں۔ پھر ان دونوں نے اس قیدی کے آقا سے خواہش کی کہ اس کے پیر سے بیڑیاں نکال کر دے اس نے جواب دیا کہ اسکی بیڑیوں کے وزن کے برابر جب تک میں تصدق نہ کروں اور بیڑیوں کو نکال دوں تو میری بیوی پر تین طلاق ہو جائیں گے۔ جب قضیہ خلیفۂ وقت کے پاس پہنچا آپ نے فرمایا کہ اس غلام کا مالک اسکے تصفیہ کے لئے زیادہ سزاوار ہے۔ تم لوگ یہاں سے چلے جاؤ اور اپنی عورتوں سے دوری اختیار کرو۔ انہوں نے حضرت امیرالمومنین کی خدمت میں بھیجے جانے معروضہ کیا اور آپ کی خدمت میں پہنچ کر پورا واقعہ سنایا۔ حضرت نے ایک بڑا کاسہ منگوایا اور بیڑیوں کو ایک رسی سے باندھ کر غلام سے فرمایا کہ اس کاسہ میں کھڑا ہو جائے۔ اسکے بعد اس کاسہ میں پانی ڈالا گیا یہاں تک کہ کاسہ بھر گیا۔ پھر فرمایا کہ رسی کو اوپر کھینچ کر بیڑیوں کو پانی سے باہر کر دیں پھر برادۂ آہن اس میں ڈالتے جائیں یہاں تک کہ پانی کا لیول پہلے کے برابر ہو جائے پھر اس برادۂ آہن کو نکال کر وزن کر لیں تو یہ بیڑیوں کا وزن ہوگا۔ (جواہر الفقہ)

(۳۲) دو اشخاص کا ایک عورت کے پاس امانت رکھنا

سید بحرانی نے غایت المرام میں موفق بن احمد خوارزمی سے روایت کی ہے کہ دو اشخاص نے ایک عورت کے پاس ایک سو دینار بطور امانت رکھے اور کہا کہ جب تک ہم دونوں مل کر نہ آئیں یہ رقم واپس نہ کرنا اگر صرف ایک آدمی آکر رقم طلب کرے تو رقم نہ دینا۔ ایک سال بعد ان میں سے ایک آدمی نے آکر کہا کہ اسکا ساتھی مر گیا لہٰذا وہ رقم واپس کر دے۔ اس عورت نے انکار کیا اس مرد نے تمام ہمسایوں کو ملا کر لایا اور

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور سب نے عورت کو مجبور کیا کہ رقم واپس کردے اسلئے کہ اسکا ساتھی مر چکا ہے۔ بالآخر اس عورت نے امانت واپس کردی۔ اسکے ایک سال بعد دوسرے آدمی نے امانت طلب کی۔ عورت نے کہا کہ تیرا ساتھی یہ کہہ کر رقم لے گیا کہ تو مر گیا ہے۔ جھگڑا بڑھا یہاں تک کہ حضرت عمرؓ کے پاس تصفیہ کے لئے پیش ہوا۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ عورت رقم کی ذمہ دار اور ضامن ہے۔ اس پر عورت نے حضرت علیؑ سے دادخواہی کی۔ حضرت نے فرمایا کہ رقم کی واپسی کی شرط یہ ہے کہ ایک آدمی کو نہ دی جائے۔ تیری امانت سمجھ لے کہ میرے پاس ہے پس تو جا اور تیرے ساتھی کو لے آ تو میں تیری رقم ادا کرتا ہوں۔ وہ شخص چلا گیا اور واپس نہ آیا۔

بعد میں معلوم ہوا کہ یہ اشخاص اس فریب سے عورت کا مال حاصل کرنا چاہتے تھے۔

(کتاب اذکیا۔ سبط ابن جوزی)

(۳۳) ایک شخص کا اپنے سیاہ لڑکے سے انکار کرنا

حضرت عمرؓ کے پاس ایک سیاہ لڑکا لایا گیا جسکا باپ اسکی اولاد ہونے سے انکار کر رہا تھا۔ حضرت عمرؓ نے چاہا کہ اس مرد کو سزا دے مگر حضرت علیؑ نے فرمایا کہ مجھے اس سے کچھ سوال کر لینے دو اور اس شخص سے دریافت کیا کہ آیا وہ اپنی بیوی سے ایام حیض میں تو ہم بستر نہ ہوا تھا۔ اس نے جواب دیا کہ ہاں ایسا ہوا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اسی لئے خدا نے اسکے چہرے کو سیاہ کر دیا۔

حضرت عمرؓ نے کہا کہ "لولا علی لھلک عمر" (مناقب، فضائل العترت)

روایت کلبی ہے کہ حضرت علی نے فرمایا کہ جب خون نطفہ پر غلبہ کرتا ہے۔ جنین کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔

(۳۴) مال غنیمت کی تقسیم

ایک مرتبہ خلیفۂ ثانی کے پاس کچھ مال تقسیم کے لئے آیا تقسیم کے بعد کچھ مال بچ گیا حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ اس کو کیا کیا جائے۔ سب نے جواب دیا کہ یہ آپ ہی لے لیجئے اگر سب کو تقسیم کریں تو ہر حصہ بہت ہی تھوڑا ہوگا۔ حضرت عمرؓ نے قبول کر لیا۔ حضرت علی نے فرمایا کہ اے عمر یہ تمام مسلمانوں کا مشترکہ مال ہے۔ چند آدمیوں کے کہنے سے تم اپنے پاس نہیں رکھ سکتے۔ بلالحاظ کمی و زیادتی یہ مال بھی سب لوگوں میں تقسیم ہونا چاہئیے۔ حضرت عمرؓ نے اسی طرح تقسیم کیا اور کہا "ویدلک مع ایاد لم اجزک بھا" (مناقب شہر آشوب)

(۳۵) ایک شخص کا اپنی بیوی کو ایک مرتبہ جاہلیت میں اور دو مرتبہ اسلام میں طلاق دینا

ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ اس نے زمانہ کفر میں ایک مرتبہ اور اسلام قبول کرنے کے بعد دو مرتبہ اپنی عورت کو طلاق دی۔ اب اسکے لئے کیا حکم ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ قبول اسلام سے قبل اس نے جو کچھ کیا ہے اسکو اسلام نے باطل کر دیا پس ایک طلاق اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باقی رہی ——————— (مناقب شہر آشوب)

(۳۶) ایک غلام کا اپنے آقا کو قتل کر دینا

حضرت عمرؓ کے پاس ایک غلام لایا گیا جس نے اپنے آقا کو قتل کیا تھا۔ حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ اسکی گردن مار دیں۔ حضرت علی علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ آیا تو نے اپنے آقا کو قتل کیا ہے۔ اس نے جواب دیا کہ ہاں سبب دریافت کرنے پر غلام نے کہا کہ اس نے مجھ سے بالجبر بدکاری کی تھی۔ حضرت نے مقتول کے اولیاء سے فرمایا کہ تین روز کے بعد آئیں اور حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ تین روز تک اس لڑکے کو بغیر سزا کے رکھو۔ تین روز کے بعد حضرت علیؑ حضرت عمرؓ اور اولیائے مقتول کو لے کر قبر پر پہنچے اور فرمایا کہ قبر کھول کر مردہ کو باہر نکالیں۔ جب قبر کھولی گئی تو اس میں مردہ کا نشان و پتہ تک نہ تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ اللہ اکبر رسول اللہ نے سچ فرمایا کہ میری امت سے جو شخص قوم لوط کا سا عمل کرے گا اور اسی حالت میں مر جائیگا۔ قبر میں تین روز سے زیادہ نہ رہے گا۔ زمین اسکی لاش کو قوم لوط کے درمیان پھینک دے گی تاکہ یہ ان کے ساتھ محشور ہو۔

(مناقب شہر آشوب)

(۳۷) ایک شوہر سے زیادہ نہ کرنے کی وجہ

روضۃ الجنان میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ چالیس عورتیں حضرت عمرؓ کے پاس آئیں اور کہا کہ جب مردوں کو وقت واحد میں ایک سے زیادہ عورتیں عقد میں رکھنے کی اجازت ہے۔ تو عورتوں کو ایک سے زائد شوہر کرنے کی اجازت کیوں نہیں دی گئی۔ حضرت عمرؓ خاموش ہوگئے اور تمام عورتوں کو لے کر حضرت علیؑ کے پاس پہنچے۔ حضرت نے فرمایا کہ ہر عورت ایک شیشی میں پانی لائے۔ پھر فرمایا کہ ہر عورت اپنا اپنا پانی ایک کاسہ میں ڈال دے۔ جب سب نے پانی ڈال دیا حضرت نے فرمایا کہ ہر عورت اپنا اپنا پانی نکال لے۔ انہوں نے جواب دیا کہ یہ کیسے ممکن ہے۔ فرمایا کہ یہی وجہ ہے کہ ایک وقت ایک سے زائد شوہر کی ایک عورت کو اجازت نہیں دی گئی۔ اگر ایسا ہوتا تو اولاد میں تفرقہ پڑ جاتا۔ نسب و میراث باطل ہو جاتے۔ یہ کس طرح معلوم ہوتا کہ یہ کس شخص کی اولاد ہے۔

یہ جواب سن کر حضرت عمرؓ نے کہا کہ "یا علیؑ آپ کے بعد خدا مجھے زندہ نہ رکھے۔" (ناسخ التواریخ)

(۳۸) لباس کعبہ اور فروختگی

ایک روز مسلمانوں کا ایک گروہ حضرت عمرؓ کے پاس پہنچ کر کہنے لگا کہ خانۂ کعبہ کا لباس و زیور نکال کر اگر لشکر اسلام میں تقسیم کردیں تو کیا زیادہ ثواب نہ ہوگا۔ خانۂ کعبہ کو آخر اسکی کیا حاجت ہے۔ حضرت عمرؓ سوچنے لگے اور تصفیہ نہ کرسکے۔ بالآخر حضرت علیؑ سے سوال کیا کہ اسکا جواب دیں۔ حضرت نے فرمایا کہ قرآن رسول خدا پر نازل ہوا۔ اس میں مال کی چار قسمیں کی گئی ہیں ایک مسلمانوں کا مال ہے جو ورثہ میں تقسیم کیا جاتا ہے دوسرا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مال غنیمت ہے جو مستحقین پر تقسیم کیا جاتا ہے تیسرا خمس ہے جسکے لئے خدا نے ایک محل قرار دیا ہے چوتھے صدقات ہیں کہ ان کا ایک مقام قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح خدا نے لباس کعبہ کے لئے بھی ایک مقام قرار دیا ہے اور اسکو اسکی حالت پر چھوڑ دیا ہے۔ اور فراموشی کی وجہ ترک نہیں کر دیا۔ کوئی مقام خدا سے مخفی نہیں ہے۔ تم بھی خدا اور رسول کی طرح اس پر دست درازی نہ کرو۔ اور اس کو انہوں نے جہاں چھوڑا ہے وہیں رہنے دو۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ نے کہا کہ آپ نہ ہوتے تو میں رسوا ہو جاتا۔ (غایۃ المرام، شرح نہج البلاغہ)

(۳۹) کنیز کی شبیہ اختیار کرنے والی عورت

شیخ طوسی نے ابوروح سے روایت کی ہے کہ ایک شب ایک عورت کنیز کی شکل بنا کر ایک مرد کے پاس گئی۔ اس نے خیال کیا کہ یہ اسکی کنیز ہے اور اس سے مواقعہ کیا۔ اس کو حضرت عمرؓ کے پاس لے گئے مگر آپ فیصلہ نہ کر سکے۔ اور حضرت علیؑ کی رائے چاہی۔ حضرت نے فرمایا کہ مرد پر پوشیدہ طور پر حد جاری کی جائے اور عورت پر آشکارا طور پر۔ (غایت المرام)

(۴۰) اغلام کی سزا

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ خلافت دوم کے زمانہ میں ایک شخص نے اغلام کیا۔ جب لوگوں نے دیکھ لیا تو ایک آدمی فرار ہو گیا اور دوسرے کو حضرت عمرؓ کے پاس لے گئے۔ حضرت عمرؓ نے سب سے پوچھا کہ اسے کیا کرنا چاہیئے مگر ہر شخص نے ایک نیا جواب دیا۔ بالآخر حضرت علیؑ سے مشورہ کیا گیا تو آپ نے حکم دیا کہ اسکی گردن ماردی جائے اور اسکی لاش کو جلا دیا جائے چنانچہ حضرت عمرؓ نے اسکی گردن مار کر لاش جلوادی۔ (غایت المرام۔ اصول کافی)

(۴۱) قاتل کا قصاص میں نہ مرنا دوبارہ قصاص کی درخواست

امام رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ کے پاس ایک شخص پیش کیا گیا جس نے ایک دوسرے شخص کے بیٹے کو قتل کر دیا تھا۔ مقتول کے باپ نے حضرت عمرؓ کے حکم سے قاتل کو تلوار کی دو ضربیں لگائیں اور یہ سمجھ کر چلا گیا کہ وہ مر گیا مگر اس میں کسی قدر جان باقی رہ گئی تھی لوگ اسکو اٹھا کر لے گئے اور اسکا علاج کیا اور وہ چھ ماہ میں تندرست ہو گیا۔ ایک روز جب وہ بازار میں نکلا تھا مقتول کے باپ نے دیکھ لیا اور اسکو پکڑ کر پھر خلیفہ کے پاس لے گیا اور حضرت عمرؓ نے پھر اسکی گردن مارنے کا حکم دیا۔ اس نے حضرت علیؑ سے استغاثہ کیا تو آپ نے پوچھا کہ اے عمر یہ کیا حکم ہے جو تم نے دیا۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ میں نے جان کے عوض جان لینے کا حکم دیا ہے۔ حضرت علیؑ نے پوچھا کیا تم نے اسے ایک مرتبہ قتل نہیں کیا۔ عرض کیا کہ ہاں مگر وہ زندہ رہ گیا۔ فرمایا کہ کیا اسکو دوسری مرتبہ قتل کرو گے؟ حضرت عمرؓ نے متحیر ہو کر خاموشی اختیار کی اور مقتول کے باپ نے پوچھا کہ آیا میرے لڑکے کا خون باطل ہو گیا؟ فرمایا کہ نہیں، مگر اب حکم یہ ہے کہ شمشیر کے دو زخم جو تو نے اس پر لگائے تھے وہ شخص پہلے تجھ سے اسکا قصاص لے۔ اسکے بعد تو اسکو قتل کرے اس نے عرض کیا کہ یا ابوالحسنؑ یہ قصاص موت سے زیادہ شدید ہے میں نے اپنے بیٹے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے خون کو معاف کیا۔ پس ایک صلحنامہ لکھا گیا اور ایک نے دوسرے کو معاف کر دیا۔

حضرت عمرؓ ہاتھ بلند کر کے کہا کہ الحمد للہ اے ابوالحسنؑ تم لوگ اہلبیت رحمت ہو۔

پھر کہا "لولا علی لھلک عمر" (ناسخ التواریخ)

(۴۲) شاہِ مجوس کا فعلِ قبیح

ایک مرتبہ حضرت عمرؓ سے سوال کیا گیا کہ مجوسیوں کا کیا حال ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ یہ لوگ نہ ہی یہودی ہیں اور نہ نصرانی اور نہ ان کے پاس کوئی کتاب ہے۔ حضرت امیرالمومنین نے فرمایا کہ ان کے پاس کتاب تھی مگر وہ اٹھا لی گئی اسکی وجہ یہ تھی کہ ان کا ایک بادشاہ تھا جس نے حالتِ نشہ میں اپنی بہن اور بیٹی سے مقاربت کی تھی۔ نشہ اترنے کے بعد اس زشت کردار سے برأت حاصل کرنے کے لئے اس نے حکم دیا کہ تمام اراکین سلطنت جمع ہوں اور انہیں اپنے خیال سے آگاہ کیا اور حکم دیا کہ تمام رعایا کو مجبور کیا جائے کہ اس فعل کو رواج دیں۔ بادشاہ کا حکم سُن کر اکثر لوگوں نے اسکے قبول کرنے سے انکار کیا۔ بادشاہ نے غصہ میں آکر ایک گڑھا کھدوایا اور اس میں بہت سی آگ روشن کی اور حکم دیا کہ ہر انکار کرنے والے کو اس گڑھے میں ڈال دیا جائے اور قبول کرنے والے کو چھوڑ دیا جائے۔

اس رسم بد کے رائج ہونے کی وجہ کتابِ خدا ان کے درمیان سے اٹھ گئی۔

(نزھتہ الابرار، کتابِ بسیط)

(۴۳) یتیم کی تشخیص اور متروکہ کی تقسیم

ایک لڑکا حضرت عمرؓ کے پاس آکر کہنے لگا کہ میں فلاں شخص کا بیٹا ہوں اسکا انتقال ہو گیا ہے۔ ان کا جو کچھ مال آپ کے پاس بطور امانت رکھا ہوا ہے مجھے دیدو۔ حضرت عمرؓ نے اُسے ڈانٹ کر نکال دیا کہ میں تجھے نہیں جانتا۔ لڑکا روتا ہوا حضرت علیؑ کی خدمت میں پہنچ کر واقعہ سنایا۔ حضرت علیؑ نے حضرت عمرؓ کے پاس آکر فرمایا کہ میں آج تمہارے اور اس لڑکے کے درمیان وہ فیصلہ کروں گا جو خداوند عالم ساتویں آسمان پر کرتا۔ پھر حضرت نے قبر کھدوا کر ایک ہڈی منگوائی اور لڑکے سے فرمایا کہ سونگھے۔ سونگھنے سے لڑکے کی ناک سے خون جاری ہو گیا۔ اور حضرت نے فرمایا کہ بے شک یہ اُسی کا لڑکا ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ ناک سے خون جاری ہونے سے میں اسکا مال تو واپس نہ کروں گا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ یہ لڑکا بہ نسبت تمہارے اس مال کا زیادہ مستحق ہے تمہیں ضرور مال دینا ہو گا۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ آزما لو۔ چنانچہ تمام حاضرین کو ہڈی سونگھائی گئی مگر کسی کی ناک سے خون نہ نکلا۔ دوبارہ پھر جب اسی لڑکے کو سونگھائی گئی پھر خون جاری ہو گیا۔ سب لوگ اس واقعہ کو دیکھ کر متحیر ہو گئے۔ حضرت عمرؓ نے اس کے باپ کی امانت واپس کر دی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۴۴) زنانہ لباس پہننے والا زانی

ابنِ عباس سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ جب نماز صبح کے لئے مسجد پہنچے کسی شخص کو محراب میں سوتا ہوا پایا اور اپنے غلام یرقی کو حکم دیا کہ اس کو نماز کے لئے بیدار کرے۔ یرقی نے قریب آکر دیکھا کہ وہ زنانی لباس پہنا ہوا تھا ہلا کر بیدار کرنا چاہا تو معلوم ہوا کہ وہ ایک سر کٹے ہوئے مرد کی لاش ہے۔ حضرت عمرؓ نے اس لاش کو مسجد کے ایک گوشہ میں رکھوا کر نماز فجر ادا کی اور نماز کے بعد حضرت علی علیہ السلام کے پاس پہنچ کر واقعہ سنایا اور پوچھا کہ اس سے متعلق کیا حکم ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ اس کو دفن کردیں اور اس وقت تک انتظار کرتے رہیں کہ اس محراب میں ایک بچہ نظر آئے اس وقت تمام حال معلوم ہوجائے گا۔

حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ آپ یہ کس طرح کہہ رہے ہیں۔ حضرت نے جواب دیا کہ میرے بھائی اور حبیب، رسول خدا نے مجھے اطلاع دی تھی۔ جب اس واقعہ کو نوماہ گزر گئے۔ ایک صبح جب حضرت عمرؓ مسجد پہنچے، ایک بچہ کو محراب میں روتا پایا۔ آپ نے کہا کہ بیشک اللہ، اسکا رسول اور اسکا ابنِ عم سب سچے ہیں۔

نماز کے بعد حضرت عمرؓ اس بچہ کو حضرت علیؑ کے پاس لے چلے حضرت نے فرمایا کہ اسکے لئے انصار کی عورتوں میں سے کسی دایہ کو بلائیں اور بیت المال سے اسکا معاوضہ مقرر کرکے اس بچہ کو دودھ پلانے کا انتظام کیا۔ بچہ کی عمر محرم میں ایک سال ہوگئی اور اسکے نوماہ بعد عید رمضان پر حضرت نے دایہ کو حکم دیا کہ بچہ کو کپڑے پہنا کر مسجد میں جاکر دیکھتی رہے کہ کون سی عورت قریب آکر بچہ کو لے کر پیار کرتی اور کہتی ہے کہ "اے مظلوم اے پسرِ مظلومہ، اے پسرِ ظالم" پس اس عورت کو میرے پاس لے آ۔ پس دوسری صبح دایہ بچہ کو عیدگاہ لے گئی۔ اس نے دیکھا کہ یکایک ایک نہایت حسین عورت پیچھے سے آئی اور بچہ کو لے کر بوسہ دینے لگی اور کہی کہ اے مظلوم اے پسرِ مظلومہ، اے پسرِ ظالم تو میرے بچہ کے بہت مشابہہ ہے جو مر گیا۔ جب وہ جانے لگی دایہ نے اسکے دامن کو تھام کر کہا کہ جب تک تو حضرت علی ابن ابی طالب کی خدمت میں نہ چلے گی جا نہیں سکتی۔ وہ پریشان ہوکر کہنے لگی کہ علیؑ سب کے سامنے میری فضیحت کریں گے مجھے چھوڑ دے میں نہیں آئی۔ جب دایہ اسے چھوڑنے کے لئے راضی نہ ہوئی اس عورت نے دایہ کو بردیمانی ، حلہ صنعانی اور تین سو درہم بطور رشوت دے کر کہا کہ تو علیؑ سے کہہ دے کہ تونے مجھے دیکھا ہی نہیں عید الضحیٰ میں اگر تو اس بچہ کو میرے پاس پہنچادے اسی طرح اور چیزیں دوں گی۔ پس جب دایہ واپس گئی تو حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اے دشمن خدا میرے حکم کی تعمیل کس طرح کی۔ دایہ نے جواب دیا کہ اس بچہ کے لئے کوئی عورت نہ آئی۔ فرمایا کہ اس صاحب قبر کی قسم تو جھوٹ کہہ رہی ہے وہ عورت آئی اور بچہ کو گود میں لے کر بوسہ دیا اور گریہ کی اور تجھے رشوت دی اور ایسی ہی رشوت دینے کا وعدہ کیا۔ دایہ کانپنے لگی اور عرض کیا اے رسول خدا کے بھائی کیا آپ علمِ غیب جانتے ہیں۔ فرمایا کہ غیب سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا مگر یہ سب رسول خدا نے مجھ سے فرمایا تھا۔ دایہ نے عرض کیا کہ بہترین بات صدق ہے اور حقیقت یہی ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا اگر حکم ہو تو اس عورت کو گرفتار کرکے حاضر کروں۔ حضرت نے فرمایا کہ تجھ کو یہ چیزیں دینے کے بعد اس نے اپنا مقام بدل دیا اور اب تو عید الضحیٰ تک توقف کر اور اس عورت کو لے آ۔ خدا تجھے معاف کرے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس عید الضحٰی کو دایہ بچہ کو لے کر عید گاہ پہنچی اور عورت پھر آکر بچہ کو پیار کرنے لگی۔ دایہ نے اس کے دامن کو پکڑ لیا اور کہا کہ اب ممکن نہیں کہ تجھ کو بغیر حضرت علیؑ کی خدمت میں لے جانے کے چھوڑ دوں۔ اس عورت نے آسمان کی طرف سر بلند کرکے کہا "یا غیاث المستغیثین ویا جار المستجیرین" اور حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ حضرت نے پوچھا کہ تو اپنا قصہ میرے لئے بیان کرتی ہے یا میں تیرے لئے بیان کروں۔ عورت نے عرض کیا کہ میں خود بیان کرتی ہوں اور کہنا شروع کیا کہ میرا باپ عامر بن سعد خزرجی انصاری تھا جو رسول خدا کی ہمرکابی میں شہید ہوگیا۔ میری ماں نے خلافتِ ابوبکرؓ میں انتقال کیا میں فریدہ، وحیدہ بغیر کسی خدمت گار و غمخوار کے باقی رہ گئی۔ چند ہمسایہ عورتوں سے مانوس ہو کر ان کے ساتھ وقت گزارتی تھی۔

ایک روز چند مہاجر و انصار کی عورتوں میں بیٹھی ہوئی تھی کہ ایک فرتوت ضعیفہ آئی جس کے ایک ہاتھ میں تسبیح تھی اور دوسرے ہاتھ میں عصا۔ سب کو سلام کرکے ہر ایک کا نام دریافت کیا۔ مجھ سے سوال کرنے پر میں نے جواب دیا کہ میرا نام جمیلہ اور میرے باپ کا نام عامر انصاری ہے، پھر اس نے سوال کیا کہ تیرا باپ کہاں ہے میں نے جواب دیا کہ انتقال ہوگیا۔ پھر اس نے پوچھا کہ تجھے شوہر ہے یا نہیں میں نے کہا کہ نہیں پھر اس نے کہا کہ تو کیسی لڑکی ہے کہ بغیر شوہر کے اس طرح زندگی گزار رہی ہے اسکے بعد اس نے میرے ساتھ بہت ہی ہمدردی کا اظہار کیا اور میرے حال زار پر رونے لگی اور کہا کہ کیا تو اپنی خدمت کے لئے کوئی عورت چاہتی ہے۔ میں نے کہا کہ ہاں۔ اس نے کہا کہ میں تیری خدمت کرنے اور تیری شفیق ماں بننے کے لئے تیار ہوں۔ میں بہت خوش ہوگئی اور اس کو اپنے گھر لے گئی اور کہی یہ مکان آپکا ہے میں آپ کے ہر حکم کی تعمیل کے لئے حاضر ہوں۔

اس نے سب سے پہلے پانی لے کر وضو کیا اور میں نے اسکے لئے روٹی، دودھ اور کھجور کا انتظام کیا۔ ان چیزوں کو دیکھ کر وہ بری طرح رونے لگی اور کہا کہ اے دختر یہ میری غذا نہیں ہے۔ میں صرف نمک کے ساتھ جو کی روٹی کھاتی ہوں اور وہ بھی نماز عشائ کے بعد۔ اسکے بعد وہ نماز کے لئے کھڑی ہوگئی۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں نے جو کی روٹی اور نمک پیش کیا۔ اس نے نمک میں تھوڑی سی مٹی ملا کر روٹی کے تین لقموں سے افطار کیا اور پھر جو نماز میں مشغول ہوگئی تو صبح کر دی۔ میں نے اس سے کہا کہ دعا کرو کہ خدا مجھے معاف کر دے میں سمجھتی ہوں کہ خدا تیری دعا کو رد نہ کرے گا۔ اس عورت نے کہا کہ تو ایک خوبصورت لڑکی ہے۔ میں خوف کرتی ہوں کہ میں کسی حاجت کے لئے باہر جاؤں تو تنہا رہ جائے گی۔ تیرے لئے ایک اچھے ساتھی کی ضرورت ہے۔ اگر تو چاہتی ہے تو میں اپنی بیٹی کو لے آتی ہوں جو عاقل و دانا اور عابد و زاہد اور عمر میں تیرے برابر ہی ہوگی۔ یہ تیری بہت اچھی ساتھی ہوگی۔ میں نے جواب دیا کہ کیوں میں ایسی صحبت نہ چاہوں گی۔ پس وہ عورت اٹھ کر چلی گئی۔ اور تھوڑی دیر کے بعد تنہا واپس آئی تو میں نے دریافت کیا کہ میری بہن کیوں نہیں آئی۔ اس نے جواب دیا کہ میری لڑکی عبادت خدا میں بہت زیادہ مشغول رہتی ہے۔ لوگوں کی زیادہ آمد و رفت پسند نہیں کرتی۔ تیرے مکان میں مہاجرین و انصار کی آمد و رفت بہت زیادہ رہتی ہے۔ جو اس کی عبادت میں مخل ہوگی۔ میں نے وعدہ کیا کہ میں اپنے مکان میں کسی کو بھی آنے نہ دوں گی۔ پس وہ عورت گئی اور تھوڑی ہی دیر میں ایک جوان عورت کے ساتھ آئی وہ اپنے جسم کو لباس سے اس قدر بری طرح ڈھانکی ہوئی تھی کہ سوائے اسکی دو آنکھوں کے جسم کا کوئی حصہ نظر نہ آتا تھا۔ وہ کمرہ کے دروازہ پر کھڑی ہوگئی۔ میں نے پوچھا کہ اندر کیوں نہیں آتی۔ بڑھیا نے جواب دیا کہ تیرے دیدار کی خوشی و فرحت کی وجہ۔ اچھا میں جا کر اپنے گھر کو مقفل کرکے آتی ہوں کہیں چوری نہ ہو جائے۔ یہ کہہ کر بڑھیا چلی گئی۔ اور میں اس لڑکی پر اصرار کرنے لگی کہ اپنے چہرے پر سے نقاب اور برقعہ نکال کر بے تکلف ہو کر بیٹھے مگر وہ نہ مانی۔ میں رونے لگی اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کے سر سے کپڑا کھینچ کر نکال دی۔ مجرد کپڑا نکالنے کے میں نے دیکھا کہ وہ عورت نہ تھی بلکہ سیاہ داڑھی والا ایک مرد تھا جس نے اپنے ہاتھ اور پاؤں کو خضاب کیا ہوا تھا۔ میں آپے سے باہر ہو گئی اور میں نے اس سے سوال کیا کہ تجھے کیا ہو گیا ہے کہ اپنی فضیحت اور میری رسوائی کر رہا ہے۔ اٹھ اور جہاں سے آیا ہے فوراً اسی برقعہ میں واپس چلا جا۔ کیا تو عمر بن خطاب کی سزا سے بھی نہیں ڈرتا۔ یہ کہہ کر اسکے قریب سے اٹھنا چاہتی تھی کہ اُس نے جست لگا کر مجھے اپنی گرفت میں لے لیا اور میں اس خوف سے کہ ہمسائے مطلع نہ ہوں چیخ نہ سکی اور اس کے چنگل میں اس طرح گرفتار تھی کہ جیسے ایک چڑیا عقاب کے پنجوں میں ہو۔ بالآخر اس نے میرے جامۂ دوشیزگی کو چاک کیا اسکے بعد مستی کی شدت میں مدہوش ہو کر منہ کے بل زمین پر گر پڑا۔ یکایک میری نظر ایک چھری پر پڑی جو اسکے لباس میں پوشیدہ تھی میں نے ہاتھ بڑھا کر اس چھری سے اسکا سر علیحدہ کر دیا اور بارگاہ خداوندی میں عرض کی کہ " الٰھی و سیدی تعلم فلاناً ظلمنی وفضحنی وھتک ستری وانا توکلت علیک یا من اذا توکل العبد علیہ کفاہ یا جمیل الستر"

اور جب رات ہوئی تو اسکی لاش لیجا کر مسجد کے محراب میں رکھ دیا۔ مجھے اس سے استقرار حمل ہوا جس کو میں نے کئی مرتبہ ساقط کرنے کا ارادہ کیا یہاں تک کہ وضع حمل ہوا اور میں نے بچہ کے قتل کا ارادہ کیا پھر اسکو گناہ عظیم سمجھ کر مسجد میں لے جا کر رکھ دیا۔

حضرت عمرؓ نے کہا کہ "میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہؐ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں شہر علم ہوں اور علی اسکے دروازہ ہیں اور میرا بھائی علیؑ ہمیشہ زبانِ حق سے بات کرتا ہے" اے ابوالحسن فرمائیے کہ اب آپ کا کیا حکم ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اس مقتول کا خون بہا کچھ بھی نہیں کیونکہ یہ ایک امر عظیم کا مرتکب ہوا ہے اور اس عورت پر کوئی حد نہیں اس لئے کہ اسکی رضامندی کے بغیر وہ شخص اس پر غالب ہوا اسکے بعد فرمایا کہ اس بڑھیا کو حاضر کرے تاکہ حق کو اس سے طلب کروں۔ جمیلہ نے عرض کیا کہ تین روز کی مہلت دیں۔

حضرت علیؑ نے دایہ کو حکم دیا کہ اس بچہ کو اسکی ماں کے سپرد کیا جائے۔ جمیلہ اپنے بچے کو لے کر چلی گئی اور دوسرے روز بڑھیا کی تلاش میں نکلی ناگاں محلہ کی ایک گلی میں بڑھیا نظر آئی اور اس کو پکڑ کر کشاں کشاں حضرت علیؑ کے پاس لے آئی اور حضرت نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ کیا تو جانتی ہے کہ میں علی ابن ابیطالب ہوں اور میرا علم رسول خدا کا علم ہے۔ صحیح صحیح کہہ کہ اسکا کیا واقعہ ہے۔ بڑھیا نے جواب دیا کہ میں نہ ہی اس عورت کو جانتی ہوں اور نہ اس مرد کو اور مجھے ان کے واقعات کا کوئی علم ہی نہیں۔ فرمایا کہ آیا تو اس بات پر قسم کھاتی ہے کہ تو نہیں جانتی۔ اس نے جواب دیا کہ ہاں۔ فرمایا کہ رسولِ خدا کی قبر پر چل اور قسم کھا کہ تو اس واقعہ سے واقف نہیں۔ بڑھیا نے قبرِ رسول پہ چل کر قسم کھا کر کہا کہ میں اس قضیہ سے واقف نہیں ہوں اس کے ساتھ اسکا چہرہ سیاہ ہو گیا۔ حضرت نے فرمایا کہ ذرا آئینہ لے کر اپنا چہرہ دیکھ۔ چہرے کو دیکھ کر بڑھیا فریاد کرنے لگی کہ اے رسول کے بھائی میں اپنے کردار سے تائب ہوئی مجھے معاف کر دیجئے۔ حضرت نے دعا کی کہ خداوندا اگر یہ عورت سچ کہتی ہے اور درحقیقت تائب ہوئی ہے تو اسکو پہلے حال پر پلٹا دے مگر اُسکے چہرے کی سیاہی زائل نہ ہوئی۔ حضرت نے فرمایا کہ اے ملعونہ تو کس طرح تائب ہوئی کہ خدا نے تجھے معاف ہی نہ کیا۔ پھر حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ اس بڑھیا کو مدینہ سے باہر لے جا کر رجم کریں۔

(غایت المرام، دار المطالب)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زمانہ خلافت سوم

(۱) سنگساری کا غلط حکم

روضۃ الاحباب اور حبیب السیر میں مرقوم ہے کہ ۲۹ھ میں قبیلہ جہینہ کی ایک عورت کو حضرت عثمانؓ کے پاس لاکر کہا گیا کہ وہ چھ ماہ میں بچہ جنی ہے۔ حضرت عثمان نے فوراً اسکو سنگسار کرنے کا حکم دے دیا۔ جب حضرت علیؑ کو اس واقعہ کی اطلاع ملی تو آپ نے دار الشرع تشریف لاکر فرمایا کہ عثمان تم کو اس حکم کے جاری کرنے میں تاخیر کرنا چاہیئے تھا۔ کیا تم نے قرآن میں نہیں پڑھا کہ خدا فرماتا ہے "وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلٰثُونَ شَهْرًا" یعنی اسکا حمل اور دودھ پلانے کی مدت تیس ماہ ہے اور دودھ پلانے کی مدت کے لئے خدا فرماتا ہے "وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ" (یعنی مائیں اپنی اولاد کو کامل دو سال دودھ پلائیں۔ پس اس سے ظاہر ہوا کہ حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ ہے اس لئے اس عورت کا زنا ثابت نہیں ہوا۔

حضرت عثمان نے اس کے بعد آدمی کو بھیجا کہ عورت کو واپس لائیں مگر اسکا کام تمام ہو چکا تھا۔

(کوکب دری)

(۲) آنکھ کا قصاص

حضرت عثمان کے غلام نے ایک اعرابی کے سر پر اس طرح ضرب لگائی جس سے اسکی ایک آنکھ ضائع ہوگئی جب قضیہ حضرت عثمان کے پاس پہنچا تو آپ نے آنکھ کی دیت دینی چاہی مگر اعرابی رضامند نہ ہوا۔ بالآخر اس قضیہ کو حضرت عثمان نے حضرت علی علیہ السلام کے پاس پیش کیا۔ اعرابی نے دیت سے انکار کرکے قصاص کی خواہش کرنے پر حضرت نے کچھ روئی اور آئینہ منگوایا اور روئی کو تر کرکے غلام کی آنکھ کے اطراف رکھا اور آئینہ کو دھوپ میں اس طرح رکھا کہ آفتاب کی شعاعیں منعکس ہو کر اسکے چہرے پر گریں اور اس کو حکم دیا کہ آئینہ کو دیکھتا رہے۔ وہ دیکھتا رہا یہاں تک کہ اسکی آنکھ کی چربی پگھل کر بہہ گئی اور وہ آنکھ نابینا ہوگئی۔

(اصول کافی، عجائب احکام)

(۳) ارث میں ملنے والا شوہر

ایک شخص کی ایک کنیز تھی جس سے ایک لڑکا تولد ہوا۔ پھر اس شخص نے اس کو معزول کرکے اپنے غلام کے ساتھ نکاح کر دیا۔ چند روز گزرنے پر اسکا انتقال ہوگیا اور بچہ کی میراث میں یہ کنیز بھی اپنے بیٹے کی موروثی کنیز بن گئی اسی طرح اسکا شوہر بھی اس بچہ کا موروثی غلام بن گیا۔ چند روز کے بعد یہ لڑکا بھی مر گیا اور کنیز اپنے بیٹے کی میراث پائی اسی طرح اسکا شوہر اسکا غلام بن گیا۔ اس قضیہ کو حضرت عثمان کے پاس پیش کیا گیا۔ عورت کہتی تھی کہ میرا غلام ہے اور مرد کہتا تھا کہ یہ میری زوجہ ہے۔ حضرت عثمان سے اسکا فیصلہ نہ ہو سکا ناچار حضرت علی علیہ السلام سے رائے لی گئی تو آپ نے فرمایا کہ عورت سے پوچھیں کہ عورت کی میراث میں آنے کے بعد اس شخص نے مجامعت تو نہ کی۔ عورت نے جواب دیا کہ نہیں۔ فرمایا کہ اگر وہ ایسا کرتا تو میں اس کو سزا دیتا۔ جا یہ تیرا غلام ہے چاہے اس کو آزاد کر یا غلام رکھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۴) زانی مکاتبہ کنیز

ایک کنیز مکاتبہ (یعنی ایسی کنیز جس نے اپنی قیمت ادا کر کے خود کو آزاد کرا لیا ہو) جس نے اپنی قیمت کے تین حصے ادا کر کے تین چوتھائی حد تک اپنے کو آزاد کرا لیا تھا زنا کیا۔ حضرت عثمان نے اس مسئلہ کا جواب حضرت علی علیہ السلام سے دریافت کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس پر حد اس طرح جاری کی جائے جو ایک حصہ بندگی کی ہو اور تین حصہ آزادی کی۔

(کتاب الارشاد شیخ مفید)

(۵) ایک انصاریہ اور ایک بنی ہاشم عورت

ایک شخص کی دو بیبیاں تھیں ایک انصاریہ اور دوسری ہاشمیہ۔ اس شخص نے انصاریہ کو طلاق دیدی اور چند روز کے بعد مر گیا۔ پس انصاریہ نے خلیفۂ وقت کے پاس دعوی دائر کیا کہ اسے میراث دلائے کیونکہ اسکی عدت ختم ہونے سے پہلے اسکا شوہر مر گیا۔ حضرت عثمان نے حضرت علیؑ کے پاس بھیج دیا۔ حضرت نے فرمایا کہ انصاریہ قسم کھا کر کہے کہ تاریخ طلاق کے بعد تین طہر گزر گئے اور حیض نہ آیا۔ ایسی صورت میں وہ میراث کی مستحق ہوگی۔ انصاریہ نے قسم نہ کھا کر میراث چھوڑ دی۔

(مستدرک حصہ سوم' مناقب شہر آشوب)

زمانہ خلافت چہارم

(۱) روٹیوں کا جھگڑا دو آدمی کھانے پر بیٹھے تھے جن میں سے ایک کے پاس پانچ اور دوسرے کے پاس تین روٹیاں تھیں۔ اتنے میں ایک تیسرا آدمی آکر کھانے میں شریک ہو گیا۔ جب کھانا ختم ہو چکا تو تیسرے آدمی نے روٹیوں کے عوض آٹھ درہم دے کر چلا گیا۔ پانچ روٹیوں والے نے اپنے ساتھی سے کہا کہ میں پانچ درہم لوں گا۔ اس لئے کہ میری پانچ روٹیاں تھیں اور تو تین درہم لے اس لئے کہ تیرے پاس تین روٹیاں تھیں۔ اس نے جواب دیا کہ دونوں چار چار درہم تقسیم کر لیں گے۔ جھگڑا بڑھا یہاں تک دونوں تصفیہ کے لئے حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں پہنچے۔ حضرت نے پورا جھگڑا سُن کر تین روٹیوں والے سے فرمایا کہ تیرا ساتھی جو کچھ دے رہا ہے۔ لے لے حالانکہ اسکی روٹیاں تجھ سے زیادہ تھیں۔ اس نے جواب دیا کہ جب تک میرا حق مجھ کو معلوم نہ ہو جائے نہ لوں گا۔ حضرت نے فرمایا کہ تیرا حق تو ایک درہم سے زائد نہیں اس لئے کہ آٹھ روٹیوں کی چوبیس تہائیاں ہوئیں اور یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ سب نے برابر کھایا۔ اس طرح تو نے اپنی تین روٹیوں کی نو تہائیوں میں سے آٹھ تہائیاں کھائیں اور تیرے دوست

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے پانچ روٹیوں کی پندرہ تہائیوں میں سے آٹھ تہائیاں کھائیں۔ پس اس کی سات تہائیاں اور تیری ایک تہائی درہم والے نے کھائی اور تجھ کو ایک تہائی کے عوض ایک درہم اور تیرے دوست کو سات تہائیوں کے عوض سات درہم ملیں گے۔ (سراج المبین)

(۲) مسئلہ رکابیہ

ایک وقت جبکہ حضرت علیؑ کہیں جانے کیلئے گھوڑے پر سوار ہو رہے تھے کہ ایک یہودی نے سوال کیا کہ وہ کون سا عدد ہے جسکے نو کسور ہوں، یعنی اسکا نصف ہو، ثلث ہو، ربع ہو، پانچواں، چھٹا، ساتواں، آٹھواں اور نواں اور دسواں حصہ ہو۔ حضرت نے فوراً جواب دیا کہ ہفتہ کے دنوں کو سال کے دنوں سے ضرب دو تو حاصل ضرب تیرا جواب ہوگا۔ (یعنی ۷×۳۶۰ = ۲۵۲۰) یہودی نے حاصل ضرب کو جانچا اور اسلام سے مشرف ہوگیا۔ چونکہ حضرت اس سوال کے وقت گھوڑے کے رکاب میں قدم رکھ رہے تھے۔ اس مسئلہ کا نام مسئلہ رکابیہ پڑ گیا۔ (ینابیع المودۃ)

(۳) ایک عورت اور مرد کا جھگڑا

ایک روز کوفہ میں حضرت امیرالمومنینؑ نے نماز فجر سے فارغ ہو کر ایک شخص کو حکم دیا کہ فلاں مسجد کے متصلہ مکان میں ایک میں ایک عورت اور ایک مرد آپس میں جھگڑ رہے ہیں دونوں کو میرے پاس حاضر کرے۔ جب دونوں حاضر ہوئے حضرت نے اس مرد سے پوچھا کہ آج کی رات تم دونوں میں کیوں جھگڑا ہوتا رہا۔ اس نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ میں نے اس عورت سے نکاح کیا ہے لیکن جب میں اسکے قریب گیا تو مجھے اس سے سخت نفرت پیدا ہوئی اگر ممکن ہوتا تو میں اُسی وقت اس کو گھر سے نکال دیتا بس اُسی وقت سے ہمارے درمیان مسلسل جھگڑا ہے۔

حضرت نے حاضرین سے فرمایا کہ بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جن سے مخاطب کے سوا دوسرے کو آگاہ کرنا مناسب نہیں۔ یہ سنتے ہی سب لوگ اٹھ کر باہر چلے گئے تب آپ نے عورت سے دریافت کیا کہ کیا تو اس جوان کو جانتی ہے۔ وہ بولی کہ نہیں، فرمایا کہ میں اسکا پورا واقعہ بیان کرتا ہوں اور تجھے چاہیئے کہ سچائی کو ہاتھ سے جانے نہ دے۔ عورت نے عرض کی کہ میں راستی سے ہرگز نہیں ہٹوں گی۔

پس حضرت نے فرمایا کہ تو فلاں بنت فلاں ہے۔ تیرا ایک چچازاد بھائی تھا اور تم دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے تھے۔ ایک شب تو جب قضائے حاجت کے لئے باہر گئی ہوئی تھی اس نے تجھ سے مقاربت کی اور تو حاملہ ہوگئی۔ اور اس کو اپنی ماں پر ظاہر کیا۔ اور باپ سے پوشیدہ رکھا۔ جب وضع حمل کا وقت آیا تو رات کا وقت تھا اور تیری ماں تجھ کو گھر سے باہر لے گئی اور جب بچہ پیدا ہوا تو اس کو کپڑے میں لپیٹ کر دیوار کے پیچھے رکھ دیا، جہاں لوگ قضائے حاجت کے لئے آیا کرتے تھے۔ ایک کتے نے اس بچہ کو سونگھا تو، تو نے اسکی طرف ایک پتھر پھینکا جو اتفاقاً بچہ کے سر پہ لگا اور سر کو زخمی کر دیا۔ تیری ماں نے اسکے سر کو باندھ کر وہیں چھوڑ دیا اور تم دونوں چلی گئیں، جب صبح ہوئی تو فلاں قبیلہ کے ایک شخص نے اس بچہ کو لیجا کر پرورش کرنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ وہ جوان ہوگیا اور ان لوگوں کے ہمراہ کوفہ آکر تجھ سے نکاح کیا۔ یہ وہی لڑکا ہے۔ حضرت نے اس سے فرمایا کہ اپنے سر کو ننگا کرے۔ جب اس نے سر کو ننگا کیا تو زخم کا نشان صاف طور پر موجود پایا۔ پھر حضرت نے عورت سے فرمایا کہ یہ تیرا بیٹا ہے اور تو اسکی ماں ہے۔ خداوند تعالیٰ نے تجھ کو فعل حرام سے محفوظ رکھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۴) ایک مخنث کا سوال

ایک روز ایک خنثیٰ ایک مرد اور ایک بچہ کو لے کر قاضی شہر کوفہ کے پاس آکر کہنے لگا کہ اے مسلمانوں کے قاضی! میں مرد اور عورت دونوں کے اعضاء رکھتا ہوں چنانچہ یہ لڑکا میرا بیٹا اور یہ مرد میرا شوہر ہے اب مجھے عورت کی خواہش ہو رہی ہے کیا حکم دیتے ہو۔ قاضی صاحب جواب نہ دے سکے اور پریشان ہو کر حضرت امیرالمومنینؑ کی خدمت پہنچے اور اس شخص نے اپنا حال عرض کیا۔ حضرت نے قصاب کو بلا کر اس شخص کی ہڈیاں گنوائیں تو معلوم ہوا کہ دائیں جانب آٹھ اور بائیں جانب سات ہڈیاں تھیں پس حضرت نے فرمایا کہ اے شخص تو مرد ہے نہ کہ عورت۔ آئندہ سے تجھے نہ سر پہ چادر اوڑھنی چاہئیے اور نہ عورتوں میں جانا چاہئیے۔ کیونکہ تو نامحرم ہے۔

(احسن الکبار۔ کوکب دری ۱۰۲)

(۵) سر کے چوٹ کی سزا

ایک شخص نے دوسرے شخص پر دعویٰ کیا کہ اس نے اسکے سر پہ مارنے سے بصارت جاتی رہی اور وہ گونگا بھی ہو گیا حضرت علیؑ نے فیصلہ فرمایا کہ مضروب علیہ کی زبان کا خون سوئی سے نکالا جائے اگر خون سرخ ہے تو سمجھنا کہ وہ اچھا ہے اور اگر خون سیاہ ہے تو وہ گونگا ہے۔

(۶) وصیت میں خیانت

ایک شخص نے مرتے وقت اپنے ایک دوست کو وصیت کی کہ وہ ایک ہزار دینار چھوڑ کر مر رہا ہے اس میں سے جس قدر وہ چاہے خیرات کر کے باقی لے لے۔ چنانچہ اسکے مرنے کے بعد اس شخص نے ایک سو دینار خیرات کر کے بقیہ لے لیا۔ خیرات خوروں نے کہا کہ نصف تقسیم کر کے نصف لے لے۔ مگر اس نے نہ مانا اور فریاد حضرت علیؑ کے دربار میں پہنچی۔ حضرت نے فرمایا کہ ان لوگوں نے تو تجھ سے انصاف چاہا اور آدھی رقم مانگ رہے ہیں اور آدھی تیرے لئے چھوڑ رہے ہیں۔ اس شخص نے جواب دیا کہ مرحوم نے وصیت کی تھی کہ اس میں سے جتنا میں چاہوں خیرات کر کے باقی لے لوں۔ حضرت نے فرمایا کہ پس تجھ کو چاہئیے کہ نوسو دینار خیرات کر دے۔ اس نے پوچھا کہ کیوں؟ فرمایا کہ موصی کی وصیت تھی کہ اس میں سے جتنا تجھ کو پسند ہو خیرات کر دے۔ تو تو نے نوسو دینار پسند کئے اس لئے ایک سو رکھ اور نوسو خیرات کر دے۔

(۷) دلہن اور دو قتل

ایک عورت کی شادی ہوئی اور اس نے شب زفاف اپنے آشنا کو پلنگ کے نیچے پوشیدہ کر دیا اور جب دولہا کمرہ میں آیا تو اس پر حملہ کرا دی، دونوں میں لڑائی ہوئی اور دولہا نے اس شخص کو مار دیا۔ آشنا کو مرتے دیکھ کر عورت غصہ میں آئی اور اپنے دولہا کو مار دی۔ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ عورت پہلے اپنے آشنا کا خوں بہا ادا کرے پھر اپنے شوہر کے قصاص میں قتل کی جائے۔

(۸) قاتل اور شریک قتل

ایک شخص بھاگ رہا تھا اور دوسرا اس کو قتل کرنا چاہتا تھا۔ ایک تیسرے شخص نے مفرور کو پکڑ کر قاتل کے حوالہ کر دیا اور اس نے قتل کر دیا۔ چوتھا شخص یہ سب دیکھ رہا تھا اور مقتول کو چھڑا سکتا تھا مگر نہ چھڑایا اور قاتل کو بھی منع نہ کیا۔ حضرت نے فیصلہ کیا کہ قاتل کو قصاص میں قتل کیا جائے اور پکڑنے والے کو حبس دوام کی سزا دی جائے۔ دیکھنے والے کی دونوں آنکھیں پھوڑ دی جائیں کہ باوجود قدرت کے دیکھ کر خاموش رہا اور مقتول کی مدد نہ کی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۹) ایک شخص کا بیوی پر ظلم، جس سے وہ ہمیشہ کیلئے بیکار ہو گئی ایک شخص نے اپنی عورت کی شرمگاہ کو اس طرح کاٹ دیا کہ وہ ہمیشہ کے لئے کسی دوسرے کے قابل نہ رہی۔ حضرت علی علیہ السلام نے حکم فرمایا کہ شوہر اس کی دیت ادا کرے اور تاحیات اس عورت کو پاس رکھے اور اس کو نفقہ دیا کرے اگرچہ اس کو طلاق بھی دے دے۔

(۱۰) دو سر اور ایک دھڑ کے بچہ کی میراث حضرت کی خدمت میں ایک ایسے مولود کی میراث کا جھگڑا پیش ہوا جس کے دو سر اور دو سینے تھے مگر نیچے کا دھڑ ایک ہی تھا۔ لوگوں نے پوچھا کہ اسکو متروکہ ایک ملنا چاہیئے یا دو آدمیوں کا۔ فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو یہاں تک کہ سو جائے اگر سانس دونوں سروں سے برابر آتی ہے تو دو کا حصہ پائے گا اور اگر ایک ہی سر سے سانس آتی ہے اور دوسرے سے نہیں تو ایک حصہ پائے گا۔

(۱۱) ایک قاتل کا فیصلہ حضرت علیؑ کی خدمت میں ایک ایسے آدمی کو گرفتار کر کے لائے جسکے ہاتھ میں خون آلود چھری تھی اور ایک گلی میں اسکے سامنے ایک مقتول پڑا خون میں لوٹ رہا تھا جب اسکے قاتل کے متعلق دریافت کیا گیا تو اس نے جواب دیا کہ میں ہی قاتل ہوں۔ حضرت نے حکم دیا کہ اس کو قتل کر دیں جب اس کو قتل کرنے لے چلے سامنے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا کہ اسکے قتل میں جلدی نہ کرو اور اس کو امیر المومنینؑ کے پاس لے چلو۔ جب سب حضرت کے سامنے آئے تو اس نے کہا کہ یا امیر المومنین یہ اسکا قاتل نہیں ہے بلکہ میں اسکا قاتل ہوں۔ حضرت نے پہلے شخص سے پوچھا کہ تو نے کیوں اسکے قتل کا اعتراف کیا۔ اس نے جواب دیا کہ یا امیر المومنین مقتول اندھیرے میں خون آلود پڑا ہوا تھا میں اسکے نزدیک تھا اور میرے ہاتھ میں خون بھری چھری تھی اس حالت میں اس گروہ کا وہاں سے گزر ہوا۔ چونکہ اور کوئی آدمی وہاں موجود نہ تھا۔ ان لوگوں نے مجھے گرفتار کر لیا اور مجھ پر خوف طاری ہونے کی وجہ سے میں نے اقبال کر لیا کہ اسکا حساب خدا کے پاس ہو گا۔

حضرت نے فرمایا کہ تو نے بہت بُرا کیا۔ مگر حقیقت واقعہ کیا ہے بیان کر۔ اس نے جواب دیا کہ میں قصاب ہوں۔ شب کا آخری حصہ تھا کہ میں گائے کو ذبح کر کے اسکا چمڑا نکال کر ٹکڑے کر رہا تھا کہ مجھے پیشاب آیا۔ میرے ہاتھ میں چھری تھی اسی حالت میں باہر آگیا اور پیشاب سے فارغ ہو کر جب واپس ہوا تو مقتول کو سامنے پڑا ہوا پایا۔ ان لوگوں نے مجھے گھیر لیا اور کہا کہ یہی قاتل ہے اور مجھے یقین ہو گیا کہ ان سے رہائی ممکن نہیں اس لئے اپنے قاتل ہونے کا اعتراف کر لیا۔

حضرت نے دوسرے آدمی سے پوچھا کہ تیرا کیا واقعہ ہے اس نے کہا کہ میں بہت مفلس و محتاج تھا۔ صرف مال کی طمع میں اس کو قتل کیا اور جب یہ گروہ سامنے آیا تو میں فرار ہو گیا اور یہ قصاب گرفتار ہو گیا اور جب میں نے دیکھا کہ آپ نے اسکے لئے قصاص کا حکم دیا تو مجھے خوف دامنگیر ہوا کہ میری گردن پر دو خون عائد ہوتے ہیں خدا کو کیا جواب دوں گا اس لئے میں نے حق بات کا اعتراف کر لیا۔

حضرت علیؑ نے امام حسنؑ سے فرمایا کہ اسکا فیصلہ کریں آپ نے فرمایا کہ خداوند عالم کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے ایک نفس کو موت سے

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بچایا گویا اس نے تمام لوگوں کو موت سے بچایا۔ اس شخص نے ایک کو قتل کیا ہے اور دوسرے کی جان بچائی ہے۔ پس حضرت علیؑ نے حکم دیا کہ دونوں کو چھوڑ دیا جائے اور مقتول کی دیت بیت المال سے ادا کی جائے۔ (النجم الثاقب)

(۱۲) بچوں کا کھیل اور ایک کی گردن کا ٹوٹنا تین لڑکیاں قامصہ، قارصہ اور واقصہ آپس میں ایک دوسرے پر سوار ہو کر کھیل رہی تھیں۔ نیچے والی نے اپنے اوپر والی کو گرا دیا تو تیسری بھی گر گئی اور اسکی گردن ٹوٹ گئی۔ جب یہ قضیہ حضرت کے پاس پیش ہوا تو آپ نے پہلی اور دوسری پر دو ثلث دیت مقرر فرمائی اور تیسری کی نسبت فرمایا کہ اس نے اپنے نفس پر اعانت کی ہے یعنی ان دونوں کی وجہ سے تیسری کو گردن ٹوٹنے کی دو ثلث دیت دی جائے۔

(نہایہ۔ ابن کثیر)

(۱۳) قتل شبہ عمد حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ شبہ عمد بڑی لکڑی یا بڑے پتھر سے مارنے کو کہتے ہیں جس سے موت واقع ہو۔ قتل شبہ عمد میں دیت کا نصاب تین دو سالہ اونٹ، تین جوان اونٹ اور تین دوتا دس سال کے اونٹ ہیں۔ (کنز العمال ج ۷)

(۱۴) انس و نفرت اور حفظ و نسیان وغیرہ ایک بار دو نصرانیوں نے سوال کیا کہ بعض مرتبہ کسی پر محبت آتی ہے اور کسی سے نفرت ہوتی ہے۔ اسکی کیا وجہ ہے حالانکہ دونوں کا معدن ایک ہی ہے۔

اسی طرح رویائے صادقہ و کاذبہ کا سبب کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا کہ خداوند عالم نے خلقتِ اجسام سے دو ہزار سال قبل روحوں کو پیدا کر کے ان کی جگہ ہوا میں قرار دی۔ پس جن ارواح میں اس عالم میں دوستی ہو گئی یہاں بھی وہ ایک دوسرے کو چاہتے ہیں اور جن میں وہاں کراہت تھی وہ یہاں بھی ایک دوسرے کو برا سمجھتے ہیں۔

دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ خداوند عالم نے روح کو خلق فرما کر نفس کو اس پر سلطان قرار دیا۔ پس جب آدمی سوتا ہے تو روح نکل جاتی ہے اور سلطان باقی رہ جاتا ہے۔ ایسی حالت میں جب گروہ ملائکہ یا گروہ جنات کا گزر اس کی طرف ہوتا ہے تو خواب نظر آتے ہیں۔ رویائے صادقہ ملائکہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور رویائے کاذبہ اجنہ کی طرف سے۔

پھر ان لوگوں نے حفظ و نسیان کے بارے میں سوال کیا تو حضرت نے فرمایا کہ جب خدا نے آدم کو پیدا کیا ان کے قلب پر ایک پردہ بھی ڈالا۔ پس جب کوئی بات دل پر گزرتی ہے اور وہ پردہ کھلا رہتا ہے تو انسان اس کو یاد رکھتا ہے اور جب پردہ کھلا نہیں رہتا تو بھول جاتا ہے۔ یہ جوابات سن کر ان لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔

(۱۵) مردہ مرغی کا انڈا ایک شخص نے عرض کیا کہ میں نے مری ہوئی مرغی کا پیٹ دبایا تو اس سے ایک انڈا نکلا، میں اس کو کھا سکتا ہوں یا نہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ نہیں۔ عرض کیا کہ اگر انڈے کا بچہ نکلوا لوں فرمایا کہ ہاں اس بچہ کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کھا سکتا ہے۔ عرض کیا کہ اسکا سبب۔ فرمایا کہ یہ زندہ مردہ سے نکلا ہے، وہ مردہ مردے سے نکلا ہے۔

(۱۶) دلہن کا بدل دیا جانا

ایک شخص نے ایک شخص کی لڑکی کو جو زنِ عربیہ سے تھی پیغام دیا اور لڑکی کے باپ نے اس کا نکاح کر دیا لیکن بنتِ عربیہ کی بجائے بنت عجمیہ کو دولہا کے گھر بھیج دیا۔ جب شوہر کو معلوم ہوا کہ یہ لڑکی وہ نہیں ہے جسکے لئے پیغام دیا گیا تھا تو معاویہ کے پاس گیا اور تمام واقعہ بیان کیا معاویہ نے جواب دیا کہ اسکا فیصلہ علیؑ سے بہتر کوئی نہ کر سکے گا۔ چنانچہ وہ کوفہ جاکر حضرت امیر المومنینؑ سے سارا واقعہ بیان کیا حضرت نے فرمایا کہ لڑکی کے باپ کو چاہیئے کہ بنتِ عربیہ کے اُس مہر سے جو اس کے شوہر نے قرار دیا تھا بنتِ عجمیہ کے لئے یہ سبب حلت سامان خرید کر دے یہی اسکا مہر ہوگا اور اس شخص کو حکم دیا کہ اس لڑکی کو مس نہ کرے یہاں تک کہ اسکا عدہ ختم نہ ہو جائے اور دھوکہ کی سزا میں باپ کو کوڑے لگائے جائیں۔

(۱۷) جگر اور تلی میں فرق

جب حضرت علی علیہ السلام نے تلی کھانے سے منع فرمایا تو قصاب نے جگر و طحال میں فرق پوچھا کہ آپ نے جگر کھانے کی تو اجازت دی مگر تلی کھانے سے منع فرما رہے ہیں۔ حضرت نے ایک خالی ظرف میں پانی منگوایا اور قصاب سے فرمایا کہ جگر اور طحال کو درمیان سے چیر کر پانی میں ڈال دے پس تھوڑی دیر بعد تلی سے تمام خون بہہ کر صرف پوست اور رگیں باقی رہ گئیں۔ اور جگر صرف سفید ہو کر جیسے کا ویسا رہ گیا۔ اور اسکی مقدار میں کوئی کمی نہ ہوئی۔ حضرت نے فرمایا کہ دیکھ دونوں میں یہی فرق ہے کہ جگر گوشت ہے اور تلی خون۔

(۱۸) مردانہ و زنانہ علامات رکھنے والا مرد

قاضی شریح کے پاس ایک مرد لایا گیا جس نے بیان کیا کہ مجھ میں مرد اور عورت دونوں کی علامات ہیں۔ اور میں، دونوں مقامات سے پیشاب کرتا ہوں جو ایک ساتھ منقطع ہو جاتا ہے۔ میں اپنے شوہر سے حاملہ ہوئی اور مجھ سے بچہ پیدا ہوا نیز میں نے ایک جاریہ سے جماع کیا اور وہ مجھ سے حاملہ ہوئی۔ شریح بیحد متحیر ہوا اور اس کو حضرت علیؑ کی خدمت میں لے گیا اور پورا واقعہ سنایا۔ حضرت نے اسکے شوہر سے دریافت فرمایا تو اس نے اس کے بیان کی تصدیق کی۔ پھر حضرت نے چار عورتوں کو بلا کر کہا کہ اس کو کمرہ میں لے جائیں اور اسکی پسلیاں شمار کریں۔ پس معلوم ہوا کہ اس کو بائیں جانب سات اور دائیں جانب آٹھ پسلیاں ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ مرد ہے اسکے شوہر نے کہا کہ یا امیر المومنینؑ یہ میرے چچا کی لڑکی ہے اور مجھ سے اسکا لڑکا پیدا ہو چکا ہے۔ آپ اس کو مردوں میں شامل کئے دیتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ میں نے اسکے بارے میں وہی حکم دیا ہے جو حکمِ خدا ہے چونکہ خدا نے حوا کو آدم کی آخری پسلی سے پیدا کیا۔ مرد کی پسلیاں کم ہوتی ہیں اور عورت کی پوری۔

(۱۹) فروع دین اور چند اجتنابی احکام کے وجوہ

ایک شخص نے دریافت کیا کہ کپڑے پہن کر ہی نماز ادا کرنے کے کیا وجوہ ہیں۔ حضرت نے فرمایا کہ جب انسان نماز پڑھتا ہے اس کا جسم، کپڑے اور ہر وہ شے جو اسکے گرد ہوتی ہے تسبیح کرتی ہے۔

پھر فرمایا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ خداوند تعالیٰ نے ایمان کو فرض قرار دیا تاکہ شرک سے طہارت ہو جائے، نماز کو واجب کیا تاکہ انسان کبر سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے۔ زکوٰۃ کو زیادتی رزق کا سبب قرار دیا۔ روزہ کو اہلِ حق کے خلوص کی آزمائش کے لئے واجب کیا۔ حج میں تقویتِ دین قرار دیا۔ جہاد میں سلامتی، امر بالمعروف میں مصلحت عوام اور نہی عن المنکر کو احمقوں کے لئے زرہ قرار دیا۔ صلۂ رحم باعثِ زیادتی جمعیت اور قصاص جانوں کی حفاظت کا باعث ہے۔ حدود کی حفاظت سے محارم کی عظمت کا اظہار، ترکِ شراب سے حفاظتِ عقل۔ اجتناب سرقہ میں قیامِ عفت، ترکِ زنا میں تحقیقِ نسب، ترکِ لواطہ میں کثرتِ نسل، ترک کذب میں عظمتِ صدق، صلح میں خوف سے امان۔ امانت میں نظامِ امت اور اطاعت میں تعظیم سلطان مقصود ہے۔

(۲۰) وقوفِ حل

ایک شخص نے دریافت کیا کہ یا امیر المومنینؑ وقوفِ حل کا کیا سبب ہے۔ حرم میں جانے کی اجازت کیوں نہیں ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ کعبہ بیتِ خدا ہے اور حرم دارِ خدا ہے پس جب آنے والے قصد کرتے ہیں تو اُن کو دروازہ پر روکا جاتا ہے تاکہ اندر آنے کے لئے تضرع وزاری کریں۔

عرض کی کہ مشعر الحرام حرم میں کیوں داخل ہے۔ فرمایا کہ جب اس میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے تو حجابِ ثانی پر کھڑے ہوں اور اپنی تضرع وزاری کو زیادہ کریں تاکہ قریب آنے کا اذن مل جائے۔ پھر جب اپنے تفث (ارکانِ حج میں سے ایک رکن) کو ادا کرلیں اور اس کے ان گناہوں سے پاک ہو جائیں جو خدا اور ان کے درمیان حجاب ہے تو پھر زیارت کی اجازت دی جائے۔

(۲۱) ایامِ تشریق کے روزے

ایک شخص نے پوچھا کہ ایامِ تشریق کے روزے کیوں حرام کئے گئے۔ فرمایا کہ ان دنوں میں لوگ خدا کے زوار ہو کر اسکی ضیافت میں رہتے ہیں پس مضیف کے لئے سزاوار نہیں کہ اس کے مہمان روزہ رکھیں۔

پھر سوال کیا کہ خانۂ کعبہ سے چمٹنے کا حکم کیوں ہے۔ فرمایا کہ اسکی مثال یوں سمجھ لو کہ جیسے کوئی شخص کسی کا قصور کرے اور اس سے اس امید میں تضرع وزاری کے ساتھ لپٹ جائے کہ وہ اس کے گناہ معاف کردے۔

(۲۲) قاتلین کا اقبال اور مال کی واپسی

حضرت امیر علیہ السلام نے ایک جوان کو دیکھا کہ رو رہا ہے۔ دریافت کرنے پر کہا کہ میرے باپ نے چند لوگوں کے ہمراہ بہت سے سامان کے ساتھ سفر کیا تھا۔ وہ سب لوگ تو واپس آگئے مگر میرا باپ نہ لوٹا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس بارے میں حضرت داؤد کا سا فیصلہ کروں گا۔ پھر حضرت نے ان سب لوگوں کو بلایا جو اسکے باپ کے ساتھ گئے تھے۔ اور فرمایا کہ کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جو کچھ تم نے اس جوان کے باپ کے ساتھ کیا ہے۔ میں نہیں جانتا اچھا تم سب اس مقام پر بیٹھ جاؤ۔ پھر ایک شخص کو علیحدہ لے جا کر فرمایا کہ میں جو کچھ سوال کروں دھیمی آواز سے جواب دینا پھر حضرت نے ان لوگوں کے جانے، اترنے، سال، مہینہ، دن، اس شخص کی بیماری، موت، غسل وکفن اور نماز و دفن اور مقام قبر کا سوال کیا۔ اور عبداللہ ابن رافع کو اس کے قلمبند کرنے کا حکم دیا۔ جب اس کا بیان ختم ہوا تو حضرت نے بلند آواز سے تکبیر کہی اور لوگوں نے بھی حضرت کے ساتھ تکبیر کہی۔ یہ آواز سن کر اس شخص کے ساتھیوں نے سمجھا کہ حضرت کو سچا واقعہ معلوم ہو گیا۔ اس کے بعد حضرت نے دوسرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شخص کو بلایا اور وہی سوالات کئے اس شخص نے پہلے آدمی کے بیان سے اختلاف کیا حضرت نے تکبیر کہی اور تیسرے کو بلایا اور وہی سوالات کئے اس شخص نے پہلے آدمی کے بیان سے اختلاف کیا۔ حضرت نے تکبیر کہی اور تیسرے کو بلایا۔ پھر چوتھے کو بلا کر نصیحت کی پھر ڈرایا۔ پس اس نے اقرار کرلیا کہ بیشک انہوں نے اس کو قتل کرکے اسکا مال لے لیا اور اس کو کوفہ کے قریب فلاں مقام پر دفن کیا۔ اسکے بعد حضرت نے پھر پہلے اشخاص کو بلا کر فرمایا کہ صحیح صحیح واقعہ کہہ دو ورنہ سزا دوں گا۔ حقیقت امر مجھ پر ظاہر ہو چکی ہے۔ سب نے اپنے جرم کا اقبال کرلیا۔ حضرت نے مال واپس کرنے کا حکم دیا اسکے ساتھ ہی مقتول کے فرزند نے اپنے باپ کا خون معاف کردیا۔

لوگوں نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ حضرت داؤد کا فیصلہ کیا تھا حضرت نے فرمایا کہ ایک روز حضرت داؤد کچھ لڑکوں کی طرف سے گزرے جو کھیل میں مصروف تھے ان میں سے کسی نے ایک لڑکے کو "مات الدین" کہہ کر پکارا حضرت داؤد نے اس لڑکے سے پوچھا کہ تیرا یہ نام کس نے رکھا۔ اس نے جواب دیا کہ میری ماں نے پھر حضرت داؤد نے اسکی ماں کے پاس پہنچ کر پوچھا کہ اے کنیز خدا تیرے لڑکے کا کیا نام ہے۔ اس نے جواب دیا کہ مات الدین۔ کہا کہ کیوں؟ عرض کی کہ اسکا باپ چند آدمیوں کے ساتھ سفر پر گیا تھا اور میں حاملہ تھی۔ جب وہ لوگ واپس آئے میرا شوہر نہ آیا۔ جب میں نے دریافت کیا تو ان لوگوں نے کہا کہ وہ مرگیا۔ میں نے پوچھا کہ اسکا مال کہاں ہے، جواب دیا کہ اس کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ پھر میں نے پوچھا کہ آیا اس نے کوئی وصیت کی ہے جواب دیا کہ اگر میری بیوی کو لڑکا تولد ہو تو اس کا نام مات الدین رکھنا۔ اس لئے میں نے اس کا نام مات الدین رکھا ہے۔ حضرت داؤد اس عورت کو اس گروہ کے پاس لے کر گئے اور اسی طرح فیصلہ کیا جس طرح آج میں نے کیا۔ چنانچہ اسکا خون بھی ان لوگوں پر ثابت ہوا اور مقتول کا مال ان کے پاس سے نکلا۔ اس کے بعد حضرت داؤد نے کہا کہ آج سے تو اس لڑکے کو عاش الدین کہہ کر پکارنا۔

(۲۳) آقازادہ اور غلام

ایک شخص نے اپنے غلام کو اپنے لڑکے کے ہمراہ کوفہ بھیجا۔ اتفاقاً وہ دونوں راستہ میں لڑ پڑے۔ لڑکے نے غلام کو مارا اور غلام نے اس کو گالیاں دیں اور کہنے لگا کہ وہ لڑکا اسکا غلام ہے۔ جب یہ قضیہ امیرالمومنین علیہ السلام کے پاس پہنچا حضرت نے قنبر کو حکم دیا کہ دیوار میں دو سوراخ بنائے اور ان دونوں سے کہے کہ اپنے اپنے سر ان سوراخوں سے باہر نکالے۔ جب وہ دونوں اس طرح بیٹھ گئے۔ حضرت نے قنبر کو حکم دیا کہ رسول اللہ کی تلوار لے اور جلدی سے غلام کا سر کاٹ لے۔ قنبر تلوار چلانے ہی والے تھے کہ غلام نے مارے خوف کے اپنا سر اندر کھینچ لیا۔ اور دوسرا ویسا ہی رہا۔ پس حضرت نے اس غلام کو سزا دی اور اس کے آقا کی طرف لوٹا دیا اور فرمایا کہ اگر پھر ایسا کرے گا تو تیرا ہاتھ کاٹ دوں گا۔

(۲۴) تین شخص اور ایک اونٹ

تین شخص ایک اونٹ کے مالک تھے۔ دو شریکوں نے تیسرے سے کہا کہ ہم کچھ ضرورت سے جاتے ہیں تم اسکی حفاظت کرتے رہنا۔ کچھ دیر کے بعد اس کو بھی کسی حاجت سے جانا پڑا اس لئے اس نے اونٹ کے چاروں پیر رسی سے باندھ کر چلا گیا اسکے واپس ہونے سے پہلے دونوں شریک واپس آئے اور اونٹ کے دو پیر کھول کر کسی کام میں مشغول ہو گئے۔ اونٹ دو پیر سے لنگڑاتے لنگڑاتے ایک کنوئیں میں گر گیا اور اسکی ہڈیاں ٹوٹ گئیں۔ پس ان دونوں نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کو نحر کر کے اس کا گوشت فروخت کر ڈالا۔ جب تیسرا شخص لوٹا تو کہا کہ تم نے اسے کیوں کھولا اگر کھولا تو حفاظت کیوں نہ کی۔ جب یہ قضیہ حضرت امیر المومنینؑ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا کہ دونوں شریک دو ثلث تیسرے کو دیں اس لئے کہ اسکی کوئی کوتاہی نہ تھی اور ایک ثلث دونوں تقسیم کرلیں۔

(۲۵) غلام مالِ خدا اور غلام دیگر ایک بار حضرت امیر المومنینؑ کے پاس دو آدمی پیش کئے گئے جنہوں نے مالِ خدا میں سرقہ کیا تھا۔ ان میں کا ایک مالِ خدا سے تھا اور دوسرا کسی شخص کا غلام تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس غلام پر جو مالِ خدا سے ہے کوئی حد نہیں کیونکہ بعض مالِ خدا نے بعض کو کھا لیا لیکن دوسرے پر حد جاری کی اور اسکا ہاتھ قطع کردیا۔

متفرقات

(شروط لا الہ الا اللہ)

حضرت امیر المومنینؑ نے ارشاد فرمایا کہ لا الہ الا اللہ (دین کی) شرائط میں سے ایک شرط ہے، میں اور میری ذریت ان شرائط میں سے ایک شرط ہے۔ ہمارا امر سخت اور بعید دشوار ہے اس کا متحمل صرف وہی بندہ ہو سکتا ہے جسکے قلب کا امتحان خداوند تعالیٰ نے ایمان کے ساتھ لے لیا ہو۔ ہماری حدیث کو وہی لوگ سینہ میں محفوظ رکھتے ہیں جو امانت دار ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے حق راستوں کو واضح اور اس کے طریقوں کو روشن کر دیا ہے (نافرمانی کی صورت میں) ہمیشہ کی بدبختی طاری ہوتی ہے اور (فرمانبرداری کی صورت میں انسان) ابدی نیک بختی سے مالامال ہو جاتا ہے۔ انا قسیم النار و خازن الجنان صاحب الحوض و صاحب الاعراف ولیس منا اھل البیت امام الا و ھو عارف باھل ولایة و ذالك قول الله تعالیٰ "انما انت منذر ولكل قوم ھاد" انا یعسوب المومنین والمال یعسوب الفجار۔ انی لعلی بینة من ربی و بصیرة من دینی و یقین من امری انی لعلی جادة الحق و انھم لعلی منزلة الباطل اقول ما تسمعون و استغفر الله لی ولکم لا یفوز بالنجاة الا من قام بشرائط الایمان۔

ترجمہ:۔ میں دوزخ کا تقسیم کرنے والا ہوں اور بہشت کا خازن ہوں حوض و اعراف کا مالک ہوں۔ ہم اہلبیت میں جو امامت کے درجہ پر فائز ہوتا ہے وہ اپنے محبوں کو بخوبی جانتا ہے اس بارے میں اللہ کا فرمان ہے کہ تم ڈرانے والے ہو اور تمام قوم کے لئے ہدایت کرنے والے ہو میں مومنین کا سردار ہوں۔ اور مال فاجرین کا سردار ہے میں اپنے رب کی دلیل اور بصیرت کے ذریعہ دین پر قائم ہوں مجھے میرے امر کا یقین ہے۔ میں حق کے راستہ پر گامزن ہوں اور (ہمارے مخالف) باطل کی منزلت میں گرفتار ہیں۔ میں وہ بات کہہ رہا ہوں جس کو تم سن رہے ہو۔ میں اللہ سے تمہارے اور میرے لئے مغفرت طلب کرتا ہوں (روز قیامت) وہی شخص رستگاری حاصل کرے گا جو (دنیا میں) شرائط ایمان کے ساتھ قائم رہا۔ (ینابیع المودۃ ص۴۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کونحر کرکے اس کا گوشت فروخت کر ڈالا۔ جب تیسرا شخص لوٹا تو کہا کہ تم نے اسے کیوں کھولا اگر کھولا تو حفاظت کیوں نہ کی۔ جب یہ قضیہ حضرت امیرالمومنینؑ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا کہ دونوں شریک دو ثلث تیسرے کو دیں اس لئے کہ اسکی کوئی کوتاہی نہ تھی اور ایک ثلث دونوں تقسیم کرلیں۔

(۲۵) غلام مالِ خدا اور غلام دیگر ایک بار حضرت امیرالمومنینؑ کے پاس دو آدمی پیش کئے گئے جنہوں نے مالِ خدا میں سرقہ کیا تھا۔ ان میں کا ایک مالِ خدا سے تھا اور دوسرا کسی شخص کا غلام تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ اس غلام پر جو مالِ خدا سے ہے کوئی حد نہیں کیونکہ بعض مالِ خدا نے بعض کو کھا لیا لیکن دوسرے پر حد جاری کی اور اسکا ہاتھ قطع کر دیا۔

متفرقات

(شروط لا الٰہ الا اللہ)

حضرت امیرالمومنینؑ نے ارشاد فرمایا کہ لاالٰہ الا اللہ (دین کی) شرائط میں سے ایک شرط ہے، میں اور میری ذریت ان شرائط میں سے ایک شرط ہے۔ ہمارا امر سخت اور بعید دشوار ہے اس کا متحمل صرف وہی بندہ ہوسکتا ہے جسکے قلب کا امتحان خداوند تعالیٰ نے ایمان کے ساتھ لے لیا ہو۔ ہماری حدیث کو وہی لوگ سینہ میں محفوظ رکھتے ہیں جو امانت دار ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے حق راستوں کو واضح اور اس کے طریقوں کو روشن کر دیا ہے (نافرمانی کی صورت میں) ہمیشہ کی بدبختی طاری ہوتی ہے اور (فرمانبرداری کی صورت میں انسان) ابدی نیک بختی سے مالامال ہو جاتا ہے۔ انا قسیم النار وخازن الجنان صاحب الحوض وصاحب الاعراف ولیس منا اھل البیت امامٌ الا وھو عارفٌ باھل ولایۃ وذالک قول اللہ تعالیٰ "انما انت منذرٌ ولکل قومٍ ھادٍ" انا یعسوب المومنین والمال یعسوب الفجار۔ انی لعلیٰ بینۃ من ربی وبصیرۃ من دینی ویقین من امری انی لعلیٰ جادۃ الحق وانھم لعلیٰ منزلۃ الباطل اقوال ما تسمعون واستغفر اللہ لی ولکم لا یفوز بالنجاۃ الا من قام بشرائط الایمان۔

ترجمہ:۔ میں دوزخ کا تقسیم کرنے والا ہوں اور بہشت کا خازن ہوں حوض و اعراف کا مالک ہوں۔ ہم اہلبیت میں جو امامت کے درجہ پر فائز ہوتا ہے وہ اپنے محبوں کو بخوبی جانتا ہے اس بارے میں اللہ کا فرمان ہے کہ تم ڈرانے والے ہو اور تمام قوم کے لئے ہدایت کرنے والے ہو میں مومنین کا سردار ہوں۔ اور مال فاجرین کا سردار ہے میں اپنے رب کی دلیل اور بصیرت کے ذریعہ دین پر قائم ہوں مجھے میرے امر کا یقین ہے۔ میں حق کے راستہ پر گامزن ہوں اور (ہمارے مخالف) باطل کی منزلت میں گرفتار ہیں۔ میں وہ بات کہہ رہا ہوں جس کو تم سن رہے ہو۔ میں اللہ سے تمہارے اور میرے لئے مغفرت طلب کرتا ہوں (روز قیامت) وہی شخص رستگاری حاصل کرے گا جو (دنیا میں) شرائط ایمان کے ساتھ قائم رہا۔ (ینابیع المودۃ ص۶۹)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متفرقات

عقل وجہل ۱) حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ جب آدم زمین پر آئے تو جبرئیل نے نازل ہوکر کہا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں آپ کو تین چیزوں سے ایک کے لینے اور دو کے چھوڑ دینے کا اختیار دوں۔ آدم نے پوچھا کہ وہ تین چیزیں کیا ہیں۔ جبرئیل نے جواب دیا کہ عقل، حیا و دین۔ آدم نے کہا میں نے عقل کو لے لیا اور جبرئیل نے حیا و دین سے کہا کہ تم دونوں واپس جاؤ اور عقل کو چھوڑ دو۔ انہوں نے کہا کہ اے جبرئیل ہمارے لئے حکم ہے کہ عقل جہاں کہیں بھی رہے ہم اس کے ساتھ رہیں جبرئیل نے کہا کہ ٹھیک ہے اور آسمان پر چلے گئے۔

۲) اس ارشاد سے ثابت ہوا کہ حیا اور دین عقل کے ساتھ ہیں اگر عقل نہیں تو پھر انسان کا واسطہ نہ حیا سے رہتا ہے اور نہ دین خدا سے۔

(۲) امام جعفر صادق علیہ السلام نے ہشام سے فرمایا کہ امیرالمومنینؑ فرمایا کرتے تھے کہ عقل سے بہتر خدا کی عبادت کسی نے نہیں کی۔ آدمی کی عقل کامل نہیں ہوتی جب تک اس میں چند خصلتیں نہ ہوں۔

(۱) اس کے کفر و شرک سے لوگ مامون رہیں (۲) اس سے نیکی اور خیر کی امید ہو (۳) ضرورت سے زیادہ مال راہ خدا میں خرچ کرے۔ (۴) دنیا سے اس کا حصہ قوت لایموت ہو (۵) علم کی تحصیل سے سیر نہ ہو (۶) راہ خدا میں ذلت اس کے نزدیک اس عزت سے زیادہ محبوب ہو جو غیر سے ملے (۷) غیر کا تھوڑا احسان زیادہ جانے (۸) اپنا احسان دوسرے کے ساتھ کم سمجھے (۹) سب کو اپنے سے بہتر اور اپنے کو سب سے بدتر جانے۔

عقلمند کی علامت یہ ہے کہ اس میں تین خصلتیں ہوں (۱) جب سوال کیا جائے تو جواب دے جب قوم عاجز ہو تو خود بولے (۲) ایسی رائے سے مشورہ دے جس سے اس کے اہل کی اصلاح ہو۔

مجلس کے صدر میں نہ بیٹھے مگر وہ شخص جس میں یہ تین خصلتیں ہوں یا کم از کم ان میں سے ایک ہو اور جس میں ایک بھی خصلت نہ ہو وہ احمق ہے۔ (اصول کافی ج ۱۔ ب)

علم و فضیلت علم حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ لوگو سمجھ لو کہ دین کا کمال طلب علم اور اس پر عمل کرنے میں ہے۔ آگاہ ہو کہ علم کا طلب کرنا تمہارے لئے مال کے طلب کرنے سے زیادہ واجب ہے کیونکہ مال تمہارے لئے تقسیم شدہ ہے اور خدا اس کا ضامن ہے وہ تم تک ضرور پہنچائے گا علم اس کے اہل کے پاس محفوظ ہے اور اس کی طلب کا تم کو حکم دیا گیا ہے کہ اس کے اہل سے (یعنی ائمہ طاہرین سے) طلب کرو۔

عالم دین: حضرت امیرالمومنینؑ نے فرمایا کہ میں تمہیں بتاتا ہوں کہ سچا عالم دین کون ہے۔ سچا عالم دین وہ ہے جو نہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عالم دین

لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس کرے نہ ان کو عذاب خدا سے بے خوف کرے اور نہ خدا کی نافرمانی کی اجازت دے اور جو قرآن کی تلاوت ترک نہ کرے۔

اس علم میں بہتری نہیں جس میں فہم نہ ہو، اس قرأت میں بہتری نہیں جس میں تدبر نہ ہو، اس عبادت میں بہتری نہیں جو علم دین کی واقفیت کے بغیر ہو اور جس میں پرہیزگاری نہ ہو۔

عالم کے دل میں دو چیزیں شیطانی فریب میں آنا اور کمینہ پن نہیں ہوتے۔

عالم دین کی تین علامتیں ہیں۔ علم، حلم، اور خاموشی۔ اور متکلف کی تین علامتیں ہیں معصیت میں اپنے مافوق سے تنازعہ، اپنے سے کم پر غلبہ اور ظالموں کی مدد۔ (باب ۶)

عالم کا حق

عالم کا یہ حق ہے کہ اس سے بہت زیادہ سوال نہ کرو۔ اگر وہ مجلس سے اٹھنا چاہے تو اس کا دامن نہ پکڑو۔ جب اس کے پاس جاؤ اور کچھ لوگ بیٹھے ہوں تو سب کو سلام کرو اور اس کو خصوصیت سے سلام کرو۔ اس کے سامنے بیٹھو پیچھے نہ بیٹھو اور اپنی آنکھ و ہاتھ سے اشارے نہ کرو زیادہ باتیں نہ کرو کہ فلاں اور فلاں نے آپ کے خلاف یہ کہا۔ طویل صحبت سے اسے پریشان نہ کرو، عالم کی مثال درخت کی سی ہے کیا تم انتظار کرتے ہو کہ اس سے کوئی شے تم پر گرے۔ عالم کا اجر روزہ دار، نماز گذار اور غازی فی سبیل اللہ سے زیادہ ہے۔

(اصول کافی ب)

استعمال علم

لوگو جب تم علم حاصل کرو اس پر عمل بھی کرو تاکہ ہدایت پاؤ جو عالم اپنے علم کے خلاف عمل کرتا ہے وہ اس حیران جاہل کی مانند ہے جس کو جہالت سے افاقہ نہیں ملتا میں نے کتاب خدا میں دیکھا ہے کہ ایسے عالم پر جس سے علم علیحدہ ہو گیا خدا کی بڑی حجت تمام ہوگی اور ہمیشہ حسرت کا شکار رہنا ہے گا اور اس کے اہل جو جہالت کی وجہ حیرت میں رہتے ہیں دونوں درماندہ اور جہنمی ہیں۔

شک کو طلب نہ کرو ورنہ شک میں پڑ جاؤ گے اور خدا کی شکایت نہ کرو کافر ہو جاؤ گے اپنے نفسوں کو اجازت نہ دو کہ وہ ظن کی پیروی کریں ورنہ سہل انگاری کرنے لگو گے اور امر حق میں سہل انگاری سے خسارہ پاؤ گے۔ حق بات یہ ہے کہ علم دین حاصل کرو تاکہ ٹھوکر نہ کھاؤ۔ بیشک تم میں از روئے نفس اخلاص مند وہ ہے جو اللہ کی سب سے زیادہ اطاعت کرنے والا ہے اور بدترین انسان وہ ہے جو اپنے رب کی معصیت کرتا ہے جو اللہ کی اطاعت کرے گا امن میں رہے گا اور اس کو بشارت دی جائے گی اور جو اللہ کی نافرمانی کرے گا وہ ناکام اور نادم رہے گا۔

اے طالب علم علم کے تئے کثیر فضیلتیں ہیں۔ اس کا سر تواضع ہے۔ آنکھ حسد سے دور رہنا ہے۔ اس کا کان مسائل دین کو سننا ہے اس کی زبان صدق ہے حفاظت علم تلاش حق ہے اچھی نیت اس کا دل ہے۔ اس کی عقل اشیاء اور امور کی معرفت ہے۔ اس کا ہاتھ رحم ہے اس کا پاؤں زیارت علماء۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلامتی نفس اور اس کی حکمت پرہیزگاری ہے۔ اس کی جائے قرار نجات ہے۔ اس کا رہنما عافیت ہے۔ اس کی سواری وفا ہے۔ اس کا ہتھیار نرم گفتگو ہے۔ اس کی تلوار رضائے خدا ہے اس کی کمان ہمدردی ہے اس کی مجلس صحبت علماء ہے۔ اس کا مال ادب ہے اس کا ذخیرہ گناہوں سے اجتناب ہے اس کا زاد راہ نیکی ہے اس کی ابرد جھگڑوں کا ترک کرنا ہے اس کا رہبر ہدایت ہے اس کا رفیق خیر کی طرف رغبت ہے۔

روایت حدیث جب تم کوئی حدیث نقل کرو تو اس کے راوی کا بھی ذکر کرو جس سے تم نے سنی ہے پس اگر وہ سچی ہے تو اس کا فائدہ تمہیں پہونچے گا اور اگر جھوٹی ہے تو اس کا نقصان اس جھوٹے راوی کو پہونچے گا۔

کتاب و سنت

(" باب ۱۸)

لوگو! اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف رسول بھیجے اور ان پر کتاب حق نازل کی جب کہ تم ان پڑھ تھے نہ کتاب کو جانتے تھے نہ اس کے نازل کرنے والے کو نہ رسولؐ کو جانتے تھے اور نہ اس کو جس نے ان کو رسولؐ بنا کر بھیجا۔

خداوند عالم نے آنحضرتؐ کو اس وقت رسولؐ بنا کر بھیجا جبکہ رسولوں کی آمد کا سلسلہ منقطع ہوچکا تھا اور لوگوں پر غفلت چھائی ہوئی تھی اور جہالت و فتنوں کا دور دورہ تھا۔ پیغمبروں کے احکام سے روگردانی امر حق میں اندھا پن ظلم و جبر کی زیادتی آتش حرب کی ہر وقت شعلہ فشانی اور دنیا کے باغوں پر زردی چھائی ہوئی تھی۔ اس کی شاخیں سوکھی ہوئی۔ پتے بکھرے ہوئے، پھل مرجھائے ہوئے پانی زمین کی تہ میں گھسا ہوا۔ ہدایت کے نشانات مٹے ہوئے اور ہلاکت کے نشانات ابھرے ہوئے تھے۔

دنیا اپنے اہل کے ساتھ ترش رو ہے۔ منہ چڑھائے ہوئے پیچھے کو جاتی ہے آگے نہیں آتی اس کے پھل فتنہ اس کا کھانا مردار ہے اس کا شعار (یعنی وہ کپڑا جو نیچے پہنا جاتا ہے) خوف ہے اس کا دثار (یعنی وہ کپڑا جو اوپر پہنا جاتا ہے) تلوار ہے۔ اس نے اپنے اہل کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ ان کی آنکھیں اندھی کر دیں اور ان کے ایام کو تاریک بنا دیا۔ ان دنیا والوں نے اپنے رحم کو قطع کیا۔ آپس میں خوں ریزی کی اپنی لڑکیوں کو زمین میں زندہ دفن کر دیا حالانکہ وہ انہی کی اولاد تھی۔ انہوں نے دنیا میں عیش و راحت کو طلب کیا اور اللہ سے ثواب کی امید رکھی اور نہ اس کے عذاب سے ڈرے ان کے زندہ اندھے اور ستمگار اور ان کے مردے دوزخی اور نجات سے مایوس ہیں۔

پس رسالتمآب ان کے لئے ایک دستور لے آئے جس کا بیان کتب سابقہ میں مذکور ہے اور تصدیق کی اس کی جو سامنے موجود ہے اور حلال و حرام کی جو قرآن میں مرقوم ہے پس اس کی صفات کو بیان کرو گو وہ تم سے بات نہیں کرے گا۔ میں تم کو خبر دیتا ہوں کہ اس میں ان چیزوں کا بھی علم ہے جو گذر چکیں اور وہ جو قیامت تک آنے والی ہیں۔ اور اس میں تمہارے اختلافات اور نزاعات کا فیصلہ بھی ہے۔ اگر تم مجھ سے سوال کرو تو تمہیں یہ باتیں بتا دوں۔

(اصول کافی۔ ج ۱۔ ب ۲۱)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حجر اسود کی اہمیت

ایک مرتبہ حضرت عمر خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے جب حجر اسود کے قریب پہنچے تو کہا کہ اے حجر اسود میں جانتا ہوں کہ تو ایک سیاہ پتھر ہے جو نہ کسی کو نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ نقصان۔ اگر رسول اللہ نے تجھے بوسہ نہ دیا ہوتا تو میں بھی ہرگز تجھے بوسہ نہ دیتا۔

حضرت علیؑ بھی وہیں موجود تھے اور فرمایا کہ اے ابوحفص خاموش رہو کہ وہ فائدہ بھی پہنچا سکتا ہے اور نقصان بھی۔

حضرت عمر: یا ابوالحسن آپ یہ بات کہاں سے کہہ رہے ہیں۔

حضرت علی: ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَىٰ شَهِدْنَا أَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا غَافِلِينَ" (اعراف ۱۷۲)

ترجمہ: یاد کرو اس وقت کو جب کہ تمہارے پروردگار نے بنی آدم کی ذریات کو ان کی پشتوں سے لیا اور ان کو ان کے نفوس پر گواہ بنایا (اور پوچھا) کہ کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں، انہوں نے جواب دیا کہ ہاں۔ ہم نے گواہ کیا ہے کہ قیامت کے روز یہ نہ کہنا کہ اس بات سے غافل و بے خبر تھے۔

تفسیر: خدا نے حضرت آدمؑ کی ذریت کو پیدا کیا اور ان کو معلوم کرایا کہ وہ ان کا پروردگار ہے اور پھر ان کے لئے ایک تحریر لکھی اور اس تحریر کو پتھر کے بیچ میں رکھ دیا اور فرمایا کہ اے حجر تو گواہ رہنا اور جو شخص تیرے پاس آئے اور تجھ کو بوسہ دے قیامت کے روز اسی کے لئے گواہی دینا۔ پس یہ پتھر نفع بھی پہنچاتا ہے اور نقصان بھی۔

یہ سن کر حضرت عمر نے کہا کہ میں اس مشکل قضیہ سے خدا کی پناہ میں آتا ہوں جس کے حل کرنے کے لئے ابوالحسن نہ ہوں۔

(کوکب دری)

خراسان کے بعض مقامات اور ان کی خصوصیات

ابو موسیٰ اشعری نے فارس و کرمان فتح کرنے کے بعد حضرت عمر کو اطلاع بھیجی۔ حضرت عمر نے اس کے جواب میں لکھا کہ جو شہر فتح ہو چکے ہیں وہاں ایک نیک خصال نائب مقرر کر کے بصرہ واپس ہو جائے اور ملک خراسان کی فتح کا ارادہ نہ کرے۔ کاش ہمارے اور خراسان کے درمیان لوہے کا پہاڑ، آگ کے دریا اور سد سکندری کی طرح ہزاروں دیواریں حائل ہوتیں۔ اسی اثنا میں حضرت علیؑ وہاں تشریف لائے اور فرمایا کہ

"اے ابوحفص! تم نے ایسا کیوں لکھا" حضرت عمر نے جواب دیا کہ خراسان ایک ایسی ولایت ہے جو شور و شر سے معمور یہاں سے بہت دور اور وہاں کے باشندے حیلہ ساز اور منافق ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ "خراسان اگرچہ دور ہے لیکن وہاں کے خصائص و آثار بے شمار ہیں ان میں کے چند اور سنو کہ وہاں ایک شہر ہے جس کو ہرات کہتے ہیں اس کی بنا ذوالقرنین نے ڈالی تھی۔ عزیز پیغمبرؑ نے وہاں نماز پڑھی تھی۔ زمین پاک ہے اور وہاں نہریں جاری ہیں اس شہر کے ہر دروازہ پر ایک فرشتہ متعین ہے اور تلوار سے تمام بلاؤں کو ہنکاتا رہتا ہے۔ اس سے پہلے کسی شخص نے اس شہر کو فتح نہیں کیا۔ خراسان میں ایک اور شہر خوارزم ہے وہاں حدود اسلام سے ایک حد ہے جو شخص وہاں قیام کرے اس کو راہ خدا میں جہاد کا ثواب ملتا ہے خوش نصیب ہے وہ شخص جو وہاں قیام کرے اور اس سرزمین پر رکوع و سجود کرے۔ خراسان میں ایک اور شہر بخارا ہے یہاں کچھ مرد ہوں گے جو کثرت ریاضت سے اپنے قالب عنصری کو چمڑے کی طرح ملیں گے۔ اہل سمرقند کا بھلا ہو کہ وہ زمین اللہ تعالیٰ کی عبادت اور پرستش کا مقام ہے مگر آخری زمانہ میں وہ لوگ ترکوں کے ہاتھوں سے ہلاک ہوں گے۔ اہلِ شاشہ و اہلِ فرغانہ کے حق میں خدائے تعالیٰ کی تقدیرات ہیں خوشا بحال اس شخص کا جو ان مقامات پر چند رکعت نماز پڑھے۔ خراسان میں ایک اور شہر ہے جس کا نام سنجاب ہے۔ مبارک ہے وہ شخص جو وہاں مرے کیونکہ جو وہاں مرے گا شہید متصور ہو گا۔ شہر بلخ ایک مرتبہ تباہ ہو چکا ہے دوسری مرتبہ ویران ہو گا تو پھر کبھی آباد نہ ہو گا۔ خوشا بحال اہل طالقان کا کہ وہاں اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں مگر سونے چاندی کے نہیں بلکہ وہ مرد ہیں جو حق تعالیٰ کو پہچانتے ہیں جو حق اس کو پہچاننے کا ہے۔ جب میرا فرزند مہدیؑ ظاہر ہو گا تو یہ اس کے اصحاب ہوں گے۔ اہلِ ترمذ کا خدا بھلا کرے کہ وہاں ایسے مومن ہوں گے کہ خدا کی رضا و خوشنودی اور محمدؐ و اہلبیتِ محمدؐ کی دوستی کے سوا ان کے دل میں کچھ نہ ہو گا لیکن ان کی ہلاکت طاعون سے ہو گی۔ شہر اشجر پر آخری زمانہ میں ایک دشمن غالب ہو گا اور وہاں کے تمام باشندوں کو قتل کرے گا۔ سرخس میں ایک بڑا زلزلہ آئے گا اور اکثر باشندے خوف سے ہلاک ہوں گے۔ سجستان میں کچھ لوگ ہوں گے جو قرآن تو پڑھیں گے مگر وہ ان کے حلق سے نہ اترے گا۔ (یعنی دل پر اثر نہ کرے گا۔) اور وہ دین اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے اور آخری زمانہ میں ان پر اتنی ریت برسے گی کہ اہل شہر ریت میں دب کر مر جائیں گے لیکن عذاب نازل ہو کوشنگ پر کہ وہاں سے بتیس دجال نکلیں گے اور ہر دجال اس قدر بیباک اور ناپاک ہو گا کہ اس کو تمام بندگان خدا کو قتل کرنے میں بھی کوئی باک نہ ہو گا۔ اہل نیشاپور بجلی اور گرج سے ہلاک ہوں گے وہ شہر کثرت آبادی کے بعد ایسا ویران ہو گا کہ پھر کبھی آباد نہ ہو گا۔ گرگان میں ایسے مرد ہوں گے جن کے دل سخت اور وہ فاسق ہوں گے۔ بھلا ہو قومش کا کہ وہاں نیک لوگ بہت ہوں گے اور وہ سرزمین اصلاح کرنے والوں سے کبھی خالی نہ ہو گی۔ دامغان میں جب باشندوں کی کثرت ہو جائے گی تو وہ شہر ویران ہو جائے گا۔ اہلِ سمنان مہدی آخرالزمانؑ کے ظہور تک تنگ دست اور پریشان حال رہیں گے۔ طبرستان میں نیک اور صالح آدمی بہت کم ہوں گے اور فاسق و بدکاروں کی کثرت ہو گی کہ وہ مومن سے اس شہر کے باشندوں کو نفع پہنچے گا۔ شہر رے میں فتنہ پرور لوگ ہی ہوں گے اور ہمیشہ وہاں سے فتنے اٹھتے رہیں گے۔ یہ آخری زمانہ میں دیلمیوں کے ہاتھ سے تباہ اور ویران ہو گا اور دروازہ پر جو پہاڑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے متصل ہے اس قدر خلقت ماری جائے گی جس کا شمار خدا کے سوا کوئی نہ جانے گا۔ اس دروازہ پر بنی ہاشم سے بیس آدمی نماز پڑھیں گے جن میں سے ایک خلافت کا دعویدار ہوگا اور ایک بزرگ شخص کو جو ایک پیغمبر کا ہم نام ہوگا۔ چالیس شب و روز قید رکھ کر قتل کریں گے۔ اصفہان کے کاشتکاروں اور اہل رے کو قحط اور وبا کے سبب بہت صدمہ پہنچے گا۔"

حضرت عمر نے کہا کہ یا ابوالحسن آپ نے مجھ کو خراسان فتح کرنے کی ترغیب دلائی۔ حضرت ؑ نے فرمایا کہ بہتر یہ ہے کہ خراسان کو چھوڑ کر کسی دوسری طرف متوجہ ہو کیونکہ خراسان کی فتح بنی امیہ کے لئے ہے اور آخر میں یہ بنی ہاشم کیلئے ہے۔

(کوکب دری)

(۱۹) حضرت رسالت مآب ؐ نے فرمایا: کُنْتُ نَبِیًّا وَ آدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَ الطِّیْن

حضرت امیرالمومنین نے فرمایا: کُنْتُ وَلِیًّا وَ آدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَ الطِّیْن

(بحرالمعارف صہ ۳۱۱)

(۲۰) **تکوین کائنات** حضرت امیرالمومنین نے فرمایا "اے عمار کائنات اور اشیاء کی تکوین میرے اسم سے ہوئی۔ میرے نام کے ساتھ تمام انبیاءؑ کو مدعو کیا گیا۔ میں لوح و قلم ہوں۔ میں عرش و کرسی ہوں۔ میں ساتوں آسمان (کا پیدا) کرنے والا ہوں۔ میں اسمائے حسنیٰ و کلمات علیا ہوں۔ (بحرالمعارف صہ ۴۲۴)

بندوں کو سب سے زیادہ رحمت خدا کی امیدوار بنانے والی آیت

ایک روز حضرت امیرالمومنینؑ اپنے چند اصحاب میں تشریف رکھتے تھے۔ حاضرین سے پوچھا کہ تمہارے نزدیک قرآن میں کون سی آیت ایسی ہے جو سب سے زیادہ بندوں کو رحمت خدا کی امیدوار بنانے والی ہے۔ ایک نے کہا کہ:
اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ۔ حضرت نے فرمایا یہ ایک نیکی ہے وہ آیت نہیں۔

دوسرے شخص نے کہا کہ: یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ
حضرت نے فرمایا کہ یہ بھی ایک نیکی ہے یہ وہ آیت نہیں۔

تیسرے شخص نے کہا کہ: وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ
حضرت نے فرمایا کہ یہ بھی حسنہ ہے یہ وہ آیت نہیں۔

سب نے سر جھکا لیا اور عرض کیا کہ ہمیں کوئی اور آیت معلوم نہیں آپ ہی بتائیں کہ وہ کون سی آیت ہے۔ تب حضرت نے فرمایا: اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ۔

پھر فرمایا کہ آنحضرت نے اس آیت کو تلاوت کر کے فرمایا تھا کہ یا علیؑ قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے برحق

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

بشیر ونذیر بنا کر بھیجا جب تم میں سے کوئی شخص وضو کرتا ہے تو اس کے اعضائے وضو کے گناہ گر جاتے ہیں اور جب وہ اپنے ظاہر و باطن کو خدا کی طرف متوجہ کرتا ہے اور اپنی نماز کو مکمل کرتا ہے تو گناہوں سے اس طرح باہر آتا ہے گویا اپنی ماں کے پیٹ سے ابھی پیدا ہوا ہو اس کے بعد اگر وہ پھر گناہ کرے گا تو دوسری نماز میں اس کی پھر وہی حالت ہوگی۔

یا علیؑ یہ پنج وقتہ نماز میری امت کے لئے اس نہر جاری کی مانند ہے جو تم میں سے کسی کے دروازہ پر بہتی ہو۔ یہ نماز (بشرط قبولیت) گناہوں سے پاک کرتی ہے۔ (ضمیمہ ص۲۴۷)

معاویہ سے جنگ کرنے اور ابوبکر و عمر سے جنگ نہ کرنے کا سبب

جنگ نہروان سے فارغ ہونے کے بعد ایک مرتبہ حضرت ایک محفل میں کچھ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک شخص نے سوال کیا کہ جس طرح آپ نے معاویہ اور طلحہ و زبیر سے جنگ کی ابوبکر و عمر سے کیوں نہیں کی۔ حضرت نے فرمایا:

"انی کنت لم ازل مظلوما ممتازاً علی حقی۔"

میں ہمیشہ سے مظلوم رہا میرے حق پر انہوں نے اپنے کو ترجیح دی۔

اشعث ابن قیس کھڑا ہوا اور کہا:

یا امیرالمومنین لِمَ لم تضرب بسیفک ولم تطلب بحقک؟

اشعث: یا امیرالمومنین آپ نے اپنی تلوار کی ضرب کیوں نہیں لگائی اور اپنا حق طلب کیوں نہیں کیا۔

فقالؑ: یا اشعث قد قلت قولا فاسمع الجواب وعه، واستشعر الحجة ان لی اسوۃ بستة من الانبیاء۔

حضرت: اے اشعث تو اپنی بات تو کہہ دی اب اس کا جواب بھی سن اور اس کو یاد رکھ اور حجت کو اپنا شعار بنا لے کہ میرا اقتدا چھے پیغمبروں کی طرح ہے۔

اولهم نوح حیث قال "رَبِّ اِنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ۔" (سورہ قمر) فان قال قائل: انه قال هذا لغیر خوف فقد کفر، والا فالوصی اعذر۔

اُن کے اوّل نوحؑ ہیں جنہوں نے کہا تھا "پروردگارا بیشک میں مغلوب ہوں میری مدد کر" (قمر) پھر کہنے والوں نے کہا کہ یہ انہوں نے بغیر کسی خوف کے کہا (مگر ان کی امت نے) انکار کیا پس وصی اس کا ذمہ دار نہیں

وثانیهم لوط حیث "قَالَ لَوْ اَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ" (سورہ ہود ع۸)

اور ان میں کے دوسرے لوطؑ ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ "کاش تم سے بچنے کی مجھ میں قوت ہوتی یا میں کسی زبردست پناہ میں جا کر بیٹھ جاتا"۔ (ہود ع۸)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فان قال قائل: انه قال هذا لغير
خوف فقد كفر، والا فالوصی اعذر
وثالثهم ابراهیم خلیل اللہ حیث
قال "وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ"
(سورہ مریم ۴۹) فان قال قائل: انه قال
هذا لغیر خوف فقد کفر والا فالوصی اعذر
ورابعهم موسیٰ حیث قال "فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ
لَمَّا خِفْتُكُمْ" (سورۃ الشعراء ۲۱) فان قال
قائل: انه قال هذا لغیر خوف فقد
کفر، والا فالوصی اعذر
وخامسهم اخوه هارون حیث قال:
"یَابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِیْ وَكَادُوْا
یَقْتُلُوْنَنِیْ" (الاعراف ۱۵۰)
فان قال قائل: انه قال هذا لغیر خوف
فقد کفر، والا فالوصی اعذر۔
وسادسهم اخی محمدؐ خیر البشر حیث
ذهب الی الغار ونومنی علی فراشه،
فان قال قائل: انه ذهب الی الغار لغیر
خوف فقد کفر، والا فالوصی اعذر
فقام الیه الناس باجمعهم
فقالوا: یا امیر المومنین قد علمنا
ان القول قولك ونحن المذنبون
التائبون وقد عذرك اللہ

پس کہنے والے نے کہا کہ یہ انہوں نے بغیر کسی خوف کے کہا
تھا۔ (مگر ان کی امت نے) انکار کیا پس وصی معذور ہے۔
ان میں کے تیسرے ابراہیم خلیل اللہ ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ
"میں تم سے اور جن جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو ان سے الگ
ہوتا ہوں" (سورہ مریم ۴۸) پس کہنے والے نے کہا کہ یہ انہوں نے بغیر
کسی خوف کے کہا (مگر انکی امت نے) انکار کیا پس وصی معذور ہے۔
ان میں کے چوتھے موسیٰ ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ اس وقت جب کہ
میں تم سے ڈرا تو میں خود ہی تم سے بھاگ گیا تھا" (الشعراء ۲۱)
پس کہنے والے نے کہا کہ انہوں نے یہ بغیر کسی خوف کے کہا تھا
مگر (ان کی امت نے) کفر کیا پس وصی معذور ہے۔
ان کے پانچویں ان کے بھائی ہارون ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ
"اے میرے ماں جائے تحقیق کہ قوم نے مجھے ضعیف سمجھا اور
قریب تھا کہ مجھے قتل کر دے۔ (اعراف ۱۵۱)
پس کہنے والے نے کہا کہ انہوں نے یہ بغیر کسی خوف کے کہا
تھا پس ان لوگوں نے انکار کیا جس کا وصی ذمہ دار نہیں۔
اور ان کے چھٹے میرے بھائی خیر البشر ہیں۔ جب وہ غار
گئے اور مجھ کو اپنے بستر پر سلایا تھا کہنے والے نے کہا کہ وہ
غار میں بغیر کسی کے خوف کے گئے تھے (مگر امت نے) انکار کیا
تھا۔ پس وصی اس کا ذمہ دار نہیں۔
سب لوگ کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے یا امیر المومنین ہم
آپ کی ہر بات سمجھ گئے۔ ہم گناہ گار ہیں اور توبہ کرتے ہیں
خدا آپ کو کامیابی عطا کرے۔
(کتاب الاحتجاج۔ ج ۱۔ ص)

خدا کی پوشیدگی

"والذی احتجب

شعبی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت امیر المومنینؑ کو کہتے سنا کہ
وہ ہستی جو پوشیدہ ہے سات پردوں میں اپنے تمام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لبسبع طباق" فعلاه بالقدرۃ
ثم قال له : یا ویلك ان الله اجل من
ان یحتجب من شئ، او یحتجب عنه شئ،
سبحان الذی لا یحویه مکان، ولا یخفی
علیه شئ فی الارض ولا فی السماء۔
فقال الرجل : فاکفر عن یمینی یا امیرالمومنین ؑ
قال ؑ: لم تحلف بالله فیلزمك کفارۃ،
فانما حلفت بغیر۔

(؍؍ صہ ۸۳)

صفات حسنہ و بزرگی کے ساتھ ظاہر ہے۔
حضرت ؑ : وائے ہو تجھ پر خدا تمام چیزوں سے حجاب میں ہے یا اس سے تمام چیزیں محجوب ہیں۔ پاک ہے وہ پروردگار جس کو کوئی مکان گھیر نہیں سکتا۔ اور نہ آسمان و زمین میں کوئی چیز اس سے پوشیدہ ہے۔
شخص : یا امیرالمومنین آیا میری قسم کے لئے کفارہ ہے۔
حضرت ؑ : تو نے خدا کی قسم نہیں کھائی پس تیرے لئے کفارہ لازم ہے بیشک تو نے غیر کی قسم کھائی۔

خدا کب سے ہے

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ حضرت امیرالمومنین ؑ سے ایک یہودی نے سوال کیا

یہودی : یا امیرالمومنین ؑ
متیٰ کان ربك ؟
قال ؑ : ثکلتك امك ومتیٰ لم یکن حتی
یقال متی کان ؟ کان ربی قبل القبل بلا قبل
وبعد البعد، ولا غایة ولا منتهی
لغایتة انقطعت الغایات عنده فهو
منتهی کل غایتة
فقال : یا امیر المومنین افنبی انت ؟
قال ؑ : ویلك انما انا عبد من عبید محمد ؐ

(؍؍ صہ ۳۱۲)

یہودی : یا امیرالمومنین آپ کا رب کب سے ہے۔
حضرت ؑ : تیری ماں تیرے غم میں بیٹھے وہ کب نہیں تھا تا کہ یہ کہہ سکیں کہ کب تھا۔ میرا رب بغیر قبل کے قبل سے ہے۔ اور بلا بعد، بعد کے بعد بھی ہے۔ نہ اس کی کوئی غایت ہے اور نہ منتہی اس کی غایت سے غایت منقطع کردی گئیں پس وہ تمام غایتوں کا منتہی ہے۔
یہودی : یا امیرالمومنین ؑ آپ اپنے متعلق کچھ خبر دیجئے۔
حضرت ؑ : وائے ہو تجھ پر بہ تحقیق کہ محمد ؐ کے غلاموں میں سے ایک غلام ہوں۔

نہروان جاتے وقت

روضۃ الشہدا میں مرقوم ہے کہ جب حضرت امیرالمومنین ؑ کا لشکر نہروان جا رہا تھا۔ راستہ میں ایک دیر سے ایک بوڑھے نصرانی نے چلّا کر کہا کہ اے سردار لشکر اسلام کہاں جا رہے ہو۔
حضرت نے فرمایا کہ دشمنان دین سے جنگ کرنے کے لئے۔ اس نے عرض کیا کہ اس وقت جنگ کے لئے مت جاؤ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس لئے کہ مسلمانوں کا ستارہ پستی میں ہے اور طالع کمزور ہے اگر جاؤ گے تو شکست فاش ہو گی لہذا مناسب ہے کہ چند روز ٹھہر کر جاؤ۔

حضرتؑ نے فرمایا کہ تو علم آسمانی کا دعویٰ کرتا ہے! اچھا بتلا کہ اس وقت فلاں ستارہ کہاں ہے۔ بوڑھے آدمی نے جواب دیا کہ خدا کی قسم آج تک میں نے اس ستارہ کا نام بھی نہ سنا۔ اس کے بعد آپؑ نے اور ایک سوال کیا مگر وہ اس کا بھی جواب نہ دے سکا پھر فرمایا کہ تو آسمان کے حالات سے تو واقف نہیں کچھ زمین کے حالات بھی جانتا ہے؟ ذرا یہ تو بتا کہ تیرے قدم کے نیچے کیا چیز دفن ہے۔ عرض کیا کہ میں نہیں جانتا۔

حضرت نے فرمایا کہ ایک برتن ہے جس میں اتنے دینار ہیں اور اس کے سکّہ کا نقشہ ایسا ہے۔ بوڑھے نے پوچھا کہ تمہیں یہ کس طرح معلوم ہوا۔ فرمایا کہ خداوند تعالیٰ کی مہربانی سے۔

پھر حضرت نے فرمایا کہ جب میں اس قوم مخالف سے جنگ کروں گا تو لشکر اسلام کے دس سے کم آدمی مارے جائیں گے اور مخالفین کے لشکر میں دس سے کم زندہ باقی بچیں گے۔ اس کے بعد وہاں کی زمین کھودی گئی تو ایک برتن نکلا جس میں حضرت کے ارشاد کے مطابق دینار بھرے ہوئے تھے۔ بوڑھا متحیر ہو گیا پھر حضرت کے ہاتھ پر بیعت کی اور مسلمان ہو گیا۔

حضرت جنگ پر روانہ ہوئے مخالفین کا لشکر چار ہزار کا تھا جس میں سے ۳۹۹۱ فوجی مارے گئے اور حضرت کے لشکر سے صرف نو آدمی شہید ہوئے۔

مست اونٹ کا واقعہ

کفایت المومنین میں ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت عمر کے زمانہ میں آذربائیجان کے علاقہ میں ایک شخص رہتا تھا۔ جس کی گذر بسر ایک اونٹ پر تھی۔ ایک روز مستی کی حالت میں اونٹ مہار توڑ کر جنگل کی طرف نکل گیا اور باوجود کوشش بلیغ کے قابو میں نہ آسکا۔ سب نے رائے دی کہ جا کر خلیفہ وقت سے اس واقعہ کو بیان کرے تاکہ ان کی دعا کی برکت سے اونٹ قابو میں آ جائے۔ چنانچہ وہ حضرت عمر کی خدمت میں پہنچا' اپنا پورا حال سنایا تو آپ نے کہا کہ تجھ کو استغفار پڑھنا چاہیئے تاکہ تیرا مدعا حاصل ہو۔ اس نے عرض کیا کہ اے امیر میں نے بہت کچھ استغفار پڑھا مگر کچھ بھی نہ ہوا۔

اس کے بعد حضرت عمر نے ایک خط لکھ کر اس کو دیا اور فرمایا کہ اس خط کو اونٹ کے سامنے ڈال دے تیرا مدعا حاصل ہو جائے گا۔ خط کا مضمون تھا۔

"اے جماعت ہائے جن و گروہ شیاطین! یہ خط امیر المومنین عمر کی جانب سے تمہارے نام ہے تم کو چاہیئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ اس نافرمان اونٹ کو مطیع و فرمانبردار کردو اور اس حکم کی مخالفت سے ڈرو۔"

اس شخص نے اس خط کو اونٹ کے آگے ڈالا ہی تھا کہ اونٹ نے اس پر حملہ کرکے زمین پر گرا دیا۔ چند لوگ جمع ہوکر بڑی دقت سے اس کو بچا کر نکالا اور وہ ایک عرصہ دراز تک بیمار رہا۔ صحت حاصل ہونے کے بعد پھر خلیفۂ زماں کی خدمت میں حاضر ہوکر اپنے چہرے وغیرہ کے زخم بتلا کر پورا ماجرا سنایا اور التماس کیا کہ اس کے اہل و عیال کے لئے کچھ معاش کا انتظام کردیں۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے ہر کام کے لئے ایک شخص کو پیدا کیا ہے۔ اے ابن عباس تم اس شخص کو علیؑ ابن ابی طالب کے پاس لے جاؤ۔ چنانچہ یہ دونوں حضرت کی خدمت میں پہنچے اور پورا ماجرا سنایا۔ حضرتؑ نے مسکرا کر فرمایا کہ جہاں تیرا اونٹ ہے وہاں جاکر یہ دعا پڑھ:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَاَھْلِ الْبَیْتِ الَّذِیْنَ اخْتَرْتَھُمْ عَلَی الْعَالَمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ ذَلِّلْ لِیْ صُعُوْبَتَھَا وَاکْفِنِیْ شَرَّھَا فَاِنَّکَ الْکَافِیْ وَالْمُعَافِیْ وَالْغَالِبُ وَالْقَاھِرُ۔"

ترجمہ: بار الٰہا۔ تیرے نبیؐ کا واسطہ جو نبی رحمتؐ ہیں اور ان کے اہلبیتؑ کا واسطہ جن کو تونے تمام عوالم پر فوقیت دی ہے میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اس مصیبت کی سختی کو میرے لئے آسان کردے اور مجھ کو اس کے شر سے بچا اس لئے کہ تو ہی بچانے والا عافیت دینے والا اور غالب و قاہر ہے۔

وہ شخص واپس گیا اور دوسرے سال جب حج کے لئے آیا تو اسی اونٹ پر بیٹھ کر آیا اور حضرت علیؑ کی خدمت میں تحائف پیش کئے۔ حضرت نے پوچھا کہ تیرا حال تو خود بیان کرتا ہے یا میں بیان کروں۔ عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ آپ ہی بیان کیجئے۔

آپؑ نے فرمایا کہ جب تیری نظر اونٹ پر پڑی اور تونے وہ دعا پڑھی تو اونٹ نہایت عجز و نیاز کے ساتھ آکر تیرے سامنے بیٹھ گیا۔

اس نے عرض کیا کہ آپؑ نے بالکل سچ فرمایا۔

حضرت نے فرمایا کہ اے ابن عباس اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے یا مال میں کچھ نقصان ہو یا اہل و عیال میں کوئی بیمار ہو تو خضوع و خشوع کے ساتھ اس کو چاہیئے کہ دعا مذکور پڑھے اور تضرع و زاری کے ساتھ اپنی حاجت طلب کرے خداوند عالم اس کی حاجت بر لائے گا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علیؑ اور زمین میں گفتگو

ایک روز امام حسین علیہ السلام سورۂ زلزلت پڑھ رہے تھے جب آیت "وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ٥ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا" پر پہنچے تو حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ انسان جو زمین سے سوال کریگا اور زمین اس سے اپنی خبریں بیان کرے گی، میں ہوں۔

محبان اہلبیت

ایک اور شخص حاضر ہو کر کہنے لگا کہ یا امیر المومنینؑ میں آپ کو اور آپ کے فرزندوں کو دوست رکھتا ہوں اور ساتھ ہی اہلبیت کے بے شمار فضائل و مناقب بیان کرنے لگا۔

حضرت نے فرمایا کہ اے شخص تو جو کچھ کہہ رہا ہے تیرا دل اس کی تصدیق نہیں کرتا ہم اپنے سچے محبوں اور مخلصوں کے آثار و علامات خوب جانتے ہیں۔ پانچ شخص ہمارے خاندان کے کبھی دوست نہیں ہو سکتے۔ ذیوث، مخنث، لپشت اندان، والدالحرام اور ولدالحیض۔ وہ شخص اس جواب کو سن کر معاویہ کے پاس چلا گیا اور صفین میں حضرت علیؑ کے خلاف جنگ میں مارا گیا۔

خلوص و صدق کا امتحان

چند اشخاص نے حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ باقی عمر آپؑ کی خدمت میں بسر کریں اور آپ کے دشمنوں سے لڑیں یہاں تک کہ شہادت کا درجہ پائیں۔ حضرت نے محسوس کر لیا کہ ان میں خلوص نہیں ہے۔ اس لئے اتمام حجت اور امتحاناً فرمایا کہ اچھا جاؤ اپنے سر منڈا کر آؤ وہ لوگ گئے اور دوسروں کو صرف اطراف سے منڈا کر دوسرے روز حاضر خدمت ہوئے۔ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگ جو کچھ کہتے ہو اس میں صدق و اخلاص نہیں ہے کیونکہ جب تم سر کے چند بال دینا نہیں چاہتے تو سر کیسے دو گے۔ (〃)

طلحہ و زبیر کے لئے بد دعا

طلحہ و زبیر نے حضرت امیرؑ کی بیعت کرنے کے بعد جب دیکھا کہ ان کا مقصد بر نہ آیا۔ حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اگر آپ اجازت دیں تو ہم مکہ معظمہ جا کر عمرہ بجا لائیں۔

حضرتؑ نے فرمایا کہ تم عمرہ کیلئے نہیں جا رہے ہو۔ میں جانتا ہوں کہ تمہارے دل میں کیا خیال ہے۔ میں نے ابتدا ہی میں تم سے بتکرار کہا تھا کہ مجھ کو خلافت ظاہری کی مطلق خواہش نہیں جو کچھ میں نے پہلے تین خلفاء کیلئے تجویز کی تھی تمہارے لئے بھی کرتا ہوں مگر تم نے ...
اور قسمیں کھائیں کہ نفاق کو چھوڑ کر میرے ساتھ رہیں گے اور اپنے قول و عہد پر ثابت قدم رہیں گے۔ آج دوسرا خیال کر کے تم مکر و بے وفا...
کر رہے ہو۔ حق تعالیٰ دل کا حال خوب جانتا ہے جہاں چاہو جاؤ کل خدا کو ضرور جواب دینا ہوگا۔ دونوں سر جھکائے ہوئے مسجد سے اٹھ کر...

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چلے گئے اور مکہ جاکر حضرت عائشہ کو ہموار کرکے لشکر جمع کیا اور بصرہ کا رخ کیا۔ جب حضرت امیرؑ کے لشکر سے مقابلہ ہوا تو حضرت نے ہاتھ اٹھاکر بد دعا کی کہ "خداوندا! طلحہ نے اپنی خواہش سے میری بیعت کرکے بیعت شکنی کی اس کو اس سے زیادہ مہلت نہ دے اور مجھ کو اس کے کید و مکر سے چھڑا دے اور زبیر نے صلہ' کے حق کو پیش نظر نہ رکھا اور مجھ میں اور اہل اسلام میں لڑائی ڈلوائی۔ وہ اپنے ظلم کو جانتا ہے مگر پشیمان نہیں ہوتا۔ خداوندا اس کے شر کو مجھ سے دور کر۔"

حضرت کی دعا قبول ہوئی اور دونوں قتل ہوگئے۔ (〃)

محبّان امیر المومنینؑ اور میوہ ہائے جنّت

مصابیح القلوب میں مرقوم ہے کہ ایک روز حضرت امیر المومنینؑ ایک انار کے خشک درخت کے نیچے اپنے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ بیٹھے تھے۔

آپؑ نے فرمایا کہ جس طرح بنی اسرائیل پر مائدہ نازل ہوا تھا میں بھی تمہیں ایک نشانی دکھاتا ہوں اور درخت کی طرف اشارہ کیا۔ اس کے ساتھ ہی وہ سرسبز اور بارآور ہوگیا۔

آپؑ نے مزید فرمایا کہ ایک ایک آدمی اٹھ کر بسم اللہ کہہ کر انار توڑے۔ حاضرین نے حکم کی تعمیل کی اور بعض نے ہاتھ پھیلا کر انار توڑ لئے اور بعض جس قدر ہاتھ دراز کرتے گئے ڈالی اونچی ہوتی گئی اور وہ انار توڑ نہ سکے۔ ان لوگوں نے عرض کیا کہ یا امیر المومنینؑ اس کا کیا سبب ہے کہ بعض کے ہاتھ تو انار تک پہنچ گئے اور بعض کے ہاتھ ٹہنی تک بھی نہ پہنچ سکے۔

حضرت نے فرمایا کہ ان اناروں تک صرف ان ہی کے ہاتھ پہنچ سکتے ہیں جو میرے محب ہیں اور ان کے ہاتھ نہیں پہنچ سکتے ہیں جو میرے دشمن ہیں۔ کل قیامت کے روز بھی یہی ہوگا کہ ہمارے دوست بہشتوں میں مرصع تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے اور جب کسی میوے کی خواہش کریں گے۔ درخت خود جھک جائے گا اور میوہ ان کے قریب آجائے گا اور یہ لوگ میوہ چن لیں گے۔ چنانچہ خدا فرماتا ہے: "وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا" (میوے اہلِ بہشت کے لئے جھک جائیں گے) اور دشمن دوزخ سے اہلِ بہشت کو مخاطب کرکے کہیں گے کہ "اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ"

(یعنی بہشت کا پانی یا رزق جو تم کو اللہ نے دیا ہے اس میں سے کچھ ہم کو بھی دے دو)

لیکن وہ لوگ جواب میں کہیں گے کہ "اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِيْنَ"

(〃)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیرالمومنین کے اقتدارات اور گستاخی کی سزا

آفایت المومنین میں مرقوم ہے کہ ایک خارجی اور ایک مومن ایک مقدمہ کے فیصلے کے لئے حضرت امیرالمومنین کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت نے مومن کو حق پر پا کر اس کے موافق فیصلہ کیا خارجی نے کہا کہ یا علیؑ آپ نے اس معاملہ میں عدالت سے کام نہیں لیا۔ حضرت امیرؑ نے غضب ناک ہو کر فرمایا بلے دشمن خدا تو مسخ ہو جا۔ اس کے ساتھ ہی وہ کتے کی شکل میں مسخ ہو گیا پھر اپنی صورت حال پر گریہ کرنے لگا۔ حضرت علیؑ کو اس پر رحم آیا اور دعا کی اور وہ پھر اپنی اصلی صورت پر آگیا۔ حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ آصف بن برخیا جو سلیمانؑ کے وصی تھے۔ ایک چشم زدن میں تخت بلقیس لانے پر قادر تھے۔ اچھا یہ بتاؤ کہ خدا کے نزدیک سلیمان زیادہ افضل ہیں یا رسالت مآب حاضرین نے جواب دیا کہ خاتم الانبیاء افضل ہیں۔ فرمایا کہ اگر حضرت کے وصی سے ایسا معجزہ ظاہر ہو تو کچھ تعجب کا مقام نہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا امیرالمومنینؑ آپ کو معاویہ سے جنگ کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ اس کو بھی ایک اشارہ میں کتے کی شکل میں کیوں مسخ نہیں کر دیا۔ حضرت نے یہ آیت تلاوت فرمائی " فلا تعجل علیہم انما نعد لہم عدا " یعنی ان لوگوں کے لئے جلدی نہ کرو کیونکہ ہم ان کے لئے عذاب تیار کر رہے ہیں۔ (کوکب دری)

طئے الارض

مصابیح القلوب میں ہبیرہ بن عبدالرحمن سے منقول ہے کہ میں ایک روز کوفہ میں حضرت امیرالمومنینؑ کی خدمت میں گیا۔ حضرت نے فرمایا کہ آنکھیں بند کرے میں نے آنکھیں بند کرلیں پھر فرمایا کہ کھول دے۔ جب آنکھیں کھول کر دیکھا تو اپنے کو امیرالمومنین کے ہمراہ اپنے مدینہ کے گھر کی چھت پر پایا۔ فرمایا کہ جا اور اپنے اہل و عیال سے مل کر آ۔ چنانچہ میں ان سے مل کر آیا اور پھر حسب الحکم آنکھیں بند کر لیں اور چشم زدن میں ہم کوفہ پہنچ گئے۔

حضرت نے فرمایا کہ " اے ہبیرہ ! لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ جادوگر عورت ایک رات میں عراق سے ہندوستان جاتی ہے وہ باوجود کفر کے اس بات پر قادر ہے اور ہم ایماندار ہو کر کیا اس پر قادر نہیں ہو سکتے ؟ نیز معلوم ہو کہ آصف بن برخیا کے پاس کتاب خدا سے کچھ جس کی وجہ انہوں نے تخت بلقیس کو شہر سبا سے جو ایک مہینہ کی راہ پر تھا چشم زدن میں حضرت سلیمان کے سامنے پہنچا دیا۔ میں تو خیر المرسلین کا وصی ہوں اور چاروں کتابوں کا عالم میں کس طرح اپنی خواہش پورا کرنے پر قادر نہیں ہو سکتا۔ (کوکب دری)

واقعہ کربلا کا خواب

شام کو جاتے ہوئے جب حضرت امیرالمومنین سرزمین کربلا پہنچے تو دریائے فرات کے کنارے چند کھجور کے درخت دیکھ کر آپ کا رنگ متغیر ہو گیا اور آپ نے فرمایا کہ اے ابن عباس ! جانتے ہو کہ یہ کون سی جگہ ہے ؟ عرض کیا کہ میں نہیں جانتا۔ فرمایا کہ اگر تم جانتے تو تم بھی اسی طرح روتے جس طرح میں گریہ کر رہا ہوں اور حضرت اس قدر روئے کہ آپ کی ریش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اقدس آنسوؤں سے تر ہوگئی اور ایک آہ پر درد کے بعد فرمایا کہ مجھ کو آل ابو سفیان سے کیا واسطہ۔ پھر امام حسینؑ کو بلا کر فرمایا کہ اے جگر گوشۂ رسول و نور دیدۂ بتول۔ بلاؤں اور مصیبتوں پر صبر کرنا جو مصائب آج تمہارا باپ آل ابوسفیان سے دیکھ رہا ہے کل تم بھی ان کے ہاتھ سے دیکھو گے۔

پھر گھوڑے پر سوار ہو کر تھوڑی دیر تک زمین کربلا پر اس طرح چکر لگایا کہ جیسے کوئی گم شدہ چیز ڈھونڈی جاتی ہے اس کے بعد دو رکعت نماز ادا کی اور تکیہ پر سر رکھ کر سو گئے تھوڑی ہی دیر کے بعد نہایت بیقراری سے اٹھے اور ابن عباس کو بلا کر فرمایا کہ اے بھائی میں نے ابھی ایک عجیب خواب دیکھا ہے کہ مردان سفید رو کی ایک جماعت ہے کہ تلواریں حمائل کئے اور سفید علم ہاتھوں میں لئے آسمان سے اتری اور اس زمین کے گرد ایک خط کھینچا اور ان درختوں نے اپنی شاخیں زمین پر ماریں اور تازہ خون کی ایک ندی جاری ہوگئی اور میرا فرزند حسینؑ اس خون کی ندی میں ہاتھ پاؤں مار رہا ہے اور کوئی شخص اس کی فریاد کو نہیں پہونچتا۔

وہ مدد طلب کر رہا ہے مگر کوئی اس کی مدد نہیں کرتا۔ ان مردوں نے کہا کہ اے فرزند مصطفےٰ و مرتضیٰ صبر کرو۔ اور جان لو کہ تم بدترین مخلوق کے ہاتھ سے شہید ہوگے۔ بہشت و رضوان تمہارے دیدار کے مشتاق ہیں۔ پھر مجھے تعزیت دیتے ہوئے کہا کہ اے ابو الحسن خداوند تعالیٰ قیامت کے روز حسینؑ کے دیدار سے تمہاری آنکھوں کو منور کرے گا۔"

اے ابن عباس! خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں علیؑ کی جان ہے مخبر صادقؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا تھا کہ اہل بغاوت کی جنگ پر جاتے وقت تم ارض کربلا پر ایک ایسا خواب دیکھو گے۔ اے ابن عباس! اس زمین کو کربلا کہتے ہیں۔ میرے حسینؑ اس کے شیعوں اور فاطمہؑ کی اولاد میں سے ایک جماعت کو یہاں قتل کریں گے۔ اس سرزمین سے قیامت کے روز ایک جماعت کو اٹھائیں گے جو بغیر حساب و کتاب کے جنت میں جائے گی اے ابن عباس آؤ اس زمین کے گرد پھریں ممکن ہے ہرنوں کی آرام گاہ مل جائے۔ پس حضرت ہرنوں کی آرام گاہ پہونچے وہاں چند مینگنیاں زعفرانی رنگ کی تھیں جن سے مشک کی خوشبو آرہی تھی۔ فرمایا کہ اے ابن عباس جب عیسیٰ مع اپنے حواریوں کے یہاں سے گذر رہے تھے تو کچھ مینگنیاں اٹھا کر سونگھیں اور بہت روئے۔ حواریوں نے پوچھا کہ یا روح اللہ مینگنیوں کو سونگھنے اور رونے کا کیا سبب ہے۔ فرمایا کہ خاتم الانبیاءؐ کے فرزند کو یہاں ناحق قتل کریں گے۔ یہ مینگنیاں اس لئے خوشبودار ہیں کہ ہرنوں نے اس سرزمین کی گھاس چری ہے۔ اس کے بعد حضرت نے دیر تک گریہ فرمایا اور آٹھ رکعت نماز ادا کی اور امام حسینؑ سے فرمایا کہ اے فرزند صبر میں ثابت قدم رہنا۔ رنج و بلا دوستان خدا کا حصہ ہے۔ دنیا رنج و مصیبت کا مقام ہے۔ یہاں کا رنج بہت جلد گذر جاتا ہے۔

پھر آسمان کی طرف دونوں ہاتھ بلند کر کے بد دعا فرمائی کہ خداوندا میرے فرزندوں کے قاتلوں کی عمروں سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برکتیں اٹھائے اوران کو بے یار و مددگار مغلوب کر۔ اور کچھ مینگنیاں ابن عباس کو دے کر فرمایا کہ جب ان کا رنگ تبدیل ہو کر خون کا رنگ ہو جائے تو سمجھ لو کہ میرا حسین شہید ہو گیا۔

(کوکب دری ب۵)

دنیا اور حضرت علیؑ

تفسیر حافظی، ہدایت السعداء اور ذخیرۃ الملوک میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے روز حضرت امیرؑ منبر پر خطبہ فرمارہے تھے جب کہ ایک پرانا لباس جس میں بہت سے پیوند تھے آپ کے زیب تن تھا۔ عبداللہ ابن عباس کے دل میں خیال گذرا کہ یہ حالت امیرالمومنین کے شایان شان اور سزاوار نہیں اس کے ساتھ ہی حضرت نے فرمایا کہ" میں نے اس قدر پیوند پر پیوند لگائے ہیں کہ اب پیوند لگانے والے سے حیا آنے لگی ہے۔ علیؑ کو دنیا کی زینت و آرائش سے کیا سروکار جس کا پھول کانٹا اور جس کا شہد زہر ہے میں کیونکر اس لذت سے خوش ہو سکتا ہوں جو تھوڑی دیر میں فنا ہونے والی ہے اور میں کس طرح پیٹ بھر کھا سکتا ہوں جب کہ ملک حجاز میں بہت سے پیٹ خالی اور بھوکے ہیں اور بھوک کی شدت سے بیتاب ہیں میں کس طرح اس بات سے خوش ہوں کہ لوگ مجھ کو امیرالمومنین کہیں اور مسلمان اپنا مقتدا اور پیشوا جانیں اور میں سختیوں اور مشکلوں میں ان کا شریک نہ رہوں اور بھوک و تنگی معاش و احتیاج میں ان کے ساتھ موافقت نہ کروں۔"

راوی بیان کرتا ہے کہ ان کلمات کے سننے سے سامعین پر رقت طاری ہوئی اور زار زار رونے لگے۔

(کوکب دری)

حضرت امیرالمومنین اور حضرت عقیل

حبیب السیر جلد اول میں مرقوم ہے کہ حضرت عقیل کو بیت المال سے روزانہ دو درہم وظیفہ ملتا تھا جس سے آپ کے اوقات تنگی سے بسر ہوتے تھے اس لئے آپ نے ایک مرتبہ حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے عرض کیا کہ وظیفہ میں کچھ اضافہ کریں مگر حضرت نے نہ مانا۔ اس کے بعد ایک مرتبہ حضرت عقیل نے حضرت امیرالمومنینؑ کو رات کے کھانے کی دعوت دی اور اثنائے گفتگو میں پھر اپنی مفلسی کا اظہار کیا اور وظیفہ میں زیادتی کی خواہش کی۔ حضرت نے پوچھا کہ یہ ضیافت کا انتظام کس طرح ہوا عرض کیا کہ کئی روز سے روزانہ نصف درہم بچا کر اس دعوت پر صرف کیا فرمایا کہ جب تم کو ڈیڑھ درہم کافی ہو سکتا ہے تو پھر کیوں زیادتی کی خواہش کرتے ہو۔ عقیل نے پھر اصرار کیا تو حضرت نے شمع ان کے ہاتھ کے اس قدر قریب کی کہ ہاتھ جلنے لگے عقیل نے عرض کیا کہ اے بھائی میرا ہاتھ کیوں جلانا چاہتے ہو۔ فرمایا کہ اے عقیل جب تم اس آگ کو برداشت نہیں کر سکتے تو اس بات کو کیونکر جائز رکھتے ہو کہ میں اہل اسلام کے حقوق میں سے تمہارے حصہ سے زیادہ تم کو دے کر آتش آخرت کا سزاوار بنوں عقیل اس بات کو سمجھ نہ سکے اور رنجیدہ ہو کر معاویہ کے پاس چلے گئے جس سے امیرالمومنین بہت آزردہ خاطر ہوئے معاویہ نے ان کی خاطر و تواضع میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا آخر کار ایک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روز یہ درخواست کی کہ منبر پر جا کر امیرالمومنین اور سبطین کو برا کہیں عقیل نے انکار کیا اور وہاں سے واپس ہو کر حضرت امیرالمومنین کی خدمت میں حاضر ہو کر توبہ کر لی۔

(کوکب دری)

مزاح لطیف

ایک روز رسالت مآبؐ اپنے چند اصحاب اور حضرت علیؑ کے ہمراہ کھجور اس طرح تناول فرما رہے تھے کہ درمیان میں کھجور رکھے ہوئے تھے اور اس کے اطراف رسول خدا، حضرت علی اور چند اصحاب بیٹھے تھے۔ ہر شخص کھجور کھا کر اس کی گٹھلیاں اپنے سامنے جمع کرتا تھا تاکہ بعد میں پھینک دے مگر رسول خداؐ اپنی گٹھلیاں حضرت علیؑ کے سامنے رکھتے گئے۔ جب کھجور ختم ہو گئے تو رسول خداؐ نے فرمایا کہ ذرا دیکھو تو کس کے سامنے زیادہ گٹھلیاں ہیں کس نے سب سے زیادہ خرمے کھائے؟ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ حیرت تو ان پر ہے جنہوں نے خرمے مع گٹھلیوں کھائے۔

(کوکب دری بابؑ)

ایک اور مزاح

ایک روز حضرت ابوبکر و عمر حضرت علیؑ کے ہمراہ اس طرح پیادہ چل رہے تھے کہ حضرت علیؑ درمیان میں تھے اور دونوں اصحاب دو بازو تھے چونکہ دونوں اصحاب بہ نسبت حضرت علیؑ کے طویل قامت تھے حضرت علیؑ سے کہنے لگے یا علی انت بیننا کالنون فی لنا یعنی یا علیؑ آپ ہمارے درمیان ایسے ہیں جیسے "لنا" میں نون۔ حضرت نے فرمایا "لا انا بینکما لکنتما لا" یعنی اگر میں تمہارے درمیان نہ رہوں تو تم 'لا' ہو جاؤ گے یعنی فنا ہو جاؤ گے۔

چار اصول صحت

حضرت امیرؑ نے امام حسنؑ سے فرمایا کہ یا حسن اعلمک اربع خصال تستغنی بہا عن الطب۔ قال بلیٰ یا ابہ قال لا تجلس علی الطعام الا وانت جایع " ولا تقم عن الطعام الا وتشتھیہ وجود المضغ واذا نمت فاعرض نفسک علی الخلاء اذا استعملت ھذا استغنیت عن الطب

ترجمہ: اے حسن کیا میں تمہیں وہ چار خصائل بتاؤں جو تمہیں طبیب سے مستغنی کر دیں۔ امام حسنؑ نے کہا کہ ہاں بابا فرمائیے۔ فرمایا جب تک بھوک نہ لگے کھانے مت بیٹھو اور جب تک اشتہا باقی ہے دستر خوان سے نہ اٹھو۔ کھانا خوب چبا کر کھاؤ اور جب کھا چکو کچھ آرام لے لو۔ جب تم اس پر عمل کرو گے طب سے مستغنی ہو جاؤ گے۔

(تمت)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہج الاسرار جلد دوم و سوم

کے

ملنے کا پتہ

محمد بشارت علی

نمبر مکان A-۶۸ بہار سوسائٹی عقب شہید ملت روڈ

کراچی

مولوی سید رضا آقا صاحب قبلہ 761 - 2 - 22

بازار نور الامرا حیدر آباد 500024

مولوی سید تقی حسن صاحب قبلہ وفا 325-8-22

دار الشفاء۔ حیدر آباد

محمد احمد علی صاحب نمبر مکان ۲۷۵/۱۲

نصیر آباد فیڈرل بی ایریا۔ کراچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas